خلافتِ عباسیہ اور ہندوستان

تالیف

مولانا قاضی اطہر مبارکپوری
رفیقِ اعزازی ندوۃ المصنفین

ندوۃ المصنفین اردو بازار جامع مسجد دہلی ۶

سلسلہ ندوۃ المصنفین (۱۴۵)

خلافتِ عباسیہ اور ہندوستان

جس میں

ہندوستان میں ایک سو پندرہ سالہ عباسی دورِ خلافت کے غزوات و فتوحات اور اہم واقعات و حادثات، عباسی امراء و حکام کے ملکی و شہری انتظامات، عرب و ہند کے درمیان گوناگوں تجارتی تعلقات، امارتِ بحر بصرہ کے ماتحت بحری امن و امان کا قیام، ہندی علوم و فنون اور علماء، اسلامی علوم و فنون اور علمائے اسلام، اور ہندی موالی و مماليک وغیرہ مستقل عنوانات پر نہایت مفصل و مستند معلومات پیش کی گئی ہیں، نیز یہاں کے مسلموں اور غیر مسلموں کے عالمِ اسلام سے علمی و فکری اور تہذیبی و تمدنی روابط کی تفصیلات درج ہیں، جس سے معلوم ہوتا ہے کہ عباسی خلفاء و امراء نے پہلی بار افسانوی ہندوستان کو دنیا کے سامنے حقیقت کے رنگ میں پیش کیا ہے۔

از

مولانا قاضی اطہر مبارک پوری

ندوۃ المصنفین اردو بازار جامع مسجد دہلی ۶
باہتمام عمید الرحمٰن عثمانی

(سلسلہ ندوۃ المصنفین، ۱۴۵)

حضرت مولانا قاضی اطہر مبارکپوری صاحب کی یہ کتاب "خلافت عباسیہ اور ہندوستان" پر مقدمہ حضرت قبلہ مولانا مفتی عتیق الرحمٰن صاحب عثمانی لکھنے والے تھے کہ اچانک موصوف فالج کی بیماری کا شکار ہوئے اس لیے مقدمہ کا کام ادھورا رہ گیا۔ میں اس سلسلہ میں معذرت خواہ ہوں اور ناظرین سے ان کے لیے التماس ہے کہ دعائے صحت فرمائیں۔

عمید الرحمٰن عثمانی
منیجر ندوۃ المصنفین دہلی ۶

حقوق طبع محفوظ

بار اوّل

قیمت مجلد عمدہ ریگزین :
قیمت غیر مجلد :

جمال پرنٹنگ پریس، دہلی ۶
رجب المرجب ۱۴۰۲ھ مطابق مئی ۱۹۸۲ء
تعداد ایک ہزار

مراجع ومصادر

۱۔ آثار البلاد	زکریا بن محمد بن محمود قزوینی		مصر
۲۔ آثار ابی العلاء المعرّی			
۳۔ احسن التقاسیم	ابو عبد اللہ محمد بن احمد مقدسی بشاری موجود ۳۷۵ھ		لائڈن
۴۔ اخبار مکہ	ابو الولید	ازرقی مکی	مکہ مکرمہ
۵۔ الاخبار الطوال	ابو حنیفہ احمد بن داؤد دینوری ۲۸۱ھ		مصر
۶۔ اخبار الزمان	ابو الحسن علی بن حسین مسعودی ۳۴۵ھ		مصر
۷۔ اخبار العلماء باخبار الحکماء (مختصر الزوزنی فی تاریخ الحکماء)	وزیر جمال الدین یوسف قفطی ۶۴۶ھ	" "	لائڈن
۸۔ اسماء المغتالین من الاشراف فی الجاہلیۃ والاسلام	ابو جعفر محمد بن حبیب بغدادی ۲۴۵ھ		مصر
۹۔ اسلامی ہند کی عظمت رفتہ	قاضی اطہر مبارک پوری		دہلی
۱۰۔ الاعلاق النفیسہ	ابو علی احمد بن عمر ابن رستہ		لائڈن
۱۱۔ الاکمال فی رفع الارتیاب	ابو نصر علی بن ہبۃ اللہ بن ماکولا ۴۷۵ھ		حیدرآباد
۱۲۔ کتاب الاموال	ابو عبید قاسم بن سلام ہروی ۲۲۴ھ		مصر
۱۳۔ کتاب الاغانی	ابو الفرج علی بن حسین اصفہانی ۳۵۶ھ		مصر و بیروت
۱۴۔ کتاب الانساب	ابو سعد عبد الکریم بن ابو بکر محمد سمعانی ۵۶۲ھ		لندن و حیدرآباد

۱۵۔ الانساب المتفقہ	ابو الفضل محمد بن طاہر، ابن القیسرانی ۵۰۷ھ	لائڈن و بغداد
۱۶۔ اخبار ابی حنیفہ و اصحابہ	قاضی ابو عبد اللہ حسین بن بغدادی یمری ۴۳۶ھ	حیدرآباد
۱۷۔ کتاب البخلاء	ابو عثمان عمرو بن بحر جاحظ ۲۵۰ھ	مصر
۱۸۔ البدایہ والنہایہ	ابو الفداء اسمٰعیل بن کثیر دمشقی ۷۷۴ھ	مصر
۱۹۔ کتاب البدیع	عبد اللہ بن معتز ۲۹۶ھ	لینن گراڈ
۲۰۔ بغیۃ الملتمس فی رجال اہل الاندلس	احمد بن یحیی بن احمد بن عمیرہ ضبی ۵۹۹ھ	میڈرڈ و بغداد
۲۱۔ کتاب البلدان	احمد بن ابو یعقوب اسحاق بن جعفر یعقوبی غالباً ۲۸۴ھ	لائڈن
۲۲۔ البیان والتبیین	ابو عثمان عمرو بن بحر جاحظ ۲۵۰ھ	مصر
۲۳۔ بلوغ الارب فی معرفۃ احوال العرب	سید محمود شکری آلوسی بغدادی ۱۳۴۲ھ	مصر
۲۴۔ تاویل مشکل القرآن	ابو محمد عبد اللہ بن مسلم بن قتیبہ دینوری ۲۷۶ھ	مصر
۲۵۔ تاج العروس من جواہر القاموس	سید محمد مرتضیٰ حسینی زبیدی بلگرامی ۱۲۰۵ھ	کویت
۲۶۔ تاریخ بغداد (تاریخ دار السلام)	ابو بکر احمد بن علی خطیب بغدادی ۴۶۳ھ	مصر
۲۷۔ تاریخ الاسلام وطبقات المشاہیر	ابو عبد اللہ شمس الدین محمد بن احمد بن عثمان ذہبی ۷۴۸ھ	مصر
۲۸۔ تاریخ الملوک والامم (تاریخ طبری)	ابو جعفر محمد بن جریر طبری ۳۱۰ھ	یورپ و مصر
۲۹۔ تاریخ اصفہان (ذکر اخبار اصفہان)	ابو نعیم احمد بن عبد اللہ اصفہانی ۴۳۰ھ	قلمی و لائڈن
۳۰۔ تاریخ جرجان	ابو القاسم حمزہ بن یوسف سہمی جرجانی ۴۲۷ھ	حیدرآباد
۳۱۔ التاریخ الصغیر	ابو عبد اللہ محمد بن اسمٰعیل بخاری ۲۵۶ھ	ہند
۳۲۔ تاریخ ائمہ بالامامۃ علی المستضعفین بان جعلہم الثلاثۃ ویجعلہم الوتنی (السفر الثانی)	عبد الملک بن صاحب الصلوٰۃ ۵۹۴ھ	بیروت

۳۳۔ تاریخ خلیفہ بن خیاط	خلیفہ بن خیاط، شباب بصری ۲۴۰ھ		دمشق
۳۴۔ تاریخ ابن خلدون (کتاب العبر دیوان المبتدا والخبر)	عبدالرحمن بن محمد بن خلدون مغربی ۸۰۶ھ		مصر
۳۵۔ تاریخ یعقوبی	احمد بن ابو یعقوب اسحاق بن جعفر یعقوبی غالباً ۲۸۴ھ		لائڈن، بیروت، نجف
۳۶۔ تاریخ الکامل (تاریخ ابن اثیر)	ابوالحسن عزالدین بن علی بن اثیر جزری ۶۳۰ھ		مصر
۳۷ تاریخ ابن عساکر (مختصر)	ابوالقاسم علی بن ہبۃ اللہ دمشقی، ابن عساکر ۵۵۷ھ		مصر
۳۸۔ التحفۃ البہیہ فی طبقات الشافعیہ	عبداللہ بن مجاری، شرقاوی		قلمی
۳۹۔ تحفۃ الالباب	ابوحامد محمد بن عبدالرحیم غرناطی اندسی موجود ۵۵۶ھ		لائڈن
۴۰۔ تہذیب التہذیب	احمد بن علی بن حجر عسقلانی ۸۵۲ھ		حیدرآباد
۴۱۔ تذکرۃ الحفاظ	امام ذہبی ۷۴۸ھ		حیدرآباد
۴۲۔ ترتیب المدارک وتقریب المسالک لمعرفۃ اعلام مذہب مالک	قاضی عیاضی بن موسیٰ یحصبی ۵۴۴ھ		بیروت
۴۳۔ التنبیہ والاشراف	مسعودی ۳۴۵ھ		یورپ ومصر
۴۴۔ التبصرۃ بالتجارۃ	جاحظ ۲۵۰ھ		مصر
۴۵۔ تفسیر کبیر (تفسیر رازی)	ابوعبداللہ محمد بن عمر، فخرالدین رازی ۶۰۶ھ		مصر
۴۶۔ ثمار القلوب فی المضاف والمنسوب	ابومنصور عبدالملک بن اسمٰعیل ثعالبی نیشاپوری ۴۲۹ھ		مصر
۴۷ جامع بیان العلم	ابوعمر یوسف بن عبدالبر اندلسی ۴۶۳ھ		مصر

۴۸۔ کتاب الجرح والتعدیل	ابو محمد عبد الرحمن بن ابو حاتم رازی ۳۲۷ھ	حیدرآباد
۴۹۔ جمہرۃ نسب قریش واخبارہا	ابو عبد اللہ زبیر بن بکار مکی ۲۵۶ھ	مصر
۵۰۔ جمہرۃ انساب العرب	ابو محمد علی بن احمد بن سعید بن حزم اندلسی ۴۵۶ھ	مصر
" "	" "	
۵۱۔ الجواہر المضیۃ فی طبقات الحنفیہ	ابو محمد محی الدین عبد القادر بن ابو الوفاء محمد قرشی ۷۷۵ھ	حیدرآباد
۵۲۔ جامع کرامات الاولیاء	یوسف بن اسمٰعیل نبہانی	مصر
۵۳۔ حسن المحاضرہ فی اخبار مصر والقاہرہ	جلال الدین عبد الرحمن بن ابو بکر سیوطی ۹۱۱ھ	مصر
۵۴۔ کتاب الحیوان	جاحظ	بیروت
۵۵۔ خاص الخاص	ابو منصور عبد الملک بن محمد بن اسمٰعیل ثعالبی ۴۳۰ھ	بیروت
" "		
۵۶۔ خلاصۃ تذہیب الکمال	صفی الدین احمد بن عبد اللہ خزرجی	مصر
۵۷۔ دیوان المعانی	ابو ہلال حسن بن عبد اللہ عسکری ۳۹۵ھ	مصر
۵۸۔ دیوان الحماسہ ابن شجری	ابو السعادات ہبۃ اللہ بن علی بن الشجری ۵۴۲ھ	حیدرآباد
۵۹۔ کتاب الذخائر والتحف	قاضی شیدی بن زبیر	کویت
۶۰۔ کتاب الذیل والتکملہ لکتابے الموصول والصلہ، (بقیۃ السفر الرابع)	ابو اللہ محمد بن محمد بن عبد الملک انصاری مراکشی	بیروت
۶۱۔ جامعہ لفنون نافقہ فی شری الرقیق وتقلیب العبید	ابو الحسن مختار بن حسن بن عبدون متطیب بغدادی	مصر

۶۲۔ رسل الملوک ومن یصلح الرسالۃ والسفارۃ	ابو علی حسین بن محمد، ابن الفرار	" "	مصر
۶۳۔ رسائل جاحظ	جاحظ		مصر
۶۴۔ رجال السند والہند	قاضی اطہر مبارک پوری		بمبئی
۶۵۔ رجال الکشی	"	"	بمبئی
۶۶۔ رحلۃ سلیمان التاجر (سلسلۃ التواریخ)	سلیمان تاجر موجود ۲۳۰ھ	" "	پیرس
۶۷۔ رحلۃ ابی زید السیرافی (سلسلۃ التواریخ)	ابو زید حسن سیرافی موجود ۲۶۴ھ	" "	پیرس
۶۸۔ رحلۃ ابن بطوطہ (تحفۃ النظار)	ابو عبد اللہ بن بطوطہ طنجی مغربی	۷۰۳ھ	مصر
۶۹۔ شذرات الذہب باخبار من ذہب	ابو الفلاح عبد الحی بن عماد حنبلی ۱۰۷۹ھ		مصر
۵۔ صور الارض (منتخبات) "	ابو القاسم ابن حوقل نصیبی بغدادی بعد ۳۳۰ھ		لائڈن
۷۱۔ صبح الاعشی فی صناعۃ الانشاء	ابو العباس احمد قلقشندی مصری ۸۲۱ھ		مصر
۷۲۔ صفۃ الصفوۃ "	ابو الفرج جمال الدین عبد الرحمن بن علی جوزی ۵۹۷ھ	"	حیدر آباد
۷۳۔ ضحی الاسلام	احمد امین		مصر
۷۴۔ کتاب الضعفاء والمتروکین "	ابو عبد الرحمن احمد بن علی بن شعیب نسائی ۳۰۳ھ	"	ہند

۷۔ الطبقات الکبریٰ (ابن سعد) ابو عبداللہ محمد بن سعد واقدی بغدادی ۲۳۰ھ بیروت

۷۶۔ الطبقات السنیۃ فی تراجم الحنفیہ } مولی تقی الدین عبدالقادر تمیمی حنفی مصری غزی ۱۰۰۵ھ } مصر

۷۷۔ طبقات فحول الشعراء ابو عبداللہ محمد بن سلام جمحی بصری ۲۳۱ھ مصر

۷۸۔ طبقات الشعراء عبداللہ بن معتز ۲۹۶ھ مصر

۷۹۔ طبقات الامم ابو القاسم صاعد بن احمد اندلسی ۴۶۳ھ مصر

۸۰۔ طبقات الاطبار (عیون الانباء فی طبقات الاطبار) } ابو العباس احمد بن قاسم خزرجی، ابن ابی اُصَیبعہ } مصر

۸۱۔ طبقات الفقہاء } ابو اسحاق ابراہیم بن علی بن یوسف شیرازی ۴۷۶ھ } مصر

۸۲۔ طبقات الشافعیۃ الکبریٰ } ابو نصر تاج الدین عبداللہ بن تقی الدین سبکی ۷۷۱ھ } مصر

۸۳۔ طبقات الشافعیہ ابو بکر بن ہدایت اللہ حسینی ۱۰۱۴ھ مصر

۸۴۔ طبقات الحنابلہ قاضی ابو الحسین محمد بن ابو یعلی موصلی مصر

۸۵۔ طبقات الفقہاء الشافعیہ ابو عاصم محمد بن احمد عبادی ۴۵۸ھ لائڈن

۸۶۔ طبقات الصوفیہ ابو عبدالرحمٰن سلمی مصر

۸۷۔ الطبقات الکبریٰ (لواقح الانوار فی طبقات الاخیار) } عبدالوہاب شعرانی } مصر

۸۸۔ طبقات القراء (غایۃ النہایۃ فی طبقات القراء) } ابو الخیر محمد بن محمد جزری ۸۳۳ھ } مصر

۸۹۔ طبقات النحویین واللغویین ابو بکر محمد بن حسن زبیدی ۳۷۹ھ مصر

۹۰۔ ظفر الوالہ بمظفر و آلہ	عبداللہ بن محمد بن عمر، حاجی دبیر مکی	لائڈن
		مصر
۹۱۔ عصر المامون		
۹۲۔ العبر فی خبر من غبر	ابو عبداللہ شمس الدین محمد بن احمد بن عثمان ذہبی ۷۴۸ھ	کویت
" "		
۹۳۔ عجائب الہند	بزرگ بن شہریار ناخدا رامہرمزی	لائڈن
۹۴۔ العقد الفرید	ابن عبدربہ اندلسی ۳۲۸ھ	مصر
۹۵۔ العقد الثمین فی تاریخ البلد الامین	تقی الدین محمد بن احمد بن علی فاسی مکی ۸۳۲ھ	مصر
۹۶۔ العقد الثمین فی فتوح الہند و من ورد فیہا من الصحابہ و التابعین،	قاضی اطہر مبارک پوری " "	ہند
۹۷۔ عیون الاخبار	ابو محمد عبداللہ بن مسلم بن قتیبہ دینوری ۲۷۶ھ	مصر
" "		
۹۸۔ غریب الحدیث	ابو عبید قاسم بن سلام ہروی ۲۲۴ھ	حیدر آباد
۹۹۔ فتح الباری شرح صحیح بخاری	احمد بن علی بن حجر عسقلانی ۸۵۲ھ	مصر
۱۰۰۔ فتوح البلدان	ابو الحسن احمد بن یحی بن داؤد بلاذری بغدادی ۲۷۹ھ	مصر
" "		
۱۰۱۔ کتاب الفہرست	ابو الفرج محمد بن اسحاق، ابن ندیم بغدادی موجود ۳۷۷ھ	مصر
" "		
۱۰۲۔ فہرست ابی بکر بن خیر الاشبیلی	ابو بکر بن خیر اشبیلی	مصر
۱۰۳۔ کتاب الکنی والاسماء	ابو بشر محمد بن احمد بن حماد دولابی ۳۱۰ھ	حیدر آباد
۱۰۴۔ الکامل فی اللغۃ والادب	ابو العباس محمد بن یزید مبرد نحوی ۲۸۵ھ	مصر
۱۰۵۔ کشف الظنون عن اسامی الکتب والفنون	حاجی خلیفہ چلپی	استنبول

۱۰۶۔ لسان العرب — محمد بن مکرم بن منظور مصری افریقی ۷۱۱ھ — مصر و بیروت

۱۰۷۔ لسان المیزان — احمد بن علی بن حجر عسقلانی ۸۵۲ھ — حیدر آباد

۱۰۸۔ اللباب فی تہذیب الانساب — ابو الحسن عز الدین علی بن محمد جزری ۶۳۰ھ — مصر

۱۰۹۔ المستطرف فی معالم الخلافۃ — ابو العباس احمد مصری قلقشندی ۸۲۱ھ — کویت

۱۱۰۔ معجم الشعراء — ابو عبید اللہ محمد بن عمران بن موسیٰ مرزبانی — مصر

۱۱۱۔ معجم البلدان — ابو عبد اللہ شہاب الدین یاقوت بن عبد اللہ حموی بغدادی ۶۲۶ھ — مصر

" " — " " " — "

۱۱۲۔ معجم المصنفین — محمود حسن ٹونکی — بیروت

۱۱۳۔ الموشی او الظرف والظرفاء — ابو الطیب محمد بن اسحاق بن یحیی الوشاء — بیروت

۱۱۴۔ مقاتل الطالبیین — ابو الفرج علی بن حسین اموی اصفہانی ۳۵۶ھ — مصر

۱۱۵۔ المنتظم — ابو الفرج عبد الرحمن بن علی ابن جوزی ۵۹۷ھ — حیدر آباد

۱۱۶۔ مناقب الامام احمد — " " — مصر

۱۱۷۔ مرآۃ الزمان — ابن سبط جوزی — حیدر آباد

۱۱۸۔ مرآۃ الجنان وعبرۃ الیقظان — ابو محمد عبد اللہ بن علی یافعی مکی ۷۶۸ھ — حیدر آباد و بیروت

۱۱۹۔ معرفۃ علوم الحدیث — ابو عبد اللہ محمد بن عبد اللہ حاکم نیشاپوری ۴۰۵ھ — مصر

" " — " " " — "

۱۲۰۔ مشتبہ النسبۃ فی الرجال اسمائہم وانسابہم — ابو عبد اللہ محمد احمد بن عثمان ذہبی ۷۴۸ھ — مصر

۱۲۱۔ کتاب المجروحین من المحدثین — ابو حاتم محمد بن حبان بستی ۳۵۴ھ — حیدر آباد

۱۲۲۔ المحدث الفاصل بین الراوی والواعی — قاضی حسین بن عبد الرحمن بن خلاد رامہرمزی ۳۶۰ھ — بیروت

۱۲۳۔ المؤتلف والمختلف فی اسماء نقلۃ الحدیث،	ابو محمد عبد الغنی بن سعید ازدی مصری ۴۰۹ھ		ہند
۱۲۴۔ المنتقی لابن الجارود	عبد اللہ بن علی بن جارود ۳۰۷ھ		مصر
۱۲۵۔ مختصر الترغیب والترہیب	حافظ ابن حجر عسقلانی ۸۵۲ھ		ہند
۱۲۶۔ میزان الاعتدال	امام ذہبی ۷۴۸ھ		مصر
۱۲۷۔ کتاب المعارف	ابو محمد عبد اللہ بن مسلم بن قتیبہ دینوری ۲۷۶ھ		مصر
" "	" "		
۱۲۸۔ مروج الذہب	ابو الحسن علی بن حسین مسعودی ۳۴۵ھ		مصر
۱۲۹۔ کتاب المحبر	ابو جعفر محمد بن حبیب بغدادی ۲۴۵ھ		حیدرآباد
۱۳۰۔ کتاب المنمق	" "		حیدرآباد
۱۳۱۔ المسالک والممالک	ابو القاسم عبید اللہ بن احمد ابن خرداذبہ (عہد مقتدر)		لائڈن
" "			
۱۳۲۔ مسالک الممالک	ابو اسحاق ابراہیم بن محمد فارسی اصطخری		لائڈن
۱۳۳۔ کتاب الملل والنحل	محمد بن عبد الکریم شہرستانی ۵۴۸ھ		مصر و لندن
۱۳۴۔ المحمدون من الشعراء واشعارہم	ابو الحسن جمال الدین علی بن یوسف القفطی ۶۴۶ھ		حیدرآباد
" "	" "		
۱۳۵۔ کتاب المحتسب	ابو الفتح عثمان بن جنی		مصر
۱۳۶۔ کتاب المقتضب	ابو العباس محمد بن یزید مبرد ۲۸۵ھ		مصر
۱۳۷۔ نجات الرشید	ملا عبد القادر بدایونی		لاہور
۱۳۸۔ تکملۃ البیان فی تکملۃ الیمان	صلاح الدین خلیل بن ایبک صفدی ۷۶۴ھ		مصر
۱۳۹۔ نشوار المحاضرۃ واخبار المذاکرۃ	قاضی ابو علی محسن بن علی تنوخی ۳۸۴ھ		مصر

۱۴۰۔ نیل الابتہاج بتطریز الدیباج — ابوالعباس احمد بن احمد بن عمر تکروری تمبکتی — مصر

۱۴۱۔ کتاب الوفیات — ابوالعباس احمد بن علی خطیب، ابن قنفذ قسطنطینی بعد ۸۰۷ھ — بیروت

۱۴۲۔ کتاب الوافی بالوفیات — صلاح الدین خلیل بن ایبک صفدی — طہران

۱۴۳۔ کتاب الوزراء والکتاب — ابوعبداللہ محمد بن عبدوس جہشیاری — مصر

۱۴۴۔ وفیات الاعیان (تاریخ ابن خلکان) — شمس الدین احمد بن ابراہیم بن ابوبکر ابن خلکان ۶۸۱ھ — ایران

۱۴۵۔ کتاب الورقۃ — ابوعبداللہ محمد بن داؤد بن جراح ۲۹۶ھ — مصر

۱۴۶۔ کتاب الہند (کتاب ماللہند) — ابوریحان محمد بن احمد بیرونی ۴۳۰ھ — لندن

فہرستِ مضامین

خلافتِ عبّاسیہ اور ہندوستان

مضمون	صفحہ
پیش لفظ: از حضرت مولانا مفتی عتیق الرحمٰن صاحب عثمانی رشیدی مجدّدی ناظم ندوۃ المصنفین دہلی،	
مقدمہ مصنف	
تمہیدات	۳۳
خلافت عباسیہ (۴۲) اور سندھ و ہند	
مغلس بن سری عبدی کی آمد، اور منصور بن جمہور کلبی کے مقابلہ میں ناکامی،	۴۳
موسیٰ بن کعب تمیمی کی آمد اور منصور بن جمہور کا خاتمہ،	۴۹
منصورہ کی مرمت، جامع مسجد کی توسیع اور فتوحات،	۵۲

مضمون	صفحہ
منذر بن زبیر ہباری سندھی کی قیسیا میں بغاوت اور ناکامی،	۵۳
سندھ میں خوارج کی آمد اور سلیمان بن ہشام کا قتل،	۵۴
	۵۶
عُیینہ بن موسیٰ کی امارت،	۵۶
قبائلی اور فوجی شورش،	۵۶
عُیینہ بن موسیٰ کی خلافت سے سرتابی	۵۸
اور بغاوت،	۵۸
عُیینہ کے پاس مال و دولت کی فراوانی	۶۰
عمر بن حفص ہزار مرد مہلبی کی آمد اور	۶۰
بغاوت کا خاتمہ،	۶۰
عقبہ بن مسلم ازدی کی سندھ سے بغداد	۶۳
کو روانگی، اور خلیفہ کے لئے مُخبری،	۶۳

محمد بن عبداللہ بن حسن اور ابراہیم بن عبداللہ بن حسن کی سندھ میں آمد	۶۴
عبداللہ الاشتر بن محمد کی سندھ میں آمد اور عمر بن حفص کی بیعت،	۶۶
ابوجعفر منصور کا خط اور عمر بن حفص کی حیلہ جوئی،	۶۹
جمیل بن صخر کی دفتی امارت اور عمر بن حفص کی بغداد کو روانگی،	۷۱
ہشام بن عمرو تغلبی کی امارت،	۷۲
عبداللہ الاشتر اور ان کے ساتھیوں کا قتل،	۷۴
ایک راجہ سے جنگ اور محمد بن عبداللہ الاشتر کی بغداد کو روانگی،	۷۷
علی بن محمد بن عبداللہ کی ہندوستان میں آمد،	۷۷
ہشام بن عمرو کے غزوات و فتوحات اور کارناموں کا اجمالی تعارف،	۷۸
گجرات پر حملہ اور اس کے اسباب	۸۱
گندھارا کی فتح	۸۴
عمرو بن جمل کی قیادت میں بھاٹیہ بھوت کی فتح۔	۸۷
کشمیر اور دیگر علاقوں میں غزوات و فتوحات	۸۹
قندابیل سے متغلب عربوں کا صفایا،	۹۰
ملتان کی فتح،	۹۰
ہشام بن عمرو کے دربار میں مطیع بن ایاس شاعر کی آمد اور داد و دہش	۹۳
لبطام بن عمرو تغلبی کی امارت و معزولی اور معبد بن خلیل تمیمی کی امارت،	۹۴
معبد بن خلیل کی منصورہ میں موت اور محمد بن معبد کی جانشینی،	۹۶
منصوری دور میں ہندوستان سے متعلق چند واقعات،	۹۷
ہندی ڈاکوؤں کا شاہی قیدیوں کو یرغمال بنانا،	۹۷
ہندوستان کے قیدیوں کی جان بخشی،	۹۸
شیر بامیان کا اسلام اور اس کا اعزاز و احترام،	۹۹
ابوجعفر منصور کی ہندیوں کے بارے میں معلومات۔	۹۹
ابوجعفر منصور کے زمانہ میں اہل منصورہ کے بارے میں ایک غلط روایت،	۱۰۰
سیمیائت کا عربی میں ترجمہ اور زائچہ،	۱۲

روح بن حاتم مہلبی کی امارت اور جاٹوں کی شورش، ۱۰۱

سجاڑ سجوت (گجرات) کی فتح ۱۰۲ھ ۱۰۲

یزید بن حاتم مہلبی کی ذیلی امارت، ۱۰۶

سلیمان بن قبیصہ مہلبی کی ذیلی امارت اور خلیل بن احمد فراہیدی کو سندھ آنے کی دعوت، ۱۰۸

روح بن حاتم کی معزولی اور نصر بن اشعث خزاعی کی امارت، ۱۰۹

سندھ امیر بصرہ محمد بن سلیمان ہاشمی کی ماتحتی میں، ۱۱۰

محمد بن سلیمان کے پاس سندھ اور مکران کے ہدیے، ۱۱۰

عبدالملک بن شہاب سمعی کی چند روزہ امارت اور نصر بن محمد ابن اشعث کی واپسی، ۱۱۱

زہیر بن عباس ہاشمی کی امارت، ۱۱۲

سفیح بن عمرو تغلبی کی امارت اور سندھ میں قبائلی عصبیت کا زور، ۱۱۳

لیث بن طریف خزاعی کی امارت اور جاٹوں کا صفایا، ۱۱۵

سندھ و ہند اور عجم کے بادشاہوں کو مہدی کی دعوت اطاعت و اسلام ۱۱۷

محمد بن لیث بن طریف خزاعی کی دفعتی امارت ۱۱۸

ابوحارثہ ہندی مہدی کے سرکاری خزانہ کا کلید بردار، ۱۱۹

مہدی کی باندی سکر سندیہ، ۱۱۹

ایک ناروا واقعہ اور سندھی غلاموں کی ناقدری ۱۲۰

لیث بن طریف کی دوبارہ امارت۔ ۱۲۱

سالم بن ابوسالم یونسی کی امارت ۱۲۲

سالم یونسی کی موت، اور ابراہیم بن سالم کی دفعتی امارت، ۱۲۳

اسحاق بن سلیمان ہاشمی کی امارت ۱۲۳

طیفور بن عبداللہ حمیری کی امارت اور سندھ میں قبائلی عصبیت کا زور، ۱۲۴

سعید بن مسلم باہلی کی امارت اور اس کے بھائی کثیر بن مسلم کا نامناسب رویہ، ۱۲۵

سندھ والی بصرہ عیسیٰ بن جعفر بن منصور کی ماتحتی میں، ۱۲۶

محمد بن عبدی تغلبی کی امارت اور قبائلی

عصبیت کی شدت ۱۲۶
تسخیر ملتان میں ناکامی ۱۲۷
عبدالرحمٰن بن سلیمان ہاشمی کی امارت اور عبداللہ بن علار ضبیؒ کی نیابت ۱۲۹
ایوب بن جعفر بن سلیمان کی امارت اور سلیمان بن سعید کی سندھ میں آمد ۱۲۹
داؤد بن یزید مہلبی کی امارت اور نزاریہ کی شورش، ۱۳۱
داؤد بن یزید کے دربار میں ایک بدوی شاعر ۱۳۱
مغیرہ بن یزید مہلبی کی آمد اور نزاریہ سے جنگ میں اس کی موت، ۱۳۲
داؤد بن یزید کی آمد اور نزاریہ کا قتل عام ۱۳۵
سوراشٹر کی فتح، ۱۳۸
سندھ وغیرہ میں خوارج سے جنگ اور فتح ۱۴۰
ہارون رشید کو ایک ہندی راجہ کا ہدیہ ۱۴۱
ایک اور ہندی راجہ کا تحفہ اور نرمرد کی چیڑ ۱۴۳
ایک ہندی تاجر عبدالملک بن صالح برمکی کے دربار میں ۱۴۳
ہارون رشید کے خزانہ میں عود ہندی ۱۴۴
ہارون رشید کے علاج کے لئے منکہ ہندی کی بغداد میں آمد، ۱۴۴
ہندی علوم و فنون کی ترویج و اشاعت اور طب و حکمت کی منتقلی، ۱۴۵
ہارونی دور میں ہندوستان سے آمدنی، ۱۴۶
۲۰۵ھ میں داؤد بن یزید کی موت اور بشر بن داؤد کی امارت ۱۴۷
بشر بن داؤد کی سرکشی، ۱۴۸
ابراہیم بن عبداللہ مہلبی کی عیلی امارت اور بغاوت میں شرکت ۱۴۹
حاجب بن صالح کی مکران میں آمد اور ابراہیم بن عبداللہ سے گفتگو، ۱۴۹
غسان بن عباد کی آمد اور بشر بن داؤد کی حوالگی، ۱۵۱
غسان کا طبیب خاص ابراہیم بن خزادن ۱۵۳
سندھی مور کا گوشت، ۱۵۴
سندھ کی ایک عجیب و غریب مچھلی، ۱۵۴
موسیٰ بن یحییٰ برمکی کی امارت اور راجہ جبال سے جنگ، ۱۵۵
موسیٰ بن یحییٰ کے دیگر کام اور موت، ۱۵۶
مامونی دور میں سنجان (گجرات) میں دولت ہاشمیہ کا قیام ۱۵۶
سنجان کی برادرانہ جنگ میں خلافت کی فوجی مداخلت، ۱۵۸
راجہ رتبیل کا قبول اسلام ۱۶۰

تبت کے راجہ کا قبول اسلام اور کعبہ کیلئے گراں قدر نذرانہ ۱۶۱

راجہ رہمی بنگال کا خط اور ہدیہ مامون کے نام ۱۶۲

مامون کا خط اور ہدیہ راجہ رہمی کے نام ۱۶۵

مامون اور ان کے بعد زفاف پر ایک راجہ کا تحفہ ۱۶۷

مامون کو ہاتھی کا تحفہ ۱۶۸

احمد ابو نعیم بغدادی کی سندھ میں نظر بندی ۱۶۸

عمران بن موسیٰ برمکی کی امارت ۱۶۸

قیقان کے جاٹوں سے جنگ اور فتح ۱۷۰

شہر بیضاء کی تعمیر ۱۷۰

دیبل میں جیل خانہ کی تعمیر اور اس کی مرمت ۱۷۲

قنداہیل کے متغلب محمد بن خلیل سے جنگ اور اس کی گرفتاری ۱۷۲

سمندری ڈاکوؤں سے پہلی جنگ اور بند کی تعمیر ۱۷۳

جاٹوں کی شناخت کے لئے مہر لگانا اور جزیہ کی وصولی ۱۷۴

سمندری ڈاکوؤں سے دوسری جنگ ۱۷۵

عربوں کی قبائلی جنگ میں ۱۷۶

عمران بن موسیٰ کا قتل ۱۷۶

عمران بن موسیٰ کی متروکات اور مال و دولت ۱۷۹

عمران کے اسلحۂ جنگ ۱۷۹

خلیفہ واثق کی خدمت میں ہندی ہدایا و تحائف ۱۸۰

راجہ عسیفان کا قبولِ اسلام ۱۸۱

افشین کی اعزازی امارت سندھ ۱۸۲

ایک اور برمکی امیر سندھ ۱۸۲

جاحظ کی مالی امداد ۱۸۳

بحر بصرہ میں ڈاکوؤں سے جنگ ۱۸۴

عراق سے جاٹوں کا قلع قمع ۱۸۶

عنبسہ بن اسحاق ضبی کی امارت اور متغلبوں کا صفایا ۱۹۰

۲۳۰ھ میں سوراشٹر کی فتح ۱۹۲

جبال سندھ میں خوارج کی روپوشی ۱۹۳

ہارون بن ابو خالد مروزی کی امارت سندھ و مکران محمد المنتصر کی ولی عہدی میں ۱۹۴

عمر بن عبدالعزیز ہبّاری کی سندھ میں آخری عباسی امارت	۱۹۶
متوکل کا سفیر ہندی راجہ کی خدمت میں اور باہمی ہدایا و تحائف	۱۹۷
ہندی تلوار سے متوکل کا قتل	۱۹۸
عمر بن عبدالعزیز کی خود مختاری اور سندھ میں دولت ہبّاریہ کا قیام ۲۴۷ھ	۱۹۹
سوراشٹر میں سمندری ڈاکوؤں سے جنگ	۲۰۱
ایک اور متغلب حاکم ابو صمہ	۲۰۱
سندھ کے بعض علاقوں پر یعقوب بن لیث صفّار کی حکومت	۲۰۲
علاقۂ سندھ میں صفّاریوں کے غزوات و فتوحات	۲۰۳
عباسی خلفاء کو صفّاریوں کی طرف سے ہندی ہدایا و تحائف	۲۰۵
صفّاری حکومت پر اجمالی نظر	۲۰۶
ملتان میں دولت سامیہ کا قیام حدود ۲۷۵ھ میں	۲۰۷
مکران میں دولت معدانیہ کا قیام حدود ۳۴۰ھ میں	۲۰۹
طوران میں دولت متغلبہ کا قیام حدود ۳۴۰ھ میں	۲۱۰

(۲۱۱) امارت بحر لبصرہ اور بحری ڈاکوؤں سے جنگ

بحر لبصرہ اور بلادِ بحر لبصرہ	۲۱۲
چند مشہور شہر اور جزائر جو ڈاکوؤں کی زد پر رہا کرتے تھے	۲۱۵
جزیرۂ قیس	۲۱۵
جزیرۂ جاسک	۲۱۶
راس الجمجمہ	۲۱۶
سیراف	۲۱۶
ہُرمُز	۲۱۷
قلہات	۲۱۷
کچھ اور سوراشٹر میں سمندری ڈاکوؤں کی کثرت	۲۱۷
ان کی غارت گری کے طریقے اور چند واقعات	۲۲۰
ڈاکوؤں سے جہازیوں اور مسافروں کی جنگ	۲۲۴
راجے مہاراجے اور بحری ڈاکو	۲۲۷
۱۴۱۱ھ میں امارت بحر لبصرہ کا قیام اور ڈاکوؤں سے پہلی جنگ	۲۲۹
دوسری جنگ	۲۳۰

تیسری جنگ ۲۳۰
چوتھی جنگ ۲۳۱
پانچویں جنگ ۲۳۲
چھٹی جنگ ۲۳۲
ساتویں جنگ ۲۳۲
آٹھویں جنگ ۲۳۳
نویں جنگ ۲۳۳
دسویں جنگ ۲۳۳
گیارہویں جنگ ۲۳۴
بارہویں جنگ ۲۳۴
تیرہویں جنگ ۲۳۴
چودھویں جنگ ۲۳۴
پندرہویں جنگ ۲۳۵
جاٹوں سے لڑائیاں ۲۳۵

امارات، اور ملکی و شہری انتظامات (۲۳۷)

ابوالعباس سفاح کے عہد میں ۲۳۸
ابوجعفر منصور کے عہد میں ۲۳۹
مہدی کے عہد میں ۲۴۰
ہادی کے عہد میں ۲۴۱
ہارون رشید کے عہد میں ۲۴۱
امین کے عہد میں ۲۴۳
مامون کے عہد میں ۲۴۳
معتصم کے عہد میں ۲۴۴
واثق کے عہد میں ۲۴۴
متوکل کے عہد میں ۲۴۵
منتصر کے عہد میں ۲۴۵
مستعین کے عہد میں ۲۴۵
معتز کے عہد میں ۲۴۶
مہتدی کے عہد میں ۲۴۶
معتمد کے عہد میں ۲۴۶
معتضد کے عہد میں ۲۴۷
مختلف قبائل کے امرائے سندھ ۲۴۷
ہاشمی اور عباسی ۲۴۸
موالی ۲۴۸
مہلبی ۲۴۸
برمکی ۲۴۹
دیگر قبائل ۲۵۰
بنو تمیم ۲۵۰
بنو تغلب ۲۵۰
بنو یاہلہ ۲۵۰
بنو ضبہ ۲۵۰

بنو طے	۲۵۰
بنو ثعلبہ	۲۵۰
بنو خزاعہ	۲۵۰
بنو مسمع	۲۵۰
بنو ہبتار	۲۵۰
صفاری	۲۵۱
متغالب امراء	۲۵۱
منصور بن جمہور کلبی اور منظور بن جمہور کلبی	۲۵۱
قندابیل کے متغلب عرب	۲۵۱
ملتان کے متغلب عرب	۲۵۲
منصورہ کے متغلب عرب	۲۵۳
محمد بن خلیل حاکم قندابیل	۲۵۳
ابو صمہ بولی کندہ	۲۵۴
عثمان اور دوسرے متغلب عرب	۲۵۴
سندان کے امراء	۲۵۵
جو امراء یہاں مرے یا قتل ہوئے	۲۵۵
مشاہیر حکومت وسیاست	۲۵۶
ارباب علم وفن کی قدردانی	۲۵۷
امراء کی شخصی اور خانگی زندگی	۲۶۰
مکانات	۲۶۲
غذا اور دسترخوان	۲۶۴
امراء کے انتخاب میں مشورہ	۲۶۵
شرکائے امارت یا ذیلی امراء اور اعوان وانصار	۲۶۷
کاتب یعنی میر منشی	۲۶۹
خلفاء اور امراء میں خط وکتابت	۲۶۹
سفارت اور وفادت	۲۷۲
سندھ امرائے عراق وغیرہ کی ماتحتی میں	۲۷۴
بعض امراء کی سرتابی اور بغاوت	۲۷۵
مرکزی دارالامارہ منصورہ، اور علاقائی دارالامارات	۲۷۶
حکومت کی ضروریات اور سرکاری شعبے	۲۷۷
ہندوستان سے خلافت عباسیہ کی سالانہ آمدنی	۲۷۷
بیت المال یعنی سرکاری خزانہ	۲۷۸
بیت الصرف	۲۷۹
جیل خانہ	۲۷۹
برید یعنی ڈاک	۲۸۰
فوج اور فوجی چھاؤنی	۲۸۱
نظام حکومت اور ملکی وشہری قوانین	۲۸۲
غزوات وفتوحات کی حیثیت	۲۸۳

عشر، خراج اور جزیہ	۲۸۵
غیر مسلم رعایا میں ذمّی اور غیر ذمّی	۲۸۵
ذمّی اسلامی فوج میں	۲۸۷
عباسیہ اور کرمینیہ فوج میں	
ہندی سپاہی	۲۸۸
مذہبی آزادی	۲۸۸
راجوں مہاراجوں کا برضاء و رغبت قبول اسلام	۲۹۰
ہندی حکماء و اطباء اور فلاسفہ کا	
برضاء و رغبت قبول اسلام	۲۹۱
رفاہ عام کے کام اور ملکی خدمات	۲۹۳
امن و امان	۲۹۳
عدل و انصاف	۲۹۴
تعمیرات	۲۹۴
منصورہ کی مرمت اور جامع کی توسیع	۲۹۵
گندھارا میں مسجد کی تعمیر	۲۹۶
شہر بیضاء کی تعمیر	۲۹۶
مید باندھ کی تعمیر	۲۹۶
نہر کا اجراء	۲۹۷
دیبل کی مرمت اور جیل خانہ کی تعمیر	۲۹۷
سرائیں اور مہمان خانے	۲۹۸
پیداوار	۳۰۱

عرب و ہند کے تعلقات
(۳۰۲)

اسلام اور مسلمان اہل ہند کی نظر میں	۳۰۲
یہاں کی پُرکشش چیزیں	۳۰۵
اہل ہند کا سلوک مسلمانوں سے	۳۰۶
خلیفۃ المسلمین کی عظمت کا	
اقرار و اعتراف	۳۰۶
اہل سرندیپ کی مسلمانوں سے محبت	۳۰۷
راجوں، مہاراجوں اور ان کی رعایا	
کی عربوں سے محبت و عقیدت	۳۰۷
مسلمانوں کو درباری آداب اور	
ملکی قوانین سے آزادی	۳۱۴
بُہرمنہ یعنی محکمۂ قضاء	۳۱۷
مسلمانوں کا رعب داب	۳۲۰
پرہیزگاری اور بلند کرداری کے اثرات	۳۲۲
عربی و ہندی تہذیب و تمدن کا امتزاج	۳۲۴
ہند اور اہل ہند مسلمانوں کی نظر میں	۳۲۵
اہل ہند کے اوصاف و کمالات	
اور علم و فن کا اعتراف	۳۲۶
اہل ہند کا جذبۂ حب الوطنی	۳۳۱
ہندوستان کے امن و انصاف کا اعتراف	۳۳۲

اہل ہند کا حسن و جمال ۳۳۳
ہندی عورتوں کی خصوصیات ۳۳۸
عورت اور اس سے عشق کے بارے میں حکمائے ہند کا نظریہ ۳۴۰
شعرائے عرب اور ہندوستان کا طبعی و تکوینی حسن و جمال ۳۴۱
مناکحت اور توالد و تناسل ۳۴۵
غیر مسلموں کے ساتھ حسن سلوک ۳۴۷

عرب و ہند کے درمیان تجارت (۳۴۹)

بحری تجارت اور ہندوستان کے بحری راستے ۳۵۰
جہازوں میں سامانِ تجارت اور تجار کی کثرت ۳۵۲
بحری ڈاکوؤں سے جنگ ۳۵۴
بری تجارت اور بری راستے ۳۵۵
ہندوستان میں درآمد ہونے والے سامان اور اشیاء ۳۵۶
ہندوستان سے برآمد ہونے والے سامان اور اشیاء ۳۵۷
خرید و فروخت کی زبان ۳۶۰
خرید و فروخت کے طریقے ۳۶۲
تاجروں کی ایمانداری اور پارسائی ۳۶۴
چند علماء و مشائخ تاجرانِ ہند ۳۶۶
ہندوستان کی نفع بخش تجارت کی ایک مثال ۳۷۱
ہندوستان کے تاجر دوسرے ممالک میں ۳۷۳
ہندی غلاموں کی تجارت اور دوکانداری میں صلاحیت و شہرت ۳۷۵

ہندی علوم و فنون اور علمائے ہند (۳۷۷)

ہندی علوم و فنون کو مسلمانوں نے پہلی بار دنیا میں متعارف کرایا ۳۷۷
عباسی خلفاء کی ہندی علوم سے دلچسپی ۳۷۸
علم حساب و ہندسہ ۳۸۱
علم نجوم و فلکیات ۳۸۳
علم طب ۳۸۵
ہندی جڑی بوٹیاں اور دوائیں ۳۸۸
عزائم و تیر نجات ۳۸۸
قصے کہانیاں ۳۹۰
نغمہ و موسیقی ۳۹۰

جنگ اور اسلحۂ جنگ ۳۹۱
خطابت اور فصاحت وبلاغت ۳۹۲

اسلامی علوم وفنون اور علمائے اسلام (۳۹۴)

ہندی مسلمانوں کے حالات کی نایابی کا المیہ ۳۹۴
علمائے اسلام اور علمائے ہند ۳۹۶
عباسی عہد کے علمائے ہند کا اجمالی تعارف ۳۹۹
ابوبکر احمد بن سندی بغدادی ۴۰۰
احمد بن سندی بن فروخ بغدادی ۴۰۰
احمد بن سندی رازی ۴۰۰
ابوعمر احمد بن سعید بن ابراہیم ہندی ہمدانی ۴۰۱
ابوالعباس احمد بن عبداللہ دیبلی ۴۰۱
ابوبکر احمد بن قاسم بن سیما بن سندی بغدادی ۴۰۲
ابوبکر احمد بن محمد بن ہارون دیبلی بغدادی ۴۰۲
ابوالقوارس احمد بن محمد بن حسین سندی مصری ۴۰۲
ابوالعباس احمد بن محمد بن صالح منصوری ۴۰۳
احمد بن محمد ہندی کرابیسی ۴۰۳
ابوعبداللہ احمد بن موسیٰ دیبلی ۴۰۳
ابوحامد احمد بن محمد منصوری ۴۰۳
ابوبکر احمد بن محمد منصوری بکر آبادی ۴۰۳
ابومحمد احید بن حسین بن علی بامیانی ۴۰۴
ابواسحاق ابراہیم بن سندی بن علی بن بہرام اصفہانی ۴۰۴
ابراہیم بن محمد بن ابراہیم دیبلی محدث مکہ ۴۰۴
اسلم بن سندی رازی ۴۰۵
ابوابراہیم اسمٰعیل بن سندی بغداد ۴۰۶
اسمٰعیل بن محمد بن رجاء سندی اسفرائینی ۴۰۶
بشیر بن عمرو سندی مالکی ۴۰۶
ابومحمد جعفر بن خطاب قصداری ۴۰۶
ابوالقاسم جعفر بن محمد سرندیپی ۴۰۷
حبیش بن سندی بغدادی ۴۰۷
ابومحمد حسن بن حامد دیبلی بغدادی ۴۰۷
ابوالقاسم حسین بن محمد بن اسد دیبلی ۴۰۷
ابوبکر حمدان بن محمد بن رجاء سندی اسفرائینی ۴۰۸
خلف بن محمد موازینی دیبلی ۴۰۸

ابوسلیمان داؤد بن حصین بن عقیل منصوری	۴۰۸ھ	ابوالحسن علی بن احمد بن محمد دیبلی	۴۱۳ھ
ابومحمد رجاء بن سندی اسفرائینی	۴۰۸ھ	علی بن موسیٰ دیبلی	۴۱۴ھ
ابوبکر سندی خواتیمی بغدادی	۴۰۹ھ	علی بن عبداللہ سندی	۴۱۴ھ
سندی بن ابوہارون	۴۰۹ھ	علی بن اسمٰعیل سندی	۴۱۴ھ
ابوالہیثم سندی بن عبدویہ رازی	۴۰۹ھ	ابوحفص عمر بن محمد بن سلیمان مکرانی	۴۱۴ھ
سندی بن علی وراق بغدادی	۴۰۹ھ	ابوالعباس فضل بن مسکن بن سحیت	
سلیمان بن ربیع بن ہشام ہندی	۴۰۹ھ	سندی بغدادی	۴۱۴ھ
ابوداؤد سیبویہ بن اسمٰعیل بن داؤد		فضل بن احمد منصوری اصفہانی	۴۱۵ھ
قرذاری	۴۱۰ھ	ابوجعفر محمد بن ابراہیم بن عبداللہ	
محمد ابراہیم دیبلی	۴۱۰ھ	دیبلی مکی	۴۱۵ھ
ابوالقاسم شعیب بن محمد بن احمد دیبلی	۴۱۰ھ	محمد بن احمد بن منصور بوقانی سندی	۴۱۶ھ
عباس بن عبداللہ سندی	۴۱۱ھ	ابوعبداللہ محمد بن ایوب کلہی	۴۱۶ھ
ابومحمد عبداللہ بن سلیمان سندی	۴۱۱ھ	ابوبکر محمد بن حسین بن محمد دیبلی شامی	۴۱۶ھ
ابومحمد عبداللہ بن جعفر بن مرہ منصوری	۴۱۱ھ	ابوعبداللہ محمد بن رجاء سندی اسفرائینی	۴۱۶ھ
عبداللہ بن عبدالرحمٰن یلباری سندی	۴۱۲ھ	ابوالحسن محمد بن عبداللہ سندی	۴۱۷ھ
عبداللہ بن محمد سندی	۴۱۲ھ	ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ دیبلی مصری شامی	۴۱۷ھ
عبدالحمید ہندی قیروانی	۴۱۲ھ	ابوبکر محمد بن علی بن احمد بامیانی	۴۱۷ھ
عبداللہ بن حسن بن سندی دمشقی اندلسی	۴۱۲ھ	ابوالعباس محمد بن محمد عبداللہ دیبلی	۴۱۸ھ
ابوالفتح عبدالصمد بن عبدالرحمٰن لوہوری	۴۱۲ھ	ابوبکر محمد بن محمد بن رجاء سندی اسفرائینی	۴۱۸ھ
عبدالرحیم بن یحییٰ دیبلی	۴۱۳ھ	ابوالقاسم منصور بن محمد سندی اصفہانی	۴۱۸ھ
علی بن بنان بن سندی بغدادی	۴۱۳ھ	ابومحمد موسیٰ بن سندی جرجانی	۴۱۸ھ

ابوالحسن نصراللہ بن احمد بن حاتم بن		علمائے سندھ وہند	۴۲۷
سیما ہندی	۴۱۹	علمائے اسلام کی ہندستان میں آمد	
ہبۃ اللہ بن سہل سندی	۴۱۹	اور تعلیم وتعلّم	۴۲۹
ابوحمزہ ہریم بن عبدالاعلیٰ بن فرات		ابواسحاق ابراہیم بن مالک بغدادی	۴۳۱
سندی	۴۲۰	ابوبکر محمد بن معاویہ قرطبی، ابن الاحمر	۴۳۲
ابوجعفر سندی	۴۲۰	ابواحمد خلف بن احمد سنجری بخاری	۴۳۳
ابوبحار ہندی	۴۲۰	ابومحمد عبدالقوی بن محمد عبدری اندلسی	۴۳۳
ابوحذیفہ ہندی	۴۲۰	ابوسعد محمد بن حسین حرمی	۴۳۴
ابوالفرج سندی کوفی	۴۲۰	ابوعبداللہ محمد بن ابوالفرج مغربی	۴۳۴
ابومحمد ہندی	۴۲۱	شیخ الاسلام ابوعثمان اسمٰعیل بن	
وطنیت کے بارے میں		عبدالرحمٰن صابونی	۴۳۴
ایک غلط فہمی کا ازالہ	۴۲۱	محمد بن اسمٰعیل تنوخی منجم	۴۳۵
علمائے ہند کن کن شہروں میں مقیم تھے	۴۲۵	عالم اسلام میں تعلیمی اسفار اور ائمۂ حدیث	
علمائے دیبل	۴۲۶	سے روایت	۴۳۶
علمائے منصورہ	۴۲۶	مختلف خصوصیات اور امتیازات	۴۴۵
علمائے قصدار (قزوار) ومکران	۴۲۷	خاص خاص اجزاء وکتب کی روایت	۴۴۸
علمائے بامیان	۴۲۷	ہندوستان میں درس حدیث	۴۵۰
علمائے بوقان	۴۲۷	تحدیث وروایت میں احتیاط	۴۵۵
علمائے لاہور	۴۲۷	تصنیفات وتالیفات اور کتابیں	۴۶۱
علمائے کلہ	۴۲۷	علمائے ہند علمائے اسلام کی نظر میں	۴۶۷
علمائے ملیبار	۴۲۷	بعض محدثین پر جرح اور ان کی مرویات میں کلام	۴۷۳

فقہ وفقہاء	۴۷۹	اس دور میں جو علمائے اسلام	
زہد وتصوف اور مشائخ	۴۸۶	ہندوستان آئے	۵۰۰
مفسرین اور قراء	۴۹۲	ابو العباس احمد بن عثمان تونسی مالکی	۵۰۰
قضاۃ اور مُعدّلین	۴۹۳	ابو تمام احمد بن محمد، ابن الخضر بغدادی	۵۰۰
بعد کے چند مشہور ہندی علماء	۴۹۴	ابو اسحاق ابراہیم بن ابو عبداللہ ابراہیم	
قاضی ابو العباس احمد بن نصر موصلی دیبلی	۴۹۴	ابن العطار اسکندری	۵۰۱
قاضی اسمٰعیل بن علی سندی	۴۹۵	ابو نزار حسن بن صافی ملک النحاۃ بغدادی	۵۰۱
ابو الفضائل رضی الدین حسن بن محمد		ابو مغیث حسین بن منصور الحلاج	۵۰۱
صغانی لاہوری	۴۹۵	فخر الدین حسین زنجانی	۵۰۲
ابو الحسن علی بن عمر ولاہوری	۴۹۶	ابو الحسن سعد الخیر بن محمد اندلسی	۵۰۲
ابو جعفر عمر بن اسحاق لاہوری	۴۹۷	ابو الحسین عبد الغافر بن اسمٰعیل نیشاپوری	۵۰۲
عمرو بن سعید لہاوری	۴۹۷	ابو الفضل عبد المجید بن حسین خطی اندلسی	۵۰۳
ابو المکارم فضل اللہ بن ابو سعید محمد بوقانی	۴۹۷	ابو الحسن علی بن عثمان ہجویری لاہوری	۵۰۳
محمد بن احمد بن محمد بوقانی	۴۹۷	فخر الدین رازی، ابو عبداللہ محمد	
ابو سعید محمد بن اسعد بن محمد بوقانی	۴۹۸	بن عمر صاحب تفسیر کبیر	۵۰۳
ابو عبداللہ محمد بن مامون لاہوری	۴۹۸	ابو المکارم محمد بن عمر بلخی	۵۰۴
ابو القاسم محمد بن محمد بن خلف لاہوی	۴۹۸	ابو المحاسن محمد بن نصر اللہ ابن عینین دمشقی	۵۰۵
محمد بن عمّان بن ابراہیم لاہوری	۴۹۹	ابو المعالی محمد بن ہیاج اثاربی	۵۰۶
ابو علی منصور بن سندی اسکندرانی	۴۹۹	**ہندی موالی وممالیک (۵۰۷)**	
ابو محمد ہارون بن محمد بن مہلب بردجی	۴۹۹		
ابو العلاء ہندی	۵۰۰	علماء، فقہاء اور ائمۂ حدیث	۵۰۸

حافظ اسمٰعیل بن عُلَیَّہ بصری مولی بن اسد	۵۰۸
اسمٰعیل بن علیسی، مولی علی بن یقطین	۵۱۱
ابراہیم بن اسمٰعیل بن عُلَیَّہ بغدادی	۵۱۱
ابراہیم بن سندی بن شاہک بغدادی	۵۱۱
بختیار بن عبداللہ ہندی مروزی	۵۱۲
بختیار بن عبداللہ ہندی بوشنجی	۵۱۳
حارث بیلمانی	۵۱۳
حسین بن محمد بن ابومعشر سندی بغدادی	۵۱۴
حماد بن اسمٰعیل بن عُلَیَّہ بغدادی	۵۱۴
حافظ خلف بن سالم سندی بغدادی	۵۱۴
داؤد بن محمد بن ابومعشر سندی بغدادی	۵۱۵
ربعی بن ابراہیم، ابن عُلَیَّہ	۵۱۵
سالم بن عبداللہ ہندی عدنی	۵۱۶
سندی بن ابان بغدادی	۵۱۶
شیرین بنت عبداللہ ہندیہ	۵۱۶
ضحاک بن عبداللہ ہندی ہروی	۵۱۷
عبدالرحمٰن بن ابوزید بیلمانی	۵۱۷
علی بن اسمٰعیل بن علیسی سندی	۵۱۸
فتح بن عبداللہ سندی	۵۱۸
محمد بن ابراہیم بیلمانی	۵۱۸
محمد بن زیاد ابن الاعرابی سندی بغدادی	۵۱۸
محمد بن عبدالرحمٰن بن ابوزید بیلمانی	۵۱۹
محمد بن ابومعشر نجیح سندی مدنی	۵۲۰
مخلص بن عبداللہ ہندی بغدادی	۵۲۰
حافظ نجیح بن عبدالرحمٰن، ابومعشر سندی مدنی	۵۲۱
نصر بن محمد بن شاہک سندی	۵۲۱
یحییٰ، ابومعشر سندی	۵۲۱
غلام قاضی منصورہ احمد بن محمد بن صالح منصوری	۵۲۲
مختلف علوم وفنون میں جامعیت	۵۲۳
حدیث میں امامت	۵۲۳
سِیَر ومغازی	۵۲۶
اصول وحدیث	۵۲۸
فقہ اور فقہاء	۵۳۰
علم کلام اور متکلمین	۵۳۱
عُبّاد وزُہّاد	۵۳۱
علمائے لغت وعربیت	۵۳۳
تصانیف	۵۳۳
اعزاز واحترام اور جاہ ومنصب	۵۳۵

تعلیم وتدریس	۵۳۹
ذاتی کاروبار	۵۴۰
شعروشعراء	۵۴۱
ابوالصلع سندی بغدادی	۵۴۱
ابوالعطاء سندی کوفی	۵۴۳
ابونصر سندی بن صدقہ بغدادی	۵۴۳
عمرو بن سندی	۵۴۳
کشاجم سندی	۵۴۴
منصور ہندی	۵۴۵
ہارون بن موسیٰ ملتانی	۵۴۵
امراء وحکام	۵۴۵
ابراہیم بن سندی بن شاہک	۵۴۶
ابراہیم بن عبدالسلام سندی،	۵۴۷
ابوطوطہ	۵۴۷
ابوحارثہ ہندی	۵۴۷
اسمٰعیل بن عُلَیَّہ	۵۴۷
خیار بن یحییٰ سندی	۵۴۸
سندی بن شاہک	۵۴۸
خواہر سندی بن شاہک	۵۴۹
سندی مولی حسین الخادم	۵۴۹
سندی بن یحییٰ حرشی	۵۵۰
سندی بن سہل بغدادی	۵۵۰
بنجح بن عبدالرحمٰن، ابومعشر سندی مدنی	۵۵۱
ابوروح فرزح سندی بصری	۵۵۱
مطرز سندی مدنی	۵۵۲
نفیس سندی	۵۵۲
صالح سندی	۵۵۳
چند مشہور باندیاں	۵۵۳
خمار تند ہاریہ، مغنیہ	۵۵۳
دوم سندیہ بغدادیہ نباذہ	۵۵۳
سکر سندیہ	۵۵۴
طلّہ ہندیہ	۵۵۴
شہدہ طحّانہ سندیہ	۵۵۴
عجوز سندیہ	۵۵۴
استدراکات بر خلافت امویہ اور ہندوستان	۵۵۶
فتح ارمائیل	۵۵۶
ایک غیر مسلم کے قتل پر مسلمان قاتل کو سزا اور دیت	۵۵۶
اہل نیرون کی مسلمانوں کو دعوت طعام	۵۵۷
جامع ملتان	۵۵۸

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ رب العالمین، والعاقبۃ للمتقین، والصلوٰۃ والسلام علی خیر خلقہ سیدنا ونبینا ومولانا محمدؐ وآلہ واصحابہ واتباعہ اجمعین

عباسی ہند کی (۱۳۲ھ تا ۲۴۷ھ) ایک سو پندرہ سالہ تاریخ سامنے ہے، عہد فاروقی میں ۲۳ھ سے عہد غزنوی میں ۴۱۶ھ تک ہندوستان کے اسلامی مقبوضہ پر تقریباً چار سو سال خالص اسلامی عربی حکومت رہی، اور خلفائے راشدین، خلفائے امویہ، خلفائے عباسیہ، اور امرائے عرب نے اپنے اپنے دور میں یہاں ایک ہی نظام جاری رکھا جو مجموعی اعتبار سے خالص اسلامی نظامِ حکومت تھا، اس پورے دور کا تاریخی قرضہ اب تک ہمارے ذمہ تھا، جس کی ادائیگی کی سخت ضرورت تھی۔

الحمد للہ کہ اس جلد کے بعد اس قرضہ کی آخری قسط بھی ادا ہوگئی، اور "عرب و ہند عہد رسالت میں"، "خلافت راشدہ اور ہندوستان"، "خلافت امویہ اور ہندوستان"، "خلافت عباسیہ اور ہندوستان"، اور "ہندوستان میں عربوں کی حکومتیں" کی تصنیف و تالیف اور اشاعت کے بعد چار سو اسلامی ہند کی مربوط و منظم تاریخ نکھر کر سامنے آگئی، نیز "رجال السند والہند"، العقد الثمین، اور "اسلامی ہند کی عظمت رفتہ" کے ذریعہ اسلامی ہند کے علوم و فنون، طبقات و رجال وغیرہ کے بارے میں مستند و معتبر اور نادر و نایاب معلومات فراہم ہوگئیں،

اس وقت تحدیثِ نعمت کے طور پر اس حقیقت کے ظاہر کر دینے میں مجھے بڑی مسرت اور لذت محسوس ہو رہی ہے کہ میں نے ۱۳۷۵ھ میں پہلے حج و زیارت کے موقع پر مقدس مقامات اور بابرکت لمحات میں خاص طور سے آبِ زمزم پیتے وقت یہ دعا بھی کی تھی کہ مجھے اسلامی علوم کے کسی خاص اور اہم شعبہ کی خدمت کی توفیق عطا ہو، اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل و کرم سے مجھے اسلامی ہند کی تاریخ مرتب کرنے کی توفیق سے نوازا ساتھ ہی کئی نادر موضوعات پر لکھنے کی سعادت بخشی۔

ذلك فضل اللہ یعطیہ من یشآء ط والشکر لہ

پھر ان کتابوں کی تدوین و تالیف میں حرمین شریفین کے حسنات و برکات یوں بھی شامل ہیں کہ ۱۳۸۵ھ اور ۱۳۹۳ھ میں سفر حج و زیارت کے دوران میں نے مکہ مکرمہ کے مکتبۃ الحرم المکی الشریف، اور مدینہ منورہ کے مکتبۃ شیخ الاسلام، مکتبۃ الجامعۃ الاسلامیۃ اور مکتبۃ العلمیہ سے بھرپور استفادہ کیا ہے۔

قاضی اطہر مبارک پوری
۱۶ رجب ۱۳۹۷ھ
۴ جولائی ۱۹۷۷ء

تمہیدات

اگرچہ عباسی خلافت کا خمیر خراسان میں تیار ہوا تھا، اور اس کا مزاج عجم میں بنا تھا، مگر ابتدار میں اس پر اسلام اور عربیت کا رنگ غالب تھا، نظامِ مملکت اور اس کے نفاذ کا طریقہ دورِ اول میں یعنی ۲۴۷ھ میں قتلِ متوکل اور ظہورِ فتن سے پہلے سراسر اسلامی تھا، اور خلافتِ راشدہ اور خلافتِ امویہ کی طرح یہ دور بھی خیر و برکت سے معمور و مشحون تھا، جس میں اسلامی احکام و فرامین کا اجرار، حدود و قصاص کا نفاذ، عشر، زکوٰۃ، جزیہ، خراج کی وصولی، عدل و قضار کا قیام، امن و امان کی بحالی، غزوات و فتوحات کا سلسلہ، امرار و عمال کا عزل و نصب، ذمیوں اور غیر مسلموں کے حقوق کی نگہداشت، اسلام اور مسلمانوں کی عزت و ناموس کی حفاظت، اسلامی شان و شوکت کا ظہور، علومِ اسلامیہ کی ترویج و تعلیم، احیار سنت، اماتتِ بدعت، اشاعتِ دین، علمائے اسلام کی کثرت، اور اسی قسم کے دینی و ملی حقائق پورے عالم اسلام میں پائے جاتے تھے، امام ذہبیؒ نے عباسی خلافت کے ابتدائی دور کا نقشہ ان الفاظ میں کھینچا ہے:۔

کان الاسلام واھلہ فی — اس زمانہ میں اسلام اور مسلمان

عِزٍّ تامٍّ، وعلمٍ غزیر، أعلامُ الجهاد منشورۃ، والسنن مشهورۃ، والبدع مکبوبۃ، والقوّالون بالحق کثیرون، والعُبّاد متوافرون، والناس فی بهجۃ من العیش بالامن وکثرۃ الجیوش المحمدیۃ من اقصی المغرب وجزیرۃ الاندلس والی قریب مملکۃ الخطا وبعض الهند والی الحبشۃ [1]

عزت واحترام کی پوری قدروں سے مالامال تھے، علم کی کثرت وتازگی تھی، ہر طرف جہاد کے جھنڈے لہرا رہے تھے، سنتوں کا رواج تھا، بدعات سرنگوں تھیں، حق وصداقت کی آواز بلند کرنے والے کثیر تعداد میں موجود تھے، عباد وزہاد کی کثرت تھی، لوگ امن وامان کی زندگی کے مزے لے رہے تھے، مغرب اقصیٰ اور اندلس سے لے کر خطا، ہندوستان اور حبشہ تک جیوش محمدیہ کی کثرت اور شان وشوکت تھی اور غزوات وفتوحات ہر طرف عام تھیں،

اسلامی اسلام اور حافظ حدیث مؤرخ کے الفاظ بتا رہے ہیں کہ یہ دور عالم اسلام کے حق میں کس قدر پر بہار وکتنا پر کشش اور کیسا پر شکوہ تھا، یہی زمانہ ہندوستان پر عباسیوں کی حکومت کا تھا جس میں ہر طرف اسلامی قدریں اپنی پوری تابانی ودرخشانی کے ساتھ جلوہ گر تھیں، اور وہ تمام برکات وحسنات پائے جاتے تھے جن سے عالم اسلام فیضیاب ہو رہا تھا، اسلامی نظام حکومت جاری تھا اور عباسی امراء وعمال اسی کے مطابق اپنے فرائض انجام دیتے تھے اور ایک سو پندرہ سال کی مختصر مدت میں عباسی خلفاء نے ہندوستان میں وہ عظیم الشان

---

[1] تذکرۃ الحفاظ ج ۱ ص ۳۲۴،

کارنامے انجام دیے جو دنیا کی اس عظیم اور ذمہ دار حکومت شایانِ شان تھے، اس کے بعد یہاں کے متغلب امرار و سلاطین نے ان کے زیر سایہ اسی نظام کو باقی رکھ کر اس ملک کی شاندار خدمت کی، گویا یہاں کی عرب حکومتوں کا دور بھی عباسی دور رہا،

یہ عباسی خلافت کی دین ہے کہ اس نے ہندوستان کی علاقائیت ختم کر کے اسے عالمی شاہراہ پر کھڑا کیا اور یہاں کی قدیم و جامد زندگی کو ایک نئی اور ترقی پذیر تہذیب دی، جسے ہم "مسلم تہذیب" یا "اسلامی ہندی تہذیب" سے تعبیر کرتے ہیں، عالم اسلام بلکہ پوری دنیا سے گوناگوں تعلقات کی وجہ سے ہندوستان کے علمی فکری، تمدنی، تہذیبی، تجارتی، فنی، معاشی اور معاشرتی امور و معاملات میں وسعت و کثرت ہوئی، یہاں کے لوگوں کے ذہن و فکر میں انقلاب عظیم پیدا ہوا، وہ ایک عالمی برادری کے معزز فرد بنے اور رنگ و نسل، زبان و جغرافیہ کی محدود اور تنگ زندگی سے نکل کر عالمی زندگی کے مستحق ٹھہرے ہندوستان کے علماء و فضلاء کی ایک بڑی تعداد ائمۂ اسلام کی صف میں بیٹھی، یہاں تک کہ ہندی موالی و ممالیک نے علم و فن اور حکومت و امارت میں شہرت و ناموری حاصل کی، عباسی خلفاء نے یہاں کے لوگوں کو اعلیٰ عہدوں پر رکھا جنھوں نے اپنی بہترین صلاحیتوں سے خلافت کی خیر خواہی اور استحکام میں اہم خدمات انجام دیں، راجوں مہاراجوں اور عباسی خلفاء و امراء کے خوشگوار تعلقات سے عوام میں باہمی اعتماد و محبت کی فضا پیدا ہوئی، امن و امان کی بحالی عباسی دور کا خاص کارنامہ ہے، جس کے لئے امارتِ بحر بصرہ کا قیام ہوا اور تجارت کی عالمی بحری اور بری شاہراہیں بے خوف و خطر ہونے لگیں، عباسی خلفاء نے پہلی بار ہندوستان کے علوم و فنون کو یہاں کے نہاں خانوں سے نکال کر تعلیم و تعلم کی وسعتوں میں پیش کیا اور علمی و فنی

اعتبار سے پوری دنیا میں ہندوستان کو باوقار مقام بخشا، ان کے اس احسان کو ہندوستان قیامت تک فراموش کرنے کی جرأت نہیں کر سکتا،

اساطیر و قصص اور روایاتی کہانیوں کی یہ سرزمین پہلی بار تاریخ کے دور میں داخل ہوئی اور واقعات و حقائق کی روشنی میں دنیا نے اسے دیکھا، اس دور کے عرب مؤرخوں، جغرافیہ نویسوں، سیاحوں، جہاز رانوں، اور تاجروں نے یہاں کے بارے میں گراں قدر معلوماتی سرمایہ بہم پہونچایا، جس سے اس عہد کے ہندی علوم وفنون، اقوام و ادیان، مذاہب و عقائد، عادات و تقالید، افکار و خیالات، معیشت و معاشرت، سیاست و حکومت، صنعت و تجارت، بود و باش، شہروں، دیہاتوں کا محل وقوع، ان کی مسافت، حدود، دریا، پہاڑ، پیداوار، معدنیات، حیوانات، جمادات، نباتات، راہوں، شاہراہوں کے فاصلے، بری، بحری راستے، تجارتی سامان، درآمدی و برآمدی اشیاء، لین دین، حساب و کتاب، معاملاتِ نسل و رنگ، اور معائب و محاسن پر روشنی پڑتی ہے، اس سے پہلے ہندوستان کے باشندے اپنے تمام علوم و فنون اور مفاخر کے باوجود اپنے ملک کی سمندری اور پہاڑی چہار دیواری میں رہ کر دنیا سے الگ تھلگ تھے، جیسا کہ خلیفہ ابو جعفر منصور کے جواب میں اسمٰعیل بن عبداللہ نامی ایک صاحب نظر و خبر نے اسے بتایا تھا کہ:

واھل الھند حکماء، استغنوا ببلادھم فاکتفوا بھا بما یلیھم، [1]	ہندوستان کے دانشور اپنے ملک پر اکتفا کر کے پاس پڑوس والوں سے بے نیاز ہیں۔

اسی طرح یہاں کے لوگوں نے مسلمانوں کے ذریعہ پہلی بار انسانی قدروں کی آفاقیت

---

[1] تاریخ طبری ۸ ص۔

کو سمجھانا اور ذات پات، طبقہ واریت، علاقائیت اور شخصیت پرستی کے مختلف خانوں سے نکال کر علم و فن، حکومت و سیاست، صنعت و حرفت اور مال و دولت سے اپنی صلاحیت و استعداد کے مطابق حصہ لیا،

خیال تھا کہ عباسی دور کے اسلامی ہند کی تاریخ ہر اعتبار سے کامل و مکمل ہوگی، اسی دور میں احادیث و آثار کی طرح تاریخ و طبقات اور غزوات و فتوحات کی تدوین و تالیف کی ابتدا ہوئی، اسی دور کے مؤرخوں اور مصنفوں نے عہدِ رسالت، خلافتِ راشدہ، خلافتِ امویہ کے سیر و مغازی اور فتوحات کو مرتب کیا، جن میں کئی مؤرخ عباسی دربار سے تعلق رکھتے تھے، اس لئے عباسی دور کی تاریخ مفصل و مکمل ہونی چاہیئے خاص طور سے امویوں کے مقابلہ میں عباسیوں کے کارناموں کا مفصل تذکرہ ایک گونہ ضروری تھا مگر افسوس کہ ایسا نہیں ہے، بعض لوگوں کا خیال ہے کہ چونکہ تاریخیں عباسی خلفاء و امراء کے زیر اثر علماء نے لکھی ہیں اس لئے انھوں نے امویوں کے معائب و مثالب اور عباسیوں کے فضائل و مناقب بیان کئے۔ اور اموی کارنامہ پر سیاہی پھیر کر عباسی حسنات کا چہرہ روشن کیا۔

ہمارے نزدیک علم و تحقیق کی رو سے یہ بات بالکل بے اصل ہے بلکہ اسلامی ہند کی تاریخ کی حد تک معاملہ اس کے برعکس ہے، اور جو مؤرخ و مصنف عباسی خلافت کی ابتدا میں موجود تھے اور جن کے سامنے یہاں کی تاریخ کے صفحات کھلے تھے، انھوں نے اموی دور کا تذکرہ عباسی دور کے مقابلہ میں تفصیل سے کیا ہے حالانکہ ان کے سامنے عباسی دور کا نقشہ موجود تھا اور اس کے مقابلہ میں امویوں کے واقعات تدریجاً ماضی ہو چکے تھے اور مختلف اسباب و عوامل کی بنا پر ان کی تفصیل عباسی دور میں خلاف مصلحت بھی ہو سکتی تھی، اس کے برخلاف

باوجود عباسی دربار سے تعلق رکھنے کے مؤرخوں نے امویوں کے کارناموں کو زیادہ سے زیادہ نمایاں کرنے کی کوشش کی ہے، اور عباسی دور سے ایک گونہ بے اعتنائی کی ہے،

ابوالحسن احمد بن یحیی بن جابر بن داؤد بلاذری بغدادی متوفی ۲۷۹ھ متوکل کے خاص مقربین میں تھے، معتز اور مستعین کے دربار سے بھی متعلق رہے، انھوں نے ۲۵۵ھ میں فتوح البلدان لکھی جس میں اموی دور میں سندھ کی فتوحات کا ذکر تقریباً دس صفحات میں کیا اور دولت مبارکہ عباسیہ کا ذکر دو صفحات میں لکھ کر ختم کر دیا،

احمد بن ابو یعقوب اسحاق بن جعفر بن وہب بن واضح کاتب عباسی یعقوبی کے دادا ابو جعفر منصور کے مولیٰ تھے، یعقوبی گویا عباسی گھرانے کے ایک فرد تھے، اور خلافت کے مہر منشی تھے، وہ ۲۶۰ھ میں موجود تھے، انھوں نے ہندوستان کے حالات میں اپنے آقا عباسیوں کے مقابلہ میں ان کے مخالف امویوں کی فتوحات کو مفصل بیان کیا ہے، خلیفہ بن خیاط عصفری بصری متوفی ۲۴۰ھ نے اپنی تاریخ میں ۲۳۲ھ تک کے واقعات سن وار درج کئے ہیں، اور اموی دور کے ہندی امراء اور ان کی فتوحات کو اختصار کے باوجود بالاستیعاب بیان کیا ہے، مگر عباسی امراء اور ان کے واقعات کو بہت کم اور سرسری طور سے ذکر کیا ہے، البتہ امارت بحر بصرہ اور ہندوستان سے متعلق اس کی سرگرمیوں کو اختصار کے باوجود مکمل طور سے بیان کیا ہے، ہندوستان کی عباسی تاریخ کا یہ باب خلیفہ بن خیاط کا مرہون منت ہے، اور کسی دوسرے مؤرخ نے اس کا تذکرہ نہیں کیا ہے،

ان تینوں معاصر مؤرخوں نے اپنی کتابیں ایسے زمانہ میں تصنیف کی ہیں

جس میں ہندوستان میں عباسی حکومت قائم تھی، اور یہاں پر رونما ہونے والے واقعات اور معاملات کے شرکاء اور مشاہدین ان کے سامنے موجود تھے، اس کے باوجود انھوں نے عباسی ہند کے غزوات و فتوحات مکمل اور مفصل طور سے نہیں بیان کئے جو اُس دورِ اقبال میں ہمارے مؤرخوں کا محبوب ترین موضوع تھا اور جس پر ان کا قلم خوب خوب جولانی دکھاتا تھا،

ان کے دوسرے معاصر مؤرخوں نے اپنی کتابوں میں عباسی ہند کی مفصل تاریخ لکھی ہو گی مگر وہ ناپید ہیں، مثلاً مشہور مؤرخ محمد بن عمر واقدی متوفی ۲۰۷ھ نے کتاب فتوح بلاد السند اور ابوالحسن علی بن مدائنی متوفی ۲۲۵ھ نے کتاب ثغر الہند، کتاب عمال الہند اور کتاب فتح مکران تصنیف کی تھی، واقدی اور مدائنی کی یہ کتابیں خاص طور سے ہندوستان کی تاریخ میں تھیں، اس لئے ان میں عباسی عہد کے امراء و عمال اور ان کے غزوات و فتوحات کا ذکر زیادہ اور مفصل رہا ہوگا، مگر افسوس کہ یہ بیش بہا خزانے ہمارے پاس نہیں رہے، اور بعد کے مؤرخوں نے ان کتابوں سے جو کچھ نقل کیا ہے، اس کی مقدار بہت کم ہے،

مذکورہ بالا مؤرخوں کے معاصر سیاحوں اور جغرافیہ نویسوں نے بھی اپنی کتابوں میں ہندوستان کے مقابلہ میں عباسی مقبوضۂ ہند کے بارے میں بہت کم معلومات درج کی ہیں، سلیمان تاجر، ابوزید سیرافی، ابن خرداذبہ، یعقوبی، ابن فقیہ ہمدانی، اصطخری اسی دور میں تھے مگر انھوں نے اس بارے میں اپنے معاصر مؤرخوں کی روش اختیار کی ہے، البتہ ابوعثمان عمرو بن بحر جاحظ متوفی ۲۵۰ھ نے کتاب الحیوان، کتاب البیان والتبیین، کتاب التبصر اور رسائل وغیرہ میں یہاں کے بارے میں نہایت نادر اور قیمتی معلومات دی

ہیں، مگر وہ ادیب و فلسفی اور ایک خاص فکر کا مالک تھا، اس نے جو باتیں بیان کی ہیں ان کا رنگ انشائی و ادبی ہے،

البتہ اس سلسلہ میں یہ حقیقت سامنے رہے کہ عباسی خلفاء اور برامکہ نے ہندی علوم و فنون اور یہاں کے فلسفہ، نجوم، حساب اور طب سے پوری دلچسپی لی ہندی حکماء و اطباء کو بغداد بلایا، ان کی کتابوں کا ترجمہ کرایا اور ان کو بیت الحکمۃ میں رکھا، اس لئے اس طبقہ کے اہل علم و فن نے ہندوستان کو بڑی اہمیت دی اور یہاں کے علوم و فنون کے ساتھ حکماء و فلاسفہ کے حالات نہایت تفصیل سے بیان کئے۔ ابن ندیم، قفطی، ابن ابی اُصَیبِعَہ کی کتابیں ان سے بھری پڑی ہیں، مگر اسی سے متصل عباسی ہند کے بارے میں ان کتابوں سے کسی قسم کی علمی و فنی سرگرمی اور علماء و حکماء کے وجود کا پتہ نہیں چلتا، اللہ تعالیٰ جزائے خیر دے ہمارے محدثین اور علمائے طبقات و رجال کو کہ انھوں نے اپنی کتابوں میں عباسی ہند کے محدثین و رواۃ حدیث، فقہاء، علماء، فضلاء، قضاۃ، معدلین، عُباد، زہاد، حکماء، متکلمین، شعراء ادباء اور مختلف ارباب علم و فن کا تذکرہ کیا، اور ہم ان کے حالات و تراجم سے بڑی حد تک اس دور کے ہندی مسلمانوں کے بہت کچھ حالات معلوم کر سکتے ہیں، عباسی ہند سے عام مؤرخوں کی بے توجہی اور بے اعتنائی کی ظاہری وجہ یہ معلوم ہوتی ہے کہ عباسی دور سے سو سوا سو سال پہلے اموی دور میں یہاں مسلمان آباد ہو چکے تھے اور ان کو وہ تمام قومی، ملی، تہذیبی، معاشرتی اور معاشی قدریں حاصل تھیں جو اس وقت پورے عالم اسلام میں پائی جاتی تھیں، ان کی انفرادی اور اجتماعی زندگی کی سطح ہموار ہو چکی تھی، ملکی و شہری نظام قائم تھا، حکومت و امارت کا کام حسن و خوبی سے جاری تھا، عین اسی حال میں عباسی دور آیا، جب کہ یہاں کے مسلمان

منظم و منضبط زندگی بسر کر رہے تھے، اور عالم اسلام کے معزز شہری کی طرح باوقار مقام رکھتے تھے، حکومت کی تبدیلی سے ان کی زندگی میں ردو بدل نہیں ہوا نہ کوئی نئی قوم فاتح بن کر آئی، نہ کوئی جدید نظام آیا اور نہ ہی اعمال و عقائد اور افکار و خیالات میں کوئی تغیر ہوا، البتہ اس دور میں پورے عالم اسلام میں جو تمدنی و تہذیبی اور معاشی و معاشرتی وسعت پیدا ہوئی اس کے اثرات یہاں بھی نمایاں ہوئے، اگر حکومت کے ایوانوں اور جنگ کے میدانوں سے نکل کر اسلامی کتب خانہ کی سیر کی جائے اور مختلف موضوعات کی کتابوں کی چھان بین کی جائے تو اس دور کے پورے عالم اسلام کی طرح عباسی ہندوستان کے بارے میں معلومات فراہم ہو سکتی ہیں۔

اس کے باوجود اس دور میں نہ خلافت راشدہ کے حسنات و برکات تھے اور نہ اموی خلافت کی دینی عصبیت اور عربی نخوت تھی، اس لئے عباسی خلفاء غزوات و فتوحات اور دین کی اشاعت و تبلیغ میں امویوں سے آگے نہ بڑھ سکے، بلکہ اس بارے میں ان کی ہمسری نہ کر سکے، ہم نے "خلافت امویہ اور ہندوستان" میں اموی دور کے غزوات و فتوحات پر بحث کرتے ہوئے لکھا تھا کہ اس کے بعد عباسی دور میں اس سے آگے فتوحات نہیں ہو سکیں بلکہ امویوں کے مفتوحہ علاقوں پر عباسیوں نے قبضہ کر کے ابتداء میں بغاوتوں اور سرکشیوں کے خلاف غزوات و فتوحات کیں، اور آگے چل کر یہ سرگرمی بھی بند ہو گئی اور ان کے امراء یا ماتحت خود مختار حکمراں اپنے اپنے علاقوں کے مالک بن گئے، عباسیوں نے اس ملک میں کوئی نیا علاقہ فتح نہیں کیا اور نہ اسلامی قلمرو کی حدود میں اضافہ کیا بلکہ امویوں کے مفتوحہ علاقوں پر حکومت کی کرائی۔

(۲)

خلافتِ عبّاسیہ اور ہندوستان

عباسی خلافت کو ابتدا ہی میں سندھ کی دو طاقتوں سے مقابلہ کرنا پڑا اور دونوں کے مقابلہ میں کامیابی نصیب ہوئی، ایک خود سندھ میں منصور بن جمہور کلبی کی طاقت تھی، جس نے ۱۳۰ھ میں آخری اموی امیر زید بن عزار کو قتل کر کے یہاں خود مختار حکومت قائم کر لی تھی اور پورے سندھ و مکران پر اس کا قبضہ تھا، دوسری طاقت منذر بن زبیر حمیاری کی تھی جو بہت پہلے اموی امیر حکم بن ابو عوانہ کلبی کے ساتھ سندھ آیا تھا، اس نے عباسی خلافت کی ابتدا میں یہاں سے قریب جا کر خلیفہ ابو العباس سفاح کے خلاف خروج و بغاوت کی راہ اختیار کی تھی، مگر عباسی خلافت کے امراء اور فوجوں نے ان دونوں طاقتوں کو شکست دے کر ——— دونوں مقامات میں فتح پائی پہلے خلیفہ ابو العباس سفاح کے زمانہ میں ۱۳۱ ربیع الآخر ۱۳۲ھ تا ۱۲ ذوالحجہ ۱۳۶ھ یہاں دو امیر آئے، ایک مغلس بن سری عبدی تمیمی اور دوسرے موسیٰ بن کعب تمیمی اور دونوں نے منصور بن جمہور کلبی سے جنگ کی، پہلے امیر اس کے مقابلہ میں مارے گئے اور دوسرے امیر نے اس پر فتح پائی،

مغلس بن سری عبدی کی آمد، اور منصور بن جمہور کے مقابلہ میں ناکامی

ہندوستان میں پہلے عباسی حاکم مغلس بن سری عبدی تمیمی کی آمد ۱۳۲ھ میں ہوئی، وہ سجستان کے بنو تمیم سے تھا، بلاذری نے لکھا ہے کہ خلافت عباسیہ کی ابتدا میں ابو مسلم خراسانی نے مغلس عبدی کو ثغر سند کی ولایت دی، یعقوبی نے لکھا ہے جب ابو مسلم کو خراسان میں پورے طور سے ظہور و غلبہ حاصل ہو گیا تو اس نے سجستان کے عربوں میں سے مغلس نامی ایک شخص کو سندھ روانہ کیا، ان دونوں مؤرخوں کے مقابلہ میں خلیفہ بن خیاط نے تصریح کی ہے کہ مغلس کو خود خلیفہ ابو العباس نے یہاں بھیجا تھا، بہر حال مغلس طخارستان کی راہ سے سندھ آیا اس کی آمد سے پہلے ہی یہاں عباسی خلافت کے آدمی آ گئے تھے جنھوں نے مغلس کی آمد سن کر منصور بن جمہور کے بھائی منظور بن جمہور کو قتل کر دیا، یعقوبی نے لکھا ہے:

فلما اظلهم وثب اصحاب منظور اخی منصور بن جمهور فقتلوه، و كتبوا الى مغلس فاتاهم فلقيه منصور بن جمهور فقاتله فهزمه، واسر مغلس فاتى به منصور فقتله و قتل اكثر قتلة

جب مغلس اپنے لاؤ لشکر سمیت پہونچ گیا تو منظور کے ساتھیوں نے (جو درحقیقت مغلس کے آدمی تھے) حملہ کر کے اس کو قتل کر دیا اور مغلس کو خط لکھا جسے پا کر وہ ان کے پاس آیا، اس وقت منظور کے بھائی منصور بن جمہور نے اس سے جنگ کر کے شکست دی، مغلس گرفتار کر کے منصور کے پاس لایا گیا اور اس نے مغلس کو اور اپنے بھائی کے اکثر

اخیہ [1] قاتلوں کو قتل کرایا،

اس واقعہ کی پوری تفصیل محمد بن حبیب بغدادی نے اپنی کتاب "اسمار المغتالین من الاشراف فی الجاہلیۃ والاسلام" میں یوں بیان کی ہے کہ منصور بن جمہور نے سندھ پر قبضہ کر کے اپنے بھائی منظور بن جمہور کو یہاں کا والی مقرر کیا اور اس کے ساتھ اہل شام میں سے ایک یمنی آدمی رفاعہ بن ثابت بن نعیم کو شریک امارت کیا، کچھ دنوں کے بعد حکومت کے معاملات میں رفاعہ بن ثابت نے منظور بن جمہور پر غلبہ حاصل کر لیا، وہ منظور کی رات کی مخصوص مجلسوں میں شریک ہوتا تھا، اسی دوران میں ابو مسلم خراسانی نے بنو عباسیہ کے حق میں خراسان کو ہموار کر کے قبیلہ بکر بن وائل کے ایک آدمی مغلس نامی کو سندھ کی ولایت دی، جس وقت وہ سندھ کے قریب پہونچا اور رفاعہ بن ثابت کو اس کی آمد کی خبر مل گئی، اس نے موقع تلاش کر کے منظور کو قتل کر دیا، اس کی صورت یہ ہوئی کہ حسب معمول ایک رات دار الامارہ میں رفاعہ، منظور، اور اس کا غلام تینوں ماکولات و مشروبات میں شریک ہوئے، کچھ رات گئے منظور اور غلام دونوں سو گئے، اور رفاعہ نے گھر آ کر تلوار اور غلام کو ساتھ لیا اور گھوڑے پر سوار ہو کر دار الامارہ پہونچا، اور احاطہ کی جس دیوار کے پاس سے بالاخانہ کی طرف سیڑھی جاتی تھی اس میں نقب لگا کر دونوں سیڑھی سے بالاخانہ پر گئے جہاں منظور اور اس کا غلام دونوں سوئے تھے، رفاعہ نے پہلے منظور کا کام تمام کیا، پھر اس کے غلام کو قتل کرنا چاہا مگر وہ جاگ گیا، اور سمجھا کہ میرا آقا منظور مجھے قتل کرنا چاہتا ہے، کہنے لگا کہ منظور! تم رات کے پہلے حصہ میں مجھے اپنی گفتگو اور بات چیت میں شریک کرتے ہو، اور آخری حصہ میں مجھے قتل کرنا چاہتے ہو؟

[1] تاریخ یعقوبی ۲ ص ۴۰۷

رفاعہ نے یہ سن کر ہاتھ روک لیا اور غلام سے کہا میں تم کو جو حکم دوں اسے مانو ورنہ ابھی قتل کر دوں گا، اس نے کہا جو حکم کرنا چاہو کرو، رفاعہ نے کہا تم منظور کے نام سے اس کے محافظ دستہ کے افسر کو آواز دو، غلام نے کرے سے باہر نکل کر اسے آواز دی اور کہا تم کو امیر یاد کرتے ہیں، افسر آواز سن کر اوپر چڑھا، اور جوں ہی سامنے آیا رفاعہ اور اس کے غلام نے مل کر اس کو قتل کر دیا، اس کے بعد دار الامارہ کے اعیان و اشراف اور سرکاری آدمیوں کو قتل کر کے آٹھ نفر کی جان لی،

رفاعہ کی غداری اور خون خراب کرنے پر ایک شاعر نے اس کی ہجو میں یہ اشعار کہے ہیں:

یا رفاع بن ثابت بن نُعیم	ما جزیت الاحسان بالاحسان
اے رفاعہ بن ثابت بن نُعیم!	تم نے احسان کا بدلہ احسان سے نہیں دیا
ولقد اتلفت یمینک خرقاً	اریحیًّا وفارس الفرسان
تمہارے ہاتھ نے حماقت کر کے ایک عظیم سپہ سالار اور شہ سوار کو ضائع کر دیا۔	
فاذا الملیک منک	اصبحت فی کف نار حران
اب تم حاکم کی آتشِ انتقام سے بچ کر نکل نہیں سکتے ہو، [1]	

اس کے بعد منصور بن جمہور نے رفاعہ بن ثابت کو گرفتار کر کے قتل کر دیا، طبری نے ۱۲۷ھ کے واقعات میں لکھا ہے کہ اس سال اموی خلیفہ مروان بن محمد بن حکم کے خلاف ثابت بن نعیم نے اہل فسطین کو لے کر خروج کیا اور طبریہ کا محاصرہ کر کے خلافت کی فوجوں سے مقابلہ کیا مگر شکست کھا کر فسطین میں پناہ گزین ہوا جب دوسری بار مقابلہ ہوا تو خود ثابت بن نعیم کہیں چھپ گیا، اس کے بعد

---

[1] اسماء المغتالین من الاشراف فی الجاہلیۃ والاسلام، المجموعۃ الثانیۃ من نوادر المخطوطات ص ۱۵۵ طبع قاہرہ

اس کا لڑکا رفاعہ بن ثابت بن نعیم بھی روپوش ہوگیا، باقی تین لڑکے گرفتار ہوئے، رفاعہ بن ثابت اپنے بھائیوں میں سب سے زیادہ بد طینت تھا، وہ کسی طرح بھاگ کر سندھ میں منصور بن جمہور کلبی کے پاس پہونچا، منصور نے نہایت پرتپاک طریقہ پر اس کا استقبال کیا اور اپنے بھائی منظور بن جمہور کے ساتھ اس کو

منصورہ کا حاکم اور اپنا نائب بنایا، ایک مرتبہ رفاعہ نے موقع پاکر منظور کو قتل کردیا، اس وقت منصور ملتان کی مہم پر جارہا تھا، جب اسے بھائی کے قتل کی خبر لگی تو راستہ سے واپس آیا اور رفاعہ کو گرفتار کرکے پختہ اینٹوں کا ایک مینارہ بنوایا جو اندر سے خالی تھا اور رفاعہ کو اسی میں زندہ بند کرکے اوپر سے اینٹ چنوادی، پھر اس پر عمارت بنادی [1]

رفاعہ بن ثابت اموی دور میں اقتدار و غلبہ کی کوشش میں ناکام ہوکر سندھ آیا تو یہاں اموی خلافت کی ایک مخالف طاقت نے پناہ دی اور بڑی حد تک اس کو اقتدار کا مالک بنادیا، مگر رفاعہ نے اندر اندر عباسی خلافت کے حق میں کام کرنا شروع کیا، اور ابو مسلم خراسانی نے اس سے کام لے کر سندھ کو عباسی خلافت میں شامل کرنے کی ترکیب نکالی، چنانچہ مغلس بن سری اور رفاعہ بن ثابت میں خفیہ نامہ و پیام ہورہا تھا اور جب مغلس اپنے آدمیوں کے ساتھ سندھ میں پہونچا تو منصور بن جمہور اس صورت حال سے بے خبر تھا اور ملتان کی مہم پر روانہ ہورہا تھا، مغلس اور رفاعہ کے درمیان یہی بات طے رہی ہوگی کہ جب منصور بن جمہور کسی مہم پر نکلے تو منظور کو قتل کرکے مغلس بن سری کو دعوت دیجائے

---

[1] تاریخ طبری ۷، صفحہ ۳۱۱ چونکہ رفاعہ کی آمد ۱۲۷ھ میں اموی دور میں ہوئی تھی اس لئے ہم نے "العقد الثمین اور خلافت امویہ اور ہندوستان" میں اموی دور کے واقعات میں اس کا تذکرہ کیا ہے، حالانکہ منظور کے قتل کا واقعہ عباسی دور کا ہے،

چنانچہ رفاعہ نے ۱۳۲ھ میں اپنا کام کر دیا مگر مغلس اپنے مقصد میں کامیاب نہ ہو سکا، اور دو سال تک منصور بن جمہور سے مبارزہ و مقاتلہ کر کے ۱۳۴ھ میں ناکام ہو گیا،

تو رفاعہ اور اس کے ساتھیوں نے مغلس کو منظور کے قتل اور منصور کی فوجی مہم پر روانگی کی خبر دی تو اس نے منصورہ کا رخ کیا، آدھر منصور بن جمہور کو ملتان جاتے ہوئے راستہ میں اپنے بھائی کے قتل کی خبر ملی اور اس نے فوج سمیت واپس آ کر مغلس کے منصورہ میں داخل ہونے سے پہلے ہی اس سے مقابلہ کیا، دونوں طرف سے معرکہ آرائی ہوئی اور منصور بن جمہور نے مغلس کو گرفتار کر کے قتل کر دیا، ساتھ ہی اس کی اکثر فوج کو تہ تیغ کیا، اور جو لوگ اس کے بھائی کے قتل اور سازش میں شریک تھے ان میں سے اکثر کو موت کے گھاٹ اتارا اس جنگ میں مغلس کی فوج کا بیشتر حصہ جنگ میں کام آیا، یہ واقعہ ۱۳۴ھ کا ہے[1]

خلیفہ بن خیاط نے یہ ساری داستان چند لفظوں میں یوں بیان کی ہے :

السند، بعث ابو العباس رجلاً من بنی تمیم یقال له مغلس فاخذه منصور بن جمهور اسیراً وقتل عامة اصحابه۔[1]	خلیفہ ابو العباس نے بنو تمیم کے ایک آدمی مغلس نامی کو سندھ روانہ کیا جسے منصور بن جمہور نے گرفتار کیا اور اس کے اکثر ساتھیوں کو قتل کر دیا،

اور بلاذری نے لکھا ہے :

فلما کان اول الدولة المبارکة ولی ابو مسلم عبد الرحمن بن مسلم مغلساً العبدی ثغر السند و اخذ علی	عباسی خلافت کی ابتدا میں ابو مسلم خراسانی نے مغلس عبدی کو سندھ کی ولایت دی اور وہ طخارستان کی

[1] تاریخ خلیفہ ۲۷ ۶۳۶،

طخارستان و سار حتی صار الی منصور بن جمهور الکلبی، وهو بالسند فلقیه منصور فقتله و هزم جنده۔ [1]	راہ سے روانہ ہوا یہاں تک کہ سندھ میں منصور بن جمہور کی سمت بڑھا، منصور نے اس سے مقابلہ کر کے اس کو قتل کر دیا اور اس کی فوجوں کو شکست دے دی،

ابو حنیفہ دینوری کا بیان ان مؤرخوں کے خلاف یہ ہے کہ ابو مسلم خراسانی نے مغلس کو طخارستان کی امارت دی، جب منصور بن جمہور کو اس کی آمد کی خبر لگی تو مقابلہ کے لئے نکلا اور جانبین میں جنگ ہوئی جس میں مغلس فتحیاب ہوا اور منصور بن جمہور اپنے ساتھیوں کو لے کر ریگستان کی طرف بھاگا راستہ

میں پیاس کی شدت سے وہ سب سے مر گئے، اس کے بعد مغلس نے سندھ میں قیام کیا [2]

اس بیان میں مغلس عبدی اور موسیٰ بن کعب کے واقعات میں خلط ملط ہے آخری باتوں کا تعلق موسیٰ بن کعب اور منصور بن جمہور کی جنگ سے ہے،

مغلس کی دو سالہ امارت کا پورا دور منصور بن جمہور کے ساتھ نبرد آزمائی میں گذرا، اس وقت کے امیر کا سب سے بڑا کارنامہ یہی تھا کہ وہ سندھ سے منصور بن جمہور کے اقتدار کا خاتمہ کر کے عباسی حکومت و امارت قائم کرے، مغلس نے اس کے لئے کوشش کی حتی کہ اسی میں اس کی اور اس کے اکثر ساتھیوں کی جان گئی۔

---

[1] فتوح البلدان ص ۴۲۳، [2] الاخبار الطوال ص ۳۵۰،

موسیٰ بن کعب تمیمی کی آمد، اور منصور بن جمہور کا خاتمہ

۱۳۴ھ میں مغلس بن سری عبدی تمیمی کی موت کے بعد موسیٰ بن کعب تمیمی کو سندھ کی امارت ملی، خلیفہ، یعقوبی، طبری، ابن اثیر، ابن کثیر نے تصریح کی ہے کہ موسیٰ بن کعب کو خلیفہ ابوالعباس نے منصور بن جمہور سے جنگ کے لئے بھیجا، مگر بلاذری نے لکھا ہے کہ ابومسلم خراسانی کو مغلس کے قتل کی خبر ملی تو اسی نے موسیٰ بن کعب کو روانہ کیا، خلیفہ ابوالعباس نے منصور بن جمہور کے ہاتھوں مغلس اور اس کے آدمیوں کے قتل کی خبر پاکر عباسی دعوت و خلافت کے نقیب خاص اور اپنے محافظ دستہ کے افسر اعلیٰ موسیٰ بن کعب تمیمی مروزی کو سندھ روانہ کیا۔

اور اس کے ساتھ بصرہ کے عربوں اور عجمی موالی میں سے تین ہزار سپاہی، اور قبیلہ بنو تمیم کے ایک ہزار خصوصی سپاہی بھیجے، موسیٰ بن کعب اس وقت خلیفہ ابوالعباس کے محافظ دستہ کا افسر تھا، اس نے اپنی جگہ سیتب بن زہیر کو مقرر کیا اور سندھ آکر قندابیل میں قیام کیا جو منصور بن جمہور کے دارالامارہ منصورہ سے آٹھ مرحلہ کی دوری پر تھا، درمیان میں دریائے سندھ حائل تھا، کچھ دنوں قندابیل میں قیام کرکے حالات کا جائزہ لیا، پھر منصور بن جمہور کے اصحاب و اعوان اور ان کے قبائل سے خط و کتابت کرکے اپنے حق میں فضا ہموار کی، نیز سندھ کے آٹھ ہزار آدمیوں کو اپنا ہمنوا بناکر بارہ ہزار فوج کے ساتھ منصورہ کی طرف بڑھا، جب منصور بن جمہور کو اس کی خبر لگی تو تین ہزار فوج لے کر آگے بڑھا، موسیٰ بن کعب نے منصور بن جمہور کی فوج پر حملہ کرکے شکست دے دی، وہ شکست کھانے کے بعد اپنی باقی ماندہ فوج کے ساتھ ریگستان کی طرف بھاگا

اور راستہ میں پیاس کی شدت سے مر گیا، ایک قول ہے کہ شکست کے بعد اس کو اسہال کا مرض ہو گیا تھا اور اسی میں اس کی موت واقع ہوئی، تاریخ طبری، کامل ابن اثیر، مرآۃ الجنان اور البدایہ والنہایہ میں موسیٰ بن کعب کی فوج بارہ ہزار اور منصور بن جمہور کی فوج تین ہزار بتائی گئی ہے، مگر یعقوبی نے موسیٰ بن کعب کی فوج بیس ہزار بتائی ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ عراق کی چار ہزار فوج کے علاوہ سندھ کی فوج سولہ ہزار تھی، یہ فتح و شکست منصورہ سے دور قندابیل کے آس پاس ہوئی تھی، جب اس کی خبر منصورہ میں منصور بن جمہور کے نائب کو ملی تو وہ اس کے بال بچوں اور سازو سامان کو لے کر بلاد خزر کی طرف چلا گیا[1] کم و بیش چھ سال تک سندھ میں منصور بن جمہور کی حکومت قائم رہکر ۲۸ رمضان ۱۳۶ھ کو ختم ہو گئی اور سندھ پر عباسی خلافت نے قبضہ کیا، خلیفہ نے لکھا ہے

وفیھا (سنہ ۱۳۶ھ) قتل موسیٰ بن کعب منصور بن جمھور بقندابیل للیلتین بقیتا من شھر رمضان۔ [2]	۲۸ رمضان ۱۳۶ھ کو موسیٰ بن کعب نے منصور بن جمہور کو قندابیل میں قتل کر دیا،

بلاذری کا یہ قول عام مؤرخین کے خلاف ہے کہ موسیٰ بن کعب نے منصور بن جمہور کے بھائی منظور کو قتل کیا تھا[3] بلکہ اس کو رفاعہ بن ثابت نے مغلس کی سندھ میں آمد پر قتل کیا تھا،

خلیفہ ابو العباس کی موت سے تقریباً سوا دو ماہ قبل سندھ پر عباسی خلافت کا مکمل قبضہ ہو گیا مگر بغداد میں اس کی اطلاع سوا دو ماہ کے بعد پہونچی، اور اس پر خوشی اور اطمینان کا مظاہرہ کیا گیا، اس سلسلہ میں ابن کثیر نے البدایہ

---

[1] تاریخ یعقوبی ج ۲ ص ۴۲۹، تاریخ طبری ج ۷ ص ۲۷۲، کامل ابن اثیر ج ۵ ص ۱۸۰ مرآۃ الجنان ص ۲۸۱، البدایہ والنہایہ ج ۱۰ ص ۵۷، تاریخ ابن خلدون ج ۳ ص ۱۸۹ بیروت [2] تاریخ خلیفہ ۲۷ ص ۶۳۴، [3] فتوح البلدان ص ۴۳۶۔

والنہایہ میں یہ دلچسپ واقعہ لکھا ہے کہ عیسیٰ بن علی کا بیان ہے کہ میں یوم عرفہ (۹ ذوالحجہ ۱۳۶ھ) کو خلیفہ ابو العباس سفاح کی خدمت میں حاضر ہوا، خلیفہ روزہ سے تھا، اس نے مجھ سے کہا کہ تم آج دن بھر میرے پاس رہ کر تفریحی بات چیت کرو، چنانچہ میں نے گفتگو شروع کی حتیٰ کہ بہت دیر ہو گئی اور خلیفہ کو نیند آنے لگی تو میں وہاں سے یہ کہکر اٹھا کہ میں اپنے مکان میں قیلولہ کر کے آجاؤں گا، اور جب میں خلیفہ کی خدمت میں پہونچا تو دیکھا کہ دروازہ پر ایک شخص سندھ کی فتح کا بشارت نامہ لئے کھڑا ہے،

فاذا علی بابہ ببشیر یبشر بفتح السند وبیعتھم للخلیفۃ وتسلیم الامور الی نوابہ۔

دار الخلافہ کے دروازہ پر ایک قاصد خوشخبری دے رہا تھا کہ سندھ فتح ہو گیا، لوگوں نے خلیفہ کی بیعت کر لی اور وہاں کی حکومت امیر کے قبضہ میں آگئی،

میں نے اللہ کا شکر ادا کیا کہ فتح سندھ کی بشارت کے ساتھ میں خلیفہ کے دروازہ میں داخل ہو رہا ہوں، پھر اندر جا کر دیکھا کہ وہاں دوسرا قاصد افریقہ کی فتح کا بشارت نامہ لایا ہے [1]

اس واقعہ کے تیسرے دن یکشنبہ ۱۲ ذوالحجہ ۱۳۶ھ کو خلیفہ ابو العباس کا انتقال ہو گیا، جس وقت فتح سندھ کی خوشخبری خلیفہ ابو العباس کو ملی اس پر خوشی اور رنج کی ملی جلی کیفیت طاری ہو گئی تھی، یعقوبی نے اسی راوی سے نقل کیا ہے کہ ابو العباس کی شدت مرض میں اس کے پاس دو وفد آئے، ایک سندھ سے، دوسرا افریقہ سے، اس نے ان کی آمد کی خبر سن کر کہا کہ

[1] البدایہ والنہایہ ج ۱۰ ص ۶۰،

میں تین دن کے بعد مرجاؤں گا، عیسیٰ بن علی نے درازیٔ عمر کی دعا دی، پھر ابوالعباس نے اپنے سلسلۂ سند سے حضرت علی رضی اللہ عنہ کا ایک قول بیان کرکے کہا کہ میرے اس شہر میں ایک ہی دن دو وفد آئیں گے، ان میں سے ایک وفد سندھ کا، اور دوسرا افریقہ کا ہوگا، اس کے تیسرے دن میں قبر میں ہوں گا۔ اور میرے بعد خلافت کا وارث کوئی اور ہوگا۔[1]

منصورہ کی مرمت، جامع مسجد کی توسیع اور فتوحات

موسیٰ بن کعب ۱۳۴ھ سے ۱۳۶ھ تک سندھ کی امارت پر رہا، اس کے ساتھ اس کے لڑکے عیینہ کے علاوہ قبید بن تمیم کے تین ہزار آدمی اور سرکاری اور غیر سرکاری فوج تھی، اس کا سب سے بڑا کارنامہ یہ ہے کہ یہاں سے چھ سال کی ایک شخص حکومت ختم ہوگئی، اور یہ ملک خلافت عباسیہ کے زیر نگیں آگیا، دو سال کی مدتِ امارت کا زیادہ حصہ منصور بن جمہور کے استیصال میں گذرا، بعد میں اس کو یہاں رہنے اور کام کرنے کا موقع بہت کم ملا، وہ چند ہی ماہ رہ سکا، پھر بھی اس مختصر سی مدت میں اس نے متعدد جنگی اور تعمیری کارنامے انجام دیے، ان کی طرف صرف بلاذری نے یوں اشارہ کیا ہے:

ولی موسیٰ السند فرمّ المنصورۃ وزاد فی مسجدھا وغزا وافتتح۔	موسیٰ بن کعب نے سندھ کی امارت کے زمانہ میں دارالامارہ منصورہ کی مرمت کی، اور اس کی جامع مسجد کو وسیع کیا اور جہاد کرکے فتوحات حاصل کیں۔

عباسی امراء اور منصور بن جمہور کے درمیان جنگ وجدال کی وجہ سے

[1] تاریخ یعقوبی ج ۳ ص ۱۰۱ نجف۔

منصورہ تباہ ہو گیا تھا وہاں کی آبادی بہت بڑھ گئی تھی، اس لئے موسیٰ بن کعب نے اطمینان پاتے ہی اس کی مرمت کرائی، اور اموی دور کی جامع مسجد کو وسیع کیا نیز غزوات و فتوحات کیں، مگر ان کارناموں کے بارے میں ہمیں تفصیلات نہیں مل سکیں، ان تمام خدمات میں موسیٰ کا بیٹا عیینہ اس کا دست راست تھا، اس لئے ابو جعفر منصور کی خلافت کے ابتدائی ایام میں عیینہ کو اپنا جانشین بنا کر خود عراق چلا گیا،

منذر بن زبیر ہباری سندھی کی قرقیسیا میں بغاوت اور ناکامی

سندھ کے تعلق سے دوسرا اہم فتنہ جس سے خلیفہ ابو العباس کو دوچار ہونا پڑا یہ تھا کہ منذر بن زبیر بن عبد الرحمن بن ہبار بن اسود ہباری قرشی نے سندھ سے نکل کر جزیرہ اور شام کے علاقہ قرقیسیا میں علمِ بغاوت بلند کیا، یہ شخص عمر بن عبد العزیز ہباری کا دادا تھا جس نے ۲۴۷ھ میں خلیفہ متوکل کے قتل کے بعد سندھ میں اپنی حکومت قائم کی، منذر بن زبیر، ہشام بن عبد الملک اموی کے زمانہ میں امیر سندھ حکم بن عوانہ کلبی کے ساتھ ہندوستان آکر یہیں آباد ہو گیا جیسا کہ بلاذری نے لکھا ہے[1] اور اصطخری نے لکھا ہے کہ اس کا خاندان سندھ کے ایک معمولی سے مقام بانیہ میں آباد ہوا[2]،

منذر بن زبیر نے پچیس سال سے زائد تک خاموشی کے بعد ۱۳۲ھ جزیرہ کے شہر قرقیسیا میں خلیفہ ابو العباس کے خلاف خروج کیا، ابن حزم اور ابن خلدون نے لکھا ہے:

المنذر بن الزبیر	منذر بن زبیر ابو العباس سفاح
قد قام بقرقیسیا	کے دور خلافت میں قرقیسیا میں

[1] فتوح البلدان ص ۴۳۲ [2] مسالک الممالک ص

ایام السفاح فاسی — خروج و بغاوت کے لئے آمادہ ہوا،
وصلب، [1] — اور گرفتار کر کے سولی دے دیا گیا،

ابن اثیر نے بیان کیا ہے کہ ۱۳۲ھ میں اہلِ جزیرہ نے بغاوت کر کے خلیفہ ابوالعباس سفاح کے خلاف حرآن میں طاقت جمع کی، نیز قرقیسیا، رقہ، حرّان، ماردین میں شورش برپا ہوئی، قرقیسیا اور رقہ کی طرف ابوالعباس نے اپنے بھائی ابوجعفر منصور کو بھاری جمعیت کے ساتھ روانہ کیا، تادیبی کارروائی کے بعد جزیرہ اور شام کے حالات قابو میں آ گئے، اور ابوجعفر منصور نے ۱۳۶ھ تک جزیرہ، ارمینیہ، آذربائیجان میں کامیاب حکومت کی [2]

قرقیسیا کی اسی شورش میں منذر بن زبیر بھی شریک تھا اور کھل کر عباسی فوج کے مقابلہ میں آیا جس کی پاداش میں گرفتار کر کے قتل کیا گیا، منذر بن زبیر قرقیسیا میں ناکام رہا مگر اس کا پوتا عمر بن عبدالعزیز سندھ میں کامیاب رہا جس نے بہاری حکومت قائم کر کے منصورہ پر قبضہ کر لیا،

سندھ میں خوارج کی آمد اور سلیمان بن ہشام کا قتل

بنو امیہ کے آخری دور میں ان کے مخالفوں نے سندھ کو اپنا مرکز بنا رکھا تھا، منصور بن جمہور اور اس کے بھائی منظور بن جمہور نے یہاں اپنی حکومت قائم کر کے اموی دور کے شورش پسندوں کے لئے پناہ گاہ بنا دی تھی، اور وہ یہاں آ کر بے خوفی کی زندگی بسر کرتے تھے، اسی دور میں آخری اموی خلیفہ مروان بن محمد کے خلاف خوارج نے بڑے پیمانہ پر شورش برپا کی، جس میں قریش کی ایک جماعت بھی شریک تھی، نیز اسی میں خلیفہ ہشام بن عبدالملک کے صاحبزادے سلیمان تھے، خوارج کے سردار ضحاک بن قیس شیبانی، خیبری اور شیبان

[1] جمہرۃ انساب العرب صفحہ ۱۱۵ و تاریخ ابن خلدون ۲۷ صفحہ ۶۷ (بیروت) [2] تاریخ کامل ج ۵ صفحہ ۱۶۳ تاریخ یعقوبی ۲۷ صفحہ ۳۸۸،

عبدالعزیز حروری تھے، ۱۳۰ھ میں اہواز کی جنگ میں شیبان بن عبدالعزیز حروری مارا گیا، اس کے بعد سلیمان بن ہشام اپنے حشم وخدم کے ساتھ سندھ چلے آئے، اس وقت یہاں منصور بن جمہور کی حکومت تھی، سلیمان بن ہشام امن واطمینان سے رہے، اس کے بعد پہلے عباسی خلیفہ ابوالعباس کے دربار میں حاضر ہوئے، خلیفہ نے ان کو امان دے کر نہایت عزت واحترام کے ساتھ اپنے پہلو میں بٹھایا، یہ دیکھ کر درباری شاعر سدیف نے خلیفہ سے کہا،

لا یغرنک ما ترٰی من رجال ان تحت الضلوع داء دویا

ان لوگوں کو دیکھ کر تم دھوکہ میں نہ پڑو، ان کے دلوں میں مہلک بیماری ہے،

فضع السیف وارفع السوط حتی لا ترٰی فوق ظهرها امویا

اس لئے تازیانہ اٹھا کر رکھو اور تلوار سے کام لو، یہاں تک کہ تم کو روئے زمین پر کوئی اموی نظر نہ آئے، ابوالعباس نے ان اشعار کو سن کر سلیمان بن ہشام کو قتل کرادیا۔[1]

یعقوبی نے لکھا ہے کہ سلیمان بن ہشام خلیفہ ابوالعباس سے امن لے کر اپنے بال بچوں کے ساتھ سندھ سے اس کے پاس گئے، اس نے نہایت ادب واحترام سے سلیمان اور ان کے لڑکوں کو قیمتی فرش اور کرسی پر بٹھایا، بعد میں خلیفہ ہشام کی مجلس میں ان کو اپنے ساتھ بٹھاتا تھا، ایک دن ابوالجہم نے بدوی ہیئت میں آکر خلیفہ کو کچھ اشعار سنائے جن میں اس کو بنو امیہ کے خلاف ابھارا، اور سلیمان یہ کہتے ہوئے مجلس سے اٹھ گئے کہ امیرالمومنین! آپ کا یہ نوکر مجلس میں میرے اور میرے لڑکوں کے قتل کی ترغیب دیتا ہے، مجھے ایسا محسوس ہوتا ہے کہ آپ کسی وقت ہمیں ختم

---

[1] تاریخ طبری ج ۳ ص ۳۵۱، تاریخ ابن خلدون ج ۳ ص ۱۶۶، البدایہ والنہایہ ج ۱۰ ص ۲، معارف ابن قتیبہ ص ۱۶۰

کردیں گے، ابو العباس نے کہا کہ اگر میں یہ چاہوں تو کون روک سکتا ہے جب تمہارے دل میں یہ بات پیدا ہوگئی ہے تو تمہارے حق میں خیر نہیں ہے پھر ابو ابہم سے کہا کہ تم ان کو اور ان کے لڑکوں کو باہر لے جاؤ، اور ان کی گردن مار کر ان کا سر میرے پاس لاؤ، چنانچہ ایسا ہی ہوا[1]

عُیَینَہ بن موسیٰ کی امارت موسی بن کعب تمیمی نے منصور بن جمہور کا فتنہ ختم کر کے پورے سندھ کو عباسی خلافت کے زیر نگین کیا، اس کے دار الامارہ منصورہ کی تعمیر و ترمیم کی، وہاں کی جامع مسجد کی توسیع کرائی اور اطراف و جوانب میں غزوات و فتوحات کیں، ان تمام کارناموں میں اس کا بیٹا عُیَینَہ بن موسیٰ تمیمی شریک رہ کر نہایت مستعدی اور ذمہ داری سے مفوضہ امور انجام دیتا رہا حتی کہ ذوالحجہ ۱۳۶ھ میں خلیفہ ابو العباس کا انتقال ہوا، اور ابو جعفر منصور دوسرا خلیفہ ہوا، اس کے ابتدائی ایام میں موسیٰ بن کعب اپنے بیٹے عُیَینَہ کو سندھ میں اپنا جانشین بنا کر عراق چلا گیا، ابو جعفر منصور نے بھی عُیَینَہ کی ولایت و امارت کی منظوری دیدی اور موسی بن کعب عراق جانے کے بعد وہیں ۱۴۱ھ میں فوت ہوگیا،

قبائلی اور فوجی شورش موسی بن کعب کے ساتھ بصرہ کے تین ہزار اور قبیلہ بنو تمیم کے ایک ہزار، کل چار ہزار فوجی سندھ آئے تھے، مقامی فوج اس کے علاوہ تھی، عیینہ بن موسیٰ کی امارت شروع ہوتے ہی ان میں سے یمن کے بنو ربیعہ والوں نے کھل کر عیینہ کے خلاف مظاہرہ کیا اور شورش برپا کر کے بیت المال کے تالے توڑ ڈالے، اس میں سے رقوم و اجناس لوٹ لئے اور سخت فتنہ و فساد برپا کیا جس کے فرو کرنے کیلئے

[1] تاریخ یعقوبی ج ۳ ص ۱۰۱ الخ،

عیینہ نے طاقت استعمال کی، اور اکثر شورش پسندوں کو موت کے گھاٹ اتار دیا، اس سلسلہ میں دو روایات ہمارے سامنے ہیں، ایک روایت مؤرخ یعقوبی کی یہ ہے :

وکان موسیٰ بن کعب التمیمی	موسیٰ بن کعب نے سندھ سے واپسی کے وقت
لما انصرف عن بلاد السند	اپنے بھتیجے عیینہ بن موسیٰ کو جانشین بنایا تو
خلّف ابنہ عیینۃ بن موسیٰ	یمن کے قبیلہ ربیعہ کی جو فوج اسکے ساتھ تھی اسمیں سے ایک
فخالف علیہ قوم ممن کان	جماعت نے اس کی مخالفت کی تو
معہ من ربیعۃ الیمن فقتل	اس نے ان کو قتل کر دیا، انھوں
عامتھم واظھروا المعصیۃ [1]	نے نافرمانی کا مظاہرہ کیا تھا،

اس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ بغاوت درحقیقت قبائلی عصبیت اور یمانیہ وزاریہ کی باہمی آویزش کا نتیجہ تھی، جو عیینہ بن موسیٰ کی امارت کے نام پر فتنہ وفساد کا باعث بنی، اور اس کی امارت شروع ہوتے ہی یمن کے بنو ربیعہ نے اس کے خلاف علم بغاوت بلند کیا، یہ تحریک وقتی طور سے دب گئی مگر اس کے اثرات سندھ کے باہر سجستان وغیرہ کے یمانیوں میں پھیلے اور انھوں نے عیینہ بن موسیٰ سے انتقام لیا،

اور دوسری روایت العقد الفرید کی ہے، جس میں ہے کہ عیینہ بن موسیٰ نے ابوجعفر منصور کو اس فوجی شورش کی اطلاع دی اور اس نے عیینہ کو قصوروار ٹھہرایا:

ابو جعفر وقّع فی کتاب اتاہ	ابوجعفر منصور کے پاس امیر ہند کی
من صاحب الھند یخبرہ ان جندا	طرف سے ایک خط آیا جس میں اس نے

[1] تاریخ یعقوبی ج ۲ ص ۴۴۳،

شغبوا علیہ وکسروا اقفال بیت المال فاخذوا ارزاقھم : لو عدلت لم یشغبوا، ولو وفیت لم ینھبوا۔ [1]

خبر دی تھی کہ فوج نے اس کے خلاف ہنگامہ کر کے بیت المال کے قفل توڑ ڈالے اور اس میں سے اپنی تنخواہ وغیرہ لے لی، اس کے جواب میں ابو جعفر منصور نے لکھا ہے کہ اگر تم عدل و انصاف کرتے تو وہ ہنگامہ اور شورش برپا نہ کرتے اور اگر تم ان کے حقوق پورا کرتے تو وہ لوٹ مار نہ کرتے،

اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اس شورش کی ظاہری وجہ عیینہ بن موسیٰ کی وعدہ خلافی اور ظلم و زیادتی تھی۔

یہ ہنگامہ ۱۳۶ھ میں یا اس کے تھوڑے عرصہ بعد برپا ہوا تھا بہرحال یہ شورش وقتی طور سے دب گئی اور عیینہ بن موسیٰ سندھ کی امارت پر رہ کر مفوضہ خدمات انجام دیتا رہا،

عیینہ بن موسیٰ کی خلافت سے سرتابی اور بغاوت

تقریباً چار سال تک عیینہ مستعدی اور ذمہ داری سے کام کرتا رہا، اس درمیان میں اس کی طرف سے کوئی غلط بات نہیں ہوئی، اور موسیٰ بن کعب عراق میں جب تک زندہ رہا، عیینہ اس کی نیابت کے فرائض بوجوہ احسن انجام دیتا رہا، مگر باپ کے انتقال کے دوسرے سال یعنی ۱۴۲ھ میں خلافت سے سرتابی و سرکشی کی روش اختیار کر لی، معلوم ہو چکا ہے کہ موسیٰ بن کعب نے سندھ کی ولایت پاکر مسیب بن زہیر کو اپنی جگہ محافظ دستہ کا افسر مقرر کیا تھا، اس نے موسیٰ بن کعب کے

[1] العقد الفرید ج ۴ ص ۲۱۲۔

استقال کے بعد عیینہ کے پاس سندھ میں ایک خط بھیج کر سرتابی پر ابھارا، طبری، ابن خلدون، اور ابن اثیر نے لکھا ہے کہ سندھ کے عامل عیینہ بن موسی کی خلیفہ منصور سے بغاوت کا سبب یہ ہوا کہ عیینہ کے والد موسیٰ نے اپنی امارت سندھ کے موقع پر مسیب بن زہیر کو اپنی بجائے خلیفہ ابوالعباس کے محافظ دستہ کا افسر اعلیٰ بنا دیا تھا، ۱۴۱ھ میں موسی کے مرنے پر مسیب کو خطرہ محسوس ہوا کہ کہیں خلیفہ منصور عیینہ بن موسی کو سندھ سے بلا کر باپ کے سابق عہدہ پر نہ رکھدے، اور میں اس سے محروم ہو جاؤں، یہ سوچ کر مسیب نے عیینہ کے پاس ایک گمنام خط بھیجا جس میں یہ شعر تھا:۔

فأرضك ارضك ان تاتنا تنم نومةً ليس فيها حلمٌ

سرزمین سندھ کے تم مالک ہو، اگر تم ہمارے پاس بغداد میں آؤ گے تو ایسی نیند سو جاؤ گے جس میں خواب نہیں ہے، ابن خلدون نے اس خط کا مضمون یہ بتایا ہے:

فحذّره المنصور، وحرّضه على الخلاف ابن نے عیینہ کو خلیفہ منصور سے ڈرا کر مخالفت پر ابھارا تھا۔

عیینہ بن موسیٰ نے یہ خط پاتے ہی بغاوت و استقلال کی راہ اختیار کی، اور مرکز بغداد سے قطع تعلق کر کے سندھ میں اپنی خود مختار حکومت کا اعلان کر دیا، [۱]

یہ پہلا موقع ہے کہ عباسی دور میں سندھ میں بغاوت و سرکشی کا مظاہرہ ہوا، اور عباسی امیر نے یہاں اپنی حکومت قائم کرنی چاہی، اور چھ سال گذرتے گذرتے پھر یہاں منصور بن جمہور کلبی کا دور نظر آنے لگا تھا، مگر ایک سال کے بعد ہی ۱۴۲ھ میں اس کا خاتمہ ہو گیا،

---

[۱] تاریخ طبری ج۷، ص۳۵۱، تاریخ ابن خلدون ج۳ ص۱۶۶، البدایہ والنہایہ ج۷، ص۱۰۲، معارف ص۱۶۰،

عیینہ کے پاس مال دولت کی فراوانی

عیینہ نے مرکز سے سرتابی کرکے سندھ کی پوری آمدنی اپنے پاس جمع کرلی اور مرکز کو اس میں سے کچھ نہیں بھیجا، اس طرح اس نے اپنے ایک سالہ دور میں کافی دولت حاصل کرلی، اس کا اندازہ اس واقعہ سے ہوتا ہے کہ ۱۵۸ھ میں خلیفہ ابوجعفر منصور نے ابومقاتل خراسانی کے ایک غلام پر دس ہزار درہم کا دعویٰ کرکے یہ رقم وصول کی، غلام نے کہا کہ میرے ذمہ امیرالمومنین کی رقم کیسے ہوسکتی ہے، نہ میں نے کوئی سرکاری عہدہ پایا اور نہ ہی میری آپ سے قرابت داری ہے، اس پر خلیفہ منصور نے کہا کہ:

بلیٰ، کنتَ تزوجت مولاتہٗ	ہاں، تم نے عیینہ بن موسیٰ کی ایک
لعیینۃ بن موسیٰ بن کعب	باندی سے شادی کی ہے جس نے تم
فورّث تلک مالاً، وکان	کو مال دیا، اور عیینہ سے ولایتِ
ذٰلک قد عصی واخذ	سندھ کے دور میں سرکشی کرکے میرا
مالی وھو الٍ علی السند	مال لے لیا تھا، تمہارا یہ مال عیینہ
فھذا المال من ذٰلک المال[1]	کے اسی مال میں سے ہے،

اس سے معلوم ہوتا ہے کہ عیینہ نے کافی دولت جمع کرلی تھی اور سندھ سے مرکز کو کوئی رقم نہیں بھیجی تھی،

عمر بن حفص ہزار مرد مہلبی کی آمد اور بغاوت کا خاتمہ

عیینہ بن موسیٰ نے ۱۴۱ھ میں خلافت سے سرتابی کی اور ۱۴۲ھ میں عمر بن حفص ہزار مرد مہلبی نے سندھ کی امارت پاکر اس کو فرو کیا، یعقوبی نے لکھا ہے کہ ۱۴۲ھ میں ابوجعفر منصور حج کے ارادہ سے بغداد سے بصرہ کے لئے روانہ ہوا، جسر کبیر (بڑے پل) پر اسے خبر ملی کہ یمن کے باشندوں نے خلافت سے عصیان

---

[1] تاریخ طبری ج ۸ ص ۷۶،

وعدوان کا معاملہ جاری کر رکھا ہے اور یمن کا حاکم عبداللہ بن ربیع نے باغیوں کے حملہ کی تاب نہ لاتے ہوئے راہِ فرار اختیار کر لی ہے اور وہیں یہ خبر بھی ملی کہ سندھ کے عیینہ بن موسیٰ نے سرتابی کر دی ہے، اس کے بعد ابوجعفر منصور نے معن بن زائدہ شیبانی کو یمن اور عمر بن حفص بن عثمان بن مہلب بن ابی صفرہ کو سندھ روانہ کیا۔ اور خود وہیں سے بغداد واپس چلا آیا، سندھ میں صورت یہ ہوئی کہ موسیٰ بن کعب نے وہاں اپنے بیٹے عیینہ کو اپنا نائب مقرر کر دیا تھا، اس کے قبیلہ بنو تمیم کے علاوہ یمن کے بنو ربیعہ کے لوگ بھی ساتھ تھے، مگر ربیعہ والوں نے عیینہ کے خلاف ہنگامہ برپا کیا، اور اس نے اکثر کو قتل کر دیا، اس کے بعد عیینہ اور اس کے آدمیوں نے خود مختاری کا دعویٰ کر کے خلافت سے بے تعلقی کا اعلان کر دیا، اور ابوجعفر منصور نے اس کی تادیب کے لئے عمر بن حفص ہزارمرد کو بھیجا، اس کے ساتھ عقبہ بن مسلم نامی ایک ہوشیار آدمی تھا، عمر بن حفص نے سندھ پہونچ کر دارالامارہ منصورہ میں داخل ہونا چاہا مگر عیینہ مانع ہوا اس لئے اس نے دیبل میں قیام کیا، اس کے بعد تیاری کر کے عیینہ سے جنگ کی۔ عمر بن حفص کی جنگی طاقت و شوکت دیکھ کر عیینہ کے آدمیوں نے اس سے امن چاہا اور اس کے طرفدار بن کر عیینہ سے برگشتہ ہو گئے عیینہ نے یہ حال دیکھ کر صلح کا پیغام بھیجا، عمر بن حفص نے صلح کر لی اور عیینہ کو گرفتار کر کے اپنے آدمیوں کی نگرانی میں ابوجعفر منصور کے پاس بغداد روانہ کیا، اور خود منصورہ پر قبضہ کر کے اس میں سکونت اختیار کی،

اِدھر عیینہ کا یہ حال ہوا کہ راستہ میں سرکاری محافظوں کے قبضہ سے نکل کر سجستان کی طرف بھاگا، جب رُخج کے قریب پہونچا تو وہاں کے یمانیوں کی ایک جماعت نے اسے قتل کر کے سر کو خلیفہ منصور کے سامنے پیش کیا،

معلوم ہے کہ عیینہ نے یمن کے بنو ربیعہ کے بہت سے لوگوں کو سندھ میں سیاسی اختلافات کی بنا پر قتل کیا تھا، رخج کے اہل یمن نے اپنے ان ہی یمنی بھائیوں کا بدلہ لیا اور عیینہ کو اپنے قابو میں پاکر قتل کر دیا۔ [1]

خلیفہ بن خیاط نے لکھا ہے کہ موسیٰ بن کعب اپنے لڑکے عیینہ کو سندھ میں نائب بنا کر عراق چلا گیا، یہاں تک کہ ۱۴۳ھ میں عمر بن حفص ہزارمرد یہاں کا امیر بن کر آیا تو عیینہ عہدۂ امارت حوالہ کرنے سے انکار کر کے آمادۂ جنگ ہوا، اس لئے عمر بن حفص نے گیارہ ماہ تک منصورہ کا محاصرہ کیا، اس کے بعد عیینہ نے منصورہ چھوڑ کر زندہ وسلامت چلے جانے کی شرط پر صلح کی پیش کش کی جسے عمر بن حفص نے منظور کر لیا اور عیینہ دار الامارہ منصورہ سے نکل گیا، اس کے بعد پورا ملک عمر بن حفص کے قبضہ میں آگیا۔ [2]

ابن حزم نے عیینہ کا نام عتبہ بتایا ہے جمہرۃ انساب العرب میں ہے وثار ابنہ عتبہ بالسند فقتلہ [3] بلاذری نے عیینہ بن موسیٰ اور عمر بن حفص کی امارت کا تذکرہ اس موقع پر نہیں کیا ہے بلکہ ہشام بن عمرو تغلبی کی امارت کے بعد عمر بن حفص کی امارت کا تذکرہ کیا ہے، عام مورخوں نے عمر بن حفص کی ولایت ۱۴۲ھ میں بتائی ہے مگر خلیفہ نے ۱۴۳ھ میں لکھا ہے،

عمر بن حفص سندھ میں دو سال رہا، یعقوبی نے لکھا ہے:

واقام عمر بن حفص بالسند سنتین۔	عمر بن حفص نے سندھ میں دو سال قیام کیا،

اس مدت میں سے گیارہ مہینے عیینہ بن موسیٰ کے محاصرہ میں گذر گئے، اس کے علاوہ اس کا کوئی خاص کارنامہ معلوم نہیں ہوتا بلکہ اس نے یہاں

---

[1] تاریخ یعقوبی ج ۲ ص ۴۴۷ وص ۴۴۸، [2] تاریخ خلیفہ ۲۷۶ [3] جمہرۃ انساب العرب ص ۳۸۰

عباسی خلافت کے مقابلہ علوی اقتدار کی طرفداری کی، حالانکہ وہ عباسی امراء وقواد میں ممتاز مقام رکھتا تھا اور عباسی خلفاء کے خاص معتمدوں میں تھا، مگر اندر اندر علوی دعاۃ کا حامی اور ان کی دعوت کا مبلغ تھا چنانچہ اس نے سندھ میں ان کے لئے بہت کام کیا،

عقبہ بن ازدی کی سندھ سے بغداد کو روانگی اور خلیفہ منصور کیلئے مخبری

عمر بن حفص مہلبی قبیلہ ازد سے تھا، سندھ میں عقبہ بن مسلم ازدی اس کا دست راست اور مشیر خاص تھا، عیینہ بن موسیٰ کی شورش کے خاتمہ کے بعد ۱۴۲ھ میں عمر بن حفص نے عقبہ کو خلیفہ منصور کے پاس ایک وفد کا سربراہ بنا کر بھیجا، منصور نے اس کو عزت و احترام سے بٹھا کر پوچھا تم کون ہو؟ اس نے کہا میں امیر المومنین کا وفادار خادم ہوں اور عمر بن حفص کے ساتھ رہتا ہوں، منصور کے پوچھنے پر نام بتایا، پھر منصور نے پوچھا تم کس قبیلہ سے ہو، اس نے بتایا قبیلہ ازد کی شاخ بنی ہنارہ سے، منصور نے کہا تم بڑی سمجھ بوجھ کے آدمی معلوم ہوتے ہو، میں تم سے ایک اہم کام لینا چاہتا ہوں، اگر تم نے میرا یہ کام کر دیا تو میں تم کو بہت اونچا کر دوں گا، عقبہ نے کہا مجھے امید ہے کہ امیر المومنین کی خواہش پوری کر سکوں گا، منصور نے کہا اس وقت تم یہاں سے جاؤ اور اپنے کو ظاہر نہ کرو، فلاں دن فلاں وقت میرے پاس آنا، چنانچہ عقبہ اسی دن اور اسی وقت منصور کے پاس آیا، منصور نے اس سے کہا کہ یہ ہمارے چچازاد بھائی (علوی حضرات) ہماری حکومت ختم کرنے کی تدبیریں رہا کرتے ہیں، خراسان کے فلاں گاؤں میں ان کے ہمنوا اور مددگار لوگ ہیں جن سے وہ خط و کتابت کیا کرتے ہیں، تم خفیہ طور سے علوی داعیوں کے پاس جاؤ اور عبداللہ بن حسن بن حسن بن علی کے متبعین کی طرف سے ایک خط

لکھ کر ان کو دو، چنانچہ عقبہ بن مسلم نے اسی ترکیب سے عبداللہ بن حسن کی خدمت میں حاضر ہو کر ایک خط پیش کیا، انھوں نے اس سے لاعلمی اور بے تعلقی ظاہر کی اور کہا کہ میں ان لوگوں کو نہیں جانتا، مگر عقبہ بن مسلم ان کے پیچھے پڑا رہا اور میٹھی میٹھی باتیں کر کے اپنی وفاداری، نیکی، اور اخلاص کا یقین دلاتا رہا حتی کہ عبداللہ بن حسن نے اس کا خط اور ہدیہ لے کر اس سے ایک گونہ تعلق ظاہر کیا، عقبہ نے خط کا جواب طلب کیا تو انھوں نے کہا کہ میں کسی کے پاس خط نہیں لکھتا، تم خود ان کے لئے میرا خط ہو، ان کو میرا سلام کہنا اور خبر کر دینا کہ میرے دونوں بیٹے محمد اور ابراہیم فلاں وقت خروج و ظہور کرنے والے ہیں، اس کے بعد عقبہ بن مسلم نے منصور کے پاس آ کر سارا ماجرا بیان کر دیا، اس سلسلہ میں یہ عجیب بات ہوئی کہ عبداللہ بن حسن کے ظہور و خروج کے وقت عقبہ بن مسلم اور ابوجعفر منصور میں اختلاف ہو گیا اور منصور نے اس کو قید کر لیا[1]

محمد بن عبداللہ بن حسن اور ابراہیم بن عبداللہ بن حسن کی سندھ میں آمد

۱۴۴ھ میں ابوجعفر منصور نے حج کیا، اس وقت جو اعیان و اشراف اس سے ملنے آئے ان میں عبداللہ بن حسن بن حسن بن علی کے دونوں صاحبزادے محمد اور ابراہیم نہیں تھے، راستہ میں منصور نے عبداللہ بن حسن سے ملاقات کر کے پوچھا کہ یہ دونوں میرے پاس کیوں نہیں آئے، انھوں نے جواب دیا کہ مجھے معلوم نہیں، وہ کہاں ہیں، بات یہ تھی کہ آخری اموی خلیفہ مروان کے زمانہ میں محمد بن عبداللہ بن حسن نے اس کے خلاف خروج و ظہور کا ارادہ کیا تھا اور اہل حجاز کی ایک جماعت نے ان کے ہاتھ پر بیعت کی تھی، جس میں ابوجعفر منصور بھی شامل تھا، اور جب عباسی خلافت ہوئی تو ابوجعفر منصور کو خطرہ ہوا کہ

---

[1] تاریخ طبری ج ۷ ص ۵۲۰ و ص ۵۲۱۔

کہیں محمد بن عبداللہ اور ان کے بھائی ابراہیم اس کے خلاف صف آرائی نہ کر بیٹھیں، جیسا کہ دونوں بھائیوں نے مروان کے زمانہ میں خروج کیا تھا، چنانچہ منصور کا یہ خیال صحیح نکلا، بہرحال اس وقت منصور نے عبداللہ بن حسن کو گرفتار کر لیا، جب ان کے دونوں بیٹوں محمد اور ابراہیم کو اس کی خبر لگی تو وہ بھاگ کر ہندوستان آئے اور کچھ دنوں روپوش رہے، البدایہ والنہایہ میں ہے:

فذهبا هربا فی البلاد الشاسعة	دونوں بھائی دور دراز شہروں میں
فصارا الی الیمن ثم سارا الی	بھاگ گئے اور یمن ہوتے ہوئے
الهند، فاختفیا بها فدل	ہندوستان پہونچکر روپوش ہو گئے،
علی مکانتهما الحسن بن زید	حسن بن زید نے ان کی جگہ بتادی تو
فهربا الی موضع آخر۔ [1]	دوسری جگہ چلے گئے،

طبری نے لکھا ہے کہ محمد اور ابراہیم دونوں ابوجعفر منصور کے خوف سے عدن اور وہاں سے سندھ گئے، پھر کوفہ اور مدینہ گئے، دوسری جگہ لکھا ہے کہ جب ابوجعفر منصور نے عبداللہ بن حسن کو گرفتار کیا تو محمد اور ابراہیم دونوں بھائی اس کے خوف سے عدن چلے گئے، چونکہ وہاں بھی خطرہ تھا اس لئے بحری راستہ سے سندھ پہونچے، اور جب ان کی آمد کی اطلاع عمر بن حفص کو دی گئی تو وہاں سے نکل کر کوفہ آ گئے [2]

واضح ہو کہ آخری اموی خلیفہ مروان کے زمانہ میں محمد بن عبداللہ بن حسن سے بیعت کرنے والوں میں ابوجعفر منصور کی طرح عمر بن حفص بھی شامل تھا اور ان کا ساتھ دیتا تھا، ابن اثیر نے ایک موقع پر لکھا ہے:

---

[1] البدایہ والنہایہ ج۔ ۱ ص ۱۸۰ [2] تاریخ طبری ج ۷ ص ۶۲۲

لانه کان فیمن بایعه من قوّاد المنصور وکان یتشیّع [1]

خلیفہ منصور کے فوجی امراء میں سے عمر بن حفص نے محمد بن عبداللہ کی بیعت کر کے ان کا ساتھ دیتا تھا،

محمد اور ابراہیم دونوں نے سندھ سے عراق پہونچ کر عباسی خلافت کے خلاف یوں ظہور و خروج کیا کہ ابراہیم ۱۴۳ھ میں دس آدمیوں کو لے کر خفیہ طور سے یکم رمضان کی شب میں بصرہ میں داخل ہوئے، جہاں تقریباً چار ہزار آدمیوں نے ان سے بیعت کی، اور انھوں نے اپنی طرف سے اہواز، فارس اور واسط میں امراء و عمال روانہ کئے، ابوجعفر منصور نے مقابلہ کے لئے عامر مسکی کی قیادت میں پانچ ہزار لشکر روانہ کیا جانبین میں کئی معرکے ہوئے اور ۲۵ ذوقعدہ ۱۴۳ھ میں ابراہیم کا قتل ہوا، ادھر مدینہ میں ان کے بھائی محمد نے خروج کیا، اس وقت ان کے ساتھ ڈھائی سو آدمی تھے، انھوں نے بھی اپنی طرف سے مکہ، یمن اور شام کے لئے حاکم روانہ کئے، ان کے مقابلہ کے لئے منصور نے اپنے چچا عیسیٰ بن موسیٰ کو چار ہزار فوج دیکر روانہ کیا، آخر وہ بھی قتل ہوئے،

عبداللہ الاشتر بن محمد کی سندھ میں آمد اور عمر بن حفص کی بیعت

محمد بن عبداللہ نے مدینہ میں خروج کے وقت اپنے لڑکے عبداللہ الاشتر کو بصرہ روانہ کیا، جہاں سے انھوں نے گھوڑے خریدے تاکہ ان کی تجارت کے بہانے سے سندھ میں عمر بن حفص کے پاس پہونچ سکیں، عمر بن حفص نے پہلے محمد بن عبداللہ بن حسن کے ہاتھ پر بیعت کر کے اموی خلافت کے خلاف منصوبہ بنایا تھا، وہ اندر اندر اہل بیت اور علویوں کا طرفدار تھا، اس لئے عبداللہ الاشتر اپنے آدمیوں کے ساتھ اس کے پاس سندھ میں آئے، ان کی

[1] تاریخ کامل ج ۵ صفحہ ۲۲۰

یہ آمد بحری راستہ سے ہوئی تھی، جب عبد اللہ اپنے آدمیوں اور گھوڑوں کے ساتھ عمر بن حفص کے یہاں پہونچے تو اس نے گھوڑے طلب کئے، ان کی جماعت کے ایک آدمی نے کہا کہ ہم تمہارے پاس وہ چیز لے کر آئے ہیں جو گھوڑے سے بہتر ہے اور جس میں تمہارے لئے دنیا اور آخرت کی بھلائی ہے، اس لئے تم پہلے ہمیں امان دو، اس کے بعد ہماری دعوت قبول کرو بصورت انکار اسے پوشیدہ رکھ کر ہماری اذیت رسانی سے بچو تاکہ ہم تمہارے ملک سے واپس چلے جائیں، عمر بن حفص نے عبد اللہ الاشتر اور ان کے آدمیوں کو امان دی، اور جب اس کو معلوم ہوا کہ عبد اللہ الاشتر کو ان کے والد نے میرے پاس بھیجا ہے اور مدینہ میں اپنی حکومت قائم کر لی ہے تو ان کو اور ان کے آدمیوں کو اپنے یہاں رکھ کر بیعت کی، اور عبد اللہ الاشتر کو اپنے یہاں چھپا کر شہر منصورہ کے اعیان و اشراف، فوجی امراء اور اپنے خاندان والوں کو ان کی بیعت کی دعوت دی، چنانچہ سب نے بیعت کی، اس کے بعد عمر بن حفص نے ان کے لئے سفید جھنڈے، اپنے لئے سفید لباس تیار کرائے تاکہ کل جمعہ کا خطبہ اسی لباس میں پڑھے، یہ تمام کارروائی پنجشنبہ کے دن پوری کر لی گئی تھی، مگر اتفاق سے اسی دن ایک چھوٹا سا جہاز عراق سے منصورہ پہونچا جس میں عمر بن حفص کی بیوی نے ایک قاصد کے ذریعہ یہ خبر بھیجی تھی کہ محمد بن عبد اللہ بن حسن مدینہ میں قتل کر دیے گئے، اور عمر بن حفص نے عبد اللہ الاشتر کو اس حادثہ کی خبر کر کے تسلی دی،

عبد اللہ یہ خبر سن کر متردد ہوئے اور عمر بن حفص سے کہنے لگے کہ میرا معاملہ اب بالکل ظاہر ہو چکا ہے، میرا خون تمہاری گردن پر ہے، تم ہی میرے لئے کوئی ترکیب پیدا کرو، عمر بن حفص نے کہا کہ میں نے یہ ترکیب سوچی ہے کہ

یہاں سندھ میں ایک بہت بڑا راجہ ہے جس کی شان وشوکت بہت زیادہ اور مملکت بہت وسیع ہے، وہ اس شان وشوکت کے باوجود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بڑی تعظیم کرتا ہے، ساتھ ہی وہ بڑا وفادار ہے، میں

اس کے پاس اپنا آدمی بھیج کر آپ کے اور اس کے درمیان عہد و پیمان کرادیتا ہوں، پھر آپ کو اس کے پاس بھیجدوں گا جہاں کوئی شخص آپ کا بال بیکا نہیں کرسکتا، چنانچہ عمر بن حفص نے درمیان میں پڑکر تمام باتیں طے کرکرادیں، جب عبداللہ الاشتر اس راجہ کے یہاں پہونچے تو اس نے بڑی تعظیم وتکریم کا مظاہرہ کیا اور حسن سلوک سے پیش آیا، اور امن واطمینان کی صورت پیدا ہوجانے پر سندھ میں پھیلے ہوئے زیدی ایک ایک کرکے یہاں پہونچنے لگے حتی کہ چار سو کی تعداد میں اہل فہم وفراست ان کے گرد جمع ہوگئے اور عبداللہ الاشتر اپنے آدمیوں کے ساتھ شاہانہ انداز میں سیر وتفریح اور صید وشکار میں نکلنے لگے، [1]

اس سلسلہ میں ابوالفرج اصفہانی نے مقاتل الطالبین میں جو کچھ لکھا ہے دلچسپی اور افادیت سے خالی نہیں ہے، اس میں ضمناً کئی اہم باتیں بھی آگئی ہیں، ابن سعدہ کا بیان ہے کہ عبداللہ الاشتر کے والد محمد بن عبداللہ بن حسن کے قتل کے بعد ہم لوگ عبداللہ الاشتر کو لے کر کوفہ گئے پھر وہاں سے بصرہ پہونچے، اس کے بعد سندھ کے لئے روانہ ہوئے، سندھ سے چند دن کی دوری پر ہم ایک سرائے میں اترے، عبداللہ الاشتر نے اس سرائے میں یہ اشعار لکھ کر نیچے اپنا نام لکھا:

---

[1] تاریخ کامل ج ۵ ص ۲۲۰،

منی ق الخفّین یشکوالوجیٰ تنکبّہ اطراف مروٍ حِداد
شرّدہ الخوف فازہیٰ کذلک من یکرہ حرّ الجلاد
قد کان فی الموت لہ راحۃ والموت حتم فی رقاب العباد

اس کے بعد ہم لوگ منصورہ میں داخل ہوئے، یہاں ہمیں کوئی مددگار نہ مل سکا اور قندھار چلے گئے، یہاں میں نے عبداللہ الاشتر کو ایک ایسے قلعہ میں اتارا جس کے قریب کسی کا آنا تو درکنار کوئی پرندہ پر بھی نہیں مار سکتا تھا، یہاں کے لوگوں کے اخلاق بالکل جاہلانہ تھے، اگر ان میں سے کوئی آدمی خرگوش کو پکڑتا اور وہ کسی کے مکان میں گھس جاتا تو اسے روکتا اور کہتا کہ تم میرے پڑوسی کو پکڑنا چاہتے ہو؟ ان ہی ایام میں ایک ضرورت سے میں باہر نکلا، میرے پیچھے عراق کے کچھ تاجر آرہے تھے، انھوں نے عبداللہ الاشتر سے کہا کہ منصورہ والوں نے آپ کی بیعت کرلی ہے، اس کے بعد وہ لوگ عبداللہ کے پیچھے پڑے رہے حتی کہ وہ منصورہ چلے گئے، اسی زمانہ میں ایک آدمی نے ابوجعفر منصور کے پاس جاکر بتایا کہ میں نے سندھ کے علاقہ سے گذرتے ہوئے وہاں کے ایک قلعہ میں تحریر دیکھی جس کا یہ مفہوم تھا اور ابوجعفر منصور نے اس کی تصدیق کی ہے[1]

ابوجعفر منصور کا خط اور عمر بن حفص کی حیلہ جوئی

ادھر عمر بن حفص نے عبداللہ الاشتر اور ان کے آدمیوں کے لئے محفوظ پناہ گاہ کا انتظام کیا اور ادھر ابوجعفر منصور کو ان تمام باتوں کا پتہ چل گیا، اس نے عمر بن حفص کو خط لکھا کہ مجھے ایسی ایسی باتیں معلوم ہوئی ہیں، عمر بن حفص یہ خط پاکر بہت گھبرایا اور کہنے لگا کہ اگر میں ان باتوں کا اقرار کرتا ہوں تو ابوجعفر منصور

[1] مقاتل الطالبین ص ۳۱۱ و ص ۳۱۲،

مجھے معزول کر دے گا، اگر اس کے پاس جاتا ہوں تو قتل کر دے گا، اور اگر یہ دونوں کام نہیں کرتا تو وہ مجھ سے جنگ کرے گا، عمر بن حفص کی گھبراہٹ اور ڈر کو دیکھ کر اس کے ایک خاص آدمی نے کہا کہ تم سارا گناہ میرے سر ڈال کر مجھے گرفتار کرلو، جب ابو جعفر کو اس کی خبر ہوگی تو وہ مجھے طلب کرے گا، سندھ میں جو تمہارا مقام و مرتبہ ہے اور تمہارے خاندان کو بصرہ میں جو عزت و شہرت حاصل ہے، اس کی وجہ سے وہ میرے خلاف اقدام نہیں کرے گا، عمر بن حفص نے کہا کہ تمہارے گمان کے برخلاف مجھے اس کا خطرہ ہے۔ اس آدمی نے کہا کہ اگر میں قتل کر دیا گیا تو میری جان تم پر قربان ہو جائے گی، اس گفتگو کے بعد عمر بن حفص نے اس شخص کو مجرم کی حیثیت سے گرفتار کر کے ظاہر کیا کہ عبد اللہ الاشتر اور ان کے آدمیوں کو اسی نے پناہ دی تھی اور راجہ کے یہاں پہونچایا تھا، اور ابو جعفر منصور کو خبر دی کہ اصل مجرم میری قید میں ہے، ابو جعفر منصور نے لکھا کہ اس کو ہمارے یہاں بھیج دو، اور جب وہ پہونچا تو (۱۵۱ھ میں) اس کی گردن مار دی، [1]

اسی زمانہ میں ابو جعفر منصور نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی اولاد میں سے ایک بزرگ کو قتل کر کے ان کا سر ہندوستان بھیجا اور ظاہر کیا کہ محمد بن عبد اللہ بن حسن کا سر ہے، ابن قتیبہ نے لکھا ہے کہ محمد بن عبد اللہ بن عمرو بن عثمان بن عفان نہایت وجیہ و شکیل اور خوبصورت آدمی تھے، اسی وجہ سے وہ دیباج کے لقب سے مشہور تھے،

واخذہ ابو جعفر مع العلویین	ابو جعفر منصور نے ان کو علویوں
ثم امر بہ فضربت عنقہ	اور علویوں کے ساتھ گرفتار کر کے

[1] تاریخ کامل ج ۵ ص ۲۲، ۲۳۱، البدایہ والنہایہ ج ۱۰ ص ۱۰۸،

صبراً، وبعث براسه الی الھند، واظھر انه راس محمد بن عبد اللہ بن حسن۔ (کتاب المعارف ص ۸۶)

ان کی گردن مارنے کا حکم دیا، اور ان کے سر کو ہندوستان بھیج کر ظاہر کیا کہ یہ محمد بن عبد اللہ بن حسن کا سر ہے،

جمیل بن صخر کی وقتی امارت، اور عمر بن حفص کی بغداد کو روانگی

اس کے بعد ابو جعفر منصور نے عمر بن حفص کو بغداد طلب کیا، اس نے اپنے اخیافی بھائی جمیل بن صخر کو وقتی طور سے سندھ کا امیر اور اپنا نائب مقرر کر کے بغداد کی راہ لی، خلیفہ بن خیاط نے لکھا ہے:

ثم کتب الیه ابو جعفر یامره بالشخوص، فشخص واستخلف اخاه لامه جمیل بن صخر، ثم عزله وولی ھشام بن عمرو التغلبی۔ [1]

خلیفہ ابو جعفر منصور نے عمر بن حفص کو خط لکھ کر بغداد آنے کا حکم دیا، چنانچہ وہ اپنے اخیافی بھائی جمیل بن صخر کو اپنا نائب بنا کر بغداد روانہ ہوا، بعد میں خلیفہ نے اس کو معزول کر کے ہشام بن عمرو تغلبی کو یہاں کی ولایت دی،

یہاں سے معزولی کے بعد جمیل بن صخر اپنے بھائی عمر بن حفص کے ساتھ افریقہ چلا گیا اور جب خوارج نے عمر بن حفص کو قتل کر دیا تو جمیل بن صخر وہاں بھی اس کا نائب بن کر خوارج کا مقابلہ کرتا رہا، سندھ میں عمر بن حفص کا سب سے نمایاں کارنامہ عیینہ بن موسیٰ کی بغاوت کو فرو کرنا ہے، ملتان پر پہلے سے ایک مقامی راجہ قابض و دخیل تھا مگر عمر بن حفص نے اس سے تعرض نہیں کیا، بلکہ عباسی خلافت کی مخالف طاقت کی ہمنوائی کی،

[1] تاریخ خلیفہ ج ۲ ص ۴۷۶،

اس کے دور امارت میں بھی ۱۴۸ھ میں خوارج کا ایک گروہ حسان بن مخالد ہمدانی کی قیادت میں سندھ آیا، ابن خلدون نے لکھا ہے کہ ۱۴۶ھ میں موصل کے اطراف میں حسان بن مخالد بن مالک بن احدع ہمدانی نے خروج کیا، اس وقت وہاں کا عباسی حاکم عصفر بن بجدہ تھا، وہ خوارج کے مقابلہ کے لئے نکلا، اور ان کو شکست دیکر دجلہ کے پیچھے ڈھکیل دیا، اس کے بعد حسان بن مخالد براہ سمندر سندھ چلا آیا، اور عمان کے خوارج کو لکھا کہ وہ بھی آکر اس کی جماعت میں شامل ہوجائیں مگر وہ سندھ آنے پر راضی نہیں ہوئے بلکہ موصل لوٹ گئے، ابن خلدون کے الفاظ یہ ہیں:

وركب الى السند وكاتب الخوارج بعمان يدعوهم ويستأذنهم فى اللحاق فابوا وعادوا الى الموصل[1]	حسان جہاز سے سندھ آیا اور عمان کے خوارج کو یہاں آنے کی دعوت دی، مگر وہ سب انکار کرکے موصل لوٹ گئے۔

ہشام بن عمرو تغلبی کی امارت

عمر بن حفص سندھ سے بغداد پہونچا تو ابوجعفر منصور نے اس کو افریقہ کی امارت پر بھیج دیا، اور ہشام بن عمرو تغلبی کو سندھ کا امیر مقرر کیا، اس کی تفصیل یہ ہے کہ ابوجعفر منصور سندھ کے واقعات سے بہت زیادہ متاثر تھا اور وہاں کی امارت کے بارے میں غور و فکر کر رہا تھا اسی اثنا میں ایک دن گھوڑے پر سوار ہوکر کہیں جارہا تھا، اتفاق سے ہشام بن عمرو تغلبی ادھر سے گذرا اور ابوجعفر منصور اس کی طرف دیکھنے لگا، اس نے سمجھا کہ اس وقت مجھ پر نگاہ کرم ہورہی ہے، اور تھوڑی دیر بعد منصور کی خدمت میں حاضر ہوکر کہنے لگا کہ میں نے گھر جاکر اپنی بہن کا حسن و جمال، عقل و فہم اور دینداری کو دیکھا میرے خیال میں وہ آپ کے لئے بہت

---

[1] تاریخ ابن خلدون ج ۳ ص ۱۶۸۔

مناسب ہے، منصور نے کہا کہ اچھا تم اس وقت جاؤ، میرا حکم تمہارے متعلق بعد میں صادر ہوگا، ہشام بن عمرو کے جانے کے بعد منصور نے اپنے دربان ربیع سے کہا کہ اگر جریر کا یہ شعر نہ ہوتا تو میں ہشام کی بہن سے نکاح کر لیتا:

لا تَطْلُبَنَّ خوءَ لة فی تغلب فالزنج اکرم منهمُ اخوالا

تم بنو تغلب میں ہرگز ماموں تلاش نہ کرو، کیونکہ حبشی ان سے زیادہ شریف ماموں ہیں،

تم میری طرف سے ہشام سے کہدو کہ مجھے اگر نکاح کی ضرورت ہوتی تو اس کی پیش کش ضرور قبول کر لیتا، اس کے بعد ابو جعفر منصور نے ہشام سے کہا کہ میں نے تم کو سندھ کی ولایت دی، اسی کے ساتھ یہ حکم بھی دیا کہ جس راجہ نے عبداللہ کو پناہ دی ہے تم اس سے کہو کہ ان کو ہمارے حوالہ کرے، اگر انکار کرے تو اس سے جنگ کرو، اس کے بعد ہشام بن عمرو سندھ آیا، اس کے ساتھ اس کے دونوں بھائی بسطام بن عمرو، اور سفیح بن عمرو بھی سندھ آئے، اور انھوں نے یہاں شاندار کارنامے انجام دیے،

اس زمانہ میں ہندوستان میں عباسی خلافت کے خلاف استیلا و غلبہ کی ہوا پھر چلنے لگی، اور عبداللہ الاشتر اور عمر بن حفص کی باہمی سازش نے ناپسندیدہ عناصر کی ہمت افزائی کی چنانچہ اس درمیان میں قندابیل اور ملتان پر متغلبوں کا قبضہ ہوگیا، ہشام بن عمرو نے اپنے دونوں بھائیوں کی مدد سے مقبوضہ علاقوں کو طاقت اور جنگ کے ذریعہ واگذار کیا، دور دراز مقامات میں فوجی مہمات روانہ کیں، سبایا و غنائم حاصل کئے اور دربار خلافت کو یہاں سے بھاری تعداد میں مال وزر اور باندی غلام بھیجے، عباسی دور میں اب تک اتنا کامیاب امیر نہیں آیا تھا، اس کے کارناموں نے اموی

دور کے اولوالعزم فاتحوں اور مجاہدوں کی یاد تازہ کردی گویا محمد بن قاسم ثقفی، حکم بن عوانہ کلبی اور جنید بن عبدالرحمن مری کا دور واپس آگیا ہے، ان شاندار کارناموں میں ہشام اور اس کے دونوں بھائیوں کی خدمات قابل قدر ہیں جن سے اس ملک میں عباسی خلافت کا وقار قائم ہوا،

عبداللہ الاشتر اور ان کے ساتھیوں کا قتل

ہشام بن عمرو تغلبی سندھ کی امارت پر آنے کے بعد اپنے مفوضہ کاموں میں مصروف ہوگیا، عبداللہ الاشتر کی گرفتاری اور قتل کو ہشام بن عمرو بھی دل سے ناپسند کرتا تھا، اور لوگوں پر ظاہر کرتا تھا کہ وہ عبداللہ کے بارے میں راجہ سے خط و کتابت کے ذریعہ بات چیت کر رہا ہے، دوسری طرف دم دم کی خبریں ابوجعفر منصور کے یہاں پہونچتی تھیں اور وہ بار بار ہشام کو خط لکھ کر اس کے لئے تاکید کرتا تھا، اتفاق سے ان ہی ایام میں سندھ کے ایک مقام میں شورش برپا ہوئی اور خروج و بغاوت نے سر اٹھایا، ہشام نے اپنے بھائی سفیح بن عمرو تغلبی کو فوج دے کر اس کو فرو کرنے کے لئے روانہ کیا، وہ ایسے راستہ سے چلا جو عبداللہ الاشتر کو پناہ دینے والے راجہ سے قریب تھا، اسے ایک طرف سے گرد و غبار اٹھتا ہوا دکھائی دیا، سمجھا کہ دشمن کی فوج مقابلہ کے لئے آرہی ہے، مجمع سامنے آیا تو معلوم ہوا کہ عبداللہ الاشتر دریائے سندھ کے کنارے سیر و تفریح کے لئے نکلے ہیں، اس کے بعد سفیح ان کی طرف بڑھا تو ان کے خیرخواہوں نے کہا:

هذا ابن رسول الله صلى الله عليه وسلم، وقد تركه اخوك متعمداً مخافة	یہ ابن رسول ہیں، ان سے تمہارے بھائی ہشام نے دیدہ و دانستہ اس ڈر سے درگذر کیا ہے کہ وہ ان کا قاتل

ان یبوء بدمہ فلم یقصد ۔ ہو کر گنہ گار ہو،

یہ سن کر سفیح نے کہا کہ میں ان کی گرفتاری سے باز نہیں آسکتا اور نہ ہی کسی ایسے شخص کو چھوڑ سکتا ہوں جس کی گرفتاری یا قتل کا ابو جعفر منصور نے حکم دیا ہے، اس وقت عبداللہ کے ہمراہ دس آدمی تھے، سفیح ان کی گرفتاری کے لئے آگے بڑھا تو عبداللہ اور ان کے ساتھیوں نے جنگ شروع کردی کہ اسی میں وہ اور ان کے تمام ساتھی قتل کر دیے گئے اور کوئی اس واقعہ کی خبر دینے والا بھی نہ بچ سکا، عبداللہ الاشتر مقتولوں کے درمیان میں یوں گرے کہ پہچانے نہ جاسکے، ایک قول یہ ہے کہ ان کے آدمیوں نے ان کو دریائے سندھ میں ڈال دیا تاکہ ان کا سر منصور کے پاس نہ جاسکے، اس موقع پر ابن اثیر کے الفاظ یہ ہیں:

وسقط عبد اللہ بین القتلی فلم یشعر بہ، و قیل ان اصحابہ قذفوہ فی مہران حتی لا یحمل راسہ[1]	عبداللہ مقتولوں کے درمیان گر گئے اس لئے ان کا پتہ نہ چل سکا اور ایک قول یہ ہے کہ ان کے ساتھیوں نے ان کو دریائے سندھ میں ڈال دیا تاکہ ان کا سر نہ لے جایا جاسکے،

اور ابن کثیر نے لکھا ہے:

واشتبہ علیہم مکانہ فی القتلی فلم یقدروا علیہ[2]	ان کے آدمی مقتولوں کے درمیان ان کا پتہ نہ چلا سکے اور نہ ان کو پا سکے،

شاید سفیح نے دیدہ و دانستہ ان کی لاش سے تعرض نہ کرتے ہوئے مشہور کردیا کہ وہ نہیں مل سکے، معلوم ہو چکا ہے کہ اس کا بھائی امیر سندھ عبداللہ کی

---

[1] تاریخ کامل ج ۵ ص ۲۲۱، [2] البدایہ والنہایہ ج ۱۰ ص ۱۰۔

گرفتاری کو ناپسند کرتا تھا، اتفاقی طور سے یہ ناگوار واقعہ ہوگیا، چنانچہ اس کے بعد بھی ان کی اولاد کے ساتھ احترام کا معاملہ رہا،

مگر ابوالفرج اصفہانی نے مقاتل الطالبیین میں ابن مسعدہ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ ہشام بن عمرو نے عبداللہ الاشتر کو قتل کر کے ان کا سر ابوجعفر منصور کے یہاں بھیج دیا اور اس نے اس کو مدینہ بھیجدیا، نیز اس میں ہے کہ عبداللہ الاشتر اور ان کے ساتھی ایک مرتبہ سیر و تفریح کر رہے تھے ایک جگہ اتر کر سو گئے اور ان کے گھوڑے کھیتوں میں چرتے رہے، جب کھیت والوں کو یہ معلوم ہوا تو انھوں نے آکر سب کو لاٹھی ڈنڈے سے ختم کر دیا، اور ہشام نے ان کے سروں کو ابوجعفر منصور کے پاس بھیجدیا،

ان الاشتر و اصحابه	عبداللہ الاشتر اور ان کے ساتھی صبح
اغدوا السیر ثم نزلوا	کو سیر کے لئے نکلے اور ایک جگہ اتر کر سو گئے،
فناموا فبقیت خیلهم فی	ان کے گھوڑے کھیتوں میں چرتے رہے،
زرع للرهط فخرجوا الیهم	یہ دیکھ کر کھیت والوں نے لاٹھی ڈنڈے
فقتلوهم بالخشب فبعث	سے سب کو مار ڈالا، اور ہشام نے آدمی
هشام فاخذ رؤوسهم	بھیج کر ان کے سر منگائے اور ابوجعفر
فبعث بها الی ابی جعفر، [1]	منصور کے پاس بھیج دیے۔

ہمارے نزدیک یہ روایت بے اصل ہے، اور واقعہ یہی ہے کہ سفیح بن عمرو سے مڈبھیڑ میں عبداللہ اور ان کے ساتھی مارے گئے، اور ان کا سر ابوجعفر منصور کے پاس نہیں گیا۔

---

[1] مقاتل الطالبین ص ۳۱۴۔

ایک راجہ سے جنگ اور محمد بن عبداللہ الاشتر کی بغداد کو روانگی

ہشام بن عمرو نے عبداللہ الاشتر کے قتل کی خبر ابوجعفر منصور کو دی اور اس نے شکریہ ادا کرتے ہوئے ہشام کو حکم دیا کہ اب تم اس راجہ سے جنگ کرو، اور بتایا کہ عبداللہ نے وہاں ایک باندی رکھی تھی، جس کے بطن سے ایک لڑکا محمد بن عبداللہ پیدا ہوا ہے، تم کو وہ بچہ ملے، تو اس کی نگہداشت کرنا، ہشام نے منصور کے حکم کے مطابق راجہ پر چڑھائی کر کے اس کو شکست دی، البدایہ والنہایہ میں ہے:

فنهض هشام بن عمرو الى	ہشام بن عمرو نے راجہ پر فوج کشی
ذالك الملك فقاتله فغلبه	کر کے اس کو زیر اور مغلوب کیا
وقهره على بلاده واموالہ	اور اس کے ملک و مال اور دولت
وحواصله وبعث بالفتح	وثروت پر قبضہ کر کے فتح کی خوشخبری
والاخماس وبذالك الغلام	اور خمس کے ساتھ اس بچہ کو بھی
والملك الى المنصور۔ [1]	خلیفہ منصور کے پاس بھیجا،

ابن اثیر نے لکھا ہے کہ راجہ جنگ میں مارا گیا، جب منصور کے پاس یہ سب چیزیں پہونچیں تو وہ بہت خوش ہوا اور اس بچہ کو مدینہ بھیجکر وہاں کے امیر کو خط لکھا، جس میں اس کے حسب و نسب کی صحت کو تسلیم کر کے حکم دیا کہ اس بچہ کو اس کے خاندان کے حوالہ کر دو تا کہ حسب و نسب محفوظ رہے، یہی بچہ آگے چل کر ابو الحسن بن الاشتر کے نام سے مشہور ہوا،

علی بن محمد بن عبداللہ کی ہندوستان میں آمد،

محمد بن عبداللہ کے قتل کے بعد ان کے لڑکے اور عبداللہ الاشتر کے بھائی علی بھی

[1] البدایہ والنہایہ ج ۱۰ ص ۱۰۱،

ہندوستان میں پناہ گزیں ہوئے تھے، مرزبانی نے معجم الشعراء میں لکھا ہے کہ علی بن محمد بن عبداللہ بن حسن بن حسن بن علی بن ابوطالب اپنے والد اور خاندان کے قتل کے بعد ہندوستان کی طرف بھاگے اور وہاں ایک سرائے میں پہونچنے پر لکھا کہ پیدل چلتے چلتے میرے پیر لہولہان ہوگئے گویا میں خون کے جوتے پہن کر اس مقام تک پہونچ سکا ہوں، اور میں نے یہ اشعار کہے:

عسیٰ مشربٌ یصفو فیروی ظمأۃ اطال صداھا المنھل المتکدر

ہوسکتا ہے کہ یہاں کوئی صاف ستھرا چشمہ پیاس کو بجھادے جس کی شدت گندے پانی کی وجہ سے بہت بڑھی ہوئی ہے:

عسیٰ جابر العظم الکسیر بلطفہ سینظر العظم الکسیر فیجبر

ہوسکتا ہے کہ ٹوٹی ہوئی ہڈی جوڑنے والا اپنے لطف وکرم سے میری بھی ٹوٹی ہوئی ہڈی کو جوڑ دے:

عسیٰ اللہ، لا تیأس من اللہ انہ یسیرٌ علیہ مایغیر ویکثر

تم اللہ سے ناامید نہ ہو، انقلابات وتغیرات اس کے لئے بہت آسان ہیں، [1]

ہشام بن عمرو کے غزوات وفتوحات اور کارناموں کا اجمالی بیان

ہشام بن عمرو تغلبی نے ۱۵۱ھ سے ۱۵۶ھ تک سندھ کی ولایت وامارت پر رہ کر عظیم الشان ملکی وسیاسی خدمات انجام دیں مگر افسوس کہ صرف ان کی فہرست کتابوں میں ملتی ہے، وہ بھی صرف دو مؤرخوں "یعقوبی اور بلاذری" کی کتابوں سے معلوم ہوتی ہے، ہم پہلے ان کی اجمالی کیفیت درج کردیں گے، پھر تفصیل بیان کریں گے، بلاذری نے فتوح البلدان میں لکھا ہے:

---

[1] معجم الشعراء ص۱۳۲،

ولی امیر المومنین المنصور رحمہ اللہ[1] هشام بن عمر والتغلبی السند، ففتح ما استغلق ووجّه عمرو بن جمل فی بوارج الی بارد، ووجه الی ناحیة الهند فافتتح قشمیراً، واصاب سبایا ورقیقاً کثیراً وفتح الملتان، وکان بقندابیل متغلبة من العرب فاجلاهم عنها، واتی القندهار فی السفن ففتحها، وهدم البد وبنی موضعه مسجداً فاخضبت البلاد فی ولایته فتبرکوا به ودوخ الثغر وحکم امورہ۔ [2]

امیر المومنین منصور نے ہشام بن عمر و تغلبی کو سندھ کی ولایت دی، تو اس نے ناقابل تسخیر علاقے فتح کئے عمرو بن جمل کو جنگی کشتیوں کے ساتھ باربد روانہ کیا، ہندوستان کی جانب فوج بھیجی کشمیر کو فتح کیا، بہت سے قیدی اور غلام حاصل کئے، ملتان کو فتح کیا، قندابیل پر متغلب عربوں کا قبضہ تھا ان کو وہاں سے باہر نکالا، اور جنگی کشتیاں لے کر قندہار کو فتح کیا، وہاں کا بت خانہ منہدم کر کے مسجد تعمیر کی، اس کی ولایت کے دور میں ملک بڑا خوشحال اور سرسبز و شاداب ہوا جس کی وجہ سے باشندوں نے اس کو مبارک سمجھا، اس نے سرحدی علاقہ کو رام کیا اور نہایت مستحکم انتظامات کئے۔

اور یعقوبی نے اپنی تاریخ میں لکھا ہے:

ولی هشام بن عمر والتغلبی قصار الی المنصورة فاقام

خلیفہ نے ہشام بن عمرو تغلبی کو سندھ کی امارت دی، اس نے منصورہ میں آکر

[1] فتوح البلدان ص ۴۲۳۔

بها، ووجّه الى ناحية
الهند بجيش فغنموا، و
اصابوا رقيقًا، وقيل لهشام
ان المنصورة لا تحملك
والملتان بلاد واسعة
ومنها مغزىً، فسار اليها
فاستخلف على المنصورة اخاه
بسطام بن عمرو، فلما قرب
من الملتان خرج صاحبها
اليه فى خلق ليردّه والتقيا
فكانت بينهما وقعةٌ عظيمةٌ
ثم انهزم صاحب الملتان
وظفر هشام و نزل المدينة
وسبىٰ سبيًا كثيراً ثم
عمل السفن وحملها على
نهر السند حتى اتى القندهار
ففتحها وسبىٰ وهدم
البد، وبنى موضعه مسجداً
ثم قدم الى المنصورة بما لم
يقدم به احد من السند
فلم يقم بالعراق الا

قیام کیا، اور ہندوستان کی سمت
فوج روانہ کی جس نے مال غنیمت اور
جنگی قیدی وغلام حاصل کیا، ہشام
سے کہا گیا کہ منصورہ تمہارے لئے
کافی نہیں ہے، ملتان لمبا چوڑا ملک
ہے اور وہاں غزوات کے مواقع ہیں،
چنانچہ وہ اپنے بھائی بسطام بن عمرو کو
منصورہ میں اپنا نائب بنا کر ملتان
کی طرف چلا، جب قریب پہونچا تو
ملتان کا متغلب حاکم بھاری فوج
لے کر اس کے مقابلہ کے لئے نکلا۔
اور دونوں کے درمیان بڑی زبردست
جنگ ہوئی، آخر میں ملتان کے حاکم
کو ہزیمت اٹھانی پڑی اور ہشام
فتحمند ہو کر شہر میں داخل ہوا، اور بہت
سے جنگی قیدی گرفتار کئے، اس کے بعد
جنگی کشتیاں تیار کرائیں اور ان کو
لے کر براہ دریائے سندھ قندھار آیا
اور اس کو فتح کر کے جنگی قیدی گرفتار
کئے، بت خانہ گرا کر اس کی جگہ مسجد
تعمیر کی اور خلیفہ منصور کی خدمت میں

قلیلاً حتی مات [1]

اس قدر مال و دولت لے کر گیا کہ اس سے پہلے کسی امیر نے سندھ سے اتنی دولت نہیں بھیجی تھی، اور عراق پہنچنے کے تھوڑے ہی دنوں بعد انتقال کر گیا،

ان دونوں مؤرخوں کی ان مختصر عبارتوں سے معلوم ہوتا ہے کہ ہشام بن عمرو تغلبی کے دور امارت میں سندھ کے شہر قندابیل، پنجاب کے شہر ملتان، گجرات کے شہر باربد (بھارسبھوت) اور قندھار (گندھارا) اور کشمیر وغیرہ میں غزوات و فتوحات ہوئیں اور ان مہمات میں ہشام بن عمرو کو شاندار کامیابی حاصل ہوئی، مگر ان کی ترتیب زمانی معلوم نہیں، البتہ بعض غزوات میں سنین کی تصریح ملتی ہے، چنانچہ سفح بن عمرو تغلبی کی مہم جس کے ضمن میں عبداللہ الاشتر اور ان کے ساتھیوں کا قتل ہوا، اور اس کے بعد خود ہشام بن عمرو کی قیادت میں راجہ سے جنگ جس نے عبداللہ اور ان کے رفقاء کو پناہ دی تھی، یہ دونوں مہم ۱۵۱ھ میں ہوئی تھیں:

گجرات پر حملہ اور اس کے اسباب

اس کے بعد ۱۵۱ھ ہی میں ہشام بن عمرو نے گجرات کے مقام پر حملہ کر کے اس کو فتح کیا، اور ان ہی ایام میں گجرات کے دوسرے مقام بھارسبھوت کے لئے ایک فوجی امیر عمر بن جمیل کی قیادت میں مہم روانہ کی، یہ دونوں حملے بحری تھے جو منصورہ سے کئے گئے، علاقہ گجرات میں سب سے پہلے مسلمانوں نے عہد فاروقی میں تھانہ اور بھڑوچ میں فتوحات حاصل کیں، اس کے بعد اموی دور میں پہلی صدی کی آخری دہائی میں محمد بن قاسم ثقفی اور ان کے

[1] تاریخ یعقوبی ج ۲ ص ۲۷۴ ص ۲۷۹،

امرائے فوج نے سورا شٹر اور گجرات وغیرہ میں فتوحات کیں، پھر دوسری صدی کی ابتدا میں جنید بن عبدالرحمن مری نے یہاں کے کئی مقامات فتح کئے اور مرید (منڈل علاقہ جھالاوار کاٹھیاوار کا) (جھنج، بھڑوچ، اور بھیلمان پر قبضہ کیا، اس کے بعد مسلمانوں نے اس علاقہ پر توجہ نہیں دی یہاں تک کہ عباسی دور میں ہشام بن عمرو نے ان علاقوں میں شاندار فتوحات حاصل کیں، بہتر ہے کہ پہلے مختصر طور سے گجرات پر حملہ کے اسباب معلوم کر لئے جائیں،

ہندوستان کے ڈاکو پورے بحر ہند اور اس کے سواحل پر چھائے ہوئے تھے، اموی دور میں ان سے مڈبھیڑ ہوتی رہتی تھی، عباسی دور میں ان کی غارت گری اور لوٹ مار بہت بڑھ گئی تھی، دراصل تو یہ لوگ مکران اور سندھ سے لے کر گجرات اور سورا شٹر کے ساحلی مقامات کے آگے میدانوں میں رہا کرتے تھے مگر گجرات اور سورا شٹر کے علاقے ان کے خاص مرکز تھے، عباسی دور میں بصرہ سے سندھ و گجرات تک کی بحری عالمی شاہراہ ہر وقت ان کی زد پر رہا کرتی تھی، حتی کہ عباسی دور کے شروع ہی میں بحر بصرہ اور بلاد بحر بصرہ کے لئے مستقل امارت قائم کرنی پڑی اور اس کے لئے مستقل امراء کی تقرری ہونے لگی، خلیفہ منصور کے زمانہ میں ان کی سرگرمی بہت بڑھ گئی تو اس نے ۱۴۱ھ میں امارت بحر کا شعبہ کھول کر محمد بن ابوعبینہ کو اس کا امیر مقرر کیا،

اس نے جزیرہ قیس کو اپنا مرکز بنایا، اسی سال یہ سمندری ڈاکو اپنی کشتیوں کے ذریعہ جزیرۂ قیس پر حملہ آور ہوئے، جس میں اس کے بیٹے اور مسلمانوں کی ایک جماعت کو لٹیروں نے قتل کر کے جزیرۂ قیس کو ویران کر ڈالا، پھر ۱۴۸ھ میں یہ ڈاکو بحر بصرہ کے راستہ دریائے دجلہ میں گھس گئے، ۱۴۹ھ میں بصرہ کے علاقہ مہلبان تک پہونچ گئے اسی سال جزیرۂ خارک میں ابوجعفر نے

ان سے مقابلہ کیا جس میں وہ اور اس کے آدمی کام آئے، پھر ۱۵۱ھ میں یہ ڈاکو بصرہ کے قریب دریائے دجلہ میں داخل ہوئے اور ابو عبیدہ سعدی نے ان سے جنگ کی، اسی طرح ۱۵۳ھ اور ۱۵۵ھ میں بصرہ کے حدود میں ان کی لوٹ مار جاری رہی، یہ ہندوستان کے بحری ڈاکوؤں کی تخریبی سرگرمیاں تھیں، دوسری طرف عراق کے بطیحہ میں ہندوستان کے جاٹوں اور دوسری جرائم پیشہ قوموں نے زبردست طاقت جمع کرلی تھی اور بغداد وبصرہ کے درمیان بری و بحری راستے ان کی لوٹ مار کی وجہ سے غیر محفوظ اور سخت خطرناک ہو گئے تھے، اس لئے ضرورت تھی کہ ان کی سرکوبی کے لئے بری اور بحری مہمات روانہ کی جائیں اور بصرہ کی طرح سندھ سے بھی ان کے خلاف اقدام کیا جائے۔ معلوم ہوتا ہے کہ سوراشٹر کے بحری ڈاکو محمد بن قاسم ثقفی سے صلح کے بعد بالکل خاموش ہو گئے تھے، مگر اس کے آگے گجرات میں ان کا زور زیادہ تھا، خاص طور سے بھروچ کے آس پاس ان کی طاقت جمع ہوگئی تھی اور یہ لوگ دریائے نربدا کے راستہ سے بحر عرب میں داخل ہوکر بصرہ تک تباہی و بربادی مچاتے تھے، اسی وجہ سے بھڑوچ کے حدود میں گندھار اور بھاڑ بھوت پر حملہ ہوا، یہ دونوں مقامات دریائے نربدا کے کنارے واقع ہیں اور اس زمانہ میں گجرات کی اہم بندرگاہوں میں شمار ہوتے تھے،

یاقوت نے معجم البلدان میں بھڑوچ کے بارے میں لکھا ہے:

من اشهر مدن الهند	بھڑوچ ہندوستان کے بڑے بحری
البحرية واكبرها	شہروں میں سے ہے اور بقول
وقال البلاذري: بروص	بلاذری ہندوستان کی بندرگاہیں

بندر کبیر من بنادر الهند[1] میں سے بڑی بندرگاہ ہے۔

اور قندھار (گندھارا) کے بارے میں ظفر الوالہ میں ہے:

(من نواحی کھنبایۃ) قندھار — گندھارا کھمبایت کے علاقے میں دریائے

بندر صغیر علی خور ھا نزید ا۔[2] — نربدا کی کھاڑی پر چھوٹی سی بندرگاہ ہے۔

بازبد (بھاڑبھوت) بھی بھڑوچ کے مغرب میں نربدا کے کنارے مشہور بندرگاہ تھا اور یہاں بہت بڑا بت خانہ تھا، یہ دونوں مقامات عباسی دور میں سمندری لٹیروں کے مرکز تھے اور یہاں سے یہ لوگ عرب و ہند کے درمیان آنے جانے والے مسافروں اور تجارتی جہازوں پر حملہ کر کے قتل و غارت مچاتے تھے، اس لئے ان کے خلاف دو طرفہ کارروائی کرنی پڑی اور بصرہ و منصورہ کی امارتیں ان کے مقابلہ میں آئیں،

گندھارا کی فتح ۱۵۱ھ میں ہشام بن عمرو تغلبی سندھ کا امیر و حاکم بن کر آیا، اور اسی سال اس نے اپنے بھائی سفیح بن عمرو کے ذریعہ سندھ کی ایک شورش پر قابو پایا، نیز عباسی خلافت کے مقابل عبداللہ الاشتر اور ان کے آدمیوں کو یہاں سے ختم کیا، پھر اسی سال سندھ کے راجہ پر خود فوج کشی کر کے فتح پائی، ان تینوں مہمات سے فراغت کے بعد ہی گجرات کے سمندری ڈاکوؤں کی سرکوبی کی مہم چلائی جو اس زمانہ میں بحری امن و امان کو غارت کر رہے تھے ۱۵۳ھ میں والئی سجستان عباد بن زیاد بن ابوسفیان نے کچھ اور سوراشٹر کی فتوحات کے سلسلہ میں گندھارا کو فتح کیا تھا مگر بعد میں یہاں بدامنی پھیل گئی، جس کا خاتمہ ضرور تھا الخ چنانچہ قاضی رشید بن زبیر کی تصریح کے مطابق ہشام بن عمرو تغلبی نے ۱۵۱ھ میں گندھارا کو فتح کر کے باربد کی مہم

---

[1] معجم البلدان ج ۲ ص ۱۵۵، [2] ظفر الوالہ ج ۱ ص ۶۱۳۔

پر اپنے ایک فوجی افسر کو روانہ کیا، بلاذری نے لکھا ہے :-

ہشام بن عمرو جنگی کشتیوں کے ذریعہ قندھار آیا اور اس کو فتح کر کے وہاں کے بت خانہ کو منہدم کیا اور اس کی جگہ مسجد بنائی اس کے دورِ ولایت میں شہروں میں سرسبزی اور رونق آگئی، اور باشندوں نے اس کو اپنے حق میں خیر و برکت سمجھا۔[1]

مؤرخ یعقوبی نے بیان کیا ہے :-

ہشام بن عمرو بجری بیڑا تیار کر کے دریائے سندھ کی راہ سے قندھار (گندھارا) لایا، اور اسے فتح کر کے قیدی بنائے اور بت خانہ کو منہدم کر کے مسجد بنائی،[2]

بعد کے ایک اور مؤرخ قلقشندی نے آثر الانافہ فی معالم الخلافہ میں ملتان اور گندھارا کی فتح کا تذکرہ یوں کیا ہے :

فی ایامہ فتحت الملتان	خلیفہ منصور کے دور خلافت میں
والقندھار مغارض	ملتان اور گندھارا فتح ہوئے،
السند، و ھدم البد	اور بت خانہ منہدم کر کے وہاں
وبنی موضعہ مسجدٌ[3]	مسجد تعمیر کی گئی۔

ان تینوں بیانات سے یہ باتیں معلوم ہوتی ہیں، (۱) عباسی دور میں پہلی بار بری بیڑا ہشام بن عمرو نے تیار کیا اور خاص طور سے گندھارا کی جنگ کے لئے جنگی کشتیاں بنوائیں تاکہ وہ دریائے سندھ اور دریائے نربدا میں چل سکیں، (۲) یہ بجری بیڑا منصورہ سے براہ دریائے سندھ سمندر میں داخل ہوا، پھر ساحل گجرات پر آکر دریائے نربدا کے راستہ سے گندھارا کی

---

[1] فتوح البلدان ص ۴۳۱، [2] تاریخ یعقوبی ج ۲ ص ۴۴۹، [3] مآثر الانافہ ج ۱ ص ۱۷۰،

بندرگاہ پر لنگر انداز ہوا، (۳) یہاں آنے کے بعد اسلامی فوج سے مقامی راجہ یا مقامی لوگوں نے مزاحمت نہیں کی، کیونکہ یہاں کے سمندری ڈاکوؤں سے سب ہی بیزار اور ان کی سرکوبی کے خواہاں تھے (۴) مسلمانوں کی تادیب و سیاست کے بعد ان کی غارت گری یکسر ختم ہوگئی، اطراف وجوانب میں امن وامان کی فضا پیدا ہوگئی، جان ومال، کھیتیاں اور عزت وآبرو محفوظ ہوگئی، اور لوگ سکون واطمینان کی زندگی بسر کرنے لگے، اور خدا کے فضل وکرم سے اس دیار میں بڑی خوشحالی آگئی جس کی وجہ سے عام باشندے مسلمانوں کے بارے میں خوش عقیدہ بن گئے، یوں بھی گجرات کے عوام اور راجے مہاراجے مسلمانوں سے بڑی عقیدت ومحبت رکھتے تھے جس کو ابوزید سیرافی، سلیمان تاجر، مسعودی اور دوسرے مؤرخوں اور سیاحوں نے بیان کیا ہے، (۵) یہاں اموی دور سے مسلمانوں کی آبادی کافی تعداد میں موجود تھی، اور وہ لوگ متاہل زندگی بسر کرتے تھے، ہشام بن عمرو نے اس موقع پر یہاں ایک مسجد بھی تعمیر کردی جو ہمارے علم میں گجرات میں پہلی مسجد تھی، (۶) مقامی بت خانہ کے انہدام کی ظاہری وجہ یہ معلوم ہوتی ہے کہ یہ بت خانہ سمندری ڈاکوؤں کا اڈہ بن گیا تھا، اور پوجا پاٹ کے نام پر وہ یہاں جمع ہوا کرتے تھے، غلط کاری اور تخریب کاری کے لئے عبادت گاہوں اور مقدس مقاموں کا استعمال آج بھی عام بات ہے، سوراشٹر میں پالی تھانہ کا بت خانہ جو ایک پہاڑ پر واقع تھا وہاں کے لٹیروں کا مرکز وماویٰ تھا، یہی شکل گندھارا کے مندر کی تھی (۷) یعقوبی کے بیان کے مطابق ہشام بن عمرو نے یہاں کے کچھ باشندوں کو جنگی قیدی بنایا، یہ وہی بحری ڈاکو تھے جو اصل مجرم تھے اور جن کے لئے یہ جنگی مہم روانہ ہوئی تھی، (۸) اس جنگ کے نتیجہ میں کسی قسم کی بدمزگی کا پتہ نہیں چلتا بلکہ اس کے برخلاف

مسلمانوں سے خوش عقیدگی بڑھ گئی، جس سے اندازہ ہوتا ہے کہ اسلامی فوج نے ظلم وزیادتی نہیں کی اور نہ بیجا استحصال کیا، ورنہ گجرات کے مہاراجگان ولہی رائے اور ان کے ماتحت راجے چند سو یا چند ہزار عرب فوجوں سے مقابلہ میں پیچھے نہ رہتے، جو ان کے دیار میں ہلکی پھلکی بحری مہم لے کر آئے تھے،

قاضی رشید بن زبیر نے لکھا ہے کہ ۱۵۱ھ میں ابوجعفر منصور کے زمانہ میں ہشام بن عمرو تغلبی نے ہندوستان پر حملہ کیا اور سندھ کو عبور کر کے قندھار پر یلغار کی، اس نے یہاں لوہے کا ایک بہت موٹا مینارہ پایا جو ایک سو ہاتھ لمبا تھا، ہشام نے مقامی لوگوں سے اس کے بارے میں دریافت کیا تو انھوں نے بتایا کہ یہ ابنائے فارس کی تلواریں ہیں، انھوں نے تبع حمیری کے ساتھ حملہ کر کے ہمارا ملک فتح کیا تھا، بعد میں انھوں نے اپنی تلواریں جمع کر کے توڑ ڈالیں، ان ہی ٹوٹی ہوئی تلواروں سے یہ مینارہ بنایا گیا ہے، اہل یمن کا خیال ہے کہ تبع نے اسی موقع پر یہ شعر کہا تھا:-

ولو نغرت بقندھار نغرۃ ۔۔۔ خرت صوامعھا وکل عمود [1]

تبع حمیری کے گندھار اپر حملہ کی روایت صحیح ہو یا نہ ہو، ہشام بن عمرو کے وقت یہاں ایک ستون یا مٹھ موجود تھا،

واضح ہو کہ اس سے کابل و قندھار والا قندھار مراد نہیں ہے وہ پہاڑی ملک ہے اور اس کا راستہ خشکی کا ہے، وہاں جانے کے لئے کشتیاں تیار کرنے اور دریائے سندھ کا راستہ اختیار کرنے کی ضرورت نہیں تھی،

عمرو بن جمل کی قیادت میں بھاڑ بھوت کی فتح،

اسی دوران میں علاقہ بھڑوچ کے ایک اور مقام بارید (بھاڑ بھوت) پر بحری مہم روانہ

---

[1] کتاب الذخائر والتحف، ص ۱۷۵ و ص ۱۷۶،

کی گئی جو فتحیاب واپس ہوئی، یہ مقام بھی بحری ڈاکوؤں کا مرکز تھا اور یہاں کے بت خانہ میں ان کی سرگرمیوں کے منصوبے بنتے تھے، اس مہم کا تذکرہ صرف بلاذری نے مختصر طور سے یوں کیا ہے:

وجّہ عمرو بن جمل فی بوارج الی بارقد۔[1]	ہشام نے عمرو بن جمل کو بحری بیڑا دے کر بارقد بھیجا،

اس عبارت سے معلوم ہوتا ہے کہ (۱) بھاڑ بھوت کی یہ مہم معمولی قسم کی تھی اور اس کی حیثیت تادیب و سیاست کی تھی، اسی لئے ہشام خود شریک نہیں ہوا بلکہ اپنے ایک فوجی قائد عمرو بن جمل کو اس کی قیادت دی، (۲) چونکہ صرف تادیب و سرزنش مقصود تھی اس لئے بوارج کا استعمال ہوا، یہ بارجہ کی جمع ہے جو بیڑا کا معرب ہے، البیرونی نے کتاب الہند میں سوراشٹر کے بحری چوروں کا ذکر کرتے لکھا ہے کہ یہاں ایک گروہ بوارج کے نام سے مشہور ہے، یہ لوگ کچھ اور سومنات میں رہتے ہیں،

وسمّوا بھذا الاسم لانھم یتلصصون فی الزوارق و اسمھا بیڑہ[2]	یہ لوگ بوارج کے نام سے مشہور ہیں کیونکہ یہ چھوٹی کشتیوں کے ذریعہ چوری کرتے ہیں جن کا نام بیڑہ ہے،

زورق اور بیڑہ چھوٹی کشتی کو کہتے ہیں بھاڑ بھوت کی مہم میں یہی بوارج و زوارق استعمال کئے گئے تھے، (۳) اس میں کسی جنگ و مقابلہ اور فتح و شکست کا ذکر نہیں ہے، ایسا معلوم ہوتا ہے کہ گندھارا کی فتح کے بعد ہی چلتے چلاتے یہاں بھی فوج کو گشت کرا دیا گیا، اور کسی قسم کے اقدام کی ضرورت محسوس نہیں کی گئی، اس لئے کہ مہاراجگانِ گجرات اور گجراتی عوام سے مسلمانوں کے

---

[1] فتوح البلدان ص ۴۳۱، [2] کتاب الہند ص ۱۰۲ (یورپ)

تعلقات خوش گوار اور استوار تھے، اس مہم کا مقصد سمندری ڈاکوؤں کی تادیب وتنبیہ تھا،

کشمیر اور دیگر علاقوں میں غزوات وفتوحات،

ہشام بن عمرو نے دار الامارہ منصورہ سے بعض جنگی مہمات امرا و قواد کی سرکردگی میں بھیجیں، وہ خود ان میں شریک نہیں تھا، جن میں شاندار کامیابی حاصل ہوئی، اور جنگی قیدی ہاتھ آئے، ان مہمات میں بلاذری نے کشمیر کا نام لیا ہے،

ووجہ الی ناحیۃ الھند فافتتح قشمیرًا، و اصاب سبایا و رقیقًا کثیرًا۔ [1]	ہشام نے ہندوستان کی سمت فوج روانہ کی اور کشمیر کو فتح کر کے بہت سے جنگی قیدی اور غلام حاصل کئے،

اور یعقوبی نے لکھا ہے کہ:

ووجہ الی ناحیۃ الھند بجیش فغنموا، و اصابوا رقیقًا۔ [2]	اس نے ہندوستان کی جانب فوج کشی کرائی اور فتح وظفر کے بعد مالِ غنیمت اور غلام ہاتھ آئے،

ان دونوں عبارتوں میں ناحیۃ الھند (ہندوستان کی سمت) سے مراد پنجاب اور کشمیر کے علاقے ہیں، گجرات کی دونوں مہمات کا ذکر اوپر گذر چکا ہے، غالباً اس مہم میں کشمیر سفلیٰ (زیریں کشمیر) کا وہ علاقہ فتح ہوا تھا جو پنجاب کی حدود سے متصل تھا، جس میں تیز رو دریا اور وادیاں تھیں، کشمیر اعلیٰ (بالائی کشمیر) دشوار گذار پہاڑیوں سے گھرا ہوا تھا، اس مہم میں اس پر دھاوا نہیں بولا گیا،

---

[1] فتوح البلدان ص ۴۳۱، [2] تاریخ یعقوبی ج ۲ ص ۴۴۸،

قندابیل سے متغلب عربوں کا صفایا

قندابیل علاقہ طوران کا سب سے بڑا مرکزی شہر تھا، بعض مؤرخوں نے اسے صوبہ بدھ کا دارالسلطنت بتایا ہے، پہاڑی مقام ہونے کی وجہ سے محفوظ قلعہ کی حیثیت رکھتا تھا، خلافتِ راشدہ میں اسے مسلمانوں نے فتح کیا تھا، اموی دور کی ابتدا میں حضرت سنان بن سلمہ ہذلی رضؓ نے قندابیل کے علاوہ لوقان، قیقان اور قصدار کو اسلامی قلمرو میں شامل کیا، بعد میں یہاں خوارج نے قبضہ جمایا مگر قانونی طور سے قندابیل خلافت سے وابستہ رہا، حتیٰ کہ اموی دور کے آخر اور عباسی دور کے شروع میں خود عربوں نے اس پر غلبہ حاصل کر کے چند قبائل نے پورے علاقہ کو آپس میں تقسیم کر لیا مگر ہشام بن عمرو نے پورے علاقہ سے ان متغلبین کو نکال باہر کر کے اسے منصورہ سے ملا دیا، اس کا تذکرہ صرف بلاذری نے کیا ہے:

وکان بقندابیل	قندابیل پر کئی عرب قابض تھے،
متغلبة من العرب	ہشام نے ان سب کو وہاں سے
فاجلاهم عنها[1]	نکال باہر کیا،

"متغلبة من العرب" سے معلوم ہوتا ہے کہ قندابیل پر چند عرب قبائل یا افراد قابض و دخیل تھے، کسی ایک شخص کا قبضہ نہیں تھا اور ان سب کو ہشام بن عمرو نے وہاں سے بے دخل کیا۔ طوران و مکران کے علاقے اس زمانہ میں خوارج کی جولانگاہ تھے، اور ان کی طاقت خلافت سے ٹکر لیا کرتی تھی، غالباً غالباً انہی عرب خوارج نے قندابیل کو اپنا مرکز بنا رکھا تھا،

ملتان کی فتح

ہشام بن عمرو نے یہاں جو شاندار کارنامے انجام دیے ان میں ملتان کی فتح نہایت اہم اور قابلِ ذکر کارنامہ ہے،

محمد بن قاسم نے ۹۵ھ میں ملتان کو فتح کر کے یہاں اپنا امیر مقرر کیا تھا مگر جب امویوں کے آخری دور میں ہر طرف خروج و بغاوت اور سرکشی و خود مختاری کی وبا عام ہوئی تو ملتان والوں نے بھی سر تابی کی اور مقامی باشندے جو مسلمان ہو چکے تھے مرتد ہو گئے، اور ایک راجہ نے اپنی حکومت قائم کر لی، حتیٰ کہ ہشام بن عمرو نے اسے دوبارہ فتح کر کے اسلامی قلمرو میں شامل کیا، بلاذری کا بیان ہے:

ان الملتان فتحها محمد بن القاسم فی ایام الولید بن عبد الملك، ثم کفر اهل هذه البلاد ففتحت فی ایام المنصور۔ [1]	ملتان کو خلیفہ ولید کے زمانہ میں محمد بن قاسم نے فتح کیا تھا، بعد میں اس علاقہ کے باشندے کافر ہو گئے تو خلیفہ ابو جعفر منصور کے دور میں اسے فتح کیا گیا،

اور قلقشندی نے لکھا ہے:

فی ایا فتحت الملتان۔ [2]	خلیفہ منصور کے زمانہ میں ملتان فتح کیا گیا،

یعقوبی نے ان دونوں کے مقابلہ میں فتح ملتان کی تفصیل یوں بیان کی ہے کہ ہشام بن عمرو کے حوصلہ مندانہ اقدامات و فتوحات کو دیکھ کر ان سے کہا گیا کہ:

وقیل لهشام: ان المنصورة لا تحملك و الملتان بلاد واسعة، ومنها مغزی۔	اور ہشام سے کہا گیا کہ منصورہ تمہارے حوصلہ کے لائق نہیں ہے البتہ ملتان وسیع و عریض ملک ہے اور وہاں غزوہ کے مواقع ہیں،

[1] فتوح البلدان ص ۴۳۱، [2] مآثر الانافہ ج ۱ ص ۱۷۷،

ہشام بن عمرو نے اس رائے کو پسند کیا اور اپنے بھائی بسطام بن عمرو کو منصورہ میں اپنا جانشین بنا کر ملتان کی مہم پر فوج لے کر چلا، جب ملتان کے قریب پہونچا، اور راجہ کو اس کی آمد کی خبر لگی تو وہ بہت بڑا لشکر لے کر چلا تاکہ اسلامی فوج کو شہر سے دور ہی شکست دے کر واپس کر دے، دونوں فوجیں آمنے سامنے ہوئیں اور نہایت ہی سخت جنگ کے نتیجہ میں راجہ کو ہزیمت ہوئی، ہشام بن عمرو مظفر و منصور ہو کر شہر ملتان میں داخل ہوا، اور لڑنے والوں کو جنگی قیدی بنایا۔[1]

ملتان کی فتح کے بعد پنجاب، کشمیر اور گجرات تک عباسی خلافت کا اقتدار قائم ہو گیا اور سندھ کے دونوں سرے محفوظ ہو گئے،

واقعہ یہ ہے کہ عباسی خلافت میں ہشام بن عمرو تغلبی سندھ کا پہلا امیر و حاکم ہے جس نے نہایت ذمہ داری اور وفاداری کے ساتھ یہاں شاندار حکومت کی، متعدد علاقوں کو عربوں اور راجوں کے غلبہ و قبضہ سے آزاد کرایا، شورش پسندوں اور سرکشوں کی تادیب کی جنگی بیڑا تیار کیا، بری و بحری غزوات و فتوحات کئے، جو علاقے دشوار گذار اور ناقابلِ تسخیر تھے ان کو فتح کیا، اس کے دورِ امارت کو یہاں کے عوام نے باعثِ خیر و برکت سمجھا اور اس کی ذات سے نیک شگون لیا، اس نے ملکی و سیاسی انتظامات کر کے سرحدوں اور دور دراز علاقوں کو محفوظ کر دیا، بلاذری نے ان کے بارے میں لکھا ہے:

ففتح ما استغلق...	اس نے ناقابل تسخیر مقامات فتح کر کے
ودوخ الثغر وحکم	سرحد کو محفوظ و مستحکم کیا اور نہایت بہتر

[1] تاریخ یعقوبی ج ۲ ص ۴۴۸ و ص ۴۴۹،

موسرہ۔ انتظامات کئے،

ہشام بن عمرو نے اپنی امارت کے سات سالہ دور میں سندھ اور ہندوستان میں جو خدمات انجام دیں اور عوام کے دلوں میں جو مقبولیت حاصل کی وہ اپنی جگہ ہے، مرکز کو بھی یہاں سے اموال غنیمت جنگی قیدی اور دیگر حاصلات اس قدر زیادہ مقدار میں دیئے کہ اس سے پہلے اس کی مثال نہیں ملتی یعقوبی نے لکھا ہے:

ثم قدم الی المنصور بما لم یقدم بہ احد من السند۔	وہ خلیفہ منصور کے پاس یہاں سے جو کچھ لے گیا اس سے پہلے سندھ کے کسی امیر نے اتنا زیادہ نہیں دیا،

ان تمام کارناموں اور نیک ناموں کو لے کر ہشام بن عمرو ۱۵۸ھ میں ابو جعفر منصور کے پاس بغداد پہونچا اور تھوڑے ہی دن بعد انتقال کر گیا،

ہشام بن عمرو کے دربار میں مطیع بن ایاس شاعر کی آمد، اور داد و دہش،

ہشام بن عمرو تغلبی نہایت بلند حوصلہ، علم دوست اور سخی آدمی تھا اس کی داد و دہش کا شہرہ سندھ سے عرب تک تھا، چنانچہ مشہور شاعر مطیع بن ایاس کنانی اس کے دربار میں سندھ آیا اور نہایت اعزاز و احترام کے ساتھ رہا اور واپسی کے موقع پر الوداعی اشعار کہے، ابو الفرج اصفہانی نے کتاب الاغانی میں لکھا ہے:

رحل مطیع بن ایاس الی ھشام بن عمرو۔ وھو بالسند مستمیحا لہ۔	ہشام بن عمرو کی امارتِ سندھ کے زمانہ میں مطیع بن ایاس اس کے پاس انعام و اکرام کے لئے گیا تھا،

وہ ہشام کے یہاں آنے کے بعد بڑی قدر و منزلت کا مستحق ٹھہرا، ہشام کے بال بچوں اور مطیع کے درمیان انس و محبت پیدا ہو گئی، اور جس وقت

مطیع یہاں سے جانے لگا، ہشام کی بچی اس کی جدائی سے رونے لگی، جس سے مطیع کا دل بہت متاثر ہوا اور اس کی زبان سے یہ اشعار نکل پڑے،

اسکتی قد حزنت بالدمع قلبی　　طالما حزّد معکن القلوبا

بچی! خاموش رہو تم نے اپنے آنسو سے میرا دل گرما دیا، بسا اوقات تم سب کے آنسوؤں نے دلوں کو گرمایا ہے،

ودعی ان تقطعی الآن قلبی　　وترینی فی رحلتی تعذیبا

تم اس وقت میرے دل کے ٹکڑے نہ کرو، اور میرے سفر میں تکلیف نہ دو،

فعسی اللہ ان یدا قع عنّی　　ریب ما تحذرین حتی اؤبا

ہو سکتا ہے کہ اللہ تعالیٰ تمہاری آرزو پوری کرے اور میں دوبارہ واپس آؤں

لیس شیٔ یشاء ہ ذوالمعالی　　بعزیز علیہ فادّعی المجیبا

جس چیز کو اللہ تعالیٰ چاہے وہ اس کی قدرت سے دور نہیں ہے تم اسی سے دعا کرو،

انا فی قبضۃ الالٰہ اذاما　　کنتُ بعدًا، اوکنتُ قریبًا

میں اللہ تعالیٰ کے قبضۂ قدرت میں ہوں، دور رہوں، یا نزدیک رہوں

مطیع بن ایاس کنانی مخضرم الدولتین شاعر ہے، اموی دور میں ولید بن یزید بن عبد الملک کا درباری شاعر تھا۔ اور عباسی دور میں ابو جعفر منصور کے دربار سے منسلک رہا، اسی کے زمانہ میں سندھ آیا تھا۔ [1]

بسطام بن عمرو تغلبی کی امارت و معزولی اور معبد بن خلیل تمیمی کی امارت،

۱۵۰ھ میں ہشام بن عمرو اپنے بھائی بسطام بن عمرو تغلبی کو منصورہ میں اپنی طرف سے اپنا نائب مقرر کر کے ابو جعفر منصور کے پاس بغداد چلا گیا، خلیفہ بن خیاط کا بیان ہے۔

---

[1] کتاب الاغانی ج ۱۳ ص ۲۷۵ تا ۳۲۷،

ثم شخص الی ابی جعفر واستخلف اخاہ لبسطام بن عمرو [1]	وہ اپنے بھائی بسطام بن عمرو کو اپنا نائب بنا کر خلیفہ ابو جعفر منصور کے پاس چلا گیا،

بسطام بن عمرو سات سال تک اپنے بھائی کے ساتھ رہ کر یہاں کے سرد و گرم سے واقف ہو چکا تھا، اس سے پہلے ہشام نے ملتان کی مہم پر جاتے وقت اس کو منصورہ میں اپنا نائب بنایا تھا، اور بغداد جانے لگا تو اس عہدہ پر رکھا، مگر بسطام کو زیادہ دنوں رہنے کا موقع نہیں مل سکا، اور ابو جعفر منصور نے اس کی جگہ معبد بن خلیل تمیمی کو یہاں کی امارت پر روانہ کیا، اس کے نام میں اختلاف پایا جاتا ہے تاریخ یعقوبی، تاریخ ابن خلدون، تاریخ ابن اثیر، اور تاریخ طبری میں معبد بن خلیل تمیمی مزنی ہے، اور تاریخ خلیفہ میں سعید بن خلیل ہے جبکہ البدایہ والنہایہ میں ایک جگہ سعید اور دوسری جگہ معبد ہے، ہم نے معبد کو ترجیح دی ہے، اس سے پہلے ۱۴۰ھ میں معبد بن خلیل مزنی خراسان میں تھا، عبد الجبار بن عبد الرحمن خراسان کا امیر ہوا تو اس نے وہاں کے کئی فوجی افسروں اور امیروں کو علوی دعوت کی طرفداری کا الزام لگا کر گرفتار کیا اور مار ڈالا، ان ہی لوگوں میں معبد بن خلیل بھی تھا [2] ایک قول کے مطابق ابو جعفر منصور نے اس کو خراسان ہی میں سندھ کی ولایت کے لئے لکھا اور وہیں سے سندھ آیا، [3]

معبد بن خلیل ۲ دو سال تک سندھ کی امارت پر رہا مگر اس کی وفات ۱۵۹ھ میں ہوئی ہو جیسا کہ ابن اثیر اور ابن خلدون لکھا ہے، مگر البدایہ والنہایہ میں ۱۵۷ھ میں اس کی ولایت اور وفات دونوں کا ذکر ہے [4]

---

[1] تاریخ خلیفہ ج ۲ ص ۶۷۸، [2] تاریخ طبری ج ۳ ص ۵۳۲ [3] تاریخ کامل ج ۵ ص ۱۴۲، [4] البدایہ والنہایہ ج ۱۰ ص ۱۱۵ و ص ۱۲۹۔

اس قول کی رو سے وہ ایک سال سے کم ہی یہاں رہ سکا، سندھ میں اس کے کارناموں اور خدمات کا مفصل ذکر کتابوں میں نہیں ہے، ابن اثیر نے صرف اتنا لکھا ہے:

وقیل انه کان بخراسان فکتب الیه المنصور فسار الی السند، وفتح ما استغلق۔	معبد خراسان میں تھا، خلیفہ منصور نے اس کو سندھ کی ولایت کا پروانہ بھیجا اور اس نے یہاں آکر دبائے ہوئے علاقے فتح کئے،

اور یعقوبی نے لکھا ہے:

لی المنصور معبد بن الخلیل التمیمی، فکان محموداً فی البلد۔	خلیفہ منصور نے معبد بن خلیل کو یہاں کی ولایت دی اور وہ یہاں نیک نام بن کر رہا،

ان دونوں بیانات سے معلوم ہوتا ہے کہ معبد بن خلیل نے قلیل مدت میں ہتھیائے ہوئے علاقے فتح کئے، اور حسنِ انتظام کی وجہ سے عوام و خواص میں مقبول و نیک نام رہا، اس کے ساتھ اس کا لڑکا محمد بھی سندھ میں باپ کے کاموں میں شریک رہا،

معبد بن خلیل لی منصورہ میں موت اور محمد بن معبد کی جانشینی

معبد بن خلیل یہاں آنے کے چند ماہ بعد منصورہ میں انتقال کر گیا اور اپنے لڑکے محمد بن معبد کو وقتی طور سے اپنا جانشین بنایا، جو خلیفہ منصور کی وفات ۱۵۸ھ تک سندھ کی امارت پر رہا، خلیفہ کا بیان ہے:

فمات بالمنصورة، واستخلف ابنه محمد بن سعید (معبد)	معبد منصورہ میں فوت ہوا اس نے اپنے بیٹے محمد کو نائب بنایا جو ابو جعفر

"فلم یزل علیها حتی مات ابو جعفر"[1] کے انتقال تک امیر رہا،

معبد بن خلیل تمیمی مزنی پہلا عباسی امیر ہے جس کا انتقال سندھ میں ہوا، اس کے بیٹے محمد بن معبد کو یہاں ایک سال یا اس سے کم ہی مدت رہنے کا موقع ملا اور خلیفہ مہدی نے اس کی جگہ دوسرا امیر بھیجا،

منصوری دور میں ہندوستان سے متعلق چند واقعات

محمد بن معبد بن خلیل تمیمی کی امارت کے زمانہ میں ابو جعفر منصور کا دورِ خلافت ختم ہو گیا،

ذیل میں ہم چند ایسے واقعات کو ذکر کرتے ہیں جو منصوری دور میں رونما ہوئے اور کسی نہ کسی طرح سے ان کا تعلق ہندوستان سے ہے،

ہندی ڈاکوؤں کا شاہی قیدیوں کو یرغمال بنانا،

جیسا کہ معلوم ہوا، امیر سندھ معبد بن خلیل یہاں سے پہلے خراسان میں تھا، وہاں کے امیر عبد الجبار بن عبد الرحمٰن نے کئی امراء کو علویوں کی طرفداری کے الزام میں قتل کیا، اور معبد بن خلیل اور دیگر بعض اعیان کو مار پیٹ کر قید کر دیا، ۱۴۱ھ میں ابو جعفر منصور نے اپنے بیٹے محمد مہدی کو ولی عہد بنا کر خراسان روانہ کیا تاکہ وہ عبد الجبار اور دیگر امراء و اعیان کے معاملات کی تحقیق کر کے عبد الجبار کو سزا دے، مہدی نے حکمت عملی سے کام لے کر عبد الجبار اور اس کے لڑکے کے ساتھ ایک جماعت کو گرفتار کیا، اور یہ سب خراسان سے بغداد لائے گئے، منصور نے عبد الجبار کو قتل کر کے اس کے بیٹے اور کچھ مجرموں کو یمن کے ایک جزیرہ میں بھیجدیا، جن کو ہندوستانیوں نے گرفتار کر لیا اور بعد میں ان میں سے کچھ لوگوں کو فدیہ دے کر چھڑایا گیا،[2]

---

[1] تاریخ خلیفہ ج ۲ ص ۶۷۸، [2] البدایہ والنہایہ ج ۱۰ ص ۶۰ "

یہ ہندوستان کے بحری ڈاکو تھے جو اس زمانہ میں عدن اور سقوطرہ کی حدود تک اپنے بیڑوں کو لیجاتے تھے، اور سمندر میں قزاقی کرتے تھے، انھوں نے شاہی قیدیوں اور شہر بدر مجرموں کو یرغمال بنایا تھا، اس سے ان کی طاقت اور غارت گری کا اندازہ ہو سکتا ہے، اسی سال منصور نے بحر بصرہ کی امارت قائم کرکے ہندی ڈاکوؤں اور لٹیروں کی تادیب کا انتظام کیا، ممکن ہے اسی واقعہ کے فوراً بعد یہ اقدام ہوا ہو،

ہندوستان کے قیدیوں کی جان بخشی

۱۵۸ھ میں ابو جعفر منصور سواری سے گر کر زخمی ہوگیا تھا، اور مقام جرجرایا میں آرام کر رہا تھا، اس وقت ہندوستان کے کچھ قیدی براہ عمان اس کے پاس لائے گئے، ان کو تسنیم بن حواری نے اپنے بیٹے محمد کی نگرانی میں بھیجا تھا،

فَهَمَّ بضرب اعناقهم	منصور نے ان کو قتل کرنا چاہا، مگر
فساء لهم فاخبروه	انھوں نے اسے ایسی باتیں بتائیں
بما التبس به امرهم	جن سے ان کا معاملہ مشتبہ ہوگیا
عليه، فامسك عن قتلهم	اور منصور نے ان کو قتل کرنے کی
وقسمهم بين قواده و	بجائے اپنے امراء وقواد میں تقسیم
امرائه[1]	کردیا،

یہ معبد بن خلیل کی امارت یا محمد بن معبد کی نیابت کے زمانہ کا واقعہ ہے، ان ہندی قیدیوں کو کسی بڑے خطرناک جرم میں گرفتار کرکے ابو جعفر منصور کے پاس لیجایا گیا تھا تاکہ وہ ان کے بارے میں سزا تجویز کرے، چنانچہ اس نے ان کے الزام کو دیکھتے ہوئے قتل کی سزا تجویز کی، پھر تحقیق حال کے لئے ان ہی

[1] تاریخ طبری ج ۸ ص ۵۷،

سے پوچھ گچھ کی تو معلوم ہوا کہ ان کا الزام مشتبہ ہے، اور یہ قتل کے سزاوار نہیں ہیں، اس لئے ان کو ارکان دولت کی غلامی میں دے دیا،

شیر بامیان کا اسلام اور اس کا اعزاز و احترام

اسی کے دور خلافت میں علاقۂ بامیان کا ایک راجہ جو شیر کے نام سے مشہور تھا اسلام قبول کر کے عزت و احترام کا مالک بنا، یعقوبی نے کتاب البلدان میں لکھا ہے کہ بامیان پہاڑی شہر ہے وہاں کا حاکم شیر نامی ابو جعفر منصور کے زمانہ میں مزاحم بن بسطام کے ہاتھ پر مسلمان ہو گیا، مزاحم نے اس کی بیٹی سے اپنے بیٹے محمد بن مزاحم کی شادی کر دی جس کے بطن سے محمد بن مزاحم کا ایک لڑکا پیدا ہوا جب فضل بن یحییٰ خراسان آیا تو اس لڑکے کو غور کا حاکم بنایا، اسی نے غور کو فتح کیا تھا، اور اس کا لقب اس کے نانا کے لقب پر شیر بامیان .. رکھا گیا[1]

اس زمانہ میں علاقہ بامیان ہندوستان میں شمار ہوتا تھا اور یہاں کے ہر راجہ کو قبیلے کے خاندانی لقب سے یاد کرتے تھے، شیر بامیان" وہاں کے کسی علاقہ کا راجہ اور حاکم تھا،

ابو جعفر منصور کی ہندیوں کے بارے میں معلومات،

ایک مرتبہ ابو جعفر منصور نے اسمٰعیل بن عبداللہ سے کہا کہ مجھے ہر ملک کے لوگوں کا حال بتاؤ، اس نے کہا کہ اہل حجاز اسلام کی ابتدا اور بقیۃ العرب ہیں، اہل عراق اسلام کے رکن اور دین کے مجاہد ہیں، اہل شام امت کے قلعہ اور خلفاء کے نیزے ہیں، اہل خراسان میدان جنگ کے شہسوار اور مردوں کی لگام ہیں، ترک پہاڑی چٹان اور جنگی بہادر ہیں،

واھل الھند حکماء اور اہل ہند حکیم و دانا ہیں، وہ اپنے

---

[1] کتاب البلدان ص۲۸۹ و رجال السند والہند ص۱۵۰،

استغنوا ببلادهم فاکتفوا بها عما یلیهم۔	ملک میں مگن رہ کر دوسروں سے بے نیاز رہیں،

روم اہلِ کتاب اور صاحب تدیّن ہیں، اللہ تعالیٰ نے ان کو دور نزدیک والوں سے نجات دی ہے،[1] ہندوستان کے علوم و فنون اور اسرار و حلم قدیم زمانہ سے دنیا میں مشہور تھے، ابوجعفر منصور کو بتایا گیا کہ اہل ہند اس بارے میں دوسروں سے یوں بے نیاز ہیں کہ نہ دوسروں سے سیکھتے اور نہ ہی ان کو سکھاتے ہیں،

ابوجعفر منصور کے زمانہ میں اہل منصورہ کے بارے میں ایک غلط روایت،

جاحظ نے اپنے رسالہ "حجج النبوۃ" میں لکھا ہے کہ فرقہ شکیّہ کے جاہلوں نے ایک مرتبہ یہ خبر مشہور کی کہ:

ان اھل المنصورۃ وافوا مصلاھم یوم خمیس علی انہ یوم الجمعۃ فی زمن منصوری، وان اھل البحرین جلسوا عن مصلاھم یوم الجمعۃ علی انہ یوم خمیس فی زمن ابی جعفر، فبعث الیھم فوھم	دورِ منصوری میں اہل منصورہ اس شبہ میں پنجشنبہ ہی کو جامع مسجد میں پہونچ گئے کہ آج جمعہ کا دن ہے، اور اہل بحرین جمعہ کے دن اس شبہ میں جامع مسجد نہیں پہونچے کہ آج پنجشنبہ ہے، تو منصور نے ان کی تادیب و سرزنش کرائی،

پھر جاحظ نے اس لغو اور احمقانہ داستان کا رد کر کے لکھا کہ ان جاہل متکلمین و مرتابین کی یہ بات ناممکن ہے اگر یہ بات بحرین اور منصورہ والوں کے یہاں ہو سکتی ہے تو بصرہ اور کوفہ والوں کے یہاں بھی ہو سکتی ہے، پھر ہر بات میں اگر شک اور تردّد کیا جائے تو شب و روز اور ماہ و سال میں بدرجہ اولیٰ شک و شبہ

---

[1] تاریخ طبری ج ۸ ص ۱۷۔

ہوسکتا ہے حالانکہ یہ سراسر لغو غلط اور خلاف واقعہ ہے، [1]

سدھانت کا عربی میں ترجمہ اور زائچہ،

ہندوستان کے خاص علوم وفنون کو عربی زبان میں منتقل کرنے کا کام باقاعدہ خلیفہ ہارون رشید کے زمانہ میں ہوا جب کہ بغداد میں بیت الحکمۃ قائم کیا گیا، مگر اس سے پہلے ابوجعفر منصور کے زمانہ میں ہندی حساب اور نجوم کی ایک نادر کتاب کو عربی میں منتقل کرکے اسے اس فن کے لیے بنیاد بنایا گیا، ۱۵۶ھ میں ابوجعفر منصور کی خدمت میں ایک ہندی عالم حاضر ہوا جو یہاں کے حساب سند ہند (سدھانت) کا ماہر تھا، اس کے پاس اس فن کی ایک کتاب تھی جس میں بارہ ابواب تھے، منصور نے اس کو عربی زبان میں ترجمہ کرنے کا حکم دیا، چنانچہ اس دور کے مشہور ماہر نجوم وحساب محمد بن ابراہیم فزاری نے یہ کام کیا اور ایک کتاب لکھی، پھر مامون کے زمانہ میں ابوجعفر بن موسیٰ خوارزمی نے اس کا اختصار کیا، اور اسی سے زیج خوارزمی بنائی، اس کے بعد سے اسی کتاب اور اس زائچہ پر اہل فن کا اعتماد رہا۔ [2]

روح بن حاتم مہلبی کی امارت اور جاٹوں کی شورش،

ابوجعفر منصور کی وفات کے وقت محمد بن معبد سندھ کی امارت پر اپنے والد کا قائم مقام بن کر مفوضہ خدمات انجام دے رہا تھا، مگر خلیفہ مہدی نے اپنی خلافت کی ابتدا میں ۱۵۹ھ میں اس کو معزول کرکے روح بن حاتم بن قبیصہ بن مہلب بن ابوصفرہ مہلبی ازدی عتکی کو سندھ کا امیر بنایا، روح بن حاتم، خلیفہ ابوجعفر منصور کے مصاحبوں اور معتمدوں میں سے تھا، سندھ میں اس کی امارت زیادہ دنوں تک نہ رہ سکی، ۱۶۱ھ میں خلیفہ مہدی نے اس کو یہاں سے معزول

---

[1] رسائل جاحظ ص ۱۲۹ [2] طبقات الامم ص ۶۷

کر کے بصرہ اور افریقہ کی امارت پر بھیج دیا،[1]

روح بن حاتم نے اپنے دورِ امارت میں کیا کیا کارنامے انجام دیے اور شہری و ملکی انتظامات کے علاوہ غزوات و فتوحات میں کتنا حصہ لیا؟ اس کے بارے میں تاریخ خاموش ہے، یعقوبی نے اس کے زمانہ میں یہاں کے جاٹوں میں شورش و بغاوت کی خبر دی ہے، مگر یہ نہیں بتایا کہ اس میں روح بن حاتم کا کردار کیا رہا:

استعمل المهدی روح بن حاتم المهلبی علی السند فقدمها والناس قد تحرکوا بها فلم یقم الا یسیراً حتی عزل۔	مہدی نے روح بن حاتم کو سندھ کا عامل بنایا، اور اس کی آمد پر جاٹوں نے سندھ میں شورش برپا کردی، اور اس کو تھوڑی مدت کے بعد معزول کردیا،

ایسا معلوم ہوتا ہے کہ روح بن حاتم ان جاٹوں کی تادیب نہ کرسکا، اس لئے مہدی نے اس کو معزول کرکے جاٹوں کی سرکوبی کے لئے زبردست جنگی مہم روانہ کی،

جاٹ کو عربی میں زط کہتے ہیں، یہ نہایت شریر و سرکش قوم تھی، جو بلوچستان، مکران، سندھ، پنجاب اور گجرات کے علاقوں میں پائی جاتی تھی، یہ لوگ راجوں مہاراجوں کے خلاف بھی شورش برپا کیا کرتے تھے، اور عباسی امراء و حکام کو بھی چین نہیں لینے دیتے تھے، ابن خرداذبہ نے المسالک والممالک میں لکھا ہے کہ مکران اور منصورہ کا درمیانی علاقہ جو تین سو اٹھاون فرسخ کا ہے، جاٹوں سے آباد ہے اور یہی لوگ اس راستہ کے محافظ ہیں،[2] اور اصطخری

---

[1] تاریخ خلیفہ ج ۲، ۶۹۷، تاریخ یعقوبی ج ۲ ص ۴۷۹، تاریخ کامل ج ۶ ص ۶۶ [2] المسالک والممالک ص ۵۶

نے المسالک الممالک میں لکھا ہے کہ سندھ سے ملتان تک کا پورا علاقہ جاٹوں سے آباد ہے، اس میں ان کی آبادیاں اور آراضی ہیں، [1] ان ہی جاٹوں نے خلیفہ مہدی کے ابتدائی دور میں ہر طرف شورش و سرکشی کی فضا پیدا کر کے کئی سال تک امن و امان کو غارت کیا، حتیٰ کہ سندھ کو امیر بصرہ کے ماتحت کرنا پڑا، اور متعدد اور امراء ان کے مقابلہ میں ناکام رہے۔ آخر میں طاقت کے استعمال اور سخت تادیب کے بعد ان کا زور ٹوٹا اور امن و امان کی بحالی ہوئی، جیسا کہ آگے معلوم ہوگا،

بھاڑ بھوت (گجرات) کی فتح ۱۶۰ھ،

روح بن حاتم کی امارت کے دور میں علاقہ گجرات کے مشہور اور مرکزی شہر بھاڑ بھوت (باربد) پر مرکز سے براہ راست فوجی مہم آئی اور شاندار کامیابی حاصل ہوئی، اس وقت روح بن حاتم سندھ کا امیر تھا، مگر اس مہم سے اس کا تعلق نہیں تھا، بلکہ بصرہ کی امارت بحر کا یہ کارنامہ تھا جس میں خلیفہ مہدی نے ذاتی طور سے دلچسپی لی، اور اس کے لئے خصوصی تیاری کرائی، معلوم ہو چکا ہے کہ ابو جعفر منصور کے دور میں امیر سندھ ہشام بن عمرو تغلبی نے اپنے ایک فوجی افسر عمرو بن جمل کی زیر قیادت باربد (بھاڑ بھوت) کی طرف بحری بیڑا روانہ کیا تھا، جس میں مسلمانوں کو شاندار کامیابی ہوئی تھی اور اس اقدام کا سبب گجرات کے سمندری ڈاکوؤں کی بحر بصرہ میں لوٹ مار تھی، اس وقت حالات درست ہو گئے تھے اور ڈاکوؤں کی سرگرمیاں رک گئی تھیں، مگر مہدی کے ابتدائی دور میں جب یہاں کے جاٹوں نے پورے علاقہ سندھ، مکران اور گجرات میں شورش برپا کی تو علاقہ باربد دوبارہ فتنہ و فساد کی آماجگاہ بن گیا اور اس

[1] المسالک والممالک ص ۳۵،

علاقہ کے شورش پسندوں نے یہاں اپنی طاقت جمع کرلی، اس لئے براہ راست مرکز بغداد سے ان کی سرکوبی کا انتظام کیا گیا، اور خلیفہ نے اس کے لئے اہتمام کیا، چنانچہ ۱۵۹ھ میں بصرہ سے جنگی مہم بھاڑ بھوت کے لئے روانہ ہوئی، اور ۱۶۰ھ میں ایک سخت معرکہ کے بعد فتح نصیب ہوئی، اس کے امیر وقائد عبدالملک بن شہاب مسمعی تھے، اور ان کی ماتحتی میں دیگر کئی امراء تھے،

اس غزوۂ بارید کا تذکرہ طبری، ابن اثیر، ابن خلدون، ابن کثیر وغیرہ نے معمولی فرق کے ساتھ کیا ہے، ہم یہاں تاریخ طبری سے اس کی تفصیل پیش کرتے ہیں، امام طبری نے ۱۵۹ھ کے واقعات میں لکھا ہے کہ اس سال خلیفہ مہدی نے عبدالملک بن شہاب مسمعی کو براہ سمندر بلادِ ہند روانہ کیا، اور ان کے ہمراہ مندرجہ ذیل فوجوں اور رضا کاروں کو بھیجا،

۲۰۰۰ دو ہزار بصرہ کی مختلف سرکاری فوج سے، عبدالملک بن شہاب نے اس کی امارت منذر بن محمد جارود کو دی،

۱۵۰۰ پندرہ سو عالم مرابطوں اور فدائیوں سے جو حسبۃً للہ اس میں شریک ہوئے، عبدالملک بن شہاب نے اپنے بیٹے عبدالواحد بن عبدالملک کو اس کا امیر بنایا،

۷۰۰ سات سو اہل شام سے، ان کے امیر وقائد یزید بن حباب مذحجی شامی تھے،

۱۰۰ ایک ہزار بصرہ کے فدائیوں میں سے، جو اپنے خرچ سے نکلے تھے، ان ہی میں حضرت ربیع بن صبیح بصریؒ بھی تھے،

۴۰۰۰ چار ہزار آسادرہ اور سیابچہ سے، ان میں اکثریت ہندوستانی نسل والوں کی تھی جو عراق میں آباد تھے، کل فوج نو ہزار دو سو ۹۲۰۰ تھی، جس کے امیر عبدالملک بن شہاب مسمعی تھے، خلیفہ مہدی کو اس مہم سے اس قدر دلچسپی تھی کہ اس نے اس کے انتظامات کے لئے ابوالقاسم مخرز بن ابراہیم کو خاص طور سے مقرر کیا

اور پورے انتظام واہتمام کے ساتھ یہ فوج روانہ ہوئی[1]

اس کے بعد امام طبری نے ۱۶۰ھ کے واقعات میں لکھا ہے کہ اس سال عبدالملک بن شہاب مسمعی مطوعہ وغیرہ افواج کو لے کر شہر بار بد پہونچے، اور دو دن کے بعد جنگ شروع کی، اس جنگ کا نقشہ ان کے الفاظ میں یہ ہے:

اقاموا علیها یومین فنصبوا المنجنیق، و ناهضوها بجمیع الآلة و تحاشد الناس، و حضّ بعضهم بعضاً بالقرآن و التذکیر ففتحها الله علیهم عنوةً و دخلت خیولهم من کل ناحیة حتی ألجئوهم الی بدهم فاشعلوا فیها النیران و النفط، فاحترق منهم من احترق۔

اسلامی فوج نے بار بد پہونچ کر دو دن توقف کیا، اس کے بعد منجنیق نصب کرکے اسلحہ و آلات سے اپنے کو لیس کیا، اور مجاہدوں نے بہادری کا مظاہرہ کرتے ہوئے ایک دوسرے کو قرآن کی آیات اور تقریروں سے ابھارا، اور جنگ کے نتیجہ میں اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو فتح دی، اور ان کے گھوڑے ہر طرف سے شہر میں داخل ہوگئے حتی کہ دشمنوں کو اپنے بت خانہ میں پناہ لینی پڑی اور انھوں نے اس میں نفط و نار سے آتش زنی کی، جس سے کئی دشمن جل گئے،

اس جنگ میں بیس سے کچھ زائد مجاہدین اسلام بھی شہید ہوئے، اس طرح اللہ تعالیٰ نے یہ شہر مسلمانوں کے قبضہ میں دے دیا، اس درمیان میں

---

[1] تاریخ طبری ج ۹ ص ۳۲۶،

سمندر میں زبردست مدوجزر کی وجہ سے سفر خطرناک صورت اختیار کر گیا اس لئے اسلامی فوج موسم خوشگوار ہونے تک اسی علاقہ میں ٹھہری رہی اور مجاہدین میں "حمام القہر" نامی ایک وبائی بیماری پھوٹ پڑی، جو منہ میں پھوڑے پھنسی کی شکل میں پیدا ہوتی تھی، اس میں تقریباً ایک ہزار مجاہدین وہیں انتقال کر گئے، جن میں حضرت امام ربیع بن صبیح بصری رح بھی تھے، اس کے بعد موسم خوش گوار ہونے پر اسلامی فوج براہ سمندر عراق کے لئے روانہ ہوئی، مگر جب فارس کے ایک ساحل پر پہونچی جسے بحر حمرا کہتے تھے تو رات کو نہایت تند و تیز ہوا چلی جس نے تمام جہازوں کو ڈبو دیا، اس طوفان کی وجہ سے کچھ آدمی سمندر میں غرق ہو گئے اور جو لوگ بچ گئے تھے انھوں نے یہاں کے قیدیوں کو بصرہ کے گورنر محمد بن سلیمان کی خدمت میں پیش کیا، ان میں بھاڑ بھوت کے راجہ کی بیٹی بھی شامل تھی، [1]

یزید بن حاتم مہلبی کی ذیلی امارت

روح بن حاتم مہلبی کے دور امارت میں اس کا بھائی یزید بن حاتم مہلبی بھی کئی جگہ کا امیر تھا، ابن حزم نے جمہرۃ انساب العرب میں لکھا ہے:

ولد حاتم بن قبیصة: روح ویزید، کلاھما ولی افریقیة والسند۔ [2]	حاتم بن قبیصہ کے لڑکے روح اور یزید دونوں افریقہ اور سندھ کے امیر و حاکم تھے،

یہ امارت اس کے بھائی کی نیابت اور قائم مقامی کی حیثیت سے تھی، یا پھر وہ کسی خاص جگہ کا امیر تھا، پورے ملک کا امیر نہیں تھا، اسی لئے ابن حزم کے علاوہ کسی مورخ نے یزید بن حاتم کی امارت سندھ کا تذکرہ نہیں کیا ہے، بعض

[1] تاریخ طبری ج ۶ ص ۱۹۲ [2] جمہرۃ انساب العرب ص ۳۰۰،

دوسرے قرائن بھی اس کے امیر سندھ ہونے کے ہیں:

چنانچہ اس کی تائید اس سے بھی ہوتی ہے کہ مشہور شاعر ربیعہ بن ثابت اسدی رقی نے یزید بن حاتم مہلبی کی مدح میں اشعار کہے جن میں یزید بن اُسید سُلمی کی ہجو بھی کی، اس کے جواب میں ابو الغراف عمرو بن مرثد سلمی سندھی نے اشعار کہے جن میں یزید بن اُسید کی مدح تھی، ربیعہ اسدی رقی کے اشعار یہ ہیں ؎

لَیَبْتَلَّنْ ما بین الیزیدین فی الندیٰ ٭ یزید سلیم، والاغر بن حاتم

یزید بن سلیم اور یزید بن حاتم دونوں میں جو دوسخا کے اعتبار سے بڑا فرق ہے،

فھمّ الفتی الازدی اتلاف مالہ وھمّ الفتی القیسی جمع الدراھم

ازدی نوجوان (یزید بن حاتم) کا حوصلہ مال خرچ کرنا ہے اور قیسی نوجوان (یزید بن سلیم) کا حوصلہ مال جمع کرنا ہے۔

فلا یحسب التمتام انی ھجوتہ ولکننی فضّلتُ اھل المکارم

احمق یہ نہ سمجھے کہ میں نے اس کی ہجو کی ہے ٭ بلکہ میں نے اہلِ مکارم کی منقبت بیان کی ہے

ان اشعار کے جواب میں ابو الغراف سلمی سندھی نے یمانیہ اور ربیعہ کی ہجو کرتے ہوئے یہ اشعار کہے ؎

لشتان ما بین الیزیدین فی الندیٰ اذا عُدّ فی الناس المکارم والمجد

جب لوگوں میں مجد و شرف کا تذکرہ ہوگا تو دونوں یزید میں بڑا فرق ہوگا

یزید بنی شیبان اکرم منھما وان غضبت قیس بن عیلان والازد

بنی شیبان کا یزید بن سلیم برتر ہے، اگرچہ قیس بن عیلان اور ازد کے قبائل ناراض ہوں۔

فتیً لم یلدہ من سلیم قبیلۃ ولا لخمٌ تنمیہ ولم تنمہ ھند

وہ ایسا بہادر اور نوجوان ہے کہ اسے بنو سلیم کے کسی قبیلے نے نہیں جنا ہے اور نہ ہی لخم اور نہ ہند اس سے نسبت رکھتے ہیں

ولکن نمتہ الغرّ من آل وائل وبرّۃ تنمیہ ومن بعد ھا ھند

بلکہ اس کی نسبت قبیلۂ وائل کے تابناک لوگوں سے اور برہ اور اس کے بعد ہند سے ہے۔

غالباً یہ واقعہ یزید بن حاتم مہلبی ازدی کی امارت کے زمانہ میں سندھ میں ہوا تھا، جب کہ ربیعہ رقی اور ابو العراف سلمی سندھی دونوں یہاں موجود تھے، [1]

سلیمان بن قبیصہ مہلبی کی ذیلی امارت اور خلیل بن احمد فراہیدی کو سندھ آنیکی دعوت

سندھ کے مہلبی امرا میں سلیمان بن قبیصہ بن یزید بن مہلب بھی ہے، جو امرائے سندھ یزید بن حاتم مہلبی اور روح بن حاتم مہلبی کا چچا تھا، اس کی ولایت و امارت کے زمانہ کی تعیین نہیں ہوسکی، غالباً وہ روح بن حاتم کے دور امارت میں کسی مقام یا کسی محکمہ کا امیر تھا، اس کا تذکرہ ابن معتز نے طبقات الشعراء میں امام لغت و ادب خلیل بن احمد فراہیدی کے حال میں کیا ہے، اس نے لکھا ہے:

ومما یختار قولہ لسلیمان بن قبیصۃ بن یزید بن المھلب وقد کتب الیہ یستزیرہ الی السند وکان والیاً علیھا۔

خلیل کے پسندیدہ اشعار میں اس کا وہ شعر ہے جسے اس نے سلیمان بن قبیصہ کے جواب میں کہا ہے، سلیمان نے اس کو سندھ آنے کی تحریری دعوت دی تھی جب کہ وہ سندھ کا والی تھا۔

---

[1] معجم الشعراء مرزبانی ص ۳۰، وفیات الاعیان ج ۱ ص ۲۰۷،

اس کے بعد یہ دو اشعار لکھے ہیں ؎

ابلغ سلیمان انی عنہ فی سعۃ ۔۔۔ وفی غنیً غیر انی لست ذا مال

سلیمان کو خبر کر دو کہ میں اس سے مستغنی اور بے نیاز ہوں، البتہ مالدار نہیں ہوں

الرزق عن قدرٍ لا الضعف ینقصہ ۔۔۔ ولا یزیدک فیہ حول محتال

روزی تقدیر سے ملتی ہے، آدمی کی کمزوری نہ اسے کم کرتی ہے اور نہ چارہ گر کی چارہ گری زیادہ کرتی ہے نیز ابن معتز نے لکھا ہے :

واھدیٰ الیہ سلیمان من السند ھدیۃ برزۃ فردھا وقال ؎ — سلیمان نے خلیل کے پاس سندھ سے نہایت عمدہ ہدیہ بھیجا مگر اس نے قبول نہیں کیا اور کہا

وخصلۃ یکثر لشیطان ان ذکرت ۔۔۔ منھا التعجب جاءت من سلیمانا

بہت سی ایسی باتیں سلیمان کی طرف سے ہوتی ہیں کہ اگر ان کو یاد کیا جائے تو شیطان تعجب کرنے لگے [1]

لا تعجبن لخیر زلّ عن یدہ ۔۔۔ فالکوکب النحس یسقی الارض احیانا

اس کے ہاتھ سے ایک کار خیر پر تم تعجب نہ کرو، کیونکہ منحوس نجم کبھی زمین کو سیراب کر دیتا ہے، سلیمان بن قبیصہ کا خلیل بن احمد کو سندھ آنے کی دعوت دینا اور اس کے پاس یہاں سے گراں قدر ہدیہ بھیجنا بتا رہا ہے کہ وہ یہاں کا میاب امیر تھا، اور کسی اچھے عہدہ پر مامور تھا،

روح بن حاتم کی معزولی اور نصر بن محمد بن اشعث خزاعی کی امارت ،

روح بن حاتم مہلبی تھوڑے ہی دن سندھ میں رہا اور اس کی جگہ نصر بن محمد بن اشعث خزاعی آیا، ابن اثیر نے لکھا ہے کہ ۱۶۱ھ میں نصر بن محمد بن اشعث نے

[1] طبقات الشعراء، ابن معتز صـ ۹۹،

عبداللہ بن مروان کو شام سے گرفتار کر کے خلیفہ مہدی کے دربار میں پیش کیا، اور اسی سال مہدی نے اس کو سندھ کی ولایت دی، [۱] اس کے دور میں بھی ملک کے حالات قابو میں نہ آسکے، اور جگہ جگہ سرتابی، سرکشی، اور شورش اٹھتی رہی،

سندھ امیر بصرہ محمد بن سلیمان ہاشمی کی ماتحتی میں

ان حالات میں یہاں کے سرکاری انتظام میں تبدیلی کی ضرورت محسوس ہوئی، چنانچہ اسی سال مہدی نے سندھ کو امیر بصرہ محمد بن سلیمان بن علی ہاشمی کے حوالہ کر دیا تاکہ وہ اس کو اپنے نظام میں لے کر مناسب کارروائی کرے، معلوم ہے کہ سندھ و مکران خلافت راشدہ اور خلافتِ امیہ میں سوادِ عراق میں شمار ہوتے تھے اور ان کا انتظامی تعلق بصرہ کے امراء و حکام سے تھا، وہی یہاں اپنی طرف سے امراء بھیجتے تھے، اور اپنی صوابدید کے مطابق یہاں کا نظام چلاتے تھے، مگر عباسی دور میں یہ صورت باقی نہیں رہی بلکہ براہ راست عباسی خلفاء سندھ میں اپنی طرف سے حکام روانہ کرتے تھے، یہ پہلا موقع ہے کہ عباسی خلافت میں سندھ کو بصرہ کے ماتحت کیا گیا، اس سے یہاں کے حالات کی ابتری کا اندازہ ہو سکتا ہے [۲]

محمد بن سلیمان کے پاس سندھ اور مکران کے ہدیے

جس زمانہ میں سندھ محمد بن سلیمان بن علی امیر بصرہ کی ماتحتی میں تھا یہاں سے عمدہ عمدہ ہدایا و تحائف اس کی خدمت میں بھیجے گئے جن میں سے بہت سے سامان اس کی موت کے بعد ملے، طبری نے لکھا ہے کہ جمادی الاولیٰ ۱۷۳ھ میں اس کا انتقال ہوا تو اس کے ذاتی خزانہ سے عمدہ سامان، مچھلیاں، قسم قسم کے غلہ جات، پنیر، کپڑے وغیرہ بڑی مقدار میں برآمد ہوئے جو سندھ،

---

[۱] تاریخ کامل ج ۶ ص ۱۹، [۲] المحمدون من الشعراء ص ۳۴۷۔

مکران، فارس، اہواز، یمامہ، رے، اور عمان سے ہدیہ اور تحفہ میں آئے تھے، ان میں اکثر چیزیں خراب وخستہ ہوچکی تھیں، منجملہ ان کے کنعدہ نامی ایک مچھلی تھی، اس کو محمد بن سلیمان اور جعفر بن سلیمان کے گھر سے نکال کر راستہ میں پھینک دیا گیا تھا اور آنے جانے والوں کے لئے مصیبت بن گئی تھی، راوی کا بیان ہے کہ اس کی بدبو کی وجہ سے کئی دن تک ہم اُدھر سے گذر نہیں سکتے تھے، (تاریخ طبری ج ۵ ص)

عبدالملک بن شہاب مسمعی کی چند روزہ امارت، اور نصر بن محمد بن اشعث کی واپسی

سندھ کے محمد بن سلیمان والی بصرہ کی ماتحتی میں آنے کے بعد نصر بن محمد بن اشعث کو معزول کرکے سندھ کی امارت عبدالملک بن شہاب مسمعی کو دی گئی جو ایک سال پہلے سنہ ۱۶۰ھ میں ایک زبردست بحری مہم لے کر ہندوستان آئے اور بھاڑ بھوت کی فتح کے بعد واپس چلے گئے تھے، مگر وہ سندھ کی امارت پر بیس دن سے کم ہی رہ سکے اور ان کو معزول کرکے نصر بن محمد بن اشعث کو دوبارہ یہاں کی امارت دی گئی، وہ اس وقت سندھ ہی میں مقیم تھے، خلیفہ نے لکھا ہے:

ثم جاءہ عھدہ	عبدالملک کے بعد سندھ کی ولایت
وھو بالبلد [1]	کا عہدہ نصر کو سپرد ہوا اس وقت
	وہ یہیں موجود تھے،

اور یعقوبی نے سندھ کی امارت میں ردوبدل کو ان الفاظ میں بیان کیا ہے:

وولی نصر بن محمد بن	نصر بن محمد خزاعی کو سندھ کی ولایت
الاشعث الخزاعی ثم ضم	ملی، پھر سندھ کو محمد بن سلیمان ہاشمی

[1] تاریخ خلیفہ ج ۲ ص ۶۹۷،

السند الی محمد بن سلیمان بن علی الھاشمی و استعمل علیھا عبد الملک بن شھاب المسمعی فولی اقل من عشرین یوماً وردت السند الی نصر بن محمد بن الاشعث۔ [1]

کی ماتحتی میں دے دیا گیا، اور اس نے یہاں کی امارت عبد الملک بن شہاب مسمعی کو دی، جو بیس دن سے کم ہی یہاں رہا، اس کے بعد یہاں کی امارت دوبارہ نصر بن محمد کے حوالہ کردی گئی،

یہ امارتی تبدیلیاں ۱۶ھ کی جنگِ بار بد کے بعد ہوئیں، اور اس کے ایک سال بعد عبد الملک بن شہاب یہاں کا امیر ہوا، ایسا معلوم ہوتا ہے کہ سندھ کے انتشار کی وجہ سے ۱۶ھ میں یا اس سے کچھ پہلے ہی اس کو بصرہ کے زیر انتظام لانے کی بات چل رہی تھی، یہی وجہ ہے کہ فتح بار بد کے بعد اسلامی فوج اپنے امیر عبد الملک بن شہاب کی سرکردگی میں بصرہ کے امیر محمد بن سلیمان کی خدمت میں پہونچی اور اس کو یہاں کے جنگی قیدی پیش کئے اس کے بعد عبد الملک بن شہاب سندھ کا مستقل امیر بن کر آیا مگر یہاں کی منزلزل سیاست میں بیس دن سے کم ہی رہ سکا، اور سندھ کو بصرہ کے ماتحت کرنا بھی کچھ زیادہ مفید ثابت نہیں ہوا، اس لئے نصر بن محمد بن اشعث خزاعی کو یہاں کی امارت واپس کردی گئی، اس مدت میں وہ یہیں تھا، بعض روایات میں ہے کہ وہ عراق روانہ ہوگیا تھا مگر راستہ سے واپس کرکے دوبارہ امیر بنایا گیا،

زبیر بن عباس ہاشمی کی امارت

نصر بن محمد خزاعی کے دوبارہ سندھ کی امارت پر آنے بعد بھی ملک کے حالات سدھر نہ سکے، ایک طرف جاٹوں اور مقامی باشندوں کی شرارت و شورش اور دوسری طرف یہاں کے عربوں کی قبائلی عصبیت اور علاقہ گیری نے پورے ملک میں بے چینی

[1] تاریخ یعقوبی ج ۲ ص ۲۷۹ و ص ۲۸۰،

عام کر رکھی تھی، ان حالات میں پھر سندھ کی امارت میں تبدیلی ہوئی اور نصر بن محمد خزاعی کی جگہ زبیر بن عباس بن عبداللہ بن حارث بن عباس بن عبدالمطلب ہاشمی کو خلیفہ مہدی نے یہاں کی ولایت دی، مگر یعقوبی کے بیان کے مطابق وہ شہر منصورہ میں نہ آسکا،

ولم یبلغ البلد [1] وہ منصورہ تک نہ پہونچ سکا،

مگر ابن حزم نے جمہرۃ انساب العرب میں اس کے والی سندھ ہونے کی تصریح کرکے ایسی کوئی بات نہیں لکھی ہے:

الزبیر بن العباس بن عبداللہ بن الحارث بن العباس ولی السند [2] زبیر بن عباس سندھ کی ولایت پر تھا:

ہمارا خیال ہے کہ زبیر بن عباس سندھ کی ولایت پر اتنی قلیل مدت رہا کہ اس کا رہنا نہ رہنا دونوں برابر تھا حتی کہ یعقوبی اور ابن حزم کے علاوہ اور کسی مؤرخ نے اس سلسلہ میں اس کا نام تک نہیں لیا ہے، ایسی حالت میں اسکی امارت اور خدمت کے بارے میں کیا معلومات مل سکتی ہے؟

سفیح بن عمرو تغلبی کی امارت اور سندھ میں قبائلی عصبیت کا زور

خلیفہ ابوجعفر منصور کے دور میں سندھ کے حالات حد درجہ خراب ہوگئے تھے، جگہ جگہ عرب قبائل اقتدار و غلبہ کی کوشش میں تھے، علوی دعاۃ و مبلغین اپنا کام کر رہے تھے، مقامی راجے اور بحری قزاق الگ فتنہ برپا کیے ہوئے تھے، ان ناگفتہ حالات میں ابوجعفر منصور نے ہشام بن عمرو تغلبی کو یہاں کی امارت دی، اس نے اپنے دونوں بھائیوں سفیح بن عمرو، اور بسطام بن عمرو کو لے کر ملک کی سالمیت کے لئے شاندار کارنامے انجام دیے، جن میں سفیح کی

[1] تاریخ یعقوبی ج ۲ ص ۴۸۰، [2] جمہرۃ انساب العرب ص ۱۰۔

جنگی مہمات اور تادیبی کارروائیاں نمایاں ہیں،

خلیفہ مہدی کے زمانہ میں یہاں کے حالات پھر بگڑ گئے اور ان پر قابو پانا سخت مشکل ہوگیا، ۱۶۱ھ میں غزوۂ بارید ہوا، اس کے بعد سندھ کو بصرہ کے ماتحت کیا گیا، اور آگے، دن امارت میں ردوبدل ہوتی رہی، مگر حالات قابو میں نہ آسکے اس لئے مہدی نے اپنے والد کے زمانہ کے ایک تجربہ کار اور کامیاب حاکم کو جو سندھ کے سرد وگرم میں کام کرچکا تھا یہاں کی امارت پر روانہ کیا، یعنی سفیح بن عمرو تغلبی کو امیر سندھ بنایا، [1]

مگر سفیح بن عمرو تغلبی کی امارت اب کے بار ناکام رہی، اور وہ یہاں آکر کوئی کارنامہ انجام نہ دے سکا، اس وقت یہاں کے عربوں کی نسلی اور قبائلی عصبیت نے پہلی بار کھل کر اپنے بال وپر نکالے، اور انفرادی اور شخصی حیثیت سے گذر کر اجتماعی اور قبائلی حیثیت سے اپنے کو نمایاں کیا،

قبائلی عصبیت کا زہر عباسی دعوت کے دعاۃ ومبلغین نے بنوامیہ کی مخالفت میں تقریباً ہر جگہ کے عربوں میں پھیلایا تھا، جو آگے چل کر خود خلافت عباسیہ کے حق میں خطرناک صورتوں میں جگہ جگہ اور وقتاً فوقتاً ظاہر ہونے لگا اور جو حربہ دوسروں پر استعمال کیا جاتا تھا وہ اپنے ہی اوپر چلنے لگا، عباسی دعوت کے داعیٔ اعظم ابومسلم خراسانی نے خراسان کے مروانی امیر نصر بن سیار سے جنگ ومقابلہ میں پورے خراسان کے عربوں میں قحطانی اور عدنانی یا یمانی اور مزاری فتنہ کو ہوا دی اور خوب خوب عصبیت پھیلائی، مسعودی نے لکھا ہے

وکانت لہ مع ابی مسلم حروب	نصر بن سیار اور ابومسلم میں لڑائیاں
اکثر فیھا ابومسلم الحیل والمکائد	ہوئیں جن میں ابومسلم نے خراسان

[1] تاریخ خلیفہ ج ۲ ص ۶۹۷ وتاریخ یعقوبی ج ۳ ص ۱۲۸۔

من تفرقة بين اليمانية، و النزارية بخراسان وغير ذلك مما احتال به على عدوه[1]

کے یمانیہ اور نزاریہ میں تفرقہ پیدا کرکے اپنے دشمن کے خلاف طرح طرح کی سازش اور ترکیب کی،

اسی طرح شام وغیرہ میں قبائلی عصبیت پھیلائی گئی جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ خلافتِ عباسیہ کی ابتدا ہی میں عربوں نے اسی بنیاد پر غلبہ و استیلاء کی کوشش شروع کردی، ہندوستان میں عربوں کی قبائلی جنگ و عصبیت کی ابتداء ابوجعفر منصور کے دور میں عیینہ بن موسیٰ بن کعب تمیمی کی امارت میں ہوئی جب کہ یمن کے قبیلۂ ربیعہ کی فوجوں نے اس کی مخالفت کرکے ہنگامہ برپا کیا، بیت المال کے تالے توڑ کر نقدی اور سامان لوٹا، اور عیینہ نے ان کو قتل کیا اس ہنگامہ کی گونج سجستان اور رخج تک پہونچی، چنانچہ جب عیینہ بغاوت کے بعد گرفتار کرکے بغداد پہونچایا جارہا تھا تو راستہ میں رخج کے قریب یمانی عربوں کی ایک جماعت نے اسے قتل کردیا، یہی فتنہ سندھ میں پرورش پاتا رہا اور رہ رہ کر عربوں کے ظہور و غلبہ اور خروج و استیلاء کا باعث بنا حتی کہ تیس سال گذرتے گذرتے خلیفہ مہدی کے زمانہ میں حدود ۱۶۵ھ میں پورا سندھ اس کی لپیٹ میں آگیا،

لیث بن طریف خزائی کی امارت اور جاٹوں کا صفایا

سفیح بن عمرو تغلبی کی امارت کا زمانہ ہرج و مرج اور مختلف قسم کے ہنگاموں میں گذرا، خصوصاً سندھ کے عربوں میں باہمی جنگ و جدال اور نفرت و عصبیت کی گرم بازاری ہوئی اور مہدی نے اپنے غلام لیث بن طریف خزائی کو یہاں کا امیر بنایا، جس نے ایک حد تک حالات درست کئے، خاص طور سے جاٹوں

[1] مروج الذہب ج ۳ ص ۲۵۵،

کی طاقت توڑ کر رکھدی اس کے کارنامہ کی داستان یعقوبی کے الفاظ میں یہ ہے:

وکانت العصبیۃ بالسند اول ما وقعت، فاستعمل لیث بن طریف مولاہ فقدم المنصورۃ فاقام بھا شھراً، والزط قد کثروا فجر دعلیھم السیف فأفناھم۔ [1]

سندھ میں پہلی بار قبائلی عصبیت کھل کر سامنے آئی تو خلیفہ مہدی نے اپنے غلام لیث بن طریف کو یہاں کا امیر بنایا، اس نے منصورہ آکر ایک ماہ قیام کیا، اس وقت جاٹوں نے بڑی شورش برپا کر رکھی تھی، لیث نے تلوار کے ذریعہ ان کو ختم کیا،

جاٹوں کی شرارت وشورش کی ابتداء مہدی کے ابتدائی دور میں ۱۵۹ھ میں ہوچکی تھی جب روح بن حاتم سندھ کی امارت پر آیا تھا یعقوبی نے لکھا ہے:

واستعمل المھدی روح بن حاتم المھلبی علی السند فقدمھا والزط قد تحرکوا بھا۔ [2]

مہدی نے روح بن حاتم کو سندھ کا امیر بنایا جس وقت وہ یہاں آیا جاٹوں نے شورش برپا کر رکھی تھی،

ان کی حرکت وشرارت چھ سال کے اندر ہر طرف جڑ پکڑ گئی تھی، اس درمیان میں متعدد امراء آئے، نظام حکومت میں تبدیلی ہوئی، امراء وعمال اپنے اپنے انداز میں تادیب وسرزنش کرتے رہے، مگر جاٹوں کی بدامنی اور غارت گری میں کمی ہونے کے بجائے زیادتی ہوتی گئی، آخر مہدی نے اپنے معتمد خاص اور غلام لیث بن طریف خزاعی کو ان کی تادیب وسیاست کے لئے بھیجا، ساتھ ہی بصرہ سے فوجی مدد بھیجی، اور ایک سخت کارروائی کے بعد چھ سال فتنہ ٹھنڈا

[1] تاریخ یعقوبی ج ۲ ص ۴۸۰، ۳، عہ ۴۷۹،

ہوا، لیث بن طریف نے ایک مہینہ تک دار الامارہ منصور میں رہ کر فوجی تیاری کی اور ہر طرح کے انتظامات مکمل کرنے کے بعد اچانک جاٹوں پر یوں دھاوا بول دیا کہ ان کا قلع قمع ہوگیا اور طاقت کے ذریعہ ان کو سوت کے گھاٹ اتار دیا گیا، خلیفہ مہدی نے اس مہم میں بھی ذاتی دلچسپی لی اور فوج بھیجی، یعقوبی نے لکھا ہے کہ ۱۶۵ھ میں مہدی حج کے ارادہ سے بغداد سے بصرہ گیا، وہاں معلوم ہوا کہ سندھ میں سخت بے چینی پھیلی ہوئی ہے، تو لیث بن طریف کے پاس بصرہ سے فوج روانہ کی، اور چونکہ اس سال مکہ مکرمہ کے راستہ میں پانی کی سخت قلت تھی اس لئے بصرہ سے بغداد واپس چلا آیا، [1]

سندھ و ہند اور عجم کے بادشاہوں کو مہدی کی دعوت اطاعت و اسلام

اموی خلفاء میں حضرت عمر بن عبد العزیزؒ نے ہندوستان کے راجوں مہاراجوں کو اسلام و اطاعت کی دعوت دی تھی اور بہت سے راجے مہاراجے مسلمان ہو گئے تھے جس سے بڑی حد تک جنگ و جدال کے بجائے محبت و عقیدت کی فضا پیدا ہو گئی تھی، عباسی خلفاء میں مہدی نے اس سیاست پر عمل کر کے ہندوستان اور سندھ کے تقریباً تمام بادشاہوں کو اسلام اور صلح و اطاعت کی دعوت دی اور اس اہم کام کے لئے صرف دعوتی خطوط پر اکتفاء نہیں کیا بلکہ خصوصی نمایندے اور وفود بھیجے، اس کے نتیجہ میں اکثر بادشاہوں نے صلح و اطاعت قبول کر لی، بلکہ ان میں سے کئی اسلام لائے، یعقوبی نے اس کا تذکرہ کیا ہے؛

ووجه المهدی رسلا	مہدی نے بادشاہوں کو صلح و اطاعت
الی الملوك یدعوهم الی	کی دعوت دی اور ان کے پاس قاصد

[1] تاریخ یعقوبی ج ۳ ص ۱۳۶ طبع نجف،

الطاعة فدخل اکثر هم فی طاعته۔

بھیجے، چنانچہ اکثر نے اس کی اطاعت منظور کرلی،

پھر ان کے نام یوں گنائے ہیں، کابل کا جنحل؟، طبرستان کا اصبہبذ، سعد کا اخشید، طخارستان کا شروین، بامیان کا شیر، فرغانہ کا ہرمزان؟ اسروشنہ کا افشین، لخرلخیہ کا جیغویہ، سجستان کا رتبیل، ترک کا طرخان، تبت کا "ھورن"؟ سندھ کا رائے، چین کا بغبور، ہندوستان کا مہراج پورس، اور تغرغز کا خاقان[1]

سندھ کے اندرونی حالات کو دیکھتے ہوئے اندازہ ہوتا ہے کہ یہ دعوت و وفادت مہدی کے ابتدائی دور میں ہوئی ہوگی تاکہ یہاں کے ناگوار حالات و معاملات میں اطراف وجوانب کے بادشاہ حصہ نہ لیں اور یہ مقامی قضیہ کسی بڑے فتنہ کا سبب نہ بن جائے، چنانچہ ان پڑوس حکمرانوں نے بھی صلح و مصالحت پر لبیک کہا،

محمد بن لیث بن طریف خزاعی کی وقتی امارت،

خلیفہ مہدی کے آخر زمانہ میں یہاں کا امیر لیث بن طریف تھا، جس نے وقتی طور سے یہاں کے عربوں کی عصبیت جاہلیہ اور جاٹوں کی فتنہ پروری اور غارت گری ختم کی، اور خلیفہ موسیٰ ہادی (۱۶۹ھ تا ۱۷۰ھ) کے مختصر دور میں بھی وہی امیر سندھ تھا، خلیفہ بن خیاط کے بیان کے مطابق موسیٰ ہادی نے اس کو بغداد بلایا اور وہ اپنے بیٹے محمد بن لیث کو نائب بنا کر روانہ ہوا مگر وہ راستہ ہی میں تھا کہ موسیٰ فوت ہوگیا،

السند۔ مات المھدی و علیھا اللیث مولاہ، فکتب الیہ موسی ان یستخلف ولدہ محمدا،

مہدی کی وفات کے وقت لیث سندھ کا امیر تھا جسے موسیٰ نے بلایا اور وہ اپنے بیٹے محمد بن لیث کو اپنا جانشین

---

[1] " ج ۲ ص ۴۷۹،

واستخلف ابنه محمد بن الليث فمات موسیٰ قبل ان یصل الیہ [1]

بنا کر روانہ ہوا، مگر اس کے پہونچنے سے پہلے ہی موسیٰ کا انتقال ہوگیا،

محمد بن لیث نے اپنے والد کی قائم مقامی کے مختصر ایام میں کوئی قابل ذکر کارنامہ انجام نہیں دیا، بلکہ باپ نے یہاں امن وامان کی جو فضا قائم کی تھی اس کی حفاظت، یہی اس وقت بہت بڑی خدمت تھی،

ابوحارثہ ہندی، مہدی کے سرکاری خزانہ کا کلید بردار

خلیفہ مہدی کے زمانہ میں بیت المال یعنی سرکاری خزانہ کا کلید بردار ابوحارثہ ہندی تھا، ایک مرتبہ خزانہ خالی ہوگیا اور ابوحارثہ ہندی نے یہ کہہ کر کنجیاں مہدی کے سامنے ڈال دیں کہ خالی خزانہ کی کنجی رکھنے سے کیا فائدہ؟ اسے کسی اور کے حوالہ کردیں، اس کے بعد مہدی نے مالیات کی فراہمی کا انتظام کرکے چند دنوں میں خزانہ بھر دیا، اور ابوحارثہ ہندی حساب وکتاب کی مشغولیت کی وجہ سے تین دن تک دربار میں حاضر نہ ہوسکا۔

جب وہ پہونچا تو مہدی نے تاخیر کی وجہ دریافت کی، اس نے بتایا کہ خزانہ کا حساب وکتاب درست کررہا تھا، مہدی نے کہا اے احمق گنوار؟ کیا تم سمجھ رہے تھے کہ بوقت ضرورت ہمارے پاس دولت نہیں آجائے گی؟ ابوحارثہ نے عرض کیا کہ جب کوئی حادثہ ہوجائیگا تو انتظار نہیں کرے گا کہ آپ مال جمع کرسکیں، [2]

مہدی کی باندی سکر سندیہ

مہدی کی باندیوں میں سکر سندیہ بھی تھی جس کے بطن سے اسحاق بن مہدی پیدا ہوا۔ اس کے کان چھدے ہوئے تھے، [3]

---

[1] تاریخ خلیفہ ج ۲ ص ۱۰۰، [2] مروج الذہب ج ۲ ص ۲۴۸، [3] ابن خلکان ذکر داؤد بن عمر بن ٹھمان سلمی
[4] کتاب المنمق ص ۵۰۵،

ہادی کے زمانہ میں ایک ناگوار واقعہ سندھ میں پیش آیا جس کی وجہ سے ہندوستان اور عرب میں سندھی غلاموں اور ملازموں کی قدر و قیمت ختم ہوگئی اور ان کی نیک نامی بدنامی سے بدل گئی،

مسعودی نے مروج الذہب میں اور ابن عماد نے شذرات الذہب میں لکھا ہے کہ عیسیٰ بن داب علمائے حجاز میں علم و ادب اور معلومات کے اعتبار سے اپنے زمانہ کے سب سے بڑے عالم تھے، خلیفہ ہادی ان کا شیدائی تھا، ان کا بیان ہے کہ ہادی کے دربار میں یہ خبر پہونچائی گئی کہ شہر منصورہ میں ایک مہلبی رئیس و شریف نے ایک سندھی ——— یا ہندی لڑکے کی تربیت کی، یہ لڑکا بڑا ہوکر اس کی باندی پر فریفتہ ہوگیا اور اسے بہلا پھسلا کر اپنی طرف مائل کرلیا، اتفاق سے ایک مرتبہ آقا نے دونوں کو یکجا دیکھ لیا، اور سزا کے طور پر غلام کو خصی کر دیا، پھر خود ہی اس کا علاج بھی کیا، اور حسب سابق اپنے آقا کے یہاں رہنے سہنے لگا، اس کے آقا کے دو لڑکے تھے، ایک ابھی بچہ تھا اور دوسرا بلوغت کے قریب پہونچ گیا تھا، ایک دن جب کہ آقا باہر تھا، وہ غلام دونوں لڑکوں کو لے کر مکان کی چھت پر چڑھ گیا، جب آقا نے آکر یہ حال دیکھا تو کہا کہ تم میرے لڑکوں کو وہاں کیوں لے گئے ہو کیا ان کو ہلاک کرنے کا ارادہ ہے؟ غلام نے نہایت لاپروائی سے کہا کہ یہ سب باتیں چھوڑو اگر تم میرے سامنے اپنے جسم کے مخصوص حصہ کو نہیں کاٹو گے تو میں ان دونوں کو یہیں سے نیچے گرادوں گا، آقا نے یہ سن کر شور مچایا اور کہا کہ خدا کے لئے میرا اور میرے لڑکوں کا خیال کرو، غلام نے کہا کہ مجھے اپنی جان کی پروا نہیں ہے، ان دونوں کی پروا کیا ہوگی، یہ کہہ کر دونوں لڑکوں کو نیچے پھینکنے کا ارادہ کیا، یہ منظر دیکھ کر

آقا گھبرایا اور چھری لاکر اس کے سامنے اپنا جسم کاٹ دیا، اس کے باوجود غلام نے دونوں لڑکوں کو وہیں سے گرادیا، اور وہ ٹکڑے ٹکڑے ہوگئے، اس کے بعد غلام نے کہا کہ تم نے جو کچھ کیا وہ میرا بدلہ تھا اور میں نے جو کچھ کیا منافعہ ہے، جب ہادی کو اس حادثۂ فاجعہ کی خبر ہوئی تو اس نے امیر سندھ کو خط لکھ کر غلام کو عبرتناک سزا اور مملکت سے سندھی غلاموں کے اخراج کا حکم دیا،

فکتب الھادی بالکتاب الی صاحب السند یقتل الغلام وتعذیبہ بما قطع ما یمکن من العذاب وامر باخراج کل سندی مملکتہٗ

ہادی نے امیر سندھ کو لکھا کہ اس غلام کو بدترین سزا دے کر قتل کردیا جائے، نیز پوری مملکت سے سندی غلاموں کا اخراج کیا جائے،

اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ ہادی کے زمانہ میں سندھی غلاموں کی قدر و قیمت بہت گرگئی اور وہ بہت حقیر و ذلیل سمجھے جانے لگے، [۱]

اس کے علاوہ ہادی کے دور میں سندھ کے اندر کوئی قابلِ ذکر بات تاریخوں میں نہیں ملتی ہے،

لیث بن طریف کی دوبارہ امارت،

معلوم ہو چکا ہے کہ مہدی کی وفات کے وقت سندھ کی امارت پر محمد بن لیث بن طریف اپنے والد کا جانشین تھا جو ہادی کی دعوت پر سندھ سے بغداد روانہ ہوا۔

مگر وہ راستہ ہی میں تھا کہ ہادی کا انتقال ہوگیا، اور ہارون رشید کی خلافت میں بغداد پہونچا، تو ہارون رشید نے اس کو دوبارہ سندھ کی امارت پر روانہ کیا، خلیفہ بن خیاط نے ہارون رشید کے سندھی امراء میں سب سے پہلے اسی کی امارت اور معزولی کا تذکرہ کیا ہے۔

---

[۱] مروج الذہب ج ۳ ص ۳۳۵، و شذرات الذہب ج ۱ ص ۲۷۲۔

السند - ولاھا اللیث مولیٰ امیر المؤمنین ثم عزلہ [1]

ہارون نے لیث کو سندھ کا امیر بنایا، پھر معزول کر دیا،

لیث کی یہ دوبارہ امارت بالکل ہنگامی اور وقتی تھی، دوسرے مؤرخوں نے اس کا تذکرہ نہیں کیا ہے ہو سکتا ہے کہ لیث بن طریف کی سندھ میں واپسی پہلی امارت کے سلسلہ کی کڑی ہو، جیسا کہ یعقوبی کے بیان سے معلوم ہوتا ہے،

سالم بن ابوسالم یونسی کی امارت

خلیفہ بن خیاط نے ہارون کے دور میں لیث بن طریف کو پہلا امیر سندھ بتایا ہے اور یعقوبی نے سالم بن ابوسالم یونسی کو اس عہد کا پہلا امیر بتایا ہے جو لیث بن طریف کی معزولی کے بعد سندھ گیا۔

واستعمل ھارون علی السند سالمًا الیونسی مولی اسمٰعیل بن علی مکان اللیث مولی امیر المومنین۔

ہارون رشید نے لیث کی جگہ سالم یونسی کو سندھ کا امیر بنایا۔

خلیفہ نے بھی سالم بن ابی سالم کی امارت کا تذکرہ اسی انداز میں کیا ہے مگر اس میں ہے۔

ثم عزلہ وولاھا الیونسی سالم مولی امیر المومنین۔

ہارون رشید نے لیث کو معزول کر کے سالم یونسی کو امیر بنایا،

خلیفہ نے سالم کی نسبت یونسی کے بجائے برنسی اور مولی اسمٰعیل بن علیؓ کے بجائے مولیٰ امیر المومنین بتائی ہے، سالم کو یہاں رہنے کا موقع بہت کم ملا، مگر جتنے دن رہا، نہایت نیک نامی اور ناموری کے ساتھ رہا، یعقوبی نے اس سلسلہ میں صرف ایک جملہ لکھا ہے:

فاحسن السیرۃ

اس نے خوش خلقی کا معاملہ کیا،

---

[1] تاریخ خلیفہ ج ۲ ص ۴۶۰۔

سالم یونسی کی موت اور ابراہیم بن سالم کی وقتی امارت،

سالم یونسی کی مدتِ امارت بہت مختصر ہے، وہ سندھ آنے کے بعد ہی منصورہ میں فوت ہوگیا اور انتقال کے وقت اپنے لڑکے ابراہیم کو جانشین بنایا جو ایک سال تک یہاں رہا، خلیفہ نے اس کی امارت و نیابت کا تذکرہ ان الفاظ میں کیا ہے:

وولاھا البونسی سالم مولی امیر المومنین، فمات بھا واستخلف ابنہ ابراھیم بن سالم فولیھا سنۃ ثم عزل۔	ہارون رشید نے سالم برنسی کو سندھ کا امیر بنایا، وہ وہیں فوت ہوگیا، اور مرتے وقت اپنے بیٹے ابراہیم بن سالم کو جانشین بنایا جو ایک سال اپنے عہدے پر رہ کر معزول ہوا،

یعقوبی اور دوسرے مؤرخوں نے صرف سالم بن ابو سالم یونسی کی امارت کا تذکرہ کیا ہے، ابراہیم بن سالم کی نیابت و امارت کی تصریح صرف خلیفہ نے کی ہے اس کے علاوہ کچھ معلوم نہیں ہے، سندھ کی امارت میں یہ تبدیلیاں ۱۷۰ھ سے ۱۷۴ھ تک چار سال میں ہوئیں،

اسحاق بن سلیمان ہاشمی کی امارت

ایک سال کے بعد ہارون رشید نے ابراہیم بن سالم کو سندھ سے معزول کرکے ۱۷۴ھ میں اسحاق بن سلیمان بن علی ہاشمی کو امیر بنایا، اس کی امارت کا تذکرہ یعقوبی اور خلیفہ دونوں نے کیا ہے، یعقوبی نے مزید یہ لکھا ہے:

وقدم البلد، وکان عفیفا۔	وہ منصورہ میں آیا اور پرہیزگار آدمی تھا،

ابن اثیر نے تصریح کی ہے کہ وہ ۱۷۴ھ میں سندھ و مکران کا امیر ہوا، ابن خلدون نے ۱۷۴ھ میں اس کی وفات بیان کی ہے، حالانکہ وہ ۱۷۵ھ اور ۱۷۸ھ

میں سندھ کا حاکم تھا،[1] اسحاق بن سلیمان کے بارے میں صرف اتنا معلوم ہو سکا کہ وہ دار الامارہ منصورہ میں آیا، اور اپنی عفت و شرافت کی وجہ سے نیک نام رہا

طیفور بن عبداللہ حمیری کی امارت اور سندھ میں قبائلی عصبیت کا زور

اسحاق بن سلیمان ہاشمی بھی اپنے پیش رو امرائے سندھ کی طرح یہاں زیادہ دنوں تک نہ رہ سکا، اور اس کی جگہ ہارون رشید نے طیفور بن عبداللہ بن منصور حمیری مولی مہدی کو یہاں کا امیر بنایا، خلیفہ بن خیاط نے اس کا نام محمد بن طیفور بتلایا ہے مگر صحیح طیفور ہے، اس کی امارت کا تذکرہ یعقوبی نے ان الفاظ میں کیا ہے:

ثم عزله، وولی طیفور بن عبد الله بن منصور الحمیری، فهاجت بین الیمانیة والنزاریة حرب، فوجّه جابر بن الاشعث الطائی علی غربی النهر ومکران[2]	ہارون رشید نے اسحاق کو سندھ کی امارت سے معزول کر کے طیفور بن عبداللہ حمیری کو امارت دی اس وقت یہاں کے یمانیہ اور نزاریہ کے درمیان جنگ برپا ہو گئی اور طیفور نے جابر بن اشعث طائی کو دریائے سندھ کے مغرب اور مکران پر مامور کیا،

معلوم ہو چکا ہے کہ چند سال پہلے مہدی کے دورِ خلافت میں یمانی اور نزاری قبائل نے یہاں باہمی عصبیت و عداوت کا بازار گرم کر رکھا تھا، اور لیث بن طریف خزاعی نے بڑی حد تک اس فتنہ کو ختم کر دیا تھا، مگر اس کی جڑیں اس قدر مضبوط ہو چکی تھیں کہ وقتاً فوقتاً اس کا ظہور ہوتا رہتا تھا،

---

[1] تاریخ خلیفہ ج ۲ ص ۴۶۲، تاریخ یعقوبی ج ۲ ص ۴۹۳، تاریخ کامل ج ۹ ص ۴۶ ہ (ص ۴۰)، تاریخ ابن خلدون ج ۳ ص ۴۶۳، [2] تاریخ یعقوبی ج ۲ ص ۴۹۳ (ص ۴۹۴)

چنانچہ ہارون رشید جیسے عظیم حکمران کے زمانہ میں بھی اس نے پھر سر اٹھایا، اور پورے قلمرو خلافت میں جگہ جگہ ہنگامہ برپا ہوا، ہندوستان بھی اس کی لپیٹ میں آیا، طیفور بن عبداللہ حمیری نے پوری کوشش کی کہ یہ فتنہ ختم ہو جائے، خود دار الامارہ منصورہ میں رہ کر سندھ کے حالات درست کرنے میں منہمک رہا، اور اپنے ایک ماتحت امیر جابر بن اشعث طائی کو دریائے سندھ کے مغربی علاقہ اور مکران میں بھیجا، یہاں یہ بات ملحوظ رکھنی چاہئے کہ طیفور حمیری اور جابر طائی دونوں یمانیہ گروہ سے تعلق رکھتے تھے اور نسلاً اہل یمن میں سے تھے، اس لئے وہ غیر جانبدار نہیں کہے جا سکتے تھے:

سعید بن مسلم باہلی کی امارت، اور اس کے بھائی کثیر بن مسلم کا نامناسب رویہ،

طیفور حمیری کے بعد ہارون رشید نے یہاں کی امارت سعید بن مسلم بن قتیبہ باہلی کو دی اور اس نے اپنے بھائی کثیر بن مسلم بن قتیبہ باہلی کو اپنے کاموں میں شریک کیا، سعید بن مسلم حدیث و عربیت کا اچھا عالم تھا مگر اس نے امارت و حکومت کی راہ اختیار کر لی تھی، سندھ سے پہلے خراسان کے علاقہ مرو کا حاکم تھا اور کثیر بن سجستان کا حاکم رہ چکا تھا، دونوں بھائیوں کی امارت کے بارے میں یعقوبی نے لکھا ہے:

وولی سعید بن مسلم بن قتیبة، فوجه اخاه کثیر بن مسلم فأساء السیرة وکان مذمومًا۔[1]	سعید بن مسلم سندھ کا والی بنایا گیا تو اس نے اپنے بھائی کثیر بن مسلم کو یہاں بھیجا جس نے بدکرداری کا ثبوت دیا وہ بدنام آدمی تھا،

اور خلیفہ بن خیاط نے لکھا ہے:

---

[1] تاریخ یعقوبی ج ۲ ص ۴۵۴،

وولی سعید بن مسلم بن قتیبة، فوجه اخاه کثیر بن مسلم ثم عزل۔ [1]	سعید بن مسلم سندھ کا امیر بنا تو اپنے بھائی کثیر بن مسلم کو یہاں بھیجا، پھر سعید معزول کر دیا گیا،

یعقوبی کے بیان سے کثیر بن مسلم کی ناکامی اور غیر ذمہ دارانہ روش کی شہادت ملتی ہے، اور یہ کہ اس کا دورِ امارت ناکام تھا،

سندھ والی بصرہ عیسی بن جعفر بن منصور کی ماتحتی میں،

سعید بن مسلم کا دور امارت قبائلی عصبیت کی وجہ سے سخت اضطراب میں گذرا، یمانیہ اور نزاریہ کی جنگ میں نزاریہ پورے سندھ پر قبضہ کا منصوبہ تیار کر رہے تھے، سندھ کے مشرق میں ملتان ان کے قبضہ میں تھا گویا پورے پنجاب پر ان کا تسلط تھا، ان حالات میں ہارون رشید نے سندھ اور مکران کو پھر امیر بصرہ عیسی بن جعفر بن منصور کے حوالہ کر دیا، اس وقت بصرہ اور اس کے نواحی علاقہ کے علاوہ فارس، اہواز اور یمامہ بھی اس کی ماتحتی میں تھے، اب سندھ بھی اس کے ماتحت کر دیا گیا، اس سے پہلے مہدی کے زمانہ میں بھی سندھ حاکم بصرہ محمد بن سلیمان بن ہاشمی کے حوالہ کیا جا چکا تھا، اس وقت سندھ عربوں کی قبائلی جنگ اور استیلاء و غلبہ کا اکھاڑہ بنا ہوا تھا،

محمد بن عدی تغلبی کی امارت اور قبائلی عصبیت کی شدت،

سندھ کے عیسی بن جعفر کی ماتحتی میں جانے کے بعد یہاں کی امارت سے سعید بن مسلم کو معزول کر کے محمد بن عدی تغلبی کو لایا گیا، خلیفہ بن خیاط نے سندھ کے بصرہ سے الحاق کا تذکرہ نہیں کیا ہے صرف سعید بن مسلم کی معزولی اور محمد بن عدی تغلبی کی امارت کو بیان کیا ہے، نیز یہ کہ سابق

---

[1] تاریخ خلیفہ ج ۲ ص ۴۶۷۔

امیر سندھ ہشام بن عمرو تغلبی کا بھانجا تھا، جب وہ منصورہ سے ملتان پہونچا تو ملتان والوں نے اس کو شہر میں داخل نہیں ہونے دیا، اس کی تفصیل یعقوبی نے یوں بیان کی ہے:

قبعث الیھا محمد بن عدی التغلبی، فلما قدم بدء بالعصبیۃ والتحامل وضرب القبائل.	ہارون رشید نے محمد بن عدی کو سندھ بھیجا، اس کے یہاں آنے پر قبائلی عصبیت کے نام پر قبائل کو آپس میں لڑانا شروع کر دیا،

معلوم ہوتا ہے کہ محمد بن عدی تغلبی خود عصبیت اور شدت پسندی کا شکار ہوگیا، اس نے صلح و مصالحت کرنے کرانے کے بجائے عرب قبائل کو آپس میں لڑایا اور گروہ بندی، تخرّب اور عصبیت کو ہوا دے کر ایسی فضا پیدا کر دی کہ یہاں کے عربوں میں باہمی کشت و خون کی نوبت آگئی،

تسخیرِ ملتان میں ناکامی

ملتان پر عربوں کا غلبہ و قبضہ تھا، محمد بن عدی کی نازیبا حرکت نے ملک میں مزید بے چینی پیدا کر دی اور ہر طرف جنگ و جدال اور کشت و خون کی گرم بازاری ہوگئی، اسی زمانہ میں محمد بن عدی ملتان کو متغلبون سے آزاد کرانے کے لئے فوج لے کر چلا مگر وہاں کے عربوں نے اس کو شکست فاش دے کر بھاگنے پر مجبور کر دیا، یعقوبی کا بیان ہے:

وخرج عن المنصورۃ یرید الملتان فلقیہ اھلھا فقاتلوہ فھزموہ وھبوا مامعہ من السلاح، وصرّ	محمد بن عدی ملتان کی مہم کے لئے منصورہ سے نکلا اور ملتان والوں نے بڑھ کر اس سے جنگ کی اور شکست دے کر اس کے پاس جس قدر اسلحہ

منهزماً لا یلوی علی شیء حتی صار الی المنصورة فالتحمت العصبیة بین الیمانیة والنزاریة و اتصلت ۔۔

جنگ تھے سب لوٹ لئے، ابن عدی شکست کھا کر سیدھا منصورہ کی طرف بھاگا، اس کے بعد یمانیہ اور نزاریہ کے درمیان قبائلی عصبیت نے مسلسل جنگ برپا کی،

اور خلیفہ نے لکھا ہے:

و ولی محمد بن عدی بن اخت هشام بن عمرو فمنعه اهل المولتان۔

ہشام بن عمرو کا بھانجا محمد بن عدی سندھ کا والی ہوا تو ملتان والوں نے اس کو اپنے یہاں آنے سے روک دیا،

سندھ اور پنجاب میں عرب قبائل نے باہمی قتل وغارت اور برادر کشی کا جو مظاہرہ کیا وہ ان کی ناعاقبت اندیشی اور نادانی کی بدترین مثال ہے، ہندوستان میں اسلام پھیلانے اور اخلاق ومحبت سے یہاں کے لوگوں کو اپنا گرویدہ بنانے کا یہ بہترین دور تھا، خلیفہ مہدی نے چند سال پہلے اطراف جوانب کے تمام حکمرانوں سے صلح واطاعت کا عہد وپیمان لے لیا تھا، ہر طرف مسلمان اپنے قول وفعل سے اسلام کی ترجمانی کر سکتے تھے مگر افسوس کہ انھوں نے جاہلیتِ اولیٰ کی یاد تازہ کر دی، جس زمانہ میں سندھ اور پنجاب میں قبائلی عصبیت نے اودھم مچا رکھی تھی، شام اور دمشق میں بھی یہی تماشا برپا تھا ۱۹۶ھ میں ملک شام میں نزاریہ اور یمانیہ کے درمیان فتنۂ عظیم برپا ہوا اور مؤرخ کی زبان میں ۔۔۔۔ عربوں نے زمانۂ جاہلیت کی یاد تازہ کر دی، اس فتنہ میں بہت سے آدمی مارے گئے، اس وقت دمشق کا حاکم ابو جعفر منصور کا ایک غلام سندی بن سہل تھا، جب عربوں کا قبائلی فتنہ برپا ہوا تو اس نے دمشق کی

شہر پناہ گرادی تاکہ تزاریہ یعنی قیس والے شہر پر قبضہ نہ کرسکیں [1] کیا انقلاب تھا کہ عرب قبائل استیلاء وغلبہ کریں اور ان کے سندھی غلام دفاع کریں،

عبدالرحمٰن بن سلیمان ہاشمی کی امارت، اور عبداللہ بن علاء ضبی کی نیابت،

ملتان کے عربوں کے ہاتھوں محمد بن عدی تغلبی کی ذلت آمیز شکست وفرار کے بعد ہارون رشید نے عبدالرحمٰن بن سلیمان علی ہاشمی کو سندھ کی حکومت دی، وہ یہاں آکر کچھ دنوں رہا، پھر عبداللہ بن علاء ضبی کو اپنا جانشین بنا کر عراق چلا گیا، خلیفہ نے لکھا ہے:

ولی عبدالرحمٰن بن سلیمان بن علی، ثم خرج واستخلف عبداللہ بن العلاء الضبی [2]	عبدالرحمٰن بن سلیمان بن علی سندھ کا والی بنایا گیا پھر وہ عبداللہ بن علاء ضبی کو جانشین بنا کر عراق روانہ ہوگیا،

یعقوبی نے صرف عبدالرحمٰن بن سلیمان کی امارت کا ذکر کیا ہے، اس کے دو بھائی محمد بن سلیمان بن علی اور اسحاق بن سلیمان بن علی پہلے یہاں کے امیر رہ چکے تھے، اس امارت اور استخلاف کی مدت کیا تھی؟ اور عبدالرحمٰن ہاشمی اور عبداللہ ضبی نے یہاں کے ناگفتہ بہ حالات میں کیا خدمات انجام دیں؟ کچھ معلوم نہیں،

ایوب بن جعفر بن سلیمان کی امارت اور سلیمان بن سعید کی سندھ میں آمد،

عبدالرحمٰن بن سلیمان کی واپسی کے بعد اس کے بھتیجے ایوب بن جعفر بن سلیمان بن علی ہاشمی کو سندھ کی امارت ملی، مگر وہ خود یہاں نہ آسکا بلکہ اس کا نمائندہ سلیمان بن سعید بن زید آیا، خلیفہ کا بیان ہے:

ثم ولی ایوب بن جعفر بن سلیمان	پھر ایوب بن جعفر بن سلیمان بن علی

[1] البدایہ والنہایہ ج ۱۰ ص ۱۶۸ [2] تاریخ خلیفہ ج ۲ ص ۷۴۶،

بن علی فوجّہ ایوب	یہاں کا حاکم ہوا اس نے سلیمان
علی مقدمتہ سلیمان بن	ابن سعید بن زید کو اپنی آمد سے پہلے
سعید بن زید، ثم مات	بھیجا، اور ایوب سندھ آنے سے پہلے
ایوب قبل ان یدخلھا۔ [1]	ہی انتقال کر گیا،

یعقوبی نے صرف اتنا لکھا ہے کہ :

ثم ولی ایوب بن جعفر بن	ایوب بن جعفر بن سلیمان سندھ
سلیمان۔	کا امیر بنایا گیا،

اس کا پورا نام جعفر بن سلیمان بن علی بن عبداللہ بن عباس ہے، اس کے تینوں لڑکے ایوب، عبدالرحیم اور سلیمان اپنے زمانہ کے اعیان و اشراف میں سے تھے اور مختلف بلاد و امصار کے امیر و حاکم تھے، بعد میں بھی ان کی اولاد میں جاہ و منصب رہا، [2] سلیمان بن سعید بن زید کا حال معلوم نہ ہو سکا، پورا ہارونی دور (۱۷۰ھ سے ۱۸۴ھ تک) یہاں کے عربوں کی شورش میں گذرا، وقفہ وقفہ سے متعدد امراء و حکام آئے، نظام میں تبدیلی کی گئی، امراء کی دوبارہ تقرری ہوئی مگر عربوں کی شورش شباب ہی پر رہی، مؤرخ یہ جاننے سے قاصر ہے کہ ہارون رشید جیسے عظیم حکمراں کے دور میں یہاں کے عرب مسلمانوں میں قبائلی عصبیت، باہمی نفرت و عداوت، خانہ جنگی، برادر کشی اور استیلاء و غلبہ کی گرم بازاری کیوں جاری رہی؟ اور امراء و حکام حالات پر قابو کیوں نہیں پا سکے؟ حتی کہ داؤد بن یزید بن حاتم مہلبی اور اس کے بھائی مغیرہ بن یزید بن حاتم مہلبی نے پوری طاقت سے فتنہ پسند عربوں کو زیر کیا اور جو طاقت ان کے دشمنوں پر خرچ کرنی چاہئے تھی ان ہی پر خرچ کرنی پڑی، اس درمیان میں بعض امراء نے

---

[1] تاریخ خلیفہ ج ۲ ص ۴۶، [2] جہرۃ انساب العرب ص ۳۴۔

طاقت کا استعمال غلط طریقہ سے کیا جس سے مزید خلفشار برپا ہوا، اور بات بننے کی بجائے بگڑ گئی، ایسا معلوم ہوتا ہے، کہ یہاں کے امراء خود بھی اسی عصبیت کا شکار ہو کر اپنی ذمہ داری میں کوتاہی کرتے تھے۔

داؤد بن یزید مہلبی کی امارت اور نزاریہ کی شورش،

یعقوبی اور ابن اثیر کی تصریح کے مطابق ۱۸۴ھ میں ہارون رشید نے داؤد بن یزید بن حاتم مہلبی کو سندھ کی امارت دی، قلقشندی نے اس کی امارت ۱۸۲ھ میں بتائی ہے بلاذری نے پورے ہارونی دور میں صرف داؤد بن یزید کی امارت کا تذکرہ کیا ہے، اور خلیفہ نے لکھا ہے کہ ہارون رشید نے داؤد بن یزید کو سندھ کی امارت دی جو اس کی وفات تک یہاں رہا یعنی ۱۸۴ھ سے ۱۹۳ھ تک کم و بیش نو سال یہاں رہ کر ناگفتہ حالات پر یوں قابو پایا کہ مامون کے زمانہ تک امن و عافیت کی بحالی رہی، بلاذری نے لکھا ہے کہ داؤد بن یزید بن حاتم کے بعد سے یہاں کے حالات درست رہے یہاں تک کہ مامون کے زمانہ میں بشر بن داؤد بن یزید نے آکر سرکشی کی،

داؤد بن یزید کے دربار میں ایک بدوی شاعر

جاحظ نے کتاب المحاسن والمساوی میں لکھا ہے کہ سندھ میں داؤد بن یزید کے دربار میں ایک بدوی نے آکر کہا: اے امیر! میری مدح سننے کے لئے توجہ کیجئے، چنانچہ داؤد فوراً متوجہ ہو کر بولا: اگر تم نے اچھی مدح کی تو میں اچھا صلہ دوں گا، اور اگر اس کے خلاف ہوا تو تمہارے اشعار تم کو واپس کر دوں گا، اس کے بعد بدوی نے یہ اشعار سنائے:

اَمِنتُ بدا اُوْدَ، وجودِ یمینہ　　عن الحدث المخشیّ والبوس والفقر

امیر داؤد اور اس کی سخاوت کی وجہ سے میں مستقبل کے حوادث اور فقر و محتاجی

سے بے خوف ہو گیا:

واصبحت لا اخشیٰ بداؤد نبوۃ ولا حدثاناً وشدت یہ ازری

اب مجھے نہ داؤد کی بے التفاتی کا ڈر ہے، اور نہ ہی کسی مصیبت کا خوف ہے، اور میں طاقتور ہو گیا ہوں:

فما طلحۃ الطلحات ساواہ فی الندیٰ ولا حاتم الطائی ولا خالد القسری

جو دو سخا میں اس کے برابر نہ طلحۃ الطلحات ہے، نہ حاتم طائی اور نہ خالد قسری۔

لہ حکم لقمان، وصورۃ یوسف وملک سلیمان، وصدق ابی بکر

اس کے پاس لقمان کی حکمتیں، یوسفؑ کا حسن، سلیمانؑ کی بادشاہت اور ابوبکرؓ کی صداقت ہے:

فتیً تھرب الاموال من ظل کفہ کما یھرب الشیطان من لیلۃ القدر

اس مرد کی ہتھیلی کے سایہ سے مال و دولت اس طرح بھاگتی ہے جیسے شیطان شب قدر سے بھاگتا ہے۔ امیر داؤد بن یزید نے یہ اشعار سن کر کہا اے اعرابی! تم نے اچھی تعریف کی، اب تم ہی بتاؤ میں کیا انعام دوں؟ اور اگر چاہو تو اس کا فیصلہ مجھ پر چھوڑ دو، اعرابی نے عرض کیا: امیر کے فیصلہ کے لئے اس کے پاس گنجائش ہے، وہ سوچ سمجھ کر فیصلہ کرے گا، داؤد بن یزید نے کہا واقعی تم ان اشعار پر بہترین صلہ کے مستحق ہو، پھر اس کے لئے دس ہزار درہم کا حکم دیا۔[1]

مغیرہ بن یزید مہلبی کی آمد اور نزاریہ سے جنگ میں اس کی موت

داؤد بن یزید نے سندھ کی امارت کا پروانہ پاکر پہلے اپنے بھائی مغیرہ بن یزید کو

---

[1] کتاب المحاسن والمساوی ج ۱ ص ۳۹ طبع مصر)

بھیجا، اس وقت یہاں یمانیہ کے مقابلہ میں نزاریہ غالب آکر پورے ملک پر قبضہ جمانے کا منصوبہ بنا رہے تھے، یعقوبی نے لکھا ہے کہ:

فوجّه اخاه المغيرة فرفعت النزارية رؤوسهم وعزموا على ان يقسموا البلاد اربا عًا، ربعًا لقريش وربعًا لقيس وربعًا لربيعة، ويخرجوا اليمانية۔

داؤد نے اپنے بھائی مغیرہ کو سندھ روانہ کیا، اس وقت نزاریہ نے سر اٹھایا اور اس ملک کو آپس میں چار حصوں میں تقسیم کرنے کا منصوبہ بنایا ایک قریش کا، ایک قیس کا اور ایک ربیعہ کا، اور یہ کہ یمانیہ کو یہاں سے نکال باہر کر دیں،

اس وقت دار الامارہ منصورہ پر نزاریہ مکمل قبضہ کر کے اس کے سیاہ و سفید کے مالک بن چکے تھے، چنانچہ مغیرہ بن یزید کی آمد پر انھوں نے منصورہ کے تمام دروازے بند کر کے اس کو شہر میں داخل ہونے سے روک دیا، پھر اس شرط پر داخلہ کی اجازت دی کہ وہ ان لوگوں کے ساتھ عصبیت اور جانبداری کا معاملہ کر کے انتقام نہیں لے گا، یا پھر سب لوگ شہر چھوڑ کر چلے جائیں گے تو وہ داخل ہوگا، آخر میں طے ہوا کہ نزاریہ شہر سے نکل جائیں، چنانچہ جس سے بن پڑا نکل گیا اور جو نہ نکل سکا وہیں رہ گیا، اس کے بعد مغیرہ نے شہر میں داخل ہو کر نزاریوں پر حملہ کر دیا، ان کی تعداد اب بھی زیادہ تھی، انھوں نے جم کر مقابلہ کیا اور مغیرہ کو شکست اٹھانی پڑی [1]

اس جنگ میں مغیرہ بن یزید مارا گیا، ابن حزم نے جمہرۃ انساب العرب میں تصریح کی ہے:

---

[1] تاریخ یعقوبی ج ۲ ص ۴۹۴۔

ولد یزید بن حاتم المغیرة قتل بالسند۔ [1]

یزید بن حاتم کا لڑکا مغیرہ سندھ میں قتل کیا گیا،

نیز مبرد نے الکامل میں لکھا ہے:

قتل المغیرة بن یزید بن حاتم بالسند، فقتل اخوہ داؤد بن یزید بن حاتم الذین قتلوہ شر قتلة۔

مغیرہ بن یزید بن حاتم سندھ میں قتل کیا گیا اور اس کے بھائی داؤد بن یزید بن حاتم نے اس کے قاتلوں کو بری طرح قتل کیا،

اس کے بعد مبرد نے عبد اللہ نامی ایک شاعر کے اشعار درج کئے ہیں جن کو اس نے داؤد بن یزید کے بارے میں کہا ہے:

اقنی تمیماً سعدھا وربابھا بالسند قتل مغیرة بن یزید

مغیرہ بن یزید کی خوں ریزی اور غارت گری نے سندھ میں بنو تمیم کی دونوں شاخ بنو سعد اور بنو رباب کو فنا کر دیا،

صعقت علیھم صعقةٌ عتکیةٌ جعلت لھم یوماً کیوم ثمود

ان پر ازد بن عتیک کی بجلی گری جس نے بنو تمیم کو قوم ثمود کی طرح تباہ و برباد کر دیا،

ذاقت تمیم عرکتین عذابنا بالسند من عمرٍو، ومن داؤد

بنو تمیم نے سندھ کے دو معرکوں میں ہمارے عذاب کا مزا چکھا، ایک بار عمرو کے معرکہ اور دوسری بار داؤد کے معرکہ میں،

قد نا الجیاد من العراق الیھم مثل القطا مستنةٌ لورود

ہم ان کی طرف عراق سے اصیل اور عمدہ گھوڑے لے گئے، جو پانی پر اترنے

---

[1] جمہرۃ انساب العرب ص ۳۰۔

والے قطا پرند کی طرح تیز رو ہیں:

یحملن من ولد المهلب عصبةً خُلقت قلوبهم قلوب اسود

وہ گھوڑے اپنی پشت پر مہلب بن ابوصفرہ ازدی کی اولاد کو سوار کئے ہوئے تھے جن کے دل شیروں کے ہیں، نیز اسی نے مغیرہ بن یزید بن حاتم کے بارے میں یہ اشعار کہے ہیں۔

وکان لهن فی کرمان یوم امرّ علی الشراة بها الشرابا

اور ان جماعتوں کا کرمان میں وہ جنگی کارنامہ ہے جس کا گھونٹ خوارج کے لئے بہت تلخ تھا،

وانا تارکون غدًا احدیثًا بارض السند سعدًا والربابا

ہم لوگ سندھ میں بنو سعد اور بنو رباب کو افسانہ بنا کر چھوڑنے والے ہیں،

تفاخر بالمن احوزها تمیم لقد خان المفاخر والخابا[1]

بنو تمیم نے ہلال بن احوز پر فخر کیا، مگر میرے مقابلہ میں ان کا فخر بے سود ہے

داؤد بن یزید کی آمد اور نزاریہ کا قتل عام

جس زمانہ میں مغیرہ بن یزید منصورہ میں نزاریہ کے ہاتھوں مارا گیا اس کا بھائی داؤد بن یزید عراق میں تھا، وہ اس حادثہ کی خبر سن کر فوراً سندھ آیا اور آتے ہی قتل وغارت کا سلسلہ شروع کر دیا یعقوبی نے لکھا ہے:

وسار داؤد بن یزید لما بلغه الخبر حتی قدم البلد فجرّد فیهم السیف، فقتل من النزاریة خلقًا عظیمًا و

داؤد بن یزید اپنے بھائی کے قتل کی خبر سن کر سندھ آیا، اور قتل وغارت کر کے نزاریہ کی بہت بڑی تعداد کو موت کے گھاٹ اتارا، پھر منصورہ

---

[1] الکامل فی اللغة والادب ج ۱ ص ۳۴ و ص ۳۵، و ص ۳۶،

صار الی المنصورۃ فاقام یقاتل عشرین یوماً، ولم تزل الحروب بینھم عدۃ شھور، ففتحھا، ثم سار الی سائر مدن السند، فلم یزل یفتح و یخرب الی ان استقامت لہ البلاد[1]

واپس آکر بیس دن تک قتل وغارت کرتا رہا، اور کئی ماہ تک نزاریوں اور اس کی فوجوں میں جنگ کے بعد فتحیاب ہوا، اس کے بعد سندھ کے دیگر شہروں کا رخ کرکے فتح وتخریب کا بازار گرم رکھا یہاں تک کہ تمام علاقے مطیع ہوگئے،

یہ چند سطریں بتا رہی ہیں کہ ہندوستان میں عربوں کی باہمی خانہ جنگی اور برادر کشی کا منظر بہت ہی بھیانک تھا، داؤد بن یزید کو وہی اقدام کرنا پڑا جس کے لئے گویا قبائلی عصبیت وشورش اور غلبہ واستیلا کی کوشش پچھلے چودہ پندرہ سالوں سے اپنے کو تیار کر رہی تھی، اس نے بے تحاشا قتل وغارت سے کام لے کر نزاری کشتوں کے پشتے لگا دیئے، منصورہ میں فاتحانہ داخل ہوکر بیس دن تک قتل وغارت گری کا بازار گرم رکھا، اس کے بعد کئی ماہ تک مختلف علاقوں میں دبے دبائے فتنوں کا استیصال کیا، نزاری عرب بھی بڑی حد تک مقابلہ میں ڈٹے رہے، مگر داؤد بن یزید کی سخت گیر سیاست اور خونی کارروائی کے سامنے سپر انداز ہوگئے، چونکہ بنو تمیم اس میں پیش پیش تھے اور مغیرہ بن یزید کا قتل انہی کے ہاتھوں ہوا تھا۔ اسلیے ان پر زد زیادہ پڑی، ہارون رشید بھی یہاں کے حالات سے گھبرا گیا تھا۔ اس نے داؤد کو سخت سے سخت اقدام کرنے کی تاکید لکھ کر عصبیت جاہلیہ کو تلوار سے ختم کرنے کا حکم دیا، ابن عبد ربہ نے العقد الفرید میں لکھا ہے:۔

(ھارون الرشید) وقع الی

جب سندھ میں عصبیت ظاہر ہوئی

---

[1] تاریخ یعقوبی ج ۲ ص ۴۹۴،

صاحب السند اذ ظهرت العصبية : كل من دعا الى الجاهلية فجل الى المنية ،[1]

تو خلیفہ ہارون رشید نے امیر سندھ کے پاس یہ توقیع نامہ بھیجا" جو شخص جاہلیت کی دعوت دے اس کو جلد از جلد موت کے گھاٹ اتار دو"

اور ابو منصور ثعالبی نے خاص الخاص میں اس واقعہ کو معمولی فرق کے ساتھ یوں بیان کیا ہے :

وكتب اليه صاحب السند بظهور العصبية فوقع من اظهر العصبية فعاجله بالمنية - [2]

والئ سندھ نے ہارون رشید کو عصبیت پیدا ہونے کی خبر دی تو اس نے لکھا کہ جو عصبیت کا مظاہرہ کرے تم اسے فیر اُموت کے گھاٹ اتار دو،

مغیرہ بن یزید کے قتل نے داؤد بن یزید کی آتش غضب میں اور بھی تیزی پیدا کر دی تھی اور اموی دور میں قندابیل میں آل مہلب کا جو قتل عام ہلال بن احوز تمیمی کے ہاتھوں ہوا تھا اس کی گونج عباسی دور کے اس قتل عام میں کھل کر سنائی دے رہی ہے اس جنگ میں داؤد بن یزید مہلبی نے بنو تمیم اور اس کی شاخ بنو سعد اور بنو رباب سے کھل کر بدلہ لیا ہے، اور بنو مہلب اور ان کے آدمیوں نے بنو تمیم کا قتل عام کیا جس طرح انھوں نے بنو مہلب کو اپنی تلوار سے نیست و نابود کر دینے کی کوشش کی تھی، اس وقت بنو مہلب کے بقیۃ السیف اپنی عِدّت اور عُدّت کے اعتبار سے بہترین حکمراں اور بہادر شمار کئے جانے لگے تھے اور عباسی خلافت کے دربست پر قابض و دخیل تھے، بغداد بھی سندھ سے عاجز آچکا تھا، اگر یہ اقدام نہ ہوتا تو غالباً

---

[1] العقد الفرید ج ۴ ص ۲۱۴ [2] خاص الخاص ص ۸۸،

ہارون رشید ہی کے زمانہ میں یہاں نزاری حکومت قائم ہوگئی ہوتی،

سوراشٹر کی فتح

معلوم ہو چکا ہے کہ خلیفہ ابوجعفر منصور کے زمانہ میں امارتِ بحر کا مستقل شعبہ کھولا گیا جس کا مقصد یہ تھا کہ ہندوستان کے سمندری ڈاکوؤں کے فتنہ وفساد اور لوٹ مار سے بحری عالمی شاہراہ محفوظ رکھی جائے، خاص طور سے بصرہ اور ہندوستان کے درمیان بحری راستے اور جزائر ان کی یلغار سے محفوظ رہیں، اور بحر بصرہ اور بلاد بحر بصرہ میں تجارتی اور سفری جہاز امن وامان کے ساتھ ایک ملک سے دوسرے ملک تک نقل وحرکت کرتے رہیں، خلیفہ منصور کے زمانہ میں ۱۵۵ھ میں شہاب بن عبدالملک امیر بحر بصرہ تھے اور مہدی نے ۱۶۰ھ میں اسی بحری امارت کے زیر اہتمام ہندوستان میں ایک زبردست بحری مہم عبدالملک بن شہاب مسمعی کی قیادت میں بھیجی تھی جس نے غزوہ بارُبد میں نمایاں کامیابی حاصل کی تھی، اس کے بعد جب ۱۷۰ھ میں ہارون رشید کو خلافت ملی تو امیر بصرہ محمد بن سلیمان بن علی نے بحر بصرہ میں ایک مہم یحییٰ بن سعد سعدی کی قیادت میں روانہ کی، جو تیرہ جنگی جہازوں پر مشتمل تھی، یہ مہم عمان تک آئی مگر دشمن بھاگ گئے اور مقابلہ کی باری نہیں آئی پھر ۱۷۴ھ میں حماد بن نمیر نے اسی راہ سے بلاد سوراشٹر میں جہاد کیا، خلیفہ بن خیاط نے اس کا تذکرہ ان مختصر الفاظ میں کیا ہے:

(سنة اربع وسبعين ومأئة)	۱۷۴ھ میں حماد بن نمیر نے بلاد
وفيها غزا حماد بن نمير بلاد سرمت	سرست، (سورٹھ) میں جہاد کیا، نیز
وافتتح مدينة البردان۔ [1]	بردان کو فتح کیا،

[1] تاریخ خلیفہ ج ۲ ص ۱۴۱۔

یعنی ۷۴ھ میں حماد بن نمیر نے بحری مہمات میں دو شہر فتح کئے، ایک بصرہ کے مغرب میں بَردان جو طرسوس سے چھ میل کے فاصلہ پر ایک دریا کے کنارے آباد تھا، اور دوسرا اس کے مشرق میں سوراشٹر جس کا تذکرہ ہو رہا ہے،

گجرات اور سوراشٹر میں سب سے پہلے حضرت معاویہ رضؓ کے دور میں عبادؓ بن زیاد اور والئ سجستان مہلب بن ابو صفرہ ازدی نے فتوحات حاصل کیں، اس کے بعد محمد بن قاسم نے یہاں کا رخ کیا تو اہل سرست (باشندگان سوراشٹر) نے ان سے صلح کر لی، معلوم ہو چکا ہے کہ سوراشٹر کے بحری ڈاکو خشکی اور تری میں لوٹ مار کرتے تھے، اور رہ رہ کر ان کے خلاف تادیبی کارروائی کرنی پڑتی تھی، اس سال بھی ان کے مرکز پر حملہ کیا گیا، سرست سورسٹھ کی تعریف ہے، فتوح البلدان اور تاریخ یعقوبی میں سرست ہے اور المسالک والممالک میں سرشت ہے، تاریخ خلیفہ میں "سرسب" چھپا ہے مگر صحیح سرست ہے، بیرونی نے بھی بار بار سرست استعمال کیا ہے، اس سے مراد سورسٹھ یا سوراشٹر ہے جو گجرات کے انتہائی کنارے پر ساحل سمندر سے متصل وسیع و عریض علاقہ ہے، وہاں اس نام کا ایک دریا بھی تھا، جو مملکت سرست کو سیراب کرتا تھا اور سومنات کے مشرق میں تھوڑی دور پر سمندر میں گرتا تھا[1] عرب اس علاقہ کو بلاد بیت الذہب کے نام سے بھی یاد کرتے تھے، اس کا مرکزی شہر بانکیر (منگرول) تھا، یہاں بحر بصرہ کی امارت کی طرف سے اکثر مہمات آتی تھیں اور تیسری صدی کے وسط میں اس کو "مغزی اہل البصرہ" کہتے تھے، حماد بن نمیر کی قیادت میں جو بحری جنگ یہاں ہوئی تھی اس کے بارے میں کچھ معلوم نہیں ہے اور نہ خلیفہ بن خیاط کے علاوہ کسی مؤرخ نے اس کا تذکرہ کیا ہے، یہ جنگ بہت

---

[1] کتاب الہند بیرونی ص ۱۲۹ و ص ۱۳۰،

ہلکی تھی، یوں سمجھنا چاہئے کہ ہندوستان کے سمندری ڈاکوؤں سے ان کے وطن میں مڈبھیڑ تھی اسی لئے اس میں فتح اور غنیمت وغیرہ کا تذکرہ نہیں ہے،

ہارون رشید کے ۲۳ سالہ دور خلافت میں اس ملک میں صرف اسی ایک غزوہ کا ذکر ملتا ہے اور یہ پوری مدت یہاں کے عربوں کی قبائلی عصبیت اور باہمی جنگ وجدال میں گذر گئی، حالانکہ ہارون رشید کا دور عباسی خلافت کا زریں دور تھا۔

سندھ وغیرہ میں خوارج سے جنگ اور فتح

سندھ و مکران کے علاقے اموی دور سے خوارج کے لئے پناہ گاہ تھے، اور شام و عراق اور خراسان و سجستان کے شورش پسند یہاں اپنی طاقت جمع کیا کرتے تھے، عباسی دور میں بھی یہ دور دراز مقامات ان کی کمین گاہ تھے، چنانچہ ہارون رشید کے دور خلافت میں سندھ وغیرہ میں خوارج کا ہزیمت خوردہ گروہ روپوش تھا، جسے عیسیٰ بن علی بن ماہان نے تلاش کر کے ختم کیا اور اپنی کوشش سے اس علاقہ کو ان سے خالی کرایا، مسعودی نے لکھا ہے کہ ہارون رشید کے زمانہ میں عیسیٰ بن علی بن ماہان خوارج کے تعاقب میں سندھ، قندھار، رخج اور زابلستان آیا اور جنگ کر کے اس قدر زیادہ فتوحات حاصل کیں کہ اس سے پہلے ان علاقوں میں ان کی مثال نہیں ملتی ہے، ان فتوحات کے بارے میں ابن الغدافر شاعر کہتا ہے:

کاد عیسی یکون ذا القرنین یبلغ المغربین والمشرقین

عیسیٰ بن علی بن ماہان نے سکندر ذوالقرنین کی طرح مغربین اور مشرقین میں فتوحات کیں،

لم یدع کابلاً، ولا زابلستا ن فماحولها الی الرُّخَّجین [1]

اس نے نہ کابل کو چھوڑا اور نہ زابلستان سے رخجین تک کے علاقوں کو چھوڑا،

---

[1] مروج الذہب ج ۴ ص ۲۳۳ و ص ۲۳۸۔

مگر یہ فتوحات اسلامی فتوحات نہ تھیں بلکہ اپنے مخالف گروہوں کے مقابلہ میں جماعتی اور گروہی فتوحات تھیں،

ہارون رشید کو ایک ہندی راجہ کا ہدیہ

عباسی دور میں ہندوستان کے راجوں مہاراجوں نے ہر اعتبار سے مصالحانہ رویہ رکھا اور یہاں کے امرار اور مسلمانوں سے کوئی تعرض نہیں کیا بلکہ ان کے ساتھ عقیدت و محبت کا مظاہرہ کیا جس کی تفصیل اپنی جگہ آئے گی، خلیفہ مہدی نے عجم کے اکثر بادشاہوں اور حکمرانوں کو دعوتِ صلح و اطاعت دے کر ان کی طرف سے اطمینان حاصل کر لیا تھا، ہارون رشید کے پاس بعض راجوں نے ہدایا و تحائف روانہ کئے، چنانچہ احمد بن محمد بن عبد ربہ نے العقد الفرید میں لکھا ہے کہ ہندوستان کے ایک راجہ نے ہارون رشید کی خدمت میں قلعی تلواروں، سیوری کتوں اور ہندی کپڑوں کا ہدیہ بھیجا جس وقت ہندوستان کے قاصد یہ تحائف لے کر دربار میں پہونچے ہارون رشید نے ترکی سپاہیوں کو دربار میں دور دور کھڑا کرایا، انکے پورے جسم پر اسلحہ تھے، آنکھ کے علاوہ کچھ دکھائی نہیں دیتا تھا جب یہ ترکی سپاہی صف باندھ کر کھڑے ہو گئے تو راجہ کے سفیروں اور قاصدوں کو دربار میں بلایا گیا انھوں نے سرکاری آداب و رسوم ادا کیے، اسکے بعد ہارون رشید نے ان سے دریافت کیا کہ تم ہمارے لئے کیا چیز لائے ہو؟ انھوں نے کہا: یہ ہمارے ملک کے بہترین کپڑے ہیں، پھر کپڑوں کا تحفہ پیش کیا، ہارون رشید نے حکم دیا کہ درزیوں کو بلا کر ہمارے گھوڑوں کے لئے ان کے جُل سلائے جائیں، یہ دیکھ کر سفراء شرما گئے، اس کے بعد دربان نے ان سے پوچھا اور کیا چیز لائے ہو، انھوں نے کہا یہ بے نظیر قلعی تلواریں ہیں جو اپنی جوہریت اور برّش میں اپنا جواب آپ ہیں، یہ سن کر ہارون رشید نے حضرت عمرو بن معدیکرب رضؓ کی تلوار صمصامہ نکلوائی اور ان سفیروں کے سامنے صمصامہ سے ان کی لائی ہوئی

قلمی تلواروں کو کاٹ دیا، اور سفراء کو دکھایا گیا کہ صمصامہ کی دھار پر ذرا بھی اثر نہیں پڑا، اس مظاہرہ سے بھی وہ جھینپ گئے پھر ان سے پوچھا گیا کہ اس کے علاوہ اور کیا تحفہ لائے ہو ــــ؟ انھوں نے کہا کہ سیوری کتے ہیں، یہ درندوں کو پھاڑ ڈالتے ہیں، ہارون رشید نے کہا میرے یہاں جو درندے ہیں اگر یہ کتے ان کو پھاڑ دیں تو تمہاری بات سچ ہوگی، اس کے بعد ایک شیر لایا گیا جس کو دیکھ کر ہندی سفراء گھبرا گئے اور بولے ہمارے ملک میں ایسا شیر نہیں ہوتا ہے پھر بھی ہم اپنے کتوں کو اس پر چھوڑتے ہیں، یہ کہہ کر تین کتے چھوڑے اور انھوں نے شیر کو پھاڑ ڈالا، ہارون رشید نے ان کتوں کی بہادری دیکھ کر کہا کہ تم ہمارے ملک کے جو اچھے اور مشہور سامان چاہو لے لو، ہندی سفراء نے صمصامہ تلوار کی خواہش کی مگر ہارون رشید نے یہ کہہ کر اس کے دینے سے معذرت کر دی:

ما کنا لنبخل علیکم، ولکنه لا یجوز فی دیننا ان نهادیکم بالسلاح ولکن تمنوا غیر ذلك ما شئتم۔	ہم تمہارے ساتھ بخل کرنا نہیں چاہتے ہیں، مگر ہمارے مذہب میں جائز نہیں ہے کہ ہم تم کو ہتھیار ہدیہ دیں، اس کے علاوہ تم جو تمنا کرو، پوری کی جائے گی

ہندی سفیروں نے کہا ہم تو صمصامہ کی خواہش کرتے ہیں، ہارون رشید نے کہا اس کے ملنے کی کوئی صورت نہیں ہے:

ثم امر لهم بتحف کثیرة واحسن جائزتهم۔[1]	پھر ان کے لئے بہت سے تحفے تحائف کا حکم دیا اور ان کو انعام واکرام سے نوازا۔

[1] العقد الفرید ج ۲ ص ۲۰۳ و ص ۲۰۴۔

ایک اور ہندی راجہ کا تحفہ اور زمرد کی چھڑی

قاضی رشید بن زبیر نے کتاب الذخائر والتحف میں لکھا ہے کہ ہندوستان کے ایک راجہ نے خلیفہ ہارون رشید کے پاس بہت سے ہدایا و تحائف بھیجے تھے، ان میں زمرد کی ایک چھڑی ایک گز سے زیادہ لمبی تھی، اس کے سرے پر یاقوت سرخ کی ایک چڑیا بنی ہوئی تھی جو بے حد لطیف و نازک تھی، ہارون رشید نے یہ چھڑی اپنی زوجہ ام جعفر زبیدہ بنت جعفر کو دی جو وراثت میں منتقل ہو کر امین کے پاس آئی، پھر اس کے بھائی مامون کو ملی، اور پھر معتصم باللہ کے قبضہ میں آئی [1]

ایک ہندی شاعر یحییٰ بن خالد برمکی کے دربار میں

ہارون رشید کے وزیر یحییٰ بن خالد برمکی کے دربار میں ہندوستان کے ایک شاعر نے ہندی زبان میں اشعار سنائے جن کا ترجمہ ایک مترجم نے کیا اور یحییٰ بن خالد نے شاعر کو انعام دیا امام ابو حاتم محمد بن حبان نے روضۃ العقلاء میں اپنی سند سے ابو الہذیل سے نقل کیا ہے کہ ایک دن میں یحییٰ بن خالد برمکی کے پاس تھا، اسی اثنا میں ایک ہندی آدمی آیا اس کے ساتھ اس کا ترجمان بھی تھا، ترجمان نے یحییٰ بن خالد سے کہا کہ یہ شاعر ہے آپ کی مدح میں کچھ اشعار سنانا چاہتا ہے یحییٰ نے اجازت دی اور ہندی شاعر نے اپنے اشعار پڑھے، ان میں یہ شعر بھی تھا،

اَرہٖ، اَحرَہٖ، کَکَرَاکی، کَرِہٖ، مَنْدَرِہٖ

یحییٰ نے اس کا مطلب ترجمان سے دریافت کیا، اس نے اس کے مفہوم میں یہ شعر پڑھا:

اذا المکارم فی آفاقنا ذُکرتْ فانّما بک فیہا یُضرب المثل

جب ہماری دنیا میں خوبیوں کا تذکرہ کیا جائے گا تو آپ کو ان میں مثال کے

---

[1] کتاب الذخائر والتحف صفحہ ۳،

طور پر پیش کیا جائے گا۔ یحیٰ نے یہ سن کر شاعر کو ایک ہزار دینار دینے کا حکم دیا[1]

عباسی دور میں یہ پہلا واقعہ ہے کہ ایک ہندی شاعر نے عراق جا کر ہندی زبان میں قصیدہ سنایا، اور اس پر انعام حاصل کیا،

ہارون رشید کے خزانہ میں عود ہندی

فضل بن ربیع کا بیان ہے کہ ۱۹۳ھ میں ہارون رشید کے بعد امین خلیفہ ہوا تو اس نے سرکاری خزانوں کی کی تمام چیزوں کو شمار کرایا یہ کام چار ماہ تک ہوتا رہا، ان میں عود ہندی کی ایک ہزار ٹوکریاں بھی تھیں۔[2]

ہارون رشید کے علاج کے لئے منکہ ہندی کی بغداد میں آمد،

ابن ابو اصیبعہ نے عیون الانباء میں لکھا ہے کہ منکہ ہندی یہاں کے مشہور فلاسفہ و اطباء میں سے تھا، ہندی اور فارسی زبانوں کا ماہر اور بہترین طبیب و معالج تھا، ایک مرتبہ خلیفہ ہارون رشید کسی شدید مرض میں مبتلا ہوا، بغداد کے اطباء علاج سے عاجز رہے، ابو عمر و اعجمی نے عرض کیا کہ ہندوستان میں منکہ نامی ایک طبیب ہے، بہتر ہے کہ امیر المومنین اس کو بلائیں، ہو سکتا ہے کہ اللہ تعالیٰ اسی کے ذریعہ آپ کو شفا دے، چنانچہ ہارون رشید نے ایک آدمی کو سفر خرچ وغیرہ دے کر منکہ کے پاس بھیجا اور اس نے یہاں سے بغداد جا کر اس کا علاج کیا جس سے نفع ہوا اور منکہ انعام و اکرام سے نوازا گیا،

منکہ قیام بغداد کے دوران ایک دن راستہ سے گذر رہا تھا، دیکھا کہ ایک آدمی چادر بچھا کر اس پر جڑی بوٹیاں پھیلاتے ہوئے کہہ رہا ہے کہ یہ معجون ہر قسم کے بخار، درد، بواسیر، ریاح، آشوب چشم، وجع المفاصل، درد شکم، دردِ شقیقہ، سلسل البول، فالج، رعشہ غرض کہ ہر مرض کے لئے مفید ہے، منکہ نے

---

[1] روضۃ العقلاء و نزھۃ الفضلاء ص ۲۱۴ طبع مصر

ترجمان سے معلوم کیا کہ یہ شخص کیا کہہ رہا ہے جب اس کو یہ باتیں معلوم ہوئیں تو کہنے لگا کہ اگر اس کی باتیں صحیح ہیں تو خلیفہ نے ناحق مجھے سفر کی تکلیف دی، اور میرے لئے اتنی رقم خرچ کی، یہ آدمی تو اس کے پاس ہے ہی، اور اگر اس کی باتیں غلط ہیں تو خلیفہ نے اس کو قتل کیوں نہیں کر دیا، کیونکہ شریعت نے اس کا قتل جائز قرار دیا ہے، اس ایک آدمی کی موت سے بہت سے لوگوں کی زندگی بچ جائے گی، یہ شخص اگر زندہ رہا تو روزانہ دو، تین، چار آدمیوں کی جان لے گا اور یہ زمین میں فساد اور حکومت میں کمزوری کا باعث ہے، [1] جاحظ نے کتاب الحیوان میں لکھا ہے کہ منکہ طبیب بحث ومناظرہ کے بعد صحیح الاسلام مسلمان ہو گیا تھا۔ [2]

ہندی علوم وفنون کی ترویج واشاعت اور طب وحکمت کی منتقلی

عباسی دور کا اہم کارنامہ ہندی علوم وفنون اور کتب کی ترویج واشاعت اور منتقلی ہے، ہارون رشید کے زمانہ سے اس پر خاص توجہ ہوئی اور ریاضی، طب، نجوم، ہندسہ، حساب وغیرہ کو عربی زبان میں منتقل کیا گیا، ہارون رشید نے برامکہ کو اپنی وزارت میں لے کر ان کو علوم وفنون کی خدمت کا موقع دیا، اس نے یحیٰی بن خالد برمکی کو اپنا وزیر بنایا، اور اس کا بیٹا موسیٰ بن یحیٰی بن خالد برمکی اور پوتا عمران بن موسیٰ برمکی دونوں ہندوستان کی امارت وحکومت پر رہ چکے تھے۔ یحیٰی بن خالد برمکی بڑا علم دوست تھا، اس کی مجلس میں مسلمان علماء وفضلاء اور غیر مسلم اہل علم وفن رہا کرتے تھے، اس نے بغداد میں بیت الحکمت کے نام سے ایک عظیم الشان علمی اور تحقیقی دائرۃ المعارف قائم کر کے مختلف علوم وفنون کی کتابیں اور ان کے مترجمین جمع کئے اور اسی نے سب سے پہلے ہندوستانی علوم

[1] عیون الانباء فی طبقات الاطباء بحوالہ رجال السند والہند ص ۲۳۹ ج ۱ [2] کتاب الحیوان ج ۷، ص ۶۵،

وفنون کی طرف توجّہ کی، ابن ندیم نے کتاب الفہرست میں لکھا ہے:

الذی اعتنی بامر الھند فی دولۃ العرب یحیی بن خالد وجماعۃ من البرامکۃ، واھتما مھا بامر الھند واحضار علماء طبھا وحکمائھا۔	عربی دور حکومت میں ہندوستان کے علوم کے ساتھ جس نے اعتنا کیا وہ یحیٰی بن خالد اور برامکہ کی ایک جماعت ہے۔ انھوں نے ہندوستان کے اطبا وحکما کو بغداد بلایا،

نیز لکھا ہے:

حکی بعض المتکلمین بان یحیی بن خالد البرمکی بعث برجل الی الھند لیاتیہ بعقاقیر موجودۃ فی بلادھم وان یکتب لہ ادیانھم[1]	بعض متکلمین کا بیان ہے کہ یحیٰی بن خالد برمکی نے ایک شخص ہندوستان بھیجا تاکہ وہ یہاں کی جڑی بوٹی لائے اور یہاں کے مذاہب کو قلمبند کرے،

ہندی علوم وفنون کا مستقل بیان اپنی جگہ پر ہوگا، اس وقت صرف یہ بتانا ہے کہ عباسی دور میں عرب وہند کے درمیان علمی وفنی تعلقات کی ابتدا ہارون رشید کے زمانہ میں برامکہ کے ذریعہ ہوئی ہے،

ہارونی دور میں ہندوستان سے آمدنی

ہارون رشید کے زمانہ میں مرکز خلافت بغداد کو ہندوستان سے سالانہ آمدنی کی تفصیل جہشیاری نے کتاب "الوزراء والکتاب" میں یوں بیان کی ہے

من السند وما یلیھا احد عشر الف الف، وخمس مأئۃ الف درھم، الطعام بالقفیز الکبیر خ الف الف	سندھ اور اس کے اطراف سے نقد درہم ایک کروڑ دس لاکھ (۱۱۰۰۰۰۰۰)، غلہ کبیر خ بورے سے دس لاکھ بورے،

[1] کتاب الفہرست ص ۳۸۴

قفیز، الفیلۃ ثلاثۃ، الثیاب الحشیشیۃ الفاثوب، الفوط اربعۃ الف فوطۃ، العود الھندی مائۃ وخمسون منًّا، و سائر اصناف العود مأۃ وخمسون منًّا، النعال الفارج، وذٰلک سوی القرنفل والجوزبوا، [1]

ہاتھی تین عدد، نباتاتی کپڑے ۲۰۰۰ دوہزار تھان، لنگی ۴۰۰۰ چار ہزار، عودِ ہندی ایک سو پچاس سیر، عود کی دوسری قسمیں ایک سو پچاس سیر، جوتے دو ہزار جوڑے، ان اشیاء کے علاوہ قرنفل اور جوزبوا بھی جاتے تھے،

اس کے بعد اس میں کمی ہوتی گئی۔ مامون کے زمانہ میں صرف دس لاکھ درہم سالانہ یہاں سے مرکز کو جاتے تھے، پھر یہ رقم بھی بند ہوگئی،

۲۰۵ھ میں داؤد بن یزید کی موت اور بشر بن داؤد کی امارت،

جیسا کہ معلوم ہو چکا ہے ۱۸۳ھ میں ہارون رشید نے داؤد بن یزید مہلبی کو سندھ کا امیر بنایا اور اس نے اپنے بھائی مغیرہ کو بھیج کر عربوں کی شورش ختم کرنے کی کوشش کی جس میں مغیرہ قتل کر دیا گیا، اس کے بعد خود داؤد بن یزید نے یہاں آکر نہایت سخت قسم کی تادیبی کارروائی کر کے امن وامان قائم کیا، اس کی امارت ہی میں ۱۹۳ھ میں ہارون رشید کی وفات اور امین کی خلافت ہوئی، جو ۱۹۸ھ تک قائم رہی۔ امین کا زمانہ اس کے بھائی مامون سے چھیڑ چھاڑ میں گذرا حتی کہ اسی میں اس کی جان گئی، اسی ہرج مرج میں ۱۹۵ھ میں داؤد بن یزید کا سندھ میں انتقال ہوگیا اور اس کا بیٹا بشر بن داؤد جانشین وامیر ہوا، یہ یعقوبی کا بیان ہے، اس قول کی رو سے امین کے زمانہ میں باپ داؤد اور بیٹا بشر دونوں سندھ کے امیر تھے اور خلیفہ بن خیاط نے داؤد بن یزید بن حاتم

[1] کتاب الوزراء والکتاب ج ۱ ص ۲۸۳۔

کی وفات ۲۰۰ھ میں سندھ میں لکھی ہے مگر ابن کثیر اور ابن اثیر وغیرہ نے داؤد کی وفات اور بشر کی نیابت وامارت کو ۲۰۵ھ میں بعہد مامون بیان کیا ہے[1] اس قول کی رو سے امین کے دور میں صرف داؤد بن یزید سندھ کا امیر رہا، بلاذری کے بیان سے بھی اسی کی تائید ہوتی ہے:

ولم یزل امر ذلك الثغر مستقیماً حتی ولیه بشر بن داؤد فی خلافة المامون فعصٰی و خالف۔[2]	سندھ کا انتظام درست رہا یہاں تک کہ مامون کی خلافت میں بشر بن داؤد نے حاکم ہو کر سرتابی اور مخالفت اختیار کی،

ہمارے نزدیک داؤد کی وفات اور بشر کی امارت ۲۰۵ھ میں ہوئی،

بشر بن داؤد کی سرکشی

داؤد بن یزید ۲۰۵ھ میں سندھ میں فوت ہوا اور اس کا بیٹا بشر بن داؤد امیر بنا، یہ خلیفہ مامون (۱۹۸ھ تا ۲۱۸ھ) کا زمانہ تھا، اس نے بشر بن داؤد کو سندھ کی امارت پر اس شرط کے ساتھ بحال رکھا کہ وہ سالانہ دس لاکھ درہم بغداد کو ادا کرتا رہے، ابن اثیر، ابن کثیر اور ابن خلدون نے معمولی سے فرق کے ساتھ لکھا ہے:

فولی مکانه بشر بن داؤد علی ان یحمل الیه فی کل سنة الف الف درهم[3]	خلیفہ مامون نے داؤد بن یزید کی جگہ بشر بن داؤد کو اس شرط پر امیر بنایا کہ وہ ہر سال دس لاکھ درہم ادا کرتا رہے،

مامون نے صرف دس لاکھ درہم سالانہ لے کر کمزوری کا مظاہرہ کیا جس سے

---

[1] البدایہ والنہایہ ج ۱۰ ص ۲۵۵، تاریخ کامل ج ۶ ص ۵۵، [2] فتوح البلدان ص ۴۳۲، [3] البدایہ والنہایہ ج ۱۰ ص ۲۵۵، تاریخ کامل ج ۶ ص ۵۵، تاریخ ابن خلدون ج ۳ ص ۲۵۴،

بشر نے فائدہ اٹھاتے ہوئے سرتابی کی اور سالانہ رقم بند کر دی، بقول بلاذری یہاں کے حالات پرسکون چل رہے تھے مگر بشر بن داؤد نے امارت پا کر نافرمانی اور مخالفت کی روش اختیار کی، اور خود دارالامارہ منصورہ پر قبضہ کر کے اپنے چچازاد بھائی ابراہیم بن عبداللہ بن یزید مہلبی کو مکران بھیجا،

ابراہیم بن عبداللہ مہلبی کی ذیلی امارت اور بغاوت میں شرکت

سندھ و مکران کے امراء میں ابراہیم بن عبداللہ بن یزید بن حاتم بن قبیصہ بن مہلب بھی ہے، اس کی ولایت سندھ و مکران کی تصریح ابن حزم نے جمہرۃ انساب العرب میں کی ہے:

ولی ابراھیم بن عبد اللہ ھذا السند و مکران وکرمان نحو عشرین سنۃ[1]	اس ابراہیم بن عبداللہ نے تقریباً بیس سال تک سندھ، مکران اور کرمان میں امارت کی ہے،

تعجب ہے اس دیار میں تقریباً بیس سال تک مختلف علاقوں میں عہدۂ امارت پر متمکن امیر کا تذکرہ دوسرے مؤرخوں نے نہیں کیا، اور اس کی خدمات کا کہیں ذکر نہیں ہے، غالباً اس کی وجہ یہ ہے کہ وہ مستقل امیر نہیں تھا بلکہ ذیلی امارت پر رہ کر خدمت انجام دیتا تھا،

حاجب بن صالح کی مکران میں آمد اور ابراہیم بن عبداللہ سے گفتگو

مامون نے بشر بن داؤد کی سرکشی و بغاوت کی خبر پا کر حاجب بن صالح نامی ایک امیر کو اس کی تادیب کے لئے روانہ کیا، ابن اثیر نے لکھا ہے کہ ۲۱۱ھ میں مامون نے حاجب بن صالح کو ولایت پر بھیجا مگر وہ بشر بن داؤد کے مقابلہ میں ناکام ہو کر کرمان کی طرف چلا گیا[2] یعقوبی نے اس کی تفصیل بیان کی ہے کہ

---

[1] جمہرۃ انساب العرب ص ۳۰۰، [2] تاریخ کامل ج ۶

مامون نے بشر بن داؤد کی مخالفت کی ـــــ خبر پاکر اس کی جگہ حاجب بن صالح کو روانہ کیا، اس کے مکران آنے کے بعد بشر کے ایک بھائی سے ملاقات ہوئی:

فلما صار بمکران الفیٰ اخا لبشر بن داؤد۔	جب وہ مکران پہونچا تو اس نے بشر کے ایک بھائی کو پایا۔

حاجب نے ابراہیم سے کہا کہ تم یہاں کی امارت میرے حوالہ کردو، کیونکہ عنقریب خلافت کی طرف سے بشر کے پاس اس کا پروانہ آنے والا ہے، جس کو بشر پڑھ کر فوراً تم کو اس کا حکم دے گا، اس نے جواب دیا کہ میں خود کچھ نہیں کرسکتا، میں تو بشر کی طرف سے مامور ہوں، اور وہ یہاں سے دو دن کی مسافت پر منصورہ میں ہے، جب اس سے میری ملاقات ہوگی اور وہ حکومت و امارت کی سپردگی کا حکم دے گا تو میں تمہارے حوالہ کردوں گا، اتنی گفتگو کے بعد دونوں میں کشیدگی پیدا ہوگئی، اور حاجب نے مامون کو لکھا کہ بشر بن داؤد خلافت سے سرتابی کرکے آمادۂ جنگ ہے[1]

بشر بن داؤد نے ابراہیم عبداللہ کو سندھ و مکران کی حکومت میں شریک کرکے یہاں مہلبی حکومت قائم کرنی چاہی تھی اور باپ نے جس ملک کو طویل کش مکش اور شورش کے بعد مرکز سے وابستہ کیا تھا بیٹا چند سال کے بعد خود اس پر قبضہ کا خواب دیکھنے لگا تھا، حاجب بن صالح کو کم و بیش دو سال تک سندھ و مکران میں رہ کر واگذاری کی کوشش کرتا رہا، جب ناکام ہوگیا تو مامون کو صورت حال سے آگاہ کیا،

---

[1] تاریخ یعقوبی ج ۲ ص ۵۵۷،

غسان بن عباد کی آمد اور بشر بن داؤد کی حوالگی

حاجب بن صالح کا دور اس اعتبار سے ناکام رہا کہ اس میں سندھ اور مکران پر بشر اور ابراہیم کا قبضہ رہا، اور حاجب کو امیر کی حیثیت حاصل نہ ہو سکی، اس طرح تقریباً دو سال کی مدت گذر گئی، تو اس نے مامون کو خط لکھ کر صورتِ حال سے مطلع کیا، اور سخت اقدام کی تجویز پیش کی، چنانچہ مامون نے غور وخوض اور رائے مشورہ کے بعد ۲۱۳ھ میں غسان بن عباد کو روانہ کیا تاکہ وہ بشر سے جنگ کر کے ملک کو خلافت کے ماتحت کرے، ساتھ ہی شہری اور ملکی انتظام کے لئے موسیٰ بن یحییٰ بن خالد برمکی کو امیر البلد بنایا، یہ پہلا موقع ہے کہ اس ملک میں عباسی خلافت کی طرف سے امارت کو دو شعبے میں تقسیم کیا گیا،

یعقوبی نے لکھا ہے کہ مامون نے حاجب کا خط پاکر محمد بن عباد مہلبی کو بلایا جو اپنے زمانہ میں بصرہ کے بنو مہلب کا رئیس و سردار اور صاحب فہم و فراست آدمی تھا، اور کہا کہ بشر نے سندھ میں خلافت سے بغاوت کی ہے، محمد بن عباد نے یہ سنتے ہی معاذ اللہ کہا، مامون نے کہا کہ تم غسان بن عباد کے ساتھ سندھ جاؤ، اس کے بعد مامون نے غسان کو چند فوجی امراء کے ساتھ سندھ روانہ کیا اور اسی کے ساتھ موسیٰ بن یحییٰ بن خالد برمکی کو بھیج کر غسان سے کہا کہ وہ اس کو شہری امارت پر رکھے، [۱] ابن کثیر نے ۲۱۳ھ میں غسان کی امارت کا تذکرہ کر کے مندرجہ بالا بیان نقل کیا ہے، ابن اثیر نے بھی لکھا ہے کہ مامون نے ۲۱۳ھ میں غسان کو سندھ کی امارت دی، وجہ یہ ہوئی کہ بشر بن داؤد نے سرتابی کر کے خراج کی رقم وصول کی مگر مامون کے پاس اس میں سے کچھ نہیں بھیجا اور سرکشی کی، مامون نے اپنے ندیموں سے غسان کے بارے میں مشورہ کیا اور کہا کہ

---

[۱] تاریخ یعقوبی ج ۲ ص ۵۵۸،

میں اس کو ایک اہم کام سپرد کرنا چاہتا ہوں تم لوگ اس کے متعلق کیا کہتے ہو؟ اس پر سب نے اس کی خوب خوب تعریف کی مگر احمد بن یوسف نامی ایک شخص خاموشی سے یہ باتیں سن رہا تھا، مامون نے اس سے کہا کہ احمد! تم کیا کہتے ہو، اس نے کہا امیر المومنین! غسان بن عباد کے محاسن اس کے مساوی سے زیادہ ہیں، اسے جس حلقہ میں بھیجا جائے گا انصاف سے کام لے گا، کوئی ایسا کام نہیں کرے گا جس میں عذر و معذرت کرنی پڑے، مامون نے کہا کہ تم نے اس کے متعلق غلط رائے رکھنے کے باوجود اس کی تعریف کی، احمد بن یوسف نے کہا کہ اس معاملہ میں میرا حال اس شعر کے مانند ہے: ؎

کفی شکرًا لما اسدیت انی صدقتک فی الصدیق وفی عدائی

تم نے میرے ساتھ جو احسان کیا ہے اس کے شکر کے لئے یہی کافی ہے کہ میں تم سے اپنے دوست اور دشمن کے بارے میں سچ بولتا ہوں، مامون یہ سن کر احمد بن یوسف کے حسنِ ادب سے بہت خوش ہوا، اور غسان کو سندھ روانہ کیا، اس وقت وہ بحر بصرہ کا امیر تھا، بہر حال جب غسان بن عباد اپنے لاؤ لشکر اور فوجی امراء کے ساتھ سندھ پہونچا تو بشر ڈر گیا اور امان لے کر غسان کے پاس حاضر ہوا بلکہ بغیر کسی مزاحمت کے اپنے کو حوالہ کر دیا، غسان یہاں تقریباً دو سال رہا اور ۲۱۶ھ میں بشر بن داؤد اور اس کے خاندان کے مہلبی افراد و امراء کو ساتھ لے کر عراق آیا، مامون نے ان سب کو عام معافی دے دی اور ان کے ساتھ حسنِ سلوک اور اعزاز و اکرام کا معاملہ کیا۔[1]

ابن اثیر اور ابن کثیر دونوں نے غسان کی سندھ میں آمد ۲۰۳ھ میں اور واپسی ۲۱۶ھ میں لکھی ہے، جس کا مطلب یہ ہے کہ وہ تقریباً دو سال تک سندھ کی

[1] فتوح البلدان ص ۴۳۲، تاریخ یعقوبی ج ۲ ص ۵۰۵، البدایہ والنہایہ ج ۱۰ ص ۲۶۰، تاریخ کامل ج ۲ ص ۱۳۷،

امارت حرب پر رہا، اور اپنا کام کر کے عراق چلا گیا، غسان بن عباد کی طاقت و شوکت اور بشر بن داؤد کی خود سپردگی پر ایک شاعر نے کہا ہے: ؎

سیف غسان رونق الحرب وسمام الحتوف فی ظبتیہ

غسان کی تلوار میدان جنگ کی رونق ہے، اور اس کی دو طرفہ دھار میں موت کا زہر ہے:

فما ذا جرّہ الی بلد السند فالقی المقاد بشرٌ الیہ

غسان کیا سامان جنگ اور فوج لے کر سندھ پہونچا کہ بشر نے اس کے سامنے اپنی طاقت اور فوج وغیرہ ڈال دی:

مقسما لا یعود ما حجّ لله مصلٍّ، ومارمی جمرتیہ

بشر نے قسم کھائی کہ جب تک حج اور رمی جمرات کا سلسلہ جاری رہے گا وہ بغاوت کا ارتکاب نہیں کرے گا،

غاد الخلع الملوك ویعتا ل جنودًا تاوی الی ذروتیہ[1]

اس واقعہ کے بعد سرکشی سرنگوں ہوگئی اور غسان نے خفیہ طور سے زبردست فوج بھیجی، (؟)

غسان بن عباد اس کے بعد سہل بن حسن کی طرف سے خراسان کی حکومت پر گیا، اور ۲۱۹ھ میں خلیفہ معتصم نے اس کو جزیرہ، قنسرین اور عواصم کی امارت دی،

غسان کا طبیب خاص ابراہیم بن فزارون

ابراہیم بن فزارون بغداد کے نامی اطباء و حکماء میں سے تھا، اور غسان کے دربار سے متعلق تھا وہ جہاں امیر بن کر جاتا تھا ابراہیم طبیب بھی اس کے ساتھ ہوتا تھا وہ غسان کا

[1] تاریخ طبری۔

طبیب خاص تھا، چنانچہ جب وہ سندھ کا امیر بنا تو ابراہیم طبیب بھی یہاں آیا،

سندھی مور کا گوشت

ابراہیم طبیب بیان ہے کہ غسان سندھ میں آنے کے بعد نوروز سے مہرجان تک تقریباً ساڑھے تین ماہ باسی اور ٹھنڈے گوشت کی تمنا کرتا رہا، مگر ایک بوٹی بھی نہ کھا سکا، وجہ یہ تھی کہ ہم لوگ گوشت پکاتے تھے مگر ٹھنڈا ہونے کے بعد فوراً بگڑ جاتا تھا اور پھینکنا پڑتا تھا، البتہ مور کا گوشت جس قدر لذیذ اور مزیدار سندھ میں ہوتا ہے، کہیں نہیں ہوتا، میں نے قیام سندھ کے زمانہ میں مور کا گوشت خوب کھایا، اور سندھی مور کے گوشت سے زیادہ لذیذ گوشت، کہیں نہیں پایا،

سندھ کی ایک عجیب وغریب مچھلی،

ابراہیم بن فزارون نے سندھ میں ایک خاص قسم کی مچھلی کھانے کا تذکرہ لذت لے لے کر کیا ہے، وہ کہتا ہے کہ لوگوں نے غسان بن عباد سے بیان کیا کہ دریائے سندھ میں ایک مچھلی بزغالہ (بکری کے بچہ) کے مانند ہوتی ہے، وہ سر سے دم تک مٹی سے لیپ دی جاتی ہے، پھر ہاتھ میں لے کر آگ میں بھونی جاتی ہے اس کے بعد اس طرح احتیاط سے کھائی جاتی ہے کہ ریڑھ کے کانٹے نہ ٹوٹیں، پھر اس ڈھانچہ کو پانی میں ڈال دیا جاتا ہے تو کچھ دنوں کے بعد وہ مچھلی زندہ ہو جاتی ہے اور اس پر گوشت پوست آجاتا ہے، جب غسان نے یہ بات سنی تو تجربہ کے لئے اپنے صحن میں ایک حوض بنوا کر اس میں یہ مچھلی رکھی، اور روزانہ اس حوض سے یہ مچھلیاں پکڑ کر آجاتی تھیں اور ہم لوگ اسی ترکیب سے ان پر مٹی لگاتے اور بھون کر کھاتے تھے، تجربہ کے لئے بعض مچھلیوں کی ریڑھ توڑ دیتے تھے تو وہ پانی میں مرجاتی تھی، اور جس کی ریڑھ نہیں توڑتے وہ پانی میں کچھ دنوں کے بعد زندہ ہو جاتی تھی، البتہ اس مچھلی کا رنگ پہلے سیاہ ہوتا تھا اور دوبارہ زندہ

ہونے کے بعد اس کی سیاہی مائل بہ سفیدی ہوجاتی تھی [۱]

موسیٰ بن یحییٰ برمکی کی امارت اور راجہ پال سے جنگ

معلوم ہوچکا ہے کہ ۲۱۳ھ میں مامون نے غسان بن عباد کے ساتھ موسیٰ بن یحییٰ بن خالد بن برمک کو یہ کہکر بھیجا تھا کہ یہ امیر البلد ہوگا، چنانچہ غسان نے موسیٰ کو ملکی انتظامات پر رکھ کر خود بشر کی طرف توجہ کی، اور جب غسان ۲۱۶ھ میں عراق گیا تو موسیٰ سندھ کا امیر مطلق ہوا، اس کے زمانہ میں ایک راجہ نے سرکشی کی جس سے جنگ ہوئی،

صورت یہ ہوئی کہ جن دنوں غسان بن عباد اور بشر بن یزید کے معاملات چل رہے تھے، سندھ اور مکران کے مشرقی علاقہ کے پال نامی ایک راجہ نے غسان پر چڑھائی کردی۔ راجہ پال نے غسان کو لکھا کہ دوسرے راجوں کی طرح وہ بھی اس کے لشکر میں حاضر ہو، مگر غسان نے صاف انکار کردیا اس وقت بات ختم ہوگئی، مگر جب غسان یہاں سے عراق چلا گیا اور موسیٰ یہاں کا امیر ہوا تو اس نے راجہ پال کو گرفتار کیا، راجہ نے پانچ لاکھ درہم کے عوض اپنی جان بخشی کرانی چاہی مگر موسیٰ نے اس کو موت کے گھاٹ اتار دیا [۲] جن دنوں غسان اپنے حریف بشر سے نبرد آزما تھا راجہ پال کا اس کو اپنے یہاں طلب کرنا کسی سازش کے ماتحت تھا، غالباً راجہ پال نے بشر بن داؤد کو اندر اندر شہ دیکر غسان کو اس کی تادیب سے روکنے کے لئے یہ طریقہ اختیار کیا تھا، مگر غسان اس کی چال کو سمجھ گیا اور اس وقت اس سے الجھنا خلاف مصلحت جانا مگر بعد میں موسیٰ بن یحییٰ نے مسلمانوں کے اندرونی معاملات میں دخل دینے اور ان کے باغی کی خفیہ مدد کرنے کی سزا میں راجہ پال کو قتل کردیا، اس نے

---

[۱] تاریخ الحکماء قفطی ص۷۵ و طبقات الاطباء ج۱ ص۱۰۷ ابن اصیبعہ [۲] فتوح البلدان ص۴۳۴

اپنے جرم کو پانچ لاکھ درہم میں خریدنا چاہا مگر موسیٰ نے اسے منظور نہیں کیا،

موسیٰ بن یحییٰ کے دیگر کام اور موت

موسیٰ بن یحییٰ برمکی ۲۱۳ھ سے ۲۲۱ھ تک سندھ کا امیر رہا اس درمیان میں معتصم باللہ (۲۱۸ھ تا ۲۲۷ھ) کا دور خلافت آیا، موسیٰ کی امارت کے آخری تین چار سال معتصم کی خلافت میں گذرے مگر دوسرے امرائے سندھ کی طرح اس کی خدمات اور کارناموں کی تفصیل کتابوں میں نہیں ملتی ہے البتہ راجہ پال کے واقعہ کے بعد بلاذری نے لکھا ہے:

واثر موسیٰ اثراً حسناً، ومات سنة احدیٰ وعشرین، و استخلف ابنہ عمران بن موسیٰ۔	موسیٰ نے قابلِ تحسین کارنامہ انجام دیا، اور ۲۲۱ھ میں فوت ہوا، اور اپنے بیٹے عمران کو جانشین بنایا،

یعقوبی نے موسیٰ بن یحییٰ کی امارت وخدمت اور سندھ میں آٹھ نو سالہ قیام کو صرف ان لفظوں میں بیان کیا ہے:

وولی البلدَ موسیٰ بن یحییٰ فلم یزل موسیٰ فی البلد حتی مات فصار ابنہ عمران بن موسیٰ مکانہ۔[1]	موسیٰ بن یحییٰ شہر منصورہ کا امیر ہوا اور مرتے دم تک اسی عہدہ پر رہا اس کے انتقال کے بعد اس کا بیٹا عمران اس کا جانشین ہوا،

موسیٰ بن یحییٰ برمکی کے آثار و خدمات کی تفصیلات کتابوں میں نہیں ہیں، البتہ اس پرفتن دور میں اس نے نیک نامی کے ساتھ کامیاب حکومت کی،

مامونی دور میں سنجان (گجرات) میں دولتِ ماہانیہ کا قیام

معلوم ہو چکا ہے کہ ہندوستان کے مید یعنی سمندری ڈاکو بغداد و بصرہ سے لے کر سندھ

---

[1] تاریخ یعقوبی ج ۲ ص ۵۵۸،

مکران کے سواحل تک قزاقی کرتے تھے اور گجرات اور سوراشٹران کے خاص گڑھ تھے، ان بحری ڈاکوؤں کی وجہ سے عباسی خلفاء نے امارت بحر بصرہ" کے نام سے مستقل امارت قائم کرکے بحری امراء وقواد مقرر کئے جو بصرہ اور ہندوستان کے درمیان ان ڈاکوؤں کی سرکوبی کرتے تھے، چنانچہ گندھارا، بھاڑ بھوت اور سوراشٹر میں متعدد بار فوجی مہمات آئیں اور فتوحات حاصل ہوئیں، پھر بھی گجرات وسوراشٹر کے قزاق فتنہ وفساد میں سرگرم رہا کرتے تھے۔ اور چوں کہ سندھ اور مکران کے حالات مقامی عربوں کی شورش اور قبائلی عصبیت کی وجہ سے ہر وقت غیر یقینی اور پریشان کن رہا کرتے تھے۔ اس لئے یہاں کے امراء کو ان سمندری ڈاکوؤں کی طرف توجہ کرنے کا موقع نہیں ملتا تھا۔ حتی کہ مامون کے دور میں سندھ اور مکران کی حدود سے دور ہندوستان کے علاقہ گجرات میں بنو سامہ کے آزاد کردہ غلام فضل بن ماہان نے شہر سندان۔ (سنجان بمبئی۔) پر قبضہ کرکے یہاں اپنی حکومت قائم کرلی اور عباسی خلفاء سے رابطہ قائم کرکے ان کے نام کا خطبہ پڑھا اور ان کی خدمت میں ہدیہ اور تحفہ روانہ کیا، چونکہ یہ علاقہ پہلے سے خلافت عباسیہ کے قبضہ میں نہیں تھا بلکہ راجہ بلہرا کی مملکت میں واقع تھا اس لئے یہاں خود مختار حکومت کا قیام عباسی خلفاء کے نزدیک غیر مناسب اقدام نہیں تھا۔ فضل بن ماہان نے مامونی عہد میں سنجان کی یہ خود مختار حکومت قائم کی اور اسی عہد میں اس کے انتقال پر اس کا لڑکا محمد بن فضل بن ماہان حاکم ہوا،

اس نے بحری بیڑہ تیار کر کے سمندری ڈاکوؤں سے جنگ کے بعد سوراشٹر کے پالی تھانہ پر قبضہ کیا اور جب غزوات وفتوحات سے واپس ہوا تو دیکھا کہ اس کا بھائی ماہان بن فضل بن ماہان سندان پر قابض ہے، اس کے بعد دونوں بھائیوں میں ۲۰۲ھ سے پہلے جنگ ہوئی جس میں محمد بن فضل بن ماہان مارا گیا اور اس کے بھائی ماہان بن فضل نے سندان پر قبضہ کر کے خلیفہ معتصم سے خط وکتابت کی اور اس کے پاس ہدیہ بھیجا، دونوں بھائیوں کی جنگ میں مقامی ہندو محمد بن فضل کے طرفدار تھے، اس لئے انھوں نے بعد میں ماہان بن فضل کو سولی دے دی اور سندان پر قبضہ کر کے یہاں کی مسجد مسلمانوں کے لئے چھوڑ دی تاکہ وہ اس میں نماز پڑھیں اور اپنے خلیفہ کے لئے دعا کریں، [۱]

اگر اس حکومت کی ابتدا ۱۹۸ھ میں اور انتہا، ۲۲۷ھ میں مانی جائے تو اس کی کل مدت ۲۸ یا ۲۹ سال ہوتی ہے، دولت ماہانیہ سنجان کی تفصیل ہماری کتاب "ہندوستان میں عربوں کی حکومتیں" میں موجود ہے، ہندوستان کے اسلامی مقبوضہ میں عرب قبائل نے بارہا قبضہ وغلبہ کی کوشش کی اور ان کو ناکام ہونا پڑا، اور خلافت کی طرف سے ان کی سرکوبی ہوئی مگر دولت ماہانیہ دوسرے علاقہ میں قائم ہوئی اور اسے خلافت کی خوشنودی حاصل ہوئی، اگر برادر کشی میں اس کا خاتمہ نہ ہوا ہوتا تو آگے چل کر جنوبی ہند میں اس سے اسلام اور مسلمانوں کو بہت فائدہ پہونچتا،

سنجان کی برادرانہ جنگ میں خلافت کی فوجی مداخلت

بعض قرائن سے معلوم ہوتا ہے کہ محمد بن فضل اور اس کے بھائی ماہان بن فضل کی برادرانہ جنگ ۲۰۲ھ سے پہلے ہوئی تھی اور خلیفہ مامون کی فوجوں نے اس

---

[۱] فتوح البلدان ص ۴۳۳ و ص ۴۳۴

جنگ میں محمد بن فضل کا ساتھ دیکر کشت وخون میں حصہ لیا تھا جس سے صورت حال نہایت خطرناک ہوگئی تھی، وزیر حسن بن سہل کے میر منشیوں کا بیان ہے کہ ایک مرتبہ مامون کی فوج میں ایک رقعہ ملا جس میں دو اشعار درج تھے، اس کو مجاشع بن مسعدہ نے دیکھ کر کہا کہ یہ اشعار میرے دوست ابو العتاہیہ کے ہیں اور ان کا تعلق مجھسے نہیں بلکہ فضل بن سہل (متوفی ۲۰۲ھ) سے ہے، چنانچہ سپاہی اس کاغذ کو فضل بن سہل کے پاس لے گئے، اس نے پڑھ کر کہا کہ میں ان اشعار کا مطلب نہ سمجھ سکا، جب اس کی خبر خلیفہ مامون کو ہوئی تو اس نے کہا کہ رقعہ میرے پاس لاؤ، میں اس کو دیکھ کر پہچان لوں گا، اس میں یہ اشعار تھے،

ما علی ذا افترقنا بسندان وما ھکذا عھدنا الإخاء

ہم نے کس بات پر سندان میں باہمی اختلاف کیا، ہم نے ایسی بھائی بندی نہیں دیکھی تھی،

تضرب الناس بالمھند البیض علی غدرھم وتنسی الوفاء[1]

تم ان لوگوں کو بے وفائی پر چمکتی ہوئی ہندی تلوار سے مار رہے ہو، اور ان کی وفاداری کو بھول رہے ہو؟

خلیفہ مامون کی فوج میں ابو العتاہیہ کے ان اشعار کا مجہول انداز میں ملنا، اور سرکاری افسر اور وزیر حتی کہ خلیفہ تک ان کا پہونچنا بتا رہا ہے کہ یہ فوجی اقدام بہت سخت تھا،

نیز سندان کی اس برادرانہ جنگ کی شدت وشہرت کا اندازہ اس سے ہوتا ہے کہ اس زمانہ میں "ایام سندان" (سندان کی جنگ) میں شرکت بہادری

---

[1] اغانی ج ۴ ص ۵۲،

کی علامت سمجھی جاتی تھی اور لوگ اسے اپنا کارنامہ سمجھتے تھے، چنانچہ آل مہلب کے ایک غلام خالد بن یزید نے جو بہت مالدار اور ساتھ ہی بہت بخیل تھا مرتے وقت اپنے لڑکے سے کہا تھا،

لم تشهدني وكردويه	افسوس کہ تم نے مجھ کو اور کردویہ
الا قطع أيام سندان	اقطع کو سندان کی جنگ میں نہیں دیکھا
ولا شهدتني في فتنة سرندیب	اور نہ تم نے مجھے سرندیپ کے فتنہ
ولا رأيتني حرب الملتان[1]	میں دیکھا اور نہ ہی تم نے مجھے ملتان کی جنگ میں دیکھا،

اس سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ خالد بن یزید مولی آل مہلب ملتان، سندان اور سرندیپ میں رہ چکا تھا، اور وہ عباسی دور میں ہندوستان کے معرکوں میں شریک ہوتا تھا،

راجہ رتبیل کا قبولِ اسلام

ہندوستان سے متصل علاقۂ بامیان اس زمانہ میں ہندوستان میں شمار ہوتا تھا، وہاں کے راجے رتبیل، کے خاندانی لقب سے مشہور تھے، مامون کے زمانہ میں رتبیل نے اسلام قبول کرکے مامون کی خدمت میں تازہ ہلیلۂ کابلی کا ہدیہ بھیجا، بلاذری نے لکھا ہے کہ مہدی اور رشید کے امراء سجستان کے راجگانِ رتبیل سے ان کی حیثیت کے مطابق جزیہ وصول کیا کرتے تھے جس زمانہ میں خلیفہ مامون خراسان میں تھا یہ رقم چند در چند مقدار میں آئی، اور وہاں کا راجہ مسلمان ہوکر اطاعت گذار ہوا،

---

[1] کتاب البخلاء جاحظ ص ۴۷،

واظهر ملكها الاسلام والطاعة وادخلها عامله واتصل اليها البريد فبعث اليه منها باهليلج غض، ثم استقامت بعد ذلك حينا۔[1]	بامیان کے راجہ نے اسلام اور اطاعت کا مظاہرہ کرکے بامیان میں خلیفہ مامون کے عامل کو بلایا اور وہاں سے ڈاک کا سلسلہ جاری ہوا، اور راجہ نے مامون کے پاس تازہ ہلیلہ بھیجا۔ اس کے بعد ایک زمانہ تک وہاں کے حالات درست رہے،

بامیان کے راجگان تبت سے مسلمانوں کے تعلقات اموی دور سے تھے، اور وہ مسلمانوں سے دوستانہ مراسم رکھتے تھے،

تبت کے راجہ کا اسلام اور کعبہ کے لئے گراں قدر نذرانہ

نیز مامون کے زمانہ میں سندھ کے اوپر تبت کے علاقہ کے ایک راجہ نے اسلام قبول کیا، اور بیت اللہ کے لئے گراں قدر نذرانہ بھیج کر اسلام سے عقیدت ظاہر کی، امام ازرقی نے اخبار مکہ میں سعید بن یحییٰ سے روایت کی ہے کہ تبت کا ایک راجہ مسلمان ہوا، اس کے پاس سونے کا ایک بت انسانی شکل کا تھا، اس کے سر پر سونے کا تاج تھا جس میں جواہر، یاقوتِ سرخ، یاقوتِ سبز، اور زبرجد کے جڑاؤ تھے، یہ بت ایک تخت پر رکھا ہوا تھا جس کے پائے سونے چاندی کے تھے، اس پر دیبا کا فرش تھا جس کی جھالریں سنہری اور روپہلی تھیں، راجہ نے بعد میں بت اور اس کے تخت کو مامون کے پاس خراسان بھیجا اور کہلایا کہ یہ کعبہ کے لئے نذر ہے مامون نے اسے اپنے وزیر حسن بن سہل کے پاس بھیج دیا اور اس کو ۲۰۱ھ میں بلخ کے ایک فوجی افسر نصیر بن ابراہیم اعجمی کے ذریعہ مکہ مکرمہ

[1] فتوح البلدان ص ۳۹۳،

بھیج دیا گیا اور حج کے موقع پر اسلامی شان و شوکت کے اظہار کی غرض سے اس کی نمائش ہوئی۔ جب حجاج منیٰ سے واپس ہوئے تو نصیر بن ابراہیم اعجمی نے صفا اور مروہ کے درمیان رجبۂ عمر بن خطاب میں اس تخت پر فرش بچھا کر بت کو رکھا، جو تین دن تک پڑا رہا اور نصیر بن ابراہیم کا بھانجا محمد بن سعید اس کی نگرانی کرتا تھا، اس کے ہاتھ میں چاندی کی تختی تھی جس پر لکھا ہوا تھا:۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم، ھذا سریر فلان بن فلان ملك التبت، اسلم و بعث بھذا السریر ھدیۃ الی الکعبۃ فاحمد واللہ الذی ھداہ للاسلام۔

اور محمد بن سعید اس تخت پر بیٹھ کر صبح و شام لوگوں کو یہی سناتا تھا، اور اللہ تعالیٰ کی حمد کرتا تھا جس نے تبت کے راجہ کو اسلام کی توفیق بخشی۔[1]

راجہ رہمی بنگال کا خط اور ہدیہ مامون کے نام

مامون کے زمانہ میں بنگال کے راجہ رہمی نے اس کو ہدایا و تحائف بھیج کر خط و کتابت کی، اور اس کی خوشنودی حاصل کی، قاضی رشید بن زبیر نے کتاب الذخائر والتحف میں اس کی تفصیلات یوں بیان کی ہیں کہ ہندوستان (بنگال) کے راجہ رہمی نے خلیفہ مامون کی خدمت میں یہ خط اور اس کے ساتھ گراں قدر تحائف بھیجے،

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ہندوستان کے راجہ رہمی کی طرف سے جو مشرق کا زبردست حکمران ہے، اس کے پاس سونے کا محل، یاقوت کے ستون اور موتیوں کے فرش ہیں، اس کا محل ایسے تروتازہ عود سے بنایا گیا ہے جس پر مہر کی جاتی ہے تو وہ موم کی طرح نقش قبول کر لیتا ہے، اس کے محل کی خوشبو

---

[1] اخبار مکہ از فاکہی ج ۲ ص ۴۸۔

دس فرسنگ سے محسوس ہوتی ہے، اس کے خزانے میں جواہر کے ہزاروں تاج ہیں جو اس کے خاندان کے ہزاروں بادشاہوں کے ہیں، سب سے بڑے بت کا پجاری اس کے سامنے سجدہ کرتا ہے، اس بت کا وزن ایک لاکھ مثقال سونے کے برابر ہے، اس میں ایک ہزار یاقوت سرخ اور موتی جڑے ہوئے ہیں، اور جب وہ خیر و برکت کے دن سوار ہو کر نکلتا ہے تو اس کے سر پر تاج اور جلو میں ایک ہزار دستے ہوتے ہیں جن کی سواری کے جانور موتیوں سے سجے ہوتے ہیں، اور ہر سواری کے جلو میں ایک ہزار گھڑ سوار ریشم اور سونے سے مرصع و مزین ہوتے ہیں، اس کے اصطبل میں ایک ہزار سفید ہاتھی ہیں جن کے چھلے سونے کی رسیوں کے ہیں، وہ جواہر کی رکابیوں میں موتیوں کے دسترخوان پر کھانا کھاتا ہے، وہ اس بات سے شرم و حیا کرتا ہے کہ اللہ رعایا کے معاملہ میں اس کو خائن دیکھے اور اس کو اہل مملکت کی امانت و ریاست دینے کے بعد نااہل پائے،

اس کے بعد اے بھائی! ہم بھی اس بات سے واقف ہیں کہ ہم نے اوپر اپنی جو تعریف و توصیف کی ہے وہ زائل ہونے والی اور بے سود ہے، ہمیں چاہئے تھا کہ اس خط کو اللہ تعالیٰ کے نام سے شروع کرتے، مگر ہم عبادت اور دعا کے علاوہ اس کے ذکر سے خط وغیرہ کی ابتدا کرنے کو بہت بڑی جسارت سمجھتے ہیں، اس لئے ہم نے اس کے نام سے یہ خط شروع نہیں کیا، ہمارے پاس آپ کی علمی برتری کی خبریں آتی رہتی ہیں، آپ جیسے کسی دوسرے حکمران میں ہم نے یہ علمی فضیلت نہیں پائی، ہم بھی دوستی اور تعلقات میں آپ کے شریک ہیں، اور ہم نے اپنی طرف سے

خط و کتابت اور استفادہ کا دروازہ اس طرح کھولا ہے کہ ہم ایک کتاب کا ترجمہ بنام "صفوۃ الاذہان" آپ کی خدمت میں بھیج رہے ہیں، اس کتاب کو دیکھ کر معلوم ہو جائے گا کہ اس کا یہ نام بالکل صحیح اور برمحل ہے، اس کے علاوہ اور بھی عمدہ عمدہ چیزیں جو ہم کو مناسب اور بہتر نظر آئیں آپ کی خدمت میں روانہ کر رہے ہیں، یہ چیزیں اگرچہ آپ کے مقام و مرتبہ کے اعتبار سے بہت معمولی ہیں، مگر اے بھائی! ان کے قبول کرنے اور تقصیر کی معذرت قبول کرنے کے ہم امیدوار ہیں"

یہ خط کاذی نامی درخت کی چھال پر لکھا ہوا تھا، جو ہندوستان میں اگتا ہے اس کی چھال کاغذ سے بہتر ہوتی ہے، اس کا رنگ زردی مائل ہوتا ہے، یہ خط لاجوردی رنگ کی روشنائی سے لکھا گیا تھا، اور سونے کے پانی سے مزین تھا، راجہ نے اس خط کے ساتھ مامون کی خدمت میں جو تحفے تحائف بھیجے تھے، ان کی تفصیل یہ ہے،

(۱) یاقوت سرخ کا ایک جام جو ایک بالشت چوڑا، ایک انگل موٹا اور موتیوں سے بھرا ہوا تھا، ہر موتی کا وزن ایک مثقال تھا اور کل موتیوں کی تعداد ایک سو تھی،

(۲) ایک فرش ایسے سانپ کے چمڑے کا جو وادیٔ مہراج میں پایا جاتا ہے اور ہاتھی کو نگل جاتا ہے، اس فرش کی خاصیت یہ ہے کہ جو شخص اس پر بیٹھتا ہے اسے سل کی بیماری کا خطرہ نہیں رہتا ہے، اور اگر سل کا مریض سات دن تک اس پر بیٹھے تو اس کا مرض زائل ہو جاتا ہے،

(۳) چھینٹ کے کپڑے، جن میں بہترین چھینٹ وہ تھی جس میں درہم کے برابر گول بوٹیاں تھیں اور ان کے بیچ میں سفید زردوزی کا کام تھا اور موتی

ٹکے ہوئے تھے،

(۴) تین مصلے جن کے ساتھ گاؤ تکیے بھی تھے، یہ گاؤ تکیے سمندل نامی پرند کے پر سے بنے ہوئے تھے، اس پر کی خصوصیت یہ ہے کہ آگ میں نہیں جلتے ہیں،

(۵) تازہ عود ایک لاکھ مثقال جو اس قدر نرم تھی کہ اس پر مہر لگائی جاتی تھی تو نشان پڑ جاتا تھا،

(۶) تینتیس ۳۳ سیر کافور کی ڈلیاں، ہر ڈلی پستہ کی وضع کی بادام سے بڑی تھی،

(۷) ایک سندھی نامی باندی جس کا قد بہت لمبا تھا، جب وہ چلتی تھی تو سر کے بال زمین پر گھسٹتے تھے، اس کے سر پر چار چوٹیاں تھیں، دو اوپر تاج کے مانند اور دو پیچھے کی جانب زمین تک لٹکتی تھیں، اس کی بھویں بھی لمبی تھیں، دانتوں کی سفیدی سے گویا بجلی چمکتی تھی، [1]

مامون کا خط اور ہدیہ راجہ رہمی کے نام

راجہ رہمی کے خط اور تحائف کے جواب میں خلیفہ مامون نے بھی خط اور ہدیہ بھیجا، خط یہ ہے،

بسم اللہ الرحمن الرحیم

امیر المومنین عبد اللہ مامون کی طرف سے جس کی ذات کو اور جس کے آبا و اجداد کو اللہ تعالیٰ نے اس کے چچا زاد بھائی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان اور کتاب اللہ کی تصدیق کی وجہ سے عزت و شرافت بخشی ہے، ہندوستان کے راجہ رہمی کے نام جو ہندوستان اور مشرق کے راجوں میں سب سے بڑا ہے، تم پر امن و سلامتی ہو، میں تمہارے سامنے پہلے اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا کرتا ہوں جو وحدہٗ لاشریک ہے۔ اور اس سے سوال کرتا ہوں کہ وہ اپنے رسول محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر رحمت نازل

[1] کتاب الذخائر والتحف صفحہ ۳۱ تا صفحہ ۳۵۔

فرمائے، تمہارا خط ملا جن نعمتوں کا تم نے تذکرہ کیا ہے، میں ان سے بہت خوش ہوا، اور قبولیت کی جس نیت سے تم نے ہمیں ہدیہ و تحفہ بھیجا ہے اسی کے مطابق ہم نے قبول کیا، تم نے اچھی چیز سے رسم و راہ کی ابتدا کی ہے، اس لئے تم قابلِ تعریف ہو، اس کا شکر ادا کرنا اور اسے یاد رکھنا ہمارے لئے ضروری ہے، ہمارا طریقہ یہ ہے کہ جو شخص ہماری شریعت کو قبول نہیں کرتا، اور اس سے اس کا کوئی تعلق نہیں ہوتا ہم اس کی تعظیم و تکریم کے لئے شرعی الفاظ و محاورات استعمال نہیں کرتے ہیں، اگر یہ بات نہ ہوتی تو ہم تمہاری تعظیم و تکریم میں کمی نہ کرتے، اور یہ عذر بیان کرنا بھی ہماری طرف سے تمہاری ایک قسم کی تعظیم ہے، تم اس کے مستحق ہو، ہم تمہارے پاس اپنی محبت کا ہدیہ بھیج رہے ہیں، جو دو دوستوں کے درمیان سب سے بڑا تحفہ ہے، ہم تمہارے پاس ایک کتاب عربی زبان سے ترجمہ کرا کر بھیج رہے ہیں جس کا نام "دیوان الالباب و بستان نوادر العقول" ہے، اس کے مطالعہ کے بعد تم کو اس اہم نعمت کی قدر و قیمت معلوم ہوگی، نیز معلوم ہوگا کہ کتاب کا یہ نام بالکل برمحل اور صحیح ہے، ہم نے محبت و تعلق کا سرنامہ عمدہ عمدہ چیزوں کا ہدیہ بتایا ہے جو ہمارے نزدیک تمہاری شان سے کم درجہ کی ہیں، اور واقعہ یہ ہے کہ اگر سلاطین اپنی اپنی حیثیت کے مطابق آپس میں تحفہ و ہدیہ کا معاملہ کریں تو اس کے لئے ان کے خزانے کافی نہیں ہوں گے، اس لئے یہ چیزیں اسی قدر ہدیہ میں دی جاتی ہیں جس سے باہمی تعلق اور جانبین کا حسن نیت ظاہر ہو جائے، اور اللہ تعالیٰ ہی کی طرف سے توفیق ہے۔

مامون کا یہ خط ایک لمبے کاغذ پر دونوں طرف لکھا گیا تھا، اور اس کا خط

ایک انگل جلی تھا، اس کے ساتھ جو ہدیہ بھیجا گیا تھا اس کی تفصیل یہ ہے
(۱) ایک گھوڑا مع سوار اور سامان سواری کے جو عقیق سے بنایا گیا تھا،
ایک روایت کے مطابق یہ گھوڑا شہب شہری کا تھا،
(۲) سیاہ و سپید مونگے کا ایک خوان (کھانے کی چوکی) جس کی زمین سفید
تھی، اس میں سیاہ، سرخ، اور سبز رنگ کی دھاریاں تھیں، یہ خوان تین بالشت
چوڑا اور دو انگل موٹا تھا، اس کے پائے سونے کے تھے، یہ بنو عباس کو مروان
بن محمد اموی کے خزانہ سے ملا تھا،
(۳) کپڑوں کی پانچ قسمیں، ہر قسم میں مندرجہ ذیل سو سو تھان تھے، مصر کے
سفید کپڑے، سوس کے ریشمی کپڑے اور اسکندریہ کی چھینٹیں، دیبا خراسانی،
فرش قرمزی، فرش طبری، فرش سوسنجری، حیرہ کے ایک سو ریشمی گدے مع تکیوں
کے، اور سوس کے ریشمی فرش،
(۴) فرعونی شیشہ کا ایک جام، جو ایک انگل دبیز اور ڈیڑھ بالشت چوڑا تھا،
بیچ میں ایک شیر دانت نکالے ہوئے تھا، یہ جام بھی مروان بن محمد اموی کے
خزانہ سے بنو عباس کو ملا تھا، [1]

مامون اور بوران کے زفاف پر ایک راجہ کا تحفہ

۲۱۰ھ میں خلیفہ مامون کے ساتھ اس کے وزیر حسن بن سہل کی بیٹی بوران کی تقریب زفاف بڑی دھوم دھام سے سنائی گئی اس موقع پر ہندوستان کے ایک راجہ نے حسن بن سہل کے پاس بہت سے قیمتی ہدایا روانہ کئے تھے، جن میں اعلیٰ قسم کے عود کی ایک ٹوکری بھی تھی، اس کی تفصیل قاضی رشید بن زبیر نے کتاب الذخائر والتحف میں بیان کی ہے [2]

---

[1] کتاب الذخائر والتحف صفحہ ۲۵ تا صفحہ ۲۰ [2] صفحہ ۳۲ تا صفحہ ۳۵۔

مامون کو ہاتھی کا تحفہ

مامون کو ہندوستان کے ایک راجہ نے ہاتھی کا ہدیہ دیا تھا جو قد و قامت میں بہت بڑا تھا، عہد معتصم میں بابک خرمی گرفتار کر کے اسی ہاتھی پر مقام قاطول سے سامرا تک لایا گیا تھا، مسعودی نے مروج الذہب میں اس فیل اشہب کا ذکر کیا ہے، [1]

احمد بن ابو نعیم بغدادی کی سندھ میں نظر بندی،

خلیفہ مامون نے اپنے مشہور درباری شاعر احمد بن ابو نعیم بغدادی کو سندھ میں نظر بند کیا تھا، ایک مرتبہ مامون نے ایک مرتبہ قاضی یحییٰ بن اکثم سے کہا یہ شعر کس کا ہے؟

وقاضٍ یری الحد فی ان ناولا یری علی من یلوط من باس

قاضی یحییٰ بن اکثم نے کہا امیر المومنین! آپ کو معلوم نہیں یہ کس کا شعر ہے؟ مامون کے انکار پر بتایا کہ یہ کم بخت احمد بن ابو نعیم کا ہے جس نے یہ شعر بھی کہا ہے

لا احسب الجور ینقضی وعلی الـ امۃ والٍ من آل عباس

یہ سن کر مامون نے کہا اس کو شہر بدر کر کے سندھ بھیج دینا چاہیئے،

(مروج الذہب، ابن خلکان)

عمران بن موسیٰ برمکی کی امارت

۲۲۱ھ میں موسیٰ بن یحییٰ بن خالد برمکی سندھ میں فوت ہوا، اس نے انتقال کے وقت اپنے بیٹے عمران بن موسیٰ برمکی کو اپنا جانشین اور امیر بنایا، یہ خلیفہ معتصم باللہ (۲۱۸ھ تا ۲۲۷ھ) کا دور خلافت تھا معتصم نے بھی عمران کو اپنی طرف سے سندھ کی ولایت کا پروانہ دیا، بلاذری نے لکھا ہے:

وماتت سنۃ احدیٰ وعشرین موسیٰ برمکی ۲۲۱ھ میں فوت ہوا،

واستخلف ابنہ عمران بن موسیٰ اس نے اپنے بیٹے عمران کو سندھ میں

---

[1] مروج الذہب ج ۴ ص ۵۰،

فکتب الیہ امیر المومنین المعتصم باللہ بولایۃ الثغر، [1]

اپنا نائب مقرر کیا تھا جسے خلیفہ معتصم نے بھی امارت کا پروانہ لکھ کر دیا،

خلیفہ معتصم نے عمران بن موسیٰ کو یہاں کی امارت دے کر سالانہ ایک لاکھ درہم کا مطالبہ کیا جسے اس نے منظور کیا، ابن خرداذبہ نے اس کی تصریح کی ہے،

وکان عمران بن موسیٰ البرمکی ضمن السند علی ان یحمل منہا بعد نفقۃ الف الف درھم ۔ [2]

عمران بن موسیٰ برمکی نے ذمہ داری لی کہ سندھ سے سرکاری اخراجات کے بعد سالانہ ایک لاکھ درہم روانہ کرے گا،

ایسا معلوم ہوتا ہے کہ مامون کے زمانہ سے سندھ سے سالانہ ایک لاکھ درہم پر اکتفا معمول بن گیا تھا اور آخر تک اسی پر عمل رہا، یعقوبی نے بھی موسیٰ بن یحییٰ کے سندھ میں فوت ہونے اور عمران بن موسیٰ کی جانشینی کو بیان کیا ہے، بلاذری نے معتصم کے زمانہ میں عنبسہ بن اسحاق ضبی کی امارت کا تذکرہ کیا ہے جب کہ دوسرے مؤرخوں نے خلیفہ واثق کے زمانہ میں اس کو یہاں کا امیر بتایا ہے، ہوسکتا ہے کہ معتصم کے زمانہ میں عمران بن موسیٰ مستقل امیر اور عنبسہ بن اسحاق امیر بلدر ہا ہو۔

عمران بن موسیٰ نے اپنی امارت میں متعدد کارنامے انجام دیے، قیقان کے جاٹوں کو زیر کیا، بیضاء نامی شہر آباد کیا، قندابیل سے دوسروں کا غلبہ ختم کیا، بحری ڈاکوؤں سے جنگ کرکے ان کا صفایا کیا مگر افسوس کہ آخر میں پھر وہی یمانیوں اور نزاریوں کی قبائلی عصبیت ابھر آئی اور اسی میں عمران کی جان گئی، اس کے بعد سندھ اور مکران میں عباسی خلافت کی طاقت کمزور

---

[1] فتوح البلدان ص ۴۳۲، [2] المسالک و الممالک ص ۵۷،

پڑ گئی اور جگہ جگہ خود مختار حکومتیں قائم ہونے لگیں،

قیقان کے جاٹوں سے جنگ اور فتح،

معلوم ہو چکا ہے کہ خلیفہ مہدی کے ابتدائی دور میں سندھ کے جاٹوں نے شورش برپا کی اور جگہ جگہ فتنہ وفساد برپا کر کے امن وامان کو درہم برہم کیا، متعدد امراء آئے گئے اور سندھ بصرہ کے ماتحت ہوا مگر یہ جاٹ قابو میں نہ آسکے حتّٰی کہ لیث بن طریف نے آکر ان کو بزور شمشیر زیر کیا، اور کچھ دنوں تک ان کی طرف سے اطمینان رہا، مگر وہ اندر اندر اپنا کام کرتے رہے یہاں تک کہ معتصم کے زمانہ میں انھوں نے قیقان کے حدود میں اچھی خاصی طاقت جمع کر لی اور پھر وہی قدیم روش اختیار کر کے لوٹ مار اور قتل وغارت گری شروع کر دی۔ اس وقت عمران نے منصورہ سے فوجی تیاری کی، اور قیقان جا کر ان کا قلع قمع کیا، بلاذری کا بیان ہے:

فخرج الی القیقان، وھم نباط، فقاتلھم فغلبھم۔

عمران نے قیقان کے جاٹوں پر فوج کشی کر کے ان سے جنگ کی اور ان کو مغلوب کیا،

جاٹوں کی تادیب کے سلسلہ میں صرف اتنا ہی معلوم ہو سکا ہے،

شہر بیضاء کی تعمیر

قیقان، قندابیل اور طوران کے علاقے دارالامارہ منصورہ سے کافی دور شمال میں واقع تھے، جہاں شورش پسندوں اور فتنہ پردازوں کی طاقت رہ رہ کر ابھرتی تھی، خوارج، زیود، متغلبین جاٹ اور میدان دور دراز اور دشوار گذار علاقوں میں پناہ لیا کرتے تھے، اس لئے ان حدود میں ایک ایسے مرکز کی ضرورت تھی جہاں فوجیں اور دیگر سرکاری لوازم ہر وقت موجود رہیں تاکہ بوقت ضرورت حالات پر قابو پایا جا سکے، اسی خیال سے عمران نے قیقان کے جاٹوں کی تنبیہ وتادیب کے بعد بیضاء نامی ایک شہر بنایا

کیا، بلاذری نے فتح قیقان کے بعد اسی کا تذکرہ کیا ہے:

وبنی مدینۃ سماھا البیضاء واسکنھا الجند [1]	عمران نے ایک شہر آباد کرکے اس کا نام بیضاء رکھا اور وہاں فوج کو بسایا،

اس نئے شہر میں فوجوں کو آباد کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ اس کی تعمیر کا اصل مقصد اطراف وجوانب کی شورشوں پر قابو پانا تھا اور یہ شہر فوجی چھاؤنی کی حیثیت رکھتا تھا، جہاں سے بوقت ضرورت قیقان اور قفد ابیل وغیرہ میں فوجی کمک روانہ کی جاتی تھی،

عباسی دور میں ہندوستان میں یہ پہلا شہر ہے جو خلیفہ معتصم کے زمانہ میں تعمیر کیا گیا، یہاں یہ معلوم کرنا دلچسپی سے خالی نہیں ہے کہ خلیفہ معتصم شہروں کی تعمیرات کا شیدائی تھا، اور کہا کرتا تھا کہ اس میں بہت سی خوبیاں ہیں، اس سے زمین کی آبادی اور رونق ہے جس سے ایک عالم بہرہ مند ہوتا ہے، خراج وجزیہ کی آمدنی بڑھتی ہے، مال ودولت کی فراوانی ہوتی ہے، جانوروں کی پرورش ہوتی ہے، اشیاء کی قیمتیں ارزاں ہوتی ہیں اور معاش ومعیشت کی کثرت ہوتی ہے، وہ اپنے وزیر محمد بن عبدالملک سے کہا کرتا تھا کہ جب تم کو کوئی ایسا موقع ہاتھ آئے کہ اس میں دس درہم خرچ کرو، اور ایک سال کے بعد اس سے گیارہ درہم کی آمدنی ہو تو اس کے بارے میں مجھ سے مشورہ اور اجازت نہ لو، بلکہ اسے کر ڈالو، [2] اسی لئے معتصم کے دور خلافت میں شہروں کی آبادی کی طرف بہت زیادہ توجہ کی گئی، نئے شہر بسائے گئے اور پرانے شہروں کی مرمت وتوسیع ہوئی، اسی ضمن میں ہندوستان میں ایک شہر بسایا گیا،

---

[1] تاریخ یعقوبی ج ۲ ص ۵۵۷، [2] مروج الذہب ج ۴ ص ۴۷،

دیبل میں جیل خانہ کی تعمیر اور شہر کی مرمت

معتصمی دور کی تعمیرات کے سلسلے میں شہر دیبل کی مرمت اور وہاں جیل خانہ کی تعمیر بھی قابل ذکر ہے، معلوم ہو چکا ہے کہ اموی دور میں محمد بن قاسم نے دیبل کو سخت مقابلہ کے بعد فتح کر کے یہاں عظیم الشان اور قدیم بت خانہ کا مینارہ عروس نامی منجنیق سے توڑا تھا اور شہر پناہ پر سیڑھی لگا کر شہر کے اندر اسلامی فوج داخل ہوئی تھی، بعد میں محمد بن قاسم نے یہاں چار ہزار مسلمانوں کو آباد کر کے مسجد تعمیر کی، یہاں کے بت خانہ کا مینارہ اتنا لمبا چوڑا تھا کہ عباسی دور میں اسی میں جیل خانہ بنایا گیا اور اس کے ٹوٹے ہوئے پتھروں سے شہر دیبل کی مرمت کا کام شروع ہوا، بلاذری نے منصور بن حاتم نحوی کا مشاہداتی بیان نقل کیا ہے کہ معتصم کے زمانہ میں عنبسہ بن اسحاق ضبی سندھ کا حاکم تھا، اس نے بت خانہ کے مینارہ کا بالائی حصہ گرا کر اس میں جیل خانہ بنوایا اور مینارہ کے گرے ہوئے پتھروں سے شہر دیبل کی مرمت شروع کی مگر درمیان ہی میں معزول کر دیا گیا۔[1]

قندابیل کے متغلب محمد بن خلیل سے جنگ اور اس کی گرفتاری

قیقان کے جاٹوں کی سرکوبی کے بعد عمران بن موسیٰ نے اسی کے حدود میں دوسرے مرکزی شہر قندابیل کا رخ کیا جو ایک پہاڑی مقام ہونے کی وجہ سے دشوار گذار اور محفوظ شہر تھا، یہ شہر خلافت راشدہ ہی میں مسلمانوں کے قبضہ میں آگیا تھا مگر شورش پسند عربوں نے بار بار اس پر قبضہ کر کے اپنی شخصی حکومت قائم کی اور ان سے نبٹنا پڑا،

مامون کے زمانہ میں بشر بن داؤد اور اس کے چچازاد بھائی ابراہیم بن عبداللہ کے استیلاء و غلبہ سے نجات مل گئی تھی مگر اندرا اندر عرب قبائل

---

[1] فتوح البلدان ص ۴۲۵۔

کے اعیان اپنا کام کر رہے تھے، اور جہاں موقع پاتے کوئی اہم مقام اپنے قبضہ میں لے لیتے تھے، چنانچہ معتصم کے زمانہ میں مکران وطوران کے پہاڑی علاقہ کے مرکزی شہر قندابیل پر ایک عرب سردار محمد بن خلیل نے اپنے چند ساتھیوں کو لے کر غلبہ حاصل کر لیا تھا، عمران بن موسیٰ نے قیقان کے جاٹوں کو زیر کر کے شہر بیضاء کو اس علاقہ کی فوجی چھاؤنی بنایا، اس کے بعد دار الامارہ منصورہ آیا، اور یہاں سے پوری تیاری کر کے قندابیل پر فوج کشی کی اور جنگ کے بعد محمد بن خلیل اور اس کے آدمیوں کو گرفتار کر کے قصدار پہونچایا، بلاذری کا بیان ہے:

ثم اتی المنصورۃ، وصار منھا الی قندابیل، وھی مدینۃ علی جبل، وفیھا متغلب یقال لہ محمد بن الخلیل فقاتلہ وفتحھا وحمل رؤساءھا الی قصدار۔	عمران منصورہ آکر وہاں سے قندابیل گیا جو پہاڑی شہر ہے، اس پر محمد بن خلیل غالب وقابض تھا، عمران نے اس سے جنگ کر کے فتح پائی اور وہاں کے متغلب سرداروں کو گرفتار کر کے قصدار بھیجا،

اس بیان سے معلوم ہوتا ہے کہ محمد بن خلیل نے قندابیل پر قبضہ کر کے اچھی خاصی فوجی طاقت بھی جمع کر لی تھی، اور اس کے ساتھ چند سرداران قبائل حکومت میں شریک تھے، اور محمد بن خلیل کے ساتھ انھوں نے بھی عمران بن موسیٰ سے مقابلہ کیا، اس لئے شکست کھانے کے بعد یہ سب قصدار میں قید کئے گئے،

سمندری ڈاکوؤں سے پہلی جنگ اور بند کی تعمیر

قیقان کے جاٹوں اور قندابیل کے متغلب

عربوں کی سرکوبی اور تادیب کے بعد عمران بن موسیٰ نے سمندری ڈاکوؤں کی طرف رخ کیا، جنھوں نے اس وقت اندرون ملک بڑی تباہی مچا رکھی تھی، نیز بصرہ اور ہندوستان کے درمیانی جزائر اور سواحل میں اپنی سرگرمی تیز کر دی تھی، چنانچہ بحر بصرہ کی امارت میں ۲۱۹ھ، ۲۲۵ھ میں تبدیلیاں ہوئیں، اور ان ڈاکوؤں سے جنگ کرنی پڑی، اسی سلسلہ میں امیر سندھ عمران نے بھی ان کے خلاف سخت اقدام کر کے تین ہزار ڈاکوؤں کو قتل کیا، اس کے بعد کچھ امن نصیب ہوا، بلاذری نے لکھا ہے:

ثم غزا لمید، وقتل منهم ثلاثة آلاف وسكّر سكرًا يعرف بسكر المید۔	پھر عمران نے بحری ڈاکوؤں سے جنگ کر کے تین ہزار کو موت کے گھاٹ اتارا اور "سید بند" کے نام سے ایک بند باندھا،

غالباً یہ جنگ سورا شٹر کے کسی علاقہ میں ہوئی تھی، جہاں مید کا گڑھ تھا، اور یہ بند جو اُن کے نام سے باندھا گیا تھا، ان کی یلغار روکنے کے لئے تھا،

جاٹوں کی شناخت کے لئے مہر لگانا، اور جزیہ کی وصولی

قیقان کے جاٹ اگرچہ خاموش ہو گئے تھے، مگر دوسرے علاقوں میں ان کی تخریبی سرگرمیاں برابر جاری تھیں، خاص طور سے سندھ کے صحرائی علاقوں میں انھوں نے بڑی ابتری اور بے چینی پھیلا رکھی تھی، اس لئے عمران نے ان میں سے ہر ایک کی شناخت اور اس پر پابندی کا منصوبہ بنایا، اور دریائے الور کے کنارے زبردست فوجی پڑاؤ ڈال کر آس پاس کے جاٹوں کو بلایا اور ان کی شناخت کے لئے ان کے ہاتھوں پر مہر لگائی اور جزیہ کی رقم وصول کی، نیز حکم دیا کہ جو جاٹ میرے دربار میں آئے اور مجھ سے ملاقات کرے، ضروری ہے کہ اپنے

ساتھ ایک کتا رکھے، ——— اس حکم کی وجہ سے اس زمانہ میں سندھ میں کتوں کی قیمت بہت بڑھ گئی تھی حتی کہ ایک کتے کی قیمت پچاس درہم تک پہونچ گئی تھی[1]

قدیم زمانہ سے سندھ کے راجوں مہاراجوں نے جاٹوں کے لئے ضروری قرار دیا تھا کہ وہ اپنے ساتھ کتے رکھا کریں محمد بن قاسم نے سندھ فتح کرنے کے بعد مقامی لوگوں کو بلا کر یہاں کے عوام اور راجوں کے تعلقات کے بارے میں معلومات لیں تو انھوں نے یہ بھی بتایا تھا کہ یہاں کے راجے جاٹوں کے لئے کتا ضروری قرار دیتے تھے، عمران نے اسی قدیم رسم کے مطابق یہ حکم دیا تھا،

سمندری ڈاکوؤں سے دوسری جنگ

عمران بن موسی نے دریائے الرور کے آس پاس کے جاٹوں سے نہ جنگ کی، اور نہ ان کے ساتھ سختی کا معاملہ کیا، بلکہ مردم شماری کی طرح ہر جاٹ کے ہاتھ پر نشان کے لئے مہر لگادی، اس طرح کی بعض علامتیں ہمارے زمانہ میں بھی بعض قوموں اور جماعتوں میں رائج ہیں، جن کو دیکھ کر معلوم ہو جاتا ہے کہ یہ فلاں طبقہ سے ہیں، مثلاً مہاراشٹر اور کوکن کے دیہی اور پہاڑی علاقوں میں بعض نیم وحشی قسم کی قومیں ہیں جو گھونگرو پہنتی ہیں اور ان کے جسم پر بعض خاص قسم کی علامتیں ہوتی ہیں جن سے معلوم ہو جاتا ہے کہ یہ فلاں قوم سے ہیں، کتا ساتھ رکھنے کی رسم پرانے زمانہ سے چلی آرہی تھی، عمران کے اس نرم رویہ کی وجہ سے بہت سے جاٹ اسکی فوج میں شامل ہو گئے، اور عمران نے اُن کی مدد سے بید (سمندری ڈاکوؤں) پر دوبارہ چڑھائی کی، بلاذری کا بیان ہے:

ثم غزا ۱۱ لمید و معہ — پھر عمران نے بحری ڈاکوؤں سے جنگ کی،

---

[1] فتوح البلدان ص ۴۳۲،

وجوہ الزط ۔ اس وقت اس کے ساتھ نامی گرامی جاٹ تھے،

بالفاظ دیگر سمندری ڈاکوؤں سے لڑنے کے لئے جاٹوں کے بہادر اور سردار عمران کی قیادت میں اسلامی فوج کے ساتھ نکلے، اور ہندوستان سے اس بلا کے ٹالنے میں معاون بنے، چونکہ یہ ڈاکو بار بار سرکوبی کے باوجود اپنی شرارت سے باز نہیں آتے تھے اور خشکی و تری میں بدامنی اور غارت گری جاری رکھتے تھے، اس لئے عمران نے جاٹوں کی مدد سے ان کی جمعیت کو منتشر کرنے کے لئے ایک ترکیب یہ کی کہ ان کی ساحلی بستیوں میں جن دریاؤں سے وہ پانی پیتے تھے، ان میں سمندری پانی ملادیا جس سے ان کا پانی کھاری اور ناقابل استعمال ہوگیا اور جب وہ پریشان ہوگئے تو ان کو طاقت سے زیر کیا، بلاذری نے لکھا ہے:

فحفر من البحر نھرًا،	عمران نے سمندر سے نہر نکال کر
واجراہ فی بطیحتھم	بحری ڈاکوؤں کے میدانی علاقہ میں
حتی ملح ماؤھم وشنّ	جاری کی جس سے ان کے پینے کا پانی
الغارات علیھم ۔	کھاری ہوگیا، اور ان پر شدید حملے کئے

سمندر سے نہر کھودنے اور ڈاکوؤں کی ساحلی اور میدانی بستیوں تک اس کے لانے میں اسلامی فوج کے ساتھ جاٹ بھی شریک تھے کیونکہ ان ڈاکوؤں کی یلغار سے عام باشندے سخت پریشانی میں مبتلا تھے،

عربوں کی قبائلی جنگ میں عمران بن موسیٰ کا قتل،

یہاں کے عربوں کی قبائلی عصبیت و شدت اور ہر قبیلہ کی غلبہ و اقتدار کی کوشش مسلمانوں اور خلافت کے حق میں سندھ و مکران کے جاٹوں اور ڈاکوؤں سے زیادہ

خطرناک اور مہلک تھی، اور یہ قبائلی اور نسلی فتنہ ہر عباسی خلیفہ کے زمانہ میں کسی نہ کسی رنگ میں کام کرتا رہا، چنانچہ اس وقت بھی یہ فتنہ زور پر تھا، ایک طرف عمران بن موسیٰ اسلامی فوج کے ساتھ یہاں کے جاٹوں کو لے کر شورش پسندوں اور فتنہ پروروں کا قلع قمع کر رہے تھے، دوسری طرف یہاں کے عربوں نے وہ شورش اور فساد برپا کیا کہ اپنے امیر کی جان لے کر ہندوستان پر قبضہ کی راہ ہموار کر لی،

صورت یہ ہوئی کہ اموی دور خلافت میں امیر سندھ حکم بن عوانہ کلبی کے ساتھ ایک شخص منذر بن زبیر قرشی عبّاد کی سندھ میں آیا، جس نے عباسی دور کی ابتدا میں یہاں سے قرقیسیا جا کر خروج و بغاوت کا علم بلند کیا اور اس کی پاداش میں مارا گیا، اسی کے پوتے عمر بن العزیز بن منذر قرشی ہباری نے ۲۲۷ھ میں عمران کو قتل کر دیا، اس وقت سندھ کے یمانیوں اور نزاریوں میں شدید آویزش برپا ہوئی، عمر بن عبد العزیز جو بہت پہلے سے اقتدار کی کوشش کر رہا تھا اس میں نزاریہ کا طرفدار تھا، اور امیر سندھ عمران بن موسیٰ برمکی جو نہ یمانی تھا نہ نزاری بلکہ ایرانی عجمی تھا، یمانیوں کا ہمنوا تھا، اس لئے عمر بن عبد العزیز نے اس کو گھات میں پا کر قتل کر دیا، بلاذری نے لکھا ہے:

ثم وقعت العصبية بين النزارية و اليمانية فمال عمران الى اليمانية، فسار اليه عمر بن عبد العزيز الهباري	نزاریہ اور یمانیہ کے درمیان قبائلی عصبیت پیدا ہوئی جس میں عمران یمانیہ کی طرف مائل تھا اس لئے عمر بن عبد العزیز ہباری نے فوج کشی کر کے اس کو غافل پا کر قتل

فقتله وهو غاير[1] کر دیا،

قاضی رشید بن زبیر نے کتاب الذخائر والتحف میں تصریح کی ہے کہ عمران بن موسیٰ برمکی کا قتل سندھ میں ذوالحجہ ۲۲۷ھ میں خلیفہ واثق کے دور میں ہوا تھا،[2] اس واقعہ سے تقریباً نو ماہ پہلے ربیع الاول ۲۲۷ھ میں معتصم کا انتقال ہو چکا تھا،

اس کے بعد عمر بن عبد العزیز ہباری حاکمانہ شان وشوکت کا مالک بن کر سندھ میں تزاریوں کے نمائندہ کی حیثیت سے رعب وداب کی زندگی بسر کرنے لگا، حتی کہ اس کی مرضی اور اجازت کے بغیر عباسی امرار سندھ میں داخل نہیں ہو سکتے تھے، زبیر بن بکار نے جمہرۃ نسب قریش واخبارہا میں لکھا ہے،

عمر بن المنذر بن الزبیر ..... کان قد غلب علی السند، وکان لا یدخلها والٍ الا ان یتلقاه عمر بن المنذر، فاذا تلقاه عمر بن المنذر فی جماعة دخلها[3]

عمر بن عبد العزیز بن منذر نے سندھ پر غلبہ حاصل کر لیا تھا، اور سندھ میں خلافت کا کوئی امیر اس وقت تک داخل نہیں ہوتا تھا جب تک کہ عمر بن عبد العزیز بن منذر اس سے ملاقات نہ کر لے، اور جب عمر اپنے گروہ کے ساتھ اس سے مل لیتا تھا تو وہ یہاں آتا تھا،

اس صورتِ حال کے باوجود وہ ابھی تک عباسی خلافت کا وفادار بن کر رہا اور اس کے امیر سے تعاون کرتا تھا،

---

[1] فتوح البلدان ص ۴۳۳ [2] کتاب الذخائر والتحف ص ۱۸۵ [3] جمہرۃ نسب قریش واخبارہا ج ۱ ص ۵۲،

عمران بن موسیٰ کی متروکات اور مال و دولت ،

عمران بن موسیٰ برمکی ۲۲۱ھ سے ۲۲۷ھ تک سندھ میں رہا، اس مدت میں اس نے شاندار خدمات انجام دیں اور بہت کچھ ساز و سامان اور مال و دولت فراہم کرلیا، قاضی رشید بن زبیر نے کتاب الذخائر والتحف میں لکھا ہے کہ جب خلیفہ واثق کو عمران کے قتل کی خبر ملی تو اس نے اس کی دولت و ثروت پر قبضہ کرنے کے لئے بغداد، بصرہ، اور سیراف میں آدمی روانہ کئے، انھوں نے عمران کے بیٹے محمد اور اس کی بہن کو جو بغداد میں اس کے بال بچوں اور گھر کی محافظ تھی گرفتار کرکے دو سال تک ابراہیم بن مصعب کے یہاں قید رکھا، اس کے بعد ان کے بارے میں واثق سے گفتگو ہوئی تو اس نے ان دونوں کو چھوڑ کر عمران کے وکیلوں کو پکڑا، جو گرفتاری کے بعد سرمن رائی پہونچائے گئے، انھوں نے عمران کی تمام دولت جو ان کے پاس تھی حکومت کے حوالہ کردی جس کی مجموعی قیمت پانچ کرور درہم تھی، اس کے علاوہ سونے کی دو ہزار ٹوکریاں تھیں، اور جو سامان لاپتہ ہوگیا اس کا کوئی شمار نہیں، مقبوضہ سامان میں زیادہ تر سونا تھا، واثق نے اسی سونے سے وہ مشہور دسترخوان بنوایا تھا جس کی پلیٹیں اور دوسرے تمام سامان سونے کے تھے، [1]

عمران کے اسلحۂ جنگ

عمران بن موسیٰ نے اپنے سات سالہ دور امارت میں کئی جنگیں کیں اور شاندار کامیابی پائی، اس کے انتقال کے بعد سندھ کے سرکاری خزانہ سے قسم قسم کے آلاتِ جنگ بھاری تعداد میں ملے، جن سے معلوم ہوتا ہے کہ اس زمانہ میں سندھ میں کیسے کیسے آلات جنگ استعمال ہوا کرتے تھے، قاضی رشید بن زبیر نے

[1] کتاب الذخائر والتحف ص ۱۸۵ ، ۱۸۶ ،

لکھا ہے کہ عمران بن موسیٰ کے خزانے سے یہ آلات جنگ برآمد ہوئے (۱) سات سو قدیم ہندی نیزے جن پر روغن پھیرا ہوا تھا (۲) سا بری زرہیں (۳) اونچے قسم کے طرخونی جنگی لباس (۴) تبت کے بکتر اور سینہ بند، (۵) لوہے کے سینہ بند، (۶) بازو بند، (۷) ساق بند، (۸) خود یعنی لوہے کی ٹوپی، (۹) گھوڑوں کے لئے لوہے کے جل اور زرہ، نیز اسی قسم کے بہت سے سامان جنگ جن کا کوئی شمار نہیں تھا، [۱]

خلیفہ واثق کی خدمت میں ہندی ہدایا و تحائف،

عمران بن موسیٰ کی امارت سندھ کے ساتویں سال ربیع الاول ۲۳۲ھ میں خلیفہ واثق کا دور خلافت آیا، اس وقت عمران بن موسیٰ نے اس کی خدمت میں ہندوستان سے عمدہ عمدہ چیزیں روانہ کیں، نیز اس نے دوسرے ارکان دولت اور اعیان واشراف کے پاس یہاں سے ہدیہ بھیجا، قاضی رشید بن زبیر نے اسکی تفصیلات یوں بیان کی ہیں عمران بن موسیٰ نے یہاں سے خلیفہ واثق کے پاس تقریباً دو ہزار جنگی قیدی بھیجے، اور سندھ کے عمدہ عمدہ ساز وسامان اور اچھی اچھی چیزیں، ناقہ مشک، عنبر، عود ہندی، سونے چاندی کے تاج وغیرہ کا ہدیہ روانہ کیا جن کی مجموعی قیمت دو لاکھ درہم سے زیادہ ہی تھی، اسی کے ساتھ یہاں کے وحشی جانور، خوش رنگ وخوبصورت پرندے جو صرف ہندوستان میں ہی پائے جاتے ہیں، اور باز اور بحیرہ وغیرہ بھیجے، جس وقت واثق کو معلوم ہوا کہ عمران سندھ سے باز و بحیرہ اور جانور اور پرند بھیجنے والا ہے بہت زیادہ خوش ہوا اور ایک خاص قاصد کو سندھ بھیجا، جس نے عمران سے ملاقات کرکے اس کو خلیفہ کے اشتیاق اور شدت انتظار سے مطلع کیا اور عام تحفہ و ہدیہ سے پہلے وحوش، طیور کو بغداد پہونچایا گیا جن کو دیکھ کر خلیفہ واثق بے حد مسرور ہوا،

[۱] کتاب الذخائر والتحف ص ۱۸۰،

۵ عمران ہندی تلواریں، عود ہندی کی کرسیاں اور بخت ہوئے چاندی کے

اس کے بعد دوسرے سامان پہونچے،

اسی طرح عمران نے اسحاق بن ابراہیم، محمد بن عبد الملک، اور احمد بن ابو دواد اور دوسرے فوجی امراء اور ارکان دولت کی خدمت میں یہاں سے عمدہ عمدہ ہدایا و تحائف بھیجے جن کو عمران کا میر منشی اپنے ساتھ لے کر بغداد آیا تھا[1]

راجہ عیسفان کا قبولِ اسلام

جس زمانہ میں ہندوستان کے عرب قبائل خلافت کے مقابلہ میں خروج و بغاوت کر رہے تھے یہاں کے راجے مہاراجے خلافت کے نمایندوں اور امیروں سے تعاون کر رہے تھے، بلکہ ان میں سے بعض مسلمان ہو رہے تھے، چنانچہ معتصم باللہ کے دور میں یہاں کا ایک راجہ اسلام کی صداقت سے متاثر ہو کر مسلمان ہوا، بلاذری نے لکھا ہے کہ کشمیر، ملتان اور کابل کے درمیان شہر عیسفان کا راجہ نہایت عقلمند تھا، عام باشندے بت پرست تھے جو ایک بت خانہ میں جا کر بت پوجتے تھے، ایک مرتبہ راجہ کا لڑکا بیمار پڑا اس نے بت خانہ کے پجاریوں اور رہنوں کو جمع کر کے کہا کہ وہ بت سے التجا کریں کہ بچے کو بیماری سے نجات دے دے، یہ سن کر پجاری تھوڑی دیر کے لئے راجہ کے سامنے سے ہٹ گئے، پھر آ کر کہنے لگے کہ ہم نے بت سے بچہ کی شفا کے لئے دعا کی اور اس نے دعا سن لی ہے۔ مگر اس کے بعد بچہ مر گیا۔ راجہ نے غصہ میں بت خانہ کو گروا دیا اور بت کو توڑ کر پھینک دیا۔

ثم دعا قوماً من	پھر راجہ نے مسلمان تاجروں کی ایک
تجار المسلمین فعرضوا	جماعت کو بلایا جس نے اس کے
علیہ التوحید	سامنے توحید خداوندی پیش کی

[1] کتاب الذخائر والتحف ص ۱۸۵، ۱۸۶۔

فوحّد واسلم — اور وہ توحید کا قائل ہوکر مسلمان ہوگیا،

یہ واقعہ امیرالمومنین معتصم باللہ کے زمانہ کا ہے،[1]

افشین کی اعزازی امارتِ سندھ

عمران بن موسیٰ جس زمانہ میں یہاں کا امیر تھا، معتصم نے افشین کو اعزازی طور سے سندھ کی ولایت دی تھی، ابن کثیر نے البدایہ والنہایہ میں لکھا ہے کہ ۲۲۳ھ میں افشین نے بابک خرمی کو قتل کیا تو معتصم نے اس کا اعزاز کرتے ہوئے سر پر تاج رکھا اور جواہر کے دو ہار بھی پہنائے اور بیس لاکھ درہم نقد نذر کیا اور یہ کہ

وکتب لہ بولایۃ السند[2] — افشین کو سندھ کی ولایت کا پروانہ لکھا،

پھر شعراء کو حکم دیا کہ اس کی شان میں مدحیہ اشعار کہیں، چنانچہ کئی شعراء نے افشین کے دربار میں حاضر ہوکر اس کی شان میں قصیدہ خوانی کی، انہی میں دیوان حماسہ کا مؤلف ابوتمام طائی بھی شامل تھا،

افشین کی یہ ولایت اعزازی تھی، نہ وہ سندھ آیا اور نہ اس نے اپنی طرف سے کسی کو یہاں امیر بنا کر بھیجا،

ایک اور برمکی امیر سندھ

موسیٰ بن یحییٰ برمکی یا عمران بن موسیٰ کے دور امارت میں سندھ میں ایک اور برمکی امیر تھا۔ ابن خاکان نے جاحظ متوفی ۲۵۵ھ کے حال میں اس کا تذکرہ "بعض البرامکۃ" کے مبہم لفظ میں کیا ہے جو یہاں کا امیر تھا اور بغداد واپس گیا تھا،

وحکی بعض البرامکۃ، قال کنت تقلدت السند — بعض برامکہ نے بیان کیا ہے کہ میں سندھ کا امیر بنایا گیا اور ایک مدت

[1] فتوح البلدان ص ۴۳۳ [2] البدایہ والنہایہ ۱۰/ ص ۲۸۵،

فاقمت بها ما شاء الله ، ثم انفصل بی انی صُرفت عنها۔

تک وہاں مقیم رہا، پھر وہاں سے ہٹا دیا گیا۔

موسیٰ بن یحییٰ اور عمران بن موسیٰ باپ بیٹے دونوں سندھ ہی میں فوت ہوئے اور تاحیات یہاں کے امیر رہے، اس لئے ان میں سے کسی کے یہاں کی امارت سے ہٹنے یا ہٹائے جانے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا، غالباً یہ کسی مقام یا شعبہ کا امیر تھا۔ جس نے بہت سی ذاتی دولت کمائی اور یہاں سے بہت زیادہ سونا لے گیا جس سے جاحظ کی مدد کی،

جاحظ کی مالی امداد

اس برمکی امیر نے آگے بیان کیا ہے کہ میں نے امارت سندھ کے زمانہ میں تیس ہزار دینار کمایا تھا، یہاں سے واپسی پر مجھے خطرہ ہوا کہ اگر صارف (یعنی روپیہ پیسہ کے بدلنے والے صرّاف) کو کسی طرح میری دولت کی خبر لگ گئی تو وہ لالچ میں پڑ جائے گا، اس لئے میں نے تین مثقال وزن کے دس ہزار کی تعداد میں ہلیلہ (ہڑ) ڈھلوا لئے اور صارف کی نظر سے بچکر جہاز پر سوار ہو گیا، جب بصرہ پہونچا تو معلوم ہوا کہ جاحظ فالج میں مبتلا ہے، اس لئے مجھے شوق ہوا کہ اس کو مرنے سے پہلے دیکھ لوں، چنانچہ اس کے دروازے پر پہونچ کر خادمہ کے ذریعہ اندر جانے کی اجازت چاہی، اس نے خادمہ سے کہلوایا:

وما تصنع بشقّ مائلٍ ولعابٍ سائلٍ دلوٍ حائلٍ ،

ہم ایسے شخص سے مل کر کیا کروگے جس کا ایک حصہ جسم ٹیڑھا ہے، لعاب بہہ رہا ہے، اور رنگ سیاہ ہے،

جب میرا اصرار بہت زیادہ ہوا تو یہ کہہ کر ملنے کی اجازت دی کہ یہ آدمی بصرہ سے گذر رہا تھا اسے میری بیماری کی خبر لگی تو سوچا کہ جاحظ کی موت سے

پہلے اسے دیکھ لوں تاکہ بعد میں کہہ سکوں کہ میں نے جاحظ کو دیکھا ہے، بہرحال اس نے اجازت دی اور میں نے اندر جا کر سلام کیا، اس نے نہایت اچھے انداز میں جواب دیا اور میرا نام و نسب پوچھا، جب میں نے بتایا تو کہا:

رحم الله تعالیٰ اسلافك	اللہ تعالیٰ تمہارے اسلاف اور آباء
واباءك السمحاء الاجواد	واجداد پر رحم فرمائے وہ لوگ اسخیاء
فلقد كانت ايامهم رياض	واجواد تھے، ان کا دور جنت تھا، ان
الازمنة ولقد انجبر بهم	سے بہت سی مخلوق کی حاجت پوری
خلق كثير، فسقيًا لهم ورعيًا	ہوئی، اللہ تعالیٰ ان کو سرسبز رکھے،

میں نے کچھ اشعار سنانے کی گذارش تو اس نے یہ دو اشعار سنائے سے

لئن قدمت قبلی رجال فطالما مشيت على رسلی فكنت المقدما

بہت سے لوگ مجھ سے آگے گئے اور میں اپنے طریقہ پر چل کر آگے ہو گیا،

ولكن هذا الدهر تاتی صروفه فتبرم منقوضًا وتنقض مبرما

مگر یہ حوادث زمانہ پیچھے والے کو آگے اور آگے والے کو پیچھے کرتے رہتے ہیں،

جب میں رخصت ہو کر دہلیز میں پہونچا تو جاحظ نے کہا: اے جوان! تم نے ایسے مفلوج کو دیکھا ہے جسے ہلیلہ سے فائدہ پہونچتا ہے؟ میں نے کہا نہیں، اس نے کہا مگر جو ہلیلہ تمہارے پاس ہے میرے لئے مفید ہے، تم اس میں سے کچھ میرے پاس بھیجدو، مجھے سخت تعجب ہوا کہ اسے چھپانے کے باوجود جاحظ کو کیسے خبر ہو گئی پھر اس کے پاس ایک سو ہلیلہ بھجوا دیا، [1]

بحرِ بصرہ میں ڈاکوؤں سے جنگ

معتضمی دور میں ہندوستان کے اندر جاٹوں، سمندری ڈاکوؤں اور یہاں کے

[1] وفیات الاعیان ج ۱ ص ۴۲۵ و ص ۴۲۵۔

عربوں کی شورش وفتنہ گری اور ان کے خلاف امیر سندھ عمران بن موسیٰ کی جنگی، اور ملکی وسیاسی خلافت کا تذکرہ گذشتہ صفحات میں ہوچکا ہے، مناسب معلوم ہوتا ہے کہ اس مقام پر ہندوستان کے باہر یہاں کے میدیعنی سمندری ڈاکوؤں اور جاٹوں سے بحر بصرہ اور عراق میں جنگ ومقابلہ اور ان کے استیصال کا حال بھی بیان کر دیا جائے، ان واقعات کا تعلق سندھ کی امارت سے نہیں ہے بلکہ بصرہ کی امارتِ بحر اور مرکز بغداد سے ہے۔

مسعودی نے کتاب التنبیہ والاشراف میں معتصم کے بارے میں لکھا ہے:

وکانت لہ ثمانیۃ فتوح عظام۔	اس کے دور میں آٹھ عظیم فتوحات ہوئیں،

خلیفہ معتصم ثمن کے لقب سے یاد کیا جاتا تھا کیونکہ ثمن (آٹھ) کے عدد سے اس کے کئی واقعات متعلق ہیں، چنانچہ اس کے دور میں آٹھ بڑی بڑی فتوحات ہوئیں جن میں سے دو کا تعلق ہندوستان کے ان ڈاکوؤں اور جاٹوں سے ہے جو باہر نکل کر فتنہ وفساد کرتے تھے،

معلوم ہوچکا ہے کہ ہندوستان میں عمران بن موسیٰ نے سمندری لٹیروں سے جنگ کرکے ان کو زیر کیا، ایک مرتبہ تین ہزار کی تعداد میں ان کو موت کے گھاٹ اتارا، دوسری مرتبہ ان کی سرکوبی کرکے ان کی آبادیوں اور بستیوں میں سمندر سے کھاری پانی جاری کیا، ان ہی ایام میں امارتِ بحر بصرہ کی طرف سے بصرہ، عمان، اور فارس کے سمندری علاقہ میں ان کی طاقت توڑ دی گئی،

مسعودی نے لکھا ہے:

امرۃ البوارج، وھی مراکب الھند، وکان فیھا منھم	معتصم کی آٹھ عظیم فتوحات میں سے بحری بیڑوں کی گرفتاری بھی ہے،

عسکر عظیم قد غلبوا علی ساحل فارس و عمان و ناحیۃ البصرۃ [1]

یعنی ہندوستان کے وہ جہاز جن میں لشکر عظیم نے آکر فارس، عمان اور بصرہ کے نواحی پر غلبہ وقبضہ حاصل کر لیا تھا،

ہندی لیٹروں کو بصرہ، عمان اور فارس سے گرفتار کر کے کچھ دنوں کے لئے سمندر کی عالمی شاہراہ کو یوں محفوظ کر دیا گیا تھا کہ اس کو معتصم کے عظیم الشان کارناموں میں شمار کیا گیا، خلیفہ بن خیاط نے عہد معتصم میں ۲۱۹ھ، ۲۲۵ھ اور ۲۲۶ھ میں بحر بصرہ کے امراء کی سرگرمیوں کا اجمالی تذکرہ کیا ہے، یہ واقعہ غالباً ۲۲۶ھ میں ہوا تھا، خلیفہ نے اس کی طرف اشارہ کیا ہے:

سنۃ ست وعشرین ومأتین وفیھا اغزی احمد بن عبید اللہ بن الحسن بحر البصرۃ [2]

۲۲۶ھ میں احمد بن عبید اللہ بن حسن نے بحر بصرہ میں غزوہ کیا،

اس سے معلوم ہوا کہ ان ڈاکوؤں کے بیڑوں کی گرفتاری اور ان سے جنگ احمد بن عبید اللہ بن حسن کی قیادت وامارت میں ہوئی،

عراق سے جاٹوں کا قلع قمع

معتصم کے دور کا عظیم کارنامہ یہ بھی ہے کہ بصرہ، کوفہ اور واسط کے درمیانی سنگلاخ (لبطیحہ بطائح) میں قدیم زمانہ سے جو جاٹ اور دوسرے شر پسند عناصر جمع ہو کر عراق میں لوٹ مار اور غارت گری کرتے تھے ان کا مابکلیہ صفایا ہو گیا، ابن خلدون نے ان غارت گر ہندوستانی جاٹوں کی جنگ کا حال بیان کرتے ہوئے لکھا ہے کہ ایک جماعت بصرہ کے راستہ میں ایک مقام پر جمع ہو کر غالب آگئی تھی، اور اطراف وجوانب میں لوٹ مار، اور فتنہ وفساد کرتی تھی، ان لوگوں نے اپنی

[1] کتاب التنبیہ والاشراف ص ۳۵۵ (یورپ) [2] تاریخ خلیفہ ج ۲ ص ۷۹۱۔

حدود میں گویا حکومت قائم کر کے اپنے ایک سردار محمد بن عثمان کو امیر و حاکم بنا لیا، اور ایک دوسرا شخص، سمحاق نامی ان کے امور و معاملات کا ذمہ دار تھا، ۲۱۹ھ جمادی الاخری میں معتصم نے عجیف بن عنبسہ کو ان کی سرکوبی کے لئے روانہ کیا، دونوں طرف سے سخت جنگ ہوئی، تین سو جاٹ مارے گئے اور پانچ سو قید ہوئے جن کو عجیف نے بعد میں قتل کیا، سات مہینے تک عجیف ان سے مقابلہ کرتا رہا آخر کار ذوالحجہ ۲۱۹ھ میں وہ سب امان طلب کر کے عجیف کے پاس حاضر ہوئے، اس وقت ان کی تعداد ستائیس ہزار تھی جس میں بارہ ہزار جنگ جو اور جنگ باز تھے، عجیف نے ان کو ان کے جنگی ساز و سامان اور بہبود کے ساتھ کشتیوں پر سوار کر کے بغداد روانہ کیا، اور وہ سب کے سب اسی حال میں دسویں محرم ۲۲۰ھ کو بغداد پہونچے معتصم ان کی آمد کی خبر سن کر کشتی میں شماسہ تک گیا، بعد میں ان کو عین زربہ کی طرف روانہ کر دیا جہاں رومیوں نے ان پر حملہ کر کے ایک ایک کو ختم کر دیا، [۱]

ابن اثیر نے لکھا ہے کہ ۲۱۹ھ میں معتصم نے ان جاٹوں کو نیست و نابود کرنے کا مصمم ارادہ کر لیا اور خراسان کے ایک امیر عجیف بن عنبسہ کی امارت میں کئی فوجی امراء اور بہت سی فوج روانہ کی، عجیف نے جس قدر رقم طلب کی معتصم نے دی، عجیف نے جاٹوں کے علاقہ میں جو بطیحہ اور بغداد کے درمیان میں تھا اپنے شہ سوار پھیلا دیئے، اور ان پر ہر طرف سے پہرہ لگا دیا، جاٹوں کی نقل و حرکت اور ان کی سرکوبی کی خبریں ہر وقت بغداد میں پہونچتی تھیں، معتصم نے عجیف کو حکم دیا کہ وہ جاٹوں کو رام کرنے کے لئے بند باندھ کر ان کا پانی روک دے، چنانچہ بڑی کوشش سے ان کے سامنے بند باندھا گیا،

---

[۱] تاریخ ابن خلدون ج ۳ ص ۲۵۷۔

اس کے بعد ایک ایک کر کے گرفتار ہوئے اور عجیف نے ان کو کشتیوں میں سوار کر کے بغداد پہونچایا، معتصم نے ان میں سے کچھ کو مقام خانقین میں بسایا اور باقی کو عین زربہ اور دوسرے سرحدی علاقوں میں پھیلا دیا[1]

خلیفہ بن خیاط نے ۲۱۹ھ میں اس کا تذکرہ کیا ہے:

وفیھا اخرج الزط من البطیحۃ الی بغداد علی ید عجیف[2]	۲۱۹ھ میں عجیف کی سرکردگی میں بطیحہ کے جاٹ بغداد لیجائے گئے

اور مسعودی نے التنبیہ والاشراف میں لکھا ہے کہ معتصم کی آٹھ عظیم فتوحات میں سے جاٹوں کا تخلیہ بھی ہے، یہ جاٹ بصرہ کے پیچھے اور بصرہ اور واسط کے درمیان میدانی اور سنگلاخی علاقوں میں پھیلے ہوئے لوٹ مار، ڈاکہ، قتل وغارت کا بازار گرم کئے ہوئے تھے، یہ لوگ بھاری تعداد میں ہندوستان سے تحط وگرانی کے زمانہ میں منتقل ہوکر کرمان، فارس، اہواز کے علاقوں میں آئے، اور پھر وہاں سے بصرہ اور واسط کے اطراف میں آباد ہوکر اور اپنی طاقت جمع کر کے فتنہ وفساد برپا کرنے لگے تو معتصم نے ان کو وہاں سے نکال کر خراسان سے متصل خانقین اور جلولاء کے دیار میں، اور شامی سرحد سے متصل عین زربہ کے اطراف میں بسایا[3] ابن کثیر نے البدایہ والنہایہ میں لکھا ہے کہ ۲۱۹ھ میں معتصم نے بھاری فوج کے ساتھ عجیف کو جاٹوں سے جنگ کے لئے بھیجا جنھوں نے بلاد بصرہ میں فتنہ وفساد برپا کر رکھا تھا عجیف نے نو مہینے تک ان سے جنگ کر کے بڑی مشکل سے ان کا استیصال کیا، اس وقت جاٹوں کے دو امیر وحاکم تھے محمد بن عثمان رطی اور صماق زطی بڑا بہادر اور جنگ باز تھا، معتصم نے اس کا قلع قمع کر کے مسلمانوں کو اس کے شر سے محفوظ و مامون کیا، یوم عاشورا

---

[1] تاریخ کامل ج ۵ ص ۲۳۲ [2] تاریخ خلیفہ ج ۲ ص ۸۳۰ [3] التنبیہ والاشراف ص ۳۵۵

۲۲۰ھ کو بجیف بغداد میں داخل ہوا، اس وقت اس کے ساتھ ستائیس ہزار جاٹ تھے جو امان لے کر خلیفہ معتصم کے یہاں آئے تھے، خلیفہ نے پہلے ان کو بغداد کے مشرقی علاقہ میں اتارا۔ پھر عین زربہ بھیج دیا، جہاں رومیوں نے حملہ کرکے ان سب کو ختم کردیا[1] ابن کثیر نے لکھا ہے کہ ۲۴۱ھ میں رومیوں نے عین زربہ پر حملہ کرکے یہاں کے جاٹوں کو، ان کی عورتوں بچوں اور جانوروں کو گرفتار کیا۔[2]

یہ ہندوستانی جاٹ اموی دور میں یہاں جمع ہونا شروع ہو گئے تھے، ان کے ساتھ ... دیگر جرائم پیشہ قومیں اور افراد بھی تھے، بغداد، بصرہ، کوفہ، واسط، وغیرہ قریب قریب واقع تھے، ان کے درمیان عام طور سے آمد و رفت اور تجارت دجلہ کی راہ سے کشتیوں کے ذریعہ ہوتی تھی، جن پر یہ لوگ ڈاکہ مارتے تھے، ان جاٹوں نے لوٹ مار اور قتل و غارت پر اکتفار نہیں کیا، بلکہ بغداد کے سامنے اپنی الگ حکومت قائم کرکے اپنے دو امیر مقرر کئے ایک محمد بن عثمان اور دوسرا سماق، اس کے بارے میں ابن کثیر نے لکھا ہے:

سماق و هو داهيتهم و شيطانهم فاراح المسلمين منه و من شره۔	سماق ان جاٹوں میں بڑا بہادر اور نہایت شریر تھا، عتبہ نے اس کو گرفتار کرکے مسلمانوں کو اس کی ذات اور اس کے شر سے بچایا،

ان جاٹوں کے ایک سرغنہ کے بارے میں مؤرخ کے یہ الفاظ بتا رہے ہیں کہ یہ جماعت اس زمانہ میں کس قدر خطرناک سمجھی جاتی تھی، اور بغداد

---

[1] البدایہ والنہایہ ج ۱۰ ص ۲۸۲، [2] ردص ۳۲۴۔

وعراق کے عوام اس سے کس قدر خائف وہراساں تھے، اس اعتبار سے عہد معتصم کا یہ کارنامہ واقعی یادگار ہے۔

عنبسہ بن اسحاق ضبی کی امارت اور متغلبوں کا صفایا

معتصم کے زمانہ میں ہندوستان کا امیر عمران بن موسیٰ تھا اور اس کے ساتھ عنبسہ بن اسحاق ضبی شریک امارت تھا، اس کو معتصم کے ترکی غلام ایتاخ نے سندھ بھیجا تھا، اس وقت اس نے دیبل میں جیل خانہ بنوایا اور شہر کی مرمت کا کام شروع کیا، ذوالحجہ ۲۲۷ھ میں عمران قتل ہوا، یہ خلیفہ واثق باللہ (۲۲۷ھ تا ۲۳۲ھ) کا دور تھا، عمران کے بعد عنبسہ بن اسحاق ضبی یہاں کا مستقل امیر ہوا، حتی کہ واثق کا دور ختم ہوا اور متوکل کا زمانہ آیا جس میں جمادی الاخری ۲۳۵ھ میں ایتاخ قتل کر دیا گیا اور عنبسہ بن اسحاق اس کے قتل کی خبر سن کر بغداد واپس چلا گیا، یعقوبی کا بیان ہے:

ولما بلغ عنبسة بن اسحاق عامل ... ایتاخ علی السند الخبر سار الی العراق۔	ایتاخ کے امیر سندھ عنبسہ بن اسحاق کو جب ایتاخ کے قتل کی خبر پہونچی تو وہ عراق روانہ ہوگیا،

یعنی ذوالحجہ ۲۲۷ھ سے جمادی الاخری ۲۳۵ھ تک تقریباً نو سال عنبسہ بن اسحاق سندھ میں مستقل امیر رہا، اس مدت میں اس نے نہایت اہم خدمات انجام دیں، یعقوبی نے لکھا ہے کہ واثق نے ایتاخ ترکی کو خراسان، سندھ اور علاقہ دجلہ کی ولایت دی، اس وقت سندھ میں سخت اضطراب اور بے چینی کی فضا پیدا ہوگئی تھی، عمر بن عبد العزیز ہبّاری نے عمران بن موسیٰ برمکی کو قتل کر کے ہر طرف اپنی طاقت وشوکت کا سکہ جمالیا تھا اور سندھ سے بغداد تک اس کا رعب داب قائم ہوگیا تھا، اس کی مرضی اور اجازت کے

بغیر بغداد کا کوئی حاکم سندھ میں داخل نہیں ہو سکتا تھا، اور جب وہ اپنی جماعت کے اعیان و اشراف کو لے کر اس کا استقبال کرتا تو اس کی امارت معتبر مانی جاتی تھی، جگہ جگہ عرب قبائل قابض و دخیل تھے، اور پورا ملک متغلبون اور شورش پسندوں کی جولانگاہ بنا ہوا تھا۔ ان حالات میں عنبسہ بن اسحٰق نے یہاں نو سال تک رہ کر اشرار پسندوں کو زیر کیا اور بغیر جنگ و جدال کے پورے ملک میں امن و امان کی فضا بحال کی، صرف عثمان نامی متغلب اپنی ضد پر اڑا رہا اور اسکا غلبہ ختم نہ ہو سکا، یعقوبی نے لکھا ہے :-

وکانت السند قد اضطربت	پورے سندھ میں بے چینی پھیلی ہوئی تھی
وقتل عمران بن موسیٰ	اور عمران بن موسیٰ قتل ہو چکا تھا،
بن یحییٰ بن خالد عامل	ان حالات میں ایتاخ نے عنبسہ بن
السند، فوجه ایتاخ	اسحاق ضبی کو سندھ کی امارت پر
الی السند عنبسة بن	بھیجا، وہ اس حال میں یہاں پہونچا
اسحاق الضبی فقدم	کہ کئی حکمرانوں نے غلبہ حاصل کر رکھا
البلد وقد تغلب علیه	تھا، مگر عنبسہ کی آمد کی خبر سن کر سب نے
عدة ملوك، فلما قدمها	سمع و طاعت کی روش اختیار کر لی
عنبسة سمعوا واطاعوا	اور اس کے استقبال کو نکلے،
وخرجوا الیه جمیعًا خلا	سوائے عثمان کے، اس لئے عنبسہ
عثمان ... فسار الیه عنبسة	نے اس پر چڑھائی کی، وہ نو سال تک
فاقام علی البلد تسع سنین [1]	یہاں مقیم رہا،

اس آئینہ میں عمر بن عبد العزیز ہبّاری اور دوسرے تذاری شیوخ و سوادان قبائل کی قبائلی عصبیت کی وہی تصویر نظر آتی ہے جو پورے عباسی دور میں

[1] تاریخ یعقوبی ج ۳ ص ۲۱۲ ب نجف، منقوط جگہوں میں بیاضات ہیں،

اس ملک میں رہ کر نظر آتی تھی، ایسا معلوم ہوتا ہے کہ معتصم کے آخری زمانہ میں ہندوستان میں جگہ جگہ قبائلی عصبیت ابھر گئی تھی، اور چھوٹے چھوٹے علاقوں پر سردار انِ قبائل قابض و دخیل ہو گئے تھے، مگر ان میں جنگ اور مقابلہ کی طاقت نہیں تھی، یہی وجہ ہے کہ عنبسہ کے دار الامارہ منصورہ آنے اس قسم کے جتنے خود ساختہ امراء و حکام تھے سب نے اس کے دربار میں حاضری دے کر سمع و طاعت کا رویہ اختیار کیا، ان میں سے کسی نے مقابلہ و مبارزہ کی بات نہیں کی، البتہ عثمان نامی ایک متغلب عرب تھا جس نے خودسری دکھائی تو عنبسہ خود اس کے یہاں گیا مگر انداز بیان سے معلوم ہوتا ہے کہ اس سے بھی جنگ کی باری نہیں آئی، اس بیان سے معلوم ہوتا ہے عنبسہ بن اسحاق ضبی کی امارت کا زیادہ وقت یہاں کے عرب امراء و شیوخ کی اقتدار پسندی و ملک گیری کو فرو کرنے میں گذرا، جس میں جنگ و جدال کی باری نہیں آئی، البتہ بحر بصرہ کی امارت کی طرف سے سوراشٹر میں ایک شاندار فتح ہوئی،

۲۳۰ھ میں سوراشٹر کی فتح

واثق کے دور خلافت میں بھی ہندوستان کے سمندری ڈاکوؤں سے وقتاً فوقتاً بحری جنگ ہوا کرتی تھی، چنانچہ ۲۲۸ھ ۲۲۹ھ ۲۳۰ھ میں ان سے لڑائیاں ہوئیں جن میں ۲۳۰ھ کی جنگ بہت کامیاب تھی، اس میں سوراشٹر فتح ہوا، یہ واثق کی خلافت کا چوتھا سال تھا، خلیفہ نے لکھا ہے:

سنة ثلاثين ومائتين:	۲۳۰ھ میں ابراہیم بن ہاشم نے بحر
وغزا ابراهيم بن	بصرہ میں جہاد کیا جس میں اس نے
هاشم بحر البصرة	بلاد سوراشٹر کے قریبی علاقوں میں
فبلغ ادانى بلاد سرست فحرق	پہنچ کر بعض دیہات کو نذر آتش کیا

بعض قراھا واصاب سبیاً۔ [1] اور جنگی قیدی حاصل کئے،

یہ حملہ بصرہ سے براہ سمندر ہندوستان کے ساحلی علاقہ سورٹھ (سوراشٹر) پر ہوا تھا اور اسلامی فوجیں غالباً دریائے سرست میں اتر کر اس علاقہ میں داخل ہوئی تھیں، بیرونی نے لکھا ہے کہ یہ دریا بلاد سرست میں بہتا ہے، خلیفہ بن خیاط کے ان الفاظ سے پتہ چلتا ہے کہ اس حملہ میں مسلمان علاقہ سوراشٹر میں اندر تک گھس آئے تھے، اور جہاں جہاں میدیعنی بحری ڈاکوؤں کی طاقت جمع تھی ویرانی اور تباہی مچائی حتیٰ کہ بعض ایسے دیہاتوں کو نذر آتش کر دیا جن میں یہ لٹیرے پناہ گزیں تھے اور جو ان کے لئے محفوظ و مضبوط قلعہ کا کام دیتے تھے، اس جنگ میں بہت سے ڈاکو گرفتار ہوئے اور جنگی قیدی بنائے گئے، اس کے باوجود وہ رام نہیں ہوئے، بلکہ حسب سابق اپنی سرگرمی دکھاتے رہے چنانچہ اس جنگ کے دوسرے ہی سال ۱۳۱ھ میں بحر بصرہ میں انھوں نے تباہی مچائی اور ان کے مقابلہ میں مسلمان فدائیوں اور رضا کاروں کی کئی جنگی کشتیاں سمندر میں ٹوٹیں اور غرق ہوئیں جن میں بہت سے رضا کار بھی غرق ہو گئے، واضح ہو کہ سوراشٹر کی یہ فتح اس کے خاص علاقہ کی تھی، پورے علاقہ کی نہیں تھی،

جبالِ سندھ میں خوارج کی رُوپوشی

اموی دور سے سندھ اور مکران کے دشوار گذار اور پہاڑی علاقے خوارج کے حق میں محفوظ پناہ گاہ تھے، اور وہ ناکامی کی صورت میں ان علاقوں میں گھس آیا کرتے تھے، چنانچہ واثق کے آخر زمانہ میں ۲۳۲ھ میں بھی ان کا ایک گروہ سندھ کی پہاڑیوں میں آکر پناہ گزین ہوا تھا، ابن خلدون نے

[1] تاریخ خلیفہ ج ۲ ص

لکھا ہے کہ ۲۳۲ھ میں واثق نے والیٔ مدینہ محمد بن صالح کو حکم دیا کہ وہ قبیلہ بنو نمیر کی سرکوبی کے لئے نکلے، جس نے یمامہ اور اس کے قرب وجوار میں فتنہ و فساد اور شورش برپا کر رکھی ہے چنانچہ محمد بن صالح فوج لے کر یمامہ کی طرف گیا جہاں بنو نمیر کی ایک جماعت سے مڈبھیڑ ہوئی، محمد بن صالح نے اس جنگ میں ان میں سے پچاس آدمیوں کو قتل کر کے چالیس افراد کو گرفتار کیا، اس کے بعد وہ بنو مرہ کی تادیب کے لئے گیا، اور صلح و اطاعت کی دعوت دی، مگر بنو مرہ نے انکار کر کے سندھ کے پہاڑی علاقوں میں پناہ لی، اور ان میں سے کچھ یمامہ کے سواحل میں چلے گئے،

وسار وا الی جبال السند وطف الیمامۃ۔ — وہ لوگ سندھ کے پہاڑوں اور یمامہ کے ساحلوں کی طرف چلے گئے،

محمد بن صالح نے ان کے تعاقب میں فوج بھیج کر ہر طرف سے گھیر لیا، مگر کچھ موقع پا کر نکل گئے، اور مقام اضاخ میں جمع ہو کر مقابلہ میں آئے، اس جنگ میں انھوں نے محمد بن صالح کی فوجوں کا قتل عام کیا، مگر بعد میں بڑی مشکل سے گرفتار کر کے بغداد لائے گئے [1]

ہارون بن ابو خالد مروزی کی امارت،

عنبسہ بن اسحاق ضبی ایتاخ ترکی کی طرف سے یہاں کا حاکم تھا اور ۲۳۵ھ میں خود واپس چلا گیا،

یہ خلیفہ متوکل (۲۳۲ھ تا ۲۴۷ھ) کی خلافت کا تیسرا سال تھا، یعنی متوکلی دور میں تین سال تک عنبسہ بن اسحاق سندھ کا امیر رہا، اس کی واپسی کے بعد متوکل نے ہارون بن ابو خالد مروزی کو سندھ کی امارت دی جو ۲۴۰ھ تک تقریباً پانچ سال یہاں کا امیر رہ کر ۲۴۰ھ میں سندھ میں فوت ہوا یعقوبی

[1] تاریخ ابن خلدون ج ۳ ص ۲۷۱

نے لکھا ہے:

ولما بلغ عنبسة بن اسحاق عامل ارمینیا خبر سار الی العراق، فولی المتوکل مکانه هارون بن ابی خالد[1]	عنبسۃ بن اسحاق کے سندھ سے عراق چلے جانے پر متوکل نے اسکی جگہ ہارون بن ابوخالد کو سندھ کا حاکم بنایا۔

ہارون بن ابوخالد مروزی کا پانچ سالہ دور امارت عمر بن عبدالعزیز ہباری کی بالادستی میں گذرا، اور اس مدت میں عملاً وہی سندھ کے سیاہ و سفید کا مالک رہا، ۲۴۷ھ میں عمران بن موسیٰ کے قتل کرنے کے بعد اس کی حیثیت سندھ کے مطلق العنان حاکم کی ہوگئی تھی، اس کی مرضی و اجازت کے بغیر خلافت کا امیر کچھ نہیں کرسکتا تھا،

سندھ و مکران محمد المنتصر کی ولی عہدی میں

۲۴۵ھ میں ہارون بن ابوخالد سندھ کا امیر بنایا گیا، اور اسی سال متوکل نے اپنے لڑکوں کو ولی عہد بنا کر محمد کو المنتصر باللہ کا لقب دیکر ولیعہدی کا سیاہ جھنڈا اور حکومت و امارت کا سفید جھنڈا دیا، اور اس کے لئے جن ممالک و امصار کی ولایت متعین کی، ان میں سندھ، مکران، قندابیل اور فرج بیت الذہب یعنی ملتان بھی شامل تھے[2]

اس انتظام کی رو سے خلیفہ متوکل نے اپنے بیٹے محمد المنتصر کو گویا سندھ، مکران، قندابیل اور ملتان میں نیابت دے دی تھی مگر اس کی حیثیت صرف دفتری نظام کی تھی، عملاً اس کا کوئی نتیجہ نہیں ظاہر ہوا۔

---

[1] تاریخ یعقوبی ج ۳ ص ۲۲۳ نجف، [2] کامل ابن اثیر ج ۷ ص ۱۶

عمر بن عبد العزیز ہباری کی سندھ میں آخری عباسی امارت

معلوم ہو چکا ہے کہ ۲۲۷ھ میں عمر بن عبد العزیز ہباری نے یمانیہ اور نزاریہ کی باہمی جنگ میں عباسی امیر عمران بن موسیٰ کو قتل کر کے بالادستی حاصل کر لی تھی، حتیٰ کہ اس کی مرضی کے بغیر کوئی عباسی امیر سندھ میں داخل نہیں ہو سکتا تھا مگر اب بھی عمر بن عبد العزیز نے خلافت سے سرتابی نہیں کی تھی، حتیٰ کہ اسی حال میں عیسیٰ بن اسحاق ضبی اور ہارون بن ابو خالد مروزی کا دور امارت گذرا، اور جب ۲۴۰ھ

میں ہارون بن ابو خالد مروزی کا سندھ میں انتقال ہوا تو عمر بن عبد العزیز نے متوکل سے خط و کتابت کر کے سندھ کی امارت کا پروانہ حاصل کر لیا اور اس کے نائب کی حیثیت سے یہاں کا امیر بن گیا، یعقوبی نے لکھا ہے:

وتوفی هارون بن ابی خالد	۲۴۰ھ میں سندھ کے عامل ہارون
عامل السند سنة ۲۴۰ وکتب	بن ابو خالد نے انتقال کیا اور عمر بن
عمر بن عبد العزیز السامی	عبد العزیز سامی امیر شہر نے متوکل کو
المنتهی الی سامة بن لوئی ...	لکھا کہ اگر وہ اسے یہاں کا امیر بنا دے
صاحب البلد هنالك فذکر	تو بہتر ہے شہری انتظام کرے گا،
انه ان ولی البلد قام به ضبطه	چنانچہ متوکل نے ایسا ہی کیا، اور
فاجابه الی ذلك فاقام طویل	عمر بن عبد العزیز پورے متوکلی
ایام المتوکل۔ [1]	دور میں یہاں کا امیر رہا،

اس عبارت سے معلوم ہوتا ہے کہ عمر بن عبد العزیز ہباری نے ہارون بن ابو خالد کے مرتے ہی منصورہ پر قبضہ کر لیا اور "صاحب البلد" ہو کر متوکل کو

---

[1] تاریخ یعقوبی ج ۳ ص ۱۲۳ (نجف)

خط لکھا، یہاں پر یعقوبی کو ملتان کے بنو سامہ سے اشتباہ ہوگیا ہے، اسی لئے عمر بن عبد العزیز کو سامہ بن لوئی کی طرف منسوب و منتہی قرار دے کر اس کو سامی بتایا ہے، ورنہ وہ ھباری ہے اور ھبار بن اسود کی طرف منسوب و منتہی ہے، بہرحال ۲۴۰ھ سے ۲۴۷ھ تک عمر بن عبد العزیز ھباری خلافت کے امیر کی حیثیت سے سندھ کی امارت سنبھالتا رہا، اور اس اعتبار سے یہ آخری عباسی امیر ہے جو ہندوستان میں خلافت کی طرف سے حکمراں رہا، اس کے بعد عباسیوں کا براہ راست تعلق ہندوستان سے ختم ہوگیا،

متوکل کا سفیر ہندی راجہ کی خدمت میں اور باہمی ہدایا و تحائف۔

معلوم ہوچکا ہے کہ ۲۱۰ھ میں خلیفہ مامون اور بوران بنت سہل کی تقریب زفاف کے موقع پر ہندوستان کے ایک راجہ نے گراں قدر ہدایا بھیجے تھے، اسی سلسلہ میں چھتیس سینتیس سال کے بعد متوکل کے آخر دور میں اس کی طرف سے ایک قاصد راجہ کے پاس آیا، اور راجہ نے بھی قیمتی ہدیہ پیش کیا،

علی بن منجم کا بیان ہے کہ ایک رات میں اور حسن بن سہل کا لڑکا عبید اللہ متوکل کی مجلس میں تھے، متوکل نے پچھنا لگوایا تھا، اور اطبار نے عود کی دھونی دینے کا مشورہ دیا تھا، عود کی خوشبو پر حاضرین نے اس کی تعریف کی، اس پر عبید اللہ بن حسن نے کہا کہ یہ وہی عود ہے جسے ہندوستان کے ایک راجہ نے میری بہن بوران کے زفاف کے موقع پر بھیجا تھا، پہلے تو متوکل نے عبید اللہ کو جھٹلایا مگر جب عود کی ٹوکری منگائی گئی اور اس کا پرزہ پڑھا گیا تو اس کی تصدیق ہوگئی، اور متوکل نے عبید اللہ کو انعام و اکرام سے نوازا، نیز اسی وقت اپنے وزیر عبید اللہ بن یحیی بن خاقان کو

حکم دیا کہ کسی معتبر آدمی کے ہاتھ سے دس ہزار دینار کے ایسے ہدایا و تحائف راجہ کے یہاں بھیجو جو ہندوستان میں نہیں پائے جاتے، اسی کے ساتھ اس آدمی کو ایک ہزار دینار سفر خرچ دو، وہ ہندوستان جاکر راجہ کو یہ تحائف پیش کرے، اور اس کے بدلے میں اس عود کا باقی حصہ طلب کرے، چنانچہ وزیر نے حکم کی تعمیل کی، قاصد کا بیان ہے کہ میں نے راجہ کی خدمت میں تحائف پیش کئے جس سے وہ بہت خوش ہوا، اور جب میں نے عود کا سوال کیا تو کہا کہ یہ عود میرے خزانے میں صرف سو سیر رہ گئی ہے آدھی لے لو اور آدھی رہنے دو اور میں راجہ کو بہلاتا پھسلاتا رہا یہاں تک کہ وہ ڈیڑھ سو رطل (پچھتر سیر) دینے پر راضی ہوگیا، اسی دوران میں ایک دن راجہ نے مجھے کھانے پر بلایا، کھانے کے بعد نارجیل کی نبیذ لائی گئی، میں نے پینے سے انکار کر دیا اور اپنی قطربلی شراب نکالی جسے بغداد سے ساتھ لے گیا تھا، راجہ نے پوچھا یہ کیا ہے، میں نے بتایا کہ یہ انگور کا پانی ہے اور اس میں سے ایک سو خاسی (ایک وزن) اس کو دے دی، اس نے اس کے بدلے مجھے بہت سے کپڑے، خوشبوئیں اور ایک لاکھ درہم دیئے، میں یہ سب سامان لے کر بغداد روانہ ہوا، اور جس رات سُرّمَن رأیٰ پہونچا اسی میں متوکل کا قتل ہوا، قاصد وہ عود اور سامان لے کر وزیر عبید اللہ کے پاس گیا، اس نے عود لے لی اور دوسرے تمام سامان علی منجم کے حوالہ کر دیا، اور وہ اسی عود کو ہمیشہ استعمال کرتا تھا۔[1]

ہندی تلوار سے متوکل کا قتل ایک رات خلیفہ متوکل اپنے ندیموں کے ساتھ مصروف گفتگو تھا، باتوں باتوں میں ہندوستانی تلواروں کا ذکر نکلا تو ایک شخص نے کہا کہ امیر المؤمنین! بصرہ کے ایک شخص کے پاس ہندوستان کی ایک تلوار ہے جو اپنی جوہریت اور برش میں بے نظیر ہے، متوکل نے حاکم بصرہ کو لکھا کہ وہ تلوار جس قیمت میں ملے فوراً خرید لے، وہاں سے جواب آیا کہ اس تلوار کو یمن کے ایک آدمی نے خرید لیا ہے، متوکل نے حاکم یمن کو اس کی تلاش اور خریداری کا حکم دیا، چنانچہ عبید اللہ بن یحییٰ وہ تلوار لے کر متوکل کے پاس آیا اور بتایا کہ اس نے اس کو دس ہزار درہم میں خریدا ہے۔ متوکل بہت خوش ہوا اور حاضرین سے اس کی خوب خوب تعریف کی۔ دوسرے دن متوکل نے فتح بن خاقان سے کہا کہ تم کسی ایسے جوان کی تلاش کرو جسے میں یہ تلوار دوں اور وہ اسے لے کر دربار میں میرے سر پر کھڑا رہے، اتنے میں باغر ترکی سامنے آگیا، فتح بن خاقان نے اس کی تعریف کی اور کہا: امیر المؤمنین! یہ قابل اعتماد ہے، چنانچہ متوکل نے یہ تلوار اسی کو دے دی۔ راوی کو بیان ہے کہ یہ تلوار متوکل کے قتل کی رات باہر نکلی اور اس کے غلام باغر ترکی نے اسی سے اس کو قتل کیا، متوکل کا قتل چہار شنبہ ۳ر شوال ۲۴۷ھ میں تین گھڑی

---

[1] الذخائر والتحف ص ۳۴ و ۳۵۔

رات گئے ہوا، [1]

عمر بن عبدالعزیز کی خود مختاری، اور سندھ میں دولتِ ھباریہ کا قیام ۲۴۷ھ میں

عمر بن عبدالعزیز ھباری ۲۴۰ھ سے ۲۴۷ھ تک

خلافت عباسیہ کے نائب کی حیثیت سے سندھ کا امیر رہا، اور خلیفہ متوکل کے قتل ہوتے ہی اس نے اپنی خود مختاری کا اعلان کر کے سندھ میں دولتِ ھباریہ قائم کرلی، ابن حوم کا بیان ہے،

عمر بن عبدالعزیز بن المنذر بن الزبیر بن عبدالرحمٰن بن ھبار بن الاسود، صاحب السند ولیھا فی ابتداء الفتنۃ اِثر قتل المتوکل، وتداول اولادہ ملکھا الی ان انقطع امرھم فی زماننا ھذا، ایام محمود بن سبکتکین صاحب ما دون النھر من خراسان، وکانت قاعدتھم المنصورۃ۔ [2]

عمر بن عبدالعزیز صاحب سندھ، متوکل کے قتل کے بعد پیدا ہونے والے فتنہ کی ابتدا ہی میں یہاں کا حاکم بن گیا تھا، اور اس کی اولاد حکومت کرتی رہی، یہاں تک کہ ہمارے زمانہ میں اس کا خاتمہ ہوا، ھباریوں کا دار السلطنت منصورہ تھا، اس حکومت کا خاتمہ سلطان محمود غزنوی کے دور میں ہوا جو خراسان کا بادشاہ تھا۔

ابن خلدون نے بھی یہی لکھا ہے [3]

عمر بن عبدالعزیز کا دادا، منذر بن زبیر، اموی دور میں حکم بن عوانہ کلبی کے ساتھ سندھ آیا تھا، اس نے ۱۳۲ھ میں خلافت عباسیہ کی ابتدا میں سندھ سے قریب جا کر ایک جماعت کے ساتھ خروج وبغاوت

---

[1] مروج الذہب ج ۲ ص ۱۱۹، [2] جمہرۃ انساب العرب ص ۱۱۸ و ص ۱۱۹، [3] تاریخ ابن خلدون ج ۲ ص ۹۸۸ (بیروت)

میں حصہ لیا، اور سولی دیا گیا، اس کے پوتے عمر بن عبد العزیز نے ۲۲۷ھ میں سندھ کے عربوں کی قبائلی جنگ میں نزاریوں کا ساتھ دے کر امیر سندھ عمران بن موسیٰ کو قتل کیا جس کی وجہ سے سندھ سے بغداد تک اس کی طاقت کا چرچا ہونے لگا اور سندھ میں بڑے کروفر کی زندگی بسر کرنے لگا، اور ۲۴۰ھ میں بغداد سے اپنی امارت کا پروانہ حاصل کر کے یہاں کا امیر و حاکم بنا، پھر ۲۴۷ھ میں اپنی آزاد حکومت قائم کر کے عباسی خلفاء سے تعلق رکھا اور ان کے نام کا خطبہ پڑھا، یہ حکومت ۲۴۷ھ سے ۴۱۶ھ تک قائم رہی، اور اس میں عمر بن عبد العزیز ہباری، عبد اللہ بن عمر بن عبد العزیز ہباری، موسیٰ بن عمر بن عبد العزیز ہباری، ابو المنذر عمر بن عبد اللہ بن عمر بن عبد العزیز ہباری، محمد بن عمر بن عبد اللہ عمر بن عبد العزیز ہباری، علی بن عمر بن عبد اللہ بن عبد العزیز ہباری، یحیٰی بن محمد وغیرہ حکمران گذرے ہیں، منصورہ کی یہ ہباری حکومت ۴۱۶ھ کے آخر یا ۴۱۷ھ کے شروع میں سلطان محمود غزنوی کے ہاتھوں ختم ہوئی، ہندوستان میں ہباری حکومت نے بڑی شاندار خدمات انجام دی ہیں اور وہ ہر اعتبار سے اسلامی حکومت کہلانے کی مستحق ہے،

دولت ہباریہ منصورہ کی عملداری میں سندھ کے اکثر و بیشتر علاقے تھے اور شمال مغرب میں مکران، طوران اور مشرق میں ملتان وغیرہ پر ان کی حکومت نہیں تھی، بلکہ ان علاقوں پر دوسرے متغلب قابض و دخیل تھے، یا خراسان کے آل سبکتگین کی حکومت تھی، بعد میں ان میں بھی خود مختار حکومتیں قائم ہو گئیں،

متوکل کے بعد میں منتصر اور مستعین (۲۴۷ھ تا ۲۵۱ھ) کے زمانہ تک خلافت عباسیہ یا کسی دوسرے کا یہاں کوئی عمل دخل معلوم نہیں ہوتا، البتہ معتز (۲۵۱ھ تا ۲۵۵ھ) کے زمانہ میں یہاں بعض واقعات رونما

ہوئے جن کا تعلق عباری حکومت سے نہیں تھا، اسی دوران میں ۲۵۳ھ میں یعقوب بن صفّار نے خراسان میں اپنی حکومت قائم کی جس کی وسعت بعد میں مکران اور سندھ کے حدود تک پہونچ گئی تھی،

سوراشٹر میں سمندری ڈاکوؤں سے جنگ

بعض قرائن سے معلوم ہوتا ہے کہ اس زمانہ میں علاقہ سوراشٹر میں بحر بصرہ کی مہمات آتی تھیں اور یہاں کے ڈاکوؤں سے جنگ جاری رہتی تھی بلاذری نے محمد بن قاسم کی سوراشٹر والوں سے صلح کا تذکرہ کرتے ہوئے اپنی کتاب فتوح البلدان کے زمانۂ تصنیف ۲۵۵ھ میں لکھا ہے کہ اس زمانہ میں اہل بصرہ یہاں غزوات کرتے ہیں،

وسالمہ اھل سرست، وھی مغزی اھل البصرۃ الیوم، واھلھا المید الذین یقطعون فی البحر۔ [1]	سورٹھ والوں نے محمد بن قاسم سے صلح کرلی تھی، سورٹھ ان دنوں اہل بصرہ کے لئے جنگ گاہ ہے، یہاں کے باشندے سمندر کے اندر ڈاکہ زنی کرتے ہیں،

یعنی سرست (سورٹھ) ۲۵۵ھ میں بحر بصرہ کے امراء و مجاہدین کی سرگرمیوں کی جولانگاہ تھا اور یہاں بحری مہمات ڈاکوؤں کی سرکوبی کے لئے آتی تھیں،

ایک اور متغلب حاکم ابوسمّہ

خلیفہ معتز کے زمانہ میں سندھ میں عباسیہ کی خود مختار حکومت قائم تھی، اسی زمانہ میں یہاں کے کسی علاقہ میں ایک اور حاکم تھا جس نے اپنی حکومت و امارت

[1] فتوح البلدان ص ۴۲۰،

قائم کرلی تھی، یہ شخص حبیب بن کندہ کا غلام تھا اور ہارون رشید کے دور میں داؤد بن یزید بن حاتم مہلبی کے ساتھ سندھ آیا تھا، اس کا تذکرہ بھی بلاذری نے ۲۵۵ھ میں کیا ہے،:

ثم داؤد بن یزید بن حاتم	ہارون رشید کے امیر سندھ داؤد
وکان معه ابو الصمة المتغلب	بن یزید بن حاتم کے ساتھ کندہ کا غلام ابو
الیوم وهو مولی لکندة[1]	صمہ بھی تھا جو آج کل وہاں قابض
	و دخیل ہے،

بلاذری کے "الیوم" سے مراد فتوح البلدان کا زمانۂ تصنیف ۲۵۵ھ ہے، اس کے مطابق اس وقت ابو صمہ کسی علاقہ پر قابض تھا، اس کے بارے میں دوسرے ذرائع سے مزید معلومات حاصل نہ ہوسکیں، البتہ ۲۷۰ھ کے بعد ابو صمہ کے غلبہ کا پتہ چلتا ہے، عباری حکومت کے دوسرے حکمران عبد اللہ بن عمر بن عبد العزیز عباری کے زمانہ میں اس نے منصورہ پر قبضہ کرنا چاہا تھا، مگر عبد اللہ بن عمر عباری نے اس کو مار بھگایا، اس واقعہ کے بعد عبد اللہ بن عمر اپنے آبائی وطن بانیہ کو چھوڑ کر مستقل طور سے منصورہ میں رہنے لگا تھا، ابو صمہ کسی جگہ پر قابض تھا، اور وہیں سے منصورہ پر حملہ آور ہو کر ناکام واپس ہوا،

سندھ کے بعض علاقوں پر یعقوب بن لیث صفار کی حکومت

سندھ کے تمام علاقوں پر عباری حکومت قابض تھی، البتہ خراسان و سجستان کی حدود سے ملے ہوئے علاقے اس سے خارج تھے، اور عباسی خلیفہ نے ان کو خراسان کے صفاری حکمرانوں کی امارت میں دے دیا تھا، مہتدی (۲۵۵ھ تا ۲۵۶ھ) کے زمانہ میں خلافت کی طرف سے سندھ کے ان علاقوں میں

[1] فتوح البلدان ص ۴۳۲۔

کوئی اقدام نہیں ہوا، البتہ معتمد (۲۵۶ھ تا ۲۷۹ھ) کے دور میں خراسان کی صفاری حکومت میں ان کو شامل کر دیا گیا اور معتمد نے ۲۵۶ھ میں یعقوب بن لیث صفار کو بلخ، طخارستان اور اس سے متصل کرمان، سجستان اور سندھ کے علاقوں کی ولایت دی [۱] یعقوب بن لیث صفار نے ۲۵۳ھ میں خراسان میں اپنی حکومت قائم کر لی تھی جسے عباسی خلفاء کو تسلیم کرنا پڑا، اسی طرح ۲۶۰ھ میں خراسان کے بالائی علاقہ ماوراء النہر میں بنو سامان نے اپنی مستقل حکومت قائم کر لی اور عباسی خلفاء نے اسے بھی اپنی منظوری دی، ۲۶۱ھ میں معتمد نے الموفق باللہ کو ولی عہد بنایا اور اس کو مشرق کے جن ممالک کی ولایت سپرد کی تھی ان میں سندھ بھی شامل تھا، [۲] ۲۶۵ھ میں یعقوب بن لیث صفار کا انتقال ہوا اور اس کا بھائی عمرو بن لیث حکمران ہوا تو معتمد کے پاس اپنی اطاعت گذاری کا خط لکھا اور معتمد کے بھائی ابواحمد موفق نے عمر بن لیث کو مقبوضہ خراسان کے علاوہ پورے خراسان، اصفہان، سجستان، سندھ، کرمان وغیرہ کی ولایت دی ساتھ ہی خلعت اور علم بھی دیا، [۳]

عمرو بن لیث نے خلیفہ معتضد (۲۷۹ھ تا ۲۸۹ھ) کی خدمت میں ہدایا و تحائف بھیج کر اپنی ولایت کا پروانہ حاصل کر لیا، اس زمانہ کے عباسی خلفاء اس کے علاوہ اور کیا کر سکتے تھے؟

علاقۂ سندھ میں صفاریوں کے غزوات و فتوحات

یعقوب بن لیث صفار اور اس کے بھائی عمرو بن لیث صفار نے اپنے دور امارت میں سندھ کے ان مقامات میں غزوات و فتوحات کی سرگرمی جاری رکھی

---

[۱] البدایہ والنہایہ ج ۱۱ ص ۲۸، [۲] ج ۱۰ ص ۳۲۲ ماثر الامراء ج ۱ ص ۲۵۹، البدایہ والنہایہ ج ۱۱ ص ۳۵

جن پر ان کی امارت وحکومت تھی اور جو علاقے ھباریوں کے قبضہ میں تھے، ان سے تعرض نہیں کیا، کیونکہ دونوں ہی خلافت کی اطاعت کا دم بھرتے تھے، ابن ندیم نے کتاب الفہرست میں بامیان کے بت خانہ کے حال میں لکھا ہے کہ بھستان کی جانب سے ہندوستان کا پہلا علاقہ بامیان ہے، اس میں بت خانہ ہے، اس مقام تک یعقوب بن لیث ہندوستان کی فتوحات کے ارادے سے پہونچا تھا، اور بغداد میں جو بت بھیجے گئے تھے وہ بامیان کے اسی مقام کے تھے[1]

یعقوب بن لیث نے اطراف وجوانب کے بادشاہوں پر اپنی دھاک جماکر ان کو مرعوب کر دیا تھا اور وہ اس سے خوف کھاتے تھے،

ابن خلکان نے لکھا ہے کہ ۲۵۳ھ میں یعقوب بن لیث نے بھستان، ہرات، بوشنج اور آس پاس کے علاقوں میں بڑی شہرت وناموری اور شان وشوکت حاصل کی، علاقۂ بامیان میں غزوات وفتوحات کرکے خراسان پہونچا اور پورے راستہ میں اپنی فاتحانہ شان کا مظاہرہ کرتا رہا، نتیجہ یہ ہوا کہ،

فرهبته الملوك الذين حوله، منهم ملك المولتان، وملك الرخج، وملك الطيسين، وملك زابلستان، وملك السند ومكران وغيرهم، واذعنوا له۔ [2]	اس کے اردگرد جتنے راجے مہاراجے تھے سب اس سے ہیبت زدہ ہوگئے ان ہی میں ملتان، رخج، طیسین، زابلستان، سندھ، مکران کے راجے بھی تھے جو اس کے مطیع ہوگئے

اس سے اندازہ ہوسکتا ہے کہ یعقوب بن لیث نے مقبوضہ ہندوستان پر

---

[1] کتاب الفہرست صفحہ ۴۰۵ [2] تاریخ ابن خلکان ج ۲ صفحہ ۴۴۳

کتنی شاندار حکومت کی، اور اس دیار کے راجوں مہاراجوں اور بادشاہوں کو کس قدر مرعوب کر رکھا تھا،

یعقوب بن لیث کے بعد اس کے بھائی عمرو بن لیث نے بھی اپنے دور حکومت میں ہندوستان کے اس علاقہ پر جہاد کر کے فتح پائی تھی، مسعودی نے لکھا ہے کہ عمرو بن لیث نے بلاد بست و معبر اور بلادِ داور سے متصل ہندوستانی علاقوں اور پہاڑوں میں فتوحات حاصل کیں، یہ علاقے ہمارے زمانہ (۳۳۲ھ) میں ہندوستان کی سرحد میں واقع ہیں جن میں شہری اور دیہاتی دونوں قسم کے خطے شامل ہیں،

عباسی خلفاء کو صفاریوں کی طرف سے ہندی ہدایا و تحائف

۲۸۳ھ میں عمرو بن لیث صفار کی طرف سے بہت سے تحائف معتضد کی خدمت میں بھیجے گئے جن میں خراسان کے بہت سے جانور اور ہدایا کے صندوق کے علاوہ چار لاکھ درہم بھی تھے، نیز ان میں ہندوستان کے علاقہ بامیان کا ایک بت عورت کی شکل میں تھا، جس کے چار ہاتھ تھے اور چاندی کے دو ہار اس کے بدن پر تھے جو سرخ اور سفید جواہر سے مرصع تھے، اس بت کے سامنے بہت سے چھوٹے چھوٹے بت جواہرات سے مزین تھے، یہ بت ایک بڑی گاڑی پر تھا جسے اونٹ کھینچتے تھے، یہ تمام چیزیں معتضد کے محل میں پہونچائی گئیں، پھر یہ بت مشرقی بغداد کے خزانہ میں رکھا گیا اور تین دن تک عوام اس کا تماشا دیکھتے رہے، اس کے بعد معتضد کے محل میں پہونچا دیا گیا، یہ نمائش پنجشنبہ ۴ ربیع الآخر ۲۸۳ھ کو ہوئی تھی، عوام نے اس بت کو شغل کے نام سے یاد کیا کیونکہ لوگ کئی دن تک اس کے دیکھنے میں مشغول تھے[1]

---

[1] مروج الذہب ج ۴ ص ۲۳۷،

سے مزین تھا، اس نے سجستان کے ایک علاقہ پر غلبہ حاصل کرلیا، یعقوب بن لیث نے ۲۴۷ھ میں اس سے جنگ کی، اور عباسی امیر طاہر بن عبداللہ نے صالح بن نضر کنانی کو نکال باہر کیا تو ایک دوسرے شخص درہم بن حسین نے اٹھ کر سجستان پر قبضہ کرلیا، یعقوب بن لیث اس کی فوج کا امیر تھا، درہم بن حسین نے یعقوب بن لیث کی معاملہ فہمی اور ملکی وسیاسی معاملات میں بیدار مغزی دیکھ کر اپنا امیر وحاکم بنایا، اور خود حکومت سے برطرف ہوگیا، اس کے بعد یعقوب بن لیث کی طاقت بہت بڑھ گئی، اور نہایت دلیری سے خوارج سے جنگ کرکے ان کو بالکل تباہ کردیا اور پورے سجستان پر قبضہ کرکے نہایت اچھا انتظام کیا، امر بالمعروف، نہی عن المنکر اور امن وامان کے لئے کوشش کی، پھر معتز کے دور خلافت میں ۲۵۳ھ میں خراسان کے علاقہ ہرات اور بوشنج پر قبضہ کرلیا، اور ۲۵۵ھ میں کرمان پر قبضہ کرکے اسی سال پورے فارس پر قابض ہوگیا، معتمد کے دور میں ۲۵۹ھ میں نیشاپور اور ۲۶۰ھ میں طبرستان کو اپنے زیر نگیں کرلیا، ۲۶۲ھ میں موفق اور یعقوب میں جنگ ہوئی، ۲۶۳ھ میں یعقوب نے اہواز پر قبضہ کیا، ۲۵۶ھ میں سندھ کے بعض علاقوں میں اس کی حکومت ہوئی، اور ۲۶۵ھ میں یعقوب بن لیث کے انتقال پر اس کا بھائی عمرو بن لیث حاکم ہوا، ۲۷۵ھ میں موفق اور عمرو بن لیث کی فوجوں میں جنگ ہوئی، ۲۸۹ھ میں عمرو بن لیث قتل ہوا، دونوں بھائیوں نے اپنے اپنے دور حکومت میں ہندوستان کے مقبوضہ علاقوں پر پوری ذمہ داری سے حکومت کی اور ایک زمانہ تک یہ علاقہ ان کی حکومت کا حصہ بنا رہا،

ملتان میں دولت سامیہ کا قیام حدود ۲۷۵ھ میں | ۲۷۲ھ میں معتز عباسی خلیفہ متوکل کے قتل کے بعد

اس کے علاوہ صفاریوں نے مختلف اوقات میں ہندوستانی اشیاء کے تحفے معتمد کی خدمت میں روانہ کئے، قاضی رشید بن زبیر نے لکھا ہے کہ یعقوب بن لیث نے ایک سال معتمد کی خدمت میں بہت سے ہدایا و تحائف بھیجے جن میں دیگر نفائس و عجائب کے ساتھ سو سیر عود ہندی بھی تھی، ۲۸۱ھ میں جو ہدایا روانہ کئے ان میں بھی سو سیر عود ہندی تھی، اور ۲۸۳ھ کے ہدایا میں پچاس سیر عود ہندی تھی، ۲۶۲ھ میں جب یعقوب بن لیث نے معتمد اور اس کے بھائی موفق کے مقابلہ میں شکست کھائی اور طسوخ جازر (عراق) میں پناہ لی تو اس کے خزانہ سے خلیفہ معتمد کو دیگر اشیاء کے ساتھ سندھ، ہندوستان، چین، فرغانہ کے عمدہ عمدہ سامان، عود ہندی، مشک تبتی اور نقد دولت کے بے شمار صندوق ملے، [1]

صفاری حکومت پر اجمالی نظر

۲۵۶ھ میں صفاری حکمران ہندوستان کے ایک علاقہ پر قابض ہوئے اور کئی سال تک یہاں ان کی حکومت رہی، انھوں نے اپنے مقبوضہ علاقہ میں غزوات و فتوحات کیں اور اپنی سلطنت کے ایک حصہ کی طرح اس پر بھی حکومت کی، اس لئے وہ بھی سندھ اور ہندوستان کے امراء و حکام میں ہیں اور ان کی اجمالی تاریخ بیان کی جاتی ہے،

سجستان میں یعقوب بن لیث اور عمرو بن لیث دو بھائی تھے جو پہلے صفر یعنی پیتل کے برتنوں کا کاروبار کرتے تھے،

اور بظاہر عابد و زاہد تھے، اس زمانہ میں سجستان میں ایک شخص صالح بن نصر کنانی تھا جو خوارج سے جنگ کرتا تھا، وہ بھی بظاہر تقوی طہارت

---

[1] کتاب الذخائر والتحف ص ۴۲ رصد ۴۳، مد

خلافت طرح طرح کے داخلی فتنوں سے دوچار ہوگئی، پہلے ہی فتنہ پروری اور شورش پسندی کیا کم تھی، اب معاملہ یہاں تک پہونچ گیا کہ جس امیر نے جہاں چاہا اپنی حکومت قائم کرکے عباسی خلفاء سے نیابت اور ماتحتی کا پروانہ حاصل کرلیا، چنانچہ بغداد اور اس کے اطراف کے علاوہ پورے عالمِ اسلام میں عملاً عباسی خلفاء کی حکومت نہیں رہی بلکہ ان کے امراء غلبہ حاصل کرکے حکومت کرتے تھے، پہلے عباسی خلفاء اس قسم کے لوگوں کو طاقت کے ذریعہ زیر کیا کرتے تھے مگر اب ان میں اس کی سکت باقی نہیں رہ گئی تھی، خود ہندوستان میں عمر بن عبدالعزیز ھبّاری کی حکومت اور ہندوستانی علاقہ پر خراسان کے صفاریوں کی حکومت اسی صورتِ حال کی پیداوار تھی، اس زمانہ میں پنجاب میں بھی ایک خود مختار حکومت بنوسامہ نے قائم کی،

گذر چکا ہے کہ مامون کے زمانہ میں سندھ اور مکران کے عباسی مقبوضہ سے باہر گجرات میں بنوسامہ کے غلام فضل بن ماہان نے سندان میں اپنی خود مختار حکومت قائم کرکے خلفاء سے تعلق رکھا، ان کے نام کا خطبہ پڑھا، ان کے پاس ہدیہ بھیجا اور خلفاء نے بھی اس پر اپنی رضامندی ظاہر کی، اسی بنوسامہ کے ایک سردار محمد بن قاسم بن منبہ سامی نے خلیفہ معتضد کے دور میں ۲۷۹ھ کے حدود میں ملتان میں اپنی حکومت قائم کی، معتضد کے زمانہ میں عمان کے خوارج نے بڑی شورش برپا کر رکھی تھی، اس نے عمان کے بنوسامہ کے سردار محمد بن قاسم بن منبہ سامی کو ہر قسم کی فوجی مدد دے کر خوارج کے مقابلہ کے لئے تیار کیا، اس نے خوارج کو شکست دے کر عمان میں اپنی حکومت قائم کرلی، جو کسی نہ کسی طرح ۳۱۷ھ تک باقی رہی، غالباً

محمد بن قاسم سامی نے عمان میں حکومت قائم کرنے کے بعد ہی ملتان سے کسی متغلب حاکم کو نکال کر وہاں اپنی حکومت قائم جس میں بنو منبہ کے نام سے کئی حکمران گذرے ہیں، یہ سامی حکمران خالص سنی تھے اور خلفاء عباسیہ کے نام کا خطبہ پڑھ کر بغداد سے تعلق رکھتے تھے، ۳۶۰ھ اور ۳۷۵ھ کے درمیان باطنیوں نے اس حکومت پر قبضہ کر کے مصر و افریقہ کی باطنی حکومت کا سکہ جاری کیا، اور ۳۹۶ھ میں سلطان محمود غزنوی نے یہاں سے باطنی حکومت کا خاتمہ کیا،

اس طرح تیسری صدی کی آخری دہائیوں میں یہاں تین حکومتیں قائم ہوئیں اور تینوں ہی عباسی خلفاء سے وفاداری اور ان کی اطاعت کا دم بھرتی تھیں، منصورہ (سندھ) کی ھبّاری حکومت اور ملتان (پنجاب) کی سامی حکومت مقامی تھی اور خراسان کی صفاری حکومت بیرونی تھی، ان خود مختار حکومتوں کا دور بھی ہندوستان میں عباسی خلفاء کا دوسرا دور کہا جا سکتا ہے،

مکران میں دولت معدانیہ کا قیام حدود ۳۴۰ھ میں

ملتان کی دولت سامیہ کے تقریباً ستر سال بعد مکران میں ایک نئی خود مختار حکومت دولت معدانیہ قائم ہوئی جس نے بغداد سے کوئی تعلق نہیں رکھا اور اس کے حکمران خارجی تھے، معلوم ہے کہ سندھ اور مکران کے دور دراز اور دشوار گذار علاقے خوارج کے مرکز تھے، اور وہ ہمیشہ ان میں اپنی سرگرمی جاری رکھتے تھے، منصورہ اور ملتان کی خود مختار حکومتوں کے قیام کے بعد یہ علاقے صفاریوں کے ماتحت تھے اور وہ وہاں طاقت کے بل بوتے پر حکومت کرتے تھے، اور جوں ہی اس طرف سے ان کی گرفت

کچھ نرم ہوئی مقامی خوارج نے دو الگ الگ حکومتیں قائم کرلیں، ایک مکران کے علاقہ میں جسے ہم دولت معدانیہ سے تعبیر کرتے ہیں اور دوسری طوران یعنی قندابیل اور قیقان کے علاقہ میں جسے ہم دولتِ متغلبہ سے یاد کرتے ہیں،

مکران میں ایک خارجی سردار عیسی بن معدان اپنی حکومت قائم کرکے مہراج کے لقب سے حکمران بنا، اس نے عباسی خلفاء سے کوئی تعلق نہیں رکھا، نہ ان کے نام کا خطبہ پڑھا، اور نہ کبھی ان سے خط وکتابت کی، اس میں یہ حکمران گذرے ہیں، عیسی بن معدان مہراج بانی حکومت، معدان بن عیسی بن معدان، عیسی بن معدان بن معدان، ابو العساکر حسین بن معدان بن عیسی بن معدان، اس کا خاتمہ ۴۷۱ھ میں سلطان شہاب الدین غوری کے ہاتھوں ہوا، اس کی مدت حکومت ایک سو اکتیس ۱۳۱ سال ہے، اس حکومت میں بعض حکمران نہایت کامیاب گذرے ہیں،

طوران میں دولت متغلبہ کا قیام حدود ۳۴۰ھ میں

تقریباً اسی زمانہ میں علاقہ طوران یعنی قندابیل اور قیقان میں ایک اور خود مختار حکومت قائم ہوئی جس کا بانی ایک خارجی تھا اور بعد میں خوارج یہاں حکومت کرتے رہے یہ بھی بغداد سے بے تعلق تھی اور اس کا کوئی خاص نظم نہیں تھا، بلکہ جو غلبہ حاصل کرلیتا حکمران بن جاتا تھا، ۳۴۰ھ کے حدود میں ایک شخص مغیرہ بن احمد نے اس علاقہ میں غلبہ واستیلاء کے بعد اپنی حکومت کھڑی کرلی، اور کیز کاناں نامی مقام کو دارالحکومت قرار دیا، اس کے بعد ابو القاسم بصری نامی ایک شخص حکمران بنا، چوتھی صدی کے آخری حصہ میں ایک، عادل ومتواضع شخص حکومت کرتا تھا، اسی طرح دو ایک اور حکمرانوں کا پتہ چلتا ہے جو یہاں کے بادشاہ یا حاکم تھے، ۴۷۱ھ میں سلطان شہاب الدین غوری کے ہاتھوں اس حکومت کا خاتمہ ہوا، اس کی مدت بھی تقریباً ایک سو اکتیس سال ہے۔

(۳)

امارتِ بحرِ بصرہ

عباسی دور میں ہندوستان کا سرکاری انتظام اموی دور سے جداگانہ تھا، اس زمانہ میں حالات بدل گئے تھے، اور نظام حکومت متعدد شعبوں میں تقسیم تھا، خود ہندوستان میں وقتاً فوقتاً عربوں کی شورش پسندی، جاٹوں کی فتنہ گری اور بحری ڈاکوؤں کی یلغار سے یہاں کے امراء و حکام کو دوچار ہونا پڑتا تھا، اس لئے انھوں نے نظام حکومت کو مختلف شعبوں میں تقسیم کرکے مالیہ، عدلیہ، انتظامیہ اور حربیہ کی ذمہ داری اپنے اعوان وانصار اور ماتحت حکام کی مدد سے سنبھالی، ان ہی حالات میں یہاں کے جاٹ اور سمندری ڈاکو پورے بحر فارس اور بحر ہند میں لوٹ مار، قتل وغارت اور فتنہ وفساد برپا کرتے تھے، اور عراق کے بعض مقامات اور بحر فارس کے جزائر میں ان کے گروہ اپنی طاقت جمع رکھتے تھے، اس لئے ان کی سرکوبی اور ان سے جنگ کے لئے خلافت کو بحری مہمات کا انتظام کرنا پڑا، اور عباسی دور کی ابتداء ہی میں بحر بصرہ کی مستقل امارت قائم کی گئی، جس پر باقاعدہ امراء کا تقرر ہوتا تھا اور ان کی قیادت میں جزائر اور سواحل میں بحری مہمات روانہ کی جاتی تھیں، گویا یہ امارت ہندوستان

کے سرکاری انتظام کا ایک شعبہ تھی؛

اور اس کا تعلق یہاں کے امور و معاملات سے تھا، اس لئے ہم اس امارت کی سرگرمیوں کو تفصیل سے بیان کرتے ہیں، یہ ساری معلومات صرف خلیفہ بن خیاط متوفی ۲۴۰ھ کی رہین منت ہیں، انھوں نے اپنی سنہ وار تاریخ میں ہر سنہ کے حالات میں بحر بصرہ کی امارت کے غزوات بالالتزام بیان کئے ہیں، ابن کثیر نے البدایہ والنہایہ میں اور ذہبی نے تاریخ الاسلام میں اس سلسلہ کے بعض واقعات لکھے ہیں، ان کا مآخذ تاریخ خلیفہ ہے،

بحر بصرہ اور بلادِ بحرِ بصرہ

پہلے ہم بحر بصرہ اور بلادِ بحرِ بصرہ کو بیان کرتے ہیں جو اس امارت کے حلقۂ عمل تھے اور جن کے لئے یہ امارت قائم کی گئی تھی، بحر فارس، بحر عرب، بحر بحرین، بحر عمان، بحر ہند ایک ہی سمندر کے نام ہیں، جہاں جو حصہ پڑا اسی کے نام سے موسوم ہوا، بعد میں ان سب پر بحر بصرہ کا اطلاق کیا گیا، یہ اصطلاح بحری اور جغرافیائی نہیں ہے بلکہ عباسی نظام حکومت کے ایک شعبہ کی ہے جس کا تعلق درحقیقت ہندوستان کی امارت و حکومت سے ہے،

امارت بحر بصرہ کے ماتحت بلاد بحر بصرہ، بحر فارس کے جزائر اور سواحل سے مکران، سندھ، گجرات اور سوراشٹر تک پھیلے ہوئے تھے، یہی مقامات ہندوستان کے بحری ڈاکوؤں کی جولانگاہ تھے اور ان ہی سے امارت بحر بصرہ کی سرگرمیوں کا تعلق تھا، یاقوت حموی کے بیان کی رو سے قدیم بحر فارس جو جدید اصطلاح کی رو سے بحر بصرہ کا ایک حصہ تھا۔ بصرہ اور عبادان کی طرف سے اس کا پہلا ساحل بصرہ سے براہ دجلہ عبادان کی طرف ایک چھوٹے سے شہر محمرۃ کے پاس ہے یہاں سے دریائے دجلہ دو شاخوں میں بٹ جاتا ہے ایک شاخ دائیں سمت سے بحرین کے سواحل کے پاس سمندر میں گر جاتی ہے اسی بحرین

کے میدانی اور عرب علاقوں کی طرف جانے والے جہاز چلتے ہیں، اس شاخ کے جنوبی سواحل پر قطر، عمان، شحر، مرباط، حضرموت اور عدن واقع ہیں، اور دوسری شاخ بائیں سمت سے فارس کی خشکی سے سمندر میں گرتی ہے، ان دونوں شاخوں کے سمندر میں گرنے کی وجہ سے عبادان جزیرہ بن جاتا ہے، عبادان کی طرف سے بحر فارس کے سواحل پر مشہور شہر مہروبان ہے، یہاں پر بحر فارس کو فارسی زباں میں زراہ افرنگ کہتے ہیں، یہاں ایک خلیج سمندر سے نکل کر جنوب سے شمال کی جانب ابلہ کے آگے چلی جاتی ہے اور عراق کے بطیحہ کے پانی میں مل جاتی ہے، اس کے بعد جنوب کی طرف قرامطہ کا شہر جنابہ ہے، اس کے بالمقابل سمندر میں جزیرۂ خارک ہے، پھر فارس کے سواحل پر سینیز، بوشہر، بخرم، سیراف، جزیرۂ لار، اور قلعۂ ہرمز آتے ہیں، ان کے بالمقابل سمندر میں جزیرۂ قیس بن عمیرہ ہے جو فارس کے میدانی علاقہ سے نظر آتا ہے، بحر فارس میں یہ سب سے زیادہ آباد جگہ ہے اور یہیں سلطان بحر اور اس علاقہ کا متولی رہتا ہے، اس کے بعد ساحل فارس پر ہرموز ہے، اس کے بالمقابل لجہ میں ایک بہت بڑا جزیرہ جاسک ہے اس کے بعد ہندوستان کا شہر تیز مکران آجاتا ہے، یہاں بحر فارس کی حد ختم ہوجاتی ہے،

اس کے بعد بحر ہند ہے جو تیز مکران کے ساحل سے مشرق کی طرف چوڑائی میں گذرتا ہے، اس کے سواحل پر دیبل، کچھ، سومنات، کھمبلت واقع ہیں، پھر ایک کھاڑی سے بھروچ کا راستہ ہے، اس کے بعد اس میں بہت زیادہ موڑ پیدا ہوگیا ہے، جو مالابار تک چلا گیا ہے، یہاں کے مشہور منجدر اور خاکنور ہیں، پھر ایک کھاڑی آتی ہے جس سے معبر کا راستہ ہے

یہ ہندوستان کا آخری علاقہ ہے، [۱]

بحر بصرہ (بحر فارس و بحر ہند) میں کئی چھوٹے بڑے جزیرے سمندری ڈاکوؤں کے اڈے اور ان کی کمین گاہ تھے، عباسی عہد کے جغرافیہ نویس ابن خرداذبہ نے ان جزائر کی تفصیل یوں بیان کی ہے (۱) بصرہ سے جزیرۂ فارس پچاس فرسخ پر ہے، یہ ایک فرسخ لمبا چوڑا ہے، یہاں پر انگور اور کھجور کے باغات ہیں اور کھیتی باڑی ہوتی ہے، (۲) یہاں سے جزیرۂ لاوان اسی فرسخ پر ہے، یہ دو فرسخ کی لمبائی چوڑائی میں آباد ہے، یہاں بھی کھجور کے باغات اور کھیت ہیں، (۳) یہاں سے جزیرۂ ابروان سات فرسخ پر ہے یہ ایک فرسخ میں آباد ہے یہاں کھیت اور نخلستان ہیں، (۴) یہاں سے جزیرۂ فین سات فرسخ پر ہے یہ صرف نصف میل میں غیر آباد ہے، (۵) یہاں سے جزیرۂ کیس (قیس) سات فرسخ پر ہے، یہ چار فرسخ میں آباد ہے، یہاں کھیتی باڑی اور مویشی کے علاوہ موتی بھی نکلتے ہیں (۶) یہاں سے جزیرۂ ابن کاوان اٹھارہ فرسخ پر ہے یہ تین فرسخ میں آباد ہے (۷) یہاں سے ارموز (ہرموز) سات فرسخ پر ہے اور پھر ثارات سات فرسخ پر ہے [۲]

بصرہ سے سوراشٹر اور کچھ تک کے یہی جزائر اور ساحلی شہر بلاد بحر بصرہ کہے جاتے تھے اور ان ہی میں بحر بصرہ کے امراء بحری ڈاکوؤں کے خلاف اپنی سرگرمیاں جاری رکھتے تھے، جن کی آخری حد علاقۂ سوراشٹر تھی، بلاذری نے ۱۵۵ھ میں لکھا ہے سورٹھ (سوراشٹر) ان دنوں بصرہ والوں کی جنگی جولانگاہ ہے، یہاں کے باشندے مید ہیں جو سمندر میں ڈاکہ ڈالتے ہیں، [۳]

---

[۱] معجم البلدان ج ۱ ص ۶۹ (ص ۷۰) [۲] المسالک والممالک [۳] فتوح البلدان ص ۴۲۶

ان ڈاکوؤں سے جنگ کے لئے آنے جانے والے جہاز اپنے ساتھ فوج اور اسلحہ رکھتے تھے اور بحر بصرہ کی امارت کی طرف سے یہاں تک جنگی مہمات آتی تھیں،

چند مشہور شہر اور جزائر جو ڈاکوؤں کی زد پر رہا کرتے تھے،

بصرہ اور ہندوستان کے درمیان جزیروں اور ساحلی شہروں کو مرکزی حیثیت حاصل تھی، جہاں تاجروں اور مسافروں کے جہاز لنگر انداز ہوتے تھے اور تجارتی سامان بھاری مقدار میں رہا کرتے تھے، ان کی حفاظت کے لئے بڑی بیدار مغزی اور سخت انتظام کی ضرورت تھی، ہندوستان کے ڈاکو منظم طریقہ پر ان علاقوں کے جہازوں، مسافروں اور سامانوں پر ڈاکہ ڈالتے تھے، ان کی حفاظت اور بھی ضروری تھی، ذیل میں ہم بعض جزیروں اور شہروں کی بحری، تجارتی اور مرکزی اہمیت بیان کرتے ہیں جس سے امارت بحر بصرہ کی ضرورت کا اندازہ ہو سکے گا،

جزیرۂ قیس

اس کو کیش اور کیس بھی کہتے تھے، بحر بصرہ میں عمان کے حدود میں واقع تھا، اس کی لمبائی چوڑائی چار فرسخ میں تھی، بہت خوبصورت شہر تھا، اس میں بڑے بڑے باغات، عمدہ عمدہ مکانات تھے اور سمندر کے حاکم و سلطان کا مسکن بھی اسی میں تھا، اس کو بحرین کی آمدنی کا دو تہائی حصہ ملتا تھا، یہاں ہندوستان اور عرب کے درمیان آنے جانے والے جہاز ٹھہرتے تھے، تجارتی بازار تھا، ہندوستان کے راجوں مہاراجوں پر یہاں کے حاکم کی دھاگ بیٹھی ہوئی تھی، کیوں کہ اس کے پاس چھوٹے بڑے بہت سے جہاز اور بیڑے تھے، جزیرہ قیس اور اس کے قرب و جوار کے جزیروں سے موتی نکلتا تھا اور یہ تمام جزائر

سلطان قیس کی ملکیت میں تھے[۱]

جزیرۂ جاسک جزیرۂ قیس اور عمان کے درمیان ساحلی شہر ہرمز کے سامنے جاسک بہت بڑا جزیرہ تھا، اس کے اور جزیرۂ قیس کے درمیان تین دن کی بحری مسافت تھی، اس میں عمارتیں تھیں جن میں جزیرۂ قیس کے حاکم کی بحری فوج رہتی تھی، اس فوج کے سپاہی نہایت قوی ہیکل، مستقل مزاج، ثابت قدم اور بحری جنگ کے ماہر ہوتے تھے، جہازوں اور کشتیوں کی مرمت کا کام بھی خوب جانتے تھے، کئی کئی دنوں تک سمندر میں تیرتے ہوئے بحری ڈاکوؤں سے تلوار سے لڑتے تھے، جیسے زمینی جنگ ہوتی ہے، ان کی بہادری، جنگی مہارت اور صبر و استقامت کی وجہ سے ان کی نسل کے بارے میں افسانوی روایت مشہور تھی[۲]

راس الجمجمہ عمان اور عدن کے درمیان عمان کے قریب زمین کا ایک حصہ سطح سمندر سے ابھرا ہوا ہے جسے جہاز ران راس الجمجمہ کہتے تھے، جہازوں والوں میں اس مقام کا چرچا زیادہ رہتا تھا کیونکہ اسی علامت کو دیکھ کر عرب اور ہندوستان کے درمیان جہاز آتے جاتے تھے[۳]

سیراف بحر لبصرہ کے ساحل پر بہت بڑا تجارتی شہر تھا، قدیم زمانہ میں اسی بندرگاہ پر ہندوستان آنے جانے والے جہاز ٹھہرتے تھے، تاجر اس کو شیلاؤ کہتے تھے، سیراف سے دو فرسخ پر دو پہاڑوں کے درمیان ایک کھاڑی تھی، اسی میں جہاز ٹھہرتے تھے، ہوا موافق ہونے پر بصرہ سے سیراف سات دن کی مسافت پر تھا، جب جزیرہ آنے جانے جہازوں کے لئے بندرگاہ بن گیا تو سیراف ویران ہو گیا اور

---

[۱] معجم البلدان ج ۷ ص ۱۹۷، [۲] ج ۳ ص ۳۰۰، [۳] ج ۳ ص ۱۳۶،

یہاں چور ڈاکو رہنے لگے، [1]

ہرمز ہرمز (ہرموز) بحر بصرہ کا ساحلی شہر تھا، سمندر کی ایک کھاڑی وہاں تک جاتی تھی، یہ مقام کرمان کی بندرگاہ تھا ہندوستان کے جہاز یہاں تک آتے تھے اور ان کا سامان یہیں اتار کر کرمان سجستان اور خراسان روانہ کیا جاتا تھا۔ [2]

قلہات قلہات عمان کا ساحلی شہر تھا جہاں ہندوستان سے آنے والے جہاز ٹھہرا کرتے تھے، بعد میں مستقل بندرگاہ بن گیا، اس پر ہرمز کے حاکم کا قبضہ تھا،

کچھ اور سوراشٹر میں سمندری ڈاکوؤں کی کثرت یہی سوا حل و جزائر ہندوستان کے بحری ڈاکوؤں کے اڈے اور کمین گاہ تھے، اور یہیں سے سقوطرہ اور عدن تک ان کی یلغار اور لوٹ مار رہا کرتی تھی۔

یوں تو مکران سے سرندیپ تک کے ساحلوں اور ان کے پیچھے میدانی علاقوں میں بحری ڈاکوؤں (مید) کی آبادیاں اور اڈے تھے، مگر عباسی دور میں یہ لوگ سوراشٹر اور گجرات کے ساحلوں اور میدانی علاقوں میں سمٹ آئے تھے۔ اور یہیں سے بحر بصرہ (بحر فارس اور بحر ہند) کے سواحل اور جزائر بلکہ بیچ سمندر میں مسلمانوں کی کشتیوں اور جہازوں پر ڈاکہ ڈالتے تھے اور آبادیوں میں لوٹ مار اور قتل و غارت کرتے تھے، اس دور کے ہر مورخ اور اور جغرافیہ نویس نے ان ڈاکوؤں کی تباہ کاری اور گجرات و سوراشٹر میں کی بھاری جمعیت کا تذکرہ کیا ہے، ابن خرداد نے

---

[1] معجم البلدان ۱۹۳۵ء ۵ ج ۸ ص ۴۶۰،

لکھا ہے کہ دریائے سندھ سے ہندوستان کے پہلے علاقہ اوتکین تک چار دن کی مسافت ہے، اس درمیانی علاقہ کے پہاڑوں میں بانس اور میدانی علاقوں میں کھیتی باڑی ہے،

واهلها عتاة، مردة	اور وہاں کے باشندے شریر
لصوص، ومنها علی	وسرکش اور چور ہیں، اور اوتکین
فرسخین المید [1]	سے چھ میل پر مید قوم رہتی ہے،

اصطخری نے لکھا ہے کہ دریائے سندھ کے سواحل پر ملتان (پنجاب) سے لے کر سمندر (سندھ) تک بحری ڈاکو آباد ہیں اور دریائے سندھ اور قامہل کے درمیانی میدانوں میں ان کی چراگاہیں اور بہت سی بستیاں ہیں، ان علاقوں میں ان کی تعداد بہت زیادہ ہے [2]

مسعودی نے کتاب التنبیہ والاشراف میں لکھا ہے کہ تقریباً تین سو فرسخ کی لمبائی میں دریائے سندھ کے میدانی علاقے اور بڑی بڑی جھاڑیاں ہیں جن میں نیزے اور بانس کے جنگلات ہیں، اس علاقہ میں سندھ کی ایک قوم میدنامی بہت بڑی تعداد میں ہے جو اہلِ منصورہ سے برسرپیکار رہا کرتی ہے،

ولهم بوادج فی البحر	سمندر میں ان کے بیڑے ہوتے ہیں،
تقطع علی مراکب المسلمین	اور مسلمانوں کے جہاز پر جو ہندوستان،
المجتازة الی ارض الهند	جدہ اور بحر قلزم میں آتے جاتے ہیں
وجدة والقلزم وغیرها کالشوانی	ڈاکہ ڈالتے ہیں، جس طرح بحر روم
فی بحر الروم۔ [3]	میں غارت گر بیڑے ہوتے ہیں،

اور مروج الذہب میں سقوطرہ کے باشندوں پر ہندی ڈاکوؤں کی یلغار کو

---

[1] المسالک والممالک ص ۶۲ [2] مسالک الممالک ص ۱۶۷ [3] التنبیہ والاشراف ص ۵۵ (یورپ)

بیان کرتے ہوئے لکھا ہے:

وھم فی ھذا الوقت تاوی الیھم بوارج الھند الذین یقطعون علی المسلمین فی ھذہ البوارج وھی المراکب علی من اراد الصین والھند وغیرھا کما یقطع الروم فی الشوانی علی المسلمین فی البحر الرومی من ساحل الشام ومصر۔[1]	اس زمانہ میں (۳۰۳ھ میں) سقوطرہ تک ہندوستان کے بیڑے آتے ہیں جن میں ڈاکو مسلمانوں کے جہاز پر ڈاکہ ڈالتے ہیں جو چین اور ہندوستان وغیرہ آتے جاتے ہیں، جس طرح رومی لٹیرے بحر روم میں مصر و شام کے ساحل سے مسلمانوں پر ڈاکہ ڈالتے ہیں،

بیرونی نے کتاب الہند میں سورا شٹر کے علاقہ کچھ اور سومنات کو ان ڈاکوؤں کا گڑھ بتایا ہے چنانچہ شہروں کی مسافت بیان کرتے ہوئے لکھا ہے:

ثم البوارج، قُصوص، ومواضعھم کج وسومنات وسموا بھذا الاسم لانھم یتلصصون فی الزوارق واسمھا بیرہ،[2]	پھر بوارج کا علاقہ ہے، یہ لوگ چور ڈاکو ہیں اور ان کا مرکز کچھ سومنات ہے، ان ڈاکوؤں کو بوارج اس لئے کہا جاتا ہے کہ وہ چھوٹی کشتیوں میں سوار ہو کر سمندر میں چوری کرتے ہیں، ایسی کشتی کا نام بیڑہ ہے،

مؤرخ بلاذری کا بیان پہلے گذر چکا ہے کہ سرست (سورٹھ، سوراشٹر) ان دنوں اہل بصرہ کے غزوہ اور جنگ کا علاقہ ہے، یہاں کے باشندے

---

[1] مروج الذہب ج ۲ ص ۲۰ [2] کتاب الہند ص ۱۰۲ (یورپ)

مید ہیں جو سمندر میں ڈاکہ ڈالتے ہیں،

چونکہ ان بحری ڈاکوؤں کا سب سے بڑا مرکز علاقہ کچھ و سورا شٹر تھا اس لئے امارت بحر بصرہ ان کی سرکوبی کے سلسلہ میں بعض اوقات سوراشٹر کے علاقوں میں بحری مہم روانہ کرتی تھی، چنانچہ ۱۷۰ھ اور ۲۳۰ھ میں سوراشٹر میں اسی کے ماتحت جنگ ہوئی،

ان کی غارت گری کے طریقہ اور چند واقعات

عباسی دور میں ان بحری ڈاکوؤں کی سفاکی بہت زیادہ بڑھ گئی تھی، اموی دور کے آخر میں ہندوستان میں ابتری پھیلی ہوئی تھی، منصور بن جمہور کلبی اور اس کے بھائی منظور بن جمہور کلبی نے پورے سندھ و مکران میں اپنی حکومت قائم کرلی تھی، ملتان اور قندابیل وغیرہ کے عربوں میں عباسی دور کی ابتدا میں قبائلی عصبیت نے خود سری پیدا کر دی تھی، اور وہ یہاں کے حالات سے یکسو ہو کر باہمی آویزش میں مبتلا تھے اور عباسی امرا ان حالات کا مقابلہ کر رہے تھے، اس صورت حال سے فائدہ اٹھاتے ہوئے یہاں کے جاٹوں اور میدوں نے ہر طرف شورش اور لوٹ مار کا بازار گرم کر رکھا تھا، ایک طرف یہاں کے جاٹوں نے اپنے سرداروں کی قیادت میں عراق میں اپنا مرکز قائم کر کے بصرہ، بغداد، کوفہ، واسط وغیرہ میں غارت گری اور لوٹ مار جاری کر رکھی تھی، دوسری طرف خود ہندوستان کے اندر انھوں نے جگہ جگہ سر اٹھانا شروع کر دیا تھا، نیز عراق کے جاٹوں کے ساتھ ان کے تعلقات قائم تھے اور ان کی تخریبی کارروائیوں میں یہ بھی حصہ لیتے تھے، اسی طرح یہاں کے بحری ڈاکوؤں نے ہندوستان کے سواحل، بحر بصرہ کے جزائر اور سمندر میں تباہی مچا رکھی تھی، اور ان کی

وجہ سے عرب، ہندوستان اور چین کی عالمی بحری شاہراہ ہر وقت خطرات سے گھری رہتی تھی، اور یہ لوگ مسلمانوں کے سفری اور تجارتی جہازوں کو بے دریغ تاراج کرتے تھے،

خود ہندوستان میں ان ڈاکوؤں اور ٹھگوں نے تاجروں اور دولت مندوں کو بری طرح پریشان کر رکھا تھا، ان کا گروہ بڑی دلیری اور بے خوفی سے اپنا کام کرتا تھا، نامی گرامی تاجروں، مالداروں اور ساہوکاروں کو گرفتار کر کے ان سے بڑی بڑی رقمیں وصول کرتا تھا، یہ لوگ ہندو، مسلمان یا ملکی غیر ملکی کی تمیز نہیں کرتے تھے، بلکہ جس تاجر اور مالدار کو چاہتے گرفتار کر کے یرغمال کے طور پر رکھتے تھے اور بھاری رقم وصول کرتے تھے۔ ابو زید سیرافی نے لکھا ہے کہ سرندیپ کے بازاروں میں ہندوستان کے ڈاکو جا کر اپنی دھار دار تیز چھری سے تاجر پر بھرپور حملہ کرتے ہیں اور اس کا گلا پکڑ کر اس کے سامنے اپنا خنجر تانتے ہیں اور بھرے بازار سے کھینچ کر آبادی کے باہر لے جاتے ہیں، سب لوگ کھڑے تماشا دیکھتے ہیں، کسی کی ہمت نہیں پڑتی کہ ان کے قریب جائے، اور اگر کوئی شخص ہمت کر کے تاجروں کو چھڑانے کی کوشش کرتا ہے تو ڈاکو تاجر کو یا اپنے ہی کو اسی خنجر سے مار ڈالتا ہے، الغرض ڈاکو تاجر کو مجمع سے کھینچ کر بستی کے باہر لے جاتا ہے، اور بھاری رقم فدیہ کے طور پر طلب کرتا ہے، ایسی حالت میں کوئی پیچھے پیچھے جاتا ہے اور مطلوبہ رقم ادا کر کے تاجر کو نجات دلاتا ہے، یہ صورت ایک زمانہ تک باقی رہی، بعد میں وہاں کے ایک راجہ نے حکم دیا کہ جو ڈاکو یہ حرکت کرے وہ جس حال میں ملے فوراً گرفتار کیا جائے، ابتدا میں گرفتاری کے وقت ڈاکو

اپنے کو اور تاجر کو قتل کر دیا کرتے تھے، مگر اس سخت اقدام سے خرابی بسیار کے بعد امن ہوا:

و تلفت فیه انفس الهند	ان ڈاکوؤں کی وجہ سے بہت سے
وانفس العرب فلما وقع	ہندوستانیوں اور عربوں کی جانیں
الیاس انقطع ذلك ، و	گئیں، اور جب سختی ہوئی تو یہ سلسلہ
امن التجار علی انفسهم[1]	بند ہوا، اور تاجر اپنے کو محفوظ
	سمجھنے لگے،

سرندیپ کے علاوہ ہندوستان کے اندر بھی ان کا یہی طریقہ تھا، بزرگ بن شہریار ناخدا نے لکھا ہے کہ ہندوستان میں چور اور ڈاکو شہر در شہر گھوم گھوم کر مالدار تاجروں کو لوٹتے ہیں، اس میں عربی اور ہندی کا فرق نہیں کرتے ہیں، تاجر کو اس کے گھر میں یا بازار اور راستہ میں پکڑ کر اس کے سامنے چھری ننگی کر کے کہتے ہیں کہ ہم کو اتنی رقم دو، ورنہ ہم تم کو قتل کر دیں گے، اگر کوئی عام آدمی یا سرکاری آدمی آگے بڑھ کر ان کو منع کرتا ہے تو اس کو قتل کر دیتے ہیں، ان کو اپنی جان کی یا دوسرے کی جان کی مطلق پرواہ نہیں ہوتی ہے، اس لئے کسی کی مجال نہیں ہوتی ہے کہ اس حالت میں ان سے تعرض کرے، وہ تاجر کو گرفتار کر کے محفوظ جگہ میں رکھتے ہیں، اور نہایت بے باکی اور بے فکری سے اپنا خنجر کھلا رکھ کر کھاتے پیتے ہیں، اور جب کوئی آدمی ان کی مطلوبہ رقم لے کر جاتا ہے تو اسے اپنے ساتھ لے جا کر رقم لے لیتے ہیں اور تاجر کو چھوڑ دیتے ہیں، [2]

[1] رحلۃ ابی زید السیرافی ص ۱۲۱ (سلسلۃ التواریخ طبع پیرس) [2] عجائب الہند ص ۱۵۲

بمبئی سے متصل شہر تھانہ کا اسی قسم کا واقعہ ہے، ایک تاجر محمد بن مسلم سیرافی تھانہ میں بیس سال سے زائد سے مقیم تھا، اس نے ہندوستان کے اکثر شہروں کی سیاحت کی تھی اور یہاں کے حالات سے واقف تھا، اس کا بیان ہے کہ تھانہ کے ایک ہندو ساہوکار کے اکلوتے لڑکے کو بارہ ڈاکوؤں نے اسی کے گھر میں بند کر کے گھیرا ڈالدیا اور دس ہزار دینار کا مطالبہ کیا، ساہوکار نے راجہ کے پاس آکر ماجرا بیان کیا اور مدد چاہی، راجہ نے کہا کہ ان ڈاکوؤں پر ہمارا قابو نہیں چلتا ہے، تم ان کا مطالبہ پورا کر کے اپنے لڑکے کی جان بچاؤ، ورنہ کہو تو میں تمہارے گھر کو باہر سے آگ لگوادوں مگر اس صورت میں اندر کے بارہ ڈاکوؤں کے ساتھ تمہارا لڑکا بھی جل کر مرجائے گا، ساہوکار نے رقم نہیں دی، اور راجہ نے اس کے گھر کو پھنکوا دیا جس سے وہ بارہ ڈاکو اور ساہوکار کا لڑکا سب جل مر گئے، [۱]

بزرگ بن شہریار ناخدا نے لکھا ہے کہ سرندیپ کا سمندر تین سو فرسخ کا ہے، یہ ان سمندروں میں سے ہے جو نہایت خطرناک اور ہولناک ہیں اور جن سے سلامتی کے ساتھ گذرنا بہت مشکل ہوتا ہے، اس کے اندر گھڑیال اور اس کے ساحل پر چیتے ہوتے ہیں اور تیسری مصیبت سمندری ڈاکوؤں کی ہے، یہ لوگ ڈاکہ ڈالتے ہیں اور جہازوں کے آدمیوں کو کھا جاتے ہیں، یہ بدترین مخلوق ہیں، سمندروں میں ان کے مانند ڈاکہ ڈالنے والے نہیں ہیں، اس سمندر سے گذرنے والے جس جہاز کو پکڑ لیتے ہیں اس کے مسافروں کو کھا جاتے ہیں، اگر کوئی جہاز ڈوب جاتا ہے تو ایک گھڑی بھی گذرنے نہیں پاتی ہے کہ مسافروں کو

گھڑیال کھا جاتے ہیں، اور اگر کوئی جہاز ساحل اور خشکی کے قریب ٹوٹ جاتا ہے اور اس کے مسافر اوپر چڑھ جاتے ہیں تو ایک گھنٹہ کے اندر اندر ان کو چیتے پھاڑ ڈالتے ہیں[1]

مسعودی نے اخبار الزمان میں لکھا ہے کہ ہندوستان میں سرندیپ اور فلنتن کے درمیان کئی خلیجیں ہیں جن میں ایک قوم رہتی ہے، اس کا رنگ سیاہ ہوتا ہے اور یہ لوگ مادر زاد ننگے رہتے ہیں، جب ان کے یہاں کوئی عرب پہونچ جاتا ہے تو اس کا کپڑا پکڑ کر پھٹ جاتے ہیں اور اس کو ٹکڑے ٹکڑے کاٹ ڈالتے ہیں، ان کے علاقہ میں کوئی راجہ نہیں ہے، ان کی غذا مچھلی، کیلا، ناریل اور گنا ہے، یہاں کے جنگلات میں بانس ہوتے ہیں[2]

ان چند بیانات سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ ڈاکو کس قدر بدامنی اور غارت گری پھیلاتے رہتے تھے، اور یہاں کے راجے مہاراجے اور عوام ان سے کس قدر پریشان اور خائف تھے،

ڈاکوؤں سے جہازیوں اور مسافروں کی جنگ ان ڈاکوؤں سے جنگ اور مقابلہ کے لئے جہاز والے سپاہی اور سامان جنگ رکھتے تھے، گرم تیل اور تارکول جہازوں سے ان پر پھینکتے تھے اور اس کام کے لئے یہیں کی دو قوموں بیاسرہ اور سیابجہ کو ملازم رکھا جاتا تھا اور لوہے کو لوہا کاٹتا تھا، لسان العرب میں ہے:

والبیاسرۃ قوم بالسند	بیاسرہ (بیسر کی جمع) سندھ کی ایک
وقیل جیل من السند	قوم ہے یا ایک جماعت ہے یہ لوگ

[1] عجائب الہند ص۱۲ [2] اخبار الزمان ص۳۸،

یواجرون انفسھم من اھل السفن لحرب عدوھم [1]	جہازیوں کے یہاں دشمنوں سے جنگ کے لئے اجرت پر رہتے ہیں،

جاحظ نے بھی یہی لکھا ہے:

البیسری جیل من الھند والسند تستاجر ھم النواخذۃ لمحاربۃ العدو۔	بیسری ہندوستان اور سندھ کی ایک جماعت ہے، ان کو جہازوں کے ناخدا دشمنوں سے لڑنے کے لئے اجرت پر رکھتے ہیں۔

اسی طرح سیابجہ کے بارے میں لسان العرب میں ہے:

والسیابجۃ قوم من الھند یستاجرون لیقاتلوا فیکونون کالمبذرقۃ۔	سیابجہ ہندوستان کی ایک قوم ہے، یہ لوگ جنگ کے لئے کرایہ پر رکھے جاتے ہیں اور محافظوں کی طرح ہوتے ہیں،

نیز اسی میں ہے کہ:

السیابجۃ قوم ذوو جلد من السند والھند یکونون مع رئیس السفینۃ البحریۃ یبذرقونھا۔ [2]	سیابجہ ہندوستان اور سندھ کے طاقتور اور بہادر لوگ ہیں جو جہاز کے افسر کے ساتھ رہ کر اس کی حفاظت کرتے ہیں،

مسعودی نے اخبار الزمان میں لکھا ہے کہ بحر ہند میں مدرنامی ایک جزیرہ ہے، یہاں کے باشندے کالے ہوتے ہیں جو سمندر میں ڈاکہ ڈالتے ہیں، اور مسافروں کو قتل کرتے ہیں، چینی جہازوں کے مالک اور ناخدا و غیرہ ان سے

---

[1] لسان العرب ج ۴ ص ۵۸۰ [2] ج ۲ ص ۲۹۴،

جنگ کے لئے اپنے ساتھ سامان جنگ اور نفط (مٹی کا تیل یا تارکول) رکھتے ہیں، بسا اوقات ان جہازوں میں چار سو تاجر اور پانچ سو سپاہی ہوتے ہیں اس لئے ڈاکو ان جہازوں پر ڈاکہ نہیں ڈالتے، اور دوسرے جہازوں اور کشتیوں پر حملہ کرتے ہیں، [1]

اسمٰعیل بن ابراہیم (اسماعیلویہ) بلاد الذہب (گجرات اور سوراشٹر) میں آنے والا مشہور ناخدا تھا، اس کا بیان ہے کہ ایک مرتبہ میں جنوبی ہند کی بندرگاہ کلہ سے عمان کی طرف جہاز لے کر چلا، راستہ میں ۸ ستر جنگی کشتیوں پر بحری ڈاکو ملے، جن سے تین دن تک متواتر جنگ ہوتی رہی، ہماری طرف سے سخت مقابلہ کرکے ان کی کشتیاں جلائی گئیں، ان کی ایک جماعت قتل کی گئی، اور بڑی مشکل سے نجات ملی، اس سفر میں کلہ سے شط العرب یعنی مقام شحر تک اکتالیس دن لگے، [2]

ایک مرتبہ ان ڈاکوؤں نے ایک تجارتی جہاز کو پکڑ کر لوٹنا چاہا تو مقامی راجہ اور بستی والے ان سے لڑنے کے لئے نکلے، نیز بعض تاجروں نے جہاز کے سپاہیوں کے ساتھ مل کر ڈاکوؤں سے جنگ کی، اس جہاز میں عراق کا ایک منچلا مسافر تھا، جب اس نے دیکھا کہ ڈاکوؤں اور جہاز والوں میں جنگ بہت زیادہ شدت اختیار کر گئی تو اپنے صندوق سے ایک لمبا چوڑا کاغذ نکالا جس میں حساب و کتاب تھا، اس نے اس کو سامنے پھیلا کر آسمان کی طرف ہاتھ اٹھایا، اور بلند آواز سے کچھ کلمات منہ سے نکالنے لگا، یہ دیکھتے ہی ڈاکوؤں نے جنگ بند کر دی اور ایک گروہ نے اس کے پاس آکر کہا کہ تم ایسا نہ کرو، ہم چلے جاتے ہیں اور تم لوگوں کی کوئی چیز

---

[1] اخبار الزمان ص ۳۹، [2] عجائب الہند ص ۱۳۰

نہیں لیں گے، اس کے بعد آپس میں کہنے لگے کہ ان لوگوں سے نہ لڑو اس لئے کہ انھوں نے آسمان کے دیوتا کے یہاں اپنا معاملہ پیش کر دیا ہے، یہ لوگ ابھی ہم پر غالب آکر ہمیں قتل کر دیں گے، اس کے بعد ڈاکو اس عراقی سے منت وسماجت کرتے رہے یہاں تک کہ اس نے اپنا کاغذ لپیٹ کر صندوق میں رکھ دیا، اور وہ سب واپس چلے گئے۔[1]

راجے مہاراجے اور بحری ڈاکو

ہندوستان کے ڈاکوؤں کا منظم گروہ اندر باہر ہر جگہ تباہی برپا کئے رہتا تھا اور عرب سے لے کر چین تک کے تاجر اور مسافران کی تاراج کی زد میں رہا کرتے تھے، ان سے لڑنے کے لئے انتظام کرتے تھے، اپنے جہازوں میں فوج اور اسلحہ رکھتے تھے، اور بھاری اخراجات برداشت کرنے کے باوجود اپنی جان و مال کو محفوظ نہیں سمجھتے تھے، اس صورت حال کے نتیجہ میں ان غارت گروں اور لٹیروں کی بدنامی کے ساتھ یہاں کے راجے مہاراجے بھی بدنام ہوتے تھے، کیونکہ اپنے ملک کے ان بین الاقوامی غارت گروں کے مقابلہ میں وہ اپنے کو بالکل بے دست و پا اور بے بس سمجھتے تھے اور جب ان سے شکایت کی جاتی تو صاف طور سے اپنی مجبوری بیان کر دیتے تھے، اموی دور میں راجہ داہر نے حجاج بن یوسف کو ایسا ہی جواب دیا تھا اور محمد بن قاسم کو آنا پڑا، عباسی دور میں شہر تھانہ کے ایک ساہوکار نے مقامی راجہ سے ڈاکوؤں کی شکایت کر کے مدد چاہی تو اس نے بھی اپنی مجبوری ظاہر کر دی تھی، معلوم نہیں کیوں سرندیپ کے ایک راجہ کے علاوہ یہاں کے راجوں مہاراجوں نے ان کے خلاف اقدام کی جرأت

---

[1] عجائب الہند ص۔

نہیں دکھائی جب کہ ان کے پاس کافی فوج تھی حالانکہ وہ دوسرے علاقوں پر چڑھائی کرنے اور کمزور راجہ کو زیر کرنے میں بڑی دلچسپی رکھتے تھے، نیز جب مسلمان ان ڈاکوؤں کے خلاف اقدام کرتے تو یہ راجے مہاراجے خاموشی سے تماشا دیکھتے تھے، نہ مسلمانوں کی مدد کرتے اور نہ ڈاکوؤں کی طرفداری کرتے، اس کی ایک وجہ ظاہر ہے کہ وہ ڈاکوؤں سے اس قدر خائف تھے کہ بھڑ کے چھتے میں ہاتھ ڈالنا نہیں چاہتے تھے، دوسری وجہ یہ بھی ہو سکتی ہے کہ وہ ان کو اپنی بے قاعدہ بحری فوج سمجھتے رہے ہوں، اور سمندر کی راہ سے آنے والے دشمنوں سے جنگ و مقابلہ کے لئے ان کی ضرورت رہی ہو، جس طرح قرطاجنہ (کارتھیج) کے بحری ڈاکوؤں کو وہاں کا بادشاہ یہی حیثیت دیتا تھا اور درپردہ ان کی مدد بھی کرتا تھا،

ان راجوں مہاراجوں کے طرز عمل کے برخلاف مسلمانوں نے ان بحری ڈاکوؤں کا بھرپور مقابلہ کیا، ان سے جنگ کی، ان کی آبادیاں ویران کیں، اور ان کے استیصال میں کوئی کسر اٹھا نہیں رکھی، یہاں کے عباسی امراء و حکام نے ان سے جنگ کی بغداد و بصرہ سے ان کے مقابلہ کے لئے زبردست فوجی مہم آئی، گجرات کے شہر قندھار (گندھارا) اور باربد (بھاڑ بھوت) میں بار بار جنگ ہوئی، سوراشٹر کے علاقہ میں فتوحات ہوئیں، دولت، ماہانیہ سندان کے دوسرے حکمراں محمد بن فضل بن ماہان نے ستر جنگی کشتیوں کا بحری بیڑا تیار کر کے ان سے جنگ کی، اور ان کی ایک جماعت کو موت کے گھاٹ اتارا، نیز علاقہ سوراشٹر میں پالی تھانہ کو فتح کیا،

مگر ان تمام کوششوں اور سرگرمیوں کے باوجود بحری ڈاکوؤں کا زور کم نہ ہوا، اور ان کی تباہ کاری بحر بصرہ کے سواحل و جزائر سے لے کر ہندوستان تک

عام رہی اس لئے عباسی خلافت کو بصرہ میں بحری امارت اور فوجی محکمہ کا اضافہ کرنا پڑا،

۱۴۱ھ میں امارت بحر بصرہ کا قیام اور ڈاکوؤں سے پہلی جنگ

خلیفہ ابوجعفر منصور نے ۱۴۱ھ میں خراسان کے حاکم عبدالجبار بن عبدالرحمن کو گرفتار کر کے دربار میں حاضر کیا، اس کے ساتھ اس کا لڑکا اور ایک جماعت آئی تھی، ابوجعفر منصور نے عبدالجبار کو قتل کر کے اس کے لڑکے اور اس کے ساتھ آنے والی جماعت کو یمن کے حدود کے ایک جزیرہ میں بھیج دیا، اور ان سب کو ہندی ڈاکوؤں نے گرفتار کر لیا، بعد میں ان میں سے بعض کو فدیہ دے کر چھڑایا گیا،[1] اسی سال ابوجعفر منصور نے امارت بحر بصرہ کا محکمہ قائم کیا، اس امارت کے امراء اور ان کی سرگرمیوں کا تذکرہ خلیفہ بن خیاط نے اپنی سند وار تاریخ میں کیا ہے، ہم اسی سے اس کے امراء اور ان کی خدمات کو بیان کرتے ہیں، انھوں نے لکھا ہے کہ ۱۴۱ھ میں ابوجعفر منصور نے محمد بن ابوعیینہ کو ولایت بحر دی اور وہ بحری فوج لے کر شہر قیس گیا، جو سمندر میں ایک جزیرہ ہے، اس کے مقابلہ کے لئے ڈاکوؤں کے جنگی جہاز آئے اور محمد بن ابو عیینہ کے بجائے اس کا بیٹا مسلمانوں کی ایک جماعت لے کر سامنے آیا، ڈاکو اور ان کے جنگی جہاز بہت زیادہ تھے، جنگ میں مسلمانوں کو ناکامی ہوئی، اور محمد بن ابوعیینہ نے شہر قیس کو خالی کر دیا، اس کے بعد دشمنوں نے اس کو یوں تباہ کر دیا کہ آج تک (۲۳۲ھ) ویران ہے،[2]

ذہبی نے تاریخ الاسلام میں یہ واقعہ ۱۴۳ھ میں بیان کر کے لکھا ہے کہ اس سال محمد بن ابوعیینہ بن مہلب بن ابوصفرہ والی بحر ہوا اور جزیرہ قیس میں

---

[1] البدایہ والنہایہ ج ۱۰ ص ۱۰۵ [2] تاریخ خلیفہ ج ۲ ص ۶۲۳

اترا تو ہندی ڈاکوؤں کے جنگی جہاز وہاں آئے، ان کے مقابلہ میں وہ خود نہیں گیا، بلکہ اس کا لڑکا گیا، اور جنگ میں وہ اور اس کے ساتھ ایک گروہ مارا گیا، اس کے بعد محمد بن ابو عیینہ وہاں سے بھاگا اور دشمن نے شہر میں داخل ہو کر اسے ویران کر ڈالا، خلیفہ نے لکھا ہے کہ یہ شہر اب تک ویران ہے، مگر ان دنوں (آٹھویں صدی) وہ آباد ہے، اور تاجر وہاں کا سفر کرتے ہیں، آج کل اس کو جزیرہ کیش کہتے ہیں، [۱] ۱۴۸ھ میں مید اور بحری ڈاکو) براہ سمندر ہندوستان سے نکل کر بصرہ کے پاس دریائے دجلہ میں داخل ہوئے [۲] ۱۴۹ھ میں وہ بصرہ کے پاس دریائے دجلہ کی راہ سے مقام مہلبان میں گھس گئے [۳] مہلبان بصرہ کے نواحی میں ایک علاقہ تھا جسے مہلب بن ابی صفرہ نے اپنی امارت کے زمانہ میں اموی دور میں اپنی بیوی خیرہ بنت ضمرہ قشیرہ کو جاگیر میں دیا تھا، یہ ابو عیینہ بن مہلب کی ماں تھی، [۴]

دوسری جنگ اسی سال یعنی ۱۴۹ھ میں میدون نے جزیرہ خارک میں اپنی طاقت جمع کر کے ابو جعفر سے جنگ کی، جس میں وہ اور اس کے جہاز کے تمام سپاہی شہید ہو گئے، خارک بحر بصرہ کے مشرق میں ہندوستان کی طرف پچاس فرسخ پر پہلا جزیرہ تھا، جو ایک فرسخ کی لمبائی چوڑائی میں تھا، اور یہاں کھیتی باڑی اور انگور اور کھجور کے باغات تھے،

تیسری جنگ ۱۵۱ھ میں مید بصرہ کے دجلہ میں داخل ہوئے اب کے

---

[۱] تاریخ الاسلام ج ۶ ص ۵، [۲] تاریخ خلیفہ ج ۳ ص ۶۵۵ [۳] ،، ص ۵۶۰،
[۴] فتوح البلدان ص ۳۵۴،

بار ابو عبیدہ سعدی نے ان سے جنگ کر کے شکست دی، [1]

چوتھی جنگ ۱۵۳ھ میں مید، دجلہ، بصرہ کی راہ سے نہر الامیر میں گھس گئے، اور جنگ کر کے لوگوں کو قتل اور گرفتار کیا، خلیفہ بن خیاط کا بیان ہے کہ مجھ سے فضلہ رادی نے بیان کیا ہے کہ وہ نہر الامیر کی جنگ میں موجود تھے اور انھوں نے ایک جماعت کے ساتھ ڈاکوؤں سے جنگ کی ان کی جنگی کشتیوں تک پہونچ کر ان کے پاس جو کچھ تھا چھین لیا، [2] ذہبی نے تاریخ الاسلام میں لکھا ہے کہ ۱۵۳ھ میں مید دجلہ کے راستہ سے بصرہ پر چڑھ آئے اور جنگ کر کے لوگوں کو قید کیا، اس کے بعد ان سے جنگ کے لئے مسلمانوں کی فوج روانہ ہوئی اور ان کو شکست دے کر بہت سے قیدیوں اور سامانوں کو ان کے ہاتھ سے چھڑا لیا، [3]

نہر الامیر بصرہ کی مشہور نہروں میں سے تھی جسے خلیفہ ابو جعفر منصور نے جاری کرایا تھا، بعد میں منصور نے اپنے لڑکے جعفر کو ہبہ کر دیا، اس زمانہ میں اسے نہر امیر المومنین، کے نام سے یاد کیا جاتا تھا، پھر نہر الامیر کہا جانے لگا، خلیفہ ہارون رشید نے اپنے دور خلافت میں اس کو خرید کر کچھ حصہ جاگیر میں دیا اور کچھ حصہ فروخت کر دیا۔ یہ نہر اتنی چوڑی اور گہری تھی کہ اس میں جہاز چلتے تھے، [4] فتوح البلدان ص ۳۵۶) ۱۵۵ھ میں بحر بلاد بصرہ کی ولایت پر شہاب بن عبد الملک مقرر کئے گئے، [5] یہ غالباً عبد الملک بن شہاب مسمعی کے قبیلہ سے تھے جنھوں نے عہد مہدی ۱۶۰ھ میں گجرات کے شہر بارد دبھار بھوت ما کو فتح کیا تھا،

---

[1] تاریخ خلیفہ ج ۲ ص ۶۵۹، [2] " ص ۶۶۱، [3] تاریخ الاسلام ج ۲ ص ۱۶۰
[4] تاریخ خلیفہ ج ۲ ص ۶۶۴،

پانچویں جنگ ہارون رشید ۱۷۰ھ میں خلیفہ ہوا، اس نے محمد بن سلیمان بن علی ہاشمی کو بصرہ کی ولایت پر برقرار رکھا اور محمد بن سلیمان نے میدول سے جنگ کے لئے تیرہ جنگی جہازوں میں سامان جنگ اور سپاہی دے کر یحییٰ بن سعد سعدی کو بحر بصرہ میں روانہ کیا، یہ جنگی مہم بصرہ سے عمان تک آئی، مگر دشمن مقابلہ میں نہیں آئے، اور اسلامی بیڑا واپس چلا گیا[1] غالباً یہ یحییٰ بن سعد بن قیس بن عمرو بن سہیل مشہور فقیہ ہیں جو خلیفہ ابوجعفر منصور کے زمانہ میں بغداد کے قاضی رہ چکے ہیں[2]

چھٹی جنگ ۱۷۴ھ میں حماد بن نمیر نے بلاد سرشت میں جہاد کیا[3] یعنی سورٹھ، (سوراشٹر) کے شہروں میں داخل ہوکر یہاں کے ڈاکوؤں سے جنگ کی اور فتح پائی، اس کی تفصیل اپنی جگہ موجود ہے،

۱۷۶ھ میں خلیفہ ہارون رشید بصرہ آیا، اور مسلم بن زیاد الاصم کو بحر بصرہ کی ولایت سے معزول کیا، اس وقت مسلم بن زیاد الاصم کے جنگی جہاز مقام سلیماناں میں پڑے ہوئے تھے،[4]

سلیماناں، بصرہ میں ایک جاگیر سلیمان بن علی ہاشمی کی طرف منسوب تھی، غالباً، یہ بصرہ کا وہی مشہور بند تھا جسے سلیمان بن علی ہاشمی نے دریائے دجلہ کی قندل نامی کھاڑی پر باندھا تھا، اسی جگہ منذر بن زبیر بن عوام کی جاگیر اور حیرہ کے بادشاہ نعمان بن منذر کی نہر تھی جسے کسریٰ بادشاہ نے اسے جاگیر میں دیا تھا، یہیں نعمان بن منذر کا محل بھی تھا[5]

ساتویں جنگ ۱۷۷ھ میں عمرو العربی نے بحر بصرہ میں واقع شہروں میں

---

[1] تاریخ خلیفہ ص ۴۷۹ و ۴۸۰ جمہرۃ انساب العرب ص ۳۴۹، [3] تاریخ خلیفہ ج ۲ ص ۷۱۴
[2] " ص ۷۱۶، [5] فتوح البلدان ص ۳۵۷،

جنگ کی، اور مقام راس الجمحہ میں دشمن کے جہاز پر قبضہ کر کے فتح پائی، [۱] عمان اور عدن کے درمیان عمان سے متصل سمندر کے اندر زمین کا حصہ ہے جسے جہازران اپنی اصطلاح میں راس الجمحہ یا راس الجمجمہ کہتے ہیں، عمرو العربی نے بصرہ سے عمان کے قریب تک کے بحری شہروں اور جزیروں میں ڈاکوؤں سے جنگ کر کے ان کو زیر کیا تھا،

آٹھویں جنگ ۱۷۸ھ میں مسلم بن زیاد الاصم پھر امیر بحر بصرہ مقرر ہوا، اب کے بار اس نے بحر بصرہ میں جنگ کر کے دشمنوں کے گیارہ جنگی جہازوں پر قبضہ کر لیا۔ [۲]

نویں جنگ اس کے دوسرے سال ۱۷۹ھ میں مسلم بن زیاد الاصم نے ڈاکوؤں سے دوبارہ جنگ کی، اس بار ان کے چار جنگی جہاز ہاتھ آئے، [۳]

دسویں جنگ ۱۸۱ھ میں بھی مسلم بن زیاد الاصم نے بحر بصرہ میں جنگی سرگرمی جاری کی اور سالم و غانم واپس ہوا، کئی معرکوں میں کھلی ہوئی کامیابی حاصل کی اور دشمنوں کا بہت سا مال و اسباب اس کے ہاتھ آیا۔

خلیفہ مامون کے زمانہ میں محمد بن عباد بن عباد بصرہ کا امیر تھا، ۲۱۳ھ میں مامون نے اس کو معزول کر کے اس محکمہ کو غسان بن عباد کے حوالہ کر دیا، اور اس نے پھر محمد بن عباد بن عباد کو بحر بصرہ کا امیر بنایا، [۴]

مامون کے زمانہ میں بشر بن داؤد مہلبی کی تادیب کے لئے غسان بن عباد سندھ آیا تھا تو اس کے ساتھ محمد بن عباد مہلبی بھی تھا، یہی دونوں بعد میں

---

[۱] تاریخ خلیفہ ج ۲ ص ۱۷۰ [۲] ، ص ۱۷۰ [۳] ، ص ۱۷۱ [۴] ، ص ۱۷۶،

بحر بصرہ کے ذمہ دار اور امیر بنائے گئے اور ۲۱۸ھ میں ابراہیم بن محمد تیمی کو ولایت بحر دی گئی،[1] اس کے بعد یہ عہدہ احمد بن عبید اللہ بن حسن عنبری کے سپرد کیا گیا، اور ۲۲۵ھ میں معزول کیا گیا[2] یہ قاضی بصرہ حسن بن عبید اللہ بن حسن عنبری متوفی ۲۲۳ھ کا بھائی تھا،

گیارہویں جنگ ۲۲۶ھ میں احمد بن عبید اللہ بن حسن عنبری دوبارہ بحر بصرہ کی ولایت پر مامور ہوا، اب کے بار اس نے بحر بصرہ میں ڈاکوؤں سے جنگ کر کے فتح پائی،[3]

بارہویں جنگ ۲۲۳ھ میں احمد بن ریاح بصرہ کے قاضی بنائے گئے تو ان کی طرف سے بحر بصرہ کی امارت ابراہیم بن ہاشم کو دی گئی، ۲۲۸ھ میں اس نے بحر بصرہ میں دشمنوں سے جنگ کر کے فتح پائی،[4]

تیرہویں جنگ ۲۲۹ھ میں ابراہیم بن ہاشم نے احمد بن ریاح قاضی بصرہ کی طرف سے بحر بصرہ میں دشمنوں سے جنگ کی اور فتح پائی،[5]

چودہویں جنگ ۲۳۰ھ میں ابراہیم بن ہاشم نے بحر بصرہ میں جنگی سرگرمی دکھائی، اب کے بار وہ اپنی فوجوں کو لے کر سوراشٹر کے شہروں تک پہونچ گیا، اور بعض دیہاتوں کو جن میں ڈاکوؤں کی آبادیاں تھیں آگ لگادی، اور قیدی بنائے،[6] اس جنگ کی تفصیل گذر چکی ہے، ابراہیم بن ہاشم نے مسلسل تین سال تک سمندری ڈاکوؤں سے جنگ کی، اور تیسری بار ان کے گڑھ سوراشٹر میں داخل ہو کر ان کی جمعیت کو منتشر کیا،

---

[1] تاریخ خلیفہ ج ۲ ص ۷۷۸، [2] ایضاً ص ۷۹۱، [3] ایضاً ص ۷۹۲، [4] ایضاً ص ۷۹۳، [5] ایضاً ص ۷۹۴، [6] ایضاً ص ۷۹۵

اس زمانہ میں ڈاکوؤں کی سرگرمیاں بہت زیادہ اور منظم ہوگئی تھیں،

پندرہویں جنگ

۲۳۱ھ میں پھر بحر بصرہ میں جنگی سرگرمی ہوئی، اس مرتبہ جنابا اور سینین کے درمیان مسلمان فدائیوں اور مطوعون کے جہاز ٹوٹ گئے، جس کی وجہ سے کچھ لوگ تلف ہو گئے،[1] جنابہ (جنابا) بحر بصرہ کے ساحل پر قرامطہ کا شہر تھا، اس کے بالمقابل سمندر میں جزیرہ خارک تھا، جنابہ کے آگے مشرق میں سینین (سنینیز) ایک ساحلی شہر تھا، ان ہی دو ساحلی شہروں کے درمیان یہ حادثہ پیش آیا تھا

۱۴۱ھ سے ۲۳۱ھ تک تقریباً نوے سال کی مدت میں ان پندرہ جنگوں کا تذکرہ خلیفہ بن خیاط نے سنہ وار واقعات میں بالالتزام کیا ہے، اور ۲۳۲ھ پر کتاب ختم ہوگئی جب کہ آٹھ سال کے بعد ۲۴۰ھ میں ان کی وفات ہوئی، اس کے بعد بھی ہندی ڈاکوؤں سے بحر بصرہ میں معرکہ آرائیاں رہیں، مگر ان کی تفصیل معلوم نہیں ہوسکی،

جاٹوں سے لڑائیاں

یہاں کے جاٹ عراق میں ایک مقام پر قبضہ کر کے میدوں کی طرح لوٹ مار کرتے تھے،

اور ان کی سرکوبی خلافت کی طرف سے ہوتی رہتی تھی، ۲۰۵ھ میں مامون نے عیسیٰ بن یزید جلودی کو جاٹوں سے جنگ کے لئے بھیجا، اس کے دوسرے سال ۲۰۶ھ میں مامون نے داؤد بن ماسجور کو بلاد بصرہ، علاقہ، دجلہ، یمامہ اور بحرین کی ولایت دے کر جاٹوں سے جنگ کرنے کا حکم دیا، ۲۱۹ھ میں معتصم نے عجیف بن عنبسہ کو بھاری فوج دے کر ان کے مقابلہ کے لئے

---

[1] تاریخ خلیفہ ۲۷ ص ۷۹

بھیجا اور کئی ماہ کی جنگ کے بعد ستائیس ہزار جاٹ گرفتار کر کے بغداد لائے گئے۔ اور معتصم نے ان کو عین زربہ نامی مقام میں بھیج دیا، اس کے دس گیارہ سال کے بعد ۲۴۱ھ میں رومیوں نے عین زربہ پر یلغار کر کے یہاں کے جاٹوں کو ان کے جانوروں اور عورتوں سمیت لوٹ لیا، حتیٰ کہ ان میں سے کوئی نہ بچ سکا، اس کے بعد جاٹوں کی مصیبت سے نجات مل گئی۔[1]

---

[1] البدایہ والنہایہ ج ۱۰ ص ۲۵۵، و ص ۲۵۹ و ص ۲۸۲ و ص ۳۱۴،

۴

امارات اور ملکی و شہری انتظامات

پہلے عباسی خلیفہ ابو العباس سفاح کی بیعت خلافت ۱۳ ربیع الآخر ۱۳۲ھ میں ہوئی، اس وقت سندھ اور مکران پر منصور بن جمہور کلبی قابض و دخیل تھا، اور دسویں عباسی خلیفہ متوکل کی وفات ۳ شوال ۲۴۷ھ میں ہوئی اس وقت متوکل کے امیر سندھ عمر بن عبد العزیز ہباری نے خود مختاری کا اعلان کر دیا، اس حساب سے ہندوستان پر خلافت عباسیہ کے براہ راست حکومت و اقتدار کی مدت تقریباً ایک سو پندرہ سال چھ ماہ ہوتی ہے، اور ۲۰ رمضان ۱۳۶ھ میں یہاں سے منصور بن جمہور کلبی کا اقتدار و غلبہ ختم ہوا جس کا مطلب یہ ہے کہ ابتدار کے تقریباً چار سال سوا پانچ ماہ تک عملاً عباسی اقتدار نہیں تھا، اور اس حساب سے یہاں عباسی حکومت تقریباً ایک سو دس سال ہی تک رہی، اس مدت میں دس خلفاء ہوئے جن کی طرف سے بیالیس عباسی امراء و حکام ہندوستان آئے، جن میں مستقل امراء ان کے نائب اور ذیلی امراء سب شامل ہیں، بنو امیہ کے زمانہ میں عراق کی عملداری تبت سے لے کر چین (مغربی ترکستان) تک تھی جس میں ہند، سندھ، رے، خراسان، سجستان، طبرستان، دیلم، جبال شامل تھے اور اصفہان گویا عراق کی ناف تھا، اس دور

میں عراق کا حاکم ان تمام مشرقی ممالک کا حاکم ہوتا تھا، اور یہ علاقے سرکاری انتظام کی رو سے عراق کی حکومت میں شمار ہوتے تھے، مگر عباسی دور میں یہ صورت باقی نہیں رہی، اب عراق دار الخلافہ بن گیا اور یہ تمام مشرقی ممالک مستقل ملک قرار دیئے گئے جن میں عباسی خلفاء براہ راست اپنی طرف سے امراء و حکام روانہ کرتے تھے، اور ان کا تعلق عراقی حکام کے بجائے عباسی خلفاء سے ہو گیا، البتہ بعض اوقات ہنگامی حالات میں کسی ملک کو عراقی حکام کی ماتحتی میں دے دیا جاتا تھا اور یہ کام بھی خلفاء ہی کرتے تھے، چنانچہ ہندوستان میں بھی یہی صورت تھی کہ یہاں براہ راست عباسی خلفاء کے نائب حکومت کرتے تھے، اور وہ ان ہی کے سامنے جواب دہ تھے، درمیان میں بصرہ اور کوفہ کے حکام کا واسطہ نہیں تھا

ذیل میں ہم خلافت عباسیہ کے ہندی امراء کی فہرست درج کرتے ہیں جو تاریخ خلیفہ بن خیاط، تاریخ یعقوبی اور فتوح البلدان بلاذری وغیرہ سے ماخوذ ہے،

ابو العباس سفاح کے عہد میں

پہلے عباسی خلیفہ ابو العباس سفاح کی بیعت خلافت کوفہ میں شب جمعہ ۱۳ ربیع الآخر ۱۳۲ھ میں ہوئی اور یکشنبہ ۱۲ ذو الحجہ ۱۳۶ھ میں وفات ہوئی، مدت خلافت چار سال، آٹھ ماہ، ایک دن ہے، اس مدت میں سندھ میں دو امیر آئے،

(۱) مغلس بن سری عبدی، بنو تمیم سے تھا، سجستان سے منصور بن جمہور کے مقابلہ کے لئے فوج لے کر آیا، اور مقابلہ میں وہ اور اس کے آدمی مارے گئے،

(۲) مغلس کے قتل کے بعد ۱۳۴ھ میں موسیٰ بن کعب تمیمی آیا جس نے ۱۳۶ھ میں منصور بن جمہور کو شکست دے کر سندھ کو عباسی قلمرو میں شامل کیا،

ابوجعفر منصور کے عہد میں

ابوجعفر منصور ۲ ذوالحجہ ۱۳۶ھ میں خلیفہ ہوا، اور شنبہ ۶ ذوالحجہ ۱۵۸ھ میں فوت ہوا، مدت خلافت اکیس ۲۱ سال، دس ماہ، بیس دن ہے، اس دور میں یہاں سات امراء آئے،

(۳) ابوجعفر منصور کے ابتدائی ایام میں موسیٰ بن کعب اپنے بیٹے عیینہ بن موسیٰ بن کعب تمیمی کو اپنا جانشین بنا کر عراق چلا آیا، اور یہیں ۱۴۱ھ میں انتقال کر گیا، عیینہ نے ۱۴۲ھ میں سندھ میں اپنی خود مختاری کا اعلان کر دیا،

(۴) ۱۴۳ھ میں عمر بن حفص ہزار مرد مہلبی عیینہ کی تادیب کے لئے بھیجا گیا، اس کے ہمراہ عقبہ بن مسلم بھی تھا، عمر بن حفص ہزار مرد نے سندھ کو عیینہ کے قبضہ سے نکالا،

(۵) ابوجعفر منصور نے عمر بن حفص کو بغداد بلایا، وہ جمیل بن صخر کو اپنا جانشین مقرر کر کے خلیفہ کے پاس چلا گیا،

(۶) اس کے بعد ابوجعفر منصور نے ہشام بن عمرو تغلبی کو یہاں کی امارت دی، جس نے شاندار فتوحات حاصل کیں اور عمر بن جمل کو بحری بیڑہ دے کر جنگی مہمات پر روانہ کیا،

(۷) بعد میں ہشام بن عمرو تغلبی اپنے بھائی بسطام بن عمرو تغلبی کو اپنا نائب بنا کر ابوجعفر منصور کی خدمت میں چلا گیا، (۸) ہشام کا دوسرا بھائی سفیح بن عمرو

تغلبی بھی ملکی اور حربی مہمات میں شریک تھا،
(۹) بسطام بن عمرو تغلبی کے بعد ابو جعفر منصور نے معبد بن خلیل تمیمی کو یہاں کی امارت سپرد کی، بعض کتابوں میں ان کا نام معبد کے بجائے سعید ہے، اس نے کامیاب حکومت کی،
(۱۰) معبد بن خلیل کا انتقال سندھ کے دارالامارت منصورہ میں ہوا، اس نے اپنے لڑکے محمد بن خلیل تمیمی کو اپنی جگہ امیر بنایا، جو ابو جعفر منصور کی وفات تک اس عہدہ پر رہا،

مہدی کے عہد میں

خلیفہ مہدی کا دور خلافت ذوالحجہ ۱۵۸ھ سے محرم ۱۶۹ھ تک ہے، مدت خلافت دس سال ڈیڑھ ماہ ہے، اس دور میں یہاں سات امراء و حکام آئے،
(۱۱) مہدی نے ۱۵۹ھ میں محمد بن معبد بن خلیل کو معزول کر کے روح بن حاتم مہلبی کو روانہ کیا، وہ چند دن یہاں رہا (۱۲) اس دور میں یزید بن حاتم مہلبی اور (۱۳) سلیمان بن قبیصہ مہلبی بھی یہاں کے امیر تھے،
(۱۴) پھر نصر بن محمد بن اشعث خزاعی کو بھیجا گیا، روح اور نصر کے دور میں یہاں کے جاٹوں نے بڑی شورش برپا کر رکھی تھی، اس لئے مہدی نے سندھ کو بصرہ کے امیر محمد بن سلیمان بن علی ہاشمی کی ماتحتی میں دے دیا،
(۱۵) اس کے بعد عبد الملک بن شہاب مسمعی کو یہاں کا امیر بنایا، وہ یہاں بیس دن سے کم ہی رہا،
(۱۶) مہدی نے نصر بن محمد بن اشعث خزاعی کو دوبارہ سندھ کی امارت پر بھیجا،
(۱۷) اس کے بعد زبیر بن عباس ہاشمی یہاں کے لئے نامزد ہو کر بقول ابن جرم والی سندھ ہوا مگر یعقوبی نے لکھا ہے کہ نامزدگی کے بعد وہ یہاں نہ آسکا،

(۱۸) پھر صفیح بن عمرو تغلبی مستقل امیر بن کر آیا، وہ اور اس کے دو بھائی ہشام اور بسطام ابو جعفر منصور کے دور میں یہاں کے امیر رہ چکے تھے، اس کے دورِ امارت میں سندھ کے عربوں میں پہلی بار قبائلی عصبیت کھل کر سامنے آئی اور بڑا فتنہ برپا ہوا،

(۱۹) اس کے بعد مہدی نے اپنے مولی لیث بن طریف خزاعی کو یہاں کا امیر بنا کر بھیجا۔

ہادی کے عہد میں | ہادی کا دور خلافت محرم ۱۶۹ھ سے ربیع الاول ۱۷۰ھ تک ہے، مدت خلافت ایک سال، ایک ماہ، پچیس دن ہے، اس کے دور میں یہاں ایک امیر رہا،

(۲۰) ہادی کی دعوت پر لیث بن طریف اپنے لڑکے محمد بن لیث بن طریف خزاعی کو اپنا جانشین مقرر کر کے بغداد روانہ ہوا، مگر اس کے پہونچنے سے پہلے ہی ہادی کا انتقال ہو گیا،

ہارون رشید کے عہد میں | ہارون رشید کا دور خلافت ربیع الاول ۱۷۰ھ سے ۴ جمادی الاخری ۱۹۳ھ تک ہے، مدت خلافت تیئیس ۲۳ سال، دو ماہ، سولہ دن ہے، اس مدت میں یہاں گیارہ امراء آئے،

(۲۱) ہارون رشید نے محمد بن لیث خزاعی کو معزول کر کے سالم یوفسی کو یہاں کا امیر بنایا،

(۲۲) سالم کا انتقال سندھ میں ہوا، اس نے آخری وقت اپنے بیٹے ابراہیم بن سالم کو اپنی جگہ امیر مقرر کیا تھا جو ایک سال کے بعد معزول کر دیا گیا،

(۲۳) پھر ہارون رشید نے اسحاق بن سلیمان بن علی ہاشمی کو یہاں کی

امارت دی، جس نے نہایت کامیاب حکومت کی،

(۲۴) اس کی معزولی کے بعد طیفور بن عبداللہ بن منصور حمیری کا دور امارت آیا، خلیفہ بن خیاط نے اس کا نام محمد بن طیفور بتایا ہے (۲۵) اس کے دور میں یہاں کے عربوں میں نزاریہ اور یمانیہ کی عصبیت پھوٹ پڑی تو اس نے جابر بن اشعث طائی ایک افسر کو دریائے سندھ کے مغربی علاقے اور مکران پر مقرر کیا،

(۲۶) اس کے بعد سعید بن مسلم بن قتیبہ باہلی کو سندھ کی امارت ملی، جس نے اپنے بھائی کثیر بن مسلم بن قتیبہ باہلی کو یہاں روانہ کیا، اس دور میں یہاں ابتری زیادہ پیدا ہو گئی اس لئے ہارون رشید نے سندھ کو بصرہ کے امیر عیسیٰ بن جعفر بن منصور کے حوالہ کر دیا،

(۲۷) عیسیٰ بن جعفر نے محمد بن عدی ثعلبی کو یہاں بھیجا، یہ سابق امیر سندھ ہشام بن عمرو تغلبی کا بھانجا تھا، اس کے دور امارت میں یہاں کے عربوں کی قبائلی عصبیت اور زور پکڑ گئی، اور محمد بن عدی اس کے فرو کرنے میں ناکام رہا،

(۲۸) ہارون رشید نے اس کی جگہ عبدالرحمن بن سلیمان بن علی ہاشمی کو امیر بنایا،

(۲۹) عبدالرحمن بن سلیمان ہاشمی عبداللہ بن علار حنبی کو اپنا جانشین بنا کر یہاں سے چلا گیا۔

(۳۰) پھر ہارون رشید نے ایوب بن جعفر بن سلیمان بن علی کو یہاں کی امارت دی جس نے مقدمۃ الجیش کے طور پر سلیمان بن سعید بن ..... زید کو یہاں بھیجا، اور خود یہاں سے آنے سے پہلے ہی انتقال کر گیا

(۳۱) ۱۸۴ھ میں ہارون رشید نے داؤد بن یزید بن حاتم مہلبی کو امارت دی،

(۳۲) اس نے اپنے بھائی مغیرہ بن یزید بن حاتم مہلبی کو یہاں روانہ کیا اسکے دور امارت میں یہاں نزاریوں کی طاقت بہت بڑھ گئی اور انھوں نے منصوبہ بنایا کہ سندھ کو آپس میں تقسیم کر لیں انیوں نے کو یہاں سے نکال دیں مغیرہ بن یزید اس شورش کے فرو کرنے میں ناکام رہا تو خود داؤد بن یزید نے یہاں آکر طاقت کے ذریعے حالات درست کیے۔

امین کے عہد میں | خلیفہ امین بن ہارون رشید کا دور جمادی الاول ۱۹۳ھ سے ۱۵ محرم ۱۹۸ھ تک ہے۔ مدت خلافت چار سال، سات ماہ، دس دن ہے، یہ پورا دور اس کے بھائی مامون سے چھیڑ چھاڑ میں گذرا، اور سندھ میں ایک امیر رہا،

(۳۳) امین کے دور خلافت میں سندھ کا امیر داؤد بن یزید مہلبی تھا وہ ۱۹۵ھ میں سندھ میں فوت ہوا، اور اپنے بیٹے بشر بن داؤد مہلبی کو اپنا جانشین بنایا، جیسا کہ یعقوبی نے لکھا ہے، مگر ابن کثیر اور ابن اثیر کی تصریح کے مطابق داؤد بن یزید بعہد مامون ۲۰۵ھ میں یہاں فوت ہوا اور اس کا بیٹا بشر بن داؤد امیر بنا،

مامون کے عہد میں | مامون کی خلافت محرم ۱۹۸ھ سے رجب تک ہے، مدت خلافت بیس سال، پانچ ماہ، اٹھارہ دن ہے، اس دور میں ہندوستان میں پانچ امراء آئے،

(۳۴) بشر بن داؤد مہلبی کو مامون نے اس شرط کے ساتھ بحال رکھا کہ وہ سالانہ دس لاکھ درہم سندھ سے روانہ کرتا رہے مگر کچھ دنوں کے بعد اس نے یہ رقم بند کر کے اپنی حکومت قائم کر لی، جب مامون کو یہ معلوم ہوا تو اس نے

بن صالح کو بشر بن داؤد کو زیر کرنے کے لئے بھیجا، چونکہ مقابلہ سخت تھا اس لئے حاجب بن صالح نے مامون کو صورت حال سے آگاہ کیا —

(۳۵) اس کے زمانہ میں ابراہیم بن عبد اللہ مہلبی بھی سندھ و مکران کا امیر تھا،

(۳۶) مامون نے غسان بن عباد کو بشر بن داؤد کے مقابلہ کے لئے بھیجا،

(۳۷) اسی کے ساتھ موسیٰ بن یحییٰ بن خالد برمکی کو امیر بلد بنایا، ۔۔۔۔۔۔

(۳۸) اسی کے ساتھ ایک اور امیر محمد بن عباد مہلبی کو سندھ روانہ کیا، موسیٰ بن یحییٰ برمکی یہیں فوت ہوا،

(۳۹) اس کی جگہ اس کا بیٹا عمران بن موسیٰ بن یحییٰ برمکی امیر بنا،

معتصم کے عہد میں خلیفہ معتصم باللہ کا دور خلافت رجب ۲۱۸ھ سے ربیع الاول ۲۲۷ھ تک ہے، اور مدت خلافت آٹھ سال، آٹھ ماہ ہے اس وقت عمران بن موسیٰ برمکی سندھ میں امارت کی خدمت بحسن وخوبی انجام دے رہا تھا، معتصم نے بھی اپنی طرف سے اس کو امارت کا پروانہ دیا، اور ۲۲۲ھ میں عمران بن موسیٰ کو عمر بن عبد العزیز بن منذر ہباری نے عربوں کی عصبیت کے جھگڑے میں قتل کر دیا،

واثق کے عہد میں واثق ۱۸ ربیع الاول ۲۲۷ھ میں خلیفہ ہوا اور ذوالحجہ ۲۳۲ھ میں اس کی وفات ہوئی، مدت خلافت پانچ سال، نو ماہ، تیرہ دن ہے،

(۴۰) اس زمانہ میں سندھ میں عربوں کی قبائلی عصبیت کی وجہ سے بڑی شورش برپا تھی، اسی دوران میں خلیفہ واثق نے ایتاخ ترکی کو سندھ اور نواحی دجلہ کی ولایت دی، اس نے عنبسہ بن اسحاق ضبی کو امیر بنا کر بھیجا، اس نے یہاں نو سال تک رہ کر شورش پر قابو پایا، یہ یعقوبی کا بیان ہے، اور بلاذری

کا بیان ہے کہ عنبسہ بن اسحاق ضبی خلیفہ معتصم ہی کے زمانہ میں سندھ کا عامل بنایا گیا تھا، ہو سکتا ہے کہ معتصم کے زمانہ میں عمران بن موسیٰ امیر حرب اور عنبسہ بن اسحاق امیر بلد رہا ہو،

متوکل کے عہد میں خلیفہ متوکل کا دور خلافت ذوالحجہ ۲۳۲ھ سے ۳ر شوال ۲۴۷ھ تک ہے، مدت خلافت چودہ سال، نو ماہ نو دن ہے، جمادی الاولیٰ ۲۳۵ھ میں ایتاخ ترکی قتل کیا گیا، جب اس کی خبر عنبسہ بن اسحاق ضبی کو سندھ میں ملی تو وہ عراق واپس چلا گیا،

(۴۱) متوکل نے ہارون بن خالد مروزی کو یہاں کی امارت پر روانہ کیا، اور پانچ سال کے بعد ۲۴۰ھ میں اس کا انتقال ہو گیا،

(۴۲) اس کے انتقال پر عمر بن عبد العزیز بن منذر ہباری نے متوکل سے خط و کتابت کر کے سندھ کی حکومت کا پروانہ حاصل کیا، اور ۲۴۷ھ تک خلافت عباسیہ کے امیر کی حیثیت سے یہاں امیر رہا، متوکل کے قتل ہوتے ہی اپنی خود مختاری کا اعلان کر دیا، البتہ خطبہ عباسی خلفاء کے نام کا پڑھتا رہا، اور یہاں کے باقی علاقے جو اس کی حکومت میں داخل نہیں تھے ان میں عباسی خلفاء کے ماتحت حکمرانوں کی حکومت تھی، جو برائے نام خلافت کے ماتحت تھے، خلفاء ان کو اپنا مقبوضہ سمجھتے تھے، حالانکہ براہ راست یہاں ان کا اقتدار نہیں تھا،

منتصر کے عہد میں خلیفہ منتصر باللہ اپنے والد متوکل کے قتل کے بعد ۲۴۷ھ سے ۲۴۸ھ تک صرف چھ ماہ حکومت کر سکا،

مستعین کے عہد میں خلیفہ مستعین باللہ نے ۲۴۸ھ سے ۲۵۱ھ تک

حکومت سنبھالی، اس کے بعد اپنے بھائی معتز کے حق میں دست بردار ہو کر ۲۵۲ھ میں انتقال کیا، مدت خلافت تین سال، آٹھ یا نو ماہ ہے،

معتز کے عہد میں

معتز باللہ ۲۵۱ھ میں خلیفہ ہوا دوسرے سال ۲۵۲ھ میں تجدید بیعت ہوئی، اور رجب ۲۵۵ھ میں مخلوع ہو کر قتل ہوا، مدت خلافت چار سال، چھ ماہ ہے،

مہتدی کے عہد میں

مہتدی باللہ ۲۵۵ھ میں خلیفہ ہوا، اور رجب ۲۵۶ھ میں قتل کر دیا گیا، مدت خلافت گیارہ ماہ ہے،

ان چاروں خلفاء کے زمانہ میں نو دس سال تک سندھ میں عمر بن عبد العزیز دبارمی اور اس کی اولاد کے علاوہ کسی امیر و حاکم کا پتہ نہیں چلتا غالباً ہندوستان کے بقیہ مقبوضات میں طوائف الملوکی رہی،

معتمد کے عہد میں

احمد معتمد علی اللہ رجب ۲۵۶ھ میں خلیفہ ہوا اور رجب ۲۷۹ھ میں فوت ہوا، مدت خلافت تئیس ۲۳ سال ہے،

معتمد نے خلیفہ ہوتے ہی ۲۵۶ھ میں یعقوب بن لیث الصفار کو بلخ، طخارستان اور اس سے متصل کرمان، سجستان اور سندھ کی ولایت دی، یعنی سندھ کے شمالی مغربی علاقے جن پر بھاریوں کا قبضہ نہیں تھا یعقوب بن لیث صفار کی ماتحتی میں کر دیے گئے، پھر شوال ۲۶۱ھ میں معتمد نے اپنے بیٹے جعفر کو المفوض الی اللہ کا خطاب دے کر اور ولی عہد بنا کر افریقہ، مصر، شام، جزیرہ، موصل، ارمینیہ، خراسان وغیرہ کا والی مقرر کیا۔ اور اپنے بھائی ابو احمد کو الموفق باللہ کا خطاب دے کر بغداد، سوادِ عراق، کوفہ،

یمن، اہواز، فارس، اصفہان، دینور، رے کے ساتھ سندھ کی حکومت دی، ۲۶۵ھ میں ابو احمد موفق نے عمرو بن لیث صفار کو خراسان، فارس، اصفہان، سجستان، کرمان اور سندھ کی ولایت و امارت دے کر خلعت و انعام اور تحفہ تحائف کے ساتھ روانہ کیا،

معتضد کے عہد میں معتضد باللہ کی خلافت رجب ۲۷۹ھ سے ربیع الآخر ۲۸۹ھ تک ہے، مدت خلافت نو سال، نو ماہ، دو دن ہے، اس مدت میں سندھ پر صفاریوں اور مفاریوں کی حکومت تھی، اسی کے ساتھ خلیفہ معتضد کے ابتدائی دور میں (۲۷۹ھ اور ۲۸۶ھ کے درمیان عمان کے بنو سامہ کے ایک سردار محمد بن قاسم بن منبہ سامی نے ملتان میں اپنے آدمیوں کی مدد سے خود مختار حکومت قائم کی، اور صفاریوں کی طرح اس حکومت کے حکمرانوں نے بھی عباسی خلفاء کے نام کا خطبہ پڑھا اور مرکز خلافت سے تعلق قائم رکھا،

مختلف قبائل کے امرائے سندھ عباسی دور کے امرائے سندھ کی نسبتوں ہی سے معلوم ہو جاتا ہے کہ وہ کس قبیلہ اور خاندان سے تھے، عباسی خلفاء نے دیگر ممالک اسلامیہ کی طرح سندھ و مکران میں بھی مختلف قبائل کو امارت و حکومت دی، اور جس قبیلہ کے کسی فرد میں قابلیت و صلاحیت نظر آئی اسے حکومت کی مسند پر بٹھایا حتیٰ کہ موالی اور غلاموں کو عہدہ دیا، یہ عباسیوں کے نظام حکومت کا تقاضا تھا، یہ مقصد بھی تھا کہ کسی ایک قبیلہ اور خاندان کو قبائلی عصبیت یا اقتدار کا موقع نہ ملے ہر امیر نائب الخلیفہ ہوتا تھا اور اسی حیثیت کے مطابق کام کرتا تھا، یہاں کے مستقل اور ذیلی بیالیس ۴۲ امراء میں چھ ہاشمی

اور عباسی اور تین ان کے موالی اور غلام ہیں، باقی مختلف قبائل سے ہیں،

ہاشمی اور عباسی عباسی خلافت خاندانی تھی مگر اس کا نظام خاندانی نہیں تھا، اس خاندان کے چھ امرائے سندھ ہیں،

(۱) عیسیٰ بن خلیفہ ابو جعفر منصور، یہ بصرہ، فارس، اہواز، یمامہ اور سندھ کے حاکم رہ چکے ہیں،

(۲) زبیر بن عباس بن عبداللہ بن حارث بن عباس بن عبدالمطلب،

(۳) اسحاق بن سلیمان بن علی بن عبداللہ بن عباس، یہ سندھ اور مصر کے حاکم تھے، (۴) عبدالرحمن بن سلیمان بن علی بن عبداللہ بن عباس،

(۵) ایوب بن جعفر بن سلیمان بن علی بن عبداللہ بن عباس، (۶) محمد بن سلیمان بن علی بن عبداللہ بن عباس،

موالی عباسی خاندان کے تین موالی اور غلام بھی ہندوستان کے امیر و حاکم رہ چکے ہیں (۱) طیفور بن عبداللہ حمیری خلیفہ مہدی کا مولیٰ تھا، (۲) لیث بن طریف بھی مہدی کا مولیٰ تھا، اور سندھ کے علاوہ حلوان امیر ماہ کی امارت پر رہ چکا تھا، (۳) سالم بن ابو سالم یونسی، اسمٰعیل بن علی بن عبداللہ بن عباس کا مولیٰ تھا،

مہلبی عباسی دور میں آل مہلب کو بڑا عروج ہوا، اور انھوں نے امارات و فتوحات میں شاندار خدمات انجام دی ہیں، ان مہالبہ میں سے بعض خلافت عباسیہ کے رجالِ دولت میں شمار ہوتے تھے، دیگر ممالک اسلامیہ کی طرح ہندوستان میں بھی اس خاندان کے بہت سے امرار و حکام آئے اور یہاں ان کی اچھی خاصی آبادی ہوگئی، ہندوستان کے مہلبی امراء یہ ہیں (۱) عمر بن حفص بن عثمان بن قبیصہ بن مہلب بن ابو صفرہ

المعروف بہ ہزار مرد (۲) جمیل بن صخر (۳) روح بن حاتم بن قبیصہ (۴) یزید بن حاتم بن قبیصہ (۵) داؤد بن یزید بن حاتم (۶) مغیرہ بن یزید بن حاتم (۷) بشر بن داؤد بن یزید بن حاتم (۸) محمد بن عباد مہلبی (۹) ابراہیم بن عبداللہ بن یزید بن حاتم (۱۰) سلیمان بن قبیصہ بن یزید بن مہلب، آل مہلب حکومت وامارت میں بہت مشہور تھے، روح بن حاتم کے متعلق ابن عساکر نے لکھا ہے کہ:

کان من وجوہ دولۃ المنصور والامراء عندہ [1]

یہ کوفہ، بصرہ، سندھ اور افریقہ کی امارت وحکومت پر رہ چکا تھا، عمر بن حفص اور یزید بن حاتم سندھ اور افریقہ کے حاکم تھے، داؤد بن یزید اور اس کا بیٹا مغیرہ بن یزید دونوں سندھ وافریقہ میں امارت پر تھے، محمد بن عباد مہلبی کے بارے میں ہے کہ:

کان سید اھل البصرۃ فی زمانہ [2]

ابراہیم بن عبداللہ بن یزید تقریباً بیس سال تک سندھ، مکران اور کرمان کا حاکم وامیر رہا۔

برمکی عباسی دور میں برامکہ کا عروج وزوال بہت مشہور واقعہ ہے، خلیفہ مامون کے زمانہ میں انھوں نے ہندوستان میں امارت وحکومت کرکے شاندار خدمات انجام دیں، سب سے پہلے یحییٰ بن خالد برمکی اور اس کے خاندان والوں نے ہندی علوم وفنون کو عربی زبان میں منتقل کرنے کا اہتمام کیا، اور اس کے لڑکے موسیٰ بن یحییٰ بن خالد برمکی اور پوتے عمران بن موسیٰ برمکی نے سندھ میں کامیاب حکومت کی، خلیفہ مامون نے موسیٰ

[1] مختصر تاریخ ابن عساکر ج ۵ ص ۳۳۶ [2] تاریخ یعقوبی ج ۲ ص ۵۵۷

بن یحیٰ کی شجاعت اور بہادری دیکھ کر اس کو سندھ کی حکومت دی تھی، اس بارے میں برامکہ میں کوئی شخص اس کا ہمسر نہیں تھا،

دیگر قبائل چونکہ عباسی دور میں یمانیہ یعنی یمن کے قحطانی اور نزاریہ یعنی حجاز کے عدنانی قبائل جگہ جگہ فتنہ وفساد برپا کرتے تھے، اس لئے عباسی خلفاء ہر قبیلہ اور ہر جگہ کے قابل افراد کو حکومت وامارت میں لیتے تھے، چنانچہ ہندوستان میں بھی انھوں نے امراء وحکام کے انتخاب میں اس کا خیال رکھا، اور یہاں عبدی، تمیمی، مزنی، خزاعی، ضبی، طائی، باہلی، ثعلبی، ثعلبی سمعی، ھباری امراء مقرر کئے،

بنو تمیم مغلس بن سری عبدی تمیمی، موسیٰ بن کعب تمیمی مروزی، عیینہ بن موسیٰ بن کعب تمیمی، معبد بن خلیل تمیمی مزنی، محمد بن معبد خلیل تمیمی مزنی،

بنو تغلب ہشام بن عمرو تغلبی، بسطام بن عمرو تغلبی، سفح بن عمرو تغلبی،

بنو باہلہ سعید بن مسلم بن قتیبہ باہلی، کثیر بن مسلم بن قتیبہ باہلی،

بنو ضبہ عبداللہ بن علاء ضبی، عنبسہ بن اسحاق ضبی،

بنو طے جابر بن اشعث طائی

بنو ثعلبہ محمد بن عدی ثعلبی،

بنو خزاعہ نصر بن محمد بن اشعث خزاعی، لیث بن طریف خزاعی، محمد بن لیث بن طریف خزاعی

بنو سمع عبدالملک بن شہاب سمعی،

بنو ھبار عمر بن عبدالعزیز بن منذر ھباری

نیز ان امراء وحکام کی معیت میں مختلف قبائل کی فوجیں اور جماعتیں رہا کرتی تھیں، اور غزوات میں ان ہی میں سے فوجی افسر مقرر کئے جاتے تھے، بعض اوقات امراء ان کو اپنا نائب بنا دیا کرتے تھے، یا کسی انتظامی شعبہ کا

سربراہ بنا دیتے تھے،

صفاری ہندوستان کے عباسی امرار و حکام میں خراسان کے دو صفاری امیر بھی ہیں جنھوں نے آخر دور میں ان علاقوں پر حکومت کی جو سجستان اور خراسان سے متصل تھے، یعنی یعقوب بن لیث صفار اور اس کے بھائی عمرو بن لیث صفاری،

متغلب امرار ان کے علاوہ متعدد سردار ان قبائل نے مختلف اوقات میں سندھ، مکران، پنجاب وغیرہ میں بعض علاقے دبا کر اپنی حکومت کا اعلان کیا اور کچھ دنوں ان کی حکومت، قائم رہی، حتی کہ آخر میں ایسے ہی افراد نے یہاں پر اپنی مستقل اور خود مختار حکومت قائم کر لی، اور نتیجہ کے طور پر سندان میں دولت ہاہانیہ، منصورہ میں دولت ھباریہ، ملتان میں دولت سامیہ، مکران میں دولت معدانیہ اور طوران میں دولت متغلبہ کا قیام ہوا، اور ہندوستان میں عملاً عباسی خلافت کی حکومت باقی نہیں رہی،

منصور بن جمہور کلبی اور منظور بن جمہور کلبی عباسی دور کے غیر سرکاری اور متغلب امرار میں منصور بن جمہور کلبی اور اس کے بھائی منظور بن جمہور کلبی کے نام ہیں، ان دونوں بھائیوں نے اموی دور کے آخر میں ۱۳۰ھ میں سندھ و مکران پر قبضہ کر کے اپنی حکومت قائم کی، ان کے ساتھ رفاعہ بن ثابت فلسطینی ایک اور امیر تھا، اس کا خاتمہ موسی بن کعب تمیمی نے ۲۸ رمضان ۱۳۶ھ میں کیا، بالفاظ دیگر عباسی خلافت کے ابتدائی چار سالوں میں یہاں ان دونوں بھائیوں کی حکومت رہی،

قندابیل کے متغلب عرب ابو جعفر منصور ہی کے دور میں قندابیل پر

عربوں کی ایک جماعت نے قبضہ کر لیا تھا اور وہ علاقہ گویا ان کی حکومت میں تھا، ۱۵۱ھ کے حدود میں ہشام بن عمرو تغلبی نے قندابیل کو ان سے آزاد کیا، بلاذری نے لکھا ہے:

وکان بقندابیل متغلبة من العرب فاجلاھم عنھا [1]	قندابیل میں متغلب عرب تھے جن کو ہشام بن عمرو نے وہاں سے نکال باہر کیا،

اس بیان سے معلوم ہوتا ہے کہ قندابیل کے علاقہ میں کئی عرب سرداروں نے اپنی اپنی حکومت کھڑی کر لی تھی،

ملتان کے متغلب عرب ہارون رشید کے زمانہ میں عربوں کی ایک بڑی جماعت نے ملتان پر قبضہ کر کے وہاں زبردست فوجی طاقت جمع کر لی تھی اور عباسی امیر محمد بن عدی ثعلبی ان کی سرکوبی کے لئے ملتان گیا تو انھوں نے اس کو شکست فاش دے کر بھاگنے پر مجبور کر دیا، یعقوبی کا بیان ہے:

وخرج من المنصورة یرید الملتان، فلقیه اھلھا فقاتلوه فھزموه وغنبوا مامعه من السلاح وفرّ منھزمًا لا یلوی علی شیء حتی صار الی المنصورة [2]	محمد بن عدی ملتان پر چڑھائی کے ارادہ سے منصورہ سے نکلا تو ملتان والوں نے جنگ کر کے اسے شکست دے دی، اور اس کے پاس جو سامان جنگ تھا، لوٹ لیا اور وہ شکست خوردہ ہو کر سیدھا منصورہ کی طرف بھاگا،

[1] فتوح البلدان ص ۴۳۱، [2] تاریخ یعقوبی ج ۲ ص ۴۹۴۔

یعقوبی کے انداز بیان سے معلوم ہوتا ہے کہ ان عربوں نے پنجاب کے مرکزی مقام ملتان پر قبضہ کرکے کس قدر طاقتور حکومت قائم کرلی تھی غالباً یہ حجاز کے نزاری عرب تھے،

منصورہ کے متغلب عرب

اسی زمانہ میں نزاریوں نے یہاں بڑا طوفان برپا کر رکھا تھا اور پورے سندھ کو چار حصوں میں تقسیم کرکے ہر ایک حصہ میں قبیلہ قریش، قبیلہ قیس اور قبیلہ ربیعہ کی حکومت کا منصوبہ بنایا تھا اور منصورہ پر پورے طور سے قبضہ کرلیا تھا، حتی کہ عباسی امیر مغیرہ بن داؤد مہلبی کو شہر میں داخل نہیں ہونے دیا اور سخت جنگ کرکے اس کو قتل کر ڈالا، یعقوبی نے لکھا ہے:

ولما قدم المغیرۃ اغلق	مغیرہ کے آنے پر منصورہ والوں نے
اھل المنصورۃ الابواب	شہر کے دروازے بند کردیے اور
ومنعوہ الدخول الا الخ [1]	اس کو داخل نہیں ہونے دیا،

اس کے بعد ۱۸۴ھ میں داؤد بن یزید مہلبی نے آکر بروز شمشیر ان کا غلبہ ختم کیا،

محمد بن خلیل حاکم قندابیل

معتصم کے دور خلافت میں قندابیل پر عربوں کی ایک جماعت نے اپنے سردار محمد بن خلیل کی سرکردگی میں دوبارہ اپنی حکومت قائم کی، جسے ۲۲۱ھ کے بعد عمران بن موسیٰ برمکی نے ختم کیا، بلاذری نے لکھا ہے:

ثم اتی المنصورۃ وصار منھا	عمران بن موسیٰ منصورہ آیا پھر وہاں سے
الی قندابیل، وھی مدینۃ	قندابیل گیا جو ایک پہاڑی شہر تھا،

[1] تاریخ یعقوبی ج ۲ ص ۴۹۴۔

علی خیل، و فیها متغلب	اس میں محمد بن خلیل نامی ایک متغلب
یقال له محمد بن الخلیل	تھا جس سے جنگ کر کے قفدا بیل
فقاتله وفتحها وحمل	کو فتح کیا اور وہاں کے روسائے
رؤوساءها الی قصدار[1]	عرب کو قصدار پہونچایا،

اس بیان سے محمد بن خلیل کی فوجی طاقت کا اندازہ ہوتا ہے اور یہ کہ اس کے ساتھ عرب سرداروں کی ایک جماعت شریک تھی،

ابوصمہ مولیٰ کندہ

ہارون رشید کے زمانہ میں داؤد بن یزید مہلبی کے ساتھ قبیلہ کندہ کا ایک غلام ابوصمہ نامی آیا، بڑا باحوصلہ اور جری آدمی تھا، اس نے حدود ۲۵۵ھ میں کسی علاقہ پر قبضہ کر کے اپنی حکومت قائم کر لی تھی، بلاذری نے لکھا ہے:

وکان معه ابوالصمة	داؤد بن یزید کے ساتھ قبیلہ کندہ
المتغلب الیوم، وهو	کا غلام ابوالصمہ آیا جو آج کل متغلب
مولی لکندة۔ [2]	ہے،

ابوصمہ نے اس کے بعد ایک مرتبہ صباری حکومت پر حملہ کیا تھا مگر ناکام رہا،

عثمان اور دوسرے متغلب عرب

واثق کے زمانہ میں یہاں کے کئی علاقوں پر متعدد عرب شیوخ و سردار اپنا قبضہ جمائے ہوئے تھے، جن میں عثمان نامی ایک شخص تھا، دوسروں کے نام معلوم نہیں، عنبسہ بن اسحاق ضبی آیا تو اس کے پاس یہ سب اطاعت گذار بن کر حاضر ہوئے، البتہ عثمان نہیں آیا، یعقوبی

---

[1] فتوح البلدان ص ۴۳۳ [2] ایضاً ص

نے لکھا ہے:

فقدم البلد، وقد تغلب علیه عدة ملوك فلما قدم عنبسة سمعوا واطاعوا وخرجوا الیه جمیعًا خلا عثمان فسار الیه عنبسة [1]

عنبسہ بن اسحاق جس وقت سندھ میں آیا کئی حکمرانوں کا غلبہ واستیلار تھا، اس کی آمد پر سب نے سمع وطاعت کا مظاہرہ کیا اور اس کے استقبال کو نکلے مگر عثمان نامی ایک متغلب اڑا رہا، عنبسہ نے اس پر چڑھائی کی،

یہ چند ملوک عرب یہاں کے مختلف علاقوں پر قابض تھے، یہ لوگ بھی عباسی دور میں یہاں کے متغلب امرار ہیں، اور انھوں نے اپنے اپنے مقبوضہ میں حکومت کی ہے۔

سندان کے امرار

ہندوستان کے عرب متغلبین میں دولت ماہانیہ سندان کے تین امرار بھی ہیں جنھوں نے یہاں کے اسلامی مقبوضہ سے دور گجرات میں اپنی حکومت قائم کرکے مامون ومعتصم وغیرہ سے مراسم وتعلقات پیدا کئے اور ان کے نام کا خطبہ پڑھا، ایسے تین حکمران گذرے ہیں، فضل بن ماہان مولی بنی سامہ، محمد بن فضل بن ماہان، اور ماہان بن فضل بن ماہان،

جو عباسی امراء یہاں مرے، یا قتل ہوئے،

یہاں کے کئی امرار نے طبعی موت پائی اور بعض قتل ہوئے، اور یہیں دفن کئے گئے، مرنے والوں میں معبد بن خلیل تمیمی، نصر بن محمد بن اشعث خزائی، داؤد بن یزید مہلبی

[1] تاریخ یعقوبی ج ۳ ص ۲۱۲ (نجف)

(حسب روایت ابن کثیر اور ابن اثیر) موسیٰ بن یحییٰ برمکی، ہارون بن ابو خالد مروزی ہیں، اور قتل ہونے والوں میں مغلس بن سری عبدی، یمینہ بن موسیٰ بن کعب تمیمی، مغیرہ بن یزید مہلبی، عمران بن موسیٰ برمکی ہیں، اور ایوب بن جعفر بن سلیمان ہاشمی ولایت سندھ پر نامزد ہوا، مگر یہاں آنے سے پہلے ہی عراق میں انتقال کر گیا،

مشاہیرِ حکومت وسیاست

ہندوستان کے یہ امراء اپنے زمانہ کے نامی گرامی فاتح، کامیاب حکمران اور تجربہ کار اہل سیاست تھے، مختلف ممالک میں امارت وحکومت کی خدمت انجام دیتے تھے اور عباسی خلافت کے منتخب افراد ورجال مانے جاتے تھے، مغلس بن سری عبدی سندھ سے پہلے طخارستان کا ناظم الامور تھا، موسیٰ بن کعب تمیمی عباسی خلافت کا داعی ونقیب اور خلیفہ ابوالعباس کے حفاظتی دستہ کا افسر اعلیٰ تھا، سندھ سے پہلے ۱۳۲ھ میں مصر کا... حاکم رہ چکا تھا، عمر بن حفص ہزار مرد اپنی بہادری کی وجہ سے ہزار مرد کے لقب سے یاد کیا جاتا تھا، ابوجعفر منصور کے مخصوص ارکان دولت میں تھا، سندھ سے پہلے بصرہ اور کوفہ کا امیر تھا اس کے بعد افریقہ کی امارت پر بھیجا گیا، جہاں ۱۵۳ھ میں خوارج کے ہاتھوں قتل ہوا، اس کا اخیافی بھائی جمیل بن صخر بھی سندھ کے بعد اس کے ساتھ افریقہ گیا اور اس کے انتقال کے بعد وہاں کی حکومت سنبھال کر خوارج سے جنگ کی، معبد بن خلیل سندھ سے پہلے خراسان کا حاکم تھا، عیسیٰ بن ابوجعفر منصور بصرہ، فارس، اہواز، یمامہ، اور سندھ میں کامیاب حکمران تھا، روح بن حاتم نے پانچ عباسی خلفاء ابوالعباس سفاح، ابوجعفر منصور، مہدی، ہادی، اور ہارون رشید کا زمانہ پایا اور ہر خلیفہ کے دور میں

کوفہ، بصرہ، سندھ، افریقہ وغیرہ کی حکومت سنبھالی، اس کا بھائی یزید بن حاتم سندھ اور افریقہ میں امیر تھا، سعید بن مسلم باہلی سندھ سے پہلے خراسان اور مرو کا حاکم تھا، اس کا بھائی کثیر بن مسلم باہلی سندھ اور سجستان میں والی تھا، اسحاق بن سلیمان بن علی ہاشمی نے سندھ اور مصر میں امارت و حکومت کی تھی، داؤد بن یزید بن حاتم بھی سندھ کے بعد افریقہ کا حاکم بنایا گیا تھا، عثمان بن عباد جزیرہ قنسرین، عواصم، خراسان اور سندھ میں امیر تھا، یہ وہ افراد و رجال تھے جو عباسی دورِ خلافت میں اپنی حاکمانہ بصیرت، فاتحانہ خدمت اور مدبرانہ سیاست میں ضرب المثل تھے، اور ان کے کارناموں کی داستانیں سنی سنائی جاتی تھیں،

ارباب علم و فن کی قدر دانی سندھ کے عباسی امراء اپنے خلفاء کی طرح علم دوست، علماء نواز اور معارف پرور تھے، اہل علم و فن، علماء شعراء، ادباء، اطباء اور اعیان و اشراف کو اپنے دربار میں دعوت دے کر اکرام و انعام سے نوازتے تھے، ان کی خدمت میں یہاں سے ہدایا و تحائف روانہ کرتے تھے، اور ان کی مالی مدد میں بڑے فراخ دل تھے، یوں بھی جود و سخا عربوں کا امتیازی وصف ہے، ان میں کئی امراء خود صاحب علم و فن تھے، اور انھوں نے ہندوستانی علوم و فنون کی سرپرستی اور قدر دانی کی،

سعید بن مسلم باہلی اپنے علم و فضل میں علمائے عظام اور محدثین کبار کی صف میں تھا، مگر اس نے گلستانِ علم و فضل کے بجائے ایوانِ حکومت و امارت کو زینت دی، اس کے بارے میں علامہ سمعانی نے لکھا ہے:

وکان عالمًا بالحدیث والعربیة	وہ حدیث اور عربی ادب کا عالم تھا،
الا انه کان لا یبذل نفسه للناس لیقرؤا	مگر لوگوں کو علمی استفادہ کا موقع نہیں
علیه، روی عن محمد بن زیاد ابن الاعرابی	دیتا تھا، اس نے ابن الاعرابی اور

وعلی بن خشرم۔ [1] علی بن خشرم سے روایت کی تھی،

اس کا ایک قول ابن قتیبہ نے نقل کیا ہے:

اذا لم تکن المحدث والمحدث فاھض۔ [2] اگر تم حدیث بیان کرنے والے یا سننے والے نہیں ہو تو مجلس سے اٹھ جاؤ،

اس قول سے اندازہ ہوتا ہے کہ سعید بن مسلم کی مجلس علمی اور دینی رجال و اشخاص سے معمور رہتی تھی، اور اس کا درباری ماحول علمی ہوتا تھا، سلیمان بن قبیصہ مہلبی اہل علم وفن کا بڑا قدردان تھا، اس نے امارت سندھ کے زمانہ میں امام نحو و عروض خلیل بن احمد فراہیدی (متوفی ۱۷۰ھ یا ۱۷۵ھ) کو سندھ آنے کی دعوت دی، جب وہ نہیں آیا تو یہاں سے گران قدر تحفہ و ہدیہ بھیجا مگر خلیل نے اسے بھی ٹھکرا دیا، اور اس کے جواب میں چند اشعار کہے جن میں سلیمان بن قبیصہ کی ہجو کر کے اپنی بے نیازی ظاہر کی حالانکہ دونوں ازدی تھے، اور آگے چل کر دونوں کا سلسلۂ نسب قبیلۂ ازد سے ملتا تھا، [3]

ہشام بن عمرو تغلبی شعراء و ادباء کا بڑا قدردان تھا اور ان کو نوازتا تھا، اس کی سخاوت و سماحت کا شہرہ دور دور تک تھا، چنانچہ مشہور شاعر مطیع بن ایاس کنانی بغداد سے اس کے دربار میں خاص طور سے حاضر ہوا، اور انعام و اکرام کا مستحق بنا، جب واپس ہونے لگا اور ہشام بن عمرو کی بچی نے اس کی جدائی میں رونا شروع کیا تو چند دل دوز اشعار کہے اور ہندوستان میں دوبارہ آنے کا ارادہ ظاہر کیا، [4] روح بن حاتم کے بارے میں ابن خلکان نے لکھا ہے: کان من الکرماء والاجواد۔

یزید بن حاتم مہلبی کے دربار سے بھی شعراء وابستہ تھے اور اس کی داد و دہش

---

[1] کتاب الانساب ج ۱ ص ۷۱۰۲، [2] عیون الاخبار ج ۱ ص ۳۰۷ [3] طبقات الشعراء لابن معتز ص ۹۹،
[4] الاغانی ج ۱۳ ص ۲۷۵،

پر اس کی شان میں مدحیہ اشعار کہتے تھے، چنانچہ ایک مرتبہ ربیعہ بن ثابت رقی نے اس کی جود وسخا کا تذکرہ اپنے اشعار میں کیا، مگر اسی کے ساتھ یزید بن اسید سلمی کی ہجو کی جس کے جواب میں ابو الغراف سلمی سندھی نے چند اشعار کہے اور اپنے قبیلہ بنو سلیم کی طرف سے دفاع کیا، [۱]

عمر بن حفص ہزار مرد مہلبی محمد بن عبد اللہ بن حسن علوی ہاشمی اور ان کے بھائی ابراہیم کا صدر جو معتقد تھا، جب وہ حضرات خلیفہ منصور کے خوف سے سندھ آئے تو عمر بن حفص نے ان کے ساتھ عقیدت کا معاملہ کیا اور جب عبد اللہ الاشتر بن محمد بن عبد اللہ بن حسن ہاشمی سندھ آئے تو عمر بن حفص نے ان سے بیعت کی اور ایک محفوظ مقام پر پہونچایا، یہ حضرات خاندان رسالت کے چشم وچراغ ہونے کے ساتھ علم وفضل میں جامعیت رکھتے تھے،

ایک برمکی امیر سندھ جب یہاں سے عراق پہونچا اور اسے معلوم ہوا کہ بصرہ میں امام ادب جاحظ متوفی ۲۵۵ھ فالج میں مبتلا ہے تو اس سے ملاقات کی، اور اپنے ادبی وشعری ذوق کی تسکین کے لئے جاحظ سے کچھ اشعار سنے، اور اس کے علاج ومعالجہ کے لئے تین تین مثقال کے ایک سو سونے کے ہلیلے (ہڑ) علما کے [۲] غسان بن عباد بھی علم وفن کا دلدادہ اور علما، وفضلاء کا قدردان تھا، بغداد کا نامی گرامی طبیب ابراہیم بن فزارون اس کا درباری طبیب تھا۔ جو

غسان کے ساتھ سندھ آیا۔ یہاں ـــــ اس نے مور کا گوشت اور ایک عجیب وغریب مچھلی کھائی، اور مزہ لے لے کر ان دونوں کا تذکرہ کیا، [۳]

عمران موسیٰ برمکی نے امارت سندھ کے زمانہ میں یہاں سے گراں قدر ہدایا

---

[۱] معجم الشعراء مرزبانی ص ۳۰، [۲] وفیات الاعیان ج ۱ ص ۴۲۴،

[۳] طبقات الاطباء ج ۱ ص ۱۷۰ وتاریخ الحکماء ص ۷۵،

وتحائف خلیفہ واثق کی خدمت میں روانہ کئے ساتھ ہی دربار خلافت کے اعیان واشراف اور امرار وقواد کے پاس بھی یہاں کے ہدایا بھیجے جیسے اسحاق بن ابراہیم، محمد بن عبدالملک، اور قاضی احمد بن ابی دواد[1] قاضی احمد بن ابی دواد بڑا صاحب علم وفضل تھا اسی نے مسئلہ خلق قرآن کو ہوا دی تھی، آل برامکہ نے عباسی خلافت کے دور بست پر قابض رہ کر علم وفن کی بڑی خدمت کی، ان میں یحیٰی بن خالد برمکی کو ہندوستان کے علوم وفنون سے خاص شغف تھا، غالباً اس میں اس بات کو بھی دخل تھا کہ اس کے بیٹے موسیٰ بن یحیٰی اور پوتے عمران بن موسیٰ نے یہاں کی امارت کے زمانہ میں شاندار خدمات انجام دی تھیں، اور برامکہ کو ایک گونہ اس ملک سے دلچسپی پیدا ہوگئی تھی،

ابن ندیم نے لکھا ہے کہ یحیٰی بن خالد برمکی اور برامکہ کی ایک جماعت نے ہندوستان کے علوم وفنون سے دلچسپی لے کر وہاں کے اطباء وحکماء کو بغداد بلایا، اور یحیٰی بن خالد برمکی نے ایک خاص شخص کو ہندوستان بھیج کر وہاں کی جڑی بوٹی منگائی اور اہل ہند کے مذاہب پر اس سے کتاب لکھوائی،[2] ان علمی اور تحقیقی کاموں میں یحیٰی بن خالد کے بیٹے اور پوتے نے مدد کی،

نیز بیت الحکمۃ کے ہندی اطباء وحکماء اور مصنفین ومترجمین کے آنے جانے میں یہاں کے امرا نے خدمات انجام دیں،

امرار کی شخصی اور خانگی زندگی ہندوستان کے عباسی امرار بڑی فارغ البالی اور عیش وتنعم کی زندگی بسر کرتے تھے۔ ان کی بود وباش سے عربی جاہ وجلال اور عجمی حسن وجمال ظاہر ہوتا تھا، عام طور سے اہل وعیال کے ساتھ رہتے تھے، ان کی ذاتی دولت وثروت کا اندازہ

---

[1] کتاب الدخائر التحف ص ۱۸۶، [2] الفہرست ص ۳۸۴ وص ۴۲۴،

اس سے ہوسکتا ہے کہ عیینہ بن موسیٰ نے اپنی ایک باندی کی شادی میں اس کے غلام شوہر کو اتنی زیادہ رقم دی کہ خلیفہ ابوجعفر منصور نے اس غلام سے دس ہزار درہم یہ کہہ کر وصول کئے کہ یہ دولت عیینہ بن موسیٰ نے امارت سندھ کے زمانہ میں سرکاری مال سے حاصل کی تھی [۱] خلیفہ مامون نے بشر بن داؤد سے سندھ کی سرکاری آمدنی سے سالانہ صرف دس لاکھ درہم پر معاملہ طے کر لیا تھا، باقی رقم کا مالک بشر بن داؤد تھا، اسی طرح عمران بن موسیٰ بھی مرکز کو سالانہ صرف دس لاکھ درہم ادا کر کے باقی رقم اپنے پاس رکھتا تھا، [۲] اس کے نتیجہ میں اس کے یہاں اتنی زیادہ ذاتی دولت و ثروت جمع ہوگئی تھی کہ اس کے انتقال کے بعد خلیفہ واثق نے بغداد، بصرہ اور سیراف میں اس کی جائداد اور دولت کی تلاشی کرائی اور گراں قیمت ساز و سامان کے علاوہ پانچ لاکھ درہم نقد ملے، اس کے علاوہ عمران بن موسیٰ نے خلیفہ اور ارکان دولت کے پاس سندھ سے بیش بہا ہدایا و تحائف روانہ کئے تھے، [۳] ایک برمکی امیر سندھ کے پاس تیس ہزار دینار تھے، اور جب واپس جانے لگا تو ان کو ڈھلوا کر تین مثقال وزن کے دس ہزار ہڑ بنوا کر لے گیا جن میں سے ایک سو ہڑ جاحظ کو دیئے، [۴] ان چند مثالوں سے اندازہ ہوسکتا ہے کہ سندھی امراء و حکام کے پاس کس قدر زیادہ ذاتی دولت رہا کرتی تھی، اور وہ کیسی شان و شکوہ کی زندگی بسر کرتے تھے،

ان امراء کے بال بچے اور اہل خانہ عام طور سے ساتھ رہتے تھے، منصور بن جمہور کا پورا خاندان یہیں رہتا تھا، جب اس کی شکست و فرار کی خبر اس کے نائب کو سندھ میں ہوئی تو وہ اس کے اہل و عیال اور ساز و سامان کو لے کر

---

[۱] تاریخ طبری ج ۸ ص ۷۶، [۲] المسالک والممالک ص ۵۷،
[۳] کتاب الذخائر والتحف ص ۱۸۶، [۴] وفیات الاعیان ج ۱ ص ۴۲۴،

بلاد خزر (قزوین) چلا گیا، [۱] عمر بن حفص ہزار مرد کے بال بچے اور اہل خانہ اس کے ساتھ تھے اور جب عبد اللہ الاشتر منصورہ پہونچے تو اس نے خود ان سے بیعت کر کے اپنے اہل و عیال کو بھی بیعت کرائی [۲] ہشام بن عمرو تغلبی کے بیوی بچے اس کے ساتھ تھے، جب مطیع بن ایاس کنانی اس کے دربار سے رخصت ہو کر بغداد جانے لگا تو اس کی بچی مطیع کی جدائی پر رونے لگی، جس پر اس نے چند اشعار کہے، [۳] بشر بن داؤد سندھ سے جب گرفتار کر کے بغداد پہونچایا گیا تو اپنے قبیلہ آل مہلب کے افراد اس کے ساتھ تھے اور مامون نے سب کو معاف کر دیا تھا، بعض امیروں کے اہل و عیال ان کے ساتھ نہیں رہتے تھے، یا ہندوستان اور عرب دونوں جگہ رہتے تھے چنانچہ جس وقت عبد اللہ الاشتر کے والد محمد بن عبد اللہ بن حسن مدینہ منورہ میں قتل کئے گئے تھے عمر بن حفص ہزار مرد کی بیوی بغداد میں تھی اور اس نے اپنے قاصد کو ایک چھوٹی کشتی کے ذریعہ سندھ بھیج کر اپنے شوہر عمر بن حفص کو اس واقعہ کی خبر کرائی، عمران بن موسی کی بہن بغداد میں اس کے اہل و عیال کی نگرانی کیا کرتی تھی، اور واثق نے عمران کی جائداد کی ضبطی کے سلسلہ میں اس کے بیٹے محمد اور بہن کو گرفتار کیا تھا۔ [۴]

ایسا معلوم ہوتا ہے کہ جو امرا کے سندھ یہاں زیادہ دنوں تک رہے، ان کے بال بچے ساتھ رہتے تھے، اور جن کی مدت امارت کم رہی وہ اپنے اعوان و انصار کے ساتھ رہے،

مکانات امرا عام طور سے دار الامارت کی سرکاری عمارت اور مکان میں رہتے تھے، دار الامارت منصورہ کے علاوہ قندابیل، ملتان، دیبل، مکران

---

[۱] کامل ابن اثیر ج ۵ ص ۱۸۴ وغیرہ [۲] کامل ابن اثیر ج ۵ ص ۲۲۱،

[۳] الاغانی ج ۱۳ ص ۲۹۱ (بیروت) [۴] کتاب الذخائر والتحف ص ۱۸۵۔

اور دیگر مرکزی شہروں میں امرار کی قیام گاہیں ہوتی تھیں، جن میں اہل و عیال، ملازمین، ندماء، وفود، اور حفاظتی پولیس کے لئے نہایت معقول انتظام رہتا تھا، ان میں تمام سرکاری عملہ اور دفاتر ہوتے تھے، یہ عمارتیں وسیع و عریض اور آرام دہ ہوتی تھیں، سامنے لمبا چوڑا صحن ہوتا تھا، امرار و حکام بالاخانہ پر سوتے تھے، رات گئے تک ندماء کے ساتھ ان کی نشست میں مختلف موضوعات پر دینی، علمی، ملکی اور سیاسی باتیں ہوتی تھیں اور داستانیں سنی سنائی جاتی تھیں، امیروں کے کان پر محمد بن حبیب بغدادی کے ایک بیان سے روشنی پڑتی ہے جس کا خلاصہ یہ ہے کہ جب رفاعہ بن ثابت بن نعیم کو معلوم ہوا کہ مغلس بن سری عبدی سندھ کی امارت پر آرہا ہے تو وہ حسب معمول رات کو منظور بن جمہور کلبی کے دار الامارت میں گیا، جہاں منظور، اس کا خادم خاص، اور رفاعہ تینوں ماکولات و مشروبات میں شریک رہے، جب منظور اور خادم دونوں سو گئے تو رفاعہ اپنے مکان میں آیا اور تلوار اور غلام کو لے کر دار الامارہ پہونچا، اور احاطہ کی جس دیوار میں بالاخانہ کا زینہ تھا اس میں نقب لگا کر دونوں اوپر گئے جہاں منظور اور خادم سو رہے تھے، رفاعہ نے منظور کو قتل کر کے اس کے خادم کو قتل کرنا چاہا مگر وہ جاگ گیا اور سمجھا کہ میرا آقا منظور مجھے قتل کر رہا ہے، کہنے لگا کہ آپ رات کے پہلے پہر میرے ساتھ داستان گوئی کرتے ہیں اور پچھلے پہر مجھے قتل کرنا چاہتے ہیں؟ رفاعہ نے ہاتھ روک کر خادم سے کہا کہ میں تم کو جو حکم دوں بجا لاؤ ورنہ ابھی قتل کروں گا، اس نے کہا جو حکم ہو، رفاعہ نے کہا تم منظور کی زبان میں محافظ دستہ کے افسر کو آواز دو، خادم نے باہر نکل کر آواز دی اور کہا تم کو امیر یاد کرتے ہیں، افسر یہ آواز سنتے ہی اوپر چڑھا اور جوں ہی سامنے آیا رفاعہ اور اس کے غلام نے اس کو بھی قتل کر دیا، اس کے بعد آٹھ آدمیوں کی جان لی، [1]

---

[1] اسماء المغتالین من الاشراف فی الجاہلیۃ والاسلام، ضمن المجموعۃ الثانیۃ من نوادر المخطوطات ص ۱۵۲ ج ۱ عکسی

غذا اور دسترخوان

عباسی دور خلافت میں خلافت راشدہ کی زاہدانہ زندگی اور اموی خلافت کی عربی زندگی باقی نہیں رہ گئی تھی بلکہ عباسی خلفاء امراء کا مزاج شاہانہ تھا، اور وہ سادگی اور خشونت کے بجائے عیش وتنعم کی رنگارنگی اور تمدن وحضارت کی دلفریبی سے زیادہ قریب تھے، ان کے کھانے پینے کا معیار بہت بلند تھا، ان کے دسترخوان انواع واقسام کے لذیذ اور پرتکلف کھانوں سے سجے رہتے تھے، تنہاخوری عربوں کی فطرت کے خلاف ہے، اس لئے دسترخوان بڑا وسیع اور عام ہوتا تھا،

امراء کے خورد ونوش اور دسترخوان کے بارے میں چیدہ چیدہ واقعات سے ان باتوں پر روشنی پڑتی ہے، اس سلسلہ میں یہ بھی ملحوظ رکھنا چاہیے کہ سندھی باورچی خوش ذائقہ اور لذیذ کھانے پکانے میں خاص شہرت ومہارت رکھتے تھے، جاحظ نے سندھی غلاموں کے فن طباخی کے بارے میں لکھا ہے:

انه لایوجد فی العبید اطبخ من السندی، وھو اطبع علی طیب الطبیخ کله۔ [1]	غلاموں میں سب سے زیادہ سندھی غلام کھانا پکانے والے ہوتے ہیں، اور وہ ہر قسم کا کھانا پکانے میں طبعاً ماہر ہوتے ہیں۔

اور یہی سندھی طباخ یہاں کے امراء اور اعیان واشراف کے یہاں کھانا پکاتے تھے، جو ان کے کام ودہن کے لیے نہایت پُرکشش ہوتے تھے۔

سندھی طباخوں کی مہارت کے ساتھ ہندی قوابل یعنی گرم مسالوں کی لذت کھانوں کو اور بھی مرغوب بنادیتی تھی، جو قدیم زمانہ سے عربوں کی غذا کے لطیف اجزاء تھے یعنی زنجبیل، قرنفل اور فلفل دارا ک، سونٹھ، لونگ اور مرچ) کی آمیزش سے کھانے میں لطافت، لذت اور خوشبو کے ساتھ عربوں کے مزاج وصحت اور آب وہوا

[1] رسائل جاحظ نخر السودان علی البیضان ج ۲ ص ۲۴۱۔

کی رعایت تھی۔

غسان بن عباد کے طبیب خاص ابراہیم بن فزارون کا بیان ہے کہ اس نے قیام سندھ کے زمانہ میں یہاں کے طاؤس جیسا لذیذ گوشت کبھی نہیں کھایا' اسی کا بیان ہے غسان بن عباد نے اپنے مکان کے صحن میں حوض بنوا کر ایک عجیب و غریب مچھلی پال رکھی تھی جو ایک خاص ترکیب سے بھوننے اور کھانے کے بعد پانی میں زندہ ہو جاتی تھی، اس کی تفصیل دوسری جگہ درج ہے۔

نیز اس نے بیان کیا ہے کہ غسان بن عباد یہاں آنے کے بعد نوروز سے مہرجان تک (تقریباً ساڑھے تین ماہ) گوشت کی ایک بوٹی بھی نہ کھا سکا، ہم لوگ گوشت پکا کر رکھ دیتے تھے، اور باسی ہونے کے بعد فوراً بگڑ جاتا تھا اور پھینکنا پڑتا تھا، البتہ مور کا گوشت یہاں سے زیادہ لذیذ ہم نے کہیں نہیں کھایا،[1]

امرار کے انتخاب میں مشورہ

عباسی خلفاء خود اپنے امراء کا انتخاب کرتے تھے اور ان کی حیثیت نائب الخلیفہ کی ہوتی تھی، اس میں خلفاء دور اندیشی سے کام لے کر اعیان دولت و تجربہ کار حکام سے مشورہ کرتے تھے۔ حکومت و امارت کے اوصاف کے معیار پر ہر خاندان اور قبیلہ کے جوہر قابل کا انتخاب کرتے تھے۔

پہلے عباسی خلیفہ ابوالعباس سفاح کے وقت سندھ و مکران پر منصور بن جمہور کلبی کا غلبہ تھا۔ اس کے مقابلہ میں ایک امیر ناکام ہو چکا تھا۔ اس لئے ابوالعباس نے اپنے معتمد خاص موسیٰ بن کعب تمیمی کو یہاں کی امارت دی جو اس کے حفاظتی دستہ کا افسر اعلیٰ اور عباسی دعوت کا سرگرم مبلغ و داعی اور ان کے بارہ نقیبوں میں سے ایک تھا۔[2]

---

[1] تاریخ الحکماء قفطی ص ۵۷، طبقات الاطباء، ابن ابی اصیبعہ ج ۱ ص ۱۷۰، [2] العبر ج ۱ ص ۱۸۱ و ص ۱۸۲، و جمہرۃ انساب العرب ص ۲۱۴،

خلیفہ ابو جعفر منصور کے زمانہ میں امیر سندھ عمر بن حفص علویوں کا طرفدار تھا۔ اور ان کے اقتدار کی کوشش کر رہا تھا اس لئے منصور نے بہت غور و فکر کے بعد ہشام بن عمرو تغلبی کو یہاں روانہ کیا، جن دنوں وہ یہاں کی امارت میں ردو بدل پر غور کر رہا تھا ہشام بن عمرو نے اس سے اپنی بہن کے نکاح کی پیش کش کی، مگر اس نے یہ کہہ کر انکار کر دیا کہ اگر مجھے نکاح کی حاجت ہوتی تو میں اسے منظور کر لیتا، میں نے تم کو سندھ کی امارت دی، تم وہاں جانے کی تیاری کرو[1]

خلیفہ مہدی کے زمانہ میں نصر بن محمد بن اشعث خزاعی دوبارہ سندھ کا امیر بنایا گیا، وہ بھی عباسی خلافت و دعوت کے خاص معتمدوں میں تھا بلکہ اس کا پورا خاندان عباسیوں کا طرفدار اور وفادار تھا، ابن حزم نے لکھا ہے کہ نصر کے والد محمد بن اشعث اور اس کی اولاد نے عباسی دعوت میں عظیم الشان کارنامے انجام دیئے ہیں، (جمہرۃ انساب العرب ص ۲۴۱)

عباسی خلفاء کے خاص معتمدوں میں ان کے تین موالی بھی امرائے سندھ ہیں طیفور بن عبداللہ حمیری اور لیث بن طریف خلیفہ مہدی کے موالی ہیں اور موالی امیر المومنین کہلاتے ہیں، اور سالم یونسی، اسمٰعیل بن علی ہاشمی کا موالی تھا۔

خلیفہ مامون نے موسیٰ بن یحییٰ برمکی کو اس کی شجاعت اور بہادری پر سندھ کی امارت دی تھی۔ قاضی یحییٰ بن اکثم کا بیان ہے کہ ایک مرتبہ مامون نے یحییٰ بن خالد برمکی اور اس کی اولاد کے بارے میں کہا کہ کفایت، بلاغت، سخاوت، اور شجاعت میں یہ لوگ بے مثال ہیں۔ میں نے کہا کہ امیر المومنین! برامکہ کی کفایت، بلاغت اور سماحت ہمیں معلوم ہے، شجاعت کس میں ہے؟ مامون نے جواب دیا کہ موسیٰ بن یحییٰ میں شجاعت ہے۔ میں مناسب سمجھتا ہوں کہ اسے ثغر سندھ کی ولایت دوں[2]

---

[1] تاریخ کامل ج ۵ ص ۲۲۰۔ [2] وفیات الاعیان ج ۲ ص ۳۸۷۔

سندھی امرا کے انتخاب و تقرری کے سلسلہ میں یہ واقعہ دلچسپ ہے کہ جب مامون کو بشر بن داؤد کی بغاوت کی خبر ملی تو اس نے صورتِ حال کی اہمیت کے پیش نظر ارکان دولت سے مشورہ کیا اور اپنے ندیموں سے کہا کہ غسان بن عباد کے متعلق مجھے معلومات دو، میں اس سے ایک اہم کام لینا چاہتا ہوں، اس پر سب نے اس کی تعریف و توصیف کی، مگر احمد بن یوسف نے کہا: امیر المومنین اس کی خوبیاں خرابیوں سے زیادہ ہیں۔ وہ جس طبقہ میں بھیجا جاتا ہے انصاف کرتا ہے، کوئی ایسا کام نہیں کرے گا جس سے بعد میں معذرت کرنی پڑے، مامون نے کہا کہ تم نے اس کے متعلق برے خیالات رکھنے کے باوجود تعریف ہی کی، اس کے بعد مامون نے غسان کو سندھ کی امارت دی۔

اسی سلسلے میں مامون نے پہلے محمد بن عباد مہلبی کو خاص طور سے بلا کر مشورہ کیا، جو ان دنوں اہل بصرہ کا سردار اور سربراہ تھا۔ اس نے بشر بن داؤد کی بغاوت کا حال سن کر معاذ اللہ کہا، اس کے بعد مامون نے غسان بن عباد کو چند فوجی امرا کے ساتھ امیر حرب اور موسیٰ بن یحییٰ کو امیر بلد بنا کر سندھ بھیجا اسی طرح دیگر امرائے سندھ کی تقرری کے بارے میں عباسی خلفاء غور و فکر اور رائے مشورہ سے کام لیتے تھے۔

شرکائے امارت، یا ذیلی امرا، اور اعوان و انصار

ہر امیر کے ساتھ اس کے قبیلہ کے اعوان و انصار ہوتے تھے جو مجلس مشاورت کا کام دیتے تھے اور بوقت ضرورت شریک امارت ہو کر کسی مقام یا شعبہ کی امارت سنبھالتے تھے، یہ وقتی یا ذیلی امارتیں عام طور سے امیر سندھ کی صوابدید سے ہوا کرتی تھیں، بعض اوقات خلیفہ کی جانب سے متعدد شہری اور فوجی امرا آتے تھے۔

خلیفہ ابوالعباس نے منصور بن جمہور کلبی کے مقابلہ کے لئے موسیٰ بن کعب کو بیس ہزار فوج کے ساتھ بھیجا تھا۔ نیز اس کا بیٹا بشر بن موسیٰ ساتھ تھا جسے موسیٰ بن کعب نے عراق جاتے وقت اپنا جانشین بنایا۔ عمر بن حفص ہزار مرد کے ساتھ اس کا اخیافی بھائی جمیل بن صخر تھا جس کو عمر بن حفص نے عراق جاتے وقت اپنا جانشین مقرر کیا، ہشام بن عمرو تغلبی کے ساتھ اس کے دو بھائی بسطام بن عمرو تغلبی ——

—— اور سیفح بن عمرو تغلبی اور ایک فوجی افسر عمرو بن جمل تھا، ہشام نے عمرو بن جمل کو امیر فوج بنا کر بارُبد کی بحری مہم پر روانہ کیا اور ایک موقع پر بسطام کو دارالامارہ منصورہ میں رکھا۔ اور جب بغداد جانے لگا تو اپنا جانشین بنایا۔ اور سیفح کو ایک فوجی مہم پر روانہ کیا تھا جس میں عبداللہ الاشتر مارے گئے، بعد میں دونوں بھائی یہاں کے مستقل امیر ہوئے۔ سعید بن خلیل تمیمی کے ساتھ اس کا لڑکا محمد بن سعید تھا۔ سعید نے منصورہ میں انتقال کے وقت اسے اپنا جانشین مقرر کیا، اسی طرح لیث مولیٰ مہدی کے ساتھ اس کا بیٹا محمد بن لیث سندھ آیا۔ لیث نے عراق جاتے وقت اسے اپنا جانشین بنایا، نیز سالم مولیٰ ہارون کے ساتھ اس کا بیٹا ابراہیم بن سالم تھا۔ سالم نے سندھ میں انتقال کے وقت اس کو اپنا جانشین بنایا۔ طیفور بن عبداللہ حمیری کے ساتھ جابر بن اشعث طائی تھا جسے طیفور نے نزاریہ اور یمانیہ کی شورش ختم کرنے کے لیے دریائے سندھ کے مغربی علاقہ میں بھیجا تھا۔ داؤد بن یزید مہلبی نے سندھ آنے سے پہلے اپنے بھائی مغیرہ بن یزید مہلبی کو یہاں بھیجا جو اہل منصورہ کے مقابلہ میں ناکام رہا۔ اس کے بعد داؤد بن یزید خود آیا۔ اور اس کے ساتھ اس کا بیٹا بشر بن داؤد اور ابوالمصرّ مولیٰ کندہ تھا۔ بعد میں دونوں نے غلبہ و استیلاء کا مظاہرہ کیا، داؤد بن یزید نے سندھ میں انتقال کے وقت بشر کو اپنا جانشین بنایا تو اسنے

مہلبیوں کو لے کر بغاوت و سرکشی کی روشِ اختیار کی، اس دور میں اس کا چچازاد بھائی ابراہیم بن عبداللہ مہلبی مکران کا امیر تھا، اور ابوالصمہ نے حدود ۲۵۹ھ میں ایک علاقہ دبا لیا، عبدالرحمٰن بن سلیمان بن سعید ہاشمی نے عبداللہ بن علار ضبی کو اپنا جانشین بنایا، اور ایوب بن جعفر نے سندھ آنے سے پہلے سلیمان بن سعید کو روانہ کیا تھا، مامون کے زمانہ میں بغداد سے ایک ساتھ دو امیر اور متعدد فوجی امرار روانہ کیے گئے۔ مہدی کے زمانہ میں ایک زبردست فوجی مہم عبدالملک بن شہاب مسمعی کی قیادت و امارت میں آئی جس میں اس کے دو بیٹے غسان اور عبدالواحد کے علاوہ یزید بن حباب مذحجی، اور ہند ر بن محمد بن جارود عبدی چار فوجی افسر تھے، روح بن حاتم مہلبی کے دور امارت میں اس کا بھائی یزید بن حاتم مہلبی کسی جگہ کا امیر تھا، نیز اسی زمانہ میں سلیمان بن قبیصہ مہلبی سندھ میں امیر تھا۔

کاتب یعنی میر منشی ہر امیر کے ساتھ ایک کاتب ہوتا تھا۔ جس کے ذمہ سرکاری تقریبات و مراسلات کی تیاری اور روانگی ہوتی تھی۔ چونکہ اس کا عام رواج نہ تھا اس لئے اس کا تذکرہ بہت کم ملتا ہے۔ ضمنی طور سے کہیں اس کی تصریح ہے۔ مثلاً عمران بن موسیٰ برمکی کے امرائے بغداد کی خدمت میں یہاں سے ہدایا و تحائف بھیجنے کے سلسلہ میں رشید بن زبیر نے لکھا ہے:

وکان الموجّہ الیھم بذٰلک مع کاتب لہ۔ [1] — عمران نے یہ ہدایا ان کے پاس اپنے کاتب کے ساتھ بھیجے تھے۔

یہی کاتب یا میر منشی مرکز بغداد سے خط و کتابت کرتا تھا، نیز دوسرے امیروں اور ذمہ داروں کے پاس مراسلات کا ذمہ دار ہوتا تھا۔

خلفار و امرار میں خط و کتابت عباسی خلفار اپنے سندھی امیروں اور نوابوں سے

---

[1] کتاب الذخائر و التحف ص ۱۸۶،

براہ راست خط وکتابت رکھتے تھے۔ درمیان میں امرائے عراق کا واسطہ نہیں تھا۔ وہ ہر معاملے میں خبر رکھتے تھے اور اس بارے میں توقیعات و فرامین و ہدایات جاری کرتے تھے۔ ان کو ہندوستان سے وہی تعلق تھا جو دوسرے اسلامی ممالک سے تھا۔ یہاں کے امراء بھی ہر چھوٹے بڑے معاملہ میں خلفاء سے مراسلات رکھتے تھے، منصور کے زمانہ میں ایک بار سندھ کی فوجوں نے امیر کے خلاف ہنگامہ کر کے بیت المال کے تالے توڑ ڈالے، اور اس میں جو کچھ تھا لوٹ لیا۔ اور امیر نے اس کی اطلاع منصور کو دی تو اس نے لکھا:

لو عدلت لم یشغبوا، ولو وفیت لم ینھبوا۔[1]	اگر تم انصاف کرتے تو وہ ہنگامہ نہ کرتے اور اگر تم وعدہ پورا کرتے تو وہ خزانہ نہ لوٹتے۔

عمر بن حفص کے زمانہ میں عبد اللہ الاشتر سندھ میں پناہ گزین ہوئے تو اس نے ان کو ایک راجہ کے پاس بھیج دیا۔ جہاں بہت سے علوی جمع ہو گئے۔ منصور نے اس واقعہ کی اطلاع پا کر عمر بن حفص کو سخت خط لکھا:

وکتب المنصور الی عمر بن حفص یخبرہ ما بلغہ فقرأ الکتاب علی اھلہ۔[2]	منصور نے عمر بن حفص کو خط لکھ کر جو کچھ اسے معلوم ہوا تھا۔ اس کی خبر دی تو اس نے یہ خط اپنے گھر والوں کو پڑھ کر سنایا۔

یہ خط پا کر عمر بن حفص کو سخت خطرہ لاحق ہو گیا، اس نے ایک شخص کے سر سارا الزام رکھ کر جیل میں بند کر دیا، اور منصور کو اس کی اطلاع دی۔

وکتب الی المنصور یامرہ فکتب الیہ المنصور یامرہ بحملہ[3]	عمر بن حفص نے اس شخص کے بارے میں منصور کو لکھا تو منصور نے لکھا کہ اس کو یہاں بھیج دو۔

اس کے بعد منصور نے عمر بن حفص کے نام سندھ سے معزولی کا پروانہ بھیجا۔

---

[1] العقد الفرید ج ۴۔ ص ۲۱۳۔ (بیروت) [2] تاریخ کامل ج ۵ ص ۲۲۰ [3]

وکتب الی عمر بن حفص یعزلہ عن السند۔ [1]

منصور نے عمر بن حفص کے پاس سندھ سے معزولی کا خط لکھا۔

اسی کے ساتھ اس کو افریقہ کی ولایت کا خط لکھا:

وکتب الی عمر بن حفص بولایتہ افریقیۃ۔ [2]

اور منصور نے عمر بن حفص کو افریقہ کی ولایت کا پروانہ لکھا۔

اس کے بعد منصور نے ہشام بن عمرو تغلبی کو یہاں کی ولایت دی، اس نے راجہ پر فوج کشی کی اور راستہ میں عبداللہ الاشتر کو قتل کیا کرایا، اس موقع پر جانبین سے خط وکتابت ہوئی:

فکتب ھشام بذلک الی المنصور فکتب الیہ المنصور یشکرہ ویامرہ بمحاربۃ ذلک الملک۔ [3]

ہشام نے منصور کو اشتر کے قتل کی اطلاع دی تو منصور نے اس کو خط لکھ کر شکریہ ادا کیا اور اس راجہ سے لڑنے کا حکم دیا۔

اس کے بعد منصور نے سعید (یا سعد) بن خلیل کو سندھ کی امارت کا پروانہ بھیجا اس وقت وہ خراسان کا امیر تھا:۔

انہ کان بخراسان فکتب الیہ المنصور فسار الی الھند۔ [4]

سعید خراسان میں تھا، منصور نے اس کو خط لکھا تو وہ ہندوستان کے لئے روانہ ہوا۔

امیر سندھ لیث موئی امیر المومنین کو موسی ہادی نے خط لکھ کر بغداد بلایا:

فکتب الیہ موسی ان یتحدر فاتحدر۔ [5]

ہادی نے لیث کو لکھا کہ وہ بغداد آجائے چنانچہ وہ چلا گیا۔

ہادی کے دور میں سندھ کے ایک مہلبی امیر کبیر کے سندھی ملازم نے اس کے دو لڑکوں کو چھت سے پھینک دیا اور وہ فوراً مر گئے، جب اس حادثہ کی خبر ہادی کو ہوئی

---

[1] البدایہ والنہایہ ج ۱۰ ص ۱۰۸۔ [2] تاریخ کامل ج ۵ ص ۲۲۰، [3] ،، ص ۲۲۱۔ [4] ،، ص ۲۲۱۔ [5] تاریخ خلیفہ ج ۲ ق ۱۰۰

تو اس نے امیر سندھ کو لکھا:

فامرالهادی بالکتاب الی صاحب السند یقتل الغلام و تعذیبه بافظع ما یمکن من العذاب و امر باخراج کل سندی فی مملکته۔[1]

ہادی نے امیر سندھ کو خط لکھ کر اس غلام کو عبرت ناک سزا دے کر قتل کر دینے اور اس کی حدود مملکت سے تمام سندھی غلاموں کو نکال دینے کا حکم دیا۔

ہارون رشید کے دور میں سندھ کے عربوں میں قبائلی عصبیت نے جنگ جدال کی صورت اختیار کی تو اس نے امیر سندھ کو یہ توقیع بھیجی:

وقّع الی صاحب السند اذ ظهرت العصبیة کل من دعا الی الجاهلیة فعجّل الیه المنیة۔[2]

جو شخص عصبیت جاہلیہ کا دعویٰ کرے، اسے جلد از جلد موت کے گھاٹ اتار دو۔

موسیٰ بن یحییٰ برمکی نے سندھ میں انتقال کے وقت اپنے بیٹے عمران کو اپنا جانشین بنایا تھا۔ معتصم نے اس کے نام مستقل امارت کا پروانہ بھیجا۔

فکتب الیه امیرالمومنین المعتصم باللّٰه بولایة الثغر۔[3]

امیرالمومنین معتصم نے اس کے پاس ثغر سندھ کی ولایت کا پروانہ لکھا۔

عباسی دور کے امرائے سندان بھی خلفاء سے مراسلات جاری رکھتے تھے۔ اور ان کے پاس ہدایا و تحائف بھیجتے تھے۔ اسی طرح یہاں کے کئی راجوں مہاراجوں نے ان سے مکاتبات و مراسلات کا سلسلہ جاری کر کے آپس میں دوستانہ تعلقات قائم کئے۔

سفارت اور وفادت

بوقت ضرورت جانبین سے سفراء اور وفود کی بھی آمد و رفت ہوا کرتی تھی۔ اور یہاں کے امراء خلفاء کی خدمت میں اپنے خاص آدمیوں کو روانہ کرتے تھے۔ اس کام کے لئے صاحب فہم و ذکاء اور اہل علم

---

[1] مروج الذہب ج ۳ ص ۲۳۵۔ [2] العقد الفرید ج ۴ ص ۲۱۴ مصر۔ [3] فتوح البلدان ص ۴۳۲۔

وادب کا انتخاب کیا جاتا تھا۔ جیسا کہ ابو عطار سندھی نے کہا ہے:

اذا ارسلت فی امر رسولاً فافهمه وارسله ادیبا

جب تم کسی معاملہ میں قاصد کو روانہ کرو، تو صاحب فہم و فراست اور باادب کو بھیجو

ولا تترك وصیته بشیء وان هو کان ذا عقل لبیبا

وہ بذات خود کتنا ہی عقلمند ہو، تم اس کے سمجھانے میں کسی قسم کی کمی نہ کرو،

فان ضیعت ذاك فلا تلمه علی ان لم یکن حفظ العیوبا[1]

اگر تم نے ایسا نہیں کیا تو کسی نامناسب بات پر اس کو ملامت نہ کرنا۔

عیینہ بن موسیٰ نے سندھ میں خلافت سے سرتابی کی تو عمر بن حفص نے اس کو گرفتار کر کے اپنے خاص قاصدوں کے ساتھ خلیفہ منصور کے پاس روانہ کیا، مگر وہ راستہ میں بھاگ گیا، اور رخج کے قریب یمانیہ کے ہاتھوں قتل ہوا[2] نیز عمر بن حفص نے ایک اہم سرکاری ضرورت سے ایک وفد سندھ سے منصور کے پاس بھیجا جس میں امیر وفد عقبہ بن مسلم بن نافع ازدی ھنائی نہایت دور اندیش معاملہ فہم اور کام کا آدمی تھا۔ اس کی فہم و فراست دیکھ کر منصور نے دوسرے دن خاص طور سے اسکو بلایا اور ایک نہایت اہم اور رازدانہ خدمت اس کے سپرد کی، جس کو اس نے بخوبی انجام دیا[3]

ہشام بن عمرو تغلبی کے زمانہ میں عبداللہ الاشتر سندھ میں قتل ہوئے تو ان کے صاحبزادے محمد بن عبداللہ اور باندیوں کو ہشام بن عمرو نے اپنے معتمدوں کے ساتھ منصور کے یہاں پہنچایا اور اور اس نے ان سب کو مدینہ منورہ بھیج دیا[4]

---

[1] کتاب رسل الملوک ومن یصلح للرسالۃ والسفارۃ، لابن الفرار ص ۴۹ (مصر) [2] تاریخ یعقوبی ج ۲ ص ۴۴۹، [3] تاریخ طبری ج ۷، ص ۵۲۰۔ [4] تاریخ کامل ج ۵ ص ۲۲۱

اسی طرح یہاں کے امراء اور راجوں مہاراجوں اور خلفاء کے درمیان سفراء اور وفود کا سلسلہ برابر جاری رہتا تھا۔

سندھ امرائے عراق وغیرہ کی ماتحتی میں

اموی خلافت میں سندھ امرائے عراق کے ماتحت تھا اور وہی یہاں امراء کا عزل و نصب کرتے تھے مگر عباسی خلافت میں یہ صورت نہیں تھی بلکہ خلفاء خود یہاں کے سیاہ و سپید کے مالک تھے، البتہ بعض اوقات یہاں کے ملکی اور سیاسی حالات اس قدر ابتر ہو جاتے تھے کہ اس کو عراقی امراء کی ماتحتی میں دینا پڑتا تھا۔ چنانچہ مہدی، ہارون معتصم اور واثق کے ادوار میں کچھ مدت کے لئے محمد بن سلیمان، عیسیٰ بن جعفر، افشین اور ایتاخ ترکی سندھ کے حاکم اعلیٰ بنائے گئے، اور ان کی ماتحتی میں یہاں کے امراء کام کرتے تھے۔

مہدی نے ۱۵۹ھ میں روح بن حاتم مہلبی کو سندھ کی امارت دی مگر تھوڑے دنوں بعد اس کو معزول کر کے نصر بن محمد بن اشعث خزاعی کو بھیجا، اس زمانہ میں یہاں جاٹوں کی شورش اور عربوں کی قبائلی عصبیت زوروں پر تھی اس لئے مہدی نے سندھ کو امیر بصرہ محمد بن سلیمان بن علی ہاشمی کی تحویل میں دیدیا۔ اور عبدالملک بن شہاب مسمعی امیر بن کر آیا۔ مگر بیس دن سے کم ہی رہ سکا۔ اور نصر بن محمد بن اشعث کو دوبارہ یہاں کا حاکم بنایا گیا[1]

ہارون رشید کے زمانہ میں یہاں کے عربوں میں قبائلی عصبیت پھوٹ پڑی اور آپس میں جنگ و جدال ہونے لگی، ہارون نے متعدد امراء بھیجے مگر حالات قابو میں نہ آسکے اس لئے سندھ کو عیسیٰ بن جعفر بن منصور کے ماتحت کر دیا۔ اس نے محمد بن عدی ثعلبی کو یہاں کا امیر بنایا جس سے ملتان کے متغلب عربوں نے

[1] تاریخ خلیفہ ج ۲ ص ۶۹۷ و تاریخ یعقوبی ج ۲ ص ۴۸۰۔

مقابلہ کیا[1]

معتصم نے ۲۲۳ھ میں بابک خرمی کے قاتل افشین کو اس کے عظیم کارنامہ پر انعام واکرام سے نواز اساتھ ہی اس کو سندھ کی ولایت دی، مگر اس کی طرف سے یہاں کوئی امیر نہیں آیا[2]

واثق نے ایتاخ ترکی کو خراسان اور علاقہ دجلہ کے ساتھ سندھ کی حکومت دی، اور رجب ذوالحجہ ۲۲۷ھ میں امیر سندھ عمران بن موسی کو عمر بن عبد العزیز نے قتل کر دیا۔ تو ایتاخ نے عنبسہ بن اسحاق ضبی کو یہاں کا امیر بنا کر روانہ کیا[3]

بعض امراء کی سرتابی اور بغاوت

عباسی دور میں جگہ جگہ اقتدار و غلبہ کی ہوا چل رہی تھی حتی کہ امراء و عمال اپنے علاقوں میں موقع پاکر خود مختاری کا دعویٰ کر دیا کرتے تھے عیینہ بن موسیٰ تمیمی نے اپنے والد کے ساتھ رہ کر یہاں سے منصور بن جمہور کلبی کا قبضہ ختم کیا اور جب خود امیر ہوا تو اسی کی روش اختیار کر کے خلافت سے سرتابی کی، جس کو عمر بن حفص نے ناکام بنایا مگر اس نے بھی عبد اللہ اشتر اور دوسرے علوی دعاۃ سے ملکر سندھ میں علوی اقتدار کے لئے زمین ہموار کرنی چاہی اور معزول ہوا۔ مامون نے بشر بن داؤد مہلبی کو اس شرط پر سندھ کی امارت دی کہ وہ سالانہ دس لاکھ درہم ادا کرتا رہے مگر اس نے انکار کر کے سرکشی کی تو غسان بن عباد نے آکر اس کی تادیب کی، ۲۴۰ھ میں ہارون بن ابو خالد مروزی کا انتقال ہوا تو یہاں کے رئیس و سردار عمر بن عبد اللہ العزیز ھباری نے متوکل سے خط و کتابت کر کے امارت حاصل کی اور جب ۲۴۷ھ میں متوکل قتل ہوا تو اس نے اپنی خود مختار حکومت کا اعلان کر دیا۔ جو محمود غزنوی کے

---

[1] تاریخ یعقوبی ج ۲ ص ۴۹۴، [2] البدایہ والنہایہ ج ۱۰ ص ۲۸۵، و ص ۲۹۳، [3] تاریخ یعقوبی ج ۳ ص ۲۱۳، (نجف)

زمانہ میں ختم ہوئی، ان سب واقعات کی تفصیل دوسری جگہ موجود ہے۔

مرکزی دارالامارہ منصورہ اور علاقائی دارالامارات

اموی دور خلافت میں حکم بن عوانہ کلبی کے حکم سے محمد بن قاسم کے صاحبزادے عمرو بن محمد بن قاسم نے شہر منصورہ کو آباد کیا، اسی وقت سے یہ دارالامارہ قرار پایا جہاں عباسی دور میں بھی امراء و حکام قیام کرتے تھے۔ بلکہ عباسی دور میں اس شہر کو ہر اعتبار سے محفوظ و مستحکم، خوبصورت اور بارونق بنایا گیا۔ منصور بن جمہور کلبی اور عباسی امراء مغلس بن سری اور موسیٰ بن کعب کے درمیان جنگ کی وجہ سے اس شہر میں ویرانی آگئی تھی۔ جب ۱۳۶ھ میں منصور بن جمہور کا عمل و دخل ختم ہو گیا تو موسیٰ بن کعب نے منصورہ کی مرمت کر کے وہاں کی جامع مسجد کو وسیع کیا۔[1]

نیز اسی نے اس کے چاروں طرف شہر پناہ تعمیر کر کے چار دروازے بنوائے اور پورے شہر کو گویا مضبوط قلعہ بنا دیا۔ ہارون رشید کے زمانہ میں نزاری عربوں نے منصورہ پر قبضہ کر کے اس کو اپنی پناہ گاہ بنایا تھا۔ اور جب ۱۸۴ھ میں مغیرہ بن یزید مہلبی نے منصورہ پر چڑھائی کی تو انھوں نے دروازے بند کر دیے اور مغیرہ بن یزید کو شہر کے اندر نہیں گھسنے دیا۔[2]

مرکزی دارالامارہ منصورہ کے علاوہ ملتان، قندابیل، دیبل اور مکران میں علاقائی دارالامارات تھے۔ جن میں مقامی ضرورت کے مطابق انتظامات ہوتے تھے اور صوبائی و علاقائی امراء کے علاوہ مرکزی امراء و حکام بھی بوقت ضرورت ان میں قیام کرتے تھے، ان میں سرکاری دفاتر، قیام گاہیں، پولیس، فوج، جیل خانہ دارالقضاء اور دیگر لوازم ہوتے تھے۔ جس زمانہ میں منصورہ پر متغلبین قابض ہوتے تھے امراء ان علاقائی مقامات میں قیام کرتے تھے۔ یا کسی مہم اور ضرورت

---

[1] فتوح البلدان ص ۴۳۱، [2] تاریخ یعقوبی ج ۲ ص ۴۵۴۔

کے موقع پر ان میں آیا کرتے تھے، منصور بن جمہور اپنے اقتدار و غلبہ کے زمانہ میں خود منصورہ میں رہتا تھا اور اپنے بھائی منظور بن جمہور کو قندابیل اور دیبل میں رکھا، اور جب موسی بن کعب آیا تو پہلے کچھ دنوں قندابیل میں مقیم رہا اور عیینہ بن موسی کے مقابلہ کے لئے عمر بن حفص آیا اور منصورہ میں داخل نہ ہو سکا تو دیبل میں قیام کیا، اس کے بعد جب ہشام بن عمرو یہاں کا امیر بن کر آیا تو براہ راست عراق سے منصورہ پہنچا۔ طیفور بن عبداللہ حمیری خود منصورہ میں رہا۔ اور جابر بن اشعث طائی کو مکران اور دریائے سندھ کے مغربی کنارے پر رکھا۔ ان مرکزی اور علاقائی دارالامارتوں پر کبھی کبھی متغلبین قابض ہو کر اپنی حکومت کا اعلان کر دیا کرتے تھے اور بعض اوقات عباسی امرار بھی سرکشی کر کے منصورہ پر قبضہ کر لیتے تھے،

حکومت کی ضروریات اور سرکاری شعبے

دارالامارہ منصورہ اور دیگر دارالامارات میں حکومت کی جملہ ضروریات کا انتظام رہتا تھا۔ اور ان کے لئے الگ الگ عمارتیں ہوتی تھیں، امیروں کے مکانات، محافظ دستہ (حرس) شہری پولیس (شرطہ) اور فوج (جند) کی قیامگاہیں، دارالضرب (ٹکسال) بیت المال (خزانہ) جیل خانہ، دارالقضاء دارالبرید وغیرہ کے مستقل شعبے قایم تھے۔ اور چونکہ یہ تمام چیزیں حکومت کے لوازم میں سے تھیں اور ہر دارالامارہ میں پائی جاتی تھیں، اس لئے ان کا مستقل تذکرہ نہیں ملتا ہے۔

ہندوستان سے خلافت عباسیہ کی سالانہ آمدنی

عباسی امرار ہندوستان سے مقامی اخراجات کے بعد خلافت کو سالانہ کیا رقم اور سامان بھیجتے تھے اور کیا آمدنی ہوتی تھی؟ اس کی تفصیلات معلوم نہیں البتہ بعض تصریحات سے اندازہ ہوتا ہے کہ یہاں کی آمدنی بہت معمولی تھی اور بعد میں ہدایا و تحائف تک رہ گئی تھی۔

ہارون رشید کے زمانہ میں (۱۷۰ھ تا ۱۹۳ھ) یہاں سے سالانہ ایک کروڑ دس لاکھ درہم کے علاوہ غلہ، کپڑا، جوتا، عود، ہاتھی، قرنفل، جوزبوا مرکز کو جایا کرتے تھے (الوزراء والکتاب جہشیاری ج ۱ ص ۲۸۳) مگر مامون کے زمانہ میں (۱۹۸ھ تا ۲۱۸ھ) یہ رقم گھٹ کر صرف دو لاکھ درہم سالانہ رہ گئی، اور سامان میں سے کوئی چیز نہیں جاتی تھی، بشر بن داؤد مہلبی نے صرف دو لاکھ درہم سالانہ پر معاملہ طے کر لیا تھا بعد میں اس سے بھی انکار کر دیا۔ اس کے بعد عمران بن موسیٰ برمکی نے بھی اسی پر عمل کیا اور مقامی اخراجات کے بعد سالانہ دو لاکھ درہم دیئے۔ یہ سلسلہ مامون کے آخری دور یعنی ۲۱۸ھ تک جاری رہا۔ اس کے بعد معلوم نہیں کیا ہوا۔ بظاہر اس میں بھی کمی اور کوتاہی آتی گئی حتیٰ کہ آخر میں خلفاء کی عیش پسند طبیعت یہاں کے عجائب و طرائف اور ہدایا و تحائف پر راضی ہو گئی۔

بیت المال یعنی سرکاری خزانہ

ہر دارالامارہ کے لئے بیت المال ضروری ہے منصور کے بیت المال کا پتہ اس واقعہ سے ملتا ہے کہ خلیفہ منصور کے زمانہ میں ایک مرتبہ باغی فوجوں نے بغاوت کر کے بیت المال کے تالے توڑ ڈالے اور لوٹ لیا، العقد الفرید میں ہے:

ابو جعفر وقّع فی کتاب اتاہ من صاحب الهند یخبره ان الجند شغبوا علیه وکسروا اقفال بیت المال فاخذوا اعطیاتهم منه لو عدلت لم یشغبوا، ولو وفیت لم ینهبوا[1]

امیر سندھ کی طرف سے ابو جعفر منصور کے پاس خط آیا کہ فوج نے اس کے خلاف ہنگامہ برپا کر کے بیت المال کے قفل توڑ ڈالے اور اس سے اپنی تنخواہ لے لی تو ابو جعفر نے لکھا کہ اگر تم انصاف سے کام لیتے تو فوج ہنگامہ نہ کرتی اور اگر تم وعدہ وفا کرتے تو لوٹ مار نہ کرتی۔

[1] العقد الفرید ج ۴ ص ۲۱۲۔

یہ حدود ۱۴۰ھ کا واقعہ ہے جس میں بیت المال کا ذکر ہے۔

بیت الصرف

بعض واقعات سے معلوم ہوتا ہے کہ سندھ میں بیت الصرف بھی تھا جس میں غیر ممالک کے لئے یہاں کا سکہ بدلا جاتا تھا، ایک برمکی امیر کا بیان ہے کہ میں نے قیام سندھ کے دوران تیس ہزار دینار کمائے اور یہاں سے جاتے وقت صارف کے ڈر سے ان کو ڈھلوا کر تین تین مثقال کے دس ہزار طیلسے بنوا لئے اور صارف کی نظر سے بچ کر جہاز میں سوار ہو گیا:

فخشیت ان یفجأنی الصارف	میں ڈرا کہ کہیں صارف اچانک مجھے پکڑ نہ
فیسمع بمکان المال فیطمع فیه	لے اور میرے مال میں لالچ نہ کرے اس لئے
فصغته عشرة الاف اطیلسة	میں نے تین مثقال وزن کے دس ہزار طیلسے
ثلاث مثاقیل۔ ولم یمکث الصارف	ڈھلوا لئے، اور صارف میرے پاس نہ آسکا
ان اتی وقد رکبت البحر واخذت البصرة[1]	اور میں جہاز پر سوار ہو کر بصرہ چلا آیا۔

یہ غیر ملکی زر مبادلہ کا محکمہ تھا۔ جس میں سندھی دینار و درہم بدل کر دوسرے ممالک کے سکے دیے جاتے تھے، اس کے افسر کو صارف کہتے تھے۔ اور ہندوستان سے عرب وغیرہ آنے جانے والے مسافروں کو اس سے واسطہ پڑتا تھا۔

جیل خانہ

ہر چھوٹے بڑے دارالامارہ میں جیل خانہ بھی ہوتا تھا۔ دیبل کے جیل خانہ کے بارے میں بلاذری نے تصریح کی ہے کہ عنبسہ بن اسحاق نے وہاں کے بت خانہ کے مینارہ کو منہدم کر کے اس کو بنایا تھا۔

هدم اعلی تلك المنارة وجعل	اس مینارہ کا بالائی حصہ منہدم کر کے اس میں
فیها سجنا۔[2]	جیل خانہ بنایا۔

بعض قرائن سے معلوم ہوتا ہے کہ قیدیوں کی کوٹھڑیاں ساگوان کی لکڑی کی

---

[1] وفیات الاعیان ج ۱ ص ۴۲۴، [2] فتوح البلدان ص ۴۲۵۔

بنائی جاتی تھیں، جن میں وہ رات کو بند کئے جاتے تھے۔ اس دور کا ایک شاعر جیل خانہ کے رات دن کو یوں بیان کرتا ہے :-

اما النہار فقی قید وسلسلۃ واللیل فی جوف منحوت من الساج[1]

دن تو بیڑی اور زنجیر میں گذر جاتا ہے اور رات ساگوان کی صندوق میں کٹتی ہے۔

سندھ کے جیل خانہ میں وہی نظام تھا جو عباسی دور میں دیگر جیل خانوں میں رائج تھا۔

برید یعنی ڈاک

مسلمانوں نے ابتدا ہی میں برید اور ڈاک کا انتظام نہایت اعلیٰ پیمانہ پر کر لیا تھا۔ اموی دور میں ہر تیسرے دن عراق کی ڈاک محمد بن قاسم کے پاس آیا کرتی تھی۔ عباسی دور میں اس کا انتظام اور بھی وسیع اور مستحکم ہوا۔ ابن خرداذبہ کی المسالک والممالک اصطخری کی مسالک الممالک مقدسی کی احسن التقاسیم وغیرہ میں سندھ و مکران اور دیگر ہندوستانی شہروں اور علاقوں کی ڈاک کے راستوں کی تفصیلات اور انکی مسافتیں درج ہیں۔ انکو دیکھ کر اندازہ ہوتا ہے کہ اس ملک میں ڈاک کا انتظام نہایت بہتر تھا اور یہ محکمہ نہایت عمدگی اور ذمہ داری سے اپنا فریضہ انجام دیتا تھا۔ ڈاک کے راستے، ڈاک چوکیاں، ڈاکیے نہایت منظم و مستعد رہا کرتے تھے۔

سندھ کی ڈاک کا ذکر ایک واقعے کے ضمن میں یوں آیا ہے کہ ہارون رشید کے زمانہ میں احمد بن عیسیٰ بن زید روپوش تھے۔ اور کبھی کبھی بصرہ اور اہواز میں نظر آجاتے تھے۔ ہارون رشید کو ان کی تلاش ہوئی۔ اور حاکم بحرین ابو الساج، حاکم اہواز خالد بن ازہر اور خالد طرشت کو لکھا کہ تم لوگ برید اصفہان کے افسر کے ساتھ تعاون کر کے احمد بن عیسیٰ کو تلاش کرو۔ خالد طرشت سندھ جانے والی ڈاک کا افسر

---

[1] المحتسب لابن جنی ج ۲ ص ۱۸۴ (مصر)

تھا، اس موقع پر مقاتل الطالبین میں یہ الفاظ ہیں:۔

والیٔ خالد طرشت ۔ وکان علی برید طریق السند ۔[1] خالد طرشت کو لکھا جو کہ سندھ کے راستہ کی ڈاک پر متعین تھا،

یعنی عراق اور سندھ کے درمیان اسی کی ذمہ داری اور انتظام میں ڈاک آتی جاتی تھی۔ ڈاک کے ذریعہ خطوط کے علاوہ سامان اور آدمی بھی آتے جاتے تھے مامون کے زمانہ میں کابل کا راجہ مسلمان ہوا تو عراق سے کابل تک باقاعدہ ڈاک کا سلسلہ جاری ہوا۔ اور شاہِ کابل نے اسی سے مامون کی خدمت میں تازہ ہلیلہ کابلی بھیجا۔ بلاذری نے لکھا ہے:

واتصل ایبھا البرید، فبعث الیہ بالھلیلج غضّ[2] کابل تک برید کا سلسلہ قائم ہوا اور شاہِ کابل نے مامون کی خدمت میں وہاں کا تازہ ہلیلہ بھیجا۔

ازرقی نے تاریخ مکہ میں شاہ کابل کے اسلام لانے اور اس کے تخت کو بیت اللہ لیجانے کے بیان میں لکھا ہے:

ثم اقام البرید من القندھار الی البامیان[3] مامون نے قندھار سے بامیان تک ڈاک کا انتظام کیا۔

برید کے لئے عام طور سے تیز رفتار آدمی اور گھوڑے استعمال کئے جاتے تھے اور بوقتِ ضرورت خصوصی ڈاک کا انتظام کیا جاتا تھا۔

فوج اور فوجی چھاؤنی

عباسی دور میں یہاں کا فوجی نظام بہت مستحکم اور منظم تھا، دار الامارہ منصورہ میں بھاری تعداد میں فوج رہا کرتی تھی۔ اس دور میں رہ رہ کر جگہ جگہ جاٹوں کی شورش اور

[1] مقاتل الطالبین ص ۲۲۵ ۔ [2] فتوح البلدان ص ۴۹۳ [3] اخبار مکہ ازرقی ج ۱ ص ۱۵

مقامی عربوں کی قبائلی جنگ کے ساتھ استیلاء و غلبہ کی کوشش ہوتی رہتی تھی، اس لئے منصورہ کے علاوہ دوسرے علاقوں میں بھی فوجی چھاؤنی ہوتی تھی جس میں بقدر ضرورت فوج اور جنگی سامان رہتا تھا۔ ایک مرتبہ موسیٰ بن کعب تمیمی بغداد سے بیس ہزار فوج لیکر یہاں آیا تھا، ایک بار منصورہ کی فوجوں نے امیر سندھ کے خلاف شورش برپا کرکے سرکاری خزانہ لوٹ لیا تھا۔ محمد بن عدی ثعلبی نے ملتان کے متغلبوں پر فوج کشی کی تو انھوں نے اس کو شکست دے کر تمام فوجی سامان اور اسلحۂ جنگ لوٹ لئے، عمران بن موسیٰ برمکی نے قیقان اور قندابیل کے جاٹوں کی شورش طاقت کے ذریعہ ختم کرکے اس دیار میں بیضا نامی شہر آباد کیا، اُس میں فوج رکھی۔

نظامِ حکومت اور ملکی و شہری قوانین ہندوستان میں عباسی دور میں نظام حکومت کیا تھا، کون کون سے شعبے قائم تھے، اور سرکاری امور و معاملات میں کیا طریقہ کار تھا؟ ان باتوں کے بارے میں معلومات بہت کم ہیں۔ کیوں کہ اس دور کے مؤرخوں نے صرف واقعات و حوادث کی فہرست بیان کی ہے۔ اگر ان کی تفصیل ہوتی تو ضمنی طور سے اس سلسلہ کی باتیں معلوم ہوتیں۔

البتہ یہ مسلّم ہے کہ عہد فاروقی میں جو نظام حکومت پورے عالم اسلام میں جاری تھا۔ اسی پر اموی اور عباسی دور میں عمل ہوتا رہا۔ بعض حالات میں بعض باتوں میں معمولی تبدیلی ہوئی۔ مگر اس سے اصل نظام کی روح پر کوئی زد نہیں پڑی اس لئے یہاں پر عباسی دور میں وہی احکام اور قوانین جاری تھے جن کا نفاذ عہد فاروقی میں ہو چکا تھا۔ نیز خلیفہ ہارون رشید کی فرمائش پر قاضی ابو یوسفؒ نے کتاب الخراج لکھی، جس کو خلیفہ نے خراج، جزیہ، عشر اور دوسرے معاملات میں معمول بہ قرار دیا، یہ کتاب عہد فاروقی کے مالیاتی نظام اور دیگر قوانین کی روشنی میں مرتب کی گئی تھی۔ یہی وجہ ہے کہ اموی اور عباسی دور کے مؤرخوں نے غزوات

وفتوحات اور واقعات وحادثات پر زور خرچ کر کے نظام حکومت سے صرفِ نظر کیا ہے اور اس بحث کو مفروغ عنہ قرار دے کر اس سے تعرض نہیں کیا۔ نیز عباسی دور کے واقعات و حوادث میں اجمال و اختصار کے باوجود بعض امرار کے واقعات میں اس کی جھلک پائی جاتی ہے۔

غزوات وفتوحات کی حیثیت

اموی خلافت ۴۰ھ سے ۱۳۲ھ تک رہی اس مدت میں ہندوستان میں تقریباً اٹھائیس ۲۸ امرار و احکام آئے جنھوں نے یہاں شاندار فتوحات حاصل کیں اور اس ملک میں اسلام اور مسلمانوں کا بول بالا کیا، اور متعدد ناگوار واقعات کے بعد ان کا پورا دور مجموعی حیثیت سے نہایت کامیاب رہا۔ اس کے مقابلہ میں یہاں عباسی خلافت ۱۳۲ھ سے ۲۴۷ھ تک تقریباً ایک سو پندرہ سال قایم رہی اور اس مدت میں یہاں تقریباً بیالیس امرار و حکام آئے مگر وہ اموی فتوحات سے ایک قدم آگے نہیں بڑھ سکے، بلکہ ان کا سارا وقت باہمی آویزش، استیلار و غلبہ کی کوشش، بغاوت و سرکشی اور قبائلی حرب وضرب سے نبٹنے میں گذرا، جس سے مقامی جاٹوں اور ڈاکوؤں نے فائدہ اٹھا کر سرتابی و سرکشی کی راہ اختیار کی، اور ان کی وجہ سے امارت بحر بصرہ کے نام سے ایک نئی امارت حرب قایم کی گئی، اس صورتِ حال کے نتیجہ میں اقدامی قوت مدافعی قوت میں بدل گئی، پھر اس میں بھی اضمحلال پیدا ہوا جس کی وجہ سے خلافت عباسیہ عملاً ختم ہوگئی۔ اور عرب امرار نے یہاں متعدد حکومتیں قایم کرلیں۔

تعجب ہے کہ ہارون رشید جیسے دنیا کے عظیم حکمراں اور معتصم باللہ جیسے اولو العزم خلیفہ کے دور میں بھی یہاں کی باہمی حرب وضرب سے مہلت نہیں ملی کہ جدید فتوحات ہوسکیں۔

جاحظ نے اپنے رسالہ "فضل ہاشم علی عبد شمس" میں بنو امیہ اور بنو ہاشم (بنو عباس)

کی فتوحات کا موازنہ کر کے دونوں کے دعوے نقل کئے ہیں، بنو امیہ کا دعویٰ ہے کہ ہماری عظیم فتوحات میں فارس، خراسان، آرمینیہ، سجستان، افریقہ کے علاوہ حضرت عثمانؓ کے دور کی فتوحات بھی شامل ہیں، نیز ہم میں سے بنو مروان کی فتوحات اسقدر زیادہ اور مشہور ہیں کہ ان کے شمار و شہادت کی حاجت نہیں ہے ہمارے دور خلافت میں مسلمان دنیا کے ان انتہائی مقامات تک پہونچے جہاں تک پہونچنا ممکن تھا۔ اور ان کو سمندر، دریا، خلیج، جھاڑیاں نہ روک سکیں، ہمارے یہاں عظیم فاتحوں میں خراسان میں قتیبہ بن مسلم، افریقہ میں موسیٰ بن نصیر، سندھ و ہند میں محمد بن قاسم ثقفی ہیں، یہ سب ہمارے امرا ہیں اور ان کے کارنامے ہمارے کارنامے ہیں۔

اسکے مقابلے میں بنو ہاشم کا دعویٰ ہے کہ ہمارے دور میں خلیفہ معتصم کی فتوحات کا شہرہ دور دور تک ہے انکی مثال نہیں لائی جا سکتی، نیز ہمارے یہاں ہارون رشید کی فتوحات ہیں جن میں قابل فخر کارنامہ بابک خرمی کا قتل ہے جس کا فتنہ تیس سال سے زائد تک عالم اسلام میں برپا رہا[1]

جاحظ کے اس فرضی مباحثہ سے ہٹ کر واقعات و حقائق کو دیکھا جائے تو... بنو امیہ کی فتوحات کے مقابلہ میں بنو عباسیہ کی فتوحات بالکل ہیچ نظر آتی ہیں، یہ کون فخر کی بات ہے کہ ہارون رشید کے عظیم کارناموں میں بابک خرمی کا استیصال شامل کیا جائے اور عباسی خلافت کی اس کمزوری کو نظر انداز کر دیا جائے کہ اس کے عین دور شباب میں ایک فتنہ تیس سال تک عالم اسلام میں زندہ رہ کر اپنا زہر پھیلاتا رہا۔

مسعودی نے کتاب التنبیہ والاشراف میں معتصم کے بارے میں لکھا ہے کہ اس کی آٹھ عظیم فتوحات ہیں جن میں ایک فارس و عمان کے سواحل اور بصرہ کے اطراف سے ہندوستان کے بحری ڈاکوؤں اور لٹیروں کا استیصال، اور دوسری بصرہ

[1] رسائل جاحظ، کتاب فضل ہاشم علی عبد شمس ص ۹۳ و ص ۹۴ و ص ۱۰۶،

اور واسط کے درمیانی علاقہ سے متمرد اور سرکش جاٹوں کا انخلار ہے جو وہاں طاقت جمع کر کے خلافت سے مقابلہ کر رہے تھے، اور طرح طرح سے لوٹ مار اور قتل وغارت میں پیش پیش تھے۔[1]

حالاں کہ یہ بھی کمزوری کی بات ہے کہ مرکز خلافت بغداد کے سامنے ان معمولی معمولی جماعتوں نے اس قدر زور پکڑ لیا کہ ان کی تادیب عظیم کارنامہ بن گیا۔ اسی انداز فکر پر ہندوستان سے مغلبوں کا خاتمہ اور یہاں کے شورش پسندوں کے مقابلہ میں فتحیابی کو عظیم فتوحات خیال کیا گیا۔ اور اس سے آگے سوچنے کی بات نہیں ہوئی۔

یقیناً اس دور میں یہاں کے بعض امرار نے شاندار فتوحات کیں، اور مرکز بغداد سے بھی مہمات آکر کامیاب ہوئیں، بعض راجوں سے مقابلہ ہوا، مگر یہ کام اموی دور کے مفتوحہ علاقوں میں غدر و بے وفائی اور بغاوت و سرکشی کے نتیجہ میں ہوا۔ اور یہ ان کو دوبارہ واپس لانے کی کوشش تھی۔ اس اقدام کا تعلق نئی فتوحات سے نہیں تھا، بلکہ یہ دفاعی مہمات تھیں۔

عُشر، خراج اور جزیہ

عباسی دور میں یہاں عُشر، خراج، جزیہ اور آراضی و املاک کے وہی قوانین جاری تھے جو اموی دور میں نافذ تھے، اور سیکڑوں سال سے ان پر عمل درآمد ہو رہا تھا، یعنی مسلمان اپنی زمین اور جائداد کا عُشر ادا کرتے تھے۔ اور غیر مسلم خراج اور جزیہ دیتے تھے، یا پھر جن شرائط پر انھوں نے معاہدہ و مصالحت کی کرائی تھی، ان کے مطابق عمل ہوتا تھا، جیسا کہ اس کی تفصیل "خلافت امویہ اور ہندوستان" میں گذر چکی ہے۔

غیر مسلم رعایا میں ذمی اور غیر ذمی

ہماری تحقیق میں عباسی دور میں یہاں کے غیر مسلم طبقہ میں کچھ ذمی رہ کر خراج اور جزیہ ادا کرتے

---

[1] کتاب التنبیہ والاشراف ص ۳۵۵۔

تھے۔ اور اکثریت صلح و معاہدہ کر کے آزاد تھی۔ معلوم ہو چکا ہے کہ اس دور میں غیر مسلموں میں سابقہ عہد و پیمان سے انحراف اور بد عہدی و سرتابی کی ہوا چل پڑی تھی خاص طور سے جالٹوں اور ڈاکوؤں نے ہر جگہ بغاوت و سرکشی پھیلا رکھی تھی۔ جن کو زیر کرنے کے لئے عباسی امرار کو بار بار طاقت استعمال کرنی پڑتی تھی، ان میں جو بغاوت و شرارت سے باز نہیں آتے تھے ان کو جان سے ہاتھ دھونا پڑتا تھا یا پھر وہ قہراً مغلوب کئے جاتے تھے۔ اور ان پر ذمیوں کے احکام جاری ہوتے تھے، جیسا کہ معتصم کے زمانہ میں عمران بن موسیٰ نے سندھ کے باغی جالٹوں کو گرفتار کر کے ذلت و حقارت کا معاملہ کیا، ان کے ہاتھوں پر مہر لگائی، ان سے جزیہ وصول کیا اور حکم دیا کہ جو جاٹ ہمارے سامنے آئے اس کے ساتھ ایک کتا ہونا چاہیئے۔ بلاذری نے لکھا ہے:

وعسکر عمران علی نھر الور وثم نادی الزط الذین بحضرته فالوه فختم ایدیھم، واخذ الجزیة منھم، وامرھم بان یکون مع کل رجل منھم اذا اعترض علیه کلب۔[1]

عمران نے دریائے الور پر پڑاؤ ڈال کر جالٹوں کو بلایا اور ان کے ہاتھوں پر مہر لگائی اور ان سے جزیہ وصول کیا، اور حکم دیا کہ ان میں سے جو شخص ہمارے سامنے آئے اس کے ساتھ ایک کتا ہونا چاہیئے۔

اس طرح جن غیر مسلم باغیوں کو قہراً و عنوۃً زیر کیا گیا وہ ذمی قرار پائے اور ان سے خراج اور جزیہ کی رقم وصول کی گئی۔ ان کے متعلق مقدسی بشاری نے لکھا ہے:

غیران ذمته مشرکون۔[2]

سندھ کے ذمی مشرک ہیں۔

اور جن شورش پسندوں نے تادیب و سرزنش سے پہلے ہی معاہدہ و مصالحت کی روش اختیار کی اور طرفین سے طے شدہ شرائط کو مان کر ان پر عمل درآمد کیا گیا

---

[1] فتوح البلدان ص ۴۳۲، [2] احسن التقاسیم ص ۴۷۴۔

نہ ان سے خراج و جزیہ وصول کیا گیا اور نہ شرائط کے علاوہ کوئی زیادتی کی گئی۔
مقدسی بشاری نے سندھ کے عام غیر مسلموں کو اسی طبقہ میں بتایا ہے:

واما عبدۃ الاصنام بالسند فلیسوا بذمۃ، الاتری انھم لا یؤدون الجزیۃ[1] — سندھ کے بت پرست ذمّی نہیں ہیں، تم دیکھ رہے ہو کہ وہ جزیہ ادا نہیں کرتے۔

یہ وہی غیر مسلم ہیں جنھوں نے اپنے معاملات کو صلح و مصالحت کے ذریعے طے کر لیا تھا۔ اور اپنے قول و قرار کی پوری پابندی کی تھی۔

ذمّی اسلامی فوج میں

جو غیر مسلم خراج و جزیہ دے کر اسلامی قلمرو میں امن و امان سے رہتے تھے ان کو ہر قسم کے ملکی اور شہری حقوق حاصل تھے، ان کے جان و مال اور عزت و آبرو کی حفاظت کی جاتی تھی۔ اور ان پر پورے طور سے اعتماد کیا جاتا تھا۔ حتیٰ کہ ان کو اسلامی فوج میں جگہ دی جاتی تھی۔ دنیا جانتی ہے کہ کسی قوم یا جماعت کو فوج میں رکھنا اس پر انتہائی اعتماد و اطمینان کی بات ہے، مسلمانوں نے یہاں کے ذمیوں کو فوجی ملازمت میں رکھ کر ان سے کام لیا اور ان پر بھروسہ کیا، چنانچہ وہی جاٹ جنھوں نے بغاوت کر کے اسلامی فوج سے مقابلہ کیا تھا، ہزیمت کے بعد اسلامی فوج میں لے گئے اور سید قوم کے خلاف فوج کشی میں انھوں نے حصہ لیا، اس کی ایک مثال عمران بن موسیٰ کے دور امارت میں ملتی ہے۔ بلاذری کا بیان ہے:

ثم غزا السید ومعہ وجوہ الزط،[2] — عمران نے سید قوم سے جنگ کی، اس وقت اس کے ساتھ نامی گرامی جاٹ تھے۔

اسی طرح دوسرے امرا نے بوقت ضرورت یہاں کے غیر مسلموں کو فوج میں رکھا اور ان سے کام لیا،

---

[1] حاشیہ احسن التقاسیم ص ۴۷۲۔ [2] فتوح البلدان ص ۴۳۲۔

عباسیہ اور کرمینیہ فوج میں ہندی سپاہی

ہندوستانیوں کو صرف یہیں کی فوج میں نہیں رکھا جاتا تھا بلکہ خلافت کی خاص فوج میں بھی ان کو بھرتی کیا جاتا تھا جہاں رہ کر وہ اپنی شمشیر زنی کے جوہر دکھاتے تھے۔

ہارون رشید کے زمانہ میں فضل بن یحییٰ نے ۱۷۸ھ میں خراسان میں شاندار کارنامے انجام دیے۔ سرائیں اور مسجدیں بنوائیں اور ماوراء النہر میں جہاد کیا اسی زمانہ میں اس نے اہل عجم کی ایک فوج تیار کر کے اس کا نام عباسیہ رکھا، اس میں تقریباً پانچ لاکھ سپاہی تھے جن میں عجم کے دیگر ممالک کی طرح ہندوستان کے سپاہی بھی تھے۔ اس میں سے بیس ہزار فوج بغداد روانہ کی، جہاں اس کو کرمینیہ کے نام سے یاد کیا جاتا تھا۔ اس موقع پر مروان بن ابو حفصہ نے ایک قصیدہ کہا تھا۔ جس میں یہ اشعار بھی تھے ؎

ما الفضل الا شهاب لا افول له عند الحروب اذا ما تافل الشهب

فضل بن یحییٰ ایسا شعلہ ہے جو لڑائی میں بجھتا نہیں جب کہ بہت سے شعلے بجھ جاتے ہیں۔

و یعطی الغنی حین یعطی الجواد، ولا ینبو اذا سلت الهندیة القضب[1]

جس وقت سخی مال تقسیم کرتا ہے وہ مال غنیمت تقسیم کرتا ہے۔ اور ہندوستان کی شمشیر برّان جب کھینچ جاتی ہے تو مڑتی نہیں۔ عباسی دور میں بغداد کے اطراف میں زنجیوں نے بڑی تباہی مچا رکھی تھی اور کئی علاقے دبا لیے تھے۔ ان کا فوجی امیر نصر سندی تھا جو خلافت کے دشمنوں کا ساتھ دیتا تھا۔

مذہبی آزادی

عباسی خلفاء اور امراء اپنی وسیع المشربی اور رواداری میں بہت آگے تھے۔ ان کے دور میں تمام ادیان و مذاہب اپنی تبلیغ و

---

[1] البدایہ والنہایہ ج ۱۰ ص ۱۷۲۔

واشاعت میں آزاد تھے۔ دار الخلافہ بغداد گویا مذہبی و فکری اکھاڑہ تھا جس میں مسلمانوں کے مختلف فرقوں کے سورما ہی نہیں دوسرے مذاہب کے پہلوان بھی لنگوٹ کس کر اترتے تھے حتیٰ کہ دربار خلافت میں ان کے مناظروں کی مجلسیں برپا ہوتی تھیں، ہندوستان کے حکمار، و فلاسفہ اور اطبار علانیہ اپنے مذہب کا پروپیگنڈا کرتے تھے، خاص طور سے فرقہ سمنیہ (بدھ مذہب) کے افکار و خیالات بغداد و بصرہ تک کام کر رہے تھے، چنانچہ اسی زمانہ میں بصرہ کا ایک ازدی باشندہ سمنیت سے متاثر ہوا تھا[1] نیز اسی فرقہ کے تاجروں نے ہندوستان سے بلخ و سمرقند جاتے ہوئے دریائے زابل پر فرقہ جہمیہ کے بانی جہم بن صفوان سے اللہ تعالیٰ کے بارے میں سوالات کئے تھے اور وہ ان کا جواب نہیں دے سکا تھا۔ جہم بن صفوان اس زمانے میں دریائے زابل پر ٹیکس وصول کرتا تھا[2]

اس دور میں بامیان اور ملتان کے قدیم اور مشہور بت خانوں کے علاوہ دوسرے علاقوں کے بت خانے اپنے پجاری سے آباد رہا کرتے تھے، اور ان کے مذہبی رسوم میں کسی قسم کی رکاوٹ نہیں ہوتی تھی۔ عباسی دور کے ہندوستان میں کوئی ایسی مثال نہیں ملتی ہے جس میں غیر مسلموں پر مذہب کے بارے میں جبر و اکراہ سے کام لیا گیا ہو یا ان پر بے جا دباؤ ڈالا گیا ہو، ذمّی اپنے حقوق سے مستفید ہو رہے تھے اور معاہد اپنے شرائط کی رو سے آزاد اور مگن تھے۔

اسلام اور مسلمانوں کے بارے میں اہل ہند کے جو پاکیزہ خیالات اور عقیدت و محبت کے جذبات تھے اگر ان کی قدر کرتے ہوئے خلوص و محبت کے ساتھ ان کو اسلام کی دعوت دی جاتی تو وہ بڑے انشراح اور خوشی سے قبول کر لیتے اور انکو دین و ایمان کی دولت مل جاتی، مگر افسوس کہ خلفار اور امرار نے اس کی طرف

---

[1] الاغانی ج ۳ ص ۲۴۔ [2] رجال السند و الہند ص ۱۸۵۔

مطلق توجہ نہیں کی، صرف خلیفہ مہدی نے بلادِ عجم (بشمول سندھ و ہند) کے راجوں مہاراجوں کے پاس اپنے قاصد بھیج کر صلح و اطاعت کی دعوت دی، جس پر کئی ایک نے لبیک کہا مگر اس دعوت و اجابت کی حیثیت مذہبی سے زیادہ سیاسی تھی۔

راجوں مہاراجوں کا برضا و رغبت قبول اسلام

اسلام کی دعوت و تبلیغ کی طرف سے بے توجہی اور بے اعتنائی کے باوجود یہاں کے کئی نامی گرامی اور خاندانی راجے مہاراجے برضا و رغبت حلقہ بگوش اسلام ہوئے، جس سے معلوم ہوتا ہے کہ اگر دعوت کا کام ہوا ہوتا تو یہاں اسلام کو بڑی سرسبز و شاداب زمین ملی ہوتی۔

ابو جعفر منصور کے دور خلافت میں بامیان کے ایک راجہ شیر بامیان نامی مزاحم بن بسطام کے ہاتھ پر مسلمان ہوا۔ اور مزاحم نے اس کی بیٹی کی شادی اپنے بیٹے محمد سے کر دی تھی[1]

خلیفہ مہدی کی دعوت پر جو بادشاہ مسلمان ہوئے، ان میں راجہ رتبیل، شیر بامیان سندھ کا رائے، اور ہندوستان کا مہراج پورس بھی تھا[2]

مامون کے زمانہ میں بامیان کے رتبیل نے مسلمان ہو کر خلیفہ کی خدمت میں ہدیہ بھیجا اور اس کے علاقہ سے بغداد تک ڈاک کا سلسلہ شروع ہوا[3]

نیز اسی زمانہ میں تبت کے راجہ نے اسلام قبول کر کے کعبہ کے لئے نہایت بیش قیمت نذرانہ پیش کیا، جس کی نمائش مکہ مکرمہ میں کئی دن تک ہوتی رہی[4]

معتصم کے دور خلافت میں کشمیر اور ملتان کے درمیان عسیفان نامی علاقہ کے راجہ نے ایک واقعہ سے متاثر ہو کر اپنے یہاں کے مسلمان تاجروں کو دربار میں

---

[1] کتاب البلدان ص ۲۸۹، [2] تاریخ یعقوبی ج ۳ ص ۴۷۹، [3] فتوح البلدان ص ۳۹۳
[4] اخبار مکہ ازرقی ج ۱ ص ۴۸۔

بلایا، جنھوں نے اس کے سامنے توحید پیش کی اور وہ برضاء ورغبت مسلمان ہو کر موحد بن گیا۔[1]

اور جن راجوں نے اسلام قبول نہیں کیا، انھوں نے عباسی خلفاء و امراء سے اپنے تعلقات نہایت خوشگوار اور استوار رکھے۔ ان کی خدمت میں گراں قدر اور نادر اور نایاب تحائف روانہ کئے، اور صلح و صفائی کا معاملہ رکھا۔ اس دور میں صرف دو راجوں سے عباسی امراء کی جنگ ہوئی۔ ایک نے خلافت کے مخالف عبداللہ الاشتر اور ان کے ساتھیوں کو پناہ دی تھی اور دوسرے نے عباسی امیر کے ساتھ ذلت آمیز سلوک کر کے لکھا تھا کہ دوسرے راجوں کی طرح تم بھی میری فوج میں حاضری دو۔

ہندی حکماء و اطباء اور فلاسفہ کا برضاء ورغبت قبولِ اسلام

یہاں کے کئی حکماء و فلاسفہ اور اطباء بھی برضاء ورغبت بحث و تحقیق کے بعد اسلام لائے، خاص طور سے ان میں سے جو بغداد گئے اور بیت الحکمت یا بیمارستان سے متعلق رہے، تقریباً وہ سب مسلمان ہو گئے تھے، منکہ ہندی یہاں کے نامی گرامی اطباء میں تھا اور بغداد میں اسحاق بن سلیمان ہاشمی کی زیر نگرانی ہندی کتابوں کا عربی میں ترجمہ کرتا تھا۔ اس کے بارے میں جاحظ نے کتاب الحیوان میں تصریح کی ہے:

وکان منکہ الطبیب الھندی صحیح الاسلام بعد المناظرۃ والاستقصاء والتثبت، — منکہ ہندی طبیب بحث و تحقیق اور مناظرہ کے بعد سچا مسلمان بن گیا تھا۔

اس کے بعد لکھا ہے کہ ایک مرتبہ منکہ ہندی کی موجودگی میں ایک شخص نے یہ آیت پڑھی:۔ اَفَلَا یَنْظُرُوْنَ اِلَی الْاِبِلِ کَیْفَ خُلِقَتْ:۔ ایک جاہل نے

---

[1] فتوح البلدان ص ۴۳۳۔

اسے سن کر کہا کہ فکیف لو رای الفیل (اگر ہاتھی دیکھتا تو کیا ہوتا) اس پر لوگوں نے اس کو سخت سست کہنا شروع کیا، اس پر منکہ نے ان سے کہا کہ اس کو فضیحت نہ کرو کیونکہ ہاتھی کی خلقت واقعی قابل تعجب ہے، لوگوں نے کہا یہ بات ہے تو اللہ تعالیٰ نے اونٹ کے بجائے ہاتھی کی مثال کیوں نہیں دی، منکہ نے جواب دیا کہ اللہ تعالیٰ نے سب سے پہلے عربوں کو مخاطب بنایا ہے۔ ان کی زبان تمام زبانوں پر حجت ہے اس سے ترجمہ ہونے کے بعد دوسری قومیں مخاطب ہوں گی، اور عربوں کے واسطہ سے دوسری قوموں کو خطاب کیا گیا ہے۔ اور جس چیز کو عربوں نے نہ دیکھا ہے نہ ہی اس سورہ کے نزول کے وقت کوئی ایسا شخص موجود تھا جس نے حبشہ والوں کے ہاتھی دیکھے ہوں، پس ایسی صورت میں اس سے کس طرح تعجب کیا کرایا جا سکتا ہے۔ اس کے علاوہ جس وقت مکہ میں ہاتھی آیا تھا وہاں عبدالمطلب چند لوگوں کے ساتھ رہ گئے تھے اور تمام باشندے مکہ چھوڑ کر باہر چلے گئے تھے[1]

اس واقعہ سے منکہ ہندی کے صحیح الاسلام اور اسلامی المفکر ہونے کا اندازہ ہو سکتا ہے۔

بھلہ ہندی۔ یہاں کا مشورہ طبیب تھا، اس کو یحییٰ بن خالد برمکی نے بغداد بلا کر بیت الحکمہ میں رکھا تھا، اس کا بیٹا صالح بن بھلہ، ہارون رشید کے مقربین میں تھا، اور اس کا بیٹا حسن بن صالح بن بھلہ بھی بغداد کے اطبار میں تھا۔ یہ سب کے سب مسلمان تھے۔

یحییٰ بن خالد برمکی کی دعوت پر ہندی اطبار میں سے بازیگر، قلبرقل، ابن دھن خاطف ہندی رومی وغیرہ بغداد گئے اور بیت الحکمۃ اور بیمارستان کے ذمہ دار ہوئے غالب گمان ہے کہ ایسے تمام ہندی ارباب علم وفن بحث وتحقیق کے بعد حلقہ بگوش

---

[1] کتاب الحیوان ج ۷، ص ۶۵۸۔

اسلام ہو گئے تھے۔

رفاہِ عام کے کام اور ملکی خدمات

یہاں کے عباسی امرا کا زیادہ وقت مقامی حالات سے نبٹنے میں صرف ہوا، اور انھوں نے اس میں پوری توجہ سے کام لیا، ساتھ ہی رفاہ عام کے کام اور ملکی تعمیرات و ترقیات میں ان کو دلچسپی رہی، اور دوسرے اسلامی ملکوں کی طرح اس ملک میں بھی اس سلسلہ میں بہت سے کام انجام پائے، عباسی خلفا میں معتصم تعمیرات کا بڑا شیدائی تھا، اس کے دور میں پورے قلمرو میں بہت زیادہ تعمیری کارنامے انجام پائے، جن کی جھلک ہندوستان میں بھی نظر آئی سندھ و مکران کے امرا و عمال نے امن و امان کی بحالی و عدل و انصاف کی فراوانی کے ساتھ نئے شہروں کی تعمیر، پرانے شہروں کی مرمت، سڑکوں، راستوں، پلوں، بندوں، مہمان خانوں کی تعمیر و مرمت کی، تکثیر زراعت کے اسباب اور وسائل پیدا کئے، اور وہ سب کچھ کیا جو اپنے دور کی سب سے زیادہ ترقی یافتہ حکومت کر سکتی ہے۔

امن و امان

جس حکومت میں لوگوں کو امن و انصاف اور کھانے پینے کو ملے وہ نہایت کامیاب، نیک نام اور خوش نصیب حکومت ہے عباسی عہد کے ہندوستان کو یہ چیزیں پورے طور سے حاصل تھیں، یہاں کے امرا و حکام نے امن و امان کی بحالی میں پورا وقت خرچ کیا، سمندری ڈاکوؤں سے بار بار جنگ کر کے عالمی تجارتی شاہراہ کو پر امن بنایا۔ اور خشک و تر کو ان کی لوٹ مار سے مامون و محفوظ کیا، جاٹوں کی شورش اور یلغار سے پورا ملک پر خطر رہا کرتا تھا، ان کی طاقت توڑی اور یہاں کے عربوں کی عصبیت و بغاوت کی وجہ سے جو عام بے اطمینانی اور خوف و ہراس کی کیفیت تھی اس کے فرو کرنے میں کوئی دقیقہ اٹھا نہیں رکھا۔ پورے عباسی دور میں ایک مثال بھی ایسی نہیں ملتی

جس میں یہاں کے کسی امیر نے ظلم و زیادتی کی ہو۔ زمانہ جنگ کے ہنگامی حالات میں اگر کہیں کوئی زیادتی نظر آتی ہے تو وہ حربی سیاست کا نتیجہ ہے، اُسے ملکی سیاست میں شمار نہیں کیا جا سکتا۔

عدل و انصاف

عدل و انصاف روز اول سے مسلمانوں کا طرۂ امتیاز رہا ہے اور مجموعی طور سے اس بارے میں مسلمانوں نے دنیا کی تمام اگلی پچھلی قوموں کو پیچھے چھوڑ دیا ہے۔ سندھ کے عباسی امرار نے عدل و انصاف میں حتی الامکان نہ کمی کی اور نہ ہی کسی کے ساتھ ظلم و زیادتی کی۔ اس سلسلے میں اپنے اور بیگانے برابر تھے۔ یہی وجہ ہے کہ یہاں کے غیر مسلم عوام و خواص ان کے فیصلوں کو بے چون وچرا تسلیم کرتے تھے۔ خلفا کی طرف سے مقامی امرار کو سخت تاکید رہا کرتی تھی کہ وہ ہمیشہ انصاف کو مدنظر رکھیں اور کسی حال میں بھی ظلم و زیادتی نہ کریں جیسا کہ معلوم ہو چکا ہے، ایک مرتبہ امیر سندھ عیینہ بن موسیٰ تمیمی کی فوج نے اسکے خلاف بغاوت کر دی تھی تو خلیفہ ابو جعفر منصور نے اس کو لکھا:

لو عدلت لم یشغبوا، ولو وفیت لم ینهبوا۔ [1]

اگر تم انصاف کرتے تو وہ ہنگامہ نہ کرتے اور اگر تم وعدہ پورا کرتے تو وہ لوٹ نہ مچاتے۔

پورے عباسی دور میں کوئی ایسا واقعہ نہیں ملتا ہے جس سے امرار حکام کی طرف سے بیجا ظلم و زیادتی اور ناانصافی معلوم ہو۔ سرکشوں، باغیوں اور فتنہ پروروں کی سرکوبی اور سرزنش کے سلسلہ میں جو کچھ ہوا اس کا نام تادیب و سیاست ہے اور یہ کام امن و امان اور عدل و انصاف کے اعادہ و بحالی کے لئے ضروری تھا۔

تعمیرات

ہندوستان میں عباسی دور میں متعدد تعمیرات ہوئیں، جن میں نئے شہر کی تعمیر اور پرانے شہر کی مرمت کے علاوہ مسجدوں کی تعمیر و توسیع

---

[1] العقد الفرید ج ۴ ص ۲۱۲۔

نہر کا اجراء اور بند کا باندھنا شامل ہے۔

منصورہ کی مرمت اور جامع مسجد کی توسیع

تعمیرات کے سلسلہ میں سب سے پہلے ابو العباس سفاح کے دور خلافت میں اس کے دوسرے امیر موسیٰ بن کعب تمیمی نے شہر منصورہ کی مرمت کی اور ان کی جامع مسجد کو وسیع کیا، بلاذری نے لکھا ہے:

وولی موسی السند فرمّ المنصورۃ وزاد فی مسجدھا۔ [1]	موسیٰ بن کعب نے ولایت سندھ کے زمانہ میں منصورہ کی مرمت کرائی اور وہاں کی جامع کو وسیع کیا۔

منصور بن جمہور کے دور استیلاء میں عباسی امراء سے جنگ و مقابلہ میں منصورہ تباہ ہو گیا تھا، اس لئے اس پر عباسی قبضہ ہوتے ہی تعمیر و مرمت کا انتظام کیا گیا۔

منصورہ کی مرمت اور وہاں کی جامع مسجد کی توسیع کے سلسلہ میں پاکستان کے محکمہ آثار قدیمہ کا یہ بیان دلچسپ اور پُر از معلومات ہے کہ منصورہ کی کھدائی کے دوران ایک عالیشان مسجد کے آثار دریافت ہوئے ہیں اور اس سے کچھ فاصلے پر ایک مندر کے آثار بھی ملے ہیں۔ مسجد اتنی وسیع تھی کہ اس میں پانچ ہزار نمازیوں کی گنجائش تھی، ستون ساگوان کے تھے۔ دو بڑے گنبد اور متعدد مینار تھے۔ مسجد کے ملبہ سے قرآن حکیم کے دو نسخے ملے ہیں جو خط نسخ میں ہیں۔ اور پتھر پر کندہ قرآنی آیات بھی ملی ہیں جو خط کوفی میں ہیں۔ نیز مسجد کے ملبہ سے چراغوں کے ٹکڑے، لوہے کی میخیں اور مختلف رنگ و روغن کی تختیاں اور دیگر اشیاء دستیاب ہوئی ہیں۔

شہر منصورہ کی ایک کشادہ سڑک کا سراغ ملا ہے جو دو سو فٹ چوڑی تھی، جسکے دونوں جانب مکانات تھے مگر اب وہ کھنڈر ہو چکے ہیں۔ اس میں صنعت، تجارت اور

---

[1] فتوح البلدان ص ۴۳۱۔

دیگر معاشی شعبوں کے لئے جدا جدا مقامات بنائے گئے تھے، اور اس کی تعمیر منصوبہ کے ماتحت ہوئی تھی۔ واضح ہو کہ بعد میں منصورہ دولت ھبّاریہ کا دارالسلطنت بنا۔ جو خالص دینی اور ترقی یافتہ حکومت تھی، اس کے دور میں بھی یہاں کافی تعمیری کام ہوئے ہیں۔

گندھارا میں مسجد کی تعمیر

ابوجعفر منصور کے زمانہ میں ہشام بن عمرو تغلبی نے یہاں شاندار خدمات انجام دیں جن میں تعمیری کارنامے بھی شامل ہیں۔ اس نے گندھارا (گجرات) کے بحری ڈاکوؤں کو طاقت کے ذریعہ زیر کرکے ان کی پناہ گاہ کو جو بت خانہ کی شکل میں تھی مسجد میں تبدیل کیا، یعقوبی کا بیان ہے:

ففتحها، وسبیٰ، وهدم البدا، وبنی موضعه مسجداً [1]

اس نے گندھارا فتح کرکے جنگ باز طلب کو قید کیا اور بت خانہ کی جگہ مسجد بنائی۔

شہر بیضار کی تعمیر

مامون کے دور میں عمران بن موسیٰ برمکی نے قیقان و قندابیل کے جاٹوں کی شورش ختم کرکے اس علاقہ میں بیضار نامی ایک شہر بسایا اور اس میں فوج رکھی، بلاذری کا بیان ہے۔

وبنی مدینة سماها البیضاء واسکنها الجند۔ [2]

عمران نے بیضار شہر تعمیر کرکے اس میں فوج رکھی۔

میدبانڈھ کی تعمیر

اس زمانہ میں عمران بن موسیٰ نے یہاں کے مید ڈاکوؤں کو طاقت کے ذریعہ ختم کیا اور دریائے سندھ کے سامنے ان ہی کے نام پر سکرّ المید (میدبند) باندھا، بلاذری نے لکھا ہے:

وسکر سکراً یعرف بسکر المید۔ [3]

عمران نے ایک بند باندھا جو میدبند کے نام سے مشہور ہے۔

---

[1] تاریخ یعقوبی ج ۲ ص ۴۴۴، [2] و [3] فتوح البلدان ص ۴۳۲۔

غالباً اس کا مقصد اس پار کی زمین کو کار آمد بنانا تھا۔ سندھ کا مشہور شہر سکھر اسی سکرالمید کی بگڑی ہوئی شکل تو نہیں ہے؟

نہر کا اجراء

نیز عمران نے ڈاکوؤں کو رام کرنے کے لئے سمندر سے کھاری پانی کی ایک لمبی چوڑی نہر جاری کی اور ان کے علاقوں میں گذارا جس سے ان کا پانی کھاری ہو گیا اور وہ اس طرح رام ہو سکے۔

فحفر من البحر نهراً اجراه فی بطیحهم حتی ملح ماء هم وشن الغارات علیهم۔[1]

عمران نے سمندر سے ایک نہر نکال کر جاٹوں کے علاقہ میں جاری کی جس سے ان کا پانی کھاری ہو گیا، اور ان پر پے در پے حملہ کر کے فتح پائی۔

دیبل کی مرمت اور جیل خانہ کی تعمیر

سندھ کا مشہور شہر دیبل عربوں کے غلبہ اور عباسی امراء کی تاجرانہ کارروائی کی وجہ سے قابل مرمت ہو گیا تھا۔ اس لئے معتصم باللہ کے زمانہ میں امیر سندھ عنبسہ بن اسحاق ضبی نے اس کی مرمت کرائی اور وہاں کے بت خانہ کے مینارہ کے بالائی حصہ کو توڑ کر اس میں جیل خانہ بنوایا:

وان عنبسة بن اسحاق الضبی العامل کان علی السند فی خلافة المعتصم باللہ رحمہ اللہ، هدم اعلی تلك المنارة وجعل فیها سجناً وابتدأ فی مرمة المدینة بما نقض من حجارة تلك المنارة فعزل قبل استتمام ذلك۔[2]

عنبسہ بن اسحاق ضبی عاملِ معتصم نے ان کے بت خانہ کے منارہ کے بالائی حصہ کو گرا کر اس میں جیل خانہ بنوایا۔ اور اس کے پتھروں سے شہر دیبل کی مرمت شروع کی، مگر تکمیل سے پہلے ہی معزول ہو گیا۔

اس طرح عباسی امراء نے یہاں دوسرے بہت سے تعمیری کام کئے ہیں۔

---

[1] فتوح البلدان ص ۴۲۳ [2] ایضاً ص ۴۲۵۔

جن میں خانات یعنی سرائیں اور مسافر خانے بھی شامل ہیں۔

سرائیں اور مہمان خانے

سراؤں اور مہمان خانوں کو مسلمانوں کی تمدنی زندگی میں بڑی اہمیت حاصل تھی۔ جن میں تاجر مہمان مسافر اور مجاہدین قیام کرتے تھے اور ان کے لیے ہر قسم کی آسانی مہیا رہتی تھی۔ خلافت کے علاوہ ارباب دولت اور صاحب حیثیت لوگ اجر و ثواب کی نیت سے سرائیں اور خانات بنواتے تھے اور ان کے لئے بڑے بڑے اوقاف تھے۔

ابن حوقل نے لکھا ہے کہ سجستان، کرمان، فارس، خوزستان، رے، اصفہان، جبال، طبرستان، جزیرہ، آذربیجان، عراق، حجاز، یمن، شام، مصر اور مغرب کے ہر بڑے شہر میں ایسے مکانات اور رباطیں تھیں جن میں مسافروں کے علاوہ مجاہدین و مرابطین قیام کرتے تھے اور ان کے جملہ اخراجات کا انتظام امراء و سلاطین اور دولتمندوں کی طرف سے ثواب سمجھ کر کیا جاتا تھا۔ لوگ ان پر جائداد، غلہ، اور کھیت وغیرہ وقف کرتے تھے، ان میں چھوٹے بڑے کمرے، غسل خانے اور ضروریات کی دوسری چیزیں ہر وقت مہیا رہتی تھیں [1]

اصطخری کا بیان ہے کہ سجستان، کرمان، فارس، جبال، خوزستان، عراق، حجاز، یمن، شام کے ہر بڑے شہر میں طرسوس والوں کے ایسے مکانات ہیں جن میں وہیں کے تاجر اور مسافر قیام کرتے ہیں [2] اموی دور میں حضرت عمر بن عبد العزیز نے خراسان کے راستوں میں سرائیں اور مسافر خانے تعمیر کرائے تھے [3] مکران اور منصورہ کے درمیان سرائے خلف نامی ایک مقام تھا [4] جو غالباً ابتدا میں سرائے تھا۔ اور بعد میں یہاں آبادی ہوگئی تھی۔ عباسی دور میں بھی سندھ و مکران میں

---

[1] صورۃ الارض ص ۱۸۴۔ [2] مسالک الممالک ص ۶۴۔ [3] طبقات ابن سعد ج ۵ ص ۲۴۵۔
[4] المسالک والممالک ص ۵۵۔

متعدد خانات اور سرائیں تھیں جن میں عالم اسلام کے تاجر اور مسافر قیام کرتے تھے اور ان کے آرام و راحت کے جملہ انتظامات مفت مہیا رہتے تھے۔ یہ خانات اس قدر لمبے چوڑے اور اکھم ہوا کرتے تھے کہ قلعہ معلوم ہوتے تھے اور ان میں قیام کرنے والے ہر قسم کے خطرات سے محفوظ رہتے تھے۔

عباسی دور میں ہندوستان میں متعدد خانات اور مہمان خانے تعمیر ہوئے، ابو جعفر منصور کے زمانہ میں عبداللہ الاشتر اور ان کے ساتھیوں نے ابتدا میں یہاں کے ان ہی خانات میں قیام کیا تھا، ان کے ایک ہمراہی عیسیٰ بن عبداللہ کا بیان ہے کہ ہم لوگ بصرہ سے نکل کر سندھ کی طرف روانہ ہوئے اور راستہ میں ایک سرائے میں ٹھہرے:

فلما کان بیننا و بینها ایام نزلنا خاناً فکتب فیه۔	جب سندھ چند دن کی دوری پر رہ گیا تو ہم ایک سرائے میں اترے۔ اور وہیں عبداللہ الاشتر نے چند اشعار لکھے۔

یہ قافلہ منصورہ آنے کے بعد قندھار گیا اور وہاں بھی ایک سرائے میں ٹھہرا جو قلعہ معلوم ہوتی تھی۔ اور ہر اعتبار سے محفوظ و مامون تھی۔ عیسیٰ بن عبداللہ کا بیان ہے:

فاحللته قلعةً لا یروعها رائم ولا یطوف بها طائر۔	میں نے ان کو ایسے قلعہ میں اتارا جس کے پاس نہ کوئی پھٹک سکتا تھا اور نہ پر مار سکتا تھا۔

اسی کا بیان ہے کہ میں عبداللہ الاشتر کے صاحبزادے محمد کے ساتھ اسی سرائے میں روپوش رہا حتیٰ کہ ابو جعفر منصور کا انتقال ہو گیا اور مہدی کا دور خلافت آیا۔ اس وقت میں ان کو اور ان کی والدہ کو لے کر مدینہ گیا۔[1]

[1] مقاتل الطالبین ص ۳۱۱ و ص ۳۱۲۔

اسی زمانہ میں علی بن محمد بن عبد اللہ بن حسن بن حسن علوی ابو جعفر منصور کے خوف سے ہندوستان آئے اور یہاں کی ایک سرائے میں قیام پذیر ہوئے مرزبانی نے لکھا ہے کہ :-

وکتب فی خان بعض بلد انھا انتھیت الی ھذا الموضع بعد ان مشیت حتی انتعلت الدم و قد قلت [1]	انھوں نے ہندوستان کے ایک شہر کی سرائے میں ٹھہر کر لکھا کہ میں اس قدر پیدل چلا ہوں کہ گویا میں نے خون کے جوتے پہنے تب اس مقام تک پہونچ سکا۔ اور یہ اشعار

ہندوستان میں خانات اور مسافر خانوں کی کثرت اس سے بھی معلوم ہوتی ہے کہ یہاں کے مسلمانوں میں ان کی تعمیر کا خاص ذوق تھا اور انھوں نے دوسرے ملکوں میں بھی سرائیں بنائیں، چنانچہ مشہور عالم و ادیب اور دولت مند تاجر حسن بن حامد بن حسن دیبلی نے بغداد میں ایک عالیشان خان بنوائی تھی، جو ان ہی کے نام سے مشہور تھی۔ خطیب نے لکھا ہے:

والیہ ینسب خان ابن حامد الذی فی درب الزعفرانی ببغداد [2]	خان ابن حامد ان ہی کی طرف منسوب ہے جو بغداد کے محلہ درب زعفرانی میں واقع ہے

موقع کی مناسبت سے ایک دیبلی تاجر کی خان کا تذکرہ بھی سنئے جو بعد کے دور کا ہے، یاقوت نے لکھا ہے کہ موصل کے قریب مقام نصیبین سے ایک مرحلہ پر موننسہ نامی شہر ہے، اس کے بعد لکھا ہے:

بھا خان تبرع بعملہ رجل من التجار یقال لہ سیابوقہ الدیبلی، عملہ فی سنہ ۶۱۵ھ [3]	اس میں ایک سرائے ہے جس کو ثواب کی نیت سے ایک تاجر سیابوقہ دیبلی نے ۶۱۵ھ میں بنوایا ہے۔

ان خانات کا انتظام و اہتمام اگرچہ امراء و حکام کے ذمہ نہیں ہوتا تھا پھر

---

[1] معجم الشعراء ص ۱۳، [2] تاریخ بغداد ج ۷، ص ۳۰۳۔ [3] معجم البلدان ج ۸ ص ۲۰۲۔

بھی یہ رفاہی ادارے ان کی نگرانی میں چلتے تھے اور وہ ان کی تعمیر و مرمت کا خیال رکھتے تھے۔

پیداوار عباسی امراء و حکام غلہ وغیرہ کی پیداوار پر خاص توجہ کرتے اور اس کے لئے زیادہ سے زیادہ کوشش کرتے تھے۔ ہشام بن عمرو تغلبی کا دور امارت ہندوستان کے حق میں ہر اعتبار سے بہت خوب تھا، اس کے حسن انتظام کی وجہ سے پیداوار میں بھی بڑی خیر و برکت ہوئی اور پورے قلمرو میں سبز انقلاب آیا حتی کہ عام باشندوں میں خوشی اور اطمینان کی لہر دوڑ گئی اور انھوں نے اسے اس کی برکت سمجھا بلاذری نے اس کی طرف دو جملوں میں اشارہ کیا ہے:

فاخضبت البلاد فی ولایته فتبرکوا به[1]	اس کے دور ولایت میں پورا ملک سرسبز و شاداب ہوگیا اور لوگوں نے اس کو اسکی برکت شمار کیا۔

پیداوار کی کثرت کا اندازہ اس سے بھی ہوتا ہے کہ ہارون رشید کے دور خلافت میں سندھ سے سالانہ غلہ کے دس لاکھ بورے مرکز بغداد کو جایا کرتے تھے۔ جہشیاری نے اس دور میں یہاں کے حاصلات کو بیان کرتے ہوئے لکھا ہے:

الطعام بالقفیز الکبیر خ الف الف قفیز۔[2]	کبیر خ بورے سے غلہ کے دس لاکھ بورے جاتے تھے۔

کبیر خ قفیز کی تعیین نہ ہو سکی ورنہ مقدار معلوم کرنے میں آسانی ہوتی، بہر حال دیگر ممالک کی طرح یہاں بھی عباسی دور میں تکثیر زراعت کا انتظام کیا گیا، اور پیداوار میں اچھا خاصا اضافہ ہوا۔

---

[1] فتوح البلدان ص ۴۳۱، [2] کتاب الوزراء والکتاب ج ۱ ص ۲۸۳۔

۵

عرب و ہند کے تعلقات

ہندوستان میں عباسی خلافت کا ۱۴۵ سالہ دور دفاعی تھا یعنی اس دور میں اموی دور کے اسلامی قلمرو کی حفاظت کی کوشش ہوتی رہی، مقبوضہ علاقوں کی برقراری اور امن و امان کی بحالی پر پوری توجہ کی گئی، یہاں کے سرکش جاٹوں، غارت گر ڈاکوؤں، باغی امیروں اور راجوں کی سرکوبی سے فرصت نہ مل سکی کہ دوسری طرف توجہ ہو سکے۔

اسلام اور مسلمان، اہل ہند کی نظر میں

ان ہی حالات میں سندھ و مکران کی اسلامی مملکت کی حدود کے باہر ہندوستان میں جو مسلمان جہاں آباد تھے نہایت پر امن اور باعزت زندگی بسر کرتے تھے۔ مقامی باشندے ان کے ساتھ اخلاق و عقیدت کا برتاؤ کرتے تھے۔ راجہ سے لے کر رعایا تک ان کی دلجوئی میں لگے رہتے تھے۔ اسی طرح ہندوستان میں آنے جانے والے عرب تاجر و مسافر عزت و احترام کی نظر سے دیکھے جاتے تھے اور ان کو ہر قسم کے اندیشہ سے محفوظ رکھا جاتا تھا۔

ہندوستان جسے اس زمانہ کے عرب مؤرخ اور جغرافیہ نویس بلاد الاسلام کے مقابلہ میں بلاد الکفر کہتے تھے اس دور میں مسلمانوں کا بہترین وطن تھا، خاص طور سے سورا شٹر گجرات، کوکن، مالابار، سرندیپ (سری لنکا) کے ساحلی شہروں میں مسلمانوں کی بڑی

بڑی بڑی آبادیاں تھیں اور عرب تاجروں نے لیے یہ پورا علاقہ اسلیے مرغوب تھا کہ انکے سامان تجارت یہیں ملتے تھے عطور و بخور، عود، صندل، کافور، مافور، جوزبوا، قرنفل، قاقلہ، کبابہ، نارجیل، ظفل، کپڑے چاول، اجار کریہ، قسط قنا، خیزران، نوتیا، سنبل، ساج، تلوار وغیرہ عام طور سے عرب تاجران ہی خطوں سے لیکر جاتے تھے اور انہی راستوں سے چین تک آمد و رفت رکھتے تھے۔

عباسی امراء و حکام اپنے مقبوضہ علاقہ میں فتنوں کے استیصال اور حرب و ضرب میں مصروف رہتے اور ہندوستان کے راجے مہاراجے اور عوام نہایت اطمینان و سکون سے خلیفۃ المسلمین کی عظمت و شوکت کے اقرار و اعتراف کے ساتھ اپنے علاقہ کے مسلمانوں کی دلداری کرتے ان کو نہ سندھ و مکران کی داخلی سیاست سے کوئی سروکار تھا اور نہ خارجی سیاست سے خطرہ تھا ہندوستان کا یہ پورا خطہ اسلام اور مسلمانوں سے اسقدر قریب اور مانوس تھا کہ اگر عباسی دور میں اسلامی قدروں کے ساتھ اسکی طرف خصوصی توجہ کی گئی ہوتی تو یقین ہے کہ یہ دار الکفر بھی دار الاسلام بن گیا ہوتا اور یہاں کے حالات آج کے حالات سے مختلف ہوتے

جنوبی ہند کے وسط میں خلیفہ مامون کے دور میں ایک مسلم حکومت دولت ماہانیہ سندانی کا قیام ہوا، جو خلیفہ معتصم کے زمانہ تک قایم رہی، اس حکومت نے قلیل مدت میں راجہ بلہرا کے ملک میں استحکام و مقام حاصل کر لیا تھا۔ اس میں تین حکمراں گذرے ہیں جنھوں نے حسن سیاست سے کام لے کر ایک طرف مرکز خلافت بغداد سے تعلق قایم کیا اور دوسری طرف راجہ بلہرا اور یہاں کے باشندوں میں عزت پائی۔

سوراشٹر تک فتوحات کیں، بحری ڈاکوؤں کا صفایا کیا، مسجدیں تعمیر کیں اور حسن کارکردگی کی وجہ سے اپنوں اور غیروں میں مقبولیت حاصل کی، اگر برادر کشی میں یہ حکومت ختم نہ ہوئی ہوتی اور عباسی خلفاء نے اپنے ان وفادار نائبوں کی باہمی جنگ میں اپنے اثرات سے کام لے کر صلح و صفائی کرائی ہوتی تو اس دیار کو اسلام اور مسلمانوں سے بڑا فیض پہونچا ہوتا۔ اور مہاراجگان بلہرا اور ان کی رعایا کی اسلام اور مسلمانوں سے محبت و عقیدت کے نتائج اشاعت اسلام کی شکل میں ظاہر ہوئے ہوتے

نیز گجرات کی دولت ماہانیہ کے زمانہ میں اس کے آگے مالابار میں اسلام کے لئے زمین بالکل ہموار ہو چکی تھی۔ شرف بن مالک، مالک بن دینار اور مالک بن حبیب رحمہم اللہ کی مساعی جمیلہ اور راجہ سامری کے قبول اسلام کی وجہ سے دوسری صدی ہجری کے بعد حالات یکسر بدل گئے تھے۔ اور یہاں کی زمین ابر رحمت کی ایک بارش سے چمنستان اسلام بن جاتی اور اگر اس علاقہ میں اسلامی تعلیمات کی اشاعت اور دینی رجال کی آمد کا سلسلہ جاری رہا ہوتا تو یہ پورا علاقہ دار الاسلام بن گیا ہوتا۔

سندھ، مکران کے آگے سوراشٹر سے لیکر مالابار اور سرندیپ تک کے تمام ساحلی علاقے جن کو عرب تاجر بلاد الذہب، بلاد السابج، بلاد الارز، بلاد القلفل اور بلاد المعبر وغیرہ کے ناموں سے یاد کرتے تھے، ان میں مسلمانوں کی آبادیاں اپنے امتیازات و خصوصیات کے ساتھ موجود تھیں۔ خاص طور سے دولت ماہانیہ سندان کے قرب و جوار میں کھمبائت بھڑوچ، گندھارا، تھانہ، سوپارا، اور بلاد چیمور وغیرہ مسلمانوں کی آبادی، ان کی جوامع و مساجد اور اسلامی محکمۂ قضا کی وجہ سے بلاد اسلام معلوم ہوتے تھے۔

اس دور میں مسلم اور غیر مسلم یوں شیر و شکر بن کر رہے کہ اس پوری مدت میں باہمی کشیدگی اور بدمزگی کی ایک مثال بھی نہیں ملتی، نہ ہی مذہبی، نسلی، اور علاقائی فتنہ و فساد کا نام و نشان ملتا ہے، حالاں کہ بعض اوقات یہ بات پیدا ہو سکتی تھی۔ مثلاً خلیفہ معتصم کے دور میں سندان کی مسلم حکومت برادر کشی میں ختم ہوئی اور اس میں مقامی ہندو ایک بھائی کے طرفدار تھے، وہ چاہتے تو یہاں کے مسلمانوں کو نکال کر ان کی مسجدیں ویران کر سکتے تھے مگر انھوں نے مسلمانوں کو آدھی بات تک نہیں کہی اور مسجدوں کو ان کے قبضہ میں دیا تاکہ وہ عبادت کریں اور اپنے خلیفہ کے حق میں دعا کریں، اسی طرح تھانہ میں ایک جہازی ملازم کی نازیبا حرکت سخت اشتعال انگیز تھی مگر مقامی حاکم نے دور اندیشی سے کام لے کر اس قضیہ کو محکمۂ قضاء کے ہنرمن کے سامنے پیش کیا اور اس نے سیاست سے کام لیکر

مجرم کو نہایت سخت اور عبرتناک سزا دی۔

یہاں کی پرکشش چیزیں

عرب ہند کے تعلقات قدیم زمانہ سے تھے۔ اور دونوں ملک کے باشندے ایک دوسرے سے واقف تھے، اموی دور تک عربوں کے نزدیک ہندوستان کا سمندر موتی، پہاڑ یاقوت، درخت عود اور پتہ عطر تھا۔ اسی کے ساتھ یہاں کا پانی ردی، کھجور خراب، زمین پہاڑی اور چور بہادر تھے اور ہندوستان والوں کے نزدیک مسلمان توحید خداوندی کے علمبردار و داعی تھے، ان کے چہرے بشرے سے زہد و تقویٰ کا ظہور ہوتا تھا۔ سادگی ان کی پہچان تھی۔ ان میں حکومت اور شان سے زیادہ خدمتِ خلق کا جذبہ تھا۔ اور دونوں قوموں کے تعلقات ایک خاص نوعیت کے تھے۔ عباسی دور میں تنوع اور اضافہ ہوا، جدید قوموں سے میل جول اور ان کے تمدنی و فکری اثرات سے مسلمانوں میں سادگی کی جگہ رنگینی پیدا ہونے لگی اور ان کے معاشرے و تمدنی ذوق کی وجہ سے ہندوستان ان کی جمالیاتی زندگی کے لئے پرکشش بن گیا، جہاں ان کی طبعی جدت و لطافت کے سامان موجود تھے۔ اس دور میں ہندوستان کی یہ چیزیں مشہور تھیں" علوم و فنون میں حساب، نجوم، فلسفہ، طب، موسیقی، سحر، طلسمات، شطرنج، تماثیل، تصاویر" خوشبو میں عطور و نجوز، عود صنفی عود کلمی، عود قماری، عود مندلی، مشک، زباد، سنبل، کافور، مافور، صندل، دواؤں میں جوز بوا، قاقلہ کبابہ، توتیا، قسط، بقم، قلقل، قرنفل، سمم ساعہ، اور دیگر عقاقیر"

جانوروں اور پرندوں میں "ہاتھی، گینڈا، ببر، چیتا، اونٹ پالہ، بھینس، ہرن، طوطا، طاؤس، ہندی مرغی" کپڑوں میں "نباتاتی کپڑے، سوتی کپڑے، مخملی کپڑے، تھان کے کپڑے، تہبند، چادر، کھمبائت کے جوتے" پھلوں میں "آم، لیموں، نارنگی، املی" کھانے پینے کی چیزوں میں "چاول، گنا، ناریل، کیلا، خانید حلوہ"

احجار کریمہ میں ہر قسم کے یاقوت جواہر الماس، موتی، بلور، سنباج" استعمالی اشیاء میں تلوار، رعاص قلمی، قنا، خیزران، باشن، ساج، عاج، آبنوس" باندیوں میں" ہندیات قندھاریات، طافتیات، منصوریات"

اہل ہند کا سلوک مسلمانوں کے ساتھ

اس دور میں ہندوستان میں مسلمانوں کو بہت ہی عزت و احترام کی نظر سے دیکھا جاتا تھا اور یہاں کے راجے مہاراجے اور عوام ان کے بارے میں نہایت اچھے خیالات رکھتے تھے۔ ان کے ساتھ بے پناہ عقیدت و محبت کا معاملہ کرتے تھے۔ مسلمانوں کی ایمانی قوت اور اسلامی اخلاق و کردار کی بلندی نے ان کو ہر دل عزیزی سے نوازا تھا جس سے اسلامی قلمرو کے باہر بھی ان کو عزت و کرامت حاصل تھی۔ خالص غیر مسلم ماحول میں اسلامی احکام پر عمل کرنے کی آسانیاں فراہم تھیں، پوری مذہبی آزادی حاصل تھی، محکمۂ قضا قائم تھا جس میں مسلمانوں کے لئے اسلامی قوانین کی رو سے فیصلے ہوتے تھے اور راجے مہاراجے ان کو اپنے ملکی قوانین کی طرح نافذ کرتے کراتے تھے۔ اس دور کا کوئی مورخ یہاں کے باشندوں کی وسعت قلبی اور حوصلہ مندی کا اقرار کئے بغیر نہیں رہ سکتا ہے مسلمانوں کی یہ ساری قدر و قیمت ان کے دین و مذہب کی وجہ سے تھی اور ان کی مذہبی اور اسلامی زندگی نے ان میں شان محبوبی پیدا کی تھی۔

خلیفۃ المسلمین کی عظمت کا اقرار و اعتراف

نسلی برتری اور بہتر و کہتر کا تصور ہندوستان کا قدیم ورثہ رہا ہے، یہاں کے راجے مہاراجے اوتار کا درجہ رکھتے تھے اور عوام کی عظمت و تقدیس کی بارگاہ میں اپنی جان کا نذرانہ پیش کرتے تھے۔ مگر مسلمانوں کے خلیفہ کو وہ دنیا بھر کے بادشاہوں سے اعلیٰ و بالا سمجھتے تھے، عرب تاجر و سیاح سلیمان نے تصریح کی ہے کہ ہندوستان اور چین کے باشندے اس بات پر متفق ہیں کہ اس زمانہ میں پوری دنیا میں قابل ذکر بادشاہ

چار ہیں، ان میں سب سے پہلے عرب کے بادشاہ (خلیفۃ المسلمین) کو شمار کرتے ہیں، انکے نزدیک بلا کسی اختلاف کے وہ سب سے بڑا بادشاہ ہے، اس کے پاس مال و دولت سب سے زیادہ ہے اور حسن و جمال میں وہ سب سے بڑھا ہوا ہے اور یہ کہ

وانہ ملك الدین الکبیر الذی لیس فوقہ شیءٌ۔

وہ اس عظیم دین (اسلام) کا بادشاہ ہے جس سے برتر کوئی چیز نہیں ہے۔

شاہ عرب کے بعد خود شاہ چین اپنے کو شمار کرتا ہے، پھر شاہ روم ہے اور اس کے بعد ہندوستان کا راجہ بلہرا ہے، جس کے کان چھدے ہوئے ہیں[1]۔ خلیفۃ المسلمین کے بارے میں یہ متفقہ فیصلہ ہند و چین کے بادشاہوں کے ساتھ ان کی رعایا کا بھی تھا۔ اور دونوں ہی طبقے اس پر متفق تھے،

اہلِ سرندیپ کی مسلمانوں سے محبت

سرندیپ کے عوام و خواص قدیم زمانہ سے اسلام اور مسلمانوں سے عقیدت و محبت کرتے تھے،

انھوں نے عہدِ رسالت میں ایک مذہبی پیشوا کو مدینہ منورہ روانہ کیا اور اس کے ملازم نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی دینی زندگی کے واقعات یہاں آکر بیان کیے، اموی دور میں یہاں عرب تاجروں کی ایک جماعت مستقل سکونت اختیار کرلی تھی، اور یہاں کے راجہ نے اموی خلیفہ کے پاس ہدایا و تحائف اور عرب خواتین بھیج کر اسکی خوشنودی حاصل کرنی چاہی تھی، عباسی دور میں بھی سرندیپ کے باشندے مسلمانوں سے بے پناہ محبت و عقیدت رکھتے تھے، بزرگ بن شہریار ناخدا کا بیان ہے

وھم یحبون المسلمین ویمیلون الیھم میلًا شدیدًا۔[2]

وہ لوگ مسلمانوں سے بہت زیادہ محبت کرتے ہیں، اور ان کی طرف مائل رہتے ہیں

راجوں، مہاراجوں اور ان کی رعایا کی عربوں سے محبت اور عقیدت

گجرات کے مہاراجگان بلہرا اور ان کی رعایا

---

[1] رحلہ سلیمان التاجر ص ۲۶ (سلسلۃ التواریخ، طبع پیرس) [2] عجائب الہند ص ۱۵۰۔

عربوں اور مسلمانوں کے فدائی اور شیدائی تھے اور ان کے بارے میں انتہائی عقیدت اور حسنِ ظن رکھتے تھے، یہ راجے ہندوستان بھر کے راجوں مہاراجوں سے بڑے تھے، اور یہاں کے تمام حکمران ان کی عظمت و شوکت کے سامنے سرنگوں رہا کرتے تھے، گجرات اور سوراشٹر سے لے کر کوکن اور مہاراشٹر تک ان کی حکومت تھی، اس کے باوجود راجے اور عوام مسلمانوں کے دلدادہ رہا کرتے تھے۔ سلیمان تاجر کا بیان ہے کہ راجہ بلہرہ ہندوستان کے راجوں میں سب سے زیادہ شریف ہے، سب اس کی عظمت کے قائل ہیں، اس کے پاس مال و دولت کی بڑی کثرت ہے اس کے بعد لکھتا ہے

وملوکھم یعمرون ۔ربما ملک احدھم لخمسین سنۃً، وتزعم اھل مملکۃ بلھرا انما یطول مدۃ ملوکھم واعمارھم فی الملک لمحبتھم العرب، ولیس فی الملوک اشد حبا للعرب منہ، وکذٰلک اھل مملکتہ [1]

۔اس خاندان کے راجوں کی عمریں طویل ہوتی ہیں، بسا اوقات ایک راجہ پچاس سال تک حکومت کرتا ہے، ان کا خیال ہے کہ ان کی حکومت اور عمر کی طوالت عربوں سے محبت کی وجہ سے ہے اس راجہ سے بڑھ کر عربوں سے محبت کرنے والا کوئی راجہ نہیں ہے اور یہی حال اس کی مملکت کے عام لوگوں کا ہے۔

مورخ مسعودی نے بھی راجہ بلہرا اور اس کے عوام کی عربوں سے محبت اور عقیدت کے بارے میں لکھا ہے کہ ہندوستان اور سندھ کے راجوں میں بلہرا کے علاوہ کوئی ایسا نہیں ہے جس کے ملک اور حکومت میں مسلمان معزز و محترم ہوں، اس کی مملکت میں اسلام محترم اور محفوظ ہے، یہاں کی عام مسجدیں اور جامع مسجدیں نمازیوں سے معمور رہا کرتی ہیں، اس خاندان کا ایک ایک حکمران چالیس چالیس اور پچاس پچاس سال بلکہ اس سے بھی زیادہ مدت تک حکومت کرتا ہے۔ یہاں کے لوگوں کا خیال ہے کہ ان کی عمریں عدل و انصاف

---

[1] رحلۃ سلیمان ص ۲۰۔

اور مسلمانوں کی تعظیم و تکریم کی وجہ سے لمبی ہوتی ہیں[1]۔

اصطخری نے بھی تصریح کی ہے کہ کھمبایت سے چیمور تک ہندوستان کے راجہ بلہرا کی مملکت میں شامل ہے۔ یہ علاقہ اگرچہ بلاد کفر ہے اور یہاں غیر مسلموں کی آبادیاں ہیں مگر شہروں اور بستیوں میں مسلمانوں رہتے ہیں۔ اور ان کا امیر حاکم بلہرا کی طرف سے مسلمان ہوتا ہے، ان علاقوں میں مسجدیں ہیں جن میں جمعہ و جماعت کا اہتمام ہے[2] اس دیار کے لوگوں کی مسلمانوں سے عقیدت و محبت کا یہ واقعہ بھی یاد رکھنے کے قابل ہے کہ جب خلیفہ ابو جعفر منصور کے زمانہ میں سندھ کے امیر ہشام بن عمرو تغلبی نے گجرات میں بارید (بھاڑ بھوٹ) اور قندھار (گندھارا) کو فتح کیا تو مؤرخ بلاذری کی روایت کے مطابق :-

فاخصبت البلاد فی ولایته فتبرکوا به[3]	ملک میں خوب پیداوار ہوئی اور لوگوں نے ہشام بن عمرو کو باعث خیر و برکت سمجھا

گجراتی راجوں اور عوام کی عربوں اور مسلمانوں سے محبت و عقیدت کا ایک اہم مظاہرہ یہ بھی ہے کہ خلیفہ معتصم کے زمانہ میں جب سندان کی مسلم حکومت برادر کشی کی نذر ہو کر ختم ہو گئی تو مقامی ہندوؤں نے یہاں کی مسجد مسلمانوں کو دے دی تاکہ وہ اس میں نماز پڑھیں اور اپنے خلیفہ کے حق میں دعا کریں۔ بلاذری کا بیان ہے،

ثم انّ الهند بعد غلبوا علی سندان فترکوا مسجدها للمسلمین یجمعون فیه و یدعون للخلیفة۔[4]	مقامی باشندوں نے سندان پر قبضہ کے بعد وہاں کی مسجد کو مسلمانوں کے لیے چھوڑ دیا تاکہ وہ اس میں نماز باجماعت پڑھیں اور خلیفہ کے حق میں دعا کریں۔

[1] مروج الذہب ج ۱ ص ۱۷۰، [2] مسالک الممالک ص ۱۷۳، [3] فتوح البلدان ص ۴۳۱، [4] ، ص ۴۳۳۔

مسلمانوں کے ساتھ یہ انتہائی عقیدت و محبت ہے کہ ان کو اپنی حکومت میں خلیفۂ اسلام کے نام کا خطبہ پڑھنے اور اس کے حق میں دعا کرنے کی اجازت دی جائے، اپنے ملک کی اقلیت کو اس حوصلہ مندی سے نوازنے کا جذبہ ہر اعتبار سے قابل قدر اور ساتھ ہی قابل عبرت ہے۔

راجہ بلہرا کی طرف سے کھمبائت میں ایک برہمن بانیا (حاکم) تھا۔ اس کو بحث و مناظرہ کا شوق بہت زیادہ تھا اور مسلمانوں سے اور دوسرے اہل مذاہب سے جو اس کے علاقہ سے گذرتے تھے علمی اور مذہبی بحث کیا کرتا تھا[1]۔ بلہرا کے بعد طافن (دکن؟) کا راجہ تھا، وہ بھی مسلمانوں اور عربوں سے بہت زیادہ محبت کرتا تھا: سلیمان تاجر نے اس کے بارے میں لکھا ہے:

وھو یحب العرب، کحب بلھرا[2] — وہ بھی بلہرا کی طرح عربوں سے محبت کرتا ہے

اور مسعودی نے راجہ طافن کے بارے میں مسلمانوں کے ساتھ اکرام و احترام سے پیش آنے کی تصریح کی ہے:

وھو مکرم للمسلمین[3] — وہ مسلمانوں کی تعظیم و تکریم کرتا ہے۔

اس دیار میں راجہ جزر بڑا متکبر، نخوت پسند اور مسلمانوں کا شدید دشمن تھا مگر اس کے باوجود خلیفۃ المسلمین کی شان و شوکت کا اقرار و اعتراف کرتا تھا۔ سلیمان کا بیان ہے:

وھو عدو للعرب غیر انہ مقر ان ملک العرب اعظم الملوک ولیس احد من الھند اعدی للاسلام منہ[4] — یہ راجہ عربوں کا دشمن ہے مگر وہ بھی اس بات کا قائل ہے کہ عرب کا بادشاہ (خلیفہ) سب سے بڑا ہے۔ اس وقت ہندوستان میں اسلام اور مسلمانوں کا اس سے بڑا

[1] مروج الذہب ج ۱ ص ۱۱۷ [2] رحلہ سلیمان ص ۲۹ [3] مروج الذہب ج ۱ ص ۱۰۰ [4] رحلہ سلیمان ص ۳۰

دشمن کوئی نہیں ہے۔

مسعودی نے لکھا ہے کہ یہ راجہ سمجھتا ہے کہ دنیا کے بادشاہوں میں اس سے بڑا کوئی نہیں ہے، البتہ اقلیم بابل یعنی اقلیم رابع کا بادشاہ (خلیفۃ المسلمین) اس سے بھی بڑا ہے، اس اقرار کے باوجود وہ مسلمانوں سے بغض رکھتا ہے[1]

یہ علاقہ جزر کے کسی ایک راجہ کا معاملہ ہے۔ وہاں کے دوسرے راجوں کا حال اس کے برعکس تھا اور وہ عرب تاجروں اور مسلمانوں کے ساتھ حسن سلوک سے پیش آتے تھے، ابن رستہ نے اپنے زمانہ کے ایک راجہ جزر کے بارے میں لکھا ہے کہ اس کی مملکت میں عدل وانصاف کا دریا بہتا ہے۔ اگر سچ راستہ میں سونا ڈال دیا جائے تو عدل وانصاف کی وجہ سے یہ ڈر نہیں ہے کہ کوئی اسے اٹھالے گا، اس کا ملک بہت بڑا ہے، اس کے بعد لکھا ہے،

والعرب یوحلون الیہ فی تجاراتھم فیبرھم ویشتری منھم۔	عرب لوگ اپنے تجارتی کاروبار کے سلسلہ میں اس کے ملک کا سفر کرتے ہیں تو وہ ان کے ساتھ اچھا سلوک کرتا ہے اور ان سے سامان خریدتا ہے۔

عرب تاجر خرید و فروخت سے فارغ ہو کر راجہ سے کہتے ہیں کہ آپ ہمارے ساتھ اپنے آدمیوں کو کر دیں جو ہمیں اس علاقہ سے امن وعافیت کے ساتھ باہر نکال دیں اور ہمارے سامان تجارت کی حفاظت کریں تو راجہ ان سے کہتا ہے کہ میرے ملک میں چور ڈاکو نہیں ہیں، تم لوگ بے فکر ہو کر جاؤ، اگر تمہارا کچھ نقصان ہوا تو مجھ سے آکر وصول کر لینا، میں ذمہ دار ہوں[2]

ایک مسلمان تاجر ابو عبد اللہ محمد بن اسحاق کا بیان ہے کہ قمار کا راجہ زنا اور شراب

---

[1] مروج الذہب ج ۱ ص ۱۷۰۔ [2] الاعلاق النفیسہ ص۔

پر قتل کی سزا دیتا ہے، میں اس کے شہر میں آیا گیا ہوں اور دو سال تک اس کے یہاں قیام کر چکا ہوں، میں نے شراب کے بارے میں اس سے زیادہ سخت اور غیرت مند کسی راجہ کو نہیں پایا۔

ایک دوسرے مسلمان تاجر کا بیان ہے کہ قمار کا راجہ بہت سخت سزا دیتا ہے مگر عربوں سے بولتا تک نہیں۔ اگر کوئی شخص اس کے یہاں جاتا ہے اور اس کو ہدیہ پیش کرتا ہے تو وہ اس سے سوگنا زیادہ داد و دہش کرتا ہے، میں اس کے ملک میں جا چکا ہوں میں نے بہت سے راجوں کے یہاں خرید و فروخت کیا مگر حسن معاملہ میں راجہ قمار سے بڑھ کر کسی دوسرے راجہ کو نہیں پایا۔

ابو حامد اندلسی (محمد بن عبد الرحیم) نے تحفۃ الالباب میں ہندوستان اور چین کے عوام و خواص کی مسلمان تاجروں سے محبت اور عقیدت کے بارے میں تصریح کی ہے:-

و یحترمون التجار من المسلمین غایۃ الاحترام، ولا یوخذ منھم اعشار فی بیعٍ و شراءٍ ولا مکس۔	وہ لوگ مسلمانوں تاجروں کا غایت درجہ احترام کرتے ہیں حتی کہ ان سے خرید و فروخت میں عشر اور ٹیکس کچھ نہیں لیا جاتا ہے۔

ابو حامد اندلسی نے ہندوستان و چین والوں کی اس خوبی پر مسلمان حکمرانوں کو غیرت دلاتے ہوئے لکھا ہے:

فیا لیت ملوک المسلمین اقتدوا بمثل ھذہ السیاسۃ الحسنۃ فھم احق بھا۔ [1]	اے کاش مسلمان بادشاہ اس عمدہ سیاست کی اقتدا کرتے، وہ اس کردار کے زیادہ حق دار ہیں۔

ایک موقع پر امیر سندھ عمرو بن حفص ہزارمرد نے یہاں کے ایک بہت بڑے راجہ

---

[1] تحفۃ الالباب ص ۵۰۔

کے بارے میں ان تاثرات کا مظاہرہ کیا تھا،

ھٰھنا ملك من ملوك السند، عظیم الشان، کثیر المملکة وھو علی شوکةٍ اشد الناس تعظیماً لرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وھو وفیٌّ۔

یہاں سندھ میں ایک راجہ ہے جس کا ملک بہت بڑا ہے، وہ اپنی شان و شوکت کے باوجود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سب سے زیادہ تعظیم و تکریم کرتا ہے اور بڑا وفادار اور وعدہ کا پکا ہے۔

اس کے بعد عمرو بن حفص ہزارمرد نے عبداللہ الاشتر کو اس راجہ کے پاس بھیج دیا اور اس نے ان کی اور ان کے آدمیوں کی آل رسول سمجھ کر بڑی آؤ بھگت کی۔

فاکرمه واظهر برّه، وتسللت الزبدیة حتی اجتمع معه اربع مائة انسان من اهل البصائر۔[1]

راجہ نے ان کی تعظیم و تکریم اور حسن سلوک کا معاملہ کیا تو عبداللہ الاشتر کے پاس چار سو زیدی ادھر ادھر سے پہونچ گئے۔

چونکہ راجہ کا یہ عقیدتمندانہ اقدام عباسی خلافت و سیاست کے حق میں مضر تھا۔ اس لئے امیر سندھ نے اس سے جنگ کی۔

کشمیر، ملتان اور کابل کے درمیان ایک شہر عیفان نامی تھا، یہاں کا راجہ بڑا سمجھدار تھا، اس کے ملک میں مسلمان تاجر رہا کرتے تھے جن کے دین و ایمان اور عمل و کردار سے وہ اچھی طرح واقف تھا اور ان کے بارے میں خوش عقیدگی رکھتا تھا۔ ایک مرتبہ اس کا بچہ بیمار ہوا۔ اس نے اپنے یہاں کے بت خانہ کے پجاریوں کو بلایا اور کہا کہ وہ بت سے التجا کریں کہ بچہ کو اچھا کر دے۔ انھوں نے پورا زور لگایا مگر بچہ جاں بر نہ ہو سکا، یہ حال دیکھ کر راجہ نے بت خانہ کو توڑ پھوڑ کر پجاریوں کو قتل کرادیا اور اس کے بعد یہ کہا کہ:

---

[1] کامل ابن اثیر ج ۵ ص ۲۲۰۔

ثم دعا قوماً من تجار المسلمين فعرضوا عليه التوحيد فوحّدوا وسلم[1]	اس نے مسلمان تاجروں کی ایک جماعت کو بلایا، ان لوگوں نے اس کے سامنے توحید خداوندی کو بیان کیا، چنانچہ راجہ مسلمان ہوکر موحد بن گیا۔

مسلمانوں کو درباری آداب اور ملکی قوانین سے آزادی

راجوں مہاراجوں کے بہت سے درباری اور ملکی قوانین سے مسلمانوں کو مستثنیٰ قرار دیا گیا تھا جس سے ان کی امتیازی شان اور انفرادی حیثیت ظاہر ہوتی تھی۔ بلاد الذہب (سوراشٹر وغیرہ) کے راجہ کے دربار میں چہار زانو اور مؤدب بن کر بیٹھنے کا حکم تھا اور کسی بھی مقامی غیر مقامی آدمی کو اجازت نہیں تھی کہ وہ اس وضع کے خلاف بیٹھ سکے۔ اگر کسی شخص سے خلاف ورزی ہوجاتی تھی تو بھاری جرمانہ ادا کرنا پڑتا تھا، اس نشست کا نام برسیلا تھا۔ ایک مرتبہ یہاں کے ایک راجہ بسرناتا، کے دربار میں ایک مسلمان ناخدا جہود کوتاہ نامی حاضر ہوا جو اپنے فن جہازرانی میں مشہور تھا، وہ حسب قانون چہار زانو بیٹھا، بات چیت طول پکڑ گئی اور راجہ بھی دیر تک بیٹھا رہا، جہود کوتاہ ایک وضع پر بیٹھا بیٹھا تھک گیا تھا، کنعد نامی مچھلی کا ذکر چل رہا تھا، جہود کوتاہ نے کہا کہ "ہمارے یہاں عمان میں یہ مچھلی اتنی بڑی ہوتی ہے"، یہ کہہ کر ایک پیر زمین پر پھیلا دیا اور ران پر ہاتھ رکھا، اس کے بعد دوسرا پیر بھی پھیلا کر دونوں کو سکوڑ لیا۔ راجہ نے یہ دیکھ کر وزیر سے اس خلاف ورزی کا سبب دریافت کیا، وزیر نے بتایا کہ یہ شخص بوڑھا ہے، دیر تک ایک حالت پر نہیں بیٹھ سکتا۔ اسی لئے اس نے ایک بہانہ سے یہ حرکت کی ہے۔ یہ سن کر راجہ نے کہا:

الصواب ان نرفع هذا الرسم عن	بہتر ہے کہ ہم اس پابندی سے خاص

[1] فتوح البلدان ص ۴۳۳۔

المسلمین الغرباء خاصۃ — طور سے مسلمان مسافروں کو مستثنیٰ قرار دیدیں۔

چنانچہ اسی وقت سے مسلمانوں سے یہ پابندی اٹھادی گئی اور وہ راجوں کے سامنے جیسے چاہتے تھے بیٹھتے تھے، جب کہ دوسرے لوگ قدیم رسم کے مطابق "برسیلا" پر عمل کرتے تھے۔ اگر اس کے ذرا بھی خلاف ہوتا تھا تو جرمانہ دینا پڑتا تھا۔[1]

راجوں مہاراجوں کے قوانین مقامی باشندوں پر جاری ہوتے تھے اور مسلمانوں کو ان سے مستثنیٰ رکھ کر اسلامی قانون کی رو سے عمل کرنے کرانے کا طریقہ رائج تھا یعنی غیر مسلم حکومت میں رہ کر بھی مسلمان اسلامی احکام کے پابند تھے۔ بزرگ بن شہریار کا بیان ہے:-

وان سرق مسلم ببلاد الھند رد الحکم فی امرہ الی ھنرمن المسلمین لیعمل فیہ بما یوجبہ حکم الاسلام۔[1]	ہندوستان میں اگر کوئی مسلمان چوری کرتا ہے۔ تو اس کا معاملہ مسلمانوں کے ہنرمن (قاضی) کے پاس جاتا ہے تاکہ وہ اس میں اسلامی قانون کے مطابق عمل کرے۔

نیز دوسرے جرائم میں مسلمان قاضی فیصلہ کرتا تھا، چنانچہ بزرگ بن شہریار لکھتا ہے کہ چیمور (بمبئی میں سیراف کے عباس بن ماہان راجہ کی طرف سے مسلمانوں کے ہنرمن یعنی قاضی تھے۔ شہر کے مسلمانوں کے معاملات انہی کے پاس جاتے تھے۔ اور وہ اسلامی احکام و قوانین کی رو سے ان کا فیصلہ کیا کرتے تھے۔ ان کے زمانہ میں تجارتی جہاز کا ایک ملازم جو بد کردار تھا۔ چیمور گیا وہاں اس کو ایک بت نظر آیا جو نہایت حسین و جمیل عورت کی شکل میں تھا۔ اس نے عوام کی نظر بچا کر اس بت کی دونوں رانوں کے درمیان

---

[1] عجائب الہند ص ۵۵ - [1] " ص ۱۶۱ -

انزال کر دیا۔ ایک مقامی آدمی نے یہ حرکت دیکھ لی اور گھبرایا ہوا بجاری کے پاس جاکر ماجرا بیان کیا، وہ دوڑا ہوا گیا اور مجرم کو پکڑ کر شہر کے حاکم کے پاس لے گیا۔ مجرم نے گناہ کا اقرار کر لیا۔ حاکم نے اہل دربار سے اس کے بارے میں دریافت کیا۔ کسی نے کہا کہ اسکو ہاتھی سے روندوا دینا چاہیے اور کسی نے کہا کہ اس کی بوٹی بوٹی کر دینا چاہیے، حاکم نے کہا کہ یہ مناسب نہیں ہے۔ یہ شخص عرب ہے، اور ان کے اور ہمارے درمیان معاہدے اور شرطیں ہیں، بہتر یہ ہے کہ تم میں سے ایک شخص یہاں کے مسلمانوں کے ہنر من عباس بن ماہان کے پاس جائے اور ان سے دریافت کرے کہ اگر آپ لوگوں میں سے کوئی شخص مسجد میں کسی عورت کے ساتھ برائی کرتا ہوا پایا جائے تو اس کے بارے میں کیا حکم ہے؟ دیکھو وہ کیا جواب دیتے ہیں، اسی کے مطابق عمل کرنا چاہیے، چنانچہ ایک درباری نے عباس بن ماہان سے اس کے بارے میں سوال کیا۔

فاحب العباس بن ماهان ان يعظم امر الاسلام عندهم فقال اذا وجدنا احدًا على هذه الصفة قتلناه۔	تو انھوں نے ہندوؤں کے دل میں اسلام کی عظمت بڑھانے کے خیال سے کہا کہ اگر ہم کسی شخص کو ایسا کرتے ہوئے پائیں تو اسے قتل کر دیں گے۔

اس درباری نے حاکم کے پاس جاکر ان کا یہ قول نقل کیا، اور ہندوؤں نے مجرم کو قتل کر دیا، جب عباس بن ماہان کو اس واقعہ کی تفصیلات کا علم ہوا تو وہ خفیہ طور سے وہاں سے چلے گئے:

فخرج عن صيمور سرًا من الملك، خوفًا ان يمنعه من الخروج عن بلده لمحله وموضعه۔[1]	وہ چیمور سے اس ڈر سے چھپ کر نکل گئے کہ ان کو جو مقبولیت اور عزت حاصل ہے اس کی وجہ سے راجہ ان کو اپنے شہر سے جانے نہیں دے گا۔

[1] عجائب الہند ص ۱۴۳۔

اس واقعہ سے معلوم ہوسکتا ہے کہ اس دور میں مسلمان اپنے دین و مذہب کا کس قدر لحاظ و پاس رکھتے تھے جس کی وجہ سے اغیار ان کو معزز و محترم سمجھتے تھے۔

ہنرمنہ یعنی محکمۂ قضاء یہ عجیب بات ہے کہ خالص غیر اسلامی ماحول اور غیر مسلم حکومت میں اسلامی احکام و قوانین کا نفاذ ہوتا تھا اور راجوں مہاراجوں نے اپنی طرف سے مسلمان حاکم اور قاضی مقرر کر رکھا تھا جو ان کے علاقہ کے مسلمانوں کے امور و معاملات اسلامی قانون کے مطابق طے کرتا تھا۔ اس عہدہ کو ہُنَرْمَنَہ اور عہدیدار کو ہُنَرْمَن کہتے تھے۔ یہ اسلامی عدالت ہوتی تھی جس کا فیصلہ راجہ کا فیصلہ ہوتا تھا۔ اور شخصی اور عائلی قوانین و احکام ہی میں نہیں بلکہ شہری اور تعزیراتی قوانین میں بھی مسلمان اسلام کے پابند تھے۔ اور غیر مسلم حکومت نہ صرف ان کو اس کی اجازت دیتی تھی بلکہ اپنی طرف سے اس کا باقاعدہ انتظام کرتی تھی چیمور، تھانہ، سوپارہ، سندان، بھڑوچ، کھمبائت، بھاڑبھوت، گندھارا، وغیرہ بلاد بلہرا میں واقع تھے جن میں مسلمانوں کی مستقل آبادیاں اور مسجدیں تھیں۔ ساتھ ہی راجہ کی طرف سے مسلمان حاکم و قاضی مقرر تھے۔ اور مسلمان امن و امان اور عزت و احترام کی زندگی بسر کرتے تھے۔ اصطخری نے مسالک الممالک میں لکھا ہے:

ومن کنبایۃ الی صیمور من بلاد بلہرا بعض ملوک الھند، وھی بلاد کفر الا ان ھذہ المدن فیھا المسلمون ولا یلی علیھم من قبل بلہرا الا مسلم، وبھا مساجد یجمع فیھا الجمعات[1]۔	کھمبائت سے چیمور تک ہندوستان کے ایک راجہ بلہرا کا علاقہ ہے، یہ بلادِ کفر ہے مگر وہاں کے شہروں میں مسلمان رہتے ہیں۔ اور ان کا حاکم بلہرا کی طرف سے صرف مسلمان ہوتا ہے، یہاں مسجدیں ہیں۔ جن میں جمعہ و جماعات ہوتی ہیں۔

[1] مسالک الممالک ص ۱۷۳۔

راجہ بلہرا کے بلادِ کفر میں اسلامی احکام و قوانین کا نفاذ مدتوں تک ہوتا رہا، اور یہاں کئی مسلم حکام و قضاۃ گذرے ہیں۔ مسعودی نے جیمور میں دس ہزار مسلمانوں کی خبر دی ہے جن میں سیراف، بغداد، بصرہ، کوفہ، حرمین شریفین کے عرب یہاں مستقل طور سے مقیم تھے۔ اس وقت محکمہ ہنرمنہ پر ابوسعید معروف بن زکریا تھے۔ پھر اس عہدہ کا مطلب یوں بیان کیا ہے:

وتفسیر الھنزمنۃ، یرادبہ	ہنرمنہ کا مطلب مسلمانوں کی سربراہی
ریاسۃ المسلمین یتولاھا رجل	ہے اس عہدہ پر مسلمانوں میں سے
منھم عظیم من رؤسائھم	کوئی مشہور و معزز آدمی فائز ہوتا
تکون احکامہ مصروفۃ	ہے۔ راجہ کے احکام کا تعلق اسی
الیہ۔ [1]	سے رہتا ہے۔

اس کے بعد بزرگ بن شہریار ناخدا رامہرمزی نے جیمور کے ہنرمن عباس بن ماہان سیرافی کا تذکرہ کرکے لکھا ہے کہ یہ یہاں کے مسلمانوں کے ہنرمن ہیں۔ ان کا شمار اعیان شہر میں ہوتا ہے اور مسلمانوں کے جملہ امور ان ہی سے متعلق ہیں [2]

عربوں کی بحری تجارت ہندوستان کے آگے چین تک تھی۔ یہاں کے مرکزی شہر خانفو میں عرب تاجروں کی بہت بڑی آبادی تھی اور بادشاہ کی طرف سے مسلمان حاکم و قاضی مقرر تھا اور مسلمانوں کے جملہ معاملات اسی سے متعلق تھے۔ سلیمان تاجر نے اپنے سفرنامہ میں لکھا ہے کہ شاہِ چین تاجروں کے مرکزی شہر خانفو میں کسی مسلمان کو مسلمانوں کا حاکم بناتا ہے، خود اس کا انتخاب کرتا ہے، وہ عیدین کی نماز پڑھاتا ہے، خلیفۃ المسلمین کے حق میں دعا کرتا ہے، کتاب اللہ، اسلامی احکام اور حق پر پوری طرح عمل کرتا ہے اسی لئے عراق کے تاجر اس کی ہر بات تسلیم کرتے ہیں۔ اور اس کو اپنا حاکم

---

[1] مروج الذہب ج ۱ ص ۲۱۰۔ [2] عجائب الہند ص ۱۴۲۔

وامیر مانتے ہیں[1]

ابو حامد اندلسی غرناطی نے تحفۃ الالباب میں ہندوستان اور چین کے لوگوں کا ذکر کرتے ہوئے مسلمانوں کے ساتھ ان کے حسنِ سلوک اور اپنے ملک میں ان کو مذہبی آزادی دینے کا تذکرہ یوں کیا ہے:

ویحرمون علی المسلمین ذبح البقر، ویبیحون لھم ماسوٰی ذٰلک۔	وہ مسلمانوں کے لئے گائے کا ذبح کرنا ممنوع قرار دیتے ہیں۔ اس کے علاوہ ہر بات کی آزادی اور اجازت دیتے ہیں۔

اس کے بعد لکھا ہے کہ جب ان میں سے کوئی آدمی بیمار پڑتا ہے تو قصاب کو منہ مانگی رقم دیتا ہے۔ اور اس سے کہتا ہے کہ اتنے دن تک جانور ذبح نہ کرے اور جب معاملہ طرفین سے طے ہو جاتا ہے تو قصاب مقررہ دنوں میں جانور ذبح نہیں کرتا۔ اس طرح بیمار اپنی منت پوری کرتا ہے یا اپنے عقیدہ کے مطابق صحت یاب ہوتا ہے۔ اور اگر ان کے ملک میں کوئی اجنبی تاجر یا مسافر انتقال کر جاتا ہے اور اس کے پاس مال ہوتا ہے تو مقامی لوگ اس کے مال و دولت اور عورت بچے سے کوئی تعرض نہیں کرتے ہیں[2]

سرندیپ میں قدیم زمانہ سے مسلمان آباد تھے۔ اور وہاں کی حکومت کی طرف سے ان کو اسلامی احکام و قوانین پر عمل کرنے کی پوری آزادی حاصل تھی یہاں کا ماحول مذہبی تھا، پیشواؤں کی مجلسیں منعقد ہوتی تھیں، مذہبی کتابوں کے پڑھنے پڑھانے کا رواج تھا۔ اور ہر فرقہ کو مذہبی آزادی تھی۔ ابو زید سیرافی نے لکھا ہے:-

---

[1] رحلۃ سلیمان التاجر ص ۱۴، [2] تحفۃ الالباب ص ۱۵۰

وبهذه الجزيرة جمع من اليهود كثير، وسائر الملل وبها ايضاً ثنوية، والملك يبيح لكل طريق منهم مايتشرع به۔ [1]	جزیرۂ سرندیپ میں یہودیوں کی بہت بڑی تعداد ہے، اس کے علاوہ ہر مذہب کے لوگ اور مجوسی بھی ہیں اور راجہ ان میں سے ہر ایک کو آزادی دیتا ہے کہ اپنے مذہب پر عمل کرے۔

چنانچہ مسلمانوں کو بھی اسلام پر عمل کرنے کی آزادی تھی، البتہ یہاں حکومت کی طرف سے علیحدہ مسلمان حاکم وقاضی نہیں ہوتا تھا، بلکہ مسلمان اپنے طور پر اپنا امیر وحاکم منتخب کر لیا کرتے تھے جو ان کا مذہبی معتمد ہوتا تھا۔

مسلمانوں کا رعب وداب

اس دور کے مسلمانوں میں یقین وایمان کی طاقت اور اخلاق وکردار کی قوت اس طرح بیدار رہتی تھی کہ غیر مسلم ان سے ہیبت کھاتے تھے اور ان کے رعب وداب سے لرزہ براندام رہتے تھے۔ بحر ہند میں زنج نامی ایک جزیرہ تھا، یہاں کے باشندے عرب مسلمانوں سے اس قدر مرعوب تھے کہ ان کو دیکھتے ہی سرنگوں ہو جاتے تھے، مسعودی نے لکھا ہے:

وللعرب فی قلوب الزنج هيبة عظيمة فاذا عاينوا رجلاً منهم والله	جزیرۂ زنج والوں کے دل میں عربوں کی بڑی ہیبت ہوتی ہے جب وہ کسی عربی کو دیکھتے ہیں تو اس کو سجدہ کرتے ہیں۔

ان کے نزدیک کھجور کی بڑی قدر وقیمت ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ عربوں کے ملک میں کھجور پیدا ہوتی ہے اور وہ اپنے بچوں کو اس سے بہلاتے پھسلاتے ہیں۔[2]

---

[1] رحلۃ ابی زید ص ۱۲۲ و ۱۲۳۔ [2] اخبار الزمان ص ۴۱۔

ایک مرتبہ عربوں کے ایک تجارتی جہاز پر یہاں کے سمندری ڈاکوؤں نے حملہ کیا اور جانبین سے جنگ ہونے لگی۔ اسی اثنا میں ایک عراقی مسافر نے اپنے حساب و کتاب کا لمبا چوڑا کاغذ سامنے پھیلا کر آسمان کی طرف ہاتھ اٹھایا اور بلند آواز سے کچھ بولنا شروع کیا۔ ڈاکوؤں نے یہ حال دیکھ کر جنگ بند کر دی، اور اس عراقی مسافر سے منت سماجت کر کے کہا کہ تم ایسا نہ کرو، ہم لوگ واپس جا رہے ہیں اور تمہارا کوئی سامان نہیں لیں گے، پھر آپس میں کہنے لگے

وجعل بعضهم يقول لبعض: لا تحاربوا فان القوم قد رفعوا امرهم الى ملك السماء والساعة يغلبوننا و يقتلونا۔ [1]	ان سے نہ لڑو، انھوں نے آسمان والے بادشاہ سے فریاد کی ہے۔ وہ ابھی ہم پر غالب آکر قتل کر دیں گے۔

وہ کہتے سنتے رہے یہاں تک کہ اس مسافر نے اپنا کاغذ اٹھا لیا اور وہ چلے گئے۔

مسلمانوں کی دعا سے ڈرنے کی وجہ یہ تھی کہ بعض اوقات ان کے ستانے اور صبر کرنے کا نتیجہ بڑی عبرتناک صورت میں ظاہر ہوتا تھا، چنانچہ ایک معتبر جہازراں کا بیان ہے کہ وہ سیراف سے ہندوستان کے لئے روانہ ہوا۔ اس کے جہاز میں ایک شخص دوسروں کی سفارش سے رکھ لیا گیا تھا، اثنائے سفر میں اس نے ایک عرب مسافر سے جھگڑا کر کے اس پر طرح طرح کے الزامات لگائے اور وہ بیچارا اس لئے خاموش رہا کہ بے یار و مددگار تھا۔

[1] عجائب الہند ص ۱۰۔

کان عربیا لم ینصرہ احدٌ ولم یعاونہ۔ وہ عربی تھا۔ کسی نے اس کی مدد اور طرفداری نہیں کی۔

اس واقعہ کو ابھی تین گھنٹے بھی نہیں گذرے تھے کہ سمندر سے کنعدہ مچھلی اچھل کر جہاز میں آئی اور اس آدمی کا شکم اپنے سر سے چاک کرتی ہوئی سمندر میں چلی گئی اور جہاز والوں نے اس کی لاش کو ٹھکانے لگا دیا۔[1]

پرہیزگاری اور بلند کرداری کے اثرات

یہاں کے مقامی اور بیرونی مسلمان اپنے تقوی اور کردار و اخلاق کی بلندی کی وجہ سے عوام و خواص میں بیحد مقبول تھے اور اہلِ ہند ان کے قول و فعل کو سند مانتے تھے، ابن حوقل کا بیان ہے کہ جنوبی ہند کے بعض علاقوں میں ایسے مسلمانوں سے میری ملاقات ہوئی جن کی پارسائی اور اخلاقی برتری کا حال یہ ہے کہ غیر مسلم طبقات کے افراد عموماً اپنے مقدمات میں مسلمانوں کو اپنا گواہ مقرر کر کے حکومت کے سامنے پیش کرتے ہیں، اور مقدمہ کا دوسرا فریق بھی اس کی راست بیانی پر معترض نہیں ہوتا۔ اور اسی کی شہادت پر مقدمہ کا فیصلہ ہو جاتا ہے۔[2]

بزرگ بن شہریار نے کولم ملی (علاقہ میسور) میں سانپوں کی کثرت کو بیان کرتے ہوئے لکھا ہے کہ ایک جہازی نے مجھ سے بیان کیا ہے کہ یہاں ایک مسلمان بنجی یا (بانگی) کے نام سے مشہور ہے جو نماز پڑھاتا ہے، وہ ناگ کا منتر جانتا ہے، اس علاقہ کے دوسرے لوگ بھی سانپ کا منتر جانتے ہیں، مگر اس مسلمان کے منتر سے مار گزیدہ کو فائدہ پہونچتا ہے۔ اور یہاں کے لوگ اس کے پاس مار گزیدہ کو لاتے ہیں اور وہ اچھا ہو جاتا ہے۔[3]

---

[1] عجائب الہند ص ۳۶۔ [2] ابن حوقل ص ۲۲۸ بحوالہ ہندوستان ہزار سال پہلے۔ [3] عجائب الہند ص۔

اگر کوئی مسلمان غلط ماحول میں پھنس کر کسی غلط حرکت کا مرتکب ہو جاتا تھا تو مقامی غیر مسلم طبقہ اس کو نفرت و حقارت کی نظر سے دیکھتا تھا اور کہتا تھا کہ یہ فعل مسلمان کا نہیں ہو سکتا۔ ابن رستہ کا بیان ہے:

ومن رأوا من اهل الاسلام يشرب الشراب فهو عندهم خسيس لا يعبأ ون به و يزدرونه ويقولون هذا رجل ليس له قدر في بلاده۔ [1]	اہل ہند جس مسلمان کو شراب پیتا ہوا دیکھتے ہیں۔ اس کو خسیس اور بے عزت سمجھتے ہیں۔ اس کو کوئی حیثیت نہیں دیتے ہیں بلکہ اس کے ساتھ ذلت و حقارت کا برتاؤ کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ اس شخص کی عزت اس کے ملک میں نہیں ہے۔

یہاں کے بعض علاقوں کا اخلاقی حال بہت بُرا تھا اور جنسی بے راہ روی عام تھی اس لئے عرب کے مشائخ اپنے نوجوانوں کو وہاں جانے سے شدت سے روکتے تھے۔ ابو زید سیرافی نے جنوبی ہند کے بعض علاقوں کا حال لکھا ہے کہ یہاں کے مردوں اور عورتوں میں فساد اور فحش کاری عام ہے حتیٰ کہ بعض بحری تاجر بڑے لوگوں کی لڑکیوں کو اپنے یہاں بلاتے ہیں اور وہ اپنے باپ کے علم کے باوجود بے تکلف چلی جاتی ہیں۔ اس کے بعد لکھا ہے:

وكان مشائخ سيراف يمنعون من الجهاز الى هذه الناحية، وخاصة	سیراف کے علماء و مشائخ عام لوگوں کو اور خاص طور سے نوجوانوں کو اس علاقہ کی طرف جانے سے

[1] الاعلاق النفیسہ ص۔

الاحداث۔[1] سے روکتے ہیں۔

دیوتی کی رسم ہندوستان کے بعض مقامات میں اکبر کے زمانہ تک پائی جاتی تھی۔ ملا عبد القادر بدایونی نجات الرشید (تصنیف ۹۹۹ھ) میں لکھا ہے۔ "این رسم در ہندوان ہند تا این زماں در بعضے جا باقی ماندہ است"[2]

اس معاملہ میں شدت احتیاط کی وجہ سے غیر مسلم مسلمانوں کی عفت و عصمت کے قائل تھے اور ان پر اعتماد کرتے تھے۔

عربی و ہندی تہذیب و تمدن کا امتزاج

مسلمانوں اور غیر مسلموں میں میل جول کی وجہ سے دونوں ایک دوسرے کی تہذیب و تمدن سے متاثر تھے۔ اور کئی باتوں میں یکسانیت اور ہم آہنگی پائی جاتی تھی۔ سرندیپ میں خلافت راشدہ ہی سے اسلام اور مسلمانوں کا چرچا تھا، دوسرے مذاہب والے بھی تھے، اور ان کی مذہبی اور علمی مجالسِ درس منعقد ہوا کرتی تھیں جو علمائے اسلام اور محدثین کی مجالسِ درس کے انداز پر تھیں اور ان میں احادیث و سیر کی روایت کی طرح مذہبی باتیں اور مذہبی پیشواؤں کے حالات بیان کیے جاتے تھے۔ ابو زید سیرافی کا بیان ہے،

ولملك هذه الجزيرة شريعة ومشائخ لهم مجالس كمجالس محدثينا يجتمع اليهم الهند۔ فيكتبون عنه سير انبيائهم وسنن شرائعهم[3]	اس جزیرہ کے راجہ کا مذہب اور مذہبی پیشوا ہیں۔ ان کی مجلسیں ہمارے محدثین کی مجلسوں کے مانند ہوتی ہیں۔ اہل ہند جمع ہوکر ان سے اپنے مذہبی بزرگوں کے حالات اور مذہب کی باتیں لکھتے ہیں۔

[1] رحلۃ ابو زید ص ۱۲۵ و ص ۱۲۶ [2] نجات الرشید ص ۲۴۳ طبع لاہور [3] رحلۃ ابو زید ص ۱۲۲۔

راجہ بلہرا اپنے یہاں آنے والے وفود اور اہلِ دربار کو عطیہ سے اسی طرح نوازتا تھا جس طرح خلفاء اور امرائے عرب اپنے وفود کو نوازتے ہیں۔ سلیمان تاجر نے لکھا ہے :-

وھو ملك یعطی العطاء کما تفعل العرب۔ [1]	وہ عربوں کی طرح عطیہ اور ہدیہ دیتا ہے۔

بلکہ راجہ بلہرا مسلم خلفاء و امراء کی طرح اپنی فوج کو شاہی خزانے سے تنخواہ دیتا تھا۔ مسعودی نے لکھا ہے :-

وھو ملك یرزق الجنود من بیت مالہ کفعل المسلمین بجنودھم۔ [2]	وہ فوج کو اپنے خزانہ سے تنخواہ دیتا ہے جیسے مسلمان اپنی فوج کو تنخواہ دیتے ہیں۔

کھمبائت، بھڑوچ، سندان، سوپارہ، تھانہ، چیمور وغیرہ میں غیر مسلموں کے ساتھ مسلمان بھی آباد تھے۔ اور اس پورے علاقہ کے ہندوؤں اور مسلمانوں کا لباس اور بال ایک انداز کے تھے۔ اصطخری کا بیان ہے کہ کھمبائت سے چیمور تک ہندوستان کے ملے جلے دیہات اور آبادیاں ہیں۔ یہاں کے مسلمانوں اور کافروں کے لباس اور بال کی ہیئت ایک ہے، ان کا لباس سخت گرمی کی وجہ سے چادر اور تہبند ہے اور ملتان والوں کے بارے میں لکھا ہے کہ ان کا لباس بھی چادر اور تہبند ہے اور اسکے آگے مکران کے تمام باشندوں کا لباس کرتہ ہے البتہ عرب تاجروں کا لباس چادر، قمیض، فارس اور عراق والوں کے مانند ہے۔ [3]

ہند اور اہلِ ہند مسلمانوں کی نظر میں

آپ اب تک مسلمانوں اور عربوں کے ساتھ ہندوستانیوں کی عقیدت و محبت

---

[1] رحلۃ سلیمان ص [2] مروج الذہب ج ۱ ص [3] مسالک الممالک ص ۱۷۷۔

ادب واحترام، عدل وانصاف، حسن سلوک، مذہبی آزادی، رواداری، اور اپنے ملک میں ان کو ہر طرح سے امن وامان اور سکون و اطمینان بہم پہونچانے کی داستانیں سُن رہے تھے۔ اب ہندوستانیوں کے بارے میں مسلمانوں اور عربوں کے خیالات واحساسات، اور حسنِ سلوک کی کہانیاں سنئے، اور دیکھئے کہ اس دور میں عرب وہند کے تعلقات میں طرفین سے کس قدر خوشگواری اور استواری تھی اور اس ملک کے باشندوں سے مسلمانوں کو کیسا تمدنی، معاشرتی فکری اور قلبی تعلق تھا۔

پہلے ہم ہندوستانیوں کے بارے میں عرب مؤرخوں، سیاحوں، اور اہل علم وفن کے عام خیالات پیش کر رہے ہیں جن میں ان کے علوم وفنون، افکار ونظریات، اخلاق وسیاست اور حسن وجمال کا اعتراف ہے، بعد میں مثالیں بیان کریں گے۔

یعقوبی نے یہاں کے علوم وفنون، مذاہب اور حکومت کے بارے میں لکھا ہے کہ اہل ہند علم وحکمت میں سب سے آگے ہیں۔ نجوم میں ان کے اقوال ونظریات سب سے زیادہ صحیح ہیں۔ ان کی کتاب السندہند (سدھانت) سے وہ علوم نکلے ہیں جو یونانیوں اور ایرانیوں میں پائے جاتے ہیں۔ اسی طرح طب میں ان کے اقوال ونظریات سب پر مقدم ہیں۔ اس فن میں ایک کتاب سسرد ہے۔ جس میں بیماریوں کی اور ان کے علاج کی پہچان بتائی گئی ہے، اسی طرح کتاب شرک اور کتاب بذان ہے جس میں چار سو چار بیماریوں کی علامات کا ذکر ہے۔ کتاب سندھشان بھی فن طب میں ہے، ایک اور کتاب ہے جس میں اہل ہند اور اہل روم کے ان اختلافات کا ذکر جو دونوں ملکوں کے حکماء واطباء میں دواؤں کی حرارت وبرودت، ان کی تاثیرات اور پورے سال کے موسموں کے

بارے میں ہیں، ایک کتاب جڑی بوٹیوں کے نام میں ہے۔ اس میں ہر جڑی بوٹی کے دس نام ہیں۔ ان کے علاوہ بھی طب اور عقاقیر میں کتابیں ہیں۔

اہلِ ہند کا مذہب برہمنیت ہے۔ ان میں بت پرست بھی ہیں۔ ہندوستان بہت بڑا اور لمبا چوڑا ملک ہے اس لئے مختلف مملکتوں کے لئے علیحدہ علیحدہ بادشاہ ہیں، ہمارے زمانہ میں (حدود ۲۵۰ھ میں) دارالاسلام (عباسی مقبوضہ ہند) سے متصل علاقہ کے راجہ کا نام وانق ہے؛

یہ نہایت عظیم اور وسیع مملکت ہے، یہاں ہر چیز کی فراوانی ہے، اس کے بعد راجہ رہمی کا درجہ ہے جو بہت بڑا اور معزز ہے، اس کی مملکت ساحلی علاقوں پر مشتمل ہے، یہاں سونا اور دوسری قیمتی معدنیات ہیں، اس کے بعد راجہ بلہرا کا نمبر ہے پھر راجہ کم کم (کوکن) ہے جہاں سے ساگوان کی لکڑی آتی ہے۔ یہ علاقہ بہت وسیع ہے، اس کے بعد راجہ طافن کی مملکت ہے یہاں کے باشندے گورے رنگ کے ہوتے ہیں، پھر مملکت کھمبائت، مملکت طرسول، مملکت موشہ، مملکت بابد ہے۔ یہ سب چین کی سرحد سے متصل ہیں اور ان کی چین سے جنگ رہتی ہے ——

نیز سرندیپ، قمار، دیبل، فارمط، بھلیمان کی مملکتیں ہیں۔ بعض علاقوں میں عورت حکمران ہے[1]

قاضی ابو القاسم صاعد بن احمد اندلسی نے طبقات الامم میں دنیا کی سات قدیم اقوام میں اہل ہند کو شمار کر کے علوم و فنون میں پہلے درجہ پر ان کا ذکر اس طرح شروع کیا ہے کہ یہ قوم کثیر تعداد میں ہے۔ اس کے یہاں ہر قسم کے سازو سامان بہت زیادہ ہیں، ہندوستان بہت بڑا ملک ہے، دنیا کے تمام قدیم اقوام

[1] تاریخ یعقوبی ج ۱ ص ۹۴ بیروت۔

وملوک نے اس کی علمی وفنی مہارت کا اعتراف کیا ہے۔ شاہان چین کے نزدیک دنیا میں صرف پانچ بادشاہ تھے، دوسری قومیں ان کے تابع تھیں۔ اور ان میں چین، ہندوستان، ترک، فارس اور روم کے بادشاہوں کو شمار کرکے ہندوستان کے بادشاہ کو حکمت کا بادشاہ کہتے تھے۔ یہ ملک قدیم زمانہ سے تمام اقوام عالم کے نزدیک معدن حکمت اور سرچشمۂ عدل وسیاست ہے۔ اہل ہند کے یہاں احکام راجحہ، آراء فاضلہ، امثال سائرہ، نتائج غریبہ اور لطائف عجیبہ ہیں۔ اگرچہ یہاں کے باشندوں کا رنگ سیاہی کے پہلے درجہ پر ہے۔ جس کی وجہ سے وہ سیاہ قوموں میں شمار ہوتے ہیں مگر اللہ تعالیٰ نے ان کو سیاہ قوموں کے اخلاق و عادات کی دنارت وخست اور افکار وخیالات کی سفاہت وحماقت سے پاک وصاف رکھا ہے۔ اور ان کو بہت سی سفید اور گندمی رنگ کی قوموں پر فوقیت وفضیلت دی ہے۔ نجوم کے بعض علماء کا خیال ہے کہ زحل اور عطارد دونوں ستارے طبعی تقسیم کے اعتبار سے ہندوستان سے تعلق رکھتے ہیں، اس لئے زحل کی تاثیر سے اہل ہند کا رنگ سیاہ ہے اور عطارد کی تاثیر سے ان کی عقل خالص اور ذہن لطیف ہے۔ نیز زحل کی وجہ سے ان کے افکار وخیالات میں صحت اور گہرائی ہے۔ ان وجوہ سے اہل ہند کی طبیعت میں صفائی اور عقل وتمیز میں سلامتی ہے، وہ اس بارے میں دوسری سیاہ قوموں مثلاً زنجی، نوبی اور حبشی سے مختلف ہیں۔ اسی لئے حساب، ہندسہ، حرکات نجوم، اسرار فلک اور دیگر علوم ریاضیہ سے ان کو حصۂ وافر ملا ہے۔ نیز یہ لوگ علم طب میں سب سے آگے ہیں۔ اور دواؤں کی تاثیرات وقویٰ کی معلومات میں سب سے زیادہ بصیرت رکھتے ہیں۔ اور مولدات کے طبائع اور موجدات کے خواص میں ان کو بڑا درک ودخل ہے، اور ان کے بادشاہوں میں عمدہ کردار، اچھے عادات اور مکمل سیاست ـــــ

کے اوصاف موجود ہیں[1]

ایک دوسرے اندلسی مؤرخ اور جغرافیہ نویس ابو حامد غرناطی (محمد بن عبدالرحیم) نے تحفۃ الالباب میں لکھا ہے کہ ہندوستان اور چین عظیم ملک ہیں۔ ان میں عدل و انصاف کی فراوانی، نعمتوں کی بہتات، عمدہ سیاست، دائمی ارزانی و فراخی، اور امن و امان کی وجہ سے بے فکری ہے، اہل ہند طب، نجوم، ہندسہ کے علوم و فنون اور عجیب و غریب صنعتوں میں سب سے زیادہ علم و نظر رکھتے ہیں، اور ان علوم و فنون میں ان کے علاوہ دوسرا قدرت حاصل نہیں کر سکتا[2]

جاحظ نے رسالہ فخر السودان علی البیضان میں لکھا ہے کہ ہم نے دیکھا ہے کہ اہل ہند نجوم اور حساب میں سب سے آگے تسلیم کیے جاتے ہیں۔ خط ہندی ان کا خاص خط ہے نیز وہ علم طب میں سب سے آگے مانے جاتے ہیں، طبی اسرار و رموز اور بیماریوں کے علاج میں خاص بصیرت رکھتے ہیں، طاقوں میں سجائی جانے والی تمثالوں اور تصویروں کی تراش و خراش اور ان میں رنگ آمیزی کے ماہر ہیں۔ شطرنج ان کا بہترین کھیل ہے جس میں

فہم و فراست بہت زیادہ درکار ہے، ان کے ملک میں قلعی تلواریں بنتی ہیں، جن سے کھیلنے اور لڑنے میں ان کو مہارت و حذاقت حاصل ہے، ان کے پاس زہر اور درد کے منتر ہیں، طرب انگیز غناء و موسیقی ہے، کنکلہ نامی باجا ہے جس میں ایک تار کدو پر کھینچا جاتا ہے اور عود اور چنگ کے قایم مقام ہوتا ہے، قسم قسم کے رقص و سرود ہیں۔ جادو، علاج بالدخان اور طبی لعوق ہے۔ ان کے یہاں خط ہندی کے علاوہ اور بہت سے خطوط ہیں۔ شعر و شاعری، تقریر و خطابت، فلسفہ اور

---

[1] طبقات الامم ص ۱۳، و ص ۱۴۔ [2] تحفۃ الالباب ص ۴۹۔

ادب کی کثرت ہے۔ شکل و صورت اور لباس عمدہ، اخلاق و عادات اچھے ہیں جیسے خلال، کنگھی، مسواک، احتباء، (خاص قسم کی نشست) مانگ اور خضاب، ان میں حسن و جمال اور ملاحت اور قد و قامت میں اعتدال و موزونیت ہے، سینہ صاف ستھرا ہے۔ ان کے نسب کی مثال بیان کی جاتی ہے۔ ان کے یہاں سے بادشاہوں کے لئے عود ہندی لائی جاتی ہے جس کے مانند کوئی عود نہیں ہے۔ ان سے غور و فکر اور ایسے منتر کا علم نکلا ہے جس کو زہر پر پڑھا جاتا ہے تو زہر بے ضرر ہو جاتا ہے، انہی سے لوگوں نے نجوم کے حساب کی اصل حاصل کی ہے۔ حضرت آدم علیہ السلام جنت سے ان ہی کے ملک میں اترے تھے[1]

ابو منصور ثعالبی نے ثمار القلوب فی المضاف و المنسوب میں لکھا ہے کہ ہندوستان کے جادوگروں کی مثل بیان کی جاتی ہے۔ ان کے یہاں جادو، منتر، علاج بالادویہ، حساب، نجوم اور تمثالوں کی تراش و خراش ہے۔ جیسے عربوں کے یہاں بیان و خطابت، شعر و شاعری، بناء، اور اہل فارس کے یہاں سیاست، عمارت اور اقوام عالم کے علوم کا استعمال ہے[2]

ایک مرتبہ خلیفہ ابو جعفر منصور نے اسمٰعیل بن عبد اللہ سے کہا کہ دنیا کے لوگوں کے بارے میں مجھے معلومات دو تو اس نے ہندوستان کے متعلق بتایا کہ اہل ہند حکماء و فلاسفہ ہیں۔ ان کا ملک ان کے لئے کافی ہے اس لئے وہ پاس پڑوس والوں سے مستغنی اور بے نیاز ہیں[3]

عبد اللہ بن مقفع سے ہندوستان کے بارے میں سوال کیا گیا تو اس نے بتایا کہ اہل ہند اصحاب فلسفہ ہیں[4] ہندوستان کے بارے میں مسلمانوں اور عربوں

---

[1] رسائل جاحظ ج ۱ ص ۲۲۴۔ [2] ثمار القلوب فی المضاف و المنسوب ص ۲۳۷، [3] تاریخ طبری ج ۸ ص ۱، [4] بلوغ الارب فی معرفۃ احوال العرب ج ۱ ص ۱۵۹۔

کے عام خیالات کی یہ مثالیں اس بات کے ثبوت کے لئے کافی ہیں کہ مسلمان اہل ہند کو نہایت عزت اور وقعت کی نظر سے دیکھتے تھے اور ان کے بارے میں نہایت اچھے خیالات رکھتے تھے۔

اب ہم مسلمانوں کے بیانات و تجربات کی روشنی میں ہندوستان کے بعض اوصاف و کمالات بیان کرتے ہیں۔ اس کے بعد ان کے ساتھ مسلمانوں کے حسن سلوک کو پیش کریں گے۔

اہلِ ہند کا جذبہ حُبّ الوطنی اپنے ملک و وطن سے محبت و تعلق انسان کا فطری جذبہ ہے۔ عربوں کے نزدیک اس شخص سے انسانیت اور مروت و فتوت کی توقع فضول ہے جسے اپنے وطن سے محبت و تعلق نہ ہو کیوں کہ جس شخص کو اپنے ملک و وطن سے تعلق نہ ہوگا وہ دوسروں کے ساتھ مروت اور وفا کا معاملہ نہیں کر سکتا حتیٰ کے مسلمانوں کے یہاں حب الوطن من الایمان کا مقولہ مشہور ہے۔ وہ اہل ہند کے جذبہ حب وطن سے بھی خوب واقف تھے اور ہر معاملہ میں اس کی رعایت کرتے تھے۔ ابو ہلال عسکری نے لکھا ہے:-

وقالت الهند: حرمة بلدك عليك مثل حرمة ابويك لان غذاؤك منهما و غذائهما منك۔ [1]

اہلِ ہند کا قول ہے کہ تمہارے اوپر تمہارے وطن کا احترام ایسا ہی ضروری ہے جیسا کہ تمہارے والدین کا احترام ضروری ہے۔ کیوں کہ تمہاری غذا وطن اور والدین سے ہے اور ان کی غذا تم سے ہے۔

[1] دیوان المعانی۔ ج ۲ ص ۱۸۸۔

ہندوستان کے امن وانصاف کا اعتراف

اس ملک کے جاٹ اور بحری ڈاکو مسافروں اور تاجروں کے لئے مستقل مصیبت تھے۔ اور خشکی و تری میں ان کی لوٹ مار اور یلغار رہا کرتی تھی۔ مرکز خلافت بغداد اور یہاں کے امراء کو متعدد بار ان کے خلاف سخت تادیبی کارروائی کرنی پڑی، اس کے باوجود بعض راجوں مہاراجوں کے ملک میں امن و امان اور عدل و انصاف کی فراوانی ضرب المثل حد تک پائی جاتی تھی۔ مسلمانوں نے اس کا برملا اعتراف کیا ہے اور اپنی کتابوں میں اس کی تعریف و توصیف کی ہے۔ مثلاً: راجۂ جزر کے دیس میں امن و امان کا تذکرہ ابن رستہ نے ان الفاظ میں کیا ہے:۔

العدل فی مملکتہ مستفیض لوطرح الذھب فی وسط الطریق ماخافوا علیہ احدًا یاخذہ من عدلھم۔	عدل و انصاف اس کی مملکت میں عام ہے۔ اگر بیچ راستہ میں سونا گرا دیا جائے تو کسی کے اٹھانے کا ڈر نہیں۔

اس کے بعد لکھا ہے کہ اس کا ملک وسیع ہے، عرب تاجر اپنے تجارتی کاروبار کے سلسلہ میں اس راجہ کے یہاں جاتے ہیں تو ان کے ساتھ حسن سلوک سے پیش آتا ہے اور ان سے سامان خریدتا ہے۔ یہ عرب تاجر چلتے وقت اس سے کہتے ہیں کہ ہمارے ساتھ اپنے آدمی کو کر دو جو ہم کو اور ہمارے سامان کو بحفاظت ملک کے باہر کر دے تو راجہ کہتا ہے کہ میرے ملک میں چور نہیں ہیں۔ تم لوگ جاؤ اور اگر مال و اسباب پر کوئی آفت آئی تو اس کا بدلہ مجھ سے لے لینا۔ میں ضامن ہوں۔

اسی طرح ابن رستہ نے راجۂ قمار کے عدل و انصاف کی تعریف کرتے

ہوئے تصریح کی ہے:

و لملك قمار ثمانون قاضيًا لو رُدّ عليهم ولد الملك لانصفوا منه واقعدوه مقعد الخصم۔ [1]	اس راجہ کے یہاں اسی حاکم و منصف ہیں، جن کی عدالت میں اگر راجہ کا لڑکا بھی پیش کیا جائے تو انصاف سے کام لیں گے اور اسے بھی مد مقابل کی جگہ بٹھائیں گے۔

سلیمان تاجر نے اپنے زمانہ کے راجۂ جزر کے بارے میں لکھا ہے کہ وہ عرب کے بادشاہ (خلیفۃ المسلمین) کو سب سے بڑا ماننے کے باوجود اسلام کا سب سے بڑا دشمن ہے مگر اسی کے ساتھ اس کے ملک میں امن و امان کی تعریف ان الفاظ میں کی ہے:-

و ليس فى بلاد الهند أمن من السرق منها۔ [2]	پورے ہندوستان میں چوری کے بارے میں سب سے زیادہ محفوظ اس کا ملک ہے۔

اہلِ ہند کا حُسن و جمال

مسلمانوں کے نزدیک ہندوستان صرف سحرستان یعنی جادو کی سرزمین نہیں تھا بلکہ نگارستان یعنی شہر حسن و جمال بھی تھا۔ یہاں کے باشندوں میں ان کے لئے بڑی کشش تھی ہندوستان کے قد و قامت کا اعتدال، اعضاء کا تناسب، چہرے بشرے کی صباحت و ملاحت اور رنگ و بو کی جاذبیت ایسے طبعی اور فطری اوصاف تھے جنھوں نے عربوں کو اپنا شیدائی بنا لیا تھا اور وہ یہاں کے حسن و جمال کا والہانہ انداز میں ذکر کرتے تھے اور اس سے لطف اندوز ہوتے تھے۔

---

[1] الاعلاق النفیسہ [2] رحلۃ سلیمان ص ۲۸۔

یہاں کے غلام اور باندی عرب میں شان محبوبی رکھتے تھے، ان کے اوصاف و کمالات پر کتابیں لکھی جاتی تھیں، طبیب ابوالحسن مختار بن حسن بن عبدون بغدادی نے غلاموں اور باندیوں کے بیان میں ایک کتاب بنام رسالۃ جامعۃ لفنون نافعۃ فی شری الرقیق وتقلیب العبید لکھی ہے۔ اس میں ہے کہ جو شخص جان ومال کی حفاظت کے لئے غلام رکھنا چاہتا ہے اسے چاہیئے کہ ہندوستان یا نوبہ کے غلام رکھے، پھر ابن عبدون نے ہندیات، سندیات، قندھاریات منصوریات کے عنوان سے یہاں کے مختلف علاقوں کی باندیوں کی صفات وخصوصیات درج کی ہیں، چنانچہ ہندیات کے بارے میں لکھا ہے کہ ہندوستان کے جنوبی مشرقی علاقوں کے باشندوں کو جسم کی موزونیت، گندمی رنگ۔ بشرے کی صفائی مائل بہ زردی کے ساتھ حسن وجمال سے وافر حصہ ملا ہے۔ ان کا جسم ترم ونازک اور گداز ہوتا ہے، البتہ بڑھاپا جلد آجاتا ہے، ان میں محبت والفت، ایفائے وعدہ، احساسِ تحفظ، فہم وفراست اور غیرت وحمیّت کا مادّہ زیادہ ہوتا ہے، یہ لوگ اپنی ذات کی حفاظت کرتے ہیں، نہ ذلت برداشت کرسکتے ہیں اور نہ مرنے سے ڈرتے ہیں، کسی موقع پر اگر ان کو غصہ آجائے تو بے دھڑک خطرات میں کود پڑتے ہیں، یہاں کی عورتیں توالد وتناسل کے لائق ہیں اور مرد جان ومال کی حفاظت اور باریک صنعتوں میں یکتا ہیں البتہ ان کو نزلہ بہت جلد ہو جاتا ہے۔

اور ہندوستان کے جنوب اور مشرق کے درمیان علاقہ کی باندیاں سندیات کے نام سے مشہور ہیں، چونکہ یہ علاقہ ہندوستان سے ملا ہوا ہے اس لئے سندیات اور ہندیات کے اوصاف تقریباً یکساں ہیں۔

غیران نساءھم یتفردن بدقۃ البتہ سندیات کمر کی نزاکت،

الخصور وطول الشعر۔

اور بال کی طولانی میں منفرد ہیں۔

قندھاریات بھی ہندیات کے ہم پلہ ہیں اور ان میں خاص بات یہ ہے کہ

ولهن فضيلة على كل النساء، فان الشيب منهن مفقود، كالبكر الصفراء، المولدة تنسب الى ابيها وامها، وتمزج بينهما فاخلاقها مركبة منهما۔

ان کو تمام عورتوں پر فوقیت حاصل ہے کیوں کہ بڑھاپا ان میں مفقود ہے۔ وہ ہمیشہ گوری دوشیزہ کی طرح رہتی ہیں۔ ان میں مولدات اپنے ماں باپ کی طرف منسوب ہوتی ہیں۔ اور ان کے اخلاق والدین کے اخلاق سے ملتے جلتے ہیں۔

اسی طرح ابن عبدون نے منصوریات یعنی منصورہ کی باندیوں کے حسن وجمال اور اوصاف کا تذکرہ کیا ہے[1] جاحظ نے فخر السودان علی البیضان میں اہلِ ہند کے حسن وجمال اور صباحت وملاحت کا ذکر یوں کیا ہے[2]

وفيهم من الزنج الحسن والاخلاق المحمودة وفيهم جمال وملح، واعتدال وطيب عرق والى اشباههم يضرب الامثال۔

ان میں ظاہری حسن وجمال اور اخلاق حسنہ ہیں، ان کے جمال میں ملاحت، موزونیت اور پسینہ میں پاکیزگی ہوتی ہے ان صفات میں ان کی عورتیں

---

[1] رسالہ جامعہ لفنون نافعہ فی نشری الرقیق وتقلیب العبید۔ ضمن مجموعہ نوادرات ج ۱ ص ۲۷۲ وص ۲۷۳ وص ۲۷۶، طبع قاہرہ ۱۳۲۶ھ۔ [2] رسائل جاحظ ج ۱ ص ۲۲۴۔

ضرب المثل ہیں۔

ہندوستان میں آنے والے تاجروں اور سیاحوں نے بھی یہاں کے حُسن وجمال کا تذکرہ کیا ہے۔ سلیمان تاجر نے راجۂ طافن اور اس کے چھوٹے سے ملک کا ذکر کر کے لکھا ہے کہ یہاں کی عورتیں گورے رنگ کی ہوتی ہیں اور ان کا شمار ہندوستان کی سب سے زیادہ خوبصورت عورتوں میں ہوتا ہے۔

اہلِ کشمیر کے حسن وجمال کا شہرہ عربوں میں یوں تھا کہ وہ خلقت کے اعتبار سے اللہ کی حسین ترین مخلوق ہیں۔ ان کی عورتوں کے حسن کی مثال دی جاتی ہے، ان کا قدوقامت بھرپور، اور شکل وصورت نہایت موزوں، بال گھنے۔ اور لمبے ہوتے ہیں، ایک کشمیری باندی دو سو دینار یا اس سے زیادہ میں ملتی ہے۔ (معجم البلدان ج ۷، ص ۹۴)۔

ابن رستہ نے راجہ طافن کے ملک کی مالداری، زرخیزی اور حسن وجمال کو دلچسپ انداز میں یوں بیان کیا ہے کہ اس کے ملک کے باشندے گندمی رنگ کے ہیں، نیز ان میں گورے چٹے ہیں اور وہاں حسن وجمال عام ہے، یہاں کے غلام اس قدر حسین وجمیل ہوتے ہیں کہ قرب وجوار کے کسی علاقہ میں ان کی مثال نہیں ہے[1]

اور مسعودی نے راجہ طافن کے ملک کی عورتوں کے بارے میں لکھا ہے کہ یہاں سے زیادہ حسین وخوبصورت عورتیں پورے ہندوستان میں نہیں ہیں یہ عورتیں خلوت کے لیے مشہور ہیں اور باہ کی کتابوں میں ان کے تذکرے ہیں۔ بحری تاجر اور مسافر ان کو بڑی رغبت اور خواہش سے خریدتے ہیں اور یہ "طافنیات" کے نام سے مشہور ہیں[2] سلیمان تاجر نے راجہ کا شبہین کے

---

[1] الاعلاق النفیسہ، [2] مروج الذہب ج ۱ ص ۱۷۰۔

ملک کے باشندوں کے متعلق لکھا ہے کہ یہ گورے ہوتے ہیں اور ان میں حسن وجمال ہے حالاں کہ یہ میدانی اور پہاڑی علاقوں کے رہنے والے ہیں۔[1] اور مسعودی نے لکھا ہے کہ یہاں کے مردوں اور عورتوں میں حسن وجمال ہے۔[2]

ابن رستہ نے علاقہ ارمن کے باشندوں کے بارے میں لکھا ہے کہ ان میں حسن وجمال ہے، وہ اپنے لڑکوں کی شادی بچپن میں کر دیتے ہیں، ان کا خیال ہے کہ اس سے بدکاری سے حفاظت رہتی ہے۔

ہندوستان کا یہ حسن وجمال بہت بڑا فتنہ تھا، پھر یہاں پردے کا رواج نہیں تھا۔ اس لئے یہ فتنہ عام تھا، اور راجۂ قمار کے علاوہ یہاں کے راجے مہاراجے زنا کاری کو معیوب نہیں سمجھتے تھے۔ وہ بڑا غیرت مند تھا اور شراب اور زنا پر قتل کی سزا دیتا تھا، اس زمانہ میں یہاں آنے جانے والے مسافروں کے لئے سرائیں تھیں جن میں قحبہ خانے ہوتے تھے، بعض بت خانوں میں خوبصورت لڑکیاں بطور نذر اور منت رکھنے کا رواج تھا جس کی آمدنی بت خانہ پر صرف ہوتی تھی۔ جیسا کہ ابن رستہ، سلیمان تاجر اور ابوزید سیرافی وغیرہ نے بیان کیا ہے، اسی فساد کی وجہ سے بقول ابوزید سیرافی:۔

وکان مشائخ اهل سیراف یمنعون من الجهاز الی هذه الناحیة، وخاصة الاحداث۔[3]	سیراف کے علماء ومشائخ اس علاقہ میں سفر کرنے سے منع کرتے تھے، خاص طور سے نوجوانوں کو،

جاحظ نے لکھا ہے کہ ہندوستان کی عورتوں کو مرد کی خواہش بہت زیادہ

[1] رحلۃ سلیمان ص ۳۲، [2] مروج الذہب ج ۱ ص ۱۷۲، [3] المسالک والممالک ص ۶۷، رحلۃ ابی زید۔ ص ۳۲۔

ہوتی ہے۔ اسی لئے یہاں قحبہ خانے بنائے گئے ہیں۔ پھر تفصیل سے اس کی وجہ بیان کی ہے[1]

ہندوستان کے نگار خانۂ حسن و جمال میں مسلمانوں اور عربوں کے لئے کشش کے باوجود انھوں نے یہاں کے بازار حسن میں نہ سودے بازی کی اور نہ ہی عشق و محبت کی عصمت کو مجروح ہونے دیا، بلکہ اپنے دامن کو ہر قسم کے داغ دھبہ سے بچائے رکھا۔ ابو زید سیرافی نے انتخاب ہند کی تفصیل بیان کرکے آخر میں لکھا ہے:۔ واللہ جل وعز نحمدہ علی ما اختارلنا وطھرنا من ذنوب الکفرۃ۔ یعنی ہم اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتے ہیں کہ اس نے ہم کو اس سے محفوظ رکھ کر کافروں کے گناہ سے پاک و صاف رکھا ہے۔

ہندی عورتوں کی خصوصیات

ہندوستان کی عورتیں اپنے حسن و جمال کی بے پناہ کشش کے ساتھ موسیقی، امور خانہ داری، بچوں کی پرورش اور توالد و تناسل میں بھی شہرت رکھتی تھیں، اور ہند اور بیرون ہند کے مسلمان ان سے شادیاں کرتے تھے۔ طبیب ابن حمدون بغدادی نے ہندی غلاموں اور باندیوں کے ذکر میں لکھا ہے۔ نساؤھم یصلحن للولد یعنی ہندوستان کی عورتیں توالد و تناسل کے قابل ہوتی ہیں[2] جاحظ نے لکھا ہے کہ ہندی باندیوں کے مفاخر میں خوش خلقی اور خوش گلوئی اور حسن صوت ہے، اسی طرح وہ ہر قسم کا کھانا پکانے میں مہارت رکھتی ہیں:۔

ومن مفاخر الزنج حسن الخلق	سیاہ رنگ والوں کے محاسن میں
وجودۃ الصوت، وانك	سے حسن خلق اور حسن صوت ہے۔

[1] ثمار القلوب ص ۲۹، رص ۳۰۳ ص ۳۳۸ [2] رسالہ نافعہ فنون جامعہ الخص ۳۰۳

لتجد ذلك فی القیان اذا کن من بنات السند، و خصلة اخری انه لایجد فی العبید اطیخ من السند وهو اطبع علی طیب الطبخ کله، [1]	تم یہ چیز خاص طور سے سندھی باندیوں میں پاؤگے، دوسری بات یہ ہے کہ کھانا پکانے میں سندھی غلام سے زیادہ ماہر کوئی نہیں ملے سکتا، وہ ہر قسم کا عمدہ کھانا پکانے کا سلیقہ رکھتا ہے۔

ان ہی اوصاف وخصوصیات کی وجہ سے ہندوستان کی عورتیں عربوں میں بہت زیادہ مقبول ومحبوب تھیں۔ مسعودی نے بمبئی سے متصل چیمور اور اس کے آس پاس کی بستیوں کے بارے میں لکھا ہے کہ میں نے یہاں تقریباً دس ہزار مسلمانوں کو دیکھا ہے جن میں بیاسرہ، سیرافی، عمانی، بصری، بغدادی اور دوسرے شہروں کے ہیں، وہ ان علاقوں میں متاہل ہوکر رہ بس گئے ہیں، ان میں بڑے بڑے تاجر ہیں، اس کے بعد لکھا ہے:

ومعنی قولنا البیاسرة یراد به من ولد وامن المسلمین بارض الهند، یدعون بهذا الاسم واحدهم بیسر وجمعهم بیاسرة۔ [2]	بیاسرہ سے مراد وہ مسلمان ہیں جو ہندوستان میں پیدا ہوئے۔ وہ اس نام سے پکارے جاتے ہیں۔ ایک کو بیسر کہتے ہیں۔

یہ بیسر اور بیاسرہ وہ نسل ہے جو ہندی بیوی اور عربی شوہر سے پیدا ہوتی تھی۔ یہ نسل نہایت خوبصورت ہوتی تھی۔ جاحظ نے کتاب الحیوان میں اس کے حسن وجمال کو رنگ ونسل کے اختلاط کا نتیجہ قرار دیا ہے۔ گجرات اور

---

[1] رسائل جاحظ ج ۱ ص ۲۲۴۔ [2] مروج الذہب ج ۱ ص ۲۱۰۔

کوکن وغیرہ کے ساحلی علاقوں میں جو مسلمان آباد ہوئے، عام طور سے انھوں نے ہندی عورتوں سے شادیاں کیں، اور ان ہی سے اولاد کا سلسلہ چلا، آج بھی ان میں یہ اختلاطی حسن پایا جاتا ہے،

عرب میں یہاں کی عورتیں اور باندیاں نہایت مرغوب تھیں اور بصرہ والے ان کے شیدائی تھے۔ جاحظ نے لکھا ہے:۔

ان اهل البصرة اشهى النساء عندهم الهنديات و بنات انهنديات۔[1]	بصرہ والوں کے نزدیک سب سے زیادہ مرغوب ومحبوب ہندیات اور ان کی بیٹیاں ہیں۔

ہندیات سے مراد ہندی عورتیں اور بنات ہندیات سے مراد وہ عورتیں ہیں جن کی مائیں ہندی اور باپ عربی ہوں، ان کا ملا جلا حسن وجمال بہت ہی جاذبیت رکھتا تھا اور عربوں کو بیحد مرغوب تھا۔

عورت اور اس سے عشق کے بارے میں حکمائے ہند کا نظریہ،

عربوں نے ہندی عورتوں کے حسن وجمال اور اوصاف وکمالات کو اپنے ذوق لطیف کے مطابق پاکر ان سے شیفتگی ظاہر کی، مگر یہ عجیب بات ہے کہ خود ہندوستان کے حکماء وفلاسفہ اور دانشوروں نے عورت اور اس سے عشق ومحبت کے بارے میں بالکل اس کے ضد نظریہ پیش کر کے عورت کو حقارت کی نظر سے دیکھا ہے۔

ابو طیب محمد بن اسحاق بن یحیی الوشاء نے کتاب الموشی او الظرف والظرفاء میں لکھا ہے کہ ہم کو معلوم ہوا ہے کہ ہندوستان کے حکماء وفلاسفہ اور اصحاب تجربہ عشق کے قائل نہیں ہیں۔ اور وہ اسے جنون اور جادو کی ایک قسم سمجھتے ہیں۔

---

[1] رسائل جاحظ ج ۱ ص ۲۱۵۔

وہ کہتے ہیں کہ عشق و محبت کے اسباب ہی نفرت و اختلاف کے باعث بنتے ہیں، اور اس میں ذلت و پریشانی ہوتی ہے، اس سے بیماری اور کمزوری پیدا ہوتی ہے۔ جو عورت جس قدر زیادہ وفادار ہوتی ہے اسی قدر جلد غدّار اور جفا پرور ہوتی ہے، اور جو عورت جس قدر زیادہ قسم کھاتی ہے۔ اسی قدر جلد بد باطن اور بیوفا ہو جاتی ہے[1]

شعرائے عرب اور ہندوستان کا طبعی و تکوینی حسن و جمال

ہندوستان کے فطری حسن اور طبعی جمال کے ساتھ یہاں کی تکوینی رنگینیاں اور علاقائی و موسمی دلفریبیاں شعرائے عرب کی عشقیہ شاعری میں امتیازی مقام رکھتی ہیں، اور عربی ادبیات میں "ہندیات" کا عنصر بہت ہی جمالیاتی رنگ لئے ہوئے ہے۔ اس کی چند مثالیں ملاحظہ ہوں:۔ عبید اللہ بن قیس الرقیات کا قول ہے ؎

هَبَّتْ رياحٌ من جانب السند فقلتُ يا بردَها على كبدٍ

سند کی طرف سے ہواؤں کا جھونکا چلا تو میں نے اپنے دل میں اسکی ٹھنڈک محسوس کی۔

جاء برٌ يا الحبيب يحملها من بلد نازح الى بلدٍ[2]

وہ ہوائیں محبوبہ کی خوشبو ایک دور دراز شہر سے دوسرے شہر میں لائی ہیں۔

مندل اور قمار ہندوستان کے دو مقام ہیں جہاں کی عود مندلی اور عود قماری اپنی عمدگی، خوشبو اور عطر بیزی میں مشہور رہے، ابن ہرمہ نے اپنے شاعرانہ تخیلات سے ان دونوں مقامات کو ہندوستان سے اٹھا کر عرب میں پہونچا دیا ہے۔ وہ کہتا ہے ؎

---

[1] المستطرف والنظر والنظرة ص ۱۶۹، ۱۷۰۔ [2] دیوان الحماسہ، ابن شجری ص ۱۶۸۔

احبّ اللیل، ان خیال سلمیٰ اذا نمنا اَلَمَّ بنا قرارا

میں رات کو اس لئے محبوب رکھتا ہوں کہ جب ہم سوتے ہیں۔ تو سلمیٰ کا تصور سکون و قرار بخشتا ہے،

کانّ الرکب اذ طرقتْك باتوا بمندل او بقارعتی قمارا[1]

جب سلمیٰ عالم خیال میں رات میں تمہارے پاس آئی تو اس کی خوشبو سے محسوس ہوا کہ کاروان مندل یا قمار کے میدان میں شب باش ہے۔

ایک شاعر نے اپنی محبوبہ کے خرام ناز کے ساتھ عود مندلی کا تذکرہ یوں کیا ہے ؎

اذا ما مَشَتْ نادیٰ بما فی ثیابها ذکیّ الشذاء، والمندلی المطیّر[2]

جب محبوبہ چلتی ہے تو اس کے پوشیدہ حسن و جمال کا اظہار خوشبو کی تیزی اور مندلی عود کی عطر بیزی سے ہوتا ہے۔

ہندوستان کی عود کلاہی جودت و عمدگی میں مشہور رہے۔ ابوالعباس صفری نے اپنی محبوبہ کے ساتھ اس کا تذکرہ یوں کیا ہے ؎

لها ارجٌ یقصّی عن مداه فتیتُ المسك والعود الکلاهی[3]

محبوبہ کے بدن میں ایسی خوشبو ہے کہ مشک اور کلاہی عود کی خوشبو اسکے مقابلہ میں ہیچ ہے۔

ابن مطران شاعر نے اپنے ممدوح سے عود ہندی کی اگربتی کا مطالبہ اس انداز میں کیا ہے ؎

یا اکرم الاکرمین سیرة نعم، واز کاهم سریرة

اے وہ ذات جو سیرت و اخلاق میں سب سے بہتر اور باطنی کیفیات میں سب سے پاکیزہ ہے۔

---

[1] معجم البلدان ج ۷، ص ۱۵۸۔ [2] " ج ۸ ص ۱۷۴۔ [3] " ج ۷ ص ۲۷۳۔

ومن بھماتہ العوالی اضحت عیون العلا قریرۃ

اور جسکی بلندی ہمت سے بڑے لوگوں کی آنکھیں ٹھنڈی ہوگئی ہیں۔

لتزمنی راحتاک شھبًا مھلّعات مستدیرۃ

تم میری طرف اپنی چنگاری پھینکو جو پہلودار اور گول ہے۔

بلاد تجمو عھا ثلاث الھند، والتراک، والجزیرۃ

جو تین ملکوں کی خوشبو سے بنتی ہے، ہندوستان، ترکستان اور جزیرہ شحر، ان تینوں ملکوں سے مراد عود ہندی، مشک تبتی، اور عنبر شحری ہے۔[1]

عرب شعراء نے عام طور سے سیوف ہند (ہندی تلواروں) کا ذکر حرب و ضرب اور رزم کے موقع پر کیا ہے، مگر کچھ اہل ذوق نے تشبیہات وکنایات سے کام لے کر ان کو محبوبہ کی فتنہ سامان نگاہوں کے ہم پلہ بنا دیا، اور ان کو میدان رزم سے اٹھا کر حسن ومحبت کی بزم میں رکھ دیا۔ ابو محمد المخازن کا قول ہے۔

ھند تری بسیوف مقلتھا مالا تری بسیوفھا الھند

محبوبہ ہند اپنی آنکھ کی تلواروں سے قتل وغارت کا وہ منظر دیکھتی ہے جو اہل ہند اپنی تلواروں سے نہیں دیکھتے ہیں۔

اور صاحب بن عباد نے تو یہاں تک کہہ دیا ہے۔

اجفان ھند کسیوف الھند[2]

ہند کی پلکیں جیسے ہندوستان کی تلواریں۔

ایک مشہور شاعر محمد بن بشار ہمدانی نے اپنے وطن ہمدان اور اس کے پہاڑ اردند کی سرسبزی وشادابی اور موسم بہار میں اس کی دلفریب

---

[1] ثمار القلوب فی المضاف والمنسوب ص ۵۳۳۔ [2] ثمار القلوب ص ۵۳۴۔

رنگینی کا نقشہ کھینچتے ہوئے ہندوستان کے خوش رنگ اور خوش نوا پرندوں کا تذکرہ کیا ہے، ارباب ذوق ملاحظہ فرمائیں اور لطف اٹھائیں ؎

تزینت بالدنیا و طاب جنابھا وناح علی اغصانھا ورشاشھا

موسم بہار میں دنیا بن سنور گئی، اور کوہ اردند کا دامن پھولوں سے بھر گیا اور درختوں کی شاخوں پر ورشان پرند چہچہانے لگے۔

وامرعت القیعان واخضر نبتھا وقام علی الوزن السواء رمانھا

ٹیلے سبز پوش ہو گئے اور سبزہ زاروں میں تازگی آگئی اور موسم خوشگوار و معتدل ہو گیا۔

وجاءت جنودٌ من قری الھند لم تکن : لتاتی الا حین یاتی اوانھا

اور ہندوستان کے شہروں سے پرندوں کے جھنڈ آگئے۔ جو اپنے وقت ہی پر آتے ہیں۔

مسورۃ دعج العیون کانما لغات بنات الھند تحکی لسانھا

وہ پرندے کنٹھے دار ہیں، ان کی آنکھیں سیاہ اور بڑی بڑی ہیں۔ ان کی زبان ہندی لڑکیوں کی بولی بول رہی ہے۔

لعمرک ما فی الارض شیءٌ نلذہ من العیش الا فوقھا ھمدانھا[1]

تمہاری زندگی کی قسم دنیا میں ہمیں جینے کی جو جو لذتیں حاصل ہیں ان سب سے اونچی لذت ہمدان میں ہے۔

ہندوستان اور اس کی اشیاء سے متعلق عربی اشعار کو جمع کیا جائے تو عربی ادبیات میں "ہندوستان" کے موضوع پر اچھی خاصی کتاب تیار ہو سکتی ہے، یہاں بطور نمونہ چند اشعار پیش کر دیے گئے ہیں۔

---

[1] معجم البلدان ج ۱ ص ۲۰۹۔

مناکحت اور توالد و تناسل

عرب و ہند کے درمیان مناکحت اور توالد و تناسل کا سلسلہ اموی دور ہی میں شروع ہو گیا تھا، اور دونوں نسلوں کے امتزاج سے جو اولاد پیدا ہوئی اس کو بیسر اور بیاسرہ کے نام سے یاد کرتے تھے، اس دور میں اس نسل سے مشہور محدث یزید بن عبداللہ بیسری بصری گذرے ہیں۔ عباسی دور میں عرب و ہند کے ازدواجی تعلقات میں بڑی وسعت پیدا ہوئی اور ہندوستان اور عرب کے مسلمانوں نے ہندی عورتوں سے شادیاں کیں، جن سے ایک نہایت حسین و جمیل اور مخلوط نسل بیاسرہ کی پیدا ہوئی، نیز یہاں کی بہت سی باندیاں خلفاء، امراء اور اعیان و اشراف کے قصور و محلات میں پہنچ کر امہات الاولاد ہوئیں،

سندھ و مکران کے علاقہ دار الاسلام سے دور ہندوستان کے دار الکفر میں بھی مسلمانوں اور ہندی عورتوں کے درمیان رشتۂ ازدواج قائم ہوا، خاص طور سے اس دیار کے عرب تاجروں نے ہندی عورتوں سے زیادہ سے زیادہ شادیاں کیں اور ان سے اولاد کا سلسلہ چلا، عباسی دور کے پچاس پچپن سال کے بعد مسعودی ۳۰۳ھ اور ۳۰۴ھ میں چیمور (بمبئی) آیا۔ اس نے یہاں تقریباً دس ہزار تاجروں کو دیکھا جو عرب کے مختلف علاقوں سے آکر یہاں آباد ہو گئے تھے۔ اور ان میں بیاسرہ یعنی عربی و ہندی نسل کے لوگوں کی اچھی خاصی تعداد موجود تھی [1]

ہمارا خیال ہے کہ ہندوستان کے ان عرب تاجروں کو بڑی آسانی سے یہاں کی عورتوں سے شادی کرنے کا موقع مل جاتا تھا اور وہ بلا تکلف خود بخود اسلام قبول کر کے مسلمانوں سے شادی کر لیتی تھیں، مسعودی سے

---

[1] مروج الذہب ج ۱ ص ۲۱۰،

پہلے ابوزید سیرافی کا بیان ہے کہ ہندوستان کے بعض مقامات میں بحری تاجر وہاں کے بڑے لوگوں کی لڑکیوں کو اپنے یہاں طلب کرتے ہیں اور وہ اپنے باپ کے علم کے باوجود بے تکلف چلی آتی ہیں، اسی وجہ سے سیراف کے مشائخ اس علاقہ میں جانے سے خصوصاً نوجوانوں کو منع کرتے ہیں[1] اس سے معلوم ہوتا ہے کہ جو عورت عرب تاجروں سے شادی کے لئے تبدیلی مذہب کرتی تھی اس پر کوئی نکیر نہیں کی جاتی تھی۔

اس زمانہ میں مسلمان جس ملک میں آباد ہوئے انھوں نے وہاں شادیاں کر کے متاہل زندگی بسر کی، اور اس ملک کے شہری بن کر اپنی اولاد کو پروان چڑھایا۔ ہندوستان .... میں بھی ان کا یہی حال رہا ہے، اس دور میں عربوں میں مختلف اقوام و ممالک سے نسبی اختلاط اس کثرت سے ہوا کہ بعض اطراف سے اس کے خلاف آواز اٹھنے لگی، چنانچہ جریر نامی ایک شاعر اس پر عربوں کو یوں عار اور شرم دلاتا ہے ؎

زعمتم بان الھند اولاد خندف وبینکم قربی وبین البرابر

تم لوگ گمان کرتے ہو کہ اہل ہند لنگڑے لولے کی اولاد ہیں، حالاں کہ تمہارے اور افریقہ کے بربروں کے درمیان قرابتداری ہے۔

ودیلم من نسل ابن ضبۃ باسل وبرجان من اولاد عمرو بن عامر

اور اہل دیلم ابن ضبہ بہادر کی نسل سے ہیں اور برجان والے عمرو بن عامر کی اولاد سے ہیں۔

فقد صار کل الناس اولاد واحدٍ وصاروا سواءً فی اصول العناصر

تم میں اور دوسروں میں نسلی رشتہ کی وجہ سے سب لوگ ایک ہی نسل

---

[1] رحلۃ ابوزید ص ۱۲۵ و ص ۱۲۶،

سے ہو گئے ہیں اور اصل میں سب برابر ہیں۔

بنو الاصفر الاملاک اکرم منکم واولی بقربانا ملوک الاکاسر

بنو الاصفر یعنی رومی بادشاہ تم سے زیادہ شریف ہیں اور ہم عربوں کی قرابت کے لئے ایران کے کسرائی بادشاہ زیادہ مناسب ہیں۔

اتطمع فی صهری دعیّا مجاهراً ولم ترستراً من دعیّ مجاهر

کیا تم مجھ کھلے ہوئے متنبّی کی دامادی کی خواہش کرتے ہو اور اس سے حجاب نہیں کرتے۔؟

وتشتم لومًا رهطه وقبیله وتمدح جهلاً طاهراً وابن طاهر[1]

حالاں کہ تم اس کی (میری) قوم وقبیلہ کی مذمت کرتے ہو اور جہل ونادانی سے طاہر اور ابن طاہر کی تعریف کرتے ہو۔

غیر مسلموں کے ساتھ حسن سلوک

یہاں کے غیر مسلموں نے مقامی مسلمانوں اور عرب تاجروں کے ساتھ جو حسن سلوک اور عقیدت ومحبت کا مظاہرہ کیا مسلمانوں نے اس کے جواب میں اسلامی اخلاق کا برتاؤ کر کے ہندوستان اور عرب میں ان کی پذیرائی کی، اور ان کی خاطر مدارات میں کوئی کسر اٹھا نہیں رکھی۔

معلوم ہو چکا ہے کہ یہاں کے بعض راجوں کی خدمت میں عرب تاجروں نے گراں قدر تحائف پیش کئے۔ جس کے جواب میں انھوں نے اس سے کہیں بہتر قیمتی تحفے دیے۔ اور یہاں کے غیر مسلم تجارت یا دوسرے کاموں کے سلسلہ میں جب عرب جاتے تو ان کے عرب دوست اور تاجر ان کی آؤ بھگت کرتے اور شاندار دعوتوں کا اہتمام کر کے ان کے ذوق اور عادت کی رعایت

[1] بلوغ الارب فی معرفۃ احوال العرب ج ۱ ص ۱۶۸۔

کرتے، ابوزید سیرافی نے بیان کیا ہے کہ ہندوستان کے کچھ ہندو ایسے ہیں کہ دو آدمی ایک برتن میں نہیں کھاتے اور نہ ایک دسترخوان پر بیٹھتے ہیں، جب یہ لوگ سیراف جاتے ہیں اور وہاں کا کوئی نامی گرامی تاجر اور صاحب ثروت ان کی دعوت کرتا ہے تو ہر ایک کے سامنے علیحدہ علیحدہ برتن رکھتا ہے جس میں وہ تنہا کھاتا ہے۔ وہ سیکڑوں کی تعداد میں ہوتے ہیں اور اسی طرح ہر ایک کے لیے الگ الگ کھانے کا انتظام کرنا پڑتا ہے[1]



[1] رحلہ ابوزید ص ۱۴۶۔

(۶)

عرب و ہند کے درمیان تجارت

اس دور میں اسلامی حضارت و ثقافت کی طرح مسلمانوں کی تجارت بھی دنیا پر چھائی ہوئی تھی، اور بری و بحری راہیں اور شاہراہیں تجارتی قافلوں اور سامان سے رات دن آباد رہا کرتی تھیں، مغرب میں یورپ سے گذر کر اندلس تک، مشرق میں چین تک، شمال میں قسطنطنیہ تک اور جنوب میں افریقہ تک مسلمان تاجروں کے تجارتی اسفار ہوا کرتے تھے۔ اس دور کے تاجر اور سوداگر مغربی ممالک سے سامان تجارت لے کر بحری راستہ سے مصر کے قریب مقام فرما تک آتے، پھر یہیں فرسخ خشکی کا راستہ (جہاں اب نہر سویس ہے) طے کر کے بحر قلزم میں داخل ہوتے اور مشرقی ممالک کا رخ کر کے مدینہ منورہ کی بندرگاہ جار، اور مکہ مکرمہ کی بندرگاہ جدہ پہونچتے، اس کے بعد سندھ اور ہندوستان ہوتے ہوئے چین جاتے، پھر ان ہی راستوں سے واپس ہوتے ہوئے بحر قلزم تک آتے اور فرما سے مغربی ممالک کا رخ کرتے بعض اوقات یورپ کے بجائے قسطنطنیہ چلے جاتے اور کبھی شام اور انطاکیہ ہوتے ہوئے براہ فرات بغداد چلے آتے پھر ابلہ اور عمان ہوتے ہوئے سندھ، ہندوستان اور چین چلے جاتے اور ماوراء النہر کے تاجر اندلس تک پہونچتے اور طنجہ ہوتے

ہوئے، افریقہ، مصر، رملہ، دمشق، کوفہ، بغداد، بصرہ، اہواز، فارس، کرمان، سندھ ہندوستان اور چین جایا کرتے تھے[1]

بحری تجارت اور ہندوستان کے بحری راستے

سلیمان تاجر اس دور کا مشہور سیاح و تاجر ہے جو عرب سے ہندوستان کا تجارتی سفر کیا کرتا تھا۔ اس نے بحری راستوں کی تفصیل یوں بیان کی ہے بصرہ سے سیراف کا فاصلہ ایک سو بیس فرسخ ہے۔ عام طور سے سیراف میں جہازوں میں تجارتی سامان لادتے ہیں اور میٹھا پانی لیتے ہیں۔ اور دو سو فرسخ طے کر کے عمان کی آخری عملداری مسقط میں آتے ہیں۔ سیراف اور مسقط کے درمیانی سمندر کے مشرقی حصہ میں سیف بنی صفاق اور جزیرہ ابن کاوان ہے۔ اور سمندر کے اندر کسیرا اور عویر نامی دو پہاڑ ہیں جو سطح سمندر پر بہت کم ظاہر ہوتے ہیں، دونوں پہاڑوں کے درمیان راستہ بہت ہی تنگ ہے۔ چھوٹی کشتیاں گذر جاتی ہیں۔ البتہ چینی کشتیاں نہیں گذر سکتی ہیں۔ ان دشوار گذار سمندری پہاڑوں سے نکل کر ہم صحار عمان پہونچتے ہیں۔ اور وہاں کے کنوؤں سے میٹھا پانی لیتے ہیں، پھر لنگر اٹھا کر سیدھے ہندوستان کا رخ کرتے ہیں۔ ہوا معتدل اور موافق ہو تو ایک ماہ کی مسافت طے کر کے جنوبی ہند کے شہر کولم ملی پہونچ جاتے ہیں، یہ مقام ہندوستان میں بحری تجارت کا بین الاقوامی مرکز ہے۔ یہاں چینی جہازوں سے ایک ہزار درہم اور دوسرے جہازوں سے دس دینار ٹیکس لیتے ہیں، جہاز والے یہاں سے میٹھا پانی لیتے ہیں۔ اس کے بعد بحر ہرکند میں داخل ہوتے ہیں، اس میں ایک مقام لنجبالوس نامی ہے، پھر کلہ بار آتا ہے۔ ساحل کو بار (پار) کہتے ہیں۔ پھر بتومہ دس دن کی مسافت پر ہے۔

---

[1] المسالک والممالک ص ۵۳، ص ۱۵۵۔

اس کے بعد دس دن کی مسافت پر کدرنج ہے، یہاں سے بوقت ضرورت میٹھا پانی لیا جاتا ہے، اس کے آگے صنف ہے" پھر صندو فولات (سندگاپور؟) اور صنجی ہے، اس کے بعد حدود چین میں داخل ہوتے ہیں[1]

یہ ہندوستان کے باہر سے گذر جانے کی تفصیل تھی، ہندوستان میں آنے جانے کے بحری راستوں کی تفصیل ابن خرداذبہ نے یوں بیان کی ہے: جزیرہ ابن کاوان سے سات دن کی مسافت طے کرنے کے بعد مقام ثارا آتا ہے جو فارس اور سندھ کے درمیان حدِ فاصل ہے، وہاں سے سندھ کا مشہور شہر دیبل آٹھ دن کی راہ پر ہے، پھر دریائے سندھ سے گذر کر چار دن پر اوتکین آتا ہے۔ جو سندھ کے بعد ہندوستان کا پہلا علاقہ ہے۔ وہاں سے دو فرسخ پر میدہ، اور آگے دو فرسخ پر کولی ہے۔ پھر اٹھارہ فرسخ پر سندان (علاقہ بمبئی) پڑتا ہے۔ پھر پانچ دن کی راہ پر کلی اور دو دن کی راہ پر بلین ہے۔

بلین سے بحری راستہ کئی حصوں میں تقسیم ہو کر کنارے کے شہروں سے گذرتا ہے یہاں سے بابتن دو دن کی مسافت پر ہے۔ وہاں سے سنجلی اور کنکان ایک دن کی راہ پر ہے، وہاں سے دریائے گودا وری کا سنگم تین فرسخ ہے پھر کیلکان، سوا، اور کنجہ دو دو دن کی راہ پر واقع ہیں، اس کے آگے سمندر نامی مقام پندرہ بیس دن کی راہ پر ہے، اس کے بعد کامرون، اور لنجبین اور ابینہ ہے۔

بلین سے سرندیپ ایک دن کی مسافت ہے، اس کے بعد جزیرہ رامی، اور کئی جزائر ہیں، اور جو شخص چین کا سفر کرنا چاہے۔ وہ بلین سے ہٹ کر

---

[1] رحلہ سلیمان تاجر ص ۱۵، ۱۶۔

سرندیپ کے بائیں سے چلے، اس راستہ میں دس سے پندرہ دن کی راہ پر جزیرہ لنکبالوس آتا ہے۔ چھ دن کے بعد کلہ پڑتا ہے اور جزیرہ جابہ، شلاہط (سلہٹ؟) اور ہرنج وغیرہ ہے[1]

جہازوں میں سامان تجارت اور تجار کی کثرت

بحری تجارت کے عروج، تجارتی سامانوں کی زیادتی اور تاجروں کی کثرت کا اندازہ اس سے ہو سکتا ہے کہ تاجروں کی آمد و رفت ہر وقت رہا کرتی تھی اور عرب و ہند کے درمیان تعلقات قائم رہتے تھے۔ ابوزید سیرافی نے لکھا ہے کہ ہندوستان کے علاقے جانے پہچانے ہیں کیوں کہ ان دنوں عرب و ہند کے شہر ایک دوسرے سے قریب ہیں اور ہر وقت ادھر کی خبریں ادھر پہونچتی رہتی ہیں۔ ہرموز میں ایک بہت بڑا اور مشہور تاجر حسن بن عباس نامی تھا۔ اس کے کئی تجارتی جہاز تھے جو ہندوستان اور چین تک آتے جاتے تھے۔ اور حکومت کو اس کی تجارت سے بہت زیادہ آمدنی ہوتی تھی۔ شان و شوکت کا حال یہ تھا کہ اس کے غلام اور ملازم اس کی مسجد کے دروازے پر پانچوں وقت نوبت بجایا کرتے تھے۔ بعض لوگوں نے اس کی خبر کرمان کے بادشاہ محمد بن ارسلان شاہ کو دی تو اس نے کہا کہ اگر حسن بن عباس دن میں پچاس بار نوبت بجوائے تب بھی میں اسے روک نہیں سکتا۔ اس کے جہازوں کے ٹیکس سے میرے خزانہ میں ہر سال تقریباً ایک لاکھ دینار کی آمدنی ہوتی ہے اور میں اس کو تجارت کرنے اور نفع کمانے کی ترغیب دیتا رہتا ہوں[2]

ایک تاجر کا بیان ہے کہ ہم لوگ سیراف سے چیمور کے لئے چلے تین بڑے بڑے جہاز ایک ساتھ نکلے جن میں بارہ سو تاجر اور ملازم تھے۔ اور تجارتی مال و

---

[1] المسالک والممالک ص ۶۲ تا ۶۶، [2] صورۃ الارض ص ۵۰۔

اسباب کی کثرت کا اندازہ نہیں ہو سکتا۔ اور گیارہ دن کے بعد سندان اور چیمور کے آثار نظر آنے لگے، اس قدر تیز رفتاری کی مثال اس سے پہلے نہیں ملتی ہے[1]

جنوبی ہند کی بندرگاہ کلہ سے ایک تجارتی جہاز اکتالیس دن میں عمان پہونچا وہاں کے راجہ نے اس جہاز کے تجارتی سامان کا ٹیکس چھ لاکھ دینار وصول کیا۔ اور بہت سے تاجروں کا سامان یوں ہی چھوڑ دیا۔ جن کا ٹیکس تقریباً دو لاکھ دینار تھا اور جو سامان لوگوں نے چھپا رکھا تھا، اس کا تو شمار ہی نہیں[2]

جو چینی جہاز براہ ہندوستان سیراف آتے جاتے تھے ان میں مختلف ملکوں کے تاجر رہا کرتے تھے۔ ڈاکوؤں سے مقابلہ کے لئے ان میں گرم تیل اور اسلحے رکھے جاتے تھے، ہر جہاز میں عموماً چار سو تاجر اور پانچ سو لڑنے والے سپاہی رہا کرتے تھے[3]

کلہ کی بندرگاہ سے عود، کافور، صندل، ہاتھی دانت، قلعی اور رانگا، آبنوس، بقم اور دیگر سامان تجارت اس قدر زیادہ برآمد ہوتے تھے کہ کلہ اور عمان کے درمیان ہر وقت جہازوں کی آمد و رفت رہا کرتی تھی[4]

اسی طرح ہندوستان کے بعض جزیروں سے ناریل بھاری مقدار میں عرب جاتے تھے۔ ابوزید سیرافی نے لکھا ہے کہ عمان کے تاجر آری، بسولہ، وغیرہ لے کر ان جزیروں میں جاتے ہیں اور ناریل کے درخت کاٹ کر سکھاتے ہیں، پھر ان سے تختے اور بلیاں بناتے ہیں۔ اور ناریل کے چھلکے اور چھال

---

[1] عجائب الہند ص ۱۶۵۔ [2] عجائب الہند۔ ص ۱۳۳۔ [3] اخبار الزمان ص ۳۹۔ [4] " ص ۴۰۔

کی رسّی بنا کر اسی سے ان کو باندھتے ہیں۔ اس طرح کشتیاں تیار کر کے ناریل کے پتوں سے پتوار اور بادبان بناتے ہیں۔ اور ان میں ناریل بھر کر عمان لاتے ہیں۔ اس تجارت میں بڑی برکت اور نفع ہے، کیوں کہ اس میں کسی دوسرے کی محتاجی نہیں رہتی ہے اور نہ ہی رقم خرچ ہوتی ہے[1]

ایسی کشتی جو بانس یا لکڑی کے تختوں کو باندھ کر بنائی جاتی ہے اسے عربی زبان میں ارماث اور فارسی میں شنان کہتے ہیں۔ بسا اوقات عرب جہاز ران بھی اُسے شنان ہی کہتے ہیں۔ اور جو کاریگر اس طرح لکڑی جوڑ کر کشتی بناتا ہے اس کو جلفاظ کہتے ہیں[2]

بحری ڈاکوؤں سے جنگ

عرب و ہند اور چین تک آنے جانے والے تجارتی جہازوں اور تاجروں پر بہاں کے سمندری لٹیروں کی یلغار رہا کرتی تھی، اس راہ کی یہ سب سے بڑی مصیبت تھی۔ ان کے مقابلہ کے لئے عام طور سے ہندوستان کے میدا اور سیابجہ جہازوں پر ملازم رکھے جاتے تھے، جو نفط و نار اور تیراندازی سے حملہ آوروں کو مار بھگاتے تھے۔ اسمٰعیلویہ بن ابراہیم ناخدا کا بیان ہے کہ میں ایک مرتبہ مقام کلہ سے عمان کے لئے جہاز لے چلا، ابھی کلہ سے تھوڑی دور گیا تھا کہ ڈاکوؤں نے ستر کشتیوں میں آکر جہاز لوٹنا چاہا، ہم نے تین دن تک ان سے جنگ کر کے ایک جماعت کو جلایا اور ایک گروہ کو قتل کیا اس کے بعد آگے بڑھے[3]

سرندیپ کی کھاڑیوں میں مسافر اور تاجر تین تین بلاؤں میں گھرے رہتے تھے، پانی کے اندر گھڑیال، باہر ڈاکو اور ساحل پر چیتے ہوتے تھے۔

---

[1] رحلۃ ابی زید ص ۱۳۱، [2] کتاب المعرب، جواالیقی، ورق ۴۴، ۲۵ قلمی،
[3] عجا الہند ص ۱۳۰،

دشمن کے حملہ میں اگر جہاز ڈوبتا تو رَم کے رَم میں تمام مسافر گھڑیال کا لقمہ بن جاتے، اور اگر کنارے کی طرف بھاگتے تو چیتے ہضم کر جاتے اور ان دونوں سے نجات پاتے تو بحری ڈاکو ان کے جان و مال کے مالک ہو جاتے تھے [1]

ہندوستان کے اندر بھی تاجروں کو چوروں اور ڈاکوؤں سے دوچار ہونا پڑتا تھا۔ بعض اوقات لٹیرے ان کو یرغمال بنا کر پکڑ لے جاتے اور منہ مانگی رقم لے کر واپس کرتے، ورنہ قتل کر ڈالتے، اس کی تفصیلات اپنی جگہ گذر چکی ہیں۔

بری تجارت اور بری راستے

عام طور سے بحری تجارت پر عرب تاجر قابض تھے اور بری تجارت میں عجمی سوداگر آگے تھے، چین، صغد، تبت، خراسان، بلخ، بخارا، فارس، سجستان، اور دیگر بلاد عجم کے تاجر اپنے ملکوں کی پیداوار اور مصنوعات ہندوستان میں لاکر فروخت کرتے تھے۔ تبت، خراسان اور ماوراء النہر کے تجارتی قافلے سندھ کے شمالی مغربی علاقہ فہرج کی راہ سے داخل ہو کر اندرون ملک آتے تھے اور ان کو ان منزلوں اور مسافتوں سے گزرنا پڑتا تھا۔ فہرج (پایہ) سے طاسران دس فرسخ، وہاں سے باسورجان چودہ فرسخ، وہاں سے تجین دس فرسخ، وہاں سے علاقہ بلوچ بیس فرسخ، وہاں سے قنزپور تین فرسخ، وہاں سے اسروشان چالیس فرسخ، وہاں سے قریہ سلیمان بن سمع اٹھائیس فرسخ، اس جگہ سے خراسان کے سوداگر سندھ اور ہندوستان جاتے ہیں، وہاں سے منصورہ اسی فرسخ ہے، اور مکران کی ابتدائی سرحد سے منصورہ تک کی مسافت تین سو اٹھاون فرسخ یعنی ایک ہزار

[1] عجائب الہند ص ۱۱۔

وہاں سے قصر بن قیس تک دس فرسخ، وہاں سے قصر بن ہبیرہ تک دس فرسخ، وہاں سے تجین تک دس فرسخ،

چوہتر میل ہے[1] غزنیں کے سوداگر ہندوستان اور چین میں تجارت کرتے تھے[2]

ہندوستان میں درآمد ہونے والے سامان اور اشیاء

عرب و عجم کے بلاد و امصار سے ہندوستان میں درآمد ہونے والے سامان اور اشیاء کے بارے میں تفصیل نہیں ملتی ہے، اور اس دور میں جس طرح عالم اسلام کی اشیاء و مصنوعات ہر ملک میں آتی جاتی تھیں یہاں بھی آتی جاتی تھیں۔ چند مثالیں ملاحظہ ہوں، بصرہ سے دیبل میں کھجور آتی تھی۔ جنوبی ہند میں غیر ملکی گھوڑے لائے جاتے تھے، سرندیپ کا راجہ عراق سے شراب منگاتا تھا، زمرد کے مصری نگینے جو انگوٹھی میں جڑے ہوتے تھے، خوبصورت ڈبیوں میں ہندوستان آتے جاتے تھے، مرجان اور دھنج نامی پتھر بھی درآمد ہوتا تھا[3] ماوراء النہر کے ایک دریا سے خاص موسم میں مچھلیاں بہت نکلتی تھیں، ان کو سکھا کر ہندوستان بھیجا جاتا تھا۔ شہر غرناطہ کے قریب مالقہ نامی شہر کے چاروں طرف انجیر کے باغات تھے۔ یہاں کی انجیر دنیا بھر میں مشہور تھی اور مصر، شام، عراق، ہندوستان بھیجی جاتی تھی، لوہا بھی بھاری مقدار میں یہاں آتا تھا۔

ابو زید سیرافی نے لکھا ہے کہ پہلے زمانہ میں سندھی دینار ہندوستان میں بھیجا کر ایک سندھی دینار تین یا اس سے زائد ہندی دینار پر فروخت کیا جاتا تھا[4]

بحر زنج کے جزائر سے ہاتھی دانت آتے تھے[5] حجاز، ہندوستان اور چین

---

[1] المسالک والممالک ص ۵۵، [2] معجم البلدان ج ۵ ص ۱۱۴۔ [3] رحلۃ ابو زید ص ۱۴۶۔ [4] رحلۃ ابو زید ص ۱۴۷۔ [5] اخبار الزمان ص ۳۷،

ہیں اندلس کے مرجان کی مانگ رہا کرتی تھی اور یہاں کے تاجر اس کو بحر اندلس سے منگاتے تھے[1]

ہندوستان سے برآمد ہونے والے سامان اور اشیاء

جاحظ نے کتاب التبصرہ بالتجارۃ میں لکھا ہے کہ ہندوستان سے ببر، چیتے، چیتے کی کھال، یاقوت سرخ، صندل سفید، آبنوس، اور ناریل عرب ممالک میں آتے ہیں۔ یہاں کے عطور و بخور میں تاجروں کے نزدیک بہترین عود مندلی ہے۔ وہ جس قدر سخت ہوتی ہے اسی قدر عمدہ مانی جاتی ہے۔ اس کی عمدگی کا پتہ تیز خوشبو اور پھیلتی ہوئی مہک سے چلتا ہے، بہترین عود پانی میں ڈوب جاتی ہے۔ ردی عود کی علامت یہ ہے کہ پانی پر تیرتی رہے، تبتی مشک جس کی خوشبو اڑتی ہے، عمدہ ہوتی ہے، جند بادستر، دم الاخوین اور سیاہ دار و جسقدر ہلکا اور خوشبو دار ہوتا ہے اسی قدر بہتر مانا جاتا ہے[2]

ابن خرداذبہ نے المسالک والممالک میں لکھا ہے کہ ہندوستان کے ان مقامات سے یہ اشیاء برآمد کی جاتی ہیں۔ سندھ سے قسط، نیزہ اور خیزران (بانس وغیرہ)، سندان سے ساگوان اور نیزہ، ملی سے مرچ اور نیزہ، سنجلی کبشکان، اور لواسے گیہوں اور چاول، اور قشین سے ہاتھی، بھینس، چوپائے اور دوسرے بہت سے سامان، ابینہ سے ہاتھی، سرندیپ سے ہر قسم کا یاقوت عود، الماس، مرچ، عطر، مشک زباد، ناریل، سنباج، بلور، موتی اور خوشبوئیں، رامی (رہمی) سے عنبر، زانج سے کافور، نکبالوس سے لوہا، کلہ سے قلعی رانگا۔ خیزران لکڑی، جزیرہ بالوس سے عمدہ کافور، کیلہ، ناریل، گنا،

---

[1] اخبار الزمان ص ۲۶۔ [2] التبصرہ بالتجارۃ ص ۳۳ و ص ۲۲۔

چاول، شلاہط (سلہٹ؟) اور ہرنج سے ناریل، کیلا، گنا، صندل، سنبل، لونگ۔ اور یہاں کے شہروں کے بیان میں لکھا ہے کہ ان مقامات کی یہ چیزیں مشہور ہیں۔ بلاد رہمی کے سوتی مخملی کپڑے اور عود ہندی، بتومہ کی عود ہندی اور کافور، قمار کی عود قماری، اور چاول، صنف کی عود صنفی، گائے، بھینس اور ہندوستان کے مشرقی ساحلی علاقوں سے عود، کافور، مافور، جوزبوا، لونگ قاقلہ، کبابہ، ناریل، بناتاتی کپڑے، سوتی مخملی کپڑے، ہاتھی، اور سرندیپ سے ہر رنگ اور ہر شکل کے یاقوت، الماس، موتی، بلور، سنباوج، بقم وغیرہ برآمد کئے جاتے ہیں[1]

ابو منصور ثعالبی نے ثمار القلوب میں لکھا ہے کہ ہندوستان کی بہترین عود مندلی ہے۔ اس کی سختی و صلابت اس کی عمدگی کی پہچان ہے۔ تر و تازہ ہو تو اس پر انگوٹھی کا نشان ظاہر ہو جاتا ہے، اس کی خوشبو کپڑے میں ایک ہفتہ سے زیادہ رہتی ہے اور کپڑے میں جوئیں نہیں پڑتی ہیں، نیز ہندوستان کی خاص چیزوں میں ہاتھی، گینڈا، شیر ببر، طوطا، طاؤس، ہندی مرغی، یاقوت سرخ، صندل سفید، باج، ساج، توتیا، لونگ، سنبل، مرچ اور جڑی بوٹی شامل ہے[2]

ابن فقیہ ہمدانی نے کتاب البلدان میں لکھا ہے کہ شلاہط سے عنبر، تلی اور سندان سے مرچ، شلاہط کے جنوبی علاقہ سے بقم، زانج سے لونگ، صندل، کافور، جوزبوا، لنکبالوس سے خیزران، کلہ سے رصاص قلعی، سرندیپ سے یاقوت وغیرہ، نیز اس ملک سے گینڈا، طاؤس، طوطا، ہندی مرغی،

---

[1] المسالک والممالک ص ۶۳ رص ۶۴ و ص ۷۰ و ص ۷۱ [2] ثمار القلوب ص ۵۳۳۔

— اور ہر قسم کی خوشبوئیں اور دوائیں عرب ممالک میں جاتی ہیں [1]

جنوبی ہند کا شہر کلہ یہاں کے تجارتی مال کی منڈی تھا اور اس علاقہ کی تمام پیداوار یہاں یکجا مل جاتی تھی۔ عود، کافور، صندل، ہاتھی دانت قلعی رانگا، آبنوس، بقم پٹے رہتے تھے۔ اور یہاں سے براہ راست سامان تجارت عمان جاتے تھے [2]

ہندوستان سے برآمد ہونے والی اشیاء کی یہ تفصیل ان تاجروں اور سیاحوں اور جغرافیہ نویسوں کی ہے جو تیسری صدی میں موجود تھے اور انھوں نے اپنے مشاہدہ اور تجربہ کی روشنی میں اسے لکھا ہے، ان کے علاوہ بعد کے بعض مؤرخوں نے بھی اس کے بارے میں لکھا ہے ہم یاقوت حموی کی معجم البلدان سے چند اشیاء کو بیان کرتے ہیں۔ جو یہاں سے عرب میں جاتی تھیں۔ سندھ کے ایک شہر تیتمندانی سے لونشادر، کچھ کے علاقہ سے بہترین قسم کی رنگین چادریں جو رنگ اور پھول پتی کے اعتبار سے نہایت خوشنما اور دیدہ زیب ہوتی ہیں، نیز یہاں سے بہترین قسم کی نیل جس سے کپڑے رنگے جاتے ہیں، عرب میں آتی ہیں۔ بھڑوچ سے بھی عمدہ قسم کی نیل برآمد کی جاتی ہے۔ بھیلمان (سوراشٹر) سے بیلمانی تلواریں۔ ہندوستان کے علاقہ خور فوفل سے ہندی تلوار، جو یہاں کی بہترین تلوار مانی جاتی ہے نیز فوفل نامی ایک جڑی بھی یہاں سے باہر جاتی ہے۔ سیلان (سرندیپ) سے دارچینی، زہرہ، بقم اور طرح طرح کی جڑی بوٹیاں اور دوائیں جو وہاں پیدا ہوتی ہیں۔ وسطِ ہند میں دھسل نامی مقام سے مرچ دنیا بھر

---

[1] کتاب البلدان ص ۱۶۔ [2] اخبار الزمان ص ۴۰۔

میں جاتی ہے مکران اور سندھ کے شہر قیریون، جربان، سربار اور باسکان سے فایند نامی حلوہ دنیا بھر میں بھیجا جاتا ہے خاص طور سے فایند باسکانی بہترین قسم کا ہوتا ہے اور پوری دنیا میں اسکی مانگ ہے منصورہ سے پھلوں پھل، آم اور علاقہ بدھ سے پالہ اونٹ برآمد کئے جاتے ہیں۔ طوران سے فایند، سندان سے بھاری مقدار میں چاول کھمبائت سے جوتے اور عقیق، سندان سے جواہر نھانہ سے کپڑے، کوکن سے چاول اور ساگوان، عرب میں جاتے تھے[1]

ہندوستان سے غلام اور باندی بھی عرب و عجم میں تجارت کے لئے بھیجے جاتے تھے۔ بلخ میں ایک محلہ کا نام ہندوان تھا۔ کیوں کہ اسی میں ہندوستان سے جانے والے غلام اور باندی اترتے تھے۔ (اللباب)

خرید و فروخت کی زبان

اس دور کے عرب اور مسلمان تاجر جن ملکوں میں آتے جاتے تھے وہاں کی زبان بقدر ضرورت جانتے تھے اور فی الجملہ متعدد زبانوں سے واقف تھے۔ اسی طرح یہاں کے لوگ عربی زبان کے تجارتی الفاظ و محاورات سے واقفیت رکھتے تھے آج کل اس کی مثال بمبئی میں پائی جاتی ہے جہاں عرب تاجروں اور سیاحوں کی آمد و رفت جاری رہتی ہے اور کئی عرب تاجر یہاں مستقل طور سے رہتے ہیں۔ یہ لوگ تجارتی کاروبار میں یہاں کی زبان استعمال کرتے ہیں۔ اور یہاں کے تاجر اور دوکاندار اردو عربی زبان میں معمولی طور سے بات چیت کر لیتے ہیں۔

قدیم زمانہ میں بھی جانبین ایک دوسرے کی زبان سمجھ لیتے تھے اور تجارتی مرکزوں میں مختلف زبانیں بولی جاتی تھیں، البتہ دور دراز مقامات اور جزائر کے باشندے عرب تاجروں کی زبان نہیں سمجھتے تھے

---

[1] معجم البلدان۔

اور نہ عرب تاجر اُن کی زبان سمجھتے تھے۔ اس لئے اشارہ سے کام چلاتے تھے۔ ابن خرداذبہ نے علاقۂ رامی کے ایک گروہ کے بارے میں لکھا ہے:۔

وبھا ناس عراۃ فی غیاض لا یفھم کلامھم لا نہ صفیر۔[1]	یہ لوگ ننگے ہوتے ہیں اور جھاڑیوں میں رہتے ہیں۔ انکی زبان سمجھ میں نہیں آتی کیونکہ وہ سیٹی کی طرح ہوتی ہے۔

اور سلیمان تاجر نے بیخ بالوس کے باشندوں کے متعلق لکھا ہے:۔

لا یفھمون لغۃ العرب ولا ما یعرفہ التجار من اللغات۔[2]	یہ لوگ نہ عربوں کی زبان جانتے ہیں اور نہ ہی تاجر جو زبانیں جانتے ہیں، ان میں سے کسی زبان سے واقف ہیں۔

یہ لوگ اشارے سے خرید و فروخت کرتے ہیں اور اپنے سامان کے عوض لوہا لیتے ہیں، تیراکی میں بڑے ماہر ہوتے ہیں۔ کبھی کبھی لوہا لے کر بھاگ جاتے ہیں۔

ایک مقام پر لونگ کی تجارت یوں ہوتی ہے کہ عرب تاجر اپنا سامان جہاز سے اتار کر ایک خاص مقدار میں کنارے پر رکھ دیتے ہیں اور جہاز میں چلے جاتے ہیں، دوسرے دن جاتے ہیں تو سامان کی جگہ لونگ رکھی ہوئی ملتی ہے۔ بعض اوقات سامان اور لونگ دونوں چیزیں پڑی رہتی ہیں جس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ سامان کم ہے اور چاہیے۔ چنانچہ تاجر مزید سامان رکھ کر لونگ اٹھا لیتے ہیں۔[3]

---

[1] المسالک والممالک ص ۶۵۔ [2] رحلۃ سلیمان التاجر ص ۱۷۔ [3] اخبار الزمان ص ۲۸۔

اندلس کے ایک بزرگ ہندوستان آنے والے جہاز میں سفر کر رہے تھے۔ اس موقع پر انھوں نے جہاز کے کپتان کو ہندی میں سلام کیا۔

فسلم علیہ بالھندیۃ فرد علیہ[1]	انھوں نے کپتان کو ہندی زبان میں سلام کیا اور اس نے جواب دیا

ایک مرتبہ عرب کا ایک تجارتی جہاز ہندوستان کے حدود میں آکر طوفان میں پھنس گیا اور تیس آدمی اتر کر ساحل پر آئے ان کو دیکھ کر مقامی باشندے بھاگ گئے۔ صرف ایک آدمی کھڑا رہا۔ راوی کا بیان ہے:

فکلمنا فلم نعرف لغتہ الا رجلٌ واحد منا[2]	اس نے ہم سے گفتگو کی تو ہم میں سے صرف ایک آدمی اس کی زبان سمجھ سکا۔

تجارتی کاروبار میں ایک دوسرے کی زبان سمجھنے سمجھانے کے لئے مترجم بھی ہوتے تھے۔ بہت سے تاجر راجوں مہاراجوں کے دربار میں آتے جاتے تھے، ان سے خرید و فروخت کرتے تھے، ان کے یہاں سالوں تک پڑے رہتے اور ہر قسم کی بات چیت کرتے تھے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ طرفین بے تکلفی سے باہمی گفتگو کیا کرتے تھے۔

خرید و فروخت کے طریقے عام طور سے خرید و فروخت نقد قیمت کی صورت میں ہوتی تھی اور سکہ، چاندی، سونا اور کوڑی میں سے جہاں جس کا چلن ہوتا وہی دیا جاتا تھا۔ بعض جگہوں میں سامان کے بدلے سامان دیا جاتا تھا۔

ابن خرداذبہ نے لکھا ہے کہ راجہ جزر کے ملک میں دراہم طاطریہ کا رواج

---

[1] عجائب الہند ص ۲۴۔ [2] " ص ۱۹۱۔

ہے، سلیمان تاجر نے بتایا ہے کہ یہاں کے لوگ چاندی کے ٹکڑوں کے ذریعہ خرید و فروخت کرتے ہیں، اور یہاں اس کی کانیں ہیں۔ ابن رستہ نے لکھا ہے کہ یہاں کے باشندوں کا معاملہ سونے کے ٹکڑوں اور طاہری دراہم سے ہوتا ہے، ان پر راجہ کی تصویر ہوتی ہے اور وزن ایک مثقال ہوتا ہے[1] یعنی اس علاقہ میں عرب تاجروں کو قیمت دینار طاطری، درہم طاطری سونا اور چاندی کی شکل میں ملتی تھی۔ سلیمان تاجر نے بیان کیا ہے کہ راجہ بلہر کے یہاں بھی دراہم طاطریہ کا چلن ہے، البتہ اس کے ایک درہم کا وزن عراق کے ڈیڑھ درہم کے برابر ہوتا ہے۔ یہ سکہ راجہ کے یہاں ڈھالا جاتا تھا۔ ابوزید سیرافی کا بیان ہے کہ قدیم زمانہ میں تاجر سندھی دینار ہندوستان لے جاتے تھے جو وہاں تیرہ دینار بلکہ اس سے زائد میں فروخت ہوتا تھا۔ قامرون میں سونا بہت زیادہ ہے، اسی طرح راجہ زانج مہراج کے خزانہ میں سونا بڑی مقدار میں رہتا تھا۔ بلاد رہمی میں کوڑی کا رواج ہے اور یہاں کی حکومت اسی کو اپنے خزانہ میں رکھتی ہے، یہی نقود تجارتی لین دین میں چلتے تھے۔ یخ بالوس کے باشندے چھوٹی چھوٹی کشتیوں میں عرب تاجروں کے جہاز کے قریب آتے تھے۔ اور لوہے کے بدلے ناریل، گنا، ناریل کا پانی، کیلہ، اور عنبر دیتے تھے، یہ لوگ تاجروں کی زبان نہیں سمجھتے تھے اور تیراکی میں بڑے ماہر تھے۔ بعض اوقات تاجروں سے لوہا چھین کر بھاگ جاتے تھے۔[2]

---

[1] المسالک والممالک ص ۶۷ - رحلۃ سلیمان تاجر، الاعلاق النفیسہ۔

[2] رحلہ سلیمان ص ۱۸۔

تاجروں کی ایمانداری اور پارسائی

اس زمانہ میں مسلمان تاجر اپنے دینی عقائد و اعمال اور اسلامی اخلاق و کردار میں اتنے بلند تھے کہ ان کو اسلام کا داعی اور ترجمان سمجھا جاتا تھا، ان کے تجارتی سامان میں سب سے زیادہ قیمتی اور محبوب سامان ایمان ہوتا تھا۔ جسے لے کر تاجر اور سوداگر کے بھیس میں دنیا میں پھرتے تھے اور اس کی قیمت رضائے خداوندی کی شکل میں وصول کرتے تھے۔ ان کی سچائی، ایمانداری، دیانت داری، دینداری اور سیرت و کردار کی بلندی کا یہ حال تھا کہ جس بستی سے ایک مرتبہ گذر جاتے تھے وہاں کے باشندے مدتوں ان کے حسن معاملہ اور حسن سلوک کی داستانیں سنتے سناتے تھے۔

ہندوستان میں آنے جانے والے تاجر بھی ان اوصاف جمیلہ کے حامل بن کر تقوی و طہارت اور حزم و احتیاط کی زندگی بسر کرتے تھے۔ ہر معاملہ میں جائز و ناجائز اور حلال و حرام کا خیال رکھتے تھے۔ اور ان کی محتاط اور بے داغ زندگی کی قدر و منزلت تھی۔

ایک تاجر کا بیان ہے کہ میں اغباب (جنوبی ہند) کے راجہ کے دربار میں تھا اور ہم سب کے لئے کھانا لایا گیا۔ ایک برتن میں انسان کے ہاتھ اور سر کی طرح کوئی چیز تھی۔ جس نے اس کی طرف ہاتھ بڑھا کر کھینچ لیا۔ راجہ کھانے میں شریک تھا اور یہ تماشہ دیکھ رہا تھا۔ اس دن تو کچھ نہیں بولا، دوسرے دن دربار میں کچھ لوگ ایک مچھلی لے کر آئے جس کے اعضاء انسان کی طرح تھے۔ راجہ نے مجھ سے کہا کہ کل تم نے ـــــ اسی مچھلی کے کھانے سے پرہیز کیا تھا۔ یہ مچھلی نہایت لذیذ، اور مقوی ہوتی ہے۔ اس کے بعد میں وہ

مچھلی کھانے لگا۔[1]

بلاد کفر میں رہ کر مسلمان مشتبہ غذا سے پرہیز کرتے تھے اور حلال اشیاء کو بلا تردد استعمال کرتے تھے۔ سلیمان تاجر نے راجہ رہمی کے دیس (بنگال) میں کرکدن یعنی گینڈے کا ذکر کرکے لکھا ہے کہ :-

ولحمه حلال، قد اكلناه[2] اس کا گوشت حلال ہے، ہم نے اسے کھایا ہے۔

ابوزید سیرافی نے لکھا ہے کہ ہندوستان کے بعض علاقوں میں فساد اور فحش کاری عام ہے حتی کہ بعض بحری تجار بڑے لوگوں کی لڑکیوں کو اپنے یہاں بلاتے ہیں تو وہ باپ کے علم کے باوجود بے تکلف چلی آتی ہیں اس لئے وہاں آنے جانے سے منع کیا جاتا تھا۔[3]

اسی تقوی و طہارت اور بلندی کردار کا نتیجہ تھا کہ اس ملک کے عوام و خواص مسلمان تاجروں کا بڑا احترام کرتے تھے، چنانچہ عسیفان کے راجہ نے اپنے ملک کے مسلمان تاجروں کو بلا کر اسلام قبول کیا تھا۔

ہندوستان کے تاجروں میں مشہور عالم، ادیب، شاعر اور محدث ابوالحسن حسن بن حامد بن حسن دینوری بغدادی کا مستقل قیام بغداد میں تھا۔ انکے بارے میں خطیب بغدادی نے لکھا ہے۔

وكان صدوقاً، وكان تاجراً متموّلاً۔ وہ نہایت سچے اور مالدار تاجر تھے۔

انھوں نے بغداد میں ایک سرائے بنوائی تھی جو خان ابن حامد کے

---

[1] عجائب الہند ص ۳۹ - [2] رحلہ سلیمان ص ۳۱ - [3] رحلۃ ابوزید ص ۱۲۵ و ۱۲۶ -

نام سے ان کی طرف منسوب تھی۔ یہ سرائے محلہ درب الزعفرانی میں واقع تھی۔ (تاریخ بغداد ج ۷، ص ۳۰۳)

چند علماء و مشائخ تاجران ہند

اس دور کے تاجروں میں بڑے بڑے علماء، صلحاء اور خاصانِ خدا بھی ہوا کرتے تھے۔ جو تجارت کو سنتِ رسول سمجھ کر اُسے حصول رزق کا ذریعہ بناتے تھے۔ حضرت امام حسن بصری رح کے خصوصی تلامذہ میں امام ابوموسیٰ اسرائیل بن موسیٰ بصری "صاحب الحسن" کے لقب سے مشہور ہیں، ان کے شیوخ حدیث میں امام محمد بن سیرین، امام ابوحازم اشجعی، اور امام وہب بن منبہ بھی شامل ہیں اور تلامذہ میں امام سفیان ثوری، امام سفیان بن عیینہ، امام یحیی بن سعید قطان، امام حسین جعفی جیسے ائمہ حدیث ہیں۔ امام اسرائیل بن موسیٰ نزیل الہند کہے جاتے ہیں کیوں کہ وہ ہندوستان میں بغرض تجارت آتے تھے اور قیام کرتے تھے۔ حافظ ابن حجر اور حافظ عینی نے لکھا ہے:۔

وھو بصری، کان یسافر فی التجارۃ الی الھند واقام بھا مدۃً۔ [1]	وہ بصرہ کے رہنے والے تھے، تجارتی سلسلہ میں ہندوستان کا سفر کیا کرتے تھے۔ اور انھوں نے یہاں ایک مدت تک اقامت اختیار کی۔

ایک اور محدث و بزرگ ابراہیم بن مالک بزاز بغدادی تھے۔ وہ صلحاء وقت میں سے تھے، اس کا خاص ذوق اور شغل یہ تھا کہ درختوں

[1] فتح الباری ج ۱۳، ص ۵۲ و عینی شرح بخاری ج ۲۴۔ ص ۳۰۷۔

کے پودے لگایا کرتے تھے، اور ایک پودا لگا لیتے تو ایک ختم قرآن پڑھتے تھے۔ وہ سندھ سے پودے لایا کرتے تھے۔ ابن ابوحاتم رازی نے لکھا ہے:۔

وکان یحمل النخیل من السند۔[1]	وہ کھجور کے پودے سندھ سے لایا کرتے تھے۔

اسی زمانے میں ایک محدث ابو محمد یعقوب بن صالح سیرافی متوفی ۳۲۲ھ فارس اور ہندوستان کے تاجروں کے گماشتہ اور دلال تھے، ابن جوزی کا بیان ہے:۔

کان یبیع لاھل فارس وتجار الھند امتعتھم۔[2]	وہ ایرانی اور ہندوستانی تاجروں کا سامان فروخت کرتے تھے۔

ابو بکر محمد بن معاویہ مروانی قرطبہ کے رہنے والے ہیں، ابن الاحمر کی کنیت سے مشہور ہیں، انھوں نے امام نسائی سے ان کی کتاب السنن کی روایت کرکے اندلس میں پہلی بار پہونچایا۔ وہ ہندوستان میں تجارت کے لئے آئے تھے۔ امام ذہبی نے لکھا ہے:

ودخل الھند للتجارۃ فغرق لہ ماقیمتہ ثلاثون الف دینار، ورجع فقیراً[3]	وہ تجارت کے لئے ہندوستان آئے تھے۔ ان کا تیس ہزار دینار کا سامان تجارت غرق ہوگیا اور یہاں سے فقیر ہوکر واپس گئے۔

۱۵۱ھ میں عبد اللہ الاشتر سندھ آئے، ان کے ساتھ ابن مسعدہ نامی ایک فدا کار تھا، اس کا بیان ہے کہ ہم منصورہ پہونچے تو ہمارے حق میں فضا

---

[1] کتاب الجرح والتعدیل ج ۱ قسم ۱ ص ۱۴۰، [2] المنتظم ج ۶ ص ۲۷۵۔
[3] المعجم ج ۲ ص ۳۱۲،

سازگار نہیں معلوم ہوئی، اس کے بعد قندھار چلے گئے، جہاں ہمیں عراق کے کچھ تاجر ملے جنھوں نے بتایا کہ منصورہ والوں نے عبداللہ الاشتر کی بیعت کرلی ہے۔ اور وہاں جانے کے لئے اصرار کرتے رہے حتی کہ وہ منصورہ روانہ ہوگئے[1] یہ عراقی تاجر غالباً علوی دعوت و تحریک سے تعلق رکھتے تھے۔

ابوزہر برخشتی، سیراف کا مشہور تاجر اور جہاز راں تھا۔ پہلے مجوسی تھا بعد میں مسلمان ہوکر حج وزیارت سے مشرف ہوا۔ اس کا بیان ہے کہ میں ایک بہت بڑا تجارتی جہاز لے کر سیراف سے چین کے لئے روانہ ہوا، اس میں عربی، ہندی، چینی اور عجمی تاجر اور مسافر بڑی تعداد میں تھے۔ جب ہم بحر ہند سے گذر کر حدود چین میں داخل ہوئے تو سخت خطرناک طوفان میں گھر گئے سامنے پہاڑ نظر آتے تھے اور طوفانی موجیں چاروں طرف سے گھیرے ہوئی تھیں، اسی عالم میں رات ہوئی اور آگے سارا سمندر آگ معلوم ہوتا تھا، جہاز کے تمام مسافر گریہ وزاری میں مبتلا تھے اور اپنے اپنے مذہب کے مطابق نماز اور دعا میں مشغول تھے۔

وکان فی المرکب	اس جہاز میں اندلس کے شہر
شیخ مسلم من اھل	قادس کے ایک بزرگ مسلم
قادس من الاندلس۔	تھے۔

یہ جہاز میں سوار ہوکر ایک گوشہ میں چھپ گئے تھے۔ جب ہنگامہ ہوا تو اوپر آئے اور کپتان سے پوچھا کہ یہ کیسا ہنگامہ ہے؟ کپتان نے ان کو دیکھ کر تعجب سے پوچھا کہ آپ تاجر ہیں یا ملازم، جہاز میں کیسے آئے اور کہاں تھے ـــــ انھوں نے کہا کہ میں نہ تاجر ہوں نہ ملازم بلکہ ایک

---

[1] مقاتل الطالبین۔ ص ۳۱۲۔

معمولی آدمی ہوں، بھیڑ بھاڑ میں سوار ہو کر ایک گوشہ میں پڑا رہا۔ کپتان نے پوچھا کھانے پینے کا کیا انتظام تھا۔ انھوں نے بتایا کہ بعض مسافر اپنے عقیدے کے مطابق جہاز کے دیوتا کے لئے ایک جگہ کھانا پانی رکھ جاتے تھے، میں اسی کو کھا پی لیا کرتا تھا۔ میرے پاس کھجور کے تھیلی کے سوا کچھ نہیں ہے۔ پھر انھوں نے کپتان سے پوچھا۔ جہاز میں آہ و بکا کیوں ہے؟ کپتان نے کہا میں نے اپنی اسّی سالہ زندگی میں ایسا سخت طوفان نہیں دیکھا تھا۔ اور تو اور سامنے سارا سمندر آگ نظر آتا ہے۔ یہ سن کر اندلسی بزرگ نے کہا:۔

یا ربان! لاباس علیك، ولاخوف، نجوتم بقدرة اللہ۔	کپتان ڈرنے اور گھبرانے کی ضرورت نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ کی قدرت سے تم سب نجات پا جاؤ گے۔

پھر انھوں نے بتایا کہ آگے ایک جزیرہ ہے جس کے چاروں طرف اونچے اونچے پہاڑ ہیں۔ سمندری ہوائیں ان پہاڑوں سے ٹکراتی ہیں اور سمندر میں بڑی بڑی لہریں اٹھ کر آپس میں ٹکراتی ہیں جسکی وجہ سے رات میں سمندر میں آگ نظر آتی ہے۔ اندلس کے سمندر میں اس طرح کی مہیب موجیں اور ان کے ٹکراؤ سے اکثر آگ نظر آتی ہے۔ میں اس مقام سے پہلے ایک بار گذر چکا ہوں۔ آج دوسری بار گذر رہا ہوں۔ اس بزرگ کی باتوں سے تمام مسافروں کی ڈھارس بندھی، اور سب کے سب ان کے ارد گرد جمع ہو گئے۔ تھوڑی دیر کے بعد طوفان کا زور کم ہوا اور جہاز سلامتی کے ساتھ آگے بڑھا۔

ابوزہر برختی سیرافی کا بیان ہے کہ میں اپنا جہاز لے کر ہندوستان سے چین کی طرف چلا، اثنائے سفر میں ایک دن ایک مسافر ظہر کے وضو کے لیے نیچے اترا۔ مگر سمندر کا رنگ ڈھنگ دیکھ کر اوپر چلا گیا۔ اور گھبرا کر مسافروں سے کہنے لگا کہ بادبان کو فوراً ڈھیلا کر دو، اور اپنے اپنے سامانوں کو سمندر میں پھینک دو، دوسری بار پھر وہ نیچے اترا اور گھبرایا ہوا اوپر آیا۔ لوگوں نے کہا کیا بات ہے؟ ہوا موافق ہے، سمندر پرسکون ہے اور ہم لوگ اللہ کے امن و امان میں سفر کر رہے ہیں۔ اس نے کہا: تم لوگ گواہ رہو کہ میں نے خیر خواہی کی مگر کسی نے میری بات نہیں مانی، اس کے بعد اس اس نے ایک چھوٹی کشتی اتروائی اور کچھ زاد سفر رکھ کر خود اس میں بیٹھنے لگا، اس وقت تمام مسافر گھبرائے اور جہاز سے اپنا مال و اسباب سمندر میں پھینکنے لگے، اس نے کہا: سب لوگ توبہ و استغفار میں لگ جائیں۔ اسی حال میں سورج ڈوب گیا، رات میں سیاہ آندھی چلی، موجیں آسمان سے باتیں کرنے لگیں، جہاز، بچکولے کھانے لگا اور تین دن تین رات تک یہ قیامت برپا رہی، چوتھے دن اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے طوفان ختم ہوا اور جہاز ایک جزیرہ کے کنارے جا کر لگا۔ اللہ کی شان کہ اس کے کنارے جہاز کا پھینکا ہوا تمام سامان لگا ہوا تھا اور ہر مسافر نے اپنا سامان اٹھا کر اپنی جگہ میں رکھ لیا۔ اور جہاز کے تمام مسافر اور ان کے مال و اسباب سلامتی کے ساتھ منزل مقصود تک پہونچے، اور چند در چند نفع کمایا:

فوجدوا فیما معھم	انھوں نے ایک درہم کے سامان
من البضائع للدرھم عشرۃ	تجارت میں دس درہم نفع

وربحوا الغنی والعافیۃ ۔[1] کمایا، اور امن وعافیت الگ پائی۔

سمندر کے اہوال وخطرات میں رزق حلال کی تلاش اور بحری تجارت بڑی نفع بخش ہوتی ہے، خاص طور سے ان تاجروں کے حق میں جو ہر حال میں دین ودیانت پر قائم رہتے ہیں۔

ہندوستان کی نفع بخش تجارت کی ایک مثال

مسلمان تاجروں کی دیانتداری اور حسن معاملہ کی وجہ سے انکو یہاں کی تجارت میں بے شمار نفع ہوتا تھا اور تھوڑے دنوں میں ان کے پاس دولت کی فراوانی ہو جایا کرتی تھی۔ اس کی ایک مثال سنئے!

حضرت امام عبدالعزیز بن ابی رواد مکی متوفی ۱۵۹ھ دور تابعین کے اجلۂ علماء میں سے تھے، انھوں نے اپنے ایک تاجر دوست سے موسم حج تک کے لئے پانچ ہزار درہم قرض طلب کیا۔ تاجر نے نہایت خوشی کے ساتھ مطلوبہ رقم لاکر دے دی مگر رات میں اسے خیال آیا کہ میں نے یہ کیا کیا؟۔ ابن ابی رواد بوڑھے آدمی ہیں، معلوم نہیں کیا ہو اگر کچھ ہوا تو بہتر ہے کہ میرے لڑکے اس معاملہ سے بے خبر رہیں، صبح جاکر اس بارے میں ان سے گفتگو کروں گا۔ چنانچہ صبح اٹھتے ہی ان کے پاس جاکر بات چیت کی، امام ابن ابی رواد نے اس کی بات سن کر دعا کی کہ اے اللہ! اس نے جو نیت کی ہے اس کو اس سے بہتر عطا فرما۔ اور فرمایا کہ ہم نے اللہ کے بھروسہ پر تم سے قرض لیا ہے۔ اس کی ادائیگی کی جس قدر فکر ہوگی اسی قدر ہم کو اجر وثواب ملے گا۔ اگر تم اس رقم کو عدم ادائگی کی صورت میں معاف کر دینے کی بات کروگے اور اپنے لڑکوں کو اس کی خبر نہ کروگے تو ہم اس کی

[1] عجائب الہند ص ۴۴ و ۴۵۔

طرف سے بے فکر ہو کر ثواب سے محروم ہو جائیں گے، تاجر یہ بات سن کر خاموش رہا، اور گھر آکر اپنے لڑکوں کو بتایا کہ امام ابن ابی رؔواد نے موسم حج تک کے لئے پانچ ہزار درہم قرض لیا ہے، اتفاق کی بات کہ موسم حج آنے سے پہلے ہی اس تاجر کا انتقال ہو گیا اور وقت موعود پر اس کے لڑکوں نے آکر تقاضہ کیا، امام ابن ابی رؔواد نے ان سے معذرت کے انداز میں کہا کہ اس سال انتظام نہیں ہو سکا۔ ان شاء اللہ آئندہ موسم حج میں ادا کر دوں گا۔ تاجر کے لڑکے یہ سن کر چلے گئے، مگر وقت سے پہلے ہی آکر سخت الفاظ میں تقاضہ کرنے لگے۔ امام ابن ابی رؔواد نے کہا کہ۔ اللہ تعالیٰ تمہارے والد پر رحم فرمائے وہ ایسے آدمی نہیں تھے۔ ہمارے تمہارے درمیان موسم حج طے ہوا ہے۔

اسی دوران میں ایک دن امام ابن ابی رؔواد مسجد حرام میں مقام ابراہیم کے پیچھے متفکر بیٹھے تھے کہ ان کا ایک غلام ہندوستان سے دس ہزار درہم لے کر پہونچا اور یہ کہہ کر ان کو دیا کہ میں نے وہاں تجارت کر کے بہت زیادہ منافعہ کمایا ہے۔ اس موقع پر راوی کے الفاظ یہ ہیں:-

بینما هو ذات یوم خلف	امام ابن ابی رؔواد ایک دن مقام
المقام، اذ ورد علیه غلام قد	ابراہیم کے پیچھے بیٹھے ہوئے تھے
کان هرب الی الهند بعشرة	کہ ان کے پاس ان کا غلام آیا
آلاف درهم، فاخبره انه	جو ہندوستان بھاگ گیا تھا
اتجر، وان معه فی التجارات	اور دس ہزار درہم دے کر

ما لا یحصیٰ۔ بتایا کہ اس نے وہاں تجارت کی
تھی اور اس کے علاوہ اس کے
پاس بے حساب دولت ہے۔

جس وقت غلام نے دس ہزار درہم دیے، ابن ابی رواد نے کہا، اے اللہ تیرا شکر ہے، ہم نے تجھ سے پانچ ہزار کا سوال کیا تھا اور تو نے ہمارے پاس دس ہزار بھیجدیے۔ پھر اپنے لڑکے سے کہا، عبدالمجید! یہ دس ہزار درہم لے جاؤ! پانچ ہزار ان لڑکوں کا ہے، ان کو دیدو، اور پانچ ہزار میرے اور ان کے باپ کے درمیان دوستی کا ہے، یہ بھی ان کو دیدو۔ باپ کے حکم کے مطابق لڑکے نے دس ہزار درہم ان لڑکوں کو دے کر اس کی اطلاع کر دی، جب غلام کو اس کی خبر لگی کہ میرے آقا نے یہ رقم اپنے اوپر خرچ کرنے کے بجائے دوسروں پر خرچ کر دی تو وہ برداشتہ خاطر ہو گیا ابن ابی رواد نے اس کی دلجوئی کرتے ہوئے فرمایا میرے پیارے بیٹے! ہم نے اللہ سے پانچ ہزار کا سوال کیا تھا تو اس نے دس ہزار بھیجا، آج سے تم اللہ کے لئے آزاد ہو۔ اور تمہارے پاس جس قدر مال و دولت ہے سب کے مالک تم ہو[1]

مکہ مکرمہ کے ایک مفرور غلام نے ہندوستان آکر بے سروسامانی کی حالت میں تجارت کی اور کس قدر زیادہ اور بابرکت نفع کمایا، اس ایک واقعہ سے مسلمان تاجروں کی ایمانداری اور دیانت داری کے علاوہ یہاں کی نفع بخش تجارت کا بھی اندازہ ہوتا ہے۔

ہندوستان کے تاجر دوسرے ممالک میں | جس طرح عرب و عجم کے تاجر ہندوستان

---

[1] تاریخ الاسلام ذہبی ج ۶ ص ۲۴۰۔

آکر تجارت کرتے تھے اسی طرح ہندوستان کے تاجر عرب وعجم میں تجارت کرتے تھے۔ جن میں مسلم اور غیر مسلم سب ہی شامل تھے، یہ لوگ بحری راستہ سے سیراف، بغداد، بصرہ، کوفہ، اور شام کے علاقوں میں جایا کرتے تھے۔ اور بری راستہ سے سجستان، فارس، خراسان، ترمذ، بلخ سمرقند اور ماوراء النہر کے دور دراز شہروں تک چلے جاتے تھے۔ ہندو تاجروں کے سیراف جانے کے سلسلہ میں ابوزید سیرافی نے لکھا ہے کہ جب یہ لوگ وہاں جاتے ہیں اور کوئی بڑا تاجر ان کی دعوت کرتا ہے تو ہر ایک کے سامنے رکابی رکھتا ہے، چاہے وہ سو ہوں یا اس سے کم یا زیادہ کیوں کہ وہ لوگ ایک ساتھ کھانا نہیں کھاتے بلکہ ہر شخص تنہا کھاتا ہے[1]

اسی طرح یہاں کے ہندو تاجر دریائے زابلستان پار کر کے بلخ اور سمرقند تک تجارتی اسفار کرتے تھے۔ حافظ ابن حجر نے فتح الباری میں فرقہ جہمیہ کے بانی جہم بن صفوان کے بارے میں لکھا ہے کہ وہ ابتداء میں ترمذ کے قریب دریائے زابل پر بلخ وسمرقند جانے والے ہندو تاجروں سے ٹیکس وصول کرتا تھا:

وکان تجار الھند یعبرون نھر زابل عند نوبہار قاصدین الی بلخ و سمرقند۔[2]	اس کی باری کے دن ہندوستان کے تاجر دریائے زابل پار کر کے بلخ اور سمرقند کا رخ کرتے تھے۔

ایک مرتبہ فرقہ سمنیہ (بدھ مت) کے تاجروں نے اس سے مناظرہ

---

[1] رحلۃ ابی زید ص ۱۴۶۔ [2] فتح الباری ج ص۔

بھی کیا تھا۔

یہاں کے تاجر بحر زنج کے جزائر سے تجارتی سامان لاکر یہاں فروخت کرتے تھے۔ بزرگ بن شہریار نے لکھا ہے کہ جزائر زنج والے ہاتھی دانت کو زمین میں دفن کر دیتے ہیں۔ جب اس کی عفونت ختم ہو جاتی ہے اور وہ صاف ستھرا ہو جاتا ہے تو اسے ہندوستان اور سندھ کے تاجر خرید لے ہیں اور اپنے ملک میں لے جاکر فروخت کرتے ہیں [1]

ہندی غلاموں کی تجارت اور دکانداری میں صلاحیت و شہرت

تجارتی کاروبار میں یہاں کے لوگ عرب جاکر بہت آگے گئے، مشہور حافظ حدیث امام ابن علیہ اسمٰعیل بن ابراہیم بن مقسم بصری (متوفی ۱۹۳ھ) کا آبائی وطن علاقہ قیقان (قلات) میں تھا، ان کے دادا مقسم جنگی قیدی بن کر کوفہ گئے۔ اور بنو اسد بن خزیمہ کی غلامی میں آئے، امام ابن علیہ کے والد ابراہیم نے کوفہ میں تجارت شروع کی، آگے چل کر کوفہ سے بصرہ تک تجارتی سلسلہ شروع ہو گیا۔ ان کے حال میں لکھا ہے:۔

وکان ابراھیم بن مقسم	ابراہیم بن مقسم کوفہ کے تاجر
تاجراً من اھل الکوفۃ وکان	تھے۔ اور سامان تجارت لے کر
یقدم البصرۃ بتجارتہ فیبیع	بصرہ آتے اور فروخت کر کے
ویرجع [2]	چلے جاتے تھے۔

تاریخ بغداد میں ہے کہ وہ بزاز تھے یعنی کپڑے کی تجارت کرتے تھے

---

[1] عجائب الہند ص۔ [2] طبقات ابن سعد ج ۷، ص ۳۲۵۔ تاریخ بغداد ج ۶ ص ۲۳۰۔ میزان الاعتدال ج ۱ ص ۱۰۱۔

کیا عجب وہ ہند اور سندھ کے کپڑے بھی منگاتے رہے ہوں۔ یہاں سے انواع و اقسام کے بہترین کپڑے عرب میں جایا کرتے تھے۔

عرب میں رہنے والے ہندوستانی تجارتی کاروبار اور حساب و کتاب میں اپنی سلیقہ مندی اور حسن انتظام کی وجہ سے بے حد مقبول اور نیک نام بلکہ بابرکت مانے جاتے تھے۔ وہ جن تاجروں اور دوکانداروں کے یہاں چند دن کام کرتے ان کو مالا مال کر دیتے۔ جاحظ نے فخر السودان علی البیضان میں لکھا ہے کہ سندھی غلاموں کے مفاخر و محاسن میں یہ بات بھی ہے کہ صرّافہ والے اپنی تجوریوں اور صراف خانوں پر صرف سندھیوں اور ان کی اولاد کو ملازم رکھتے ہیں، کیوں کہ انھوں نے تجربہ و مشاہدہ کے بعد ان کو تجارتی کاروبار میں سب سے زیادہ محافظ اور امین پایا ہے، اسی لئے کسی صرّاف کی تجوری اور کنجی کا سنبھالنے والا سندھی کے علاوہ رومی و خراسانی نہیں ملے گا۔ سندھیوں کے فیض و برکت کا حال یہ ہے کہ بصرہ کے صرّافوں اور دوافروشوں نے جب دیکھا کہ ابو روح فرج سندھی نے اپنے آقا محمد بن سکن کے لئے کس قدر مال و دولت اور زمین و جائداد مہیا کر دی ہے تو ہر صرّاف اور دوکاندار نے اس لالچ سے سندھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ غلام خریدا کہ ابو روح سندھی کی طرح یہ بھی ہم کو فائدہ پہونچائے گا[1]

[1] رسائل جاحظ ج ۱ ص ۱۲۴ و ص ۱۲۵

(۷)

ہندی علوم وفنون اور علمائے ہند

ہندی علوم وفنون کو مسلمانوں نے پہلی بار دنیا میں متعارف کرایا ——

یہاں یہ بات ذہن نشین رہے کہ قدیم زمانہ میں ہندوستان کے علوم وفنون صرف ایک طبقہ میں محدود تھے اور برہمنوں کے علاوہ کوئی دوسری جماعت یا فرد کو حق نہیں تھا کہ وہ علم حاصل کر سکے۔ باہر کے تاجر اور سیاح بھی واقف تھے اس سے اور اس کو یہاں کی خصوصیات میں شمار کرتے تھے۔

سلیمان تاجر نے بیان کیا ہے کہ ہندوستان کے ہر علاقہ میں کسی ایک خاندان کے راجے مہاراجے ہوتے ہیں۔ اس کے باہر حکومت نہیں جاتی ہے بلکہ خاندانی ولی عہد ہوتے ہیں۔ اسی طرح لکھنے پڑھنے اور علم طب کے لئے خاص خاندان ہوتے ہیں۔ یہ فن انہی میں محدود رہتا ہے۔ اور ابوزید سیرافی نے لکھا ہے کہ ہندوستان کے اہلِ علم برہمن ہیں۔ ان کے شعراء راجوں کے دربار میں باریاب ہوتے ہیں۔ انہی میں منجم، فلسفی، کاہن وغیرہ ہوتے ہیں۔

مسلمانوں نے پہلی بار ہندی علوم وفنون کو خاندانی تہ خانوں سے

نکال کر دنیا کے سامنے رکھا اور عام کیا۔

اموی دور میں شرعی اور لسانی علوم پر زیادہ توجہ رہی۔ حدیث، تفسیر، فقہ، تاریخ وغیرہ میں کتابیں لکھنے کا رواج شروع ہو گیا تھا۔ طبی اور عقلی علوم میں علم طب، علم انوا اور علم نجوم کا رواج تھا مگر ان کی حیثیت مقامی اور تجرباتی علوم کی تھی جو عربی زندگی کے مطابق قدیم زمانہ سے نسلاً بعد نسلٍ وراثت کے طور پر چلے آتے تھے، اس دور میں صرف خالد بن یزید بن معاویہ کا نام ملتا ہے۔ جس نے طب اور کیمیا کی طرف توجہ کی، اور اس میں شہرت پائی۔

عباسی خلفاء کی ہندی علوم سے دلچسپی

عباسی عہد میں دوسرے خلیفہ ابو جعفر منصور نے حکمت و فلسفہ اور طب و نجوم وغیرہ کی طرف سے توجہ کی، اس کو نجوم و فلکیات سے بڑی دلچسپی تھی، اس کے بعد ہارون رشید اور مامون نے ابو جعفر منصور کے کام کو آگے بڑھایا۔ ہارون رشید نے بغداد میں بیت الحکمہ کے نام سے ایک عظیم الشان علمی و فنی دائرۃ المعارف قایم کیا جس میں منطق، فلسفہ طب، ریاضی، نجوم اور دیگر علوم و فنون کے علماء و فضلاء سے دوسری زبانوں کی علمی اور فنی کتابوں کے ترجمے کرائے اور مختلف بلاد و امصار میں علمی اور فنی وفود بھیج کر نوادرات حاصل کئے، فلاسفہ، حکماء اور اطباء کو دعوت دی۔ بعد میں مامون نے بیت الحکمۃ کی سرپرستی کر کے شاہان روم کے پاس گراں قدر ہدایا و تحائف بھیجے۔ اور یونانی فلاسفہ و اطباء کی کتابیں منگا کر ان کے ترجمے کرائے۔ بیت الحکمہ کئی سو سال تک قایم رہا یہاں تک کہ ۶۵۶ھ میں تاتاریوں نے اسے تباہ کر دیا۔

ابو جعفر منصور کے زمانہ میں پہلی بار ہندوستان کے علم نجوم و فلکیات کا عربی زبان میں ترجمہ ہوا۔ ۱۵۶ھ میں ہندوستان کا ایک پنڈت جو یہاں کے حساب سندھند (سدھانت) میں مہارت رکھتا تھا ابو جعفر منصور کی خدمت میں بغداد پہونچا، اس کے پاس اس فن کی ایک کتاب بھی تھی جس میں بارہ ابواب تھے۔ اس نے بتایا کہ میں نے اس کو کردجات نام کی ایک بہت بڑی کتاب سے انتخاب کیا ہے۔

یہ کتاب ایک ہندوستانی راجہ قبغر کی تصنیف تھی۔ اس میں علم الحساب اور علم النجوم کے مسائل نہایت اچھے انداز میں بیان کئے گئے تھے جن سے ستاروں کی حرکات، کسوف، خسوف، مطالع، بروج، اور فلکیات کے دوسرے مسائل کا علم نہایت صحیح طریقہ پر ہو جاتا تھا، ابو جعفر منصور نے حکم دیا کہ اس کا عربی میں ترجمہ کر کے ایک ایسی کتاب لکھی جائے جس کو اہل عرب نجوم و فلکیات کے مسائل میں بنیاد قرار دیں، چنانچہ محمد بن ابراہیم فزاری نے اس کا بیڑا اٹھایا اور سندھند الکبیر کے نام سے کتاب لکھی، خلیفہ مامون کے زمانہ تک یہی کتاب اس فن کی اصل مانی گئی۔ اسی زمانہ میں ابو جعفر بن موسیٰ خوارزمی نے اس کا اختصار کر کے زیج خوارزمی تیار کی اس کتاب اور زیج میں خوارزمی نے سندھند کے حسابات سے اختلاف کر کے بعض مسائل میں ایرانی حساب کو ترجیح دی تھی، پانچویں صدی تک اسی کتاب اور اسی زیج سے اہل فن فائدہ اٹھاتے رہے[1]

اس کے بعد جب ہارون رشید نے یحییٰ بن خالد برمکی کو وزارت دی اور برامکہ کے اقبال کا ستارہ عروج پر ہوا تو انھوں نے علوم و فنون کی

---

[1] طبقات الامم ص ۶۷۔

بیش بہا خدمات انجام دیں۔ کہنا چاہیئے کہ ہندی علوم و فنون اور یہاں کے علماء اور ان کی کتابوں سے پوری واقفیت ان ہی کے ذریعہ ہوئی۔ انھوں نے ہندوستان کے اہل علم و فن کو بیت الحکمۃ میں رکھا۔ یہاں کی کتابوں کے ترجمے کرائے، اطباء و حکماء کو یہاں بھیج کر جڑی بوٹیاں اور دوائیں منگائیں، اور ان کو استعمال کرایا۔

یحییٰ بن خالد برمکی کو ہندوستان سے خاص تعلق کی وجہ یہ تھی کہ اس کے بیٹے موسیٰ بن یحییٰ اور پوتے عمران بن موسیٰ نے یہاں کی امارت میں رہ کر شاندار کارنامے انجام دیے تھے۔ اور ہند و عرب میں اس خاندان کو نیک نامی اور مقبولیت حاصل تھی۔

ابن ندیم نے کتاب الفہرست میں لکھا ہے کہ یحییٰ بن خالد برمکی اور برامکہ کی ایک جماعت نے عربوں کے دور حکومت میں ہندوستان سے دلچسپی لے کر وہاں کے اطباء اور حکماء کو بغداد آنے کی دعوت دی اور ہندی علوم و فنون کا اہتمام کیا۔ یحییٰ بن خالد نے ایک آدمی کو اس غرض سے ہندوستان بھیجا کہ وہ ہندی عقاقیر اور جڑی بوٹی لائے۔ اور یہاں کے لوگوں کے مذاہب پر کتاب لکھے، چنانچہ اس نے یہ کام کیا اور کتاب بھی لکھی[1]

اس زمانہ میں یہاں کے اطباء میں سے منکہ ہندی، بازی گر، قلبرقل، بہلہ، صالح بن بہلہ، حسن بن صالح بن بہلہ، ابن دھن، خاطف ہندی افرنجی وغیرہ بغداد گئے۔

بیت الحکمۃ میں ہندوستان کے جو مترجم رکھے گئے تھے۔ ہندی اور

---

[1] کتاب الفہرست ص ۴۸۴۔

عربی زبانوں کے ماہر تھے اور یہاں کی علمی و فنی اور طبی کتابوں کا ترجمہ کرتے تھے۔ مثلاً ابن دہن ہندی کتابوں کا عربی میں ترجمہ کرنے کے ساتھ برامکہ کے شفاخانے کا ناظم و منتہم تھا۔ اور منکہ ہندی ان مترجمین میں تھا جو اسحاق بن سلیمان بن علی ہاشمی کی ماتحتی میں بیت الحکمۃ میں کام کرتے تھے[1] یہ وہی اسحاق بن سلیمان ہاشمی ہے جو بصرہ کا حاکم رہ چکا تھا اور ایک مرتبہ سندھ کی حکومت اس کے حوالہ کی گئی تھی۔

مامون کے زمانہ میں عرب کا نامی گرامی طبیب ابراہیم بن فزارون امیر غسان بن عباد کوفی کے ساتھ سندھ گیا اور ایک مدت تک دارالحکومت منصورہ میں رہا۔ اس مدت میں اس نے یہاں کے علم طب اور دواؤں کے بارے میں معلومات حاصل کی ہوگی اور ہندی طب کے عرب میں جانے کا سبب بنا ہوگا۔

علم حساب و ہندسہ ہندوستان کے ہر مؤرخ اور سیاح نے یہاں کے علم الحساب کا اعتراف و اقرار کیا ہے۔ جاحظ نے لکھا ہے کہ اگر ہندی حساب کے اعداد و خطوط نہ ہوتے تو علم الحساب کا بہت بڑا حصہ ضائع ہو گیا ہوتا، ضرب اور تقسیم کے طریقے نامعلوم ہوتے، تنورات اور تنوریات التنورات کو لوگ نہ جانتے اور اگر جانتے بھی تو بڑی محنت و مشقت کے بعد جانتے، تنور ہندوستان کے حساب میں ایک مقدار ہے جس میں بہت سے ہزار جمع کئے جاتے ہیں، ابو اسحاق صابی نے عید کی تہنیت کے موقع پر کہا ہے:

لما طوّل فی دعوتی لملیک طوّل فی السلامۃ عمرہ

میں بادشاہ کے لیے لمبی دعا نہیں کرتا۔ اللہ تعالیٰ امن و سلامتی کے ساتھ

---

[1] کتاب الفہرست ص ۳۴۲۔

اِس کی عمر طویل کرے۔

بل تلطفت فی اختصار محیط بالمعانی عن تامل امرہ

بلکہ لطیف انداز میں ایسا اختصار کرتا ہوں جو دعا کے عام معانی پر حاوی ہو۔

فھو مثل الحروف فی عدد الھند قلیل قد انطوت فیہ کثرۃ[1]

میری دعا ہندی اعتبار سے حرفوں کے مانند کم ہے جس میں بہت زیادہ مقدار و تعداد پنہاں ہوتی ہے۔

قاضی صاعد اندلسی نے لکھا ہے کہ ہندوستان کے علوم میں غبار کا حساب نہایت مختصر، آسان، اور کار آمد ہے، اس سے اہل ہند کی حساب میں مہارت اور جولانی طبع کا پتہ چلتا ہے۔ اس کو ابو جعفر محمد بن موسیٰ خوارزمی نے پھیلایا ہے[2] ابتدا میں اہل عرب گنتی اور عدد کو اپنے الفاظ میں لکھتے تھے، جب ہندی کے ارقام اور ہندسے وہاں پہونچے جن میں ہر مقدار کے لئے مختصر اور سادہ شکل تھی۔ تو انھوں نے اسی کو اختیار کیا اور اس کا نام ہندی حساب اور ارقام ہندیہ اور اشکال ہندسیہ رکھا۔ اور ہندسوں کی شکل میں معمولی سی تبدیلی کر کے عربی طرز کتابت سے قریب کیا۔ پھر مرور زمانہ سے ان میں نمایاں فرق ہوگیا۔ اور ان کو عربی ہندسہ کہا جانے لگا حتیٰ کہ اہل یورپ نے اسے اختیار کر کے اس کا نام عربی ہندسہ ہی رکھا۔ اس طرح ہندی، عربی اور انگریزی ارقام اور ہندسے ایک ہونے کے باوجود مختلف نظر آنے لگے۔

---

[1] ثمار القلوب فی المضاف والمنسوب ص ۵۵۳، [2] طبقات الامم ص ۱۸۔

عباسی دور میں ہندوستان کے علم الحساب پر بہت سی کتابیں لکھی گئیں، احمد بن عمر کرابیسی علم ہندسہ اور اعداد کے افاضل علماء میں سے تھا۔ اس نے اس فن میں متعدد کتابیں تصنیف کیں جن میں ایک کتاب "الہندی" بھی ہے۔ مجتبیٰ انطاکی کی تصانیف میں ایک کتاب "التحت الکبیر ہندی حساب میں ہے۔ ابو نصر محمد بن عبد اللہ کلواذی زبردست حساب دان تھا اس نے بھی ہندی حساب پر کتاب التحت لکھی ہے۔ اسی طرح سنان بن فتح حسّانی حساب واعداد کے فن میں بہت آگے تھا اور اس نے بھی کتاب التحت کے نام سے ہندی حساب پر ایک کتاب لکھی[1]

علم نجوم وفلکیات

علم نجوم کی دو قسمیں ہیں، ایک علم نجوم تعلیمی و برہانی جس کے ذریعہ ستاروں کی حرکات، طلوع وغروب، کسوف وخسوف، اور ایام وشہور وسنین معلوم ہوتے ہیں اور دوسری قسم علم نجوم طبعی ہے۔ جس سے ستاروں کے اثرات واحکام اور عالم کون وفساد میں ان کی تاثیرات معلوم کرتے ہیں۔ یہ اسلامی نقطۂ نظر سے ناجائز ہے۔ ہندوستان کے منجمین دونوں اقسام میں مہارت رکھتے تھے۔ قاضی صاعد اندلسی نے لکھا ہے کہ علم نجوم میں اہل ہند کے تین مذاہب ہیں، سندھند، ازجیر، اور ارکند، ان میں سے سندھند کا علم نجوم خاص طور سے عرب میں رائج ہوا۔ اور محمد بن ابراہیم فزاری، حنش بن عبد اللہ بغدادی، محمد بن موسیٰ خوارزمی اور ابن الآدمی نے اسی کے مطابق اپنی اپنی زیجیں بنائیں، ہندوستان کے منجموں میں کنکہ ہندی ہیئتِ عالم، ترکیب افلاک اور حرکاتِ نجوم کا سب سے بڑا عالم

[1] کتاب الفہرست ص ۳۹۲ و ص ۳۹۵ و ص ۳۹۶۔

وماہر تھا۔ ابو معشر بلخی نے کتاب الالوف میں لکھا ہے کہ کنکہ علم نجوم میں قدیم علمائے ہند میں سب سے آگے ہے۔ ماشاء اللہ ہندی نے علم نجوم میں بڑی بڑی کتابیں لکھی ہیں۔ محمد بن اسمعیل نوبختی منجم نے ہندوستان جاکر علم و نجوم کے عجائب و غرائب سیکھے اور اقبال و ادبار کی حرکتوں کو معلوم کیا۔ احمد بن عبداللہ خشن بغدادی مامون و معتصم کے زمانہ میں مشہور نجومی تھا۔ اس نے تین زائچے بنائے تھے جن میں سے پہلا زائچہ حساب سندھند کے اصول پر تھا۔ اس میں خشن نے فزاری اور خوارزمی کی آراء سے اختلاف کیا ہے۔ فضل بن حاتم تبریزی ہندسہ ہیئت اور حرکات نجوم کے فن میں بہت آگے تھا۔ اس فن میں اس نے کئی کتابیں تصنیف کیں جن میں سے ایک کتاب میں اصول سندھند پر زیج کبیر کی شرح کی ہے۔ حسین بن حمید بن الآدمی کی کتاب "جامع بصناعۃ التعدیل ہیئت اور حرکات نجوم میں سندھند کے اصول پر ہے[1]

ابن ماجور کی ایک کتاب "زیج السندھند" ہے۔ یعقوب بن طارق علم نجوم کا ماہر عالم تھا، اس کی کتاب "الزیج" سندھند کے حساب پر درجہ بدرجہ ہے۔ یہ دو کتابوں کا مجموعہ ہے: ایک علم الفلک میں، اور دوسری علم الدول میں ہے[2]

ابن ندیم نے کنکہ ہندی کی علم نجوم میں ان کتابوں کا تذکرہ کیا ہے، اسرار الموالید، القرانات الکبیر، القرانات الصغیر، اور اس فن میں جودر ہندی کی کتاب "الموالید"، صنجہل ہندی کی کتاب "اسرار

---

[1] طبقات الامم ص ۱۸ و ۱۹ و ۸۱ و ۷۴ و ۷۸۔ [2] الفہرست ص ۳۹۰ و ۳۸۸۔

المسائل، سنہق ہندی کی کتاب الموالید الکبیر ہے، یہ سب کتابیں ہندی میں تھیں، ان کے ترجمے عربی میں ہوئے ہیں، نیز ہندوستان کے ماہرین نجوم میں باکھر، راحہ، صکہ، داہر، آنکو، زنکل، اریکل، جبہر، اندی، جباری کی کتابیں عربی میں ترجمہ کی گئیں۔[1]

علمِ طب علمِ طب بھی ہندوستان کے خاص علوم میں ہے اور اس میں یہاں کے اطبار شہرت رکھتے تھے۔ جاحظ نے لکھا ہے:

ویقدّمون فی الطب ولھم اسرار الطب وعلاج فاحش الادواء خاصۃً۔[2]	اہلِ ہند علمِ طب میں بہت آگے ہیں، ان کے طبی گر ہیں اور امراض عامہ کا معقول علاج بھی ہے۔

عقاقیر اور جڑی بوٹی کے علاوہ منتر، عزائم اور جادو کے ذریعہ امراض سلب کرنے کا فن بھی تھا۔ ہندوستان کے قدیم اطبار جن کی کتابوں کے تراجم عربی میں ہوئے ان میں سے چند کے نام یہ ہیں، آنکو، اندی، باجہر، باکھر، باذرد غوغیا، لوقشتل، جاراکا، جبہرا، جباری، جودر، داہر، دانائے ہند، دبک، راحہ، رائے، اوسا، سامور، سسروتا، سسہ، سیروک، شاناق، ششرذ، صکہ، صنجہل، ناقل، سنہق۔ اور یحی بن خالد برمکی نے ہارون رشید کے زمانہ میں جن اطبار ہند کو بغداد بلا کر ان سے کام لیا ان میں منکہ، ابن دھن، بازیگر بہلہ، قلبرقل، خاطف، صالح بن بہلہ، وغیرہ شامل ہیں۔

---

[1] الفہرست ص ۳۰۸۔ [2] رسائل جاحظ ج ۱ ص ۲۲۴۔

منکہ ہندی بیت الحکمۃ کے ان مترجمین میں تھا۔ جو اسحاق بن سلیمان ہاشمی کی نگرانی میں کام کرتے تھے، نیز برامکہ کے شفاخانے کا ناظم تھا یحییٰ بن خالد برمکی نے اس کو ہندوستان سے بلا کر علاج کرایا تھا۔ ابن قتیبہ نے عیون الاخبار میں یحییٰ بن خالد کی بیماری اور منکہ ہندی کے علاج کا تذکرہ تفصیل سے کیا ہے[1]

ابن دھن بھی برامکہ کے شفاخانہ میں معالج تھا۔ اور بیت الحکمہ میں ہندی کتابوں کا عربی میں ترجمہ کرتا تھا۔ بہلہ ہندی نے بغداد جا کر بڑا نام پیدا کیا اور اس کے خاندان میں فن طب مدتوں رہا، اس کا بیٹا صالح بن بہلہ ہارون رشید کا معالج تھا۔ قفطی اور ابن ابی اصیبعہ نے اس کے علاج کا ایک عجیب وغریب واقعہ بیان کیا ہے۔ اس کا پوتا حسن بن صالح بن بہلہ بھی مشہور طبیب تھا[2]

ہندوستان کی جو طبی کتابیں عربی زبان میں منتقل ہوئیں۔ ان کے نام یہ ہیں۔ کتاب ششرد، اس میں دس مقالات ہیں یحییٰ بن خالد نے منکہ ہندی کو اس کے ترجمہ کا حکم دیا تھا کتاب استانکسر الجامع کی شرح ابن دھن نے کی، نیز اس نے کتاب سندستاق کی شرح لکھی، کتاب سیرک کا پہلا ترجمہ فارسی میں ہوا، اس کے بعد عبداللہ بن علی نے عربی میں ترجمہ کیا۔ کتاب مختصر للہندی فی العقاقیر، یہ جڑی بوٹی کے بیان میں تھی۔ کتاب اسماء عقاقیر الہند، کی شرح منکہ ہندی نے اسحاق بن سلیمان ہاشمی کے حکم سے لکھی۔ یہ بھی جڑی بوٹی کے بیان میں تھی۔ کتاب علاجات اسبالی للہند میں حاملہ عورتوں کی بیماریوں کا علاج تھا۔ کتاب

---

[1] عیون الاخبار ج ص ۲۴ ص ۲۵۔ [2] اخبار الحکماء ص وطبقات الاطباء ج ص۔

توقشتل میں ایک سو امراض کی ایک سو دواؤں کا بیان تھا۔ کتاب روسا ہندیہ فی علاجات النساریہ ایک عورت روسایا روشنی نامی کی کتاب تھی جس میں عورتوں کا علاج درج تھا۔ کتاب اسکر ملہند، اور کتاب رای الہند فی اجناس الحیّات وسمومہا کسی راجہ کی تصنیف تھی جس میں سانپوں کے اقسام اور ان کے زہر کے علاج کا بیان تھا۔ کتاب التوھم فی الامراض والعلل، توقشتل ہندی کی کتاب تھی [1]

کنکہ ہندی نے نجوم اور طب پر کتابیں لکھیں اور عربی میں ترجمہ ہوئی ہیں۔ ان کے نام یہ ہیں۔ کتاب النمودار فی الاعمار، کتاب اسرار الموالید، کتاب القرانات الکبیر، کتاب القرانات الصغیر، کتاب فی الطب، کتاب التوھم، کتاب فی احداث العالم والدور فی القران، کتاب منازل القمر۔

سانپوں کے اقسام، ان کے زہر اور علاج پر یہاں کی کئی کتابیں عربی میں منتقل ہوئیں۔ اس خاص علاج میں یہاں کے اطبار مہارت رکھتے تھے۔ ابن ندیم نے اس سلسلہ میں رائے ہند کی کتاب اجناس الحیّات وسمومہا اور ناقل ہندی کی کتاب اجناس الحیات کے نام دیئے ہیں، غالباً ان میں دواؤں کے ساتھ منتروں کا ذکر رہا ہوگا۔ جاحظ نے لکھا ہے کہ اہل ہند ایسے منتر بھی جانتے ہیں جو زہر اور درد میں سریع الاثر ہیں اور ان سے علم النفکر پھیلا ہے جس کو زہر پر پڑھا جائے تو وہ ضرر نہیں پہونچاتا۔ [2]

ابن خرداذبہ نے لکھا ہے کہ اہل ہند کا یہ خیال ہے کہ وہ منتر کے ذریعہ

---

[1] الفہرست ص ۴۲۱۔ [2] رسائل جاحظ ۱ ص ۲۲۴۔

جو چاہیں حاصل کر لیں، وہ اس سے زہر چوستے اور نکالتے ہیں [1] زہر اور اس کے علاج میں ابن ندیم نے کتاب السموم للہند کا تذکرہ کیا ہے۔

ہندی جڑی بوٹیاں اور دوائیں

اس دور میں ہندی طب اور اطباء کی طرح ہندی جڑی بوٹیاں اور دوائیں بھی بغداد و بصرہ میں مقبول ہوئیں اور عوام ان کو استعمال کرنے لگے ہندی دواؤں اور جڑی بوٹیوں کو برہمار اور برہمارات کہتے تھے اور ان کے منگانے اور فروخت کرنے والے عطاروں کو بندار اور بنادر کے نام سے یاد کرتے تھے۔

غرائم اور نیرنجات وغیرہ

غرائم، طلسمات، نیرنجات، شعبدہ جات اور جادوگری میں اہل ہند قدیم زمانہ سے مہارت رکھتے تھے اور اس فن کی کئی کتابوں کے ترجمے عربی میں ہوئے۔ ابن خرداذبہ نے لکھا ہے کہ اہل ہند وہم اور فکر کی قوت سے بہت سے کام بنانے، بگاڑتے ہیں اور نفع و نقصان پہونچاتے ہیں۔ وہ ایسے تخیلات کا مظاہرہ کرتے ہیں۔ جن سے عقلمند آدمی حیرت میں رہ جاتا ہے، وہ اپنی قوت ارادی و فکری سے بارش اور سردی کو روک دینے کا دعوی کرتے ہیں [2] جاحظ کا قول گذر چکا ہے کہ اہل ہند علم الفکر سے زہر اتار دیتے ہیں۔ ابن ندیم نے شعبدہ اور نیرنجات کے بیان میں لکھا ہے کہ اہل ہند کا اس میں اعتقاد ہے۔ علم التوھم ہندوستان کا خاص علم ہے۔ اس فن میں ان کی کتابیں ہیں۔ جن میں سے بعض عربی میں منتقل

---

[1] المسالک والممالک ص ۷۱، [2] " ص ۷۲۔

ہوئی رہیں [1]

ہندوستان کے غرائم و نیرنجات، منتر اور قوّت فکریہ کی تاثیر و تاثر کی شہرت مسلمانوں کے عقلی اور فکری حلقوں میں عام تھی۔ اور ان کو مسلمات کی حیثیت سے جانا پہچانا جاتا تھا، چنانچہ علامہ ابن قتیبہ نے تاویل مشکل القرآن میں ایک مقام پر نظر لگ جانے کے منکروں کو ان کے ان ہی مسلمات سے الزام دیتے ہوئے لکھا ہے:

ولِمَ صدّق الھند بما تدعیہ فی الفکر والرقی، وانکر العین والعوذ، أوَلیس الضر بالفکر باعجب من الضر بالعین؟	نظر لگنے کا منکر اہلِ ہند کی قوت فکریہ اور منتر کے اثر کے دعوے کی کیوں تصدیق کر کے عین اور اس کے علاج کا انکار کرتا ہے کیا قوت فکریہ کا ضرر عین کے ضرر سے زیادہ تعجب انگیز اور قابل انکار نہیں ہے؟

(تاویل مشکل القرآن ص۸۹)

سسہ ہندی اس فن میں بہت ماہر تھا۔ اس نے ایک کتاب بھی لکھی ہے جس میں اہل وہم و فکر کا طریقہ اختیار کیا ہے [2]

عطارد بن محمد منجم کی ایک کتاب الجفر الہندی ہے جس میں یہاں کے علم جفر کا بیان ہے۔

زجر و کہانت میں کتاب زجر الہند ہے، علم خطوط الید (ہاتھوں کی ریکھا) میں یہاں کی ایک کتاب عربی میں منتقل ہوئی جس کا نام کتاب خطوط الکف والنظر فی الید للہند ہے۔

---

[1] الفہرست ص ۴۳۰، [2] " ص ۴۳۴۔

قصے کہانیاں ہندوستان اور یونان کے باشندے دیومالائی اساطیر وقصص میں قدیم زمانہ سے مشہور ہیں۔ عباسی دور میں ہندی .... علوم وفنون کے ساتھ ہندی داستانوں کا ترجمہ بھی ہوا، اس موضوع کی مشہور کتابیں یہ ہیں، کلیلہ ودمنہ، سندباد کبیر، سند باد صغیر، کتاب البد، کتاب بوناسف و بلوہر، کتاب بوناسف، کتاب ادب الہند والصین، قصۂ ہبوط آدم، کتاب طرق، کتاب دبک ہندی، مردوں اور عورتوں کے بارے میں، کتاب ساویرم، کتاب شاناق فی التدبیر، کتاب بید پا حکمت و دانائی میں، کتاب اطر مشروبات میں[1]

نغمہ وموسیقی موسیقی اور غنا بھی یہاں کا خاص فن ہے، رقص و سرود اور موسیقی میں یہاں کے لوگ قدیم زمانہ سے مشہور ہیں، جاحظ نے لکھا ہے کہ ہندوستانیوں کی موسیقی طرب انگیز ہے۔ ان کے یہاں کنکلہ نامی باجا ہے جو کدّو پر ایک تار کھینچ کر بنایا جاتا ہے اور عود کے تاروں اور چنگ کے قایم مقام ہوتا ہے[2]۔ نیز ہندوستان میں قسم قسم کے رقص اور عجیب عجیب حرکتیں ہیں۔ سیاہ قوموں کے مفاخر و محاسن میں خوش خلقی اور حسن صوت ہے خاص طور سے سندھی مغنیات میں یہ بات پائی جاتی ہے[3]

سندھ کے مغنی اور مغنیات عرب میں خاص شہرت رکھتے تھے اور شعراء وادباء اور اہل ذوق ان سے لطف اندوز ہوتے تھے، ابوجمیل عہد مہدی کا مشہور شاعر تھا، اس کے یہاں مطرز سندھی مدنی مشہور مغنی تھا۔ وہ نہایت پارسا اور نیک آدمی تھا۔ (اغانی ج ۱۹ ص ۸۳)

---

[1] الفہرست ص ۴۲۴ و ص ۴۲۵۔ [2] رسائل جاحظ ج ۱ ص ۲۲۴۔

خمار قندہاریہ مشہور مغنیہ باندی تھی جسے عبد اللہ بن ربیع نے دو لاکھ درہم میں خریدا تھا۔ اس کی خوش الحانی اور موسیقیت پر ارباب ذوق وجد کرتے تھے[1]

قاضی صاعد اندلسی نے لکھا ہے ——————

—— کہ ہندوستان کے جو علوم و فنون ہم اہل اندلس تک پہونچے ہیں ان میں موسیقیات کی ایک کتاب ہے۔ اس کا نام ہندی میں نافر ہے یعنی شمار الحکمۃ ، اس میں الحان کے اصول اور نغموں کے طریقے درج ہیں[2]

جنگ اور اسلحہ جنگ

ہندوستان کی تلواریں خصوصاً مقام گلہ کی بنی ہوئی سیوف قلعیہ عرب میں مشہور تھیں۔ یہاں کے بہادر تلوار کے دھنی اور اس کے اوصاف و علامات سے واقف تھے۔ جاحظ نے لکھا ہے کہ اہل ہند کے یہاں قلعی تلواریں ہوتی ہیں۔ وہ لوگ اس سے کھیلنے اور جنگ کرنے میں پوری حذاقت و مہارت رکھتے ہیں۔

اصول جنگ اور اسلحہ جنگ پر ہندوستان کی دو کتابیں عربی میں منتقل ہوئیں۔ ایک کتاب باجہر ہندی جس میں تلواروں کی صفات ، علامات ، برش ، جوہریت کا بیان تھا ، دوسری کتاب شاناق ہندی جس میں تفصیل کے ساتھ جنگی تدابیر اور سپاہیوں کے انتخاب اور شہسواروں کے اوصاف کا بیان تھا[3]

---

[1] کتاب الاغانی ج ۵ ص ۱۶۳ - [2] طبقات الامم ص ۱۷ - [3] الفہرست ص ۴۳۷ -

ایک اور کتاب ملک الہند القتال والسباح کا ذکر ابن ندیم نے کیا ہے جو کسی راجہ کی تصنیف تھی اور عربی میں منتقل ہوئی تھی۔ یہ قتال یعنی جنگ اور سباح یعنی تیراکی کے بیان میں تھی۔

خطابت اور فصاحت و بلاغت

خطابت اور فصاحت و بلاغت عربی زبان کا حق اور عربوں کا حصہ ہے، قدرتی طور سے اس زبان اور اس کے بولنے والوں میں زور بیان اور زبان آوری ہوتی ہے اس فطری ملکہ میں عرب قوم منفرد ہے۔ اس کے باوجود عربوں نے ہندوستان کے فن خطابت اور فصاحت و بلاغت سے دلچسپی لی ہے اور اس ملک کے خطباء، شعراء اور ادباء کا تذکرہ کیا ہے، جاحظ نے اہل ہند کے خصائص کو بیان کرتے ہوئے لکھا ہے کہ ان کے یہاں اشعار کی کثرت اور طویل خطبات ہیں۔ ابن ندیم نے کتاب حدود منطق الہند کا تذکرہ کیا ہے جو ہندی سے عربی میں ترجمہ کی گئی تھی۔ اس میں یہاں کے فن بلاغت کا بیان تھا۔ ابو الاشعث معمر کا بیان ہے کہ جن دنوں یحییٰ بن خالد برمکی نے ہندوستان کے اطباء کو بغداد میں بلایا۔ میں نے بہلہ ہندی سے دریافت کیا کہ ہندوستانیوں کے نزدیک بلاغت و فصاحت کیا ہے؟ اس نے بتایا کہ ہمارے یہاں اس فن میں ایک کتاب لکھی گئی ہے۔ میں اس کا ترجمہ عربی میں اچھی طرح سے نہیں کر سکتا۔ اور نہ ہی مجھے اس فن سے تعلق ہے۔ یہ جواب سن کر مجھے خود اس کتاب کی خوبیوں کے معلوم کرنے کا شوق ہوا، اور میں نے وہ کتاب حاصل کی، اس میں لکھا تھا کہ بلاغت کی شرط اس کے اسباب کا مہیا ہونا ہے۔ یعنی خطیب و مقرر کو جوش پر قابو ہو،

اعضاء و جوارح میں وقار و سکون ہو، نگاہ قابو میں ہو، قوم سے اس کی زبان میں بات کرے، بڑوں سے ہم کلامی میں بازاری زبان استعمال نہ کرے، ہر طبقہ کے ساتھ گفتگو کرنے پر قادر ہو، نہ معانی باریک ہوں نہ الفاظ بھاری بھر کم ہوں، یہ طرز گفتگو عالم و فلسفی اور دانشوروں سے تخاطب میں اختیار کرے، جو مختصر اور بقدر ضرورت گفتگو کا عادی ہو۔ سخنوری کو فن کی حیثیت سے جانتا ہو۔ رنگین بیانی اور اعتراض کے نقطۂ نظر سے نہ سیکھا ہو، وہ بلیغ ہے[1]

عباسی خلفاء کے موالی میں ابراہیم بن سندی بلا کا خطیب و مقرر تھا، اس کے الفاظ پر شکوہ اور معانی شاندار ہوتے تھے، وہ اپنی تقریر کے دوران جوش و خروش اور جذبات سے بے قابو ہو جاتا تھا، اس کی باتیں تیر و نشتر بن کر سامعین کے دلوں میں اتر جاتی تھیں[2]

منتجع بن نبہان طائی سندی کا تذکرہ زبیدی نے طبقات النحویین واللغویین میں بصرہ کے علمائے لغت کے طبقۂ اولی میں کیا ہے[3] اور جاحظ نے لکھا ہے کہ منتجع بن نبہان سندی نے بچپن صحرا میں گذارا وہ رؤبہ شاعر سے زیادہ فصیح تھا۔ اور علمائے عراق اس سے تحصیل علم کرتے تھے، جس طرح علمائے شام عکیم حبشی سے استفادہ کرتے تھے۔ جو عجاج سے زیادہ فصیح تھا[4]

---

[1] البیان والتبیین ج ۱ ص ۹۰ و ص ۹۱، [2] " ج ۱ ص ۱۳۰ ص ۲۶۶۔
[3] طبقات النحویین واللغویین ص ۱۷۵۔ [4] رسائل جاحظ ج ۱ ص ۱۹۸۔

(۸)

اسلامی علوم وفنون

ہندی مسلمانوں کے حالات کی نایابی کا البیہ ہندوستان میں عباسی تاریخ کا سب سے زیادہ افسوس ناک اور تاریک باب یہ ہے کہ یہاں کے مسلمانوں کی تہذیب وثقافت، تمدن وحضارت، بود وباش، اخلاق وعادات، انفرادی واجتماعی حالت اور قومی وملی زندگی کے بارے میں کوئی بات معلوم نہیں ہے۔ اسی طرح ان کی دینی ومذہبی حالت اور عالم اسلام سے ان کے ربط وتعلق کا کچھ پتہ نہیں چلتا۔ یہ عجیب بات ہے کہ اس دور کے سیاحوں، تاجروں، جہازیوں، اور مؤرخوں، نے بلاد الکفر یعنی ہندوستان میں رہنے والے اور آنے جانے والے مسلمانوں کے متعلق بیش بہا معلومات فراہم کی ہیں مگر وہی لوگ دار الاسلام یعنی عباسی مقبوضہ کے مسلمانوں کے بارے میں خاموشی سے گذر گئے ہیں، البتہ ان کے مقابلہ میں علمائے طبقات ورجال اور ائمہ حدیث وفقہ نے یہاں کے ارباب فضل وکمال اور اہل علم وفن کے تذکرے اپنی کتابوں میں درج کئے ہیں۔ جن سے اس دور کے عام مسلمانوں کی دینی وعلمی زندگی اور عالمی ربط وتعلق کا

اندازہ ہوتا ہے، اور ان کی قومی و ملی تاریخ کے چہرے پر جمے ہوئے غبار کی تہ کچھ ہلکی ہوتی ہے، ورنہ سامری داستان سرائی کے باوجود ان کا عنوان مجہول ہی رہ جاتا۔

غور کرنے کی بات ہے کہ اگر یہاں کے مسلمانوں کی اسلامی زندگی میں تر و تازگی اور شادابی نہ ہوتی تو چمن اسلام کے یہ گل بوٹے کیسے کھلتے جن کے رنگ و بو کی دنیا ہندوستان سے لے کر پورے عالم اسلام تک آباد تھی۔ اور جن کے دینی و علمی اور ملی تعلقات کی کڑیاں سندھ و مکران سے لے کر مغرب اقصیٰ اور اندلس تک ملی ہوتی تھیں، جس دور میں اور جس سرزمین سے یہ جہابذۂ علم و فن، عباقرۂ فضل و کمال، حفاظِ حدیث، ائمۂ فقہ، عباد و زہاد، قضاۃ و معدلین، شعراء و ادباء، علماء و حکماء، فلاسفہ و متکلمین، اور مختلف علوم و فنون میں سرآمد گانِ روزگار پیدا ہوئے ہیں، کیسے باور کیا جا سکتا ہے کہ اس دور کے مسلمانوں کا قومی و ملی حال قابلِ ذکر نہیں تھا خصوصاً جب کہ اس زمانہ میں پورے عالمِ اسلام میں زندگی ہی زندگی نظر آتی تھی، ہر طرف یقین و عمل کی روح کارفرما تھی، ہر شہر و قریہ دینی نشاط و انبساط سے آباد، ہر راہ علمی قافلوں سے معمور اور ہر بستی علماء سے مشحون تھی اور مسلمان اسلامی تقاضوں کی تکمیل میں باہم مسابقت کر رہے تھے۔

ہر دور کے علماء اپنے عہد کے ترجمان اور اپنے ماحول کے آئینہ دار ہوتے ہیں جن کی چلتی پھرتی ذات میں ان کی قوم کے خد و خال دیکھے جاتے ہیں۔ ان سے ان کے پورے عہد و دیار کا قومی و ملی حال اور

دینی وعلمی مزاج معلوم ہوتا ہے، چنانچہ عباسی عہد کے ہندی علماء بھی اپنی زمانہ کے ترجمان اور نمائندہ ہیں۔ اسی لئے ہم یہاں کے علماء کے حالات میں نسبتہً تفصیل سے کام لے کر اس تاریخی خلا کو پر کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ جو یہاں کے مسلمانوں کے بارے میں پایا جاتا ہے۔ اور اس سلسلہ میں ہندی موالی و ممالیک علماء و فضلاء کا علیحدہ باب بھی اسی داعیہ کا نتیجہ ہے۔ ہم یہاں کے امراء و ممالیک علماء اور اندرونی و بیرونی ارباب فضل و کمال کے حالات سے ان کے اہل وطن کا دینی و علمی اور اخلاق و تمدنی حال معلوم کر سکتے ہیں۔

علمائے اسلام اور علمائے ہند

دوسری صدی سے چوتھی صدی تک کا زمانہ اسلامی علوم و فنون خصوصاً علم حدیث و فقہ کے حق میں پُر بہار، بارونق اور خوش آیند تھا۔ اس میں پورا عالم اسلام گویا ایک مدرسہ تھا۔ اور ہر شہر و قریہ کے علماء و محدثین علمی اسفار میں دنیا کی خاک چھانتے تھے، مشرق سے مغرب تک تعلیم و تعلّم، تحدیث و روایت، اور تالیف و تدوین کا سلسلہ جاری تھا۔ اور عالمی شاہراہوں میں رواۃ حدیث، قلم، دوات اور کتابیں لئے رواں دواں تھے۔ اس علمی و دینی قافلہ میں ہندی علماء کی اچھی خاصی تعداد رہا کرتی تھی۔ اور یہاں کے طلبہ بھی عالم اسلام میں چل پھر کر تحصیل و تکمیل میں مشغول تھے۔ یہ حضرات عام طور سے اپنے ملک کے علماء و محدثین سے پڑھ کر باہر نکلتے تھے اور تحصیل و تکمیل کے بعد اپنے وطن واپس آجاتے تھے یا باہر ہی رہ کر علمی زندگی بسر کرنے لگتے تھے، جو علماء یہاں آگئے ان کے حالات بہت کم ملتے ہیں۔ اور جو دوسرے ممالک

ہیں رہ بس گئے ان کے کچھ حالات طبقات و رجال کی کتابوں میں ملتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ہندوستان کے بہت سے علماء و محدثین کے تذکرے اور انکی خدمات ہماری نظروں سے اوجھل ہیں اور ہم سمجھتے ہیں کہ جس دور میں پورا عالم اسلام دار العلم بنا ہوا تھا۔ اور ہر طرف اسلامی علوم و فنون کا چرچا ہو رہا تھا، ہندوستان میں اسلامی علوم خصوصاً علم حدیث اور محدثین کا نام و نشان نہیں تھا اور اس دور کے بن چند ہندی اہل علم کے نام ملتے ہیں ان کا کوئی مقام و مرتبہ نہیں تھا۔

یہ خیال سراسر بے بنیاد اور غلط ہے، بلکہ واقعہ یہ ہے کہ اس زمانہ میں یہاں حدیث کا چرچا عام تھا، ہر بڑے شہر میں محدثین کی جماعت تحدیث و روایت میں مشغول تھی، املاء کی مجلسیں قایم تھیں اور اصحاب و شیوخ بحث و مذاکرہ کر رہے تھے، دور دراز ممالک کے طلبہ یہاں آتے تھے، یہاں کے طلبہ دور دراز ممالک میں جاتے تھے۔ اور عالم اسلام کے قابل قدر حصہ سندھ و مکران میں بھی دینی علوم کی سرگرمی جاری تھی، مگر افسوس کہ یہاں کے ارباب علم و فن کے حالات مرتب نہیں کیے گئے، اور کسی مقامی مؤرخ و مصنف نے ان کی شخصیات و خدمات کو جمع نہیں کیا۔ اس غفلت کے نتیجہ میں ہندوستان کی علمی تاریخ کے نقوش نہ ابھر سکے، اور اگر کہیں کچھ دھندلے نقوش باقی رہ گئے تھے تو بعد کے عجمی و عقلی علوم و فنون کا سیلاب ان کو بھی بہالے گیا۔ اور نہ صرف فقہاء و محدثین کے نام اور کام ضائع ہوئے بلکہ اس دور کے ادباء شعراء، حکماء، فلاسفہ، متکلمین اور دیگر اہل علم

وفن بھی گوشۂ گمنامی کی نذر ہو گئے۔ اور فقہاء و محدثین کی طرح انکی خدمات کا بھی نشان نہیں ملتا، ورنہ کون باور کر سکتا ہے کہ تقریباً تین صدیوں تک ہندوستان کے مسلمانوں میں اہل علم و فن پیدا ہی نہیں ہوئے اور یہاں کے کسی طبقہ میں علم و علماء کا وجود ہی نہیں تھا۔

ہندوستان میں اسلامی علوم وفنون اور علماء و فضلاء کے بارے میں آئندہ جو کچھ لکھا جائے گا وہ غیر ہندی مصنفوں کی کتابوں سے ماخوذ ہوگا۔ ظاہر ہے کہ دوسروں ملکوں کے مصنفوں نے اپنے یہاں کے ہندی عالم کے تذکرہ میں وہی حالات لکھے جو ان کے یہاں رونما ہوئے یا ان کو ملے اور ان میں کہیں ضمنی اور اتفاقی طور سے ایسی بات آئی جس کا تعلق ہندوستان سے ہے۔ ایسی ضمنی اور اتفاقی باتیں ہمارے لئے بڑے کام کی ہیں، اور ان ہی شکر پاروں سے ہم مٹھائی تیار کرتے ہیں۔

دولت ہتاریہ منصورہ کے سقوط کے بعد ۱۷۴ھ سے ہندوستان میں غزنوی دور شروع ہوا۔ اس سے پہلے چار صدی سے زائد کا زمانہ اس اعتبار سے عربی دور تھا کہ اس میں خلافت راشدہ، خلافت امویہ، خلافت عباسیہ اور عرب حکومتوں کا عمل دخل تھا۔ اور عربی دور کے علماء و فضلاء کے حالات بہت کم ملتے ہیں۔ اس سے پہلے ہم اموی دور تک کی علمی تاریخ مرتب کر چکے ہیں اور عباسی دور کی علمی تاریخ کے ضمن میں غزنوی دور تک کے علماء، فضلاء کا اجمالی حال لکھ رہے ہیں تاکہ کچھ تلافی مافات ہو سکے۔

عباسی عہد کے علمائے ہند کا اجمالی تعارف

جس طرح یہاں کے علماء و محدثین علم دین کی طلب میں اپنے ملک کے علاوہ پورے عالم اسلام کی خاک چھانتے تھے۔ اور دور دراز مقامات کا سفر کرکے وہاں کے ائمہ دین و شیوخ حدیث سے تحصیل علم کرتے تھے، اسی طرح انھوں نے اس امانت کی ادائیگی میں دنیا کا چکر کاٹا اور دنیائے اسلام کے قریات و مدن میں جاکر حدیث کی خدمت انجام دی یلیبار، کلہ، منصورہ، ملتان، دیبل، قزدار، مکران، سندھ، بوقان وغیرہ سے لے کر بغداد، بصرہ، مکہ، شام، دمشق، عذربون، اصفہان، مصر، قیروان، قرطبہ، اندلس تک حدیث کا درس دیا، اور جہاں جہاں پہونچے مقامی علماء نے مجلس درس، واملاء منعقد کرکے ان سے اکتساب فیض کیا۔

ان کے تلامذہ میں دنیائے اسلام کے عباقرۂ علم اور جہابذۂ حدیث شامل ہیں، ائمہ و حفاظ نے ان سے سماع و روایت کرکے ان کے فضل و کمال کی شہادت دی۔ ہندوستان کے افتخار اور یہاں کے مسلمانوں کے ابتہاج کے لئے یہ کیا کم ہے کہ ان کے اسلاف کے حلقہ نشینوں میں امام بخاری، امام احمد بن حنبل، امام دار قطنی، امام خطیب بغدادی، امام ابوعبداللہ حاکم، امام ابوحاتم رازی، امام ابن ابی حاتم رازی، امام ابویعلی موصلی، امام ابونعیم اصفہانی، امام ابوعوانہ، امام سمعانی، امام ابن عساکر، امام ابوالفتح عبدالغافر کاشغری جیسے مشاہیر اسلام اور محاسن امت نظر آتے ہیں۔ دور دراز ممالک کے طلبۂ حدیث آکر ان سے استفادہ کرتے تھے۔ اور وہ بلاد اسلامیہ میں جاکر فیض پہونچاتے

تھے۔ کتنے ہندی علماء اسی دینی و علمی سفر میں اپنے وطن سے دور مقامات میں آباد ہو گئے اور کتنے آتے جاتے رہے۔ ان میں سے جن حضرات کے نام اور حالات اب تک مل سکے ہیں۔ ان کا اجمالی تعارف پیش کیا جاتا ہے۔

ابو بکر احمد بن سندی نے بغداد کے محلہ قطیعۂ بنی حداد میں مستقل سکونت اختیار کی، عباسی خلفاء نے اپنے امراء کو بطور جاگیر کے بغداد کے مختلف علاقے دیے جو اپنے مالکوں کے نام سے مشہور ہوئے، چنانچہ علاقہ کرخ میں قطیعۃ الفقہاء اور قطیعۃ الربیع دو جاگیریں تھیں جن میں محدثین رہا کرتے تھے۔ ابو بکر احمد بن سندی نے بھی یہیں رہ کر مسند درس بچھائی اور حافظ ابو نعیم اصفہانی، ابو علی بن شاذان، ابن رزقویہ نے ان سے حدیث کی روایت کی۔ ایک واسطہ سے خطیب بغدادی بھی ان سے تلمذ کا شرف رکھتے ہیں [1]

حافظ ابو نعیم نے حلیۃ الاولیاء میں ان سے بکثرت روایت کی ہے۔ اور امام دار قطنی نے ان کی احادیث کا انتخاب کیا ہے ۳۵۹ھ میں بغداد میں فوت ہوئے۔

احمد بن سندی بن فروخ بغدادی نے بغداد اور بصرہ میں احادیث کا درس دیا، چنانچہ عبد اللہ بن عدی جرجانی نے بصرہ ہی میں ان سے روایت کی ہے، تیسری صدی میں انتقال کیا، [2]

احمد بن سندی رازی نے خراسان میں مرو اور رے کے درمیان

---

[1] تاریخ بغداد ج ۴ ص ۱۸۷۔ [2] " ج ۲ ص ۱۸۷۔

باغ و برزن نامی ایک گاؤں میں سکونت کر کے قزوین و ہمدان کے قضا کے ساتھ درس و روایت میں زندگی بسر کی، ان کے تلامذہ میں امام ابو حاتم رازی ہیں۔

ابو عمر احمد بن سعید بن ابراہیم ہندی، ابن ہندی اور ہمدانی کی نسبت سے مشہور ہیں انھوں نے اندلس میں علمی سرگرمی دکھائی اور وہیں ابو عبداللہ محمد بن عبداللہ بن الاحدب لخمی نے ان سے روایت کی۔[1]

نیز اندلس میں ابو بکر بن سیرین اور حمزہ بن حاجب نے ان سے روایت کی۔[2] اور ہمدان کے زمانۂ قیام میں بھی اہل علم نے ان سے استفادہ کیا تھا، علمائے اندلس کے اخبار و احوال کے حافظ تھے۔ رمضان ۳۹۹ھ میں اندلس میں فوت ہوئے۔

ابو العباس احمد بن عبداللہ دینلی طلب علم میں دنیائے اسلام کے مشہور شہروں کی خاک چھانتے ہوئے نیشاپور پہونچے، اس زمین میں ان کے لئے ایسی کشش تھی کہ وہیں کے ہو کر رہ گئے۔ ان سے حدیث کا سماع کرنے والوں میں حافظ ابو عبداللہ حاکم بھی ہیں۔ رجب ۳۴۳ھ میں نیشاپور میں فوت ہوئے۔ اور حیرہ کے مقبرہ میں دفن کئے گئے۔

---

[1] فہرست ابی بکر بن خیر اشبیلی ص ۲۵۲۔ [2] ترتیب المدارک ج ۴ ص ۶۵۰۔ [3] کتاب الانساب۔

ابوبکر احمد بن قاسم بن سلیمان سندی بغداد میں قیام کرتے تھے، معدّل تھے یعنی خلافت کی طرف سے عوام کی توثیق و تعدیل کی خدمت انجام دیتے تھے، نیز بڑے تاجروں اور خریداروں کے درمیان بیع و شرا کے معاملات کرتے تھے۔ اسی لئے ان کو بیّع اور مُعدِّل کہتے ہیں۔ اسی کے ساتھ احادیث کا درس بھی کا سلسلہ بھی جاری تھا۔ ان سے عبدالعزیز بن علی ازجی نے روایت کی ہے، اور ان کے ذریعہ خطیب بغدادی نے ابوبکر بن سندی سے روایت کی ہے[1]

ابوبکر احمد بن محمد بن ہارون دیبلی حربی بغدادی رازی بغداد میں قیام کرتے تھے، مشہور مقری تھے، ان سے ابویعلیٰ بن دمانعال احمد بن علی باوا اور قاضی ابوالعلاء واسطی نے روایت کی ہے، اور خطیب نے ابویعلی کے واسطہ سے ان سے روایت کی ہے۔ ۳۷۵ھ میں پیدا ہوئے اور رجب ۴۷۰ھ میں فوت ہوئے[2]

ابوالفوارس احمد بن محمد بن حسین سندی مصری صابونی مسند مصر اور زبردست محدث ہیں، مصر میں مستقل سکونت اختیار کر لی تھی، ان سے روایت کرنے والوں میں حافظ ابوزرعہ رازی صغیر، ابن نظیف احمد بن محمد بن الحاج وغیرہ ہیں۔ شوال ۳۴۹ھ یا ۳۴۴ھ میں انتقال کیا، اس وقت ان کی عمر ایک سو پچاس سال کی تھی۔ اس سے اندازہ ہوسکتا ہے کہ ابوالفوارس سندی نے کتنی مدت تک مصر میں درس حدیث دیا،[3]

---

[1] تاریخ بغداد ج ۴ ص ۳۵۴۔ [2] " ج ۵ ص ۱۱۳، ۱۱۴ و غایۃ النہایہ ج ۱ ص ۱۳۱، ۱۳۲، [3] حسن المحاضرہ ص ۱۵۶، تذکرۃ الحفاظ ج ۳ ص ۱۹۴ میزان الاعتدال ج ۲ ص ۱۴۹۔

ابو العباس احمد بن محمد بن صالح تمیمی منصوری قاضی منصورہ اپنے شہر منصورہ میں درس حدیث دیتے تھے۔ اور یہیں انھوں نے اپنے آزاد کردہ غلام سے ابتدائی تعلیم حاصل کی تھی، اس کے بعد بغداد گئے اور تحصیل و تکمیل کرکے واپس آئے، اس سفر میں کچھ دنوں عراق میں قیام بھی کیا۔ داؤد ظاہری کے مسلک پر تھے۔ ان سے حافظ عبداللہ حاکم نے روایت کی تھی[1]

احمد بن محمد ہندی کرابیسی صاحب کتاب الوصایا۔ (کشف الظنون ج ۲ ص ۳۰۶)

ابو عبداللہ احمد بن موسیٰ وتّار دیبلی، سے تیسری صدی کے مشہور عالم ابو الحسن علی بن احمد بن محمد دیبلی نے روایت کی ہے جیسا کہ سبکی نے طبقات الشافعیہ میں لکھا ہے۔ غالباً دونوں عالموں کی ملاقات اپنے وطن دیبل میں رہی ہوگی۔

ابو حامد احمد بن محمد منصوری نے علی بن محمد نخعی سے روایت کی ہے اور ان سے احمد بن محمد صراف نے روایت کی ہے، ابو عاصم عبادی نے طبقات الفقہاء الشافعیہ میں اصحاب شافعی کے طبقۂ رابعہ میں ان کا تذکرہ کیا ہے، اور صیمری نے اخبار ابی حنیفہ و اصحابہ میں ان سے ایک راوایت بیان کی ہے۔ (طبقات الفقہاء الشافعیہ ص ۸۹ و اخبار ابی حنیفہ و اصحابہ ص ۶۴)۔

ابو بکر احمد بن محمد منصوری بکرابادی محدث و فقیہ ہیں، جرجان کے نواح بکر آباد میں رہتے تھے، انھوں نے امام ابو بکر اسماعیلی اور

---

[1] الانساب المتفقہ ص ۱۵۴ و احسن التقاسیم ص ۴۸۱۔

حافظ ابن عدی سے روایت کی ہے، دوشنبہ ۲۹ رجمادی الاولی ۴۲۲ھ میں فوت ہوئے۔ اور دوسرے دن سہ شنبہ کو دفن کئے گئے (تاریخ جرجان ص)

ابو محمد احید بن حسین بن علی بن سلیمان سلمی بامیانی کے بارے میں ایسی کوئی روایت نہیں ملی جس سے معلوم ہو کہ وہ اپنے علاقہ بامیان سے باہر گئے ہوں، ان سے روایت کرنے والوں میں ابو محمد عبداللہ بن محمد بن یعقوب متوفی ۳۵۸ھ ہیں۔ (الاکمال ج ۳ ص ۱۷۸ و معجم البلدان ج، ص)

ابو اسحاق ابراہیم سندی بن علی بن بہرام اصفہانی سندھ سے ترک وطن کرکے اصفہان میں مستقل طور سے آباد ہو گئے اور وہاں حدیث کی روایت کی، ابو نعیم اصفہانی نے ان کو "صاحب اصول" لکھا ہے، ان کے تلامذہ میں ابراہیم بن محمد بن حمزہ، عبداللہ بن محمد بن جعفر، محمد بن یوسف، اور سلیمان بن احمد ہیں۔ ۳۱۳ھ میں انتقال کیا۔[1]

ابراہیم بن محمد بن ابراہیم دیبلی محدث مکہ محمد بن ابرہیم دیبلی متوفی ۳۲۲ھ کے صاحبزادے ہیں۔ یہ نہ معلوم ہو سکا کہ ان کا مستقل قیام دیبل یا مکہ میں تھا، البتہ ان کے بغداد میں رہنے اور وہاں حدیث کی روایت کرنے کا پتہ چلتا ہے، خطیب بغدادی نے لکھا ہے کہ ابو یعلی حمزہ بن محمد بن حمزہ قزوینی سفر حج کے سلسلہ میں بغداد آئے اور وہاں ابراہیم بن محمد دیبلی سے روایت کی۔[2]

---

[1] تاریخ اصفہان ج ۱ ص ۳ [2] تاریخ بغداد ج ۸ ص ۲۷۲۔

ابراہیم بن محمد دیبلی کے ذکر میں ایک دعا کا ذکر کرنا مناسب معلوم ہوتا ہے جو ان کے اور دوسرے محدثین کے نزدیک مجرّب ہے۔ حافظ ابن حجر نے مختصر الترغیب والترہیب میں لکھا ہے کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ تم دن یا رات میں بارہ رکعات نفل نماز پڑھو۔ اور ہر دو رکعت کے درمیان تشہد پڑھو۔ آخری تشہد پڑھ لو تو اللہ کی حمد و ثنا اور رسول پر سلام و رحمت کے بعد سجدہ میں جا کر سورۂ فاتحہ سات مرتبہ، آیۃ الکرسی سات مرتبہ اور یہ دعا دس مرتبہ پڑھو:

"لا الہ الا اللہ وحدہ لاشریک لہ، لہ الملک ولہ الحمد وھو علیٰ کل شیءٍ قدیر۔

پھر یہ دعا پڑھو:- اللھم انی أسألک بمعاقد العزّ من عرشک، ومنتھی الرحمۃ من کتابک، واسمک الاعظم وجدّک الاعلیٰ، وکلماتک التامّۃ اس کے بعد اپنی حاجت طلب کرو، اور سر اٹھاؤ، اور بیوقوفوں کو یہ دعا نہ بتانا۔ ورنہ اس طرح اپنے مطلب کی دعا کریں گے اور مقبول ہو جائے گی رواہ الحاکم۔ احمد بن حرب نے کہا ہے کہ میں نے اس کا تجربہ کیا تو صحیح پایا، ابراہیم بن محمد دیبلی نے کہا کہ میں نے اس کا تجربہ کیا تو صحیح پایا۔ ابوزکریا نے کہا ہے کہ میں نے اس کا تجربہ کیا تو صحیح پایا۔ اور حاکم نے کہا ہے کہ میں نے اس کا تجربہ کیا تو صحیح پایا۔[1]

اسلم بن سندی رازی سندھ سے رے گئے۔ سمعانی اور ابن ماکولا

[1] مختصر الترغیب والترہیب، ابن حجر ص ۴۹ و ۵۰،

نے ان کے تلامذہ میں ابوالحسن علی بن حسین سیازی کا نام بتایا ہے۔ جو علیک الطویل کے لقب سے مشہور ہیں۔ سیازہ نواح بخارا میں ایک گاؤں ہے۔[1]

ابوابراہیم اسمٰعیل بن سندی خلّال بغداد کے محلہ باب الشام میں مقیم تھے۔ محمد بن مخلد نے یہیں ان سے بشر بن حارث حافی کے ملفوظات سنے[2] ذہبی نے اسباط بن نصر ہمدانی کو بھی ان کے تلامذہ میں بتایا ہے[3]

اسمٰعیل بن محمد بن رجا سندی اسفرائینی نیشاپوری کے بارے میں معلوم نہ ہو سکا کہ انھوں نے کس سے روایت کی اور ان سے کس نے روایت کی۔

بشیر بن عمرو بن ابوہارون سندی مالکی کو قاضی عیاض نے ترتیب المدارک میں فقہائے مالکی کے طبقۂ اولیٰ میں شمار کیا ہے۔ جو اہل عراق سے ہیں۔ انھوں نے نہ امام مالک کو دیکھا اور نہ ان سے روایت کی مگر ان پر فقہ مالکی کی انتہا ہے، اور انھوں نے اس کی تعلیم و ترویج میں حصہ لیا ہے۔ (ترتیب المدارک ج ۲ ص ص ۵۵۱)

ابومحمد جعفر بن خطاب قصداری بلوچستان کے شہر قصدار (قزوار) کے رہنے والے تھے۔ مگر بلخ میں سکونت اختیار کر کے وہیں حدیث کی روایت کی، مشہور امام حدیث حافظ ابوالفتوح عبدالغافر بن حسین بن علی کاشغری نے ان سے روایت کی ہے[4]

---

[1] کتاب الانساب والاکمال ج ص ۵۱۰ [2] تاریخ بغداد ج ۶ ص ۲۸۳ [3] میزان الاعتدال ج ۱ ص ۸۲ [4] کتاب الانساب ورق ۴۵۵۔

ابو القاسم جعفر بن محمد سرندیبی نے امام قنبل (ابو عمر محمد بن عبد الرحمٰن بن خالد مخزومی مکی متوفی ۲۹۱ھ) سے تجوید و قراءت کی تعلیم عرضاً حاصل کی، اور ان سے قراءت کی روایت ابوبکر محمد بن محمد بن عثمان طرازی نے کی، (غایۃ النہایہ ج ۱ ص ۱۹۸-)

جیش بن سندی بغدادی حضرت امام احمد کے اجل اصحاب میں سے ہیں۔ محلہ قطیعہ میں رہتے تھے۔ خطیب بغدادی نے ان کے شاگرد میں سے محمد بن مخلد کا نام لیا ہے [۱]

ابو محمد حسن بن حامد دیبلی بغدادی عالم اور مالدار تاجر تھے، بغداد کے محلہ درب الزعفرانی میں ان کے نام سے ایک سرائے خان ابن حامد مشہور تھی۔ وہ دیبل سے بغداد گئے اور تجارتی کاروبار کے ساتھ مختلف شہروں میں جاکر حدیث کا درس دیا جن میں بغداد، مصر اور دمشق نمایاں ہیں۔ ان سے محمد بن علی صوری نے اور صوری سے خطیب بغدادی نے روایت کی، ابن حامد دیبلی یکشنبہ یکم شوال ۴۰۷ھ کو مصر میں فوت ہوئے [۲]

ابو القاسم حسین بن محمد بن اسد دیبلی نے ۳۴۰ھ میں دیبل سے دمشق جاکر امام ابو یعلی موصلی وغیرہ سے حدیث کی روایت کی اور ان سے جن حضرات نے روایت کی۔ ان کا علم نہ ہو سکا۔ نیز ان کے دیبل سے باہر رہنے کی کوئی روایت نہیں ہے، غالباً وہ دمشق سے واپس آکر اپنے وطن میں رہے [۳]

---

[۱] تاریخ بغداد ج ۸ ص ۱۸۴۔ [۲] تاریخ بغداد ج ۷، ص ۳۰۳۔ و مختصر تاریخ ابن عساکر ج ۴ ص ۱۵۹۔ [۳] مختصر تاریخ ابن عساکر ج ۴ ص ۳۵۵۔

ابوبکر حمدان بن محمد بن رجاء سندی نیشاپوری اسفرائنی، اسفرائن کے بیت السندی سے ہیں۔ امام ابو محمد عبداللہ بن علی بن جارود نیشاپوری متوفی ۳۰۷ھ نے اپنی کتاب منتقی ابن الجارود کی کتاب النکاح میں ان سے روایت کی ہے[1]

خلف بن محمد موازینی دبیلی نے بغداد اور دبیل میں روایت کی ہے۔ ان سے روایت کرنے والوں میں ابوالحسن احمد بن محمد بن عمران بن جندی ہیں۔ خطیب نے لکھا ہے کہ نزل بغداد یعنی وہ بغداد آئے اور سمعانی نے نَزَلَ بغداد کے ساتھ نزیل بغداد لکھا ہے۔ غالباً خلف بن محمد دبیلی مستقل طور سے بغداد میں نہیں رہتے تھے[2]

ابوسلیمان داؤد بن حصین بن عقیل بن منصور اہل منصور میں سے تھے۔ انھوں نے ابراہیم بن اشعث بخاری سے روایت کی ہے۔ ان کے منصورہ سے باہر جانے کی تصریح نہیں ملی، بظاہر وہ منصورہ ہی میں رہے[3]

ابو محمد رجاء بن سندی نیشاپوری اسفرائنی، ابوحاتم رازی کا بیان ہے کہ میں نے ابراہیم بن موسیٰ رازی اور ابوجعفر جمال کو دیکھا ہے کہ ان دونوں نے رجاء بن سندی کی مجلس درس میں آکر ان سے حدیث لکھی، ان کے علاوہ احمد بن حفص، ابوحاتم رازی اور ان کے صاحبزادے ابوعبداللہ محمد بن رجاء نے روایت کی ہے ابن حجر نے تہذیب التہذیب میں نقل کیا ہے کہ ان سے امام بخاری نے بھی روایت کی ہے۔ ساتھ ہی مزی کا یہ قول درج کیا ہے کہ میں نے صحیح بخاری میں

---

[1] المنتقیٰ لابن الجارود ص ۲۳۵۔ [2] تاریخ بغداد ج ۸ ص ۳۳۳، کتاب الانساب [3] کتاب المجروحین من المحدثین ج ۱ ص ۲۸۶۔

رجار بن سندی کا ذکر نہیں پایا۔ ہوسکتا ہے کہ امام بخاری نے التاریخ الکبیر یا اپنی کسی دوسری کتاب میں ان سے روایت کی ہو، نیز امام احمد بن حنبل، بکر بن خلف، ابن ابی الدنیا، جعفر بن محمد بن شاکر صائغ نے ان سے روایت کی ہے[1]

ابوبکر سندی خوانیمی بغدادی امام احمد بن حنبل کے اجل تلامذہ میں ہیں اور امام صاحب کے مسائل وفتاوی کے ترجمان ہیں، مستقل قیام بغداد میں امام صاحب کے جوار میں تھا، ان سے روایت کرنے والوں کے نام معلوم نہ ہوسکے۔[2]

سندی بن ابوہارون کا تذکرہ ابن ابی حاتم رازی نے الجرح و التعدیل میں اور ذہبی نے میزان الاعتدال میں کرکے ان کو مجہول بتایا ہے اور ان کے تلامذہ میں مسدد بن مسرہد کا نام لیا ہے[3]

ابوالہیثم سندی بن عبدویہ کلبی رازی دہکی کا نام سہل بن عبدالرحمن یا عبدویہ ہے۔ رے کے ایک گاؤں دہک میں قیام تھا، ہمدان و قزوین کے قاضی تھے۔ ان سے زافر بن سلیمان، عمرو بن رافع ابوحجر، عبداللہ بن سالم بزاز، حجاج بن حمزہ ابوعبداللہ محمد بن حماد طہرانی، محمد بن عمار، اور احمد بن ابراہیم دمشقی نے روایت کی ہے[4] سلیمان بن ربیع بن ہشام ہندی کے بارے میں اس کے علاوہ کچھ نہیں معلوم کہ انھوں نے محمد بن سلام بخاری سے روایت کی ہے[5]

سندی بن علی بغدادی وراق کی دکان بغداد کے محلہ طاق الزیل میں تھی۔ جس میں وہ کتابوں کی تجارت کرتے تھے۔ اور کتابیں نقل

---

[1] الجرح والتعدیل ج ۱ قسم ۲ ص ۵۰۳، تاریخ جرجان ص ۱۰۰، تہذیب التہذیب ج ۳ ص ۲۶۸ [2] طبقات الحنابلہ ج ۱ ص ۱۷۱۔ [3] میزان الاعتدال ج ۱ ص ۴۲۸ و الجرح والتعدیل ج ۲ قسم ۱ ص ۱۸۰ [4] الجرح والتعدیل ج ۲ قسم ۲ ص ۳۱۸، معجم البلدان ج ۴ ص ۱۱۴ و ج ۸ ص ۲۸۰۔ [5] حاشیہ الکمال ج ص ۱۴۱

کرتے تھے۔ ایک زمانہ میں اسحاق بن ابراہیم موصلی کے وراق تھے۔ اور ایک روایت کے مطابق کتاب الاغانی الکبیر جو اسحاق موصلی کی طرف منسوب ہے، ان ہی کی تصنیف و تالیف ہے۔ الفہرست ابن ندیم صہ ۲۰۳

ابو داؤد سیبویہ بن اسمعیل بن داؤد بن ابو داؤد واحدی قزداری کے بارے میں امام سمعانی نے تصریح کی ہے۔ کہ انھوں نے مکہ مکرمہ میں مجاورت اور اقامت اختیار کی اور وہاں روایت کی۔

محمد بن ابراہیم دیبلی محدث مکہ کے بعد یہ دوسرے ہندی عالم ہیں جنھوں نے مکہ مکرمہ میں جاکر حدیث کا درس دیا۔ اور اسی میں زندگی بسر کی سیبویہ بن اسمٰعیل قزداری (قصداری) کے تلامذہ کے نام معلوم نہ ہو سکے۔ ۴۶۰ھ کے حدود میں ان کا انتقال ہوا[1]

ابو القاسم شعیب بن محمد بن احمد بن شعیب عبدی دیبلی نے اصفہان دمشق اور مصر میں حدیث کا درس دیا ہے۔ ابو نعیم اصفہانی نے لکھا ہے کہ وہ ۳۰۵ھ میں اصفہان آئے تھے۔ سمعانی نے لکھا ہے کہ وہ مصر آئے اور یہاں حدیث کا درس دیا۔ ابن عساکر کا بیان ہے کہ انھوں نے دمشق اور مصر میں حدیث کی روایت کی، اور محدثین کی جماعت نے ان سے احادیث کا سماع کیا ہے۔ ابن عساکر کی تصریح کے مطابق انھوں نے ۳۱۳ھ میں

---

[1] کتاب الانساب۔

دمشق میں حدیث کا درس دیا۔ ان کے شاگردوں میں سے ابو سعید بن یونس سے امام سمعانی نے روایت کی، اور قاضی ابواحمد محمد بن احمد بن ابراہیم اور محمد بن جعفر بن یوسف دونوں سے امام ابونعیم اصفہانی نے روایت کی۔ شعیب بن احمد "ابن ابی قطعان دیبلی" کی کنیت اور نسبت سے مشہور تھے۔ دیبل کے باہر کسی دوسرے مقام میں ان کے مستقل قیام کی تصریح نہیں ملی۔[1]

عباس بن عبداللہ سندی محدثین کبار میں سے تھے مگر ان کا تذکرہ نہ مل سکا۔ انھوں نے امام سعید بن منصور صاحب السنن سے روایت کی ہے جو ساکن مکہ تھے اور وہیں ۲۲۹ھ میں فوت ہوئے تھے، اور عباس بن عبداللہ سندی سے ابوعثمان بن احمد بن عبدالعزیز شیبی نے مکہ مکرمہ میں روایت کی، نیز ابوبکر بن مقری نے ان سے روایت کی ہے۔[2]

ابومحمد عبداللہ بن سلیمان بن عیسی بن ہیثم یا عیسیٰ بن سندی وراق سے امام ابوحفص عمر بن احمد بن شاہین۔ اور یوسف بن عمر قواس نے روایت کی ہے۔ انھوں نے بغداد میں درس حدیث دیا، مگر یہ معلوم نہ ہو سکا کہ بغداد کا قیام وقتی تھا یا مستقل طور سے سندھ سے یہیں آگئے تھے۔[3]

ابومحمد عبداللہ بن جعفر بن مرّہ منصوری مقری کے شاگردوں میں امام

---

[1] تاریخ اصفہان ج ۱ ص ۳۴۵، وتاریخ ابن عساکر ج ۶ ص ۳۲۴ وکتاب الانساب۔ [2] میزان الاعتدال ج ۳ ص ۱۹۳۔ تہذیب التہذیب ج ۴ ص ۸۹ جامع بیان العلم ج ۲ ص ۲۳، حاشیہ اکمال ج ۴ ص ۵۱۹ [3] حاشیہ الاکمال ج ۴ ص ۴۱۱۔

حافظ ابو عبداللہ حاکم کی تصریح ملتی ہے۔ جیسا کہ ابن القیسرانی اور سمعانی نے لکھا ہے[1]

عبداللہ بن عبدالرحمٰن ملیباری سندی نے شام کے شہر عذیون میں جاکر حدیث کی روایت کی، ان کے تلامذہ میں صرف ابو عبداللہ کا نام ملتا ہے، غالباً اسی سفر میں صوری نے ان سے روایت کی ہے[2]

عبداللہ بن محمد سندی متوفی ۲۲۹ھ کا ذکر ابن کثیر نے البدایہ والنہایہ میں کیا ہے[3] ان کے استادوں اور شاگردوں کے بارے میں کچھ معلوم نہ ہو سکا۔

عبدالحمید ہندی بہت نیک اور بزرگ عالم تھے۔ ہندوستان سے قیروان جاکر مسند درس بچھائی اور وہیں ۲۵۳ھ میں فوت ہوئے[4]

عبداللہ بن حسن بن سندی دمشقی اندلسی کا مختصر تذکرہ ضبی نے بغیۃ الملتمس میں دمشقی کی نسبت سے کرکے ان کی وفات اندلس میں ۳۳۵ھ میں لکھی ہے۔ اور ابن عساکر نے تاریخ دمشق میں ان کا ذکر کرکے ان کی ایک کتاب کا تذکرہ کیا ہے۔ وہ سندھ سے دمشق گئے پھر وہاں سے اندلس جاکر فوت ہوئے۔ ان تینوں ملکوں کے تلامذہ میں سے کسی کا نام نہ مل سکا[5]

ابو الفتح عبدالصمد بن عبدالرحمٰن اشعثی لوہوری (لاہوری) نے

---

[1] الانساب المتفق ص ۱۵۴۔ [2] معجم البلدان ج ۸ ص ۱۵۵ [3] البدایہ والنہایہ ج ۱۰ ص ۳۳۰
[4] ترتیب المدارک ج ۳ ص ۱۳۰۔ [5] مختصر تاریخ ابن عساکر ج ۷، ص ۳۶۳ بغیۃ الملتمس۔

نے سمرقند جاکر حدیث کی روایت کی۔ ان کے بارے میں اس سے زیادہ معلوم نہ ہو سکا کہ وہ ۴۲۹ھ میں لاہور میں فوت ہوئے غالب گمان ہے کہ وہ لاہور ہی میں رہے اور تعلیمی سفر کے بعد باہر نہیں نکلے [۱]

عبدالرحیم بن یحییٰ دیبلی سے ان کے ہم وطن شعیب بن محمد دیبلی نے روایت کی ہے۔ ان کے دیبل سے باہر جانے کا ذکر کسی کتاب میں نہیں ہے۔ اور نہ مستقل تذکرہ ملتا ہے، صرف ابونعیم اصفہانی نے ان سے شعیب بن محمد دیبلی کی روایت کا ذکر کیا ہے [۲]

علی بن بنان بن سندی بغدادی عاقولی اور دیر عاقولی کی نسبت سے مشہور ہیں۔ دیر عاقول بغداد سے پندرہ فرسخ پر دریائے دجلہ کے کنارے مدائن کسریٰ اور نعمانیہ کے درمیان ایک مشہور مقام تھا، علی بن بنان سندھ سے جاکر وہیں رہتے تھے۔ ان سے قاضی محمد بن ابراہیم بن حمدان بن نیطر عاقولی نے روایت کی ہے۔ اور دو واسطوں سے خطیب بغدادی نے ان سے روایت کی ہے [۳]

ابوالحسن علی بن احمد بن محمد دیبلی صاحب کتاب ادب الفضاء تیسری صدی کے دیبلی علماء میں سے ہیں، انھوں نے اپنے ہم وطن ابوعبداللہ بن احمد بن موسیٰ دینار دیبلی اور دوسرے محدثین سے روایت کی ہے ان کے دیبل سے دوسرے ملک میں جانے کی کوئی روایت نہ مل سکی [۴]

---

[۱] کتاب الانساب، [۲] تاریخ اصفہان ج ۱ ص ۳۴۵۔ [۳] تاریخ بغداد ج ۱۱ ص ۳۵۴۔ [۴] طبقات الشافعیۃ الکبریٰ ج ۳ ص ۲۹۰۔ وکشف الظنون ج ۱ ص ۷۳۔

علی بن موسی دیبلی کا ذکر خطیب بغدادی نے خلف بن محمد دیبلی کے حال میں کیا ہے اور بتایا ہے کہ انھوں نے علی بن موسی دیبلی سے دیبل اور بغداد میں روایت کی، یعنی انھوں نے دونوں ملکوں میں حدیث کا درس دیا ہے[1] ان کے بغداد میں مستقل قیام کا علم نہیں ہے البتہ وہاں جاکر درس حدیث دینے کی تصریح موجود ہے۔

علی بن عبداللہ بن سندی نے بغداد میں درس دیا ہے۔ ان سے ابوبکر محمد بن علی تمیمی طرسوسی نے فضائل طرسوسی میں ایک کتاب کی روایت کی۔ نہیں معلوم کہ وہ مستقل طور سے بغداد میں رہتے تھے یا آمدورفت رکھتے تھے[2]

علی بن اسمٰعیل سندی کے بارے میں کشی نے رجال شیعہ میں لکھا ہے کہ ان کے باپ اسمٰعیل کا لقب سندی رکھا گیا تھا۔ ان کو علی بن سندی بھی کہتے ہیں اور رجال شیعہ میں ثقہ ہیں[3]۔ ان کے اساتذہ و تلامذہ اور حالات معلوم نہیں۔

ابوحفص عمر بن محمد بن سلیمان بکرانی، اپنے وطن سے عراق گئے اور وہاں سے حجاز جاکر ابوالحسن محمد بن احمد بزاز سے روایت کی اور ان سے ابوالقاسم شیرازی نے روایت کی۔

ابوالعباس فضل بن سکن بن سیجت سندی قطیعی، بغداد کے علاقہ کرخ میں قطیعۃ الفقہاء میں رہتے تھے۔ ان کے حلقۂ درس سے مشاہیر علم نے فیض پایا ہے۔ ابویعلی موصلی، محمد بن موسی بن حماد بربری،

---

[1] تاریخ بغداد ج ۸ ص ۳۳۳۔ [2] تاریخ بغداد ج ۲ ص ۴۰۵۔
[3] رجال الکشی ص ۳۶۸۔

ابراہیم بن عبداللہ بن ایوب مخرمی ان کے تلامذہ میں ہیں۔ امام یحیٰی بن معین کے معاصر تھے۔ اور انھوں نے ان پر جرح کی ہے۔ ان کے دادا سُجیت کو بعض کتابوں میں سخیت اور سکیت لکھا ہے[1]

فضل بن احمد ہاشمی منصوری اصفہانی کا تذکرہ ابو نعیم نے تاریخ اصفہان میں کیا ہے اور لکھا ہے کہ وہ بغداد گئے اور حدیث کا درس دیا۔

یعنی فضل بن احمد منصوری نے اپنے وطن کے علاوہ اصفہان اور بغداد جاکر حدیث کا درس دیا ہے۔ معلوم نہیں ان مقامات پر آمد و رفت رہا کرتی تھی یا کہیں مستقل قیام تھا۔ ابو نعیم کے بیان سے اندازہ ہوتا ہے۔ کہ وہ منصورہ سے اصفہان میں آباد ہو گئے تھے۔ اور بغداد کا سفر وقتی تھا۔ ان کے تلامذہ میں سلیمان بن احمد کا نام مل سکا ہے۔ ان کو فضل بن صالح منصوری بھی کہتے ہیں[2]

ابو جعفر محمد بن ابراہیم بن عبداللہ بن فضل دیبلی کی محدث مکہ ہیں انھوں نے دیبل سے مکہ مکرمہ جاکر مجاورت و سکونت اختیار کر لی تھی اور وہیں حدیث کا درس دیا۔ امام سفیان بن عیینہ کی کتاب التفسیر، امام عبداللہ بن مبارک کی کتاب البر والصلہ، اور نسخہ اسمٰعیل بن جعفر مدنی کے راوی تھے۔ ان سے بہت سے محدثین نے روایت کی ہے جن میں مسند الحجاز ابوالحسن احمد بن ابراہیم بن فراس کی عطار، ابوبکر محمد بن ابراہیم بن علی بن مقری، قاضی اسحاق بن احمد بن خربان نہاوندی، احمد بن

---

[1] تاریخ بغداد ج ۱۲ ص ۳۶۲۔ میزان الاعتدال ج ۲ ص ۳۲۹۔

[2] تاریخ اصفہان ج ۲ ص ۱۵۵۔

رحیم زیادہ مشہور ہیں، ۲ر جمادی الاولیٰ ۳۲۲ھ بروز شنبہ عصر کے بعد فوت ہوئے، اور دوسرے دن چاشت کے وقت مکہ مکرمہ میں دفن کیے گئے، ان کے صاحبزادے ابراہیم بن محمد دیبلی بھی مشہور محدث ہیں۔[۱]

محمد بن احمد بن منصور بوقانی سندی کا مستقل تذکرہ نہیں مل سکا ذہبی نے حافظ ابن حبان بستی متوفی ۳۵۴ھ کے تذکرے میں لکھا ہے کہ محمد بن منصور بوقانی نے ان سے روایت کی ہے۔[۲]

ابو عبداللہ محمد بن ایوب بن سلیمان بن یوسف بن اشرد سیناد عودی کلبی نے جنوبی ہند کے شہر کلہ سے بغداد جاکر حدیث کی روایت کی۔ وہ امام اعمش کی احادیث کے خاص راوی تھے۔ ان سے ابوبکر محمد بن ابراہیم بن حسن بن شاذانی بزار نے روایت کی ہے۔ ان کے بغداد میں مستقل قیام کا پتہ نہیں چلتا ہے۔ غالب گمان ہے کہ تعلیم و تعلم کے لئے وہاں گئے تھے۔[۳]

ابوبکر محمد بن حسین بن محمد دیبلی شامی مقری نے ملک شام میں درس و افادہ کا سلسلہ جاری کیا تھا، ان کے مشہور تلامذہ میں حافظ ابوالحسن علی بن عمر دارقطنی اور عبد الباقی بن حسن کے نام ملتے ہیں۔[۴] وہ چوتھی صدی کے علماء و محدثین میں سے تھے۔

ابو عبداللہ محمد بن رجاء سندی نیشاپوری اسفرائنی کا خاندان نیشاپور کے مقام اسفرائن میں مستقل طور سے آباد تھا جس میں محدثین کبار پیدا

---

[۱] العقد الثمین ج ۱ ص ۳۹۷۔ معجم البلدان ج ۴ ص ۱۱۸۔ اللباب ج ۱ ص ۴۳۷۔ مشتبہ النسبہ ص ۲۹۔ شذرات الذہب ج ۲ ص ۲۹۷۔ المؤتلف والمختلف ص ۳۸، تذکرۃ الحفاظ ج ۳ ص ۳۱۵ و ج ۴ ص ۴۵۔ جامع بیان العلم ج ۲ ص۔ [۲] تذکرۃ الحفاظ ج ص۔ [۳] کتاب الانساب، [۴] غایۃ النہایہ ج ۲ ص ۱۳۳۔

ہوئے۔ محمد بن رجاء سندی نے نیشاپور اور بغداد میں حدیث کا درس دیا ہے۔ ان سے روایت کرنے والوں میں ان کے صاحبزادے محمد بن محمد بن رجاء سندی، ابراہیم، امام محمد بن اسحاق بن خزیمہ، ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ صفار، ابوبکر عبداللہ بن ابی الدنیا۔ اور احمد بن بشر مرثدی کے نام ملتے ہیں۔ مؤخر الذکر دونوں حضرات نے ان سے بغداد میں روایت کی جب کہ وہ بہ سلسلۂ حج یہاں آئے تھے۔ یہاں ایک راوی کے نام میں فرق پڑ گیا تھا تو وطن جاکر اس کی خبر بغدادی تلامذہ کو دی اور غلطی کی تصحیح کی۔[1]

ابوالحسن محمد بن عبداللہ سندی، ان سے بصرہ کے ایک مشہور علاقہ اور بازار کلّاء میں ابوالحسن احمد بن عبداللہ بن جعفر بن محمد بصری کلائی نے روایت کی ہے جیسا کہ یاقوت حموی نے لکھا ہے اس سے زیادہ کچھ نہیں معلوم ہو سکا۔[2]

ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ دیبلی مشہور مصری شیام ہیں۔ بڑے عابد و زاہد اور صاحب کرامت بزرگ تھے۔ ابوعبداللہ دیبلی کے نام سے مشہور ہیں۔ جعفر بن محمد بن سقیط، عبدالرزاق بن حسن اور سکن بن بکرویہ سے تجوید و قرأت کی تعلیم حاصل کی۔ ابن جزری اور ابن جوزی نے ان کا تذکرہ کیا ہے، شام میں متوطن ہو گئے تھے۔[3]

ابوبکر محمد بن علی بن احمد بامیانی ثقہ محدث تھے۔ بامیان سے بغداد جاکر خطیب بغدادی وغیرہ سے حدیث کی روایت کی۔ رجب ۳۹۰ھ میں

---

[1] تاریخ بغداد ج ۵ ص ۲۷۶۔ [2] معجم البلدان ج ۷، ص ۲۶۵۔ [3] غایۃ النہایہ ج ۲ ص ۱۹۰۔ صفۃ الصفوۃ ج ۴ ص ۵۲، طبقات الشافعیہ ج ۳ ص ۲۹۰۔

فوت ہوئے [1]

ابوالعباس محمد بن محمد بن عبداللہ دبیلی وراق، عابد وزاہد اور نہایت نیک عالم تھے، اپنے دور کے مشاہیر علماء سے حدیث کا سماع کیا تھا۔ ان سے حدیث کا سماع کرنے والوں میں حافظ ابوعبداللہ حاکم بھی ہیں۔ رمضان ۳۵۴ھ میں انتقال کیا اور ابوعمر بن نجید نے نماز جنازہ پڑھائی۔ [2]

حافظ امام ابوبکر محمد بن محمد بن رجاء بن سندی اسفرائنی نیشاپوری حنظلی مصنف ومخرج الصحیح علی شرط مسلم، نیشاپور میں بیت السندی کے گوہر شب چراغ ہیں۔ ان سے امام ابوعوانہ، ابوحامد بن شرقی، محمد بن صالح بن ہانی، ابن الاخرم، ابوالمنذر محمد بن محمد، ابوحاتم رازی اور دوسرے محدثین نے روایت کی ہے۔ اسی سال کی عمر میں ۳۸۶ھ میں فوت ہوئے۔ [3]

ابوالقاسم منصور بن محمد سندی اصفہانی مقری وراق، کو تجوید و قرارت میں سند عالی حاصل تھی، اور اہل فن دور دور سے آکر ان سے تعلیم حاصل کرتے تھے بصرہ اور بغداد میں بہت زیادہ احادیث کی روایت کی تھی اس لئے محدثین بھی ان سے روایت کرتے تھے۔ ان کے تلامذہ میں امام ابونعیم اصفہانی، ابوالفضل خزاعی، احمد بن محمد بلخی، عبداللہ بن محمد زراع طبرانی، عثمان بن محمد بن ابراہیم مالکی اور احمد بن محمد بن عبداللہ اسکاف شامل ہیں۔ محرم ۳۸۶ھ میں انتقال کیا۔ [4]

ابومحمد موسی بن سندی جرجانی بکرآبادی سکاک، جرجان کے قریب بکرآباد میں سکونت پذیر تھے۔ اپنے دور کے علمائے کبار سے تحصیل وتکمیل

---

[1] معجم البلدان ج ص [2] کتاب الانساب۔ [3] تذکرۃ الحفاظ ج ۲ ص ۳۰۰ شذرات الذہب ج ۲ ص ۱۵۳، [4] تاریخ اصفہان ج ۲ ص ۲۳۱۔ غایۃ النہایہ ج ۲ ص ۳۱۴۔

کے بعد جرجان میں درس حدیث دیا۔ ان کے پاس ان کے شیخ امام وکیع بن جرّاح کی تصانیف تھیں جن کی انھوں نے ۲۳۰ھ میں روایت کی تھی
موسیٰ بن سندی کے تلامذہ میں محمد بن عمر بن علار صیرفی، عمران بن موسیٰ، علی بن محمد جوہری، ابوبکر جعفر بن محمد فریابی، ابو علی حسین بن حفص جرجانی، محمد بن یزداد بن سالم استرآبادی، ام عبدالرحمن زوجہ محمد بن علی بن زہیر وغیرہ ہیں، حافظ ابوالقاسم حمزہ بن یوسف سہمی جرجانی نے دو واسطوں سے موسیٰ بن سندی سے روایت کی ہے۔ اور تاریخ جرجان میں ان کا تذکرہ کیا ہے۔ ابوعلی حسین بن حفص جرجانی ان کے خاص شاگرد ہیں اور "صاحب موسیٰ بن السندی" کی نسبت سے مشہور ہیں، اور محمد بن عمر بن علار صیرفی ان سے روایت کرتے وقت یوں کہا کرتے تھے:

"حدثنا ابو محمد موسیٰ بن السندی السکاک الثقۃ المامون"[1]

ابوالحسن نفراللہ بن احمد بن قاسم بن سیما بن سندی بغدادی بیّع، ان کا مستقل قیام بغداد کے محلہ باب الازج میں تھا۔ جو مشرقی بغداد میں بہت بڑا علاقہ تھا۔ ان کے والد احمد بن قاسم بن سیما سندی کا ذکر گذر چکا ہے۔ بغداد میں ان کا حلقۂ درس قایم تھا۔ جس میں اعیان علماء شریک ہوتے تھے۔ خطیب بغدادی نے ان کے ذکر میں تصریح کی ہے کہ میں نے ان سے حدیثیں لکھی اور روایت کی ہیں۔ اور ان کی روایت سے ایک حدیث درج کی ہے۔ فری قعدہ ۴۳۳ھ میں فوت ہوئے[2]

ہبۃ اللہ بن سہل سندی، ان کا مستقل حال نہیں مل سکا، البتہ

---

[1] تاریخ جرجان ص ۴۶ و ۸۷ و ۱۴۹ ص ۳۶۶ و ص ۴۶۰ ص ۴۹۲ [2] تاریخ بغداد ج ۱۳ ص ۳۰۲،

مختلف علماء و محدثین کے حالات میں ان سے روایت کا تذکرہ ملتا ہے۔ ان کے تلامذہ میں حافظ ابن عساکر اور امام سمعانی وغیرہ کے نام ملتے ہیں حافظ ابن عساکر نے ان سے اصفہان میں روایت کی ہے[1]

ابو حمزہ ہریم بن عبد الاعلی بن قرات سندی کا تذکرہ امام ابو نعیم نے تاریخ اصفہان میں کیا ہے، اور لکھا ہے کہ انھوں نے ۲۲۰ھ میں اصفہان میں روایت کی ہے۔ ان سے روایت کرنے والوں میں امام ابو نعیم اصفہانی عبدان، ابن رستہ ہیں[2]

ابو جعفر سندی کا تذکرہ میزان الاعتدال میں عمرو بن مالک راسبی کے بیان میں آیا ہے۔ امام ترمذی نے امام بخاری کا قول نقل کیا ہے کہ عمرو بن مالک راسبی کذاب ہے، اس نے ابو جعفر سندی کی کتاب مستعار لے کر اس میں احادیث کا الحاق کیا ہے[3] معلوم نہیں کہ ابو جعفر سندی مستقل طور سے کہاں رہتے تھے۔ اور کون کون اساتذہ و تلامذہ ہیں

ابو بجار ہندی کا ذکر ابن کثیر نے ۲۱۹ھ میں فوت ہونے والوں میں کیا ہے۔ اس سے زیادہ معلوم نہیں ہے[4]

ابو حذیفہ ہندی کا ذکر ابن کثیر نے ۲۲۰ھ میں فوت ہونے والوں میں کیا ہے[5]

ابو الفرج سندی کوفی کا تذکرہ ابو جعفر طوسی نے کیا ہے اور لکھا ہے کہ ان کی کتاب کی روایت ہم سے ایک جماعت نے ان کے سلسلۂ سند

---

[1] کتاب الانساب ورق ۱۹۹ تذکرۃ الحفاظ ج ۴ ص ۱۱۹۔ [2] تاریخ اصفہان ج ص [3] میزان الاعتدال ج ۲ ص ۲۳۱۔ [4] البدایہ والنہایہ ج ۱۰ ص ۲۸۳ [5] " ج ۱۰ ص ۱۸۳۔

سے کی ہے[1]

ابو محمد ہندی کا ذکر بلاذری نے فتوح البلدان میں یوں کیا ہے کہ ابو محمد ہندی نے فرج سے روایت کی اور فرج سے علی بن محمد مدائنی نے روایت کی ہے[2] راجہ داہر کے قتل ہو جانے کے بعد محمد بن قاسم پورے بلاد سندھ پر غالب و قابض ہو گئے۔[3]

وطنیت کے بارے میں ایک غلط فہمی کا ازالہ

بہت سے اہل علم اس بے بنیاد خیال میں مبتلا ہیں کہ صدر اسلام میں ہندوستان میں بہت کم علماء و محدثین پیدا ہوئے اور جو ہوئے بھی وہ یہاں کے غیر علمی ماحول سے نقل مکانی کر کے ممالک اسلامیہ اور بلاد مسلمین میں مستقل طور سے آباد ہو گئے اور ان کو ہندوستان سے کوئی تعلق نہیں رہا، ایسے علماء کسی خاص علمی اہمیت و حیثیت کے حامل نہیں تھے، بلکہ بر سبیل عبور تاریخ و تذکرہ اور تراجم کی کتابوں میں ان کے نام یا دو چار سطروں میں ان کے حالات آگئے اور جس دور میں پورا عالم اسلام دار العلم بنا ہوا تھا۔ ہندوستان، علماء و فضلاء اور محدثین سے تقریباً خالی تھا۔ اس خیال کی وجہ یہ ہے کہ اس ملک میں ان کے سوانح و تراجم نہیں لکھے گئے۔ اور باہر کے مصنفین نے اپنے اپنے شہروں میں رہنے والے ہندی علماء کی نشان دہی کی، ورنہ یہاں کے علماء بھی عالمی دار العلم کے اساتذہ و تلامذہ میں شامل تھے، اور دوسرے اہل علم کی طرح وہ بھی عالم اسلام میں علمی و دینی اسفار و رحلات کا سلسلہ جاری رکھتے تھے۔ دنیا کے مختلف ملکوں میں آتے جاتے

---

[1] معجم المصنفین ج ص۔ [2] فتوح البلدان ص ۴۲۶۔

تھے۔ ان کی آمد و رفت ہندوستان سے قیروان و اندلس تک رہا کرتی تھی کہیں کچھ مدت قیام کر کے تعلیم و تعلم اور استفادہ میں مشغول رہتے تھے کہیں سے گذرتے ہوئے احادیث کے درس و مذاکرہ کی مجلس برپا کرتے تھے، بعض اوقات کئی کئی سال تک ایک شہر میں رہ جاتے تھے۔ اور پورے عالم اسلام سے ان کا دینی و علمی تعلق قایم رہتا تھا۔ نیز یہاں کے بہت سے علماء و محدثین دوسرے ملکوں میں یوں آباد ہو گئے کہ وہیں کے ہو کر رہ گئے اور ان کے خاندان کے ارباب علم و فضل وطن جدید کی نسبت کے باوجود وطن قدیم کی نسبت سے عالم اسلام میں مشہور و متعارف رہے۔

یہ سمجھنا کہ ایسے تمام اہل علم کو اپنے وطن اصلی سے کوئی تعلق نہیں رہا حقیقت کے خلاف ہے بلکہ وہ اپنے ملک و وطن سے تعلق رکھتے تھے اور جہاں انھوں نے کچھ مدت قیام کر کے علمی افادہ و استفادہ کا شغلہ جاری کیا۔ یا بحالت سیر و سفر جہاں سے گذرتے ہوئے تحدیث و روایت کی وہاں کے علماء و مصنفین نے اپنی کتابوں میں ان کا تذکرہ کیا۔

مثلاً تاریخ بغداد، تاریخ اصفہان، تاریخ جرجان اور تاریخ ابن عساکر وغیرہ میں بہت سے ہندی اور سندی علماء کے تذکرے درج ہیں اور ہم سمجھتے ہیں کہ یہ حضرات یہاں سے نکل کر بغداد، اصفہان، جرجان اور شام میں سکونت پذیر ہو گئے، حالانکہ یہ بات نہیں ہے، بلاد اسلامیہ کی تاریخوں میں مقامی ارباب علم و فضل کے علاوہ ہر ایسے عالم کا تذکرہ بھی ہوتا ہے جس نے وہاں تحدیث و روایت کی ہے یا وہ وہاں سے گذرا ہے یا کچھ مدت قیام کیا ہے۔ حتیٰ کہ بعض علماء

کی آمد کا سنہ بھی درج ہوتا ہے، مثلاً تاریخ اصفہان میں شعیب بن محمد بن احمد دیبلی کے بارے میں ہے، قدم اصبہان سنۃ خمس و ثلثمائۃ اور ہریم بن عبد الاعلیٰ بن فرات سندی کے متعلق ہے۔ حدث باصبہان سنۃ عشرین ومأتین۔ ابن عساکر نے حسین بن محمد بن اسد دیبلی کے حال میں لکھا ہے:۔ وکان تحدیث المترجم بدمشق سنۃ اربعین وثلثمائۃ" اس سے ان علماء کا اصفہان اور دمشق میں مستقل قیام نہیں معلوم ہوتا ہے۔ بعض اہل علم کے بارے میں کسی شہر میں نزل یا نزیل لکھا ہے۔ مثلاً خطیب نے تاریخ بغداد میں خلف بن محمد دیبلی اور علی بن موسیٰ دیبلی کو نزل بغداد بتایا ہے، یہ مستقل سکونت کی دلیل نہیں ہے، امام بخاری نے تاریخ کبیر میں ابو موسیٰ اسرائیل بن موسیٰ بصری کو نزل الہند اور ابن حجر نے تہذیب التہذیب میں نزل الہند لکھا ہے حالاں کہ وہ یہاں یہ سلسلۂ تجارت آتے جاتے تھے۔ اور مستقل قیام بصرہ میں تھا۔

بہت سے ہندی علماء کے تذکرے میں اصفہانی اور بغدادی وغیرہ کی نسبت ملتی ہے جس سے بظاہر معلوم ہوتا ہے کہ انھوں نے اصفہان اور بغداد میں سکونت اختیار کرلی تھی۔ حالاں کہ یہ بات نہیں ہے، بلکہ اصول حدیث کی رو سے کسی مقام میں چار سال تک قیام کر لینے کے بعد اس کی طرف نسبت کی جاسکتی ہے۔

یہ صورت آج بھی پائی جاتی ہے اور اہلِ علم اپنے وطن سے دور دراز ملکوں اور شہروں میں رہتے ہیں اور بعض اوقات کئی سال تک وطن نہیں آتے مگر ہم ان کو دوسرے ملک یا شہر کا باشندہ نہیں سمجھتے ہیں۔

ہندی علماء میں بعض حضرات مدتوں باہر رہے مگر بیمار پڑے تو وطن آئے اور یہیں فوت ہوئے، شرقاوی نے التحفۃ البہیہ فی طبقات الشافعیہ میں ابو المکارم فضل اللہ بن حافظ ابو سعید محمد بوقانی سندی کے بارے میں لکھا ہے۔ مرض ببتیسابور وحمل الی بلدہ فمات بھا۔ سمعانی نے عبد الصمد بن عبد الرحمٰن لاہوری کے حال میں لکھا ہے:۔ مرض بسمرقند وتوفی سنۃ تسع وعشرین واربعمائۃ بلوھور۔ ان مثالوں سے معلوم ہوتا ہے کہ یہاں کے علماء غیر ممالک میں رہنے کے باوجود اپنے وطن سے بے تعلق نہیں تھے، بلکہ ان کا خاندان یہیں تھا۔ اور ان کی آمد و رفت رہا کرتی تھی۔

ان دینی و علمی اسفار میں بعض علماء باہر فوت ہو گئے۔ یا کسی حادثہ کا شکار ہو گئے مثلاً محمد بن عثمان لاہوری بغدادی سفارت سے لوٹتے ہوئے مکران میں انتقال کر گئے، محمد بن احمد بوقانی مشہد میں شہید کر دیے گئے اور محمد بن مامون لاہوری کو آذربائیجان میں ملحدوں نے قتل کر دیا۔ اس سے یہ ضروری نہیں ہے کہ یہ حضرات بوقان اور لاہور سے مستقل طور سے ترک وطن کر کے مکران، مشہد اور آذربائیجان میں رہ بس گئے تھے، حتیٰ کہ اقام اور مسکن وغیرہ کے الفاظ بھی اس کا قطعی ثبوت نہیں ہے، سمعانی نے احمد بن محمد بن صالح منصوری کے حال میں لکھا ہے:۔ من اھل المنصورۃ سکن العراق حالاں کہ وہ منصورہ کے قاضی تھے۔ اور یہاں باقاعدہ درسِ حدیث دیتے تھے۔ البتہ بالاتمام صورتوں کے مقابلے میں اس آخری صورت میں مستقل طور سے آباد ہو جانے کا زیادہ امکان ہے اگر علمائے ہند کے بارے میں ایسی تصریح ہو تو ان پر غیر ملک میں سکونت

کا حکم لگایا جا سکتا ہے، جیسے خطیب نے احمد بن سندی بن بحر بغدادی کے بارے میں لیکن قطیعۃ بنی حداد، حسن بن حامد دیلی بغدادی کے متعلق درب الزعفرانی اور اسماعیل ابن سندی بغدادی کے حال میں باب الشام لکھا ہے اور طبقات الحنابلہ میں حبیش بن سندی بغدادی کو ینزل القطیعۃ اور ابو بکر سندی بغدادی کو ھو من جوار ابی الحارث مع ابی عبد اللہ لکھا ہے۔ اس قسم کی تصریحات سے علمائے ہند کے باہر جا کر مستقل طور سے آباد ہو جانے کا ظن غالب بلکہ بعض حالات میں یقین ہو جاتا ہے، البتہ کسی شہر میں ان کے جانے یا کچھ دنوں رہنے یا کسی مقام کی تاریخ میں ان کا حال ملنے سے یہ حکم نہیں لگ سکتا مگر عام طور سے ان صورتوں میں ان کو شہر بدر کیا گیا ہے حالاں کہ وہ یہاں کے شہری ہیں۔

علمائے ہند کن کن شہروں میں مقیم تھے

پانچویں صدی کے آخر تک مکران، سندھ اور پنجاب میں عربوں کا دور حکومت قایم رہا۔ اس زمانہ تک یہاں کی سرسبز و شاداب سرزمین دینی علوم کے لالہ و گل اگاتی رہی۔ اور دیبل، منصورہ، ملتان، بورقان، قیقان، بامیان، قزدار وغیرہ میں علم و علماء کی فضل بہار باقی رہی۔ کتنے ہی اہل علم و فضل اپنے اپنے شہروں میں رہ کر درس و تدریس تصنیف و تالیف اور دیگر دینی و علمی مشاغل میں مصروف رہے۔ کچھ نے دوسرے ملکوں میں افادہ و استفادہ کا سلسلہ جاری رکھا، اور کچھ باہر گئے تو وہیں کے ہو کر رہ گئے ذیل میں ہم یہاں کے علماء کے نام اور ان کی جائے قیام کا نقشہ درج کرتے ہیں۔ جن علماء کے نام کے ساتھ سندی یا ہندی کی عام نسبت ہے۔ وہ یہاں کے کسی خاص شہر کے تھے مگر اس کا نام معلوم نہیں ہے۔

علمائے دیبل

ابو العباس احمد بن عبداللہ بن سعید دیبلی	نیشاپور
ابو بکر احمد بن محمد بن ہارون دیبلی حربی رازی	بغداد
ابو العباس احمد بن محمد دیبلی	مصر
ابراہیم بن محمد بن ابراہیم دیبلی	دیبل، یا مکہ مکرمہ
ابو محمد حسن بن حامد بن حسن دیبلی	بغداد اور مصر
ابو القاسم حسین بن محمد بن اسد دیبلی	دیبل
خلف بن محمد موازینی دیبلی	دیبل
ابو القاسم شعیب بن محمد بن احمد دیبلی	دیبل
عبدالرحیم بن یحییٰ دیبلی	دیبل
ابو اسحاق علی بن احمد بن محمد دیبلی	دیبل
علی بن موسیٰ دیبلی	دیبل
ابو جعفر محمد بن ابراہیم دیبلی	مکہ مکرمہ
ابو بکر محمد بن حسین بن محمد دیبلی	شام
ابو عبداللہ محمد بن عبداللہ دیبلی	شام
ابو العباس محمد بن محمد بن عبداللہ دیبلی	دیبل
ابو عبداللہ بن احمد بن موسیٰ وتار دیبلی	دیبل

علمائے منصورہ

ابو بکر احمد بن محمد منصوری بکرآبادی	بکرآباد، جرجان
ابو حامد احمد بن محمد منصوری	منصورہ
ابو العباس احمد بن محمد بن صالح منصوری	منصورہ

ابو سلیمان داؤد بن حسین بن عقیل منصوری	منصورہ
ابو محمد عبداللہ بن جعفر بن مرہ منصوری	منصورہ
فضل بن احمد (فضل بن صالح) منصوری	اصفہان
علمائے قصدار (قزدار) و مکران	
ابو محمد جعفر بن خطاب قصداری	بلخ
ابو داؤد سیبویہ بن اسمٰعیل بن داؤد قزداری	مکہ مکرمہ
ابو حفص عمر بن محمد بن سلیمان مکرانی	مکران
علمائے بامیان	
ابو محمد اجید بن حسین بن علی سلمی بامیانی	بامیان
ابو بکر محمد بن علی بن احمد بامیانی	بامیان
علمائے بوقان	
محمد بن احمد بن منصور بوقانی	بوقان
علمائے لاہور	
ابو الفتح عبدالصمد بن عبدالرحمن اشعثی لاہوری	لاہور
علمائے کلہ	
ابو عبداللہ محمد بن ایوب بن سلیمان عودی کلہی	کلہ
علمائے ملیبار	
عبداللہ بن عبدالرحمن ملیباری	ملیبار
علمائے سندھ و ہند	
ابو بکر احمد بن سندی بن حسن بن بحر حداد بغدادی	قطیعہ بنی حداد، بغداد
احمد بن سندی بن فروخ بغدادی	بغداد

احمد بن سندی رازی باغی	باغ وبرزن، مرو
ابوبکر احمد قاسم بن سیحا سندی	بغداد
ابوالفوارس احمد بن محمد بن حسین صابونی مصری	مصر
ابواسحاق ابراہیم بن علی بن سندی بن بہرام	اصفہان
اسلم بن سندی رازی	
ابوابراہیم اسماعیل بن سندی بغدادی	باب الشام بغداد
اسمعیل بن محمد بن رجار بن سندی اسفرائینی	اسفرائن، نیشاپور
بشیر بن عمرو بن ابوہارون سندی	
حبیش بن سندی بغدادی	قطیعہ، بغداد
ابوبکر حمدان بن محمد بن رجار سندی اسفرائینی	اسفرائن، نیشاپور
ابومحمد رجار بن سندی نیشاپوری اسفرائینی	اسفرائن، نیشاپور
ابوبکر سندی خوانیمی بغدادی	جوار ابوعبداللہ احمد بن حنبل بغداد
سندی بن ابوہارون	
ابوہیثم سندی بن عبدویہ کلبی رازی (سہل بن عبدالرحمٰن سندی رازی)	دہک، رے
عباس بن عبداللہ سندی	مکہ مکرمہ
ابومحمد عبداللہ بن سلیمان بن عیسی سندی	سندھ
عبداللہ بن محمد سندی	
عبداللہ بن حسن بن سندی دمشقی اندلسی	اندلس
عبدالحمید سندی	قیروان
علی بن بنان بن سندی عاقولی	دیر عاقول، بغداد

علی بن عبد اللہ سندی	سندھ یا بغداد
علی بن محمد سندی کوفی	کوفہ
ابو العباس فضل بن سکن بن سُحیت سندی قطیعی بغدادی	قطیعہ، بغداد
ابو عبد اللہ محمد بن رجار سندی نیشاپوری	اسفرائن، نیشاپور
ابو الحسن محمد بن عبد اللہ سندی	سندھ
ابو بکر محمد بن محمد بن رجار بن سندی حنظلی اسفرائنی	اسفرائن، نیشاپور
ابو القاسم منصور بن محمد سندی	سندھ یا اصفہان
ابو محمد موسیٰ بن سندی جرجانی	بکر آباد، جرجان
ابو الحسن نصر اللہ بن احمد بن قاسم بن یحیا بن سندی	باب الازج، بغداد
ہبۃ اللہ بن سہل سندی	سندھ یا اصفہان
ابو حمزہ ہریم بن عبد الاعلیٰ بن فرات سندی	سندھ یا اصفہان
ابو جعفر سندی	
ابو الفرج سندی	
احمد بن محمد ہندی کرابیسی	
ابو عمر احمد بن سعید بن ابراہیم بن ہندی ہمدانی	اندلس
سلیمان بن ربیع بن ہشام ہندی	
ابو حذیفہ ہندی	
ابو بحار ہندی	
ابو محمد ہندی	

علمائے اسلام کی ہندوستان میں آمد اور تعلیم و تعلّم

ہندوستان کے علمی مرکزوں میں مقامی علماء و محدثین

کی سرگرمی کے ساتھ باہر کے ائمۂ حدیث بھی یہاں آکر تحدیث و روایت میں مشغول رہا کرتے تھے، اور علمی مجلسوں میں شریک ہو کر خود فیضیاب ہوتے اور دوسروں کو فیضیاب کرتے تھے۔

البتہ ان کے حدیث کی روایت کرنے یا مجلس درس قایم کرنے کی تصریح نہیں ہے، مگر اس دور کے علمی و دینی ذوق اور رواج کے مطابق یہاں انھوں نے اپنی سرگرمی جاری کی ہوگی، اس زمانہ میں جو عالم و محدث کسی بستی سے گذرتا تھا۔ وہاں کے اہل علم اس سے استفادہ کرتے تھے، درس و املار کی مجلس منعقد ہوتی تھی۔ اور طلبۂ حدیث ان میں ذوق و شوق سے شریک ہوتے تھے۔

دوسری صدی کے وسط میں بصرہ کے دو ائمۂ حدیث ہندوستان تشریف لائے جو امام حسن بصری کے مخصوص تلامذہ میں سے تھے۔ اور صاحب الحسن کی نسبت سے مشہور تھے۔

ایک امام ربیع بن صبیح بصری صاحب الحسن متوفی ۱۶۰ھ ان کا شمار بصرہ کے ان ائمۂ حدیث میں ہے جنھوں نے سب سے پہلے بصرہ میں حدیث پر مستقل کتاب لکھی۔ انھوں نے حسن بصری کے علاوہ عطار بن ابی رباح مکی، یزید رقاشی، قیس بن سعد، حمید الطویل، ابوالزبیر، ابو غالب صاحب ابوامامہ، ثابت بنانی، مجاہد بن جبر، حازم کرمانی، اور جبان الصائغ وغیرہ سے روایت کی ہے، اور ان سے امام محمد بن حسن شیبانی، سفیان ثوری، عبدالرحمٰن بن مہدی، عبداللہ بن مبارک، وکیع بن جراح، ابوالولید طیالسی، آدم بن ابی ایاس، علی بن عاصم، سلیمان دارانی، محمد بن قاسم اسدی، علی بن جعد، سعید بن عامر، اور امام روح وغیرہ نے

روایت کی ہے۔

امام ربیع بن صبیح ۱۵۹ھ میں یہاں آئے اور ۱۶۰ھ میں غزدہ بارید میں شریک ہوئے اور واپسی پر یہیں فوت ہوئے، دوسرے امام ابوموسی اسرائیل بن موسی بصری صاحب الحسن ہیں۔ ان کے شیوخ میں حسن بصری کے علاوہ محمد بن سیرین بصری، ابوحازم کوفی، وہب بن منبہ یمانی، وغیرہ ہیں، اور ان سے روایت کرنے والوں میں سفیان ثوری، سفیان بن عیینہ، یحیی بن سعید القطان، حسین جعفی ہیں۔

اسرائیل بن موسی نزیل الہند کی نسبت سے مشہور ہیں، حافظ ابن حجر اور حافظ عینی نے ان کے بارے میں لکھا ہے:

کان یسافر فی التجارۃ الی الھند، واقام بھا مدۃ[1]	وہ بسلسلۂ تجارت ہندوستان کا سفر کرتے تھے، اور مدت تک وہاں قیام کرتے تھے۔

ابو اسحاق ابراہیم بن مالک بن بہبود بزاز بغدادی متوفی ۲۶۴ھ صلحائے امت میں سے تھے، انھوں نے حماد بن اسامہ، زید بن حباب، عبید اللہ بن موسی، محمد بن عبید طنافسی، جعفر بن عون، محاضر بن مورع، یحی بن زکریا، یزید بن ہارون، عبد الوہاب بن عطاء، روح بن عبادہ ابوداؤد حضری سے روایت کی ہے۔ اور ان سے ابوبکر بن ابی الدنیا، موسی بن ہارون، قاسم بن زکریا مطرز، یحیی بن محمد بن صاعد، عمر بن محمد صابونی، محمد بن خالد دوری، ابن ابی حاتم رازی، شہابہ، عبد اللہ بن

---

[1] ان دونوں بزرگوں کے حالات کے لئے ہماری کتاب "اسلامی ہند کی عظمت رفتہ" ملاحظہ ہو۔

امام احمد بن حنبل نے روایت کی ہے۔

ابراہیم بن مالک کا محبوب مشغلہ کھجور کا پودا لگانا تھا۔ جب ایک پودا لگا لیتے تو ایک ختم قرآن پڑھتے تھے اور سندھ کا سفر کرکے وہیں سے پودے لایا کرتے تھے۔ ابن ابی حاتم رازی نے لکھا ہے:

وکان یحمل النخیل	وہ ہندوستان سے کھجور کے
من السند۔ [1]	درخت لایا کرتے تھے۔

ابوبکر محمد بن معاویہ بن عبدالرحمن مروانی قرطبی، مروان بن حکم کی اولاد میں ابن الاحمر کی کنیت سے مشہور ہیں، انھوں نے اندلس میں عبید اللہ بن یحیی اور محدثین کی ایک جماعت سے روایت کی ہے، ۳۰۰ھ سے پہلے عراق اور بلاد مشرق کا کرکے امام نسائیؒ سے ان کی سنن کی روایت کی، نیز اسی سفر میں فریابی اور ابوخلیفہ جمحی سے روایت کی، اندلس میں سنن نسائیؒ کو سب سے پہلے ابن الاحمر ہی نے رائج کرکے اس کی روایت کی، جلیل القدر، اور ثقہ محدث تھے۔ ایک روایت کے مطابق ان کے جسم میں ایک خطرناک پھوڑا نکلا جس کے علاج سے عاجز ہوگئے تھے۔ کسی نے بتایا کہ اس کا علاج صرف ہندوستان میں ہوسکتا ہے چنانچہ وہ یہاں آئے اور صحت یاب ہوگئے [2] یہ بغیۃ الملتمس کی روایت ہے، اور ذہبی نے لکھا ہے کہ وہ بہ سلسلۂ تجارت ہندوستان آئے تھے:

و دخل الھند للتجارۃ	وہ بہ سلسلۂ تجارت ہندوستان
فغرق لہ ما قیمتہ ثلاثون	آئے اور ان کا تیس ہزار دینار

[1] کتاب الجرح والتعدیل ج ۱ ق ۱ ص ۱۴۰۔ تاریخ بغداد ج ۶ ص ۱۸۶، المنتظم ج ۵ ص ۴۶۔ [2] بغیۃ الملتمس ص ۱۱۷۔

الف دینار، و رجع فقیراً[1]	کا سامان تجارت غرق ہوگیا اور یہاں سے مفلس ہو کر واپس گئے۔

ابو احمد خلف بن احمد بن لیث سنجری بخاری ایک علاقہ کے امیر و حاکم تھے۔ ساتھ ہی علم و فضل سے حصۂ وافر رکھتے تھے۔ خراسان اور عراق میں ابو عبداللہ بن محمد بن علی مالیسی، ابو بکر شافعی، عبداللہ بن محمد فاکہی اور ان کے معاصرین سے حدیث کی روایت کی تھی۔ اور ان سے امام ابو عبداللہ حاکم وغیرہ نے روایت کی تھی۔ وہ کسی معاملہ میں ہندوستان میں قید کیے گئے اور بحالت اسیری انتقال کیا۔ یاقوت حموی نے لکھا ہے:

توفی فی بلاد الھند محبوساً۔[2]	انھوں نے ہندوستان میں بحالت اسیری انتقال کیا۔

اور امام ذہبی نے لکھا ہے:

ومات شھیداً فی الحبس ببلاد الھند۔[3]	ہندوستان میں قید خانہ کے اندر شہادت پائی۔

ابو محمد عبدالقوی بن محمد عبدری جنجالی اندلس کے رہنے والے تھے۔ بلنسہ میں ابو عمر طلمنکی سے روایت کی تھی، انھوں نے اندلس سے مشرق کا سفر کر کے حج ادا کیا، اس کے بعد مصر میں سکونت اختیار کر لی۔ مصر کے شہر اخمیم میں ابو الحسن بن احمد بن حنین نے ان سے روایت کی، اور یہیں سے استاد اور شاگرد دونوں ہندوستان آئے، ابو الحسن بن احمد کا بیان ہے:

---

[1] العبر ج ۲ ص ۳۱۲۔ [2] معجم البلدان ج ۵ ص ۴۵۔ [3] العبر ج ۳ ص ۷۰۔

سافرت معه فی مرکب واحدٍ من المصر الی الهند۔[1]	میں نے مصر سے ہندوستان تک اُن کے ہمراہ ایک ہی جہاز میں سفر کیا ہے۔

ابو سعد محمد بن حسین حرمی، حرم مکہ کی طرف منسوب ہیں۔ اقطاب واوتاد میں شمار ہوتے تھے۔ مصر، شام اور ہندوستان کا علمی اور دینی سفر کرکے ہرات میں سکونت اختیار کی، حدیث کے امام وحافظ تھے، احادیث کی کثرت سے روایت کی اور کتابیں لکھیں، مکہ مکرمہ میں ابونصر سنجری اور عبد العزیز بن بندار شیرازی سے، بغداد میں خطیب بغدادی سے، مصر میں ابن طبال اور ابن حمصہ وغیرہ سے روایت کی، علامہ سمعانی نے لکھا ہے:

وکانت له رحلة الی بلاد الهند۔ ایضاً[2]	انھوں نے ہندوستان کا بھی سفر کیا تھا۔

ابو عبد اللہ محمد بن ابو الفوج مالکی مغربی صقلیہ کے باشندے تھے۔ وہاں سے عراق آئے ــــ اور وہاں سے خراسان جاکر مختلف علاقوں کا سفر کیا، اسی سلسلہ میں غزنہ اور ہندوستان بھی آئے اور اصفہان میں فوت ہوئے۔[3]

شیخ الاسلام ابو عثمان اسمٰعیل بن عبد الرحمٰن صابونی، استاد، امام خطیب، مفسر، محدث، واعظ اور علوم وفنون میں اپنے زمانہ کے یکتا عالم تھے، مشائخ سے احادیث کا سماع کیا تھا ان کی اشاعت وحفاظت اور ان کے لئے مجالس کے قیام میں پیش پیش تھے، انھوں نے نیشاپور میں

---

[1] کتاب الذیل والتکملہ لکتابی الموصول والصلہ ص ۲۲۲، [2] انساب سمعانی ج ۴ ص ۳۲۱، والعقد الثمین ناسی۔ [3] المنتظم ج ۹ ص ۱۹۰۔

ابوالعباس تالبوتی اور ابو سعید سمسار سے، ہرات میں ابوبکر احمد بن ابراہیم بن فرات، اور ابو معاذ شاہ بن عبدالرحمٰن سے اور شام و حجاز و جبال میں وہاں سے شیوخ و اساتذہ سے احادیث کا سماع کیا۔ اور شتر سال تک نیشاپور، خراسان، غزنہ، ہندوستان، آمل، ہرات طبرستان، شام، بیت المقدس اور حجاز میں حدیث کا درس دیا، یاقوت حموی نے تصریح کی ہے:

وحدث بنیسابور وخراسان الی غزنة وبلاد الهند وآمل وطبرستان الخ [1]	انھوں نے نیشاپور، خراسان غزنین، بلاد ہند، آمل، اور طبرستان میں حدیث کی روایت کی ہے۔

محمد بن اسمعیل تنوخی منجم وہ علم نجوم کا بڑا ماہر اور فلکیات کے مسائل کا عالم تھا۔ اس فن کی طلب میں دنیا کا چکر کاٹتا تھا چنانچہ اسی سلسلہ میں ہندوستان بھی آیا۔ اور یہاں سے بہت کچھ حاصل کیا۔ قفطی نے لکھا ہے:

ودخل الهند فی ذلك وصدر منها بغرائب من علم النجوم، فیها حركة الاقبال والادبار وغیر ذلك [2]	اسی سلسلہ میں ہندوستان آیا اور یہاں سے علم نجوم کے نادر مسائل لے کر واپس گیا جن میں اقبال و ادبار وغیرہ کے مباحث بھی تھے۔

[1] معجم البلدان ج ص ۔ [2] اخبار العلماء باخبار الحکماء ج ۱ ص ۲۸۱۔

عالم اسلام میں تعلیمی اسفار، اور ائمۂ حدیث سے روایت

اس دور میں پورا عالم اسلام گویا ایک مدرسہ تھا جس میں طلبہ گھوم گھوم کر علم دین حاصل کرتے تھے ہندوستان کے علماء و محدثین بھی ان میں شامل تھے۔ علمی دنیا کا کون سا گوشہ ہے جہاں یہاں کے طلبہ نہیں پہونچے واقعہ یہ ہے کہ علمائے ہند دنیا جہان کی خاک چھانتے ہوئے ہر مشہور محدث و امام کی درسگاہ میں جاکر فیض یاب ہوئے۔

امام الدنیا حافظ ابوالعباس محمد بن یعقوب الاصم بغدادی متوفی ۳۴۶ھ نے چھہتر ۷۶ سال تک بغداد میں اس شان سے درس حدیث دیا کہ مشرق و مغرب کی علمی نسبتیں ان کے دروازہ پر جمع تھیں جن میں ہندوستان کے طلبۂ حدیث کی جماعت بھی نظر آتی ہے۔

امام ابوالعباس اصم کی درسگاہ میں ملتان و منصورہ کے طلبۂ حدیث کی کثرت کا تذکرہ امام ابوعبداللہ حاکم نے یوں کیا ہے:۔

ما رأینا الرحالة فی بلد من بلاد الاسلام اکثر منها الیه - یعنی ابا العباس الاصم۔ فقد رأیت جماعة من اهل الاندلس والقیروان و بلاد المغرب علی بابه وکذلک رأیت جماعة من اهل طرازو اسقیجاب ،	امام ابوالعباس اصم کے حلقہ درس میں سفر کرکے آنے والے طلبۂ حدیث کی جو کثرت ہم نے دیکھی ہے عالم اسلام کے کسی شہر میں نہیں دیکھی ، میں نے اندلس قیروان ، اور بلاد مغرب کی جماعت ان کے دروازے پر دیکھی ، اسی طرح طراز ، اسپیجاب

واهل المشرق على بابه، وكذلك رأيت في عرض الدنيا من اهل المنصورة وملتان وبلاد ديبت وسجستان على بابه، وكذلك رأيت جماعة من اهل فارس و شيراز وخوزستان على بابه فنا هيك بهذا اشرفا واشتهارا وعلوا في الدين وقبولا في بلاد المسلمين بطول الدنيا وعرضها۔[1]

اور اہل مشرق کی جماعت ان کے دروازے پر دیکھی، اسی طرح منصورہ، ملتان، بلاد بست سجستان والوں کی جماعت ان کے دروازے پر دیکھی، اسی طرح فارس، شیراز، خوزستان، والوں کی جماعت ان کے دروازے پر دیکھی، اور یہ مرکزیت ومرجعیت ان کے دینی عزو شرف، شہرت، علوئے مرتبت اور عالم اسلام کے مشرق ومغرب میں مقبولیت کے لئے کافی ہے۔

قاضی منصورہ ابوالعباس احمد بن محمد تمیمی منصوری نے بغداد کا سفر کرکے وہاں کے محدثین سے روایت کی، نیز فارس میں ابوالعباس بن اثرم سے اور بصرہ میں ابوروق حضرانی سے حدیث کا سماع کرکے ایک مدت تک عراق میں قیام کیا۔[2]

ابوالعباس احمد بن عبداللہ دیبلی فقرائے زہاد میں سے تھے سمعانی نے ان کے بارے میں لکھا ہے:

من الغرباء المتقدمين في

وہ طلبِ علم کے قدیم صحرانوردوں

---

[1] انساب سمعانی ج ۱ ص ۲۹۱ - [2] الفہرست ص ۳۰۶ - وکتاب الانساب وطبقات الفقہاء۔

طلب العلم۔ ... میں سے تھے۔

وہ امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری کا شہرہ سن کر نیشاپور گئے اور ابن خزیمہ کی خدمت میں یوں رہ گئے۔ کہ نیشاپور ہی کو وطن بنالیا نیز انھوں نے ہر شہر کے مشہور محدث سے استفادہ کیا، چنانچہ بصرہ میں قاضی ابوخلیفہ سے، بغداد میں جعفر بن محمد فریابی سے، مکہ مکرمہ میں مفضل بن محمد جندی اور اپنے ہموطن محدث محمد بن ابراہیم دیبلی مکی سے، مصر میں علی بن عبدالرحمٰن اور محمد بن زیان سے، دمشق میں ابوالحسن احمد بن عمیر بن جوصا سے، بیروت میں ابوعبدالرحمٰن مکحول سے، حرّان میں ابوعروبہ حسین بن ابومعشر سے، تستر میں احمد بن زہیر تستری سے، عسکر مکرم میں حافظ عبدان بن احمد سے اور نیشاپور میں ابن خزیمہ اور ان کے اقران و معاصرین سے احادیث کا سماع کیا۔[1]

خلف بن محمد دیبلی موازینی نے اپنے وطن دیبل میں اپنے ہم وطن علی بن موسیٰ دیبلی سے روایت کی، اس کے بعد بغداد جاکر ان سے اور دوسرے علماء سے روایت کی۔[2]

ابوالقاسم منصور بن محمد سندی مقری حفظ قرآن میں مشہور، حدیث میں کثیر الروایات اور کتب حدیث کے مخرج تھے، ابونعیم نے لکھا ہے:

کثیر الروایات، تخرج بالبصرۃ و ببغداد کتب الحدیث الکثیر۔	کثیر الروایات تھے اور بصرہ و بغداد میں حدیث کی بہت سی کتابوں کی تخریج کی تھی۔

انھوں نے سندھ سے اصفہان، بغداد، بصرہ اور واسط کا سفر

---

[1] کتاب الانساب ص۵۲ تاریخ بغداد ج۸ ص۳۳۳۔ و کتاب الانساب

کر کے حدیث کی روایت کی، واسط میں ابو الحسن علی بن حسن شمشاطی واسطی سے قرارت حاصل کی، اور ابراہیم بن احمد بزوری، محمد بن جعفر اصفہانی احمد بن محمد بن مسیح، زید بن علی بن ابو بلال محمد بن ہیثم بن خالد، ابوبکر شذائی، علی بن محمد انصاری، سے احادیث کی روایت کی [۱]

ابو القاسم حسین بن محمد بن اسد دبیلی نے دمشق جا کر امام ابو یعلی موصلی اور دوسرے ائمہ حدیث سے روایت کی [۲]

ابو عبد اللہ محمد بن ایوب عودی کلہی جنوبی ہند کے ساحلی شہر کلہ سے بغداد گئے اور وہاں ابو المہلب سلیمان بن محمد حسن ضبی سے امام اعمش کی بہت سی حدیثوں کی روایت کی [۳]

ابو بکر محمد بن حسین بن حمدون بلی مقری نے ملک شام کا سفر کر کے مشہور امام قرأت ہارون اخفش کے دو شاگردوں محمد بن نصیر المعروف بہ ابن ابی حمزہ، اور جعفر بن حمدان المعروف بہ ابن ابی داؤد سے قرارت حاصل کی [۴]

ابو حفص عمر بن محمد بن سلیمان مکرانی نے طلب حدیث میں عراق اور حجاز میں ابو الحسن محمد بن احمد بزاز سے روایت کی [۵]

ابو بکر محمد بن علی بامیانی نے اپنے وطن سے بغداد کا سفر کر کے خطیب بغدادی سے روایت کی [۶]

---

[۱] تاریخ اصفہان ج ۲ ص ۲۳۱۔ وغایۃ النہایہ ج ۲ ص ۳۱۴، [۲] مختصر تاریخ ابن عساکر ج ۴ ص ۳۵۵۔ [۳] کتاب الانساب [۴] غایۃ النہایہ ج ۲ ص ۱۳۳۔ [۵] کتاب الانساب ورق ۴۵۱۔ [۶] معجم البلدان ذکر بامیان۔

حبیش بن سندی بغدادی امام احمد بن حنبل کے اجل تلامذہ میں سے ہیں۔ ان سے تقریباً بیس ہزار احادیث لکھنے کے علاوہ ان کے مسائل وفتاوے دو جلدوں میں جمع کئے جو دوسرے شاگردوں کے پاس نہیں تھے، نیز انھوں نے عبید اللہ بن محمد عیشی سے روایت کی ہے[1]

اسی طرح ابو بکر سندی خوانیمی بغدادی امام احمد بن حنبل کی درسگاہ میں حاضر ہوئے تو وہیں کے ہو کر رہ گئے۔ اور ان کے اجل تلامذہ میں شمار ہوئے، انھوں نے بھی امام صاحب سے بہت سے مسائل اور فتاوے سنے تھے بعد میں بیان کیا کرتے تھے[2]

ابو بکر احمد بن سندی حداد نے بغداد جا کر محمد بن عباس مؤدب حسن بن علویہ قطان، حافظ موسی بن ہارون، حسن بن علی، جعفر بن محمد قریابی سے روایت کی[3]

ابو محمد موسی بن سندی جرجانی طلب علم میں سندھ سے جرجان اور دیگر مقامات کا سفر کر کے ۲۳۰ھ میں امام وکیع، ابن جراح، ابو معاویہ ضریر، ابراہیم بن ابو خالد اور یعیش بسطامی وغیرہ سے روایت کی، نیز اسی سفر میں شبابہ اور اسمٰعیل بن حکیم سے روایت کر کے جرجان کے قریب بکر آباد میں سکونت اختیار کر لی[4]

ابو محمد رجار سندی کا خانوادہ بیت الحدیث ہے، اور ان کے خاندان میں صدیوں تک ائمہ حدیث پیدا ہوتے رہے۔ انھوں نے عالم اسلام کا سفر کر کے عبد اللہ بن مبارک سفیان بن عیینہ، ابن ادریس، ایوب بن

---

[1] طبقات الحنابلہ ج ۱ ص ۱۴۷۔ [2] " ج ۱ ص ۱۷۱۔ [3] تاریخ بغداد ج ۴ ص ۱۸۰۔ [4] تاریخ جرجان ص۔

نجار یمانی ، عبدالسلام بن حرب ، ابوبکر بن عیاش ، حفص بن غیاث ، یحیٰ بن یمان ، ابوخالد احمر ، ابن وہب ، حمزہ بن حارث بن عمیر ، عفان بن سیّار ، نجیم بن ضریس سے روایت کی ۔ اور نیشاپور کے شہر اسفرائن میں مستقل سکونت اختیار کی ۔[1]

ان کے صاحبزادے ابوعبداللہ محمد بن رجار سندی اسفرائنی نے نضر بن شمیل اور مکی بن ابراہیم وغیرہ سے روایت کی ۔

اور حافظ ابوبکر محمد بن محمد بن رجار سندی اسفرائنی نے طلب علم میں بہت زیادہ اسفار کئے ، امام ذہبی نے تذکرۃ الحفاظ میں ان کے بارے میں لکھا ہے کہ :

واکثر الترحال یعنی انھوں نے بہت سے اسفار کئے ۔ وطن میں اپنے دادا ابومحمد رجار سندی سے روایت کر کے باہر نکلے اور امام احمد بن حنبل ، اسحاق بن ابراہیم ، اسحاق بن راہویہ ، ابوعمار حسین بن حریث ، علی بن مدینی ، ابن نمیر ، ابوبکر بن ابی شیبہ ، ابراہیم بن محمد شافعی ، اور دوسرے بہت سے شیوخ سے روایت کی ، ان کی کتاب الصحیح علی شرط مسلم بہت مشہور رہے ۔

ان کے بھائی اسمٰعیل بن محمد بن رجار سندی بھی زبردست محدث تھے ان کے ایک اور بھائی ابوبکر حمدان بن محمد بن رجار سندی ہیں ۔ انھوں نے ابوکامل فضیل بن حسین سے روایت کی ہے[2]

ابوالعباس محمد بن محمد دیبلی وراق نے راہ طلب میں مختلف شہروں

---

[1] الجرح والتعدیل ج ۱ قسم ۲ ص ۵۰۳ ۔ وتاریخ جرجان ص ۱۷۰ ۔

[2] تاریخ بغداد ج ۵ ص ۲۷۶ ۔ وشذرات الذہب ج ۲ ص ۱۹۳ ۔

کی خاک چھانی اور ابو خلیفہ فضل بن حباب جمحی ، جعفر بن محمد بن حسن فریابی ، عبدان بن احمد بن موسی سکری ، محمد بن عثمان بن ابو سوید بصری اور ان کے معاصرین سے حدیث کا سماع کیا [۱]

ابو جعفر محمد بن ابراہیم دیبلی محدث مکہ کے ذوق طلب کا یہ حال تھا کہ حدیث کی کئی اہم اور نادر کتابوں کو پڑھ کر ان کے خصوصی راوی بنے، ابو عبداللہ سعید بن عبدالرحمن مخزومی سے کتاب التفسیر کی روایت کی۔

حضرت عبداللہ بن مبارک کی کتاب البر والصلہ کی روایت ابو عبداللہ حسین بن حسن مروزی سے کی جنھوں نے براہ راست اس کی روایت حضرت عبداللہ بن مبارک سے کی تھی ، اور محمد بن زنبور سے اسمعیل بن جعفر مدنی کے نسخہ کی روایت کی ، جنھوں نے براہ راست اس کی روایت اسمعیل بن جعفر سے کی تھی ۔ اس کے علاوہ عبدالحمید بن صبیح ، محمد بن علی صائغ ، اور محدثین کی ایک جماعت سے روایت کی ہے ۔

ان کے صاحبزادے ابراہیم بن محمد بن ابراہیم دیبلی نے موسی بن ہارون اور محمد بن علی صائغ صغیر وغیرہ سے روایت کی [۲]

ابو محمد عبداللہ بن سلیمان بن عیسی سندی نے بغداد جا کر محمد بن عبداللہ بن مسلم بن وارہ ، ابراہیم بن ہانی اور امام احمد بن حنبل کے صاحبزادے عبداللہ وغیرہ سے روایت کی [۳]

عباس بن عبداللہ سندی امام سعید بن منصور صاحب السنن کا شہرہ سن کر مکہ مکرمہ گئے اور ان سے روایت کی ۔

---

[۱] کتاب الانساب ، [۲] تاریخ بغداد ج ۹ ص [۳] معجم البلدان ج ۴ ص ۱۸۱ ، وکتاب الانساب ،

نیز امام ابو الولید طیالسی اور داؤد بن شعیب وغیرہ سے پڑھا۔[1]

ابو داؤد سلیمان بن اسمعیل واحدی قزداری نے ابو القاسم علی بن محمد بن عبد اللہ حسینی، ابو الفتح رجاء بن عبد الواحد اصفہانی، ابو الحسین یحیٰ بن ابو الحسن رواسی حافظ وغیرہ سے احادیث کا سماع کیا تھا۔[2]

عبد اللہ بن عبد الرحمٰن یلیباری سندی مالابار سے طلب حدیث میں مذبون جاکر جو دمشق کے ساحلی علاقہ صیدا کا ایک شہر ہے۔

عبد الواحد بن احمد خشاب شیرازی سے روایت کی۔ (معجم البلدان ج ص)

ابو ابراہیم اسمعیل سندی نے بغداد جاکر سلم بن ابراہیم وراق، سے حدیث کی روایت کی اور بشر بن حارث اور صبیح مولیٰ ام سلمہ سے ان کے ملفوظات وحالات نقل کئے۔[3]

ابو العباس فضل بن سکین سندی نے بغداد جاکر صالح بن بیان ساحلی اور احمد بن محمد رحلی سے روایت کی اور وہیں محلہ قطیعہ میں رہ بس گئے۔[4]

ابو بکر احمد بن قاسم سندی نے احمد بن محمد بن اسمعیل ادمی، اور اسمعیل بن محمد صفار سے روایت کی۔

ابو بکر احمد بن محمد منصوری نے جرجان کا سفر کرکے امام ابو بکر اسمعیلی اور حافظ ابن عدی سے روایت کی۔

---

[1] تہذیب التہذیب ج ۴ ص ۸۹۔ [2] کتاب الانساب۔ [3] میزان الاعتدال ج ۱ ص ۸۲۔ [4] تاریخ بغداد ج ۱۲ ص ۳۶۲۔

ابو الفوارس احمد بن حسین سندی مصری نے راہِ طلب میں مختلف بلاد و امصار کی خاک چھانی، ان کے شیوخ حدیث میں یونس بن عبد الاعلیٰ اور مزنی و ربیع بن سلیمان تلامذۂ امام شافعی، ابن نظیف، محمد بن عزیز، محمد بن عمر بن حسین اور دوسرے علمائے کبار شامل ہیں، اور مصر میں مستقل قیام کر کے مسند دیار مصر بنے۔

ابو بکر احمد بن محمد بن ہارون دینبلی مقری نے قرأت کی تعلیم امام حسنون بن ہیثم دویری سے حاصل کی تھی۔ اور حدیث کی روایت جعفر بن محمد فریابی اور ابراہیم بن شریک کوفی سے کی۔

عبد الحمید سندی مالکی امام سحنون کے تلامذہ میں بڑے مقام و مرتبہ کے محدث و فقیہ تھے۔ طلب علم میں سندھ سے افریقہ کے ملک قیروان گئے اور وہیں ۲۵۳ھ میں فوت ہوئے

عبد اللہ بن حسن بن سندی یہاں سے دمشق اور وہاں سے اندلس گئے اور محدثین کی جماعت سے روایت کی۔ زہد و رقائق میں ایک کتاب ہیں سے زائد جلدوں میں لکھی تھی اور اندلس ہی میں ۳۳۵ھ میں انتقال کیا۔

ابو عمر احمد بن سعید بن ابراہیم مالکی ہندی یہاں سے ہمدان ہوتے ہوئے اندلس کے شہر قرطبہ میں پہونچ کر شیخ ابراہیم سے ان کے اوراد و وظائف حاصل کئے۔ ابو علی قالی صاحب الامالی سے عربیت کی تعلیم حاصل کی اور قاسم بن اصبغ، اور محمد بن ابو دلیم سے حدیث کا سماع کیا، اندلس کے مالکی فقہاء ان کے علم و فضل کے معترف تھے۔ علم شروط میں ان کی کتاب نہایت مفید اور جامع ہے۔ قرطبہ میں ۳۹۹ھ میں فوت ہوئے۔

ابو الہیثم سندی بن عبدویہ کلبی نے طلب حدیث میں رے، عراق اور مدینہ منورہ کا سفر کر کے وہاں کے شیوخ سے روایت کی، ان کے اساتذہ میں ابراہیم بن طہمان، جریر بن حازم، عبداللہ عمری، خالد بن میسرہ، ابو اویس، ابو معشر، عمرو بن ابو قیس، مندل بن علی، عکرمہ بن ابراہیم، محمد بن مسلم طائفی، عیسیٰ بن عبدالرحمٰن سلمی، زہیر بن معاویہ شریک، ابو بکر نہشلی، عمر بن ابو زائدہ وغیرہ ہیں۔

مختلف خصوصیات اور امتیازات ہندوستان کے طالبان علم میں بہت سے مختلف امتیازات و خصوصیات ہیں متفرد ہیں اور ان کو محدثین میں خاص عزو شرف حاصل ہے۔ تفرد بالروایہ، تکثیر بالروایہ، عُلُوِّ سند، مُسند وقت، مُسندِ دیار، خاتمۃ الاصحاب ایسے اوصاف ہیں جن سے کئی علمائے ہند متصف ہیں۔ مُسندِ کا مطلب یہ ہے کہ کوئی محدث اسناد حدیث میں ایسا ممتاز وصف رکھے کہ دوسرے محدثین اس سے سند لیں، علو اسناد اور سند عالی کا مطلب یہ ہے کہ کسی سند میں رُواۃِ حدیث دوسری سندوں سے کم ہوں۔ یا اس میں کسی شیخ سے قربت ہو۔ یا کسی کتاب کی روایت میں قربت ہو، اور خاتمۃ الاصحاب وہ محدث ہے جو اپنے شیخ کا آخری شاگرد ہو یا شاگردوں میں سب سے آخر میں فوت ہو، ایسے خاتمۃ الاصحاب سے بھی سند عالی حاصل ہوتی ہے۔ یہ تمام اوصاف امام ابو الفوارس سندی مصری کو حاصل تھے۔ سیوطی نے حسن المحاضرہ میں ان کو مسند دیار مصر اور من المنفردین بعلو الاسناد لکھا ہے۔

ذہبی نے ان کو تذکرۃ الحفاظ میں مُسندِ مصر اور میزان الاعتدال

ہیں امام شافعیؒ کے تلمیذ رشید امام ربیع بن سلیمان کا آخری شاگرد بتایا ہے۔ واٰخر من حدث عنہ الجالفوارس السندی[1]

سندی بن عبدویہ (سہل بن عبدالرحمٰن سندی) کی سند سے طبرانی نے معجم میں ایک حدیث درج کی ہے اور لکھا ہے کہ :-

تفرد بہ السندی۔[2] اس حدیث کی روایت میں سندی منفرد ہیں۔

ابوعبداللہ محمد بن ایوب بن سلیمان کلبی غوری نے بغداد میں ایک واسطہ سے امام اعمش کی بہت زیادہ احادیث کی روایت کی۔ اور اس بارے میں ان کو تفرد حاصل تھا..... سمعانی نے لکھا ہے کہ :-

قدم بغداد، وحدث بھا عن ابی المھلب سلیمان بن محمد بن الحسن الضبی عن الاعمش حدیثاً مکثراً۔[3] انھوں نے بغداد آکر یہاں امام اعمش کی بہت زیادہ احادیث حاصل کیں جن کو ابوالمہلب سلیمان بن محمد بن حسن ضبی نے امام اعمش سے روایت کیا ہے۔

اور بعد میں ابوعبداللہ کلبی سے ان سے شاگرد ابوبکر محمد بن ابراہیم بزاز نے ان احادیث کی روایت کی۔

ابن العماد نے ابوجعفر منصور بن ابراہیم دبیلی کی کو محدث مکہ کے لقب سے یاد کیا ہے۔[4]

---

[1] حسن المحاضرۃ ج ۱ ص ۱۵۶۔ تذکرۃ الحفاظ ج ۳ ص ۹۸ میزان الاعتدال ج ۲ ص ۱۴۹۔
[2] تہذیب التہذیب ج ۱ ص ۱۹۔ [3] کتاب الانساب۔ [4] شذرات الذہب ج ۲ ص ۲۵۵۔

دو سندی علماء کو یہ شرف حاصل ہے کہ امام احمد بن حنبل کے اخص واجل تلامذہ میں سے ہیں۔ اور امام صاحب کے علوم و معارف کی تعلیم و اشاعت میں ان کا بڑا حصہ ہے، ایک حبیش بن سندی ہیں جن کے بارے میں صاحب طبقات الحنابلہ نے ابو الخلال کا یہ بیان نقل کیا ہے:

من کبار اصحاب ابی عبداللہ بلغنی انہ کتب عن ابی عبداللہ نحواً من عشرین الف حدیث، وکان رجلاً جلیل القدر جداً، وعندہ عن ابی عبداللہ جزء ان مسائل مشبعۃ حسان جداً، یغرب فیھا علی اصحاب ابی عبداللہ۔

وہ امام احمد کے تلامذۂ کبار میں سے ہیں۔ مجھے معلوم ہوا ہے کہ انھوں نے امام صاحب سے تقریباً بیس ہزار حدیثیں لکھی ہیں، نہایت جلیل القدر محدث تھے اور ان کے پاس امام صاحب کے اہم مسائل و فتاوی کے دو ضخیم مجموعے تھے، اور یہ مسائل امام صاحب کے دوسرے تلامذہ کے پاس نہیں تھے۔

ان الفاظ سے معلوم ہو سکتا ہے کہ حبیش بن سندی امام احمد بن حنبل اور ان کے اصحاب و تلامذہ کے نزدیک کیا قدر و قیمت رکھتے تھے۔ دوسرے ابو بکر سندی خواتیمی ہیں۔ ان کے متعلق بھی ابو الخلال نے کہا ہے:

ھو من جوار ابی الحارث مع ابی عبداللہ فکان داخلاً

یہ امام احمد کی صحبت و معیت میں ابو حارث کے ہم پلہ ہیں۔

لہ طبقات الحنابلہ ج ۱ ص ۱۴۔

مع ابی عبد اللہ مع اولادہ فی حیاۃ ابی عبد اللہ سمع من ابی عبد اللہ مسائل صالحۃ۔ [1]	امام صاحب کی زندگی میں ان کے اور ان کی اولاد کے ساتھ رہتے تھے۔ انھوں نے امام صاحب سے نہایت اہم اور عمدہ مسائل سنے ہیں۔

ان دونوں سندھی علماء کو امام احمد بن حنبل سے نہایت قربت حاصل تھی۔ اور ان سے امام صاحب کے تلامذہ نے بڑا فیض اٹھایا ہے۔

خاص خاص اجزاء و کتب کی روایت

کئی ہندی علماء و محدثین کو یہ امتیاز و شرف بھی حاصل تھا کہ ان کے پاس احادیث و آثار کے ایسے خاص اور نادر اجزاء و نسخ تھے جن کو انھوں نے براہ راست مصنفین یا ان کے تلامذہ سے روایت کیا تھا اور دوسرے اہل علم ان سے ان کی روایت کرتے تھے۔ علمائے حدیث کے نزدیک ایسے اجزاء کی بڑی قدر تھی۔ اور وہ ان کی روایت کا بہت زیادہ اہتمام کرتے تھے۔ اس کی چند مثالیں ملاحظہ ہوں۔

ابوبکر احمد بن سندی نے حسن بن علویہ قطان سے ابوحنیفہ بخاری کی تصنیف کتاب المبتدا کا سماع کیا ہے۔ اور ان سے ابن رزقویہ نے اس کتاب کی روایت کی ہے۔ [2]

محدث ابوجعفر محمد بن ابراہیم دیبلی نے سفیان بن عیینہ کی کتاب التفسیر

---

[1] طبقات الحنابلہ ج ۱ ص ۱۷۱۔ [2] تاریخ بغداد ج ۴ ص ۱۸۷۔ و کتاب الانساب ورق ۱۵۸، و شذرات الذہب ج ۳ ص ۲۸۔

ابو عبد اللہ سعید بن عبد الرحمٰن مخزومی سے ..... اور عبد اللہ بن مبارک کی کتاب البر والصلہ، ابو عبد اللہ حسین بن حسن مروزی سے روایت کی اور ابو عبد اللہ مروزی نے براہ راست عبد اللہ بن مبارک سے روایت کی تھی[1] نیز محمد بن ابراہیم دیبلی نے محمد بن زنبور سے نسخہ اسمٰعیل بن جعفر مدنی کی روایت کی تھی[2]

ابو محمد موسیٰ بن سندی جرجانی بحر آبادی نے ۲۳۰ھ میں امام وکیع بن جراح سے احادیث کی روایت کی، وکیع کی کتابیں ان کے پاس تھیں۔ سہمی نے تاریخ جرجان میں ان کا ذکر کر کے لکھا ہے:

وکان عندہ کتب وکیع[3]	موسیٰ بن سندی کے پاس امام وکیع کی کتابیں تھیں۔

علی بن عبد اللہ بن سندی کے پاس فضائل طرسوس میں اخبار و آثار کا ایک مجموعہ تھا۔ جب ۲۴۶ھ میں ابو بکر محمد بن عیسیٰ تمیمی طرسوسی بغداد آئے تو انھوں نے ان سے اس مجموعہ کی روایت کی، خطیب نے ابو بکر طرسوسی کے ذکر میں لکھا ہے:

وحدث عن علی بن عبد اللہ بن السندی اخباراً مجموعۃً فی فضائل طرسوس[4]	انھوں نے علی بن عبد اللہ بن سندی سے فضائل طرسوس کے مجموعہ کی روایت کی ہے۔

حسن بن حامد دیبلی کے پاس حسن بن علیل غزی کی روایت سے حکایات الموصلی ایک جزء میں تھی، ابن عساکر نے لکھا ہے:

---

[1] کتاب الانساب۔ [2] العقد الثمین فاسی ج ۱ ص ۳۹۷۔ [3] تاریخ جرجان ص ۴۲۶۔ [4] تاریخ بغداد ج ۲ ص ۱۰۴۔

وکان عندہ الحکایات للموصلی عن ابن علیبل جزءٌ۔ [1]	ان کے پاس ابن علیل کی روایت سے کتاب الحکایات للموصلی ایک جلد میں تھی۔

ان خاص خاص اجزاء و کتب کی روایت کے لئے دور دراز مقامات سے علماء سفر کرکے آتے تھے۔ اور ان کے حاملین روایت و اجازت سے ان کو عام کرتے تھے۔

ہندوستان میں درسِ حدیث

اس دور میں علم حدیث کے اعاظم رجال یہاں موجود تھے۔ جن کا فیض اندر باہر ہر جگہ عام تھا، یہاں کا ہر بڑا شہر علم و علماء کا مرکز تھا۔ اور اس میں حدیث کی روایت ہو رہی تھی، منصورہ، ملتان، لاہور، قزدار، بامیان، دیبل، وغیرہ اس کے خصوصی مرکز تھے۔ اور ان میں رواۃِ حدیث اور اجلۂ علماء رہتے تھے: اور درس و روایت کا سلسلہ جاری تھا۔

دیبل کے بارے میں یاقوت حموی نے لکھا ہے:۔

وقد نسب الیھا قوم من الرواۃ [2]	اس شہر کی طرف محدثین کی ایک جماعت منسوب ہے۔

اور ابن اثیر جزری نے اللباب فی تہذیب الانساب میں لکھا ہے:۔

وھی مدینۃ علی ساحل الھند قریبۃ من السند، ینسب الیھا جماعۃ کثیرۃ من العلماء [3]	دیبل ساحل سمندر پر سندھ سے قریب ایک شہر ہے، اس کی طرف علماء کی کثیر تعداد منسوب ہے۔

---

[1] مختصر تاریخ ابن عساکر ج ۴ ص ۱۵۹ - [2] معجم البلدان ج ۴ ص ۱۱۸۔
[3] العقد الثمین فاسی ج ۱ ص ۳۹۔

اس شہر کے سب سے پہلے محدث اور امام حدیث عبدالرحیم بن حماد ثقفی دیبلی ہیں، جنھوں نے اموی دور میں یہاں سے بصرہ کا سفر کر کے امام اعمش متوفی ۱۴۸ھ اور عمرو بن عبید متوفی ۱۴۲ھ سے حدیث کی روایت کی، عباسی دور میں یہاں باقاعدہ تحدیث و روایت کی سرگرمی جاری تھی اور دیبلی محدثین کی ایک بڑی جماعت موجود تھی۔

خطیب بغدادی نے خلف بن محمد موازینی دیبلی کے تذکرہ میں لکھا ہے کہ انھوں نے ایک دوسرے دیبلی محدث علی بن موسیٰ سے دیبل میں حدیث کی روایت کی ہے۔ ان کے تلمیذ احمد بن عمران کا بیان ہے:

حدثنی خلف بن محمد الدیبلی الموازینی صدوقنا۔ حدثنا علی بن موسی الدیبلی بالدیبل۔ [1]	مجھ سے میرے دوست خلف بن محمد دیبلی نے بیان کیا کہ ہم سے علی بن موسیٰ دیبلی نے دیبل میں یہ حدیث بیان کی۔

بعد میں خلف بن محمد دیبلی اور علی بن موسیٰ دیبلی دونوں حضرات بغداد گئے اور وہاں بھی شاگردوں نے اپنے استاد سے حدیث کی روایت کی اور یہاں کی مجلس درس بغداد میں قائم ہوئی۔ سمعانی کا بیان ہے:۔

خلف بن محمد الموازینی الدیبلی، نزیل بغداد نزل بغداد وحدث بها عن علی بن موسیٰ الدیبلی [2]	خلف بن محمد موازینی دیبلی نزیل بغداد نے بغداد آکر علی بن موسیٰ دیبلی سے حدیث کی روایت کی۔

[1] تاریخ بغداد ج ۸ ص ۳۳۳۔ [2] انساب سمعانی۔

اسی طرح دیبل کے دو محدثین نے اپنے شہر میں روایت کی، امام ابو نعیم نے تاریخ اصفہان میں لکھا ہے کہ ابو القاسم شعیب بن محمد دیبلی نے عبد الرحیم بن یحییٰ دیبلی سے روایت کی ہے، چنانچہ اپنے شیخ محمد بن جعفر بن یوسف کا بیان نقل کیا ہے:-

ثنا ابو القاسم شعیب بن محمد بن احمد بن شعیب الدیبلی ثنا عبد الرحیم بن یحییٰ الدیبلی[1]	ہم سے ابو القاسم شعیب بن محمد بن احمد شعیب دیبلی نے بیان کیا ہے کہ ہم سے عبد الرحیم بن یحییٰ دیبلی نے حدیث بیان کی۔

شعیب بن محمد دیبلی کا تذکرہ انساب سمعانی اور مختصر تاریخ ابن عساکر میں بھی ہے اور لکھا ہے کہ انھوں نے دمشق، مصر اور اصفہان کا دینی و علمی سفر کر کے حدیث کی روایت کی ہے۔ مگر عبد الرحیم بن یحییٰ دیبلی کا تذکرہ صرف اسی سلسلہ سند میں مل سکا ہے۔ اغلب یہ ہے کہ انھوں نے دیبل سے باہر کا سفر نہیں کیا، اسی لئے باہر کے علماء نے ان کا تذکرہ نہیں لکھا اور شعیب بن محمد دیبلی نے ان سے دیبل ہی میں روایت کی ہے۔

منصورہ اموی دور میں آباد ہو کر سندھ کا دار الامارت قرار پایا اور اسی زمانہ سے اس ملک میں اسلامی علوم اور علماء کا گہوارہ بنا رہا۔ یہاں علم و علماء کی بڑی کثرت تھی۔ عباسی دور کے بعد مقدسی بشاری آیا تو علمی و دینی رونق کا یہ حال تھا کہ علماء اور محدثین بہت زیادہ تھے اور حدیث کا درس اور تصنیف و تالیف کا مشغلہ جاری تھا۔ اس نے لکھا ہے:-

ولھم مروۃ وللاسلام	اہلِ منصورہ میں مروت و شرافت

[1] تاریخ اصفہان ج ۱ ص ۳۴۵۔

عندهم طراوة، والعلم واهله كثير، والتجارات مفيدة، ولهم ذكاء و فطنة [1]

ہے اور ان کے یہاں اسلام میں تروتازگی ہے، علم اور اہل علم بہت زیادہ ہیں، یہاں تجارتیں نفع بخش ہیں، اور ان میں سمجھ بوجھ ہے۔

آگے چل کر لکھا ہے:

واكثرهم اصحاب حديث ورايت القاضي ابامحمد المنصوري داؤدي فقيها اماما في مذهبه، وله تدريس و تصانيف، قد صنف كتبا عديدة حسنة۔ [2]

علمائے منصورہ میں اکثر اصحاب حدیث ہیں، میں نے قاضی ابو محمد منصوری داؤدی کو دیکھا ہے، وہ ظاہری مذہب کے امام ہیں، ان کا درس ہوتا ہے اور تصانیف ہیں، انھوں نے کئی اچھی اچھی کتابیں لکھی ہیں۔

قاضی ابوالعباس احمد بن محمد تمیمی کے غلام کا درس منصورہ میں جاری تھا۔ انھوں نے پہلے اس سے حدیث کی روایت کر کے بغداد کا تعلیمی سفر کیا۔ اور وہاں سے منصورہ آکر عہدۂ قضاء اور مسند تدریس کو رونق دی۔ ابو اسحاق شیرازی نے طبقات الفقہاء میں تصریح کی ہے:

خرج الى بغداد وتعلم ثم عاد الى المنصورة [3]

وہ بغداد گئے اور وہاں سے علم حاصل کر کے منصورہ واپس آئے۔

دیبل اور منصورہ کے بعد ہندوستان میں مسلمانوں کا تیسرا مرکز ملتان

---

[1] احسن التقاسیم ص ۴۸۰ [2] ایضاً ص ۴۸۱ [3] طبقات الفقہاء۔

تھا۔ محمد بن قاسم نے یہاں مسلمانوں کو بڑی تعداد میں آباد کر کے شاندار مسجد تعمیر کی، بعد میں ملتان دولت سامیہ کا دار الامارت بنا۔ یاقوت نے لکھا ہے:۔

اھلھا مسلمون منذ قدیم [1]	ملتان کے باشندے قدیم زمانہ سے مسلمان ہیں۔

تیسری صدی میں یہاں کے محدثین اور رواۃ کی ایک جماعت بغداد میں امام اصمّ کے حلقۂ درس میں شریک تھی۔

لاہور جسے لوہور، لہاور اور لہاور بھی کہتے ہیں بہت ہی بارونق اور بڑا شہر تھا۔ لاہوری علماء و محدثین کی کثرت کے بارے میں قلقشندی نے صبح الاعشیٰ میں لکھا ہے:۔

وھی مدینۃ کبیرۃ کثیرۃ الخیر خرج منھا جماعۃ من اھل العلم [2]	لاہور بہت بڑا، اور اچھا شہر ہے یہاں اہل علم کی ایک جماعت پیدا ہوئی ہے۔

قنوج اگرچہ سندھ کے اسلامی مرکز سے دور تھا مگر یہاں مسلمانوں کی اچھی خاصی آبادی اور علم و علماء کی کثرت تھی،..... مقدسی نے یہاں بڑے بڑے علمائے اسلام دیکھے تھے، وہ لکھتا ہے:۔

وبھا علماء اجلّۃ [3]	یہاں بڑے بڑے علماء تھے۔

ظاہر ہے کہ قنوج کے یہ اجلّہ علماء اپنے وطن میں علمی خدمت میں مصروف رہے ہوں گے۔ اور صدیوں پہلے سے ان کے یہاں درس و تدریس کا سلسلہ جاری رہا ہوگا جس کے نتیجہ میں اس وقت یہ علماء و محدثین موجود

---

[1] معجم البلدان ج ۸ ص ۱۴۶۔ [2] صبح الاعشیٰ ج ۵ ص ۷۶، [3] احسن التقاسیم ص۔

تھے۔ بامیان کا علاقہ غزنین اور سجستان سے متصل تھا۔ یہاں بھی علم و علماء کی سرگرمی جاری تھی۔ یاقوت حموی نے لکھا ہے:۔

خرج من هذه المدينة جماعة من اهل العلم۔ [1]	یہاں سے اہلِ علم کی ایک جماعت نکلی ہے۔

ان مرکزی مقامات کے علاوہ قصدار، بوقان، وغیرہ میں علم و علماء کی سرگرمیاں عام تھیں۔ اور ہر جگہ علمائے کتاب و سنت تدریس و تعلیم، تصنیف و تالیف اور تحدیث و روایت میں مشغول تھے۔

تحدیث و روایت میں احتیاط و احتساب

علمائے اسلام نے احادیث کی روایت میں جو خلوص و احتیاط اختیار کیا ہے اس کا نتیجہ ہے کہ آج ہمارے پاس احادیث و سیر کا بیش بہا خزانہ اپنی اصلی شکل و صورت میں موجود ہے۔ اور دنیا کی تمام قوموں میں ہمارا سر اونچا ہے۔ ہندوستان کے علماء و محدثین نے بھی پورے اخلاص و احتساب اور حزم و احتیاط کے ساتھ احادیث کی روایت کی، اور اس بارے میں اصول حدیث کی پوری رعایت کی ہے۔ اور اس سلسلہ میں ذرا بھی بے اعتنائی سے کام نہیں لیا۔

ابو ابراہیم اسمٰعیل سندی بغدادی کا بیان ہے:۔

سألتُ بشر بن الحارث عن حديث فقال اتق الله، فان كنت تريده لله فلا ترده وان كنت تريده	میں نے ایک مرتبہ بشر بن حارث سے ایک حدیث کے بارے میں سوال کیا۔ تو انھوں نے کہا کہ اللہ سے ڈرو۔ اگر تم حدیث کو

[1] معجم البلدان ج ۲ ص ۴۹۔

للآخرة، فقد سمعت[1]

دنیا کے لئے حاصل کرتے ہو تو ایسا نہ کرو، اور اگر آخرت کے لئے طلب کرتے ہو تو اس حدیث کو حاصل کر چکے ہو۔

حضرت بشر حافیؒ کے تلمیذ اسمٰعیل سندی کا یہ بیان استاد اور شاگرد کے علمی و دینی اخلاص کا پتہ دے رہا ہے۔

شعیب بن محمد بن احمد بن ابی قطعان دیبلی نے اپنی سند سے نقل کیا ہے کہ امام زہریؒ اکثر فرمایا کرتے تھے:

لکل شئ شجون، و شجون الحدیث اذا کان یقرء المذاکرة فی اضعاف مذاکرته۔[2]

ہر چیز کے لئے بہت سی راہیں ہوتی ہیں۔ حدیث کی راہیں ایام طلب میں بار بار مذاکرہ کرنے میں ہیں۔

یعنی زمانۂ طالب علمی میں احادیث کا تذکرہ اور اپنی مرویات و مسموعات کا سننا سنانا اور لکھنا احادیث میں وسعت معلومات کا سبب ہے، اور اس سے تفقہ کی قوت پیدا ہوتی ہے۔

احادیث کی طلب و روایت نتیجہ کے اعتبار سے خیر و برکت اور حسن قبول کا باعث ہے، اس سلسلہ میں عباس بن عبداللہ سندی نے ابو الولید طیالسی کی روایت سے امام سفیان بن عیینہ کا یہ قول نقل کیا ہے۔ اسامہ بن علی المعروف بہ ابن علیک کہتے ہیں:

---

[1] تاریخ بغداد ج ۶ ص ۲۸۳۔ [2] مختصر تاریخ ابن عساکر ج ۶ ص ۳۲۴۔

حدثنا عباس السندی قال سمعت ابا الولید الطیالسی، یقول سمعت ابن عیینۃ منذ اکثر من ستین سنۃ، یقول طلبنا الحدیث لغیر اللہ فاعقبنا اللہ ما ترون۔ [1]

ہم سے عباس سندی نے بیان کیا کہ میں نے ابو الولید طیالسی سے سنا ہے۔ وہ کہتے تھے کہ ساٹھ سال سے زیادہ سے میں ابن عیینہ کو یہ کہتے ہوئے سن رہا ہوں کہ ہم نے علم حدیث کی تعلیم اللہ تعالیٰ کی رضا جوئی کے لئے حاصل نہیں کی تھی پھر بھی اس کی برکت کے نتیجہ میں اللہ تعالیٰ نے ہم کو وہ مقام دیا ہے، جسے تم دیکھ رہے ہو۔

علمائے ہند اپنے ان اساتذہ و شیوخ اور بزرگوں کے اقوال و اعمال کی روشنی میں علمی زندگی بسر کی، اور علم حدیث کی خدمت میں نہایت اخلاص و احتیاط، اور ذمہ داری سے کام لیا۔

ابو عبد اللہ محمد بن رجاء سندی نیشاپوری حج کو جاتے ہوئے بغداد آئے تو حدیث کی مجلس درس قایم کی، اور ابو بکر بن ابی الدنیا قرشی اور احمد بن بشر مرثدی وغیرہ نے ان سے روایت کی، اسی سلسلہ میں محمد بن رجاء سندی نے بیان کیا:

حدثنا النضر بن شمیل عن ھشام بن عروۃ، عن

ہم سے نضر بن شمیل نے بیان کیا انھوں نے ہشام بن عروہ سے، انھوں نے

---

[1] جامع بیان العلم ج ۲ ص ۲۳۔

ابیہ، عن عائشۃ، عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال: کلکم راع، وکلکم مسئول عن رعیتہ۔	اپنے والد سے، انھوں نے حضرت عائشہ سے، انھوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ آپؐ نے فرمایا۔ الخ۔

اس کے بعد خطیب بغدادی نے ابراہیم راوی سے حافظ ابو علی کا یہ بیان نقل کیا ہے:۔

حج محمد بن رجاء، وحدث بھذا الحدیث ببغداد، فلما انصرف نظر فی کتابہ، ولیس فیہ "عائشۃ" فکتب الیھم بذلک۔ [1]	محمد بن رجاء نے سفر حج میں بغداد میں یہ حدیث بیان کی، اور وطن جاکر اپنی کتاب میں دیکھا کہ اس سلسلہ میں "عائشہ" نہیں ہے تو اپنے بغدادی کو اس کی تحریری خبر دی۔

محمد بن رجاء نے اپنے وطن اسفرائن پہونچ کر..... اپنی کتاب میں دیکھا کہ اس حدیث کی راوی حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نہیں ہیں بلکہ ہشام کے والد عروہ بن زبیرؓ نے براہ راست رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی ---- روایت کی ہے، تو فوراً..... بغداد لکھ کر اپنے تلامذہ کو اس سے مطلع کیا۔ احمد بن سندی رازی احادیث کے بارے میں شدید احتیاط سے کام لیتے تھے۔ ابن ابی حاتم رازی نے ابراہیم بن محمد بن ابو یحییٰ اسلمی کے ذکر میں ان کے سلسلۂ سند سے بیان کیا ہے:۔

عن سفیان بن عیینۃ انہ قال	ایک دن سفیان بن عیینہ نے

[1] تاریخ بغداد ج ۵ ص ۲۰۶۔

ذات یوم ما بقی احدٌ اروی عن محمد بن المنکدر منی، فقیل له: ابراهیم بن ابی یحییٰ؟ قال: انما نرید اهل الصدق۔ [1]

کہا کہ اب کوئی عالم ایسا نہیں رہ گیا جو محمد بن منکدر کی احادیث کا مجھ سے زیادہ راوی ہو۔ اس پر ان سے کہا گیا کہ ابراہیم بن ابو یحییٰ؟ تو کہا کہ ہماری مراد اہل صدق ہیں۔

اسی کے مطابق احمد بن سندی رازی کا عمل بھی تھا، چنانچہ حدیث کے بارے میں ان کی شدت احتیاط اور تحقیق و تلاش کا یہ واقعہ امام ابو حاتم رازی نے بیان کیا ہے کہ ایک مرتبہ میں اور احمد بن سندی دونوں ابو عمران صوفی کے داماد عبدک کی دوکان پر پہونچے، ان کے پاس حدیث کے دو اجزاء تھے۔ میں نے پوچھا یہ دونوں اجزاء آپ کے ہیں۔ انھوں نے اثبات میں جواب دیا۔ پھر میں نے پوچھا آپ نے ان کا سماع کس سے کیا ہے؟ انھوں نے کہا ابو زہیر عبدالرحمن بن مغراء سے، حالاں کہ میں نے دیکھا تو ایک جزء میں محمد بن اسحاق اور علی بن مجاہد کے شیوخ کی احادیث اور دوسرے میں سلمہ بن فضل کی احادیث، درج تھیں۔ مگر عبدک نے انکار کیا اور کہا کہ ان کو ابو زہیر نے ہم سے بیان کیا ہے! اس پر میں نے چند احادیث کی نشاندہی کی جن میں غرائب حسان بھی تھیں اس کے باوجود وہ اپنی بات پر اڑے رہے تو میں نے دونوں اجزاء ان کے پاس چھوڑ دیئے اور ہم دونوں وہاں سے چلے آئے۔

[1] الجرح والتعدیل ج ۱ قسم ۱ ص ۱۲۶۔

کچھ دنوں کے بعد میں اور احمد بن سندی دونوں ابو عبداللہ محمد بن حمید کے پاس گئے، انھوں نے بتایا کہ میرے پاس کچھ حدیثیں ہیں جن کو میں نے دیکھا نہیں ہے، یہ کہہ کر ابن حمید نے دو اجزاء نکالے جن میں وہی حدیثیں تھیں جو عبدک والے دونوں اجزاء میں تھیں، میں نے بتایا تھا کہ یہ سلمہ بن فضل کی مرویات ہیں، ابن حمید ان کو براہ راست سلمہ بن فضل سے روایت کرتے تھے پھر میں نے احمد بن سندی سے کہا تم دیکھ رہے ہو؟ یہ وہی حدیثیں ہیں جن کو ہم نے عبدک کے دونوں اجزاء میں دیکھا ہے۔ اس کے بعد میں نے ابن حمید کے نسخہ سے ان غرائب کو لکھ لیا جن کو عبدک سے سننا چاہتا تھا۔

اس کے بعد ہم دونوں ابن حمید کے یہاں سے اٹھ کر عبدک کے پاس گئے۔ اور ان دونوں اجزاء کو مطالعہ کے لئے طلب کیا۔

انھوں نے کہا۔ کہ ایک دن ابن حمید نے ادھر سے گذرتے ہوئے میری دوکان میں ان کو دیکھا تو لے کر چلے گئے۔[1]

دینی علم کے حقوق و آداب کی رعایت اور درس تدریس میں احتیاط کے سلسلہ میں یہ واقعہ بھی قابل ذکر ہے کہ:۔

امام احمد بن حنبل کے تلمیذ خاص جبیش بن سندی کے پاس امام صاحب کی احادیث و مسائل کے دو اجزاء تھے جو دوسرے کے پاس نہیں تھے ابو الخلال کا بیان ہے کہ میں ان کے پاس گیا۔ تاکہ وہ ان احادیث کو مجھ سے بیان کریں مگر انھوں نے یہ کہہ کر صاف انکار کر دیا کہ:۔

انا لا احدث جھذہ الطائل ابو بکر مروزی کے جیتے جی میں اللہ

---

[1] الجرح والتعدیل ج ۳ قسم ۲ ص ۲۳۲۔

وابوبکر مروزی حیؒ۔ احادیث و مسائل کا درس نہیں دے سکتا۔

وجہ یہ تھی کہ جبیش بن سندی، ابوبکر مروزی کا بے حد احترام کرتے تھے۔ اور ان کے ہوتے ہوئے امام احمد کے علوم و معارف کے ترجمان بننا نہیں چاہتے تھے۔ ابوالخلال کا بیان ہے کہ اس سلسلہ میں جبیش بن سندی سے میری بہت باتیں ہوئیں اور یہ سوچ کر واپس چلا آیا کہ ابوبکر مروزی کے پاس جاکر کہوں گا کہ وہ جبیش بن سندی سے ان کے بیان کرنے کا حکم دیدیں مگر اسی درمیان میں ان کا انتقال ہوگیا اور میں جبیش بن سندی سے ان کو نہ سن سکا۔ بعد میں دونوں اجزاء محمد بن ہارون وراق کے پاس مجھے ملے اور میں نے ان کا سماع کیا۔[1]

تصنیفات و تالیفات اور کتابیں

دوسری صدی کے وسط میں پورے عالم اسلام میں احادیث کی تدوین اور جمع و ترتیب کا کام شروع ہوا۔ اور کتابیں لکھی گئیں۔ اس سے پہلے ائمہ دین اپنے حافظہ سے کام لیتے تھے۔ اور بعض اہل علم کے پاس ان کی مرویات و احادیث کے غیر مرتب صحیفے اور کتبے تھے۔ جن کی حیثیت ذاتی یادداشت کی تھی۔ امام ذہبی نے تاریخ الاسلام میں ۱۴۳ھ کے واقعات میں لکھا ہے کہ اس دور میں علمائے اسلام نے فقہ، حدیث تفسیر وغیرہ کی تدوین شروع کی، ابن جریج نے مکہ مکرمہ میں، سعید بن ابی عروبہ اور حماد بن سلمہ وغیرہ نے بصرہ میں، اوزاعی نے شام میں، مالک نے مؤطا اور ابن اسحاق نے مغازی مدینہ منورہ میں، معمر نے یمن میں

[1] طبقات الحنابلہ ج ۱ ص ۱۴۰۔

ابو حنیفہ وغیرہ نے فقہ کوفہ میں، سفیان ثوری نے کتاب الجامع کی تصنیف کی۔ اس کے تھوڑے ہی عرصہ کے بعد ہیثم، لیث بن سعد، ابن لہیعہ، ابن مبارک، ابو یوسف، ابن وہب نے حدیث و فقہ وغیرہ میں کتابیں لکھیں، اسی کے ساتھ عربیت، لغت، تاریخ، ایام ناس پر تدوین و تالیف کا کام ہوا۔[1]

رامہرمزی نے المحدث الفاصل بین الراوی والواعی میں لکھا ہے کہ فقہی ابواب پر احادیث کی ترتیب سب سے پہلے بصرہ میں ربیع بن صبیح بصری نے کی ہے:۔

اول من صنف وبوب فیما	میرے علم میں بصرہ میں سب سے
اعلم الربیع بن صبیح بالبصرۃ	پہلے ربیع بن صبیح، پھر سعید بن
ثم سعید بن ابی عروبۃ[2]	ابو عروبہ نے احادیث کی تصنیف
	و تبویب کی ہے۔

قدیم زمانہ سے بصرہ، ارض الہند اور فرج الہند کے نام سے مشہور تھا اور اس مقام سے ہندوستان کی تجارت اور یہاں کے تاجروں کو خاص تعلق تھا۔ نیز امام ربیع بن صبیح بصری احادیث کی فقہی ترتیب و تبویب اور تدوین کے بعد ہندوستان آئے اور ۱۶۰ھ میں غزوۂ باربد کے بعد یہیں فوت ہوئے۔ اور یہیں دفن کیے گئے۔ ہندوستان کے علماء و محدثین کو اس نسبت و تعلق کے برکات و حسنات سے بڑا حصہ وافر ملا کہ آج تک اس ملک میں احادیث کی روایت و تدریس کے ساتھ تصنیف و تالیف اور شرح و تعلیق اور طباعت و اشاعت کا کام جاری ہے اور بہت

---

[1] تاریخ الاسلام ج ۶ ص ۶۔ [2] المحدث الفاصل ص ۶۱۱۔

سے اسلامی ممالک کے علماء و محدثین کے مقابلہ میں یہاں کے خدام علم اس شرف میں ممتاز مقام رکھتے ہیں۔

عباسی عہد میں اندرا اور باہر کے علماء ہند حدیث، فقہ، تفسیر، اور دوسرے علوم و فنون میں کتابیں لکھتے تھے۔

چنانچہ اس دور میں یہاں کے علماء و محدثین نے فن حدیث میں بھی مستقل کتابیں تصنیف کیں جو عالم اسلام میں دیگر کتب حدیث کی طرح مقبول و متداول رہیں، اور طلبۂ حدیث نے ان کے مصنفین کی خدمت میں حاضر ہو کر ان کی روایت کی اور بلاد اسلامیہ میں ان کو رواج دیا مگر افسوس کہ علمائے ہند کی یہ قدیم تصانیف آج ناپید ہیں۔ صرف ان کے نام کتابوں میں رہ گئے ہیں۔ بہت ممکن ہے کہ دنیا کے کتب خانوں میں مخطوطات کی چھان بین کی جائے تو بعض کتابوں میں قلمی نسخے مل جائیں۔

ہندوستان کے مصنفین میں امام حافظ ابو بکر محمد بن محمد بن رجاء بن سندی نیشاپوری اسفرائنی متوفی ۲۸۶ھ یا ۲۹۰ھ سرخیل ہیں۔ جو صاحب "الصحیح علی شرط مسلم" اور مصنف الصحیح و مخرجہ علی کتاب مسلم کی نسبت سے مشہور ہیں:۔

وله مستخرج علی صحیح مسلم بن حجاج۔[1]	ان کی ایک کتاب مستخرج علی صحیح مسلم ہے۔

فن حدیث کی یہ عظیم اور اہم کتاب صحیح ابو بکر اسفرائنی، اور مستخرج علی مسلم کے نام سے مشہور تھی۔ استخراج اور تخریج کا مطلب محدثین کے نزدیک یہ ہے کہ محدث کسی ایک کتاب مثلاً صحیح مسلم کو لے کر اس کی احادیث

---

[1] تذکرۃ الحفاظ ج ۲ ص ۲۳۰۔ والوافی بالوفیات ج ۳ ص ۷۰۔ شذرات الذہب ج ۲ ص ۱۶۳

کو اپنی سند سے بیان کرے اور آخر میں امام مسلم کے شیوخ یا ان کے اوپر کے شیوخ سے سند مل جائے، بہت سے حفاظ حدیث نے صحیح بخاری اور صحیح مسلم کو سامنے رکھ کر استخراج و تخریج کیا اور ان دونوں کے ٹکر کی کتابیں لکھیں، ان ہی میں سے مستخرج ابی بکر سندی اسفرائنی بھی ہے۔ جو صحیح مسلم کے ٹکر کی ہے۔

امام بخاری سے پہلے یا ان کے معاصرین میں ایک محدث ابو جعفر سندی تھے۔ ان کی بھی حدیث میں ایک کتاب تھی۔ جس میں اس کے بعض راویوں نے اپنی طرف سے الحاق کر دیا تھا۔ میزان الاعتدال میں عمرو بن مالک راسبی کے ذکر میں ہے:۔

قال الترمذی: قال	ترمذی کا بیان ہے کہ امام بخاری
محمد بن اسمعیل: ھذا	نے عمرو بن مالک راسبی کو کذاب
کذاب۔ کان استعار	کہا ہے۔ اس نے ابو جعفر سندی
کتاب ابی جعفر السندی	کی کتاب مستعار لے کر اس میں
فالحق فیہ احادیث۔[1]	دیگر احادیث کا الحاق کر دیا۔

یہاں کے قدیم رُواۃ حدیث میں ایک راوی ابو الفرج سندی کوفی تھے۔ انھوں نے حدیث میں ایک کتاب لکھی تھی۔ جس کی روایت بعد تک ہوتی رہی اور محدثین مصنف کے سلسلۂ سند سے اس کو پڑھتے رہے ابو جعفر طوسی نے کتاب الفہرست میں لکھا ہے:

ابو الفرج السندی، لہ کتاب،	ابو الفرج سندی کی ایک کتاب

[1] میزان الاعتدال ج ۲ ص ۳۰

اخبرنا به جماعة، عن التلعکبری، عن ابی هما عن حمید، عن القاسم بن اسمٰعیل، عن احمد بن رباح، عنه۔[1]

ہے جس کی روایت ہم سے محدثین کی ایک جماعت عن التلعکبری، عن ابی ہمام، عن حمید، عن القاسم بن اسمٰعیل، عن احمد بن رباح، عن ابی الفرج السندی کے سلسلۂ سند سے کی ہے۔

ابان بن محمد سندی عراق کے قدیم علماء میں سے ہیں۔ کتاب النوادر ان کی تصنیف ہے، ابن حجر نے لسان المیزان میں لکھا ہے کہ نجاشی نے ان کو رجال شیعہ میں ذکر کیا ہے اور کہا ہے کہ کتاب النوادر ان کی کتاب ہے۔[2]

عبداللہ بن حسن بن سندی اندلسی نے زہد و رقائق پر بیس جلدوں میں ایک کتاب لکھی تھی۔ جس میں محدثین کی ایک جماعت سے روایت کی تھی۔ ابن عساکر نے ان کا ذکر کر کے ایک حافظ حدیث کا قول نقل کیا ہے:

قال الحافظ صنف کتابًا فی الزهد، وقفت علی الجزء العشرین منه، روی فیه عن جماعة، ولم اعرف من روی عنه۔[3]

انھوں نے زہد و رقائق کے موضوع پر ایک کتاب تصنیف کی تھی، جس کی بیسویں جلد میں نے دیکھی ہے۔ اس میں محدثین کی ایک جماعت سے روایت کی ہے مجھے معلوم نہیں کہ اس کتاب کو ان سے کس نے روایت کیا ہے۔

[1] معجم المصنفین ج ۳ ص ۳۳۔ [2] لسان المیزان ج ۱ ص ۲۵۔ [3] مختصر تاریخ ابن عساکر ج، ص ۳۶۳۔

زہد و رقائق کے موضوع پر بہت سے محدثین نے مستقل کتابیں لکھی ہیں جن میں کچھ آج کل شائع ہو رہی ہیں ، عبد اللہ بن حسن بن سندی اندلسی کی کتاب الزہد اپنے موضوع پر غالباً سب سے بڑی کتاب تھی۔

ابو العباس احمد بن محمد منصوری، داؤدی مسلک کے امام و قاضی تھے اور منصورہ میں رہتے تھے۔ وہ متعدد بڑی بڑی اور عمدہ کتابوں کے مصنف تھے۔ ابن ندیم نے ان کی تصانیف کا تذکرہ یوں کیا ہے:۔

وله كتب جليلة حسنة كبار، منها كتاب المصباح كبير، كتاب الهادى، كتاب النير۔[1]	اور ان کی بہت سی کتابیں ہیں جو شاندار، عمدہ اور ضخیم ہیں انھیں میں ایک کتاب مصباح ہے جو ضخیم ہے اور کتاب الہادی اور کتاب النیر بھی ہے۔

مقدسی بشاری نے منصورہ میں ان سے ملاقات کی ہے اور ان کا نام قاضی ابو محمد منصوری بتا کر لکھا ہے کہ میں نے ان کو دیکھا ہے وہ داؤد ظاہری کے مسلک کے امام ہیں، ان کا حلقۂ درس ہے۔ اور تصانیف ہیں انھوں نے نہایت عمدہ عمدہ کئی کتابیں تصنیف کی ہیں[2] یاقوت نے بھی لکھا ہے کہ ان کے مسلک پر ان کی تصانیف ہیں[3]

بعض تذکرہ نویسوں نے ان کی کتاب النیر کا نام کتاب النیرین بتایا ہے یہ کتاب اسقدر اہم اور مشہور تھی کہ وہ بعد میں اسی کی نسبت سے مشہور ہوئے۔ چنانچہ ابن القیسرانی نے ان کو الانساب المتفقہ میں "صاحب کتاب النیرین"

---

[1] کتاب الفہرست ص ۳۰۶۔ [2] احسن التقاسیم ص ۴۸۱۔ [3] معجم البلدان ج ۵ ص ۱۵۱۔

لکھا ہے [1]

ابواسحاق ابراہیم بن سندی اصفہانی کو حافظ ابونعیم نے تاریخ اصفہان میں "صاحب اصول" لکھا ہے [2]

غالباً کتاب الاصول کے نام سے ان کی کوئی مشہور تصنیف تھی جس سے وہ منسوب ہوئے۔ علمائے ہند کی تصانیف کے سلسلہ میں وہ کتابیں آتی ہیں جنکو ان کے تلامذہ نے ان کی احادیث و مرویات سے انتخاب کر کے اپنے ذوق کے مطابق مرتب کیا ہے۔ امام دار قطنی نے ابوبکر احمد بن سندی بغدادی کی مرویات کا منتخب مجموعہ تیار کیا تھا۔ خطیب بغدادی کا بیان ہے کہ میں نے ابوبکر احمد بن سندی کے بارے میں حافظ ابونعیم اصفہانی سے سوال کیا تو انھوں نے ان کی توثیق کر کے بتایا کہ دار قطنی نے ان کی احادیث کا انتخاب کیا ہے :-

فقال ثقة ، انتخب علیه الدارقطنی۔ [3]	ابونعیم نے کہا کہ ابوبکر سندی ثقہ ہیں، دار قطنی نے ان کی روایات کا انتخاب کیا ہے۔

ان چند مثالوں سے معلوم ہو سکتا ہے کہ عباسی دور میں علمائے ہند تصنیف و تالیف کے میدان میں بھی اپنے معاصرین سے پیچھے نہیں تھے۔

علمائے ہند علمائے اسلام کی نظر میں

یہاں کے علماء و محدثین نے اپنے فضل و کمال اور تبحر کی وجہ سے عالم اسلام میں بڑا نام و مقام پیدا کیا۔ ان میں امام، حافظ، مسند، ثقہ،

---

[1] الالقاب المتفقہ ص ۱۵۴۔ [2] تاریخ اصفہان ج ۱ ص ۱۹۳۔
[3] تاریخ بغداد ج ۴ ص ۱۸۷۔

ثبت، مامون، صادق، صدوق، حجت سب ہی ہیں۔ اور علمائے اسلام نے ان کی امامت و عبقریت کا برملا اعتراف کر کے ان کو بزم علم کا صدر نشین بنایا، ان کی حلقہ نشینی کی، ان کے بارے میں بہترین خیالات ظاہر کئے، اور ان سے علمی و دینی اور روحانی اکتساب کیا۔ یہاں کے علماء و مشائخ پورے عالم اسلام کے لئے سرمایۂ صد افتخار تھے۔ اور قول و عمل سے ان کی عظمت کا اعتراف و اقرار کیا جاتا تھا۔

ابوبکر احمد بن سندی بغدادی کے بارے میں خطیب بغدادی نے یہ الفاظ لکھے ہیں:

وکان ثقة، صادقاً خیراً فاضلاً۔	وہ ثقہ، صادق، خیر، فاضل تھے۔

اور ان کے متعلق حافظ ابونعیم نے ثقاہت کی تصریح کر کے کہا ہے:

وکان یُعدّ من الأبدال ویقال انّہٗ مجاب الدعوۃ۔[1]	ان کا شمار ابدال میں تھا، مشہور تھا کہ مستجاب الدعوات بزرگ ہیں۔

ابن اثیر نے ان کو صادق بتایا ہے۔ اور امام ابوبکر برقانی نے ان کی توثیق کی ہے۔[2]

امام ابوبکر احمد بن سندی کے علمی اور دینی مقام و مرتبہ کے لئے ان ائمۂ اسلام کی یہ تصریحات کافی ہیں۔

ابوالفوارس احمد بن محمد سندی صابونی مصری کو امام سیوطی نے ثقہ،

---

[1] تاریخ بغداد ج ۴ ص ۱۸۷۔ [2] اللباب فی تہذیب الانساب ج ۱ ص ۲۱۲۔

معمر، مُسندِ دیارِ مصر کے القاب سے یاد کیا ہے[1] نیز امام ذہبی نے ان کو مسندِ مصر لکھا ہے[2]

ابو العباس احمد بن محمد بن صالح منصوری داؤدی کے متعلق ابن ندیم نے لکھا ہے:-

من افاضل الداؤدیین[3] — داؤدی مسلک کے علماء میں وہ نہایت افضل عالم تھے۔

اور مقدسی بشاری نے ان کو داؤدی مذہب کا امام بتایا ہے[4]

ابو محمد حسن بن حامد دیبلی بغدادی کے بارے میں خطیب بغدادی نے لکھا ہے:-

وکان صدوقًا، وکان تاجرًا مموّلا۔[5] — وہ صدوق اور مال دار تاجر تھے۔

ابو محمد رجاء بن سندی نیشاپوری کو ابو حاتم نے صدوق بتایا ہے۔ بکر بن خلف کا قول ہے کہ ان سے زیادہ فصیح میں نے نہیں دیکھا، اور امام ابو عبداللہ حاکم نے کہا ہے:-

رکن من ارکان الحدیث، وفی اعقابہ حُفّاظ محدّثون۔ — وہ حدیث کے ارکان میں سے ایک اہم رکن ہیں۔ اور ان کی اولاد میں حفاظ حدیث اور محدثین پیدا ہوئے۔

ابن جان نے ان کو ثقات میں شمار کیا ہے[6]

---

[1] حسن المحاضرہ ج ۱ ص ۱۵۶۔ [2] تذکرۃ الحفاظ ج ۳ ص ۹۸۔ [3] الفہرست ص ۳۰۶
[4] احسن التقاسیم ص ۲۸۱۔ [5] تاریخ بغداد ج ۷، ص ۳۰۳۔ [6] الجرح والتعدیل ج ۴ قسم ۱ ص ۵۰۳

وتہذیب التہذیب ج ۳ ص ۲۷۵

ابو الہیثم سہل بن عبد الرحمٰن سندی رازی کو سندی بن عبدویہ بھی کہتے ہیں، ان کے بارے میں سمعانی نے لکھا ہے:

وکان من علماء الحدیث، وکان قاضی ھمدان و قزوین، وھو اوّل من جمعتالہ۔ [1]	وہ محدثین میں سے، ہمدان اور قزوین دونوں شہروں کے بیک وقت قاضی تھے۔ اور سب سے پہلے ان دونوں شہروں کا عہدۂ قضا ان ہی کو ملا۔

اور ابو الولید طیالسی کا بیان ہے:

لم ار بالری اعلم بالحدیث من رجلین، من قاضیکم یحییٰ بن الضریس ومن الزائد الی ربیع السندی بن عبدویہ۔	میں نے شہر رے میں دو عالموں سے بڑا حدیث کا عالم نہیں دیکھا ایک تمہارے قاضی یحییٰ بن ضریس اور دوسرے سندی بن عبدویہ۔

اور ابو حاتم رازی نے ان کو "شیخ" کہا ہے [2]

ابو عبد اللہ محمد بن رجاء سندی نیشاپوری ثقہ و ثبت تھے۔ اور ان کے صاحبزادے ابو بکر محمد بن محمد بن رجاء سندی نیشاپوری کا تذکرہ امام ذہبی نے الحافظ الامام کے القاب سے شروع کر کے امام ابو عبد اللہ حاکم کا یہ قول ان کے بارے میں نقل کیا ہے:

کان دیّنا، ثبتًا مقدّمًا	وہ نہایت دیندار، ثبت اور

[1] کتاب الانساب۔ [2] الجرح والتعدیل ج ۲ ص ۳۱۸۔

فی عصرہ۔[1] — اپنے زمانہ میں علم حدیث میں آگے تھے۔

ابن عماد نے شذرات الذہب میں ان کا تعارف کرایا ہے:

وکان حافظاً، ثبتاً، تقوم بہ الحجۃ والاحتجاج، ولہ مستخرج علی صحیح مسلم بن حجاج۔[2] — وہ حافظ اثبت تھے، ان کی احادیث و مرویات سے حجت پکڑنا صحیح ہے۔ اور حدیث میں ان کی کتاب مستخرج علی صحیح مسلم" ہے۔

باپ، بیٹے اور پوتے تینوں حضرات کے متعلق حافظ ابو عبد اللہ محمد بن یعقوب نے کہا ہے:۔

رجاء السندی، وابنہ ابو عبد اللہ، وابنہ ابوبکر ثلاثتھم ثقات، ثبات۔[3] — رجاء سندی، ان کے صاحبزادے ابو عبد اللہ اور ان کے صاحبزادے ابو بکر تینوں حضرات ثقہ و ثبت ہیں۔

ابو بکر محمد بن حسین دیبلی شامی کے بارے میں ابن الجزری نے تقری ثقہ لکھا ہے۔[4]

ابو العباس محمد بن عبد اللہ دیبلی زاہد کے متعلق سمعانی نے لکھا ہے:۔

الزاھد، وکان صالحاً، عالماً،[5] — ابو العباس دیبلی زاہد اور نہایت نیک عالم تھے۔

---

[1] تذکرۃ الحفاظ ج ۲ ص ۲۳۰ [2] شذرات الذہب ج ۲ ص ۱۹۳ [3] تاریخ بغداد ج ۵ ص ۲۷۶۔ [4] غایۃ النہایہ ج ۲ ص ۳۳۳۔ [5] کتاب الانساب۔

ابوبکر محمد بن علی بابیانی محدث اور ثقہ تھے [1]

ابوالقاسم منصور بن محمد سندی کو ابن الجزری نے مقرئ معروف ضابط لکھا ہے [2]

ابونعیم اصفہانی نے ان کے علمی اوصاف و کمالات یوں بیان کئے ہیں:

کان مقدمًا فی حفظ القرآن کثیر الروایات، تخرج بالبصرۃ و ببغداد، کتب الحدیث الکثیر۔ یرجع الی فنون العلم من النحو والأعراب، وحفظ الآثار والاخبار۔ [3]	وہ حفظ قرآن میں بہت آگے اور احادیث میں کثیر الروایات تھے، انھوں نے بصرہ و بغداد میں بہت زیادہ کتب حدیث کی روایت کی، وہ نحو، عربیت اخبار و آثار اور دیگر علوم و فنون میں شہرت رکھتے تھے۔

ابو محمد موسیٰ بن سندی جرجانی کو حافظ ابن عدی نے ثقہ بتایا ہے، ان کی ثقاہت و عدالت کا حال یہ تھا کہ محمد بن عمر علاء صیرفی ان الفاظ کے ساتھ ان سے روایت کیا کرتے تھے:۔

حدثنا ابو محمد موسیٰ بن السندی السکاک الثقۃ المامون۔ [4]	ابو محمد موسیٰ بن سندی سکاک ثقہ، مامون نے ہم سے حدیث بیان کی ہے۔

ابوالحسن نصر اللہ بن احمد بن قاسم بن سیما بن السندی بغدادی کے تذکرہ میں خطیب بغدادی نے لکھا ہے:۔

---

[1] معجم البلدان ج ص [2] غایۃ النہایہ ص ۳۱۴۔ [3] تاریخ اصفہان ج ۲ ص ۲۳۱
[4] تاریخ جرجان ص۔

کتبتُ عنه، وکان صدوقا۔[1]	ان سے میں نے احادیث کا املاء کیا ہے۔ وہ صدوق تھے۔

ابو محمد عبداللہ بن سلیمان بن عیسی بن سندی کو خطیب بغدادی نے ثقہ بتایا ہے۔[2]

حبیش بن سندی بغدادی، امام احمد بن حنبل کے تلمیذ خاص اور ان کے علوم کے جامع ہیں۔ ابو الخلال نے ان کے بارے میں کہا ہے:۔

وکان جلیل القدر جدًا۔	وہ بڑی شان و شوکت کے آدمی تھے۔

اور ایک واقعہ کے ضمن میں ان کے علم و فضل اور کمال کا یوں اعتراف کیا ہے:۔

وھو رجل ما شئت یا لك من رجل، جلیل القدر، کثیر العلم، مقدم عندھم فی القطیعۃ۔[3]	وہ بہت خوب آدمی تھے۔ جلیل القدر، کثیر العلم ہونے کے ساتھ قطیعۃ الفقہاء کے اہلِ علم میں سب سے آگے مانے جاتے تھے۔

عبدالحمید سندی قیروانی مالکی مذہب کے بہت بڑے عالم اور محدث تھے۔ قاضی عیاض نے ان کو رجل صالح بتایا ہے۔[4]

بعض محدثین پر جرح اور انکی مرویات میں کلام

بعض ہندی علماء و محدثین کی مرویات کے بارے میں ائمۂ حدیث نے فن جرح و تعدیل کی رو سے کلام بھی کیا ہے۔

---

[1] تاریخ بغداد ج ۱۳ ص ۳۰۲۔ [2] تاریخ بغداد ج ۹ ص [3] طبقات الحنابلہ ج ۱ ص ۱۴۷۔ [4] ترتیب المدارک ج ۳ ص ۱۳۰۔

Anjuman Taraqqi Urdu (Hind) LIBRARY

اور ان کے ہنر کے ساتھ عیب کو ظاہر کر کے حدیث رسول کی عظمت و عصمت کا پاس رکھا ہے۔

سہل بن عبد الرحمٰن سندی (سندی بن عبدویہ) نہایت ثقہ محدث تھے۔ ابو حاتم رازی نے ان کی علمی اور دینی باتیں سنیں مگر حدیث کی روایت نہیں کی، ان کا بیان ہے:۔

رأیته مخضوب الراس واللحیة ولم اکتب عنه وسمعت کلامه۔[1]

میں نے ان کو دیکھا ہے، سر اور ڈاڑھی میں خضاب لگائے ہوئے تھے۔ میں نے ان کا کلام سنا، مگر ان سے حدیث نہیں لکھی۔

ابن حجر نے تہذیب التہذیب میں ارید تمیمی کے ذکر میں ان کی ایک روایت کو جس میں متفرد ہیں، حدیث منکر بتایا ہے۔ اور وہ یہ ہے: سندی بن عبدویہ، عن عمرو بن ابی قیس، عن مطرف بن طریف، عن المنہال بن عمرو، عن ارید تمیمی، عن ابن عباس قال:۔

کنا نتحدث ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم عهد الی سبعین عهداً الم یعهد ها الی غیرہ۔ اس کے بعد لکھا ہے کہ اس روایت کو طبرانی نے اپنی معجم میں عن محمد بن سہل بن الصباح، عن احمد بن الفرات، عن السندی بیان کیا اور کہا ہے کہ تفرد به السندی یعنی سندی اس روایت میں متفرد ہیں، اور میں نے (ابن حجر) امام ذہبی کے قلم سے دیکھا ہے کہ یہ حدیث منکر ہے، چنانچہ ذہبی نے میزان

---

[1] الجرح والتعدیل ج ۲ قسم ۱ ص ۳۱۸۔

الاعتدال میں اس حدیث کو منکر قرار دیا ہے[1]

ابو العباس احمد بن محمد بن صالح تمیمی منصوری، داؤد ظاہری کے مسلک کے امام تھے، انھوں نے اس مسلک کی تائید میں اپنے استاد ابو روق حضرانی سے جو خود نہایت ثقہ وصدوق تھے۔ ایک باطل حدیث روایت کی ہے۔ ذہبی نے میزان الاعتدال میں ان کے حال میں لکھا ہے:-

روی عن ابی روق الحضرانی حدیثاً باطلاً هو آفته ذکرنا فی ترجمة ابی روق۔	انھوں نے (ابو روق حضرانی) ایک باطل حدیث روایت کی ہے جو ان کی طرف سے ایک آفت ہے، ہم نے یہ حدیث ابو روق کے حال میں بیان کی ہے۔

اور ابو روق کے حال میں لکھا ہے کہ وہ میرے علم میں صدوق ہیں مگر ابو العباس منصوری نے ان سے یہ روایت کی ہے۔

ابو العباس المنصوری قال: حدثنا الرمادی، حدثنا عبد الرزاق عن عمر، عن الزہری، عن علی بن الحسین، عن ابیہ، عن جدہ مرفوعاً۔ اول من قاس ابلیس فلا تقیسوا۔ اس کے بعد معاً ذہبی نے لکھا ہے:-

فالحمل فیه علی المنصوری وکان ظاهریاً۔[2]	اس باطل حدیث کا بار ابو العباس منصوری پر ہے وہ ظاہری مذہب

[1] تہذیب التہذیب ج ۱ ص ۱۹۷۔ و میزان الاعتدال ج ۱ ص ۵۶ [2] میزان الاعتدال ج ۱ ص ۶۶، ۶۲۔

رکھتے تھے۔

ابو سلیمان داؤد بن حصین بن عقیل منصوری کے بارے میں ابن حبان نے کتاب المجروحین من المحدثین میں لکھا ہے کہ وہ اہل منصورہ سے ہیں۔ ان کی دو حدیثیں منکر ہیں۔ جن کو انھوں نے ثقات سے روایت کیا ہے۔ یہ دونوں حدیثیں ثقات کی مرویات کے مثل نہیں ہیں۔ جس روایت میں داؤد بن حصین منصوری منفرد ہوں اس سے احتجاج یعنی حجت قایم کرنے میں پرہیز لازم ہے۔ اس کے بعد ایک روایت یوں درج کی ہے۔

روی عن ابراہیم بن الاشعث البخاری، عن مروان بن معاویۃ الفزاری عن سہیل بن ابی صالح، عن ابی ہریرۃ قال:

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ادفنوا موتاکم فی جوار قوم صالحین فان المیت یتاذی من جوار السوء۔ کما یتاذی الاحیاء من جیران السوء۔

اور ابن حبان نے لکھا ہے کہ یہ خبر باطل ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی اصل ثابت نہیں ہے۔ اور جو شخص اس قسم کی حدیث ابراہیم بن شعث سے روایت کرے اس سے بچنا چاہئے۔ اس لئے کہ ابراہیم بن اشعث اہل بخارا کے ثقہ اور مامون امام ہیں:

والبلیۃ فی ھذا الحدیث من داؤد ھذا [1]	اور اس میں داؤد منصوری کی طرف سے مصیبت آئی ہے۔

سلیمان بن ربیع بن ہشام ہندی نے ایک مجہول راوی محمد بن سلام

---

[1] کتاب المجروحین من المحدثین ج ۱ ص ۲۸۶۔

بخاری سے ایک منکر حدیث کی روایت اس طرح کی ہے: عن محمد بن سلام البخاری، عن عثمان بن عبد الرحمن الحرانی عن انس، مرفوعاً اطلبوا العلم یوم الاثنین فانہ میسر لطالبہ۔[1]

سندی بن ابی ہارون کے بارے میں ابو حاتم رازی نے کہا ہے کہ وہ مجہول راوی ہیں۔[2]

نیز ذہبی نے کہا ہے کہ:-

شیخ لمسدد مجہول۔[3] وہ مسدد کے استاد اور مجہول ہیں۔

ابو العباس فضل بن سجیت سندی قطیعی کے بارے میں امام جرح و تعدیل یحیٰی ابن معین سے کہا گیا کہ انھوں نے عبد الرزاق صنعانی سے حدیث کا سماع کیا ہے تو انھوں نے شدید لہجہ میں اس کا انکار کیا خطیب بغدادی نے ابراہیم بن عبد اللہ بن جنید کا قول نقل کیا۔

قال سمعتُ یحیی بن معین وذکروا الفضل بن سجیت ابا العباس السندی۔ فقال کذّاب، ما سمع من عبد الرزاق شیئاً۔ قالوا انہ یحدث۔

ایک مرتبہ لوگوں نے ابو العباس فضل بن سجیت سندی کا تذکرہ یحیٰی بن معین کے سامنے کیا تو انھوں نے کہا کہ وہ کذاب ہیں، عبد الرزاق سے کوئی روایت نہیں سنی ہے لوگوں نے کہا مگر وہ عبد الرزاق کی مرویات کو بیان کرتے ہیں۔

---

[1] حاشیۃ الاکمال ج ۴ ص ۱۰۴ بحوالہ: [2] الجرح والتعدیل ج ۲ قسم ۱ ص ۱۹۰ [3] میزان الاعتدال ج ۱ ص ۴۲۸

قال لعن الله من یکتب عنہ من صغیر و کبیر إلا ان یکون لا یعرفہ[1]	اس پر ابن معین نے کہا کہ اللہ تعالیٰ ہر اس چھوٹے بڑے پر لعنت کرے جو ان سے روایت کرے الّا یہ کہ ان کو نہ جانتا ہو

ذہبی نے میزان الاعتدال میں لکھا ہے کہ ابو العباس سندی نے عبد الرزاق وغیرہ سے روایت کی ہے۔ اور اسی کے بعد یہ بھی لکھا ہے:

قال ابن معین ما سمع من عبد الرزاق لعن اللہ من یکتب عنہ[2]	ابن معین کا قول ہے کہ انھوں نے عبد الرزاق سے حدیث نہیں سنی ہے۔ جو شخص ان سے حدیث لکھے اس پر اللہ کی لعنت ہو۔

ابو العباس سندی کے بارے میں ابن معین کی یہ شدت ان کی عبد الرزاق صنعانی کی مرویات میں ہے۔ ابن بشوال نامی کوئی راوی سندھ میں وضع حدیث میں متہم تھا۔ ابن حجر نے محمد بن داب مدینی کے ذکر میں لکھا ہے:۔

قال الاصمعی قال لی خلف الاحمر ابن داب یضع الحدیث بالمدینۃ، و ابن بشوال یضع الحدیث بالسند۔[3]	اصمعی کا قول ہے کہ مجھ سے خلف احمر نے کہا کہ ابن داب مدینہ منورہ میں حدیث وضع کرتا تھا، اور ابن بشوال سندھ میں حدیث وضع کرتا تھا۔

[1] تاریخ بغداد ج ۱۲ ص ۳۶۲۔ [2] میزان الاعتدال ج ۲ ص ۳۲۹ [3] تہذیب التہذیب ج ۹ ص ۵۳

ابو محمد حسن بن حامد دبیلی بغدادی کے بارے میں ان کے شاگرد محمد بن علی صوری نے بیان کیا ہے کہ ابن حامد نے ہم کو بتایا ہے کہ انھوں نے دعلج، ابو بکر محمد بن حسن نقاش، اور ابو علی طوماری سے احادیث کا سماع کیا ہے، اور آخر میں بتایا کہ :-

إلا انه لم يكن عنده	مگر یہ کہ ان کے پاس ان راویوں سے
عنهم شيء[1]	کوئی روایت نہیں ہے۔

یہ قول ابن حامد اور صوری دونوں کا ہو سکتا ہے۔ اور اس تصریح کا مطلب یہ ہے کہ اگر ابن حامد ان شیوخ کی مرویات کو بیان کریں تو ان میں کلام کی گنجائش ہے۔

فقہ اور فقہاء

ہم جس دور کی تاریخ لکھ رہے ہیں، اس میں امام ابو حنیفہ، امام مالک، امام شافعی اور امام احمد بن حنبل کے فقہی آراء و فتاویٰ کی طرح امام ابن ابی لیلی، امام اوزاعی، امام مکحول، امام ثوری، امام حسن بصری کے مسائل و فتاوے بھی عالم اسلام میں معمول بہا تھے۔ ان ائمۂ حدیث فقہ کے اصحاب و تلامذہ نے اپنے اپنے حلقوں اور ملکوں میں ان کے فقہی مسلک کو رواج دیا تھا۔ اس زمانہ تک ان کو مستقل مکتب فقہ کی حیثیت حاصل نہیں تھی۔ چوتھی صدی تک یہی صورت رہی، اس کے بعد بلاد اسلامیہ میں ائمۂ اربعہ کے فقہی مسلک نے مستقل حیثیت پائی اور باقی فقہی آراء کا رواج تقریباً بند ہو گیا۔ البتہ اس دور میں ابو سلیمان داؤد بن علی اصفہانی ظاہری متوفی ۲۷۰ھ کا ظاہری مسلک فارس، اور دیگر بلاد عرب و عجم میں پھیلا اور گویا اس نے حنبلی

[1] تاریخ بغداد ج ص۔

مسلک کی جگہ لے لی۔

عباسی دور کے ہندوستان میں اہل سنت و الجماعت کے یہی مذاہب رائج تھے۔ یہاں کے مسلمان عام طور سے فقہ حنفی اور فقہ شافعی پر عامل تھے۔ اسی درمیان میں ظاہری مسلک کو بھی فروغ ہو رہا تھا۔ اور جو اہل علم باہر گئے ان میں حنفی، شافعی کے علاوہ مالکی اور حنبلی بھی ہوئے۔

مقدسی بشاری نے عباسی دور کے سینکڑوں سال کے بعد اقلیم سندھ کے بارے میں لکھا ہے:۔

مذاهبهم، اكثرهم اصحاب حديث، واهل الملتان شيعة يهوعلون في الاذان، ويثنون في الاقامة ولا تخلو انقصبات من فقهاء على مذهب ابي حنيفة رحمه الله وليس به مالكية، ولا معتزلة ولا عمل للحنابلة۔ [1]	یہاں اکثریت اصحاب حدیث کی ہے، اہل ملتان شیعہ ہیں۔ اذان میں حی علی خیر العمل کہتے ہیں اور اقامت کے الفاظ دو دو بار کہتے ہیں اور بڑے بڑے شہر فقہائے حنفیہ سے خالی نہیں ہیں یہاں نہ مالکیہ ہیں۔ نہ معتزلہ اور نہ ہی حنابلہ کا عمل دخل ہے۔

اصحاب حدیث سے مراد، داؤد ظاہری کے متبعین ہیں۔ اس وقت یہ مسلک فارس، عمان اور سندھ میں عام ہو چکا تھا۔ اور ان ملکوں میں

---

[1] احسن التقاسیم ص ۴۸۱۔

اصحاب ظواہر کا غلبہ تھا، درس وتدریس، تصنیف وتالیف اور عہدۂ قضاء وغیرہ میں یہی حضرات نمایاں تھے۔ اور احناف کا عمل دخل ان کے مقابلے میں، — کم تھا۔ مگر اس سے پہلے اس مسلک کو قبول عام تھا۔ اور عجم کے دیگر ممالک کی طرح ہندوستان میں بھی فقہ حنفی کا رواج زیادہ تھا۔ چنانچہ یاقوت حموی نے سندھ کے حال میں لکھا ہے:۔

مذاهب اهلها الغالب عليها مذهب ابی حنيفة۔ [1]	سندھ پر مذہب ابو حنیفہ کا غلبہ ہے۔

علمائے ہند میں ان مذاہب کے بڑے بڑے امام ہیں اور انھوں نے اپنے اپنے مسلک کو ہر اعتبار سے فروغ دیا ہے۔ اس میں کتابیں لکھی ہیں۔ اور مسند تدریس سے اس کی اشاعت کی ہے۔

بشیر بن عمر بن ابو ہارون سندی مالکی مذہب کے ائمۂ کبار میں سے ہیں۔ قاضی عیاض نے ترتیب المدارک میں ان کو مالکی فقہاء وائمہ کے طبقۂ اولیٰ میں شمار کیا ہے۔ جس پر فقہ مالکی ختم ہے:۔

وبشير بن عمرو السندی بن ابی هارون، وغيره وعليه تفقه جماعة من كبار المالكية كاسمعيل بن اسحاق القاضی و اخيه حماد۔ [2]	اس طبقہ میں بشیر بن عمرو سندی وغیرہ ہیں۔ ان سے کبار مالکیہ کی ایک جماعت نے تفقہ کی تعلیم پائی ہے۔ جیسے قاضی اسمٰعیل بن اسحاق اور ان کے بھائی حماد بن اسحٰق۔

[1] معجم البلدان ج ۵ ص ۱۵۱۔ [2] ترتیب المدارک ج ۲ ص ۵۵۱۔

اسی طرح عبد المجید سندی قیروانی مالکی مذہب کے ائمۂ کبار میں سے تھے۔ قاضی عیاض نے لکھا ہے کہ وہ امام سحنون کے شاگردوں میں مشہور و معروف شخصیت رکھتے تھے۔ نہایت نیک عالم تھے۔ ۲۵۳ھ میں قیروان میں فوت ہوئے۔[1]

عبد اللہ بن حسن بن سندی دمشقی اندلسی مالکی کا تذکرہ ابن عمیرہ ضبّی نے بغیۃ الملتمس میں اور ابن عساکر نے اپنی تاریخ میں۔ کیا ہے[2] قاضی عیاض نے ترتیب المدارک میں ان کا تذکرہ کرکے والد کا نام حسن کے بجائے حسین بن سندی لکھا ہے، اور ان کے سندی نہ ہونے کی تصریح کی ہے۔[3]

ابو عمر احمد بن سعید بن ابراہیم ہندی ہمدانی قرطبی المعروف بہ ابن الہندی بھی فقہائے مالکیہ میں مشہور تھے۔ قاضی عیاض نے لکھا ہے کہ وہ علم شروط میں یکتائے زمانہ تھے اور فقہائے اندلس ان کے اس وصف کے معترف تھے۔ اندلس اور مغرب کے امراء مفتی، قاضی اور اہل شروط اسی کتاب پر اعتماد کرتے ہیں۔ اس کی افادیت اور اہمیت کی وجہ سے فقہائے مالکیہ نے اس میں اختصار و اضافہ کیا ہے جیسے قناعی، ابن ذہل، ابن عبد الواحد وغیرہ۔

کتاب الوثائق لابن الہندی کی روایت ابو بکر بن سیرین اور حمزہ بن حاجب نے کی ہے[4] نیز اس کتاب کی روایت مصنف سے ابو عبد اللہ محمد بن عبد اللہ بن یزید لخمی المعروف بہ ابن الاحدب کی اور ان کے سلسلہ سے ابو بکر محمد بن خیر بن عمر بن خلیفہ اموی اشبیلی متوفی ۵۷۵ھ نے اپنی فہرست میں

---

[1] ترتیب المدارک ج ۳ ص ۱۳۰۔ [2] بغیۃ الملتمس ص ۳۶۳ تاریخ ابن عساکر ج ۷، ص

[3] ترتیب المدارک ج ۳ ص ۴۵۴۔ [4] ترتیب المدارک ج ۴ ص ۶۴۹ و ۶۵۰۔

روایت کی ہے [1]

فقہ حنبلی میں بھی یہاں کے اہل علم نمایاں مقام و مرتبہ کے مالک ہیں۔ معلوم ہو چکا ہے کہ حبیش بن سندی امام احمد بن حنبل کے اجلۂ تلامذہ اور معتمدین میں سے تھے۔ انھوں نے امام صاحب سے بیس ہزار سے زائد کی روایت کی تھی۔ اور ان کے پاس امام صاحب کے مسائل و فتاوے کے دو ضخیم مجموعے تھے۔ جو دوسرے تلامذہ کے پاس نہیں تھے۔ [2]

اسی طرح ابوبکر سندی خوارزمی امام احمد بن حنبل کے اخص تلامذہ میں سے ہیں، ان کو امام صاحب سے انتہائی قرب حاصل تھا اور ان کے بہت سے مسائل کی روایت کی ہے [3]

ہندوستان کے یہ فقہائے مالکیہ و حنبلیہ مغرب اور بغداد میں تھے، یہ معلوم نہ ہو سکا کہ خود یہاں پر اس زمانہ میں ان دونوں مذاہب کا رواج تھا یا نہیں؟ اس زمانہ میں امام داؤد ظاہری زندہ تھے اور ان کا مسلک اصفہان کے آس پاس پھیل رہا تھا مگر اس وقت ہندوستان میں اس کا کوئی اثر معلوم نہیں ہوتا۔ البتہ ایک صدی گذرتے گذرتے سندھ میں ظاہری مسلک کو بڑا فروغ ہوا اور منصورہ کے ملوک ہباریہ نے اس کی سرپرستی کی۔ اس دور میں قاضی ابوالعباس منصوری اس مسلک کے قاضی و امام اور معلم و مصنف تھے۔

اس دور میں شافعی مذہب کے اعیان و اکابر نمایاں نظر آتے ہیں اور اندر باہر ان کا فیض عام تھا۔

---

[1] فہرست ابی بکر بن خیر اشبیلی ص ۲۵۲۔ [2] طبقات الحنابلہ ص ۱۴۶ و ۱۴۰، [3] طبقات الحنابلہ ج ۱ ص ۱۷۱۔

ابوالعباس احمد بن محمد دیبلی مصری شافعی صاحب کشف وکرامت بزرگ ہونے کے ساتھ فقہ شافعی کے زبردست عالم تھے۔ سبکی نے لکھا ہے:-

انہ کان فقیہا جید المعرفۃ تفقہ علی مذہب الشافعی [1]	وہ بالغ نظر فقیہ تھے۔ فقہ شافعی میں تفقہ حاصل کیا تھا۔

اور شرقاوی نے بیان کیا ہے:-

کان جید المعرفۃ بالمذہب، کثیر النظر فی الام۔ [2]	وہ مذہب شافعی کے زبردست عالم تھے۔ کتاب الام کا اکثر مطالعہ کیا کرتے تھے۔

ابوحامد احمد بن محمد منصوری شافعی کو عبادی نے طبقات الفقہاء الشافعیہ میں فقہائے شوافع کے طبقہ رابعہ میں شمار کیا ہے [3]

اور بیہقی نے اخبار ابی حنیفہ واصحابہ میں ایک روایت درج کی ہے جس میں ابوحامد منصوری نے علی بن نخعی سے اور ان سے احمد بن صراف نے روایت کی ہے [4]

احمد بن محمد کرابیسی ہندی کی کتاب ابوصایا کا تذکرہ کشف الظنون میں ہے [5]

ابواسحاق ابراہیم بن سندی بن علی بن بہرام کو ابونعیم اصفہانی

---

[1] طبقات الشافعیہ ج ۲ ص ۱۰۲۔ [2] التحفۃ البہیۃ فی طبقات الشافعیہ قلمی ورق ۲۴۔ [3] طبقات الفقہاء الشافعیہ ص ۸۹۔ [4] اخبار ابی حنیفہ و اصحابہ ص ۳۰۶۔ [5] کشف الظنون ج ۲ ص ۱۰۳۶۔

نے صاحب الاصول لکھا ہے اور ان کی تین مرویات اپنے شیوخ کے واسطہ سے بیان کی ہیں [1]

سندی بن عبدویہ (سہل بن عبد الرحمٰن سندی رازی) نے علمائے مدینہ وعراق سے پڑھا تھا۔ ابن القیسرانی نے ان کو کان من علماء اهل الحدیث لکھنے کے باوجود اپنی کتاب الانساب المتفقہ میں ان کا ذکر کیا ہے [2] جس کا مطلب یہ ہے کہ وہ فقیہ بھی تھے۔

اسی طرح ابن القیسرانی نے ابو محمد عبد اللہ بن جعفر بن مرہ منصوری کا تذکرہ "الانساب المتفقہ" میں کر کے ان کو مقری بتایا ہے [3] وہ بھی مقری کے ساتھ فقیہ تھے۔

علی بن احمد بن محمد دیبلی شافعی کی کتاب ادب القضاء بہت مشہور ہے۔ اس میں مسند الشافعی کی احادیث کو ابو العباس الاصم کے تلامذہ سے نقل کیا ہے۔ سبکی نے اس کتاب کے مسائل طبقات الشافعیہ میں بیان کئے ہیں۔ اور ان کی نسبت کے بارے میں مختلف اقوال درج کئے ہیں [4] کشف الظنون میں بھی ادب القضاء کا ذکر ہے [5]

ابو نصر فتح بن عبد اللہ سندی شافعی کو ابو عاصم عبادی نے طبقات الفقہاء الشافعیہ میں اصحاب شافعی کے طبقۂ ثانیہ میں لکھا ہے، یہ طبقہ فقہ شافعی کی بہت سی روایات ومسائل میں منفرد تھا۔ [6] ابن القیسرانی نے بھی ان کو فقیہ و متکلم بتایا ہے [7] سمعانی اور یاقوت نے بھی ان کو

---

[1] تاریخ اصفہان ج ۱ ص ۱۹۳۔ [2] الانساب المتفقہ ص ۷۸۔ [3] " ص ۱۵۴۔
[4] طبقات الشافعیہ ج ۳ ص ۲۹۰۔ [5] کشف الظنون ج ۱ ص ۷۳۔
[6] طبقات الفقہاء الشافعیہ ص ۵۸ [7] الانساب المتفقہ ص ۷۷۔

فقیہ و متکلم بتا ہے۔

زہد و تصوف اور مشائخ

اموی دور میں احسان کا دوسرا نام زہد و تصوف تھا۔ جس کا ماخذ کتاب و سنت اور صحابہ و تابعین کا عمل تھا۔ عباسی دور کی ابتدا میں بھی تقریباً یہی صورت حال تھی۔ اور اس کے حاملین میں ابراہیم بن ادہم، ذوالنون مصری معروف کرخی، بشر بن حارث حافی، داؤد طائی، شقیق بلخی۔ بایزید بسطامی، سہل تستری، سلیمان دارانی، حاتم الاصم یحیٰی بن معاذ رازی، جنید و شبلی وغیرہ رحمہم اللہ جیسے اہل کتاب و سنت اور پابند شریعت حضرات تھے۔

تیسری صدی تک عباد و زہاد اور اصفیاء و اتقیاء کی جماعت صفائی قلب و نظر اور تزکیۂ نفس کے لئے کتاب و سنت سے روشنی حاصل کرتی رہی اس دور کے ہندی عباد و زہاد اور مشائخ بھی خالص احسانی زہد و تصوف کے حامل تھے حتیٰ کہ اس صدی کے خاتمہ پر عجمی افکار و خیالات کی آمیزش نے تصوف کو ایک مستقل مکتب فکر بنا دیا جس کے اثرات ہندوستان میں بھی پہنچے، جہاں تک ہم کو معلوم ہے جدید تصوف کے حاملین میں سب سے پہلے حسین بن منصور حلاج مقتول ۳۰۹ھ نے یہاں آکر اپنے خیالات کی تبلیغ کی۔ علی بن احمد الخاسب نے اپنے والد کا بیان نقل کیا ہے کہ خلیفہ معتضد (۲۷۹ھ تا ۲۸۹ھ) نے مجھے ہندوستان بھیجا، میرے جہاز میں حسین بن منصور حلاج بھی تھے۔ جب ہم جہاز سے اترے تو میں نے ان سے پوچھا کہ آپ یہاں کس لئے آئے ہیں؟ انھوں نے جواب دیا کہ میں یہاں جادو سیکھوں گا اور مخلوق کو اللہ تعالیٰ کی طرف دعوت دوں گا۔ [1]

---

[1] المنتظم ج ۶ ص ۶۱۔

امام ذہبی نے العبر میں لکھا ہے کہ حسین بن منصور حلاج نے ماوراء النہر، خراسان اور ہندوستان کا دورہ کر کے ہر جگہ اپنے خیالات پھیلائے اس کے بعد اہل ہند ان سے خط و کتابت رکھتے تھے۔ اور ان کو مغیث کے لقب سے یاد کرتے تھے [1]

حلاج کی شخصیت مختلف فیہ ہے، ان کے دادا مجمی فارس کے شہر بیضاء کے مجوسی تھے۔ حلاج کی نشو و نما، عراق کے شہر واسط میں ہوئی، انھوں نے جنید، عمرو بن عثمان اور نوطی جیسے مشائخ کی صحبت اٹھائی ہے، اکثر مشائخ نے حلاج کے تصوفانہ خیالات و افکار کا انکار کیا ہے اور بعض حضرات جیسے ابوالعباس بن عطاء، محمد بن خفیف، اور ابوالقاسم نصر آبادی نے ان کو بزرگ تسلیم کیا ہے [2]

بہرحال حسین بن منصور کے افکار و خیالات کی ترویج و اشاعت سے پہلے ہندوستان میں احسان یعنی حقیقی تصوف کے حاملین پائے جاتے تھے۔

حضرت شیخ ابو علی سندی اس دور کے سرخیل صوفیاء ہیں۔ ان کی جلالت شان اور علو مرتبت کے لئے یہی کیا کم ہے کہ وہ حضرت بایزید بسطامی متوفی ۲۶۱ھ کے شیخ و مرشد ہیں۔

بایزید کا بیان ہے کہ میں نے ان سے فنا اور توحید کا علم حاصل کیا ہے، اور انھوں نے مجھ سے الحمد للہ اور قل ہو اللہ احد سیکھا ہے، ایک روایت میں ہے کہ میں ان کو فرائض و واجبات کی تلقین کرتا ہے۔ اور وہ مجھ کو توحید و حقائق کی تعلیم دیتے تھے۔

---

[1] العبر فی خبر من غبر ج ۱ ص ۱۱۹، ص ۱۲۰۔ [2] طبقات شعرانی ج ۱ ص ۱۴۵۔

نیز بایزید بسطامی کا بیان ہے کہ ایک دن شیخ ابو علی سندی میرے پاس اس حال میں آئے کہ ان کے ہاتھ میں ایک زنبیل تھی۔ انھوں نے اسے میرے سامنے جھاڑ دیا اور انواع و اقسام کے جواہر بکھر گئے، میں نے پوچھا کہ یہ جواہر کہاں ملے؟ فرمایا کہ میں ایک مقام سے گذر رہا تھا، راستہ میں یہ چراغ کی طرح چمک رہے تھے۔ میں نے ان کو اٹھایا۔ میں نے پوچھا، اس وقت آپ کس حال میں تھے۔؟ فرمایا فترت کا وقت تھا۔[1]

اس دور کے ہندی مشائخ میں ابو محمد دیبلی بھی بڑے پایہ کے بزرگ ہیں۔ خطیب بغدادی نے شیخ ابو محمد جریری (احمد بن محمد بن حسین جریری متوفی ۳۱۱ھ) کے حال میں... ان کا یہ بیان نقل کیا ہے کہ حضرت جنید کی وفات کے وقت میں نے دریافت کیا کہ آپ کے بعد ہم سلوک و معرفت کے لئے کس کے پاس جائیں گے۔ تو فرمایا کہ ابو محمد جریری کے پاس جانا۔[2]

اس روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ شیخ ابو محمد دیبلی حضرت جنید (متوفی ۲۹۷ھ) کے مقربین میں سے تھے۔ اور مسترشدین میں ان کو خصوصیت حاصل تھی۔ اس سے زیادہ ان کا حال نہ مل سکا۔

اسی طرح ابو موسیٰ دیبلی یہاں کے مشائخ کبار میں سے ہیں۔ یہ حضرت بایزید بسطامی کے بھانجے اور ان کے بہت سے ملفوظات و اقوال کے راوی ہیں۔ ابن جوزی نے صفۃ الصفوۃ میں بایزید بسطامی کے حالات میں ایک روایت کے سلسلہ میں لکھا ہے:

---

[1] جامع کرامات الاولیاء، نبہانی ج ۱ ص ۲۸۱۔ [2] تاریخ بغداد ج ۴ ص ۴۲۲۔

قال ابو موسیٰ الدیبلی ابن اخت ابی یزید البسطامی، انبانا ابویزید البسطامی الخ [1]	ابو یزید بسطامی کے بھانجے نے بیان کیا کہ ہم سے ابو یزید بسطامی نے فرمایا الخ۔

اس کے بعد ابو موسیٰ دیبلی سے شیخ بایزید کے کئی اقوال درج کئے ہیں۔ ابو عبد الرحمٰن سلمی نے بھی طبقات الصوفیہ میں ان سے بایزید کا ایک قول نقل کیا ہے [2]

عثمان سندی کا ذکر ابن جوزی نے "المنتظم" میں مشہور عابد و زاہد ابو العباس بن سریج (قاضی ابو العباس احمد بن عمر بن سریج متوفی ۳۰۶ھ) کے حال میں کیا ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ ان کے مقربین خاص میں سے تھے اور زہد و تقویٰ میں بہت آگے تھے۔ عثمان سندی کا بیان ہے کہ ابو العباس بن سریج نے اپنے مرض الموت میں مجھ سے فرمایا کہ میں نے رات خواب دیکھا ہے کہ کوئی کہہ رہا ہے کہ یہ تمہارا رب تم سے مخاطب ہے۔ پھر کہا گیا کہ بماذا اجبتم المرسلین، یہ آیت سن کر میرے قلب میں ایمان و تصدیق کی قوت محسوس ہونے لگی۔ پھر دوبارہ یہی آیت سنائی گئی تو میں نے سمجھا کہ مزید جواب طلب کیا جا رہا ہے چنانچہ میں نے ایمان و تصدیق کے ساتھ گناہوں کا اقرار کیا۔ اس کے بعد ندا آئی کہ میں نے تمہاری مغفرت کر دی [3]

یہ ہند و سندھ کے وہ چند صوفیہ و مشائخ ہیں جنھوں نے عباسی دور پایا ہے اور جو تیسری صدی میں تھے۔ بعد میں ان کے فیوض و برکات

---

[1] صفۃ الصفوۃ ج ص۔ [2] طبقات الصوفیہ ص ۷۳۔ [3] المنتظم ج ۶ ص ۱۵۰۔

کا سلسلہ ان کے مسترشدین وتلامذہ اور اقران ومعاصرین میں چلا، جن میں بڑے بڑے عباد وزہاد اور مجاب الدعا مشائخ پیدا ہوئے ہیں ان میں سے چند حضرات یہ ہیں:۔ ابو العباس احمد بن عبد اللہ دینوری کے بارے میں امام سمعانی نے لکھا ہے:۔

ومن الفقراء الزہاد۔ وہ فقرائے زہاد میں سے تھے۔

دینور سے نیشاپور منتقل ہو کر وہیں متاہل زندگی بسر کرتے تھے۔ اور حسن بن یعقوب کی خانقاہ کو مسکن بنایا۔ دن میں بال بچوں میں رہتے اور شہر کی جامع مسجد میں نماز پڑھتے اور رات کو خانقاہ میں چلے جاتے تھے۔ کمبل پہنتے تھے اور ننگے پیر چلتے تھے۔ نیشاپور ہی میں فوت ہوئے اور حیرہ کے قبرستان میں دفن کیے گئے۔[1]

ابو العباس محمد بن محمد دینوری وراق عابد وزاہد اور نہایت بزرگ عالم تھے، امام سمعانی نے ان کے متعلق لکھا ہے:۔

الزاہد، وکان صالحًا عالمًا۔ وہ زاہد اور نہایت بزرگ عالم تھے۔

ان کی نماز جنازہ ابو عمرو بن نجید نے پڑھائی جو اپنے زمانہ کے مشہور بزرگ تھے۔[2]

ابو عبد اللہ محمد بن عبد اللہ دینوری قرارت وتجوید کے امام اور عابد وزاہد عالم تھے، ابو عبد اللہ دینوری کے نام سے مشہور تھے۔ ابن جوزی نے صفۃ الصفوۃ میں دینور کے عباد وزہاد اور اولیاء میں صرف ان کا تذکرہ اس طرح کیا ہے:۔

---

[1] انساب سمعانی۔ [2] " "۔

و من المصطفین من اهل	دیبل کے برگزیدہ بزرگوں
دیبل، ابو عبد اللہ الدیبلی	میں سے ابو عبد اللہ دیبلی
	ہیں۔

اس کے بعد ان کی طیّ الارض کی ایک کرامت بیان کی ہے[1] دوسری کتابوں میں ان کو المقری، الزاہد کے خطاب سے یاد کیا گیا ہے۔

ابو بکر احمد بن سندی بن حسن بن بحر حدّاد نہایت ثقہ اور فاضل محدث ہونے کے ساتھ مستجاب الدعاء ابدال میں سے تھے۔ ان کے بارے میں خطیب نے حافظ ابو نعیم اصفہانی کا یہ قول نقل کیا ہے:

وکان یُعَدّ من الابدال،	ان کا شمار ابدال میں تھا، اور
وکان یقال انہ مجاب	ان کو مقبول الدعاء بتایا جاتا
الدعوۃ۔[2]	تھا۔

ابو نعیم نے حلیۃ الاولیاء میں بہت سے اولیاء اور مشائخ کے تذکرے میں ابو بکر احمد بن سندی سے روایت کی ہے، چنانچہ عکرمہ مولیٰ ابن عباس، میمون بن مہران، سعید بن جبیر، حضرت علی بن ابو طالب، حضرت مقداد بن اسود، حضرت عبد اللہ بن عباس، مالک بن دینار، ابو عمران جونی وغیرہ کے حالات میں زہد و رقائق کی روایات ان سے نقل کی ہیں۔

ابو العباس احمد بن محمد دیبلی کو سبکی نے المحافظ، الزاہد کہا ہے۔ اور لکھا ہے:

وکان رجلاً صالحاً،	وہ بہت بزرگ آدمی اور صاحبِ

---

[1] صفۃ الصفوۃ ج ۴ ص ۵۲۔ [2] تاریخ بغداد ج ۴ ص ۱۸۰۔

من ارباب الاحوال	احوال ومکاشفات تھے۔ ان
والمکاشافات لہ کرامات	کی کھلی کھلی کرامتیں اور نمایاں
ظاھرۃ واحوال سنیۃ۔	احوال وکیفیات ہیں۔

انھوں نے دیبل سے نکل کر مصر میں سکونت اختیار کر لی تھی۔ اپنی روزی اپنے ہاتھ سے کماتے تھے۔ ہر ہفتہ ایک کرتا سیتے تھے۔ جس کی مزدوری ایک درہم دو دانق ہوتی تھی۔ اسی سے کھانے کپڑے وغیرہ کا انتظام کرتے تھے۔ گرانی ہو یا ارزانی، ہر زمانہ میں یہی رقم ان کے لئے کافی تھی، قیام مصر کے زمانہ میں کسی سے ایک چلّو پانی بھی نہیں مانگا۔

وصال کے وقت ابو العباس نسوی اور ابو سعید مالینی سرہانے موجود تھے۔ آخری وقت تک ہوش وحواس کی بحالی کا یہ حال تھا کہ قرآن کی تلاوت کر رہے تھے۔ اسی حال میں روح پرواز کر گئی، ان کے جنازہ میں بے پناہ ہجوم تھا۔ گویا مصر کا بچہ بچہ شریک تھا۔[1]

مفسرین اور قراء

علمائے سلف جملہ دینی علوم وفنون کے جامع ہوا کرتے تھے۔ اور ان کی زندگی کا ہر پہلو اس قدر تابناک ہوتا تھا کہ دیکھنے والے اسی کو ان کا امتیاز سمجھنے لگتے تھے۔ علمائے ہند بھی اپنی جامعیت میں یہی شان رکھتے تھے۔ ہم ان میں سے چند مفسرین ومجوّدین کے نام پیش کرتے ہیں۔

ابو جعفر محمد بن ابراہیم دیبلی مکی، ابو عبداللہ سعید بن عبدالرحمن مخزومی کی کتاب التفسیر کے راوی ہیں۔

ابو بکر احمد بن سندی، حدّاد بغدادی کی تفسیری روایات کو حافظ

---

[1] طبقات الشافعیہ ج ۲ ص ۱۰۲۔

ابو نعیم نے حلیۃ الاولیاء میں بہت سے مشائخ کے تذکرہ میں درج کی ہیں۔

ابو بکر احمد بن محمد بن ہارون بن سلیمان دینوری بغدادی نے امام عاصم کی قرأت حسنون بن ہیثم دویری سے پڑھی ہے اور ان سے احمد بن علی الجبادا نے پڑھا ہے۔

ابو عبداللہ محمد بن عبداللہ دینوری زاہد مقری الشام۔

ابو القاسم جعفر بن محمد سرندی نے امام قنبل سے تجوید و قرارت کی تعلیم پائی تھی۔

عبداللہ بن جعفر بن مرہ منصوری، مقری۔

منصور بن محمد سندی اصفہانی مقری معروف۔

محمد بن حسین بن محمد دینوری شامی، مقری ثقہ۔

قضاۃ اور مُعدّلین

علمائے ہند میں کئی حضرات عہدۂ قضا پر فائز ہوئے ہیں اور کئی معدّل گذرے ہیں۔ جو شاہدوں اور گواہوں کے بارے میں معلومات رکھتے تھے۔ اور قاضیوں کے شریک تھے ابو بکر احمد بن قاسم بن سیما ابن سندی بغدادی معدّل تھے۔

ابو العباس احمد بن محمد بن صالح منصوری اپنے شہر منصورہ کے قاضی تھے۔

ابو العباس احمد بن نصر بن حسین دینوری موصلی دار الخلافہ بغداد کے قاضی تھے۔ سندی بن عبدویہ ایک ہی وقت میں ہمدان اور قزوین دونوں شہروں کے قاضی تھے۔

سندی بن شاہک بھی بعض اوقات عہدۂ قضاء پر فائز ہو جاتا تھا۔ وہ مزدور، پارچہ باف اور ملاح سے قسم نہیں لیتا تھا اور مدعی کے قول کو اس کی قسم کے ساتھ تسلیم کر لیتا تھا اور کہتا تھا کہ اے اللہ! میں تجھ سے ساربان اور مکتب کے علم کے ---

بارے میں استخارہ کرتا ہوں ۔[1]

بعد کے چند مشہور ہندی علماء و محدثین

عباسی دور کے ہندوستان میں اسلامی علوم و علماء کے سلسلۃ الذہب کی کڑیاں کچھ اس طرح آپس میں جڑی ہوئی ہیں کہ ایک کو دوسری سے جدا کرنا مشکل ہے اسی لئے ہم نے گذشتہ صفحات میں بعض ایسے علماء کا تذکرہ بھی کیا ہے جن کا تعلق بعد کے دور سے ہے مگر ان کا سلسلہ اسی دور سے ملتا ہے۔ اور اسی وجہ سے ہم یہاں چند ایسے ہندی اہل علم کا تذکرہ مختصر طور سے کر رہے ہیں جو ان حضرات کے بعد ۔۔ پیدا ہوئے ہیں مگر وہ اسی سلسلۃ الذہب کی کڑیاں ہیں۔

ان میں امام، محدث، حافظ حدیث، فقیہ مدرس، عابد، مصنف متکلم شاعر سب ہی شامل ہیں۔ اور ان کے ذکر کے بغیر اسلامی ہند کی تاریخ میں بڑا خلا رہ جائے گا۔

قاضی ابو العباس احمد بن نصر بن حسین انباری موصلی دیبلی کے بارے میں یاقوت حموی نے لکھا ہے کہ وہ انباری الاصل ہیں اور دیبلی کی نسبت سے مشہور رہیں۔ جس کا مطلب یہ ہو سکتا ہے کہ ان کا خاندان کسی زمانہ میں دیبل سے آکر بغداد کے مغربی شہر انبار میں آباد ہو گیا تھا اور قاضی ابو العباس دیبلی وہیں پیدا ہوئے، شافعی فقیہ ہیں۔ انبار سے بغداد آئے اور قاضی القضاۃ ابو الفضائل قاسم بن یحیی شہرزوری نے حریم دار الخلافہ میں قضا اور حکم کی نیابت دی۔

نیابت قضا کے عہدہ پر قاضی القضاۃ کی معزولی تک قائم رہے ان کی

---

[1] عیون الاخبار ج ۳ ص ۸۰۔

معزولی کے بعد یہ بھی معزول ہو کر موصل چلے گئے، اور وہیں ۵۹۸ھ میں انتقال کیا۔ نہایت صالح دیانتدار، دیندار، متقی اور نیک عالم تھے۔ ان کے تقوی و پرہیز گاری اور دینداری کی باتیں مشہور رہیں۔ ناجائز احکام کے اجرا کو نہایت سختی سے روکتے تھے۔ حق کے معاملہ میں کسی کی ملامت کی مطلق پرواہ نہیں کرتے تھے۔

یاقوت حموی کا بیان ہے کہ بغیر سابقہ تعارف و تعلق کے میرے ایک معاملہ میں پڑ کر میرا حق دلوایا۔ اور میرے مدمقابل کو سمجھا بجھا کر حق کا اقرار کرایا۔ [1]

قاضی اسمٰعیل بن علی بن محمد بن موسیٰ بن یعقوب ثقفی سندی، الور (اروڑ) کے قاضی و خطیب اور فقیہ تھے۔ یہ عہدہ خاندانی تھا۔ علی بن حامد کوفی سندی نے الور میں ان سے ملاقات کر کے ان کے آبا و اجداد کی تاریخ سندھ کے اجزا، حاصل کئے اور ان کا ترجمہ عربی سے فارسی میں کیا۔

ابو الفضائل رضی الدین حسن بن محمد بن حسن بن حیدر بن علی بن اسمٰعیل قرشی عدوی عمری حنفی صغانی لاہوری بغدادی کے آبا و اجداد چغانیان سے لاہور آئے، وہ یہیں ۵۷۷ھ میں پیدا ہوئے، اپنے والد سے پڑھ کر غزنہ، عدن، بغداد، مکہ مکرمہ گئے، اور بہت سے شیوخ سے حدیث کا سماع کیا۔ ان میں ابو الفتوح بن حصری، اور سعید بن رزاز مشہور ہیں۔

ان کے تلامذہ میں شرف الدین دمیاطی، نظام الدین محمود بن

---

[1] معجم البلدان ج ۱ ص ۳۴۱۔

عمر ہروی، محی الدین ابو البقاء صالح بن عبد اللہ بن جعفر بن الصباغ کوفی، برہان الدین محمود بن ابو الخیر اسعد بلخی اور دوسرے علماء ہیں۔ حسن صغانی لاہوری حدیث، فقہ، اور لغت میں امامت کا درجہ رکھتے تھے۔ اس دور میں ان سے بڑا اور جامع عالم نہیں پیدا ہوا۔ سلطان قطب الدین ایبک نے ان کو لاہور میں عہدۂ قضا پیش کیا تو انکار کر کے غزنہ چلے گئے۔ خلیفہ الناصر لدین اللہ عباسی اور خلیفہ المستنصر باللہ عباسی کی طرف سے سفیر بن کر سلطان شمس الدین التمش رضیہ بنت التمش کے دربار میں دہلی اور بغداد آئے گئے۔ شب جمعہ ۱۹ شعبان ۶۵۰ھ میں بغداد میں فوت ہوئے۔

ان کی تصانیف میں حدیث میں مشارق الانوار النبویہ، مصباح الدجیٰ، الشمس المنیرہ، شرح صحیح بخاری، درر السحابہ فی وفیات الصحابہ، مختصر الوفیات، کتاب الضعفاء، کتاب الفرائض، اور لغت و ادب میں مجمع البحرین، العباب الزاخر، الشوارد، القلائد السمطیہ فی شرح الدرید یہ، التراکیب، فعال علی وزن حذام و قطام، فعلان علی وزن سیلان، کتاب الافعال، کتاب المفعول، کتاب الاضداد، کتاب العروض، اسماء الاسد، کتاب اسماء الذائب ہیں۔[1]

ابو الحسن علی بن عمرو بن حکم لوہوری (لاہوری) نے حافظ ابو علی مظفر بن الیاس بن سعید سے حدیث کا سماع کیا۔ سمعانی کا بیان ہے کہ میں ان سے نہ مل سکا، البتہ حافظ ابو الفضل محمد بن ناصر بغدادی نے ان کی روایت سے ہم سے روایت کی ہے اور لکھا ہے۔

---

[1] الجواہر المضیہ ج ۱ ص ۲۰۱۔

کان شیخاً، شاعراً، کثیر المحفوظ، ملیح المحاورۃ۔	وہ بہت بزرگ ... عالم اور شاعر تھے، ان کا حافظہ نہایت قوی تھا اور گفتگو میں حلاوت تھی۔

ابو جعفر عمر بن اسحاق واشی لاہوری اپنے زمانہ کے مشہور عالم تھے، نہایت اچھے شاعر تھے۔ ان کا فارسی کا کلام پایا جاتا ہے۔

عمرو بن سعید لہاوری (لاہوری) حافظ ابو موسیٰ مدینی اصفہانی کے شیخ ہیں۔ اور انھوں نے حدیث کی روایت کی ہے[۲]

ابو المکارم فضل اللہ بن حافظ ابو سعید محمد بوقانی امام و فقیہ تھے، انھوں نے محمد بن یحییٰ سے فقہ کی تعلیم حاصل کی، زندگی حدیث کی روایت، افتاء اور تعلیم و تدریس میں بسر کی، ان کی پیدائش ۵۱۳ھ یا ۵۱۴ھ میں بوقان میں ہوئی۔ نیشاپور میں قیام کرتے تھے۔ وہیں بیمار ہوئے اور وطن میں پہونچائے گئے جہاں ۶۰۰ھ میں انتقال کیا۔[۳]

امام ابو ذہبی نے تذکرۃ الحفاظ میں امام بغوی صاحبِ مصابیح السنہ کے حال میں لکھا ہے کہ ابو المکارم فضل اللہ بن محمد بوقانی ان کے سب سے آخری شاگرد ہیں جنھوں نے ان سے روایت بالاجازت کی ہے[۴]

محمد بن احمد بن محمد بن خلیل بن احمد بوقانی شافعی ۴۶۷ھ میں پیدا ہوئے، انھوں نے حدیث کا سماع ابو بکر بن خلف شیرازی سے کیا اور ان سے عبد الرحیم بن سمعانی نے روایت کی۔ اپنے شہر بوقان (سندھ) میں

---

[۱] کتاب الانساب، [۲] معجم البلدان ج، ص ۳۴۵۔ [۳] التحفۃ البہیہ فی طبقات الشافعیہ، شرقاوی (قلمی) [۴] تذکرۃ الحفاظ ج ۴ ص ۵۲۔

اواخر محرم ۵۴۸ھ میں فوت ہوئے [1]

ابو سعید محمد بن اسعد بن محمد بوقانی شافعی کا لقب سدید تھا۔ انھوں نے امام غزالی سے تعلیم حاصل کی، ۵۵۶ھ میں مشہور علی بن موسی الرضا میں شہید ہوئے۔ [2]

ابو عبد اللہ محمد بن مامون بن رشید بن ہبۃ اللہ لہاوری (لاہوری) مطوعی طلب علم میں لاہور سے خراسان جاکر امام شافعی کے مسلک پر فقہ کی تعلیم حاصل کی، اور نیشاپور میں ابو بکر شیرازی اور ابو نصر قشیری کے تلامذہ سے حدیث کا سماع کیا۔ اس کے بعد بغداد میں ایک مدت تک مقیم رہے۔ وہاں ان سے حدیث کا املار کیا گیا اور محدثین نے تعلیم حاصل کی آخر عمر میں آذربائیجان میں وعظ و تقریر کی خدمت انجام دیتے تھے۔ وہیں ۶۰۳ھ میں ان کو ملاحدہ نے قتل کر دیا۔ [3]

ابو القاسم محمد بن محمد بن خلف لہاوری (لاہوری) نزیل اسفرائن فقیہ و مناظر تھے۔ نہایت عقلمند اور باشعور عالم تھے۔ ابو المظفر سمعانی سے حدیث پڑھ کر ان ہی سے فقہ کی تعلیم حاصل کی، ان کے علاوہ وہاں ابو الفتح عبد الرزاق بن حسان مینعی، ابو نصر محمد بن محمد ماہانی سے نیشاپور میں ابو بکر بن خلف شیرازی سے بلخ میں ابو اسحاق ابراہیم بن عمر بن ابراہیم اصفہانی سے، اسفرائن میں ابو سہل احمد بن اسمعیل بن بشر نہرجانی سے حدیث کی سماعت و روایت کی، ابو سعید نے ان سے ۵۴۰ھ کے اسفرائن میں روایت کی، ابو سعید سمعانی مصنف کتاب الانساب

---

[1] طبقات الشافعیہ ج ۴ ص ۶۳ - [2] طبقات الشافعیہ ج ۴ ص ۶۶ -
[3] معجم البلدان ج، ص ۳۴۵ -

نے بھی اسفرائن میں ان سے چند احادیث کی روایت کی جہاں وہ سکونت پذیر ہو گئے تھے۔ اور حدود ۵۴۰ھ میں انتقال کیا۔[۱]

محمد بن عثمان بن ابراہیم بن عبد الخالق جوزجانی لاہوری، سراج الدین بن منہاج الدین (سراج منہاج) لاہور میں پیدا ہوئے۔ سمرقند میں نشو و نما ہوئی۔ اور اساتذۂ وقت سے تعلیم پائی۔ فقہ و عربیت میں امامت کا درجہ رکھتے تھے۔ سلطان شہاب الدین غوری نے ۵۸۳ھ میں ان کو لاہور میں قاضیٔ عسکر بنایا تھا۔ ۵۸۹ھ میں بہاء الدین سام بن محمد نے بامیان بلا کر قاضی القضاۃ اور صدر المدرسین کا عہدہ دیا۔ لشکر خطابت و احتساب اور دوسرے شرعی منصب عطا کئے، خلیفہ ناصر الدین اللہ عباسی کے دربار میں دو بار سفیر بن کر گئے دوسری بار واپسی پر مکران میں ۵۹۰ھ کے بعد فوت ہو گئے، انکے صاحبزادے عثمان بن محمد بن عثمان طبقات ناصری کے مصنف ہیں۔

ابو علی منصور بن سندی اسکندرانی نے امام ابو طاہر سلفی سے روایت کی، دباغ اور نحاس کی نسبت سے مشہور ہیں۔ ربیع الاول ۶۴۶ھ میں فوت ہوئے۔[۲]

ابو محمد ہارون بن محمد بن مہلب بروجی ہندی بھڑوچ گجرات کے باشندے تھے۔ ابو طاہر سلفی نے ان سے اسکندریہ میں ملاقات کی تھی، وہ اسکندریہ کی ایک مسجد میں مؤذن تھے، فریضۂ حج ادا کر چکے تھے، سلفی نے ان کو شیخ صالح بتا کر کہا ہے کہ وہ اپنے ما فی الضمیر کو بڑی مشکل سے عربی یا فارسی میں ادا کر سکتے تھے۔[۳]

---

[۱] معجم البلدان ج، ص ۳۴۵۔ کتاب الانساب، [۲] حسن المحاضرہ ج ۱ ص ۱۵۹، شذرات الذہب ج ۵ ص ۳۹۱۔ [۳] معجم البلدان ج ۲ ص ۵۵۔

ابو العلاء ہندی نے ابوبکر محمد بن حسن مرزقی بغدادی متوفی ۵۲۷ھ سے حدیث کی روایت کی ہے۔ وہ ابن عساکر اور خفاف بن ناصر کے معاصر اور ہم سبق تھے۔[1]

اس دور میں جو علمائے اسلام ہندوستان آئے

جس دور کے ہندی علماء کا تذکرہ ہو رہا ہے اس میں عالم اسلام کے اساطین علم و فضل یہاں آئے ہیں جن میں محدث فقیہ شاعر، ادیب، متکلم، عابد، زاہد، سیاح، مؤرخ، تاجر سب ہی شامل ہیں۔ اور انھوں نے یہاں آکر افادہ و استفادہ کیا ہے۔ مثال کے طور پر ہم یہاں چند مشاہیر کے نام اور مختصر حالات پیش کرتے ہیں۔

ابو العباس احمد بن عثمان بن عبد الجبار تونسی ملتانی مالکی، نے افریقہ سے مشرقی ممالک کا دینی و علمی سفر کر کے علم حاصل کیا۔ اس سلسلہ میں ملتان بھی آئے۔ آخر میں بجایہ میں مقیم ہو کر درس و تدریس کی خدمت انجام دی، فقہ مالکی، عربیت، اور تصوف و عبادت میں مشہور تھے، ساتھ ہی نہایت باوقار اور پر عظمت شخصیت کے مالک تھے۔ ۶۴۴ھ میں فوت ہوئے۔[2]

ابو تمام احمد بن محمد بن مختار بن عبد الواحد بن المؤید باللہ بغدادی "ابن الخضر" کی کنیت سے مشہور ہیں۔ ابو جعفر بن مسلمہ اور ابو نصر زینبی وغیرہ سے روایت کی، بغداد سے بہ سلسلۂ تجارت ماوراء النہر گئے اور وہاں سے براہ سمندر ہندوستان پہونچے، ان کے پاس اس سفر میں مال و دولت کی کثرت ہوئی اور مزید کے لئے کوشش کرتے رہے۔ جمعہ ۵ ذوقعدہ ۵۴۳ھ کو نیشاپور میں فوت ہوئے۔ ان کے بیٹے نصر اللہ کا بیان ہے کہ

---

[1] معجم البلدان ج ۸ ص ۴۶۔ [2] نیل الابتہاج بتطریز الدیباج ص ۶۲۔

میرے والد کی عمر ۱۰۳ سال کی تھی [۱]

ابو اسحاق ابراہیم بن ابو عبداللہ بن ابراہیم بن محمد بن یوسف انصاری اسکندری، ابن العطار کی کنیت سے مشہور ہیں۔ ۵۹۵ھ میں پیدا ہوئے۔ مشہور نحوی عالم ابو زکریا یحییٰ بن معطی سے ادب و عربیت کی تعلیم حاصل کی، اور ہندوستان، یمن، عراق اور روم کے شہروں کا سفر کیا۔ نہایت اچھے انشا پرداز تھے۔ ۶۴۹ھ میں قاہرہ میں فوت ہوئے۔ [۲]

ابو نزار حسن بن صافی بغدادی شافعی ملک النحاۃ کے لقب سے مشہور ہیں۔ احمد اشہبی سے فقہ کی تعلیم حاصل کی۔ اصول فقہ ابن برہان سے پڑھا۔ نیز ابو عبداللہ قیروانی اور اسعد میہنی اور علی فصیحی سے تعلیم حاصل کی اور نحو و ادب میں یگانۂ زمانہ ہوئے، تذکرہ نگاروں نے ان کو فقیہ، اصولی متکلم، نحوی، ——— ادیب، فصیح کے القاب سے یاد کیا ہے۔ ہندوستان اور خراسان واسط اور دمشق آئے اور یہیں مقیم ہو گئے، بہت سی کتابوں کے مصنف ہیں۔ ملک النحاۃ کا لقب اپنے لئے خود تجویز کیا تھا۔ ۵۶۸ھ میں فوت ہوئے [۳]

ابو مغیث حسین بن منصور حلاج مشہور صوفی ہیں۔ خلیفہ معتضد کے زمانہ میں ہندوستان آئے اس کے بعد اہل ہند سے ان کے خط و کتابت رہا کرتی تھی، نیز انھوں نے خراسان اور ماوراء النہر وغیرہ کا سفر کر کے اپنے متصوفانہ مسلک کی ترویج کی۔ ۳۰۹ھ میں بغداد میں قتل کئے گئے [۴]

---

[۱] المنتظم ج ۱۰ ص ۱۳۴۔ [۲] الطبقات السنیہ فی تراجم الحنفیہ ج ۱ ص ۲۱۶
[۳] شذرات الذہب ج ۴ ص ۲۲۷۔ [۴] المنتظم ج ۶ ص ۱۶۱۔ العبر ج ۲ ص ۱۳۸۔ الانساب سمعانی ج ص ۳۱۷۔

فخر الدین حسین زنجانی لاہوری مشہور بزرگ ہیں۔ زنجان سے لاہور آکر مقیم ہوئے۔ اور یہیں انتقال کیا۔

ابو الحسن سعد الخیر بن محمد بن سہل بن سعد انصاری اندلسی نے اندلس سے ہندوستان اور چین کا بحری سفر کیا اور اس راہ میں بڑے مصائب اور خطرات برداشت کئے پھر بغداد جاکر حامد غزالی سے فقہ کی تعلیم حاصل کی۔ اور طراد بن محمد زینبی، ابن لطر، ثابت بن بندار کے علاوہ محدثین کی ایک جماعت سے حدیث کا سماع کیا۔ اور ادب کی تعلیم خطیب تبریزی سے پائی۔ ان سے ابن جوزی نے پڑھا ہے۔ نہایت ثقہ اور نیک عالم تھے۔ شنبہ ۱۰ محرم ۵۴۱ھ میں بغداد میں فوت ہوئے۔ اور قاضی القضاۃ زینبی اور اعیان و اشراف نے نماز جنازہ میں شرکت کی۔[1]

ابو الحسین عبد الغافر بن اسمٰعیل بن ابو الحسین بن عبد الغافر بن محمد فارسی نیشاپوری کو امام، حافظ، مفید، لغوی کے القاب سے یاد کیا گیا ہے۔ ۴۵۱ھ میں پیدا ہوئے۔ امام الحرمین کی خدمت میں چار سال تک رہ کر تفقہ حاصل کیا۔ اپنے نانا ابو القاسم قشیری کے علاوہ احمد بن منصور مغربی، احمد بن عبد الرحیم، ابو حامد احمد بن حسن ازہری، فضل بن محمد، ابو نصر عبد الرحیم بن علی التاجر، محمد بن عبد اللہ الصرام، عبد الحمید بن عبد الرحمٰن نمیری اور اپنی نانی فاطمہ بنت دقاق اور محدثین کی ایک جماعت سے روایت کی۔ اور ان سے ابو سعید بن عمر صفار وغیرہ نے روایت کی، امام ابن عساکر نے ان سے روایت بالاجازۃ کی ہے۔ انھوں نے خوارزم اور ہندوستان کا سفر کیا تھا۔ آخر میں نیساپور میں امامت و خطابت

---

[1] مرآۃ الزمان ج ۸ ص ۱۹۲۔ قسم ۱۔

کی خدمت انجام دیتے تھے۔ اور ۵۲۹ھ میں ۹۸ سال کی عمر میں انتقال کیا۔ زبردست محدث اور مصنّف تھے۔ ان کی تصانیف میں تاریخ نیشاپور، مجمع الغرائب اور المفہم شرح صحیح مسلم ہیں۔ [۱]

ابو الفضل عبد المجید بن حسین بن یوسف بن حسن بن احمد بن دلیل کندی خطی، ابن عمیرہ ضبّی کا بیان ہے کہ انھوں نے حافظ ابو بکر طرطوشی سے روایت کی ہے۔ میں نے ان سے اسکندریہ میں ملاقات کی ہے۔ انھوں نے بتایا کہ میں ۵۱۳ھ میں اندلس کے شہر مریہ میں گیا اور ابو عبداللہ محمد بن یحییٰ سے ملاقات کی، انھوں نے میرے حق میں دعا کی جس سے مجھے فائدہ ہوا۔ ان کے بارے میں ضبّی نے یہ بھی لکھا ہے :-

و دخل الھند، وکان	وہ ہندوستان جا چکے تھے اور
یحدثنا فی کل لیلۃ	ہر رات تعلیم کے بعد ہم سے
اثر الفراغ من القراءۃ	ہندوستان کے عجیب و غریب
بعجائب الھند،	حالات بیان کیا کرتے تھے۔

حدود ۵۸۰ھ میں انتقال کیا۔ [۲]

امام ابو الحسن علی بن عثمان ہجویری غزنوی لاہوری، یہاں کے مشہور اولیاء میں سے ہیں۔ علماء و محدثین کے علاوہ عباد و زہاد کی ایک جماعت سے تعلیم پائی، حج و زیارت سے مشرف ہوئے۔ اور ہندوستان آکر لاہور میں مقیم ہوئے۔ اور یہیں ۴۶۵ھ میں وفات پائی۔ کشف المحجوب ان کی مشہور تصنیف ہے۔

امام فخر الدین رازی، ابو عبداللہ محمد بن عمر تفسیر کبیر کے مصنف بلاد

---

[۱] تذکرۃ الحفاظ ج ۴ ص ۶۸۔ [۲] بغیۃ الملتمس ص ۳۸۲۔

ہند میں آئے ہیں، انھوں نے سورۂ ہُود کی آیت وَاِلٰی عادٍ اَخَاھُمْ ھُوْدًا الخ کی تفسیر کے آخر میں لکھا ہے:-

قال مصنف هذا الكتاب	مصنف کتاب ہذا محمد بن عمر
محمد بن عمر الرازی	رازی کہتا ہے کہ میں ہندوستان
رحمہ اللہ وختم لہ	کے شہر میں جاکر ان کفار کو
بالحسنیٰ دخلتُ بلاد	دیکھا ہے کہ وہ سب معبود کے
الهند فرأیتُ اولٰئك	وجود پر متفق ہیں مگر.....
الكفار مطبقين على	
الاعتراف بوجود الالٰہ الخ[1]	

امام رازی کا انتقال ۶۰۶ھ میں ہوا۔

ابو المکارم محمد بن عمر بن امیر حبہ بن ابو القاسم بن ابو سہل بن ابو سعد مہّاد اشہبی. لحی کی ولادت ۵۶۶ھ میں بلخ میں ہوئی، انھوں نے ہرات میں ابو عبد اللہ محمد بن علی بن محمد بن عمیر عمیری اور ابو عطاء عبد الاعلی بن عبد الواحد ملیحی سے، اور نیشاپور میں ابو تراب عبد الباقی بن یوسف مراغی اور ابو الحسین مبارک ابن عبد اللہ بن محمد واسطی سے، اور بلخ میں ابو القاسم احمد بن محمد بن محمد خلیلی، ابو اسحاق ابراہیم بن ابو نصر محمد بن ابراہیم تاجر اصفہانی اور ان کے معاصرین سے روایت کی، نیز ان کے علاوہ بہت سے محدثین سے پڑھا اور حد و قیاس سے باہر اپنے قلم سے لکھا۔

نہایت عالم و فاضل اور حافظ حدیث تھے۔ ہندوستان اور خراسان کے شہروں میں گھومے پھرے اور ہر شہر کے اہل علم سے حدیث کا سماع

---

[1] تفسیر کبیر ج ۵ ص ۹۸۔

کیا، شوال ۵۳۲ھ میں فوت ہوئے۔[1]

ابو المحاسن محمد بن نصر اللہ بن عنین زرعی، انصاری، دمشقی ابن عنین کی کنیت سے مشہور ہے، بڑا باکمال شاعر تھا۔ ابن درید کی کتاب الجمہرہ اس کو زبانی یاد تھی۔ ۵۴۹ھ میں دمشق میں پیدا ہوا۔ اور وہیں ۶۳۰ھ میں فوت ہوا۔ ہجو گوئی میں بدنام تھا۔ اسی سلسلہ میں ایک مرتبہ سلطان صلاح الدین نے اس کو ہندوستان میں شہر بدر کر دیا تھا۔ اس زمانہ میں اس نے ہندوستان سے اپنے بھائی کے پاس دمشق میں دو اشعار بھیجے تھے۔ دوسرا شعر ابو العلاء معرّی کا ہے۔

سامحتُ کتبک فی القطیعۃ عالماً ان الصحیفۃ لم تجد من حامل

خط و کتابت نہ ہونے اور تمہارے خطوط نہ آنے سے یہ جان کر میں نے درگذر کیا کہ کوئی لانے والے نہیں ملا۔

وعذرت طیفک فی الجفاء لانہ یسری فیصبح دوننا بمراحل

اور تمہارا خواب جو تمہیں ستا رہا ہے۔ میں اس کو معذور سمجھتا ہوں وہ رات کو چلتا ہے مگر ابھی کوسوں دور رہتا ہے کہ صبح ہو جاتی ہے

ایک قصیدہ میں یہ شعر کہا ہے۔[2]

الا یا نسیم الریح من تلّ راھط وروضا الحمی کیف اھتدیت الی الھند

تل راہط اور روضا الحمی سے آنے والی نسیم صبح! تو ہندوستان تک کیسے راستہ پا گئی۔؟

ابن عنین کا انتقال ۶۳۰ھ یا ۶۳۳ھ میں ہوا۔[3]

---

[1] الانساب ج ۱ ص ۲۷۶۔ [2] آثار ابی العلاء المعرّی ص ۳۹۹ ابن خلکان ج ۲ ص مرآۃ الزمان ج ۸ ص ۶۹۶۔

ابو المعالی محمد بن ہبۃ اللہ بن مبارز بن علی اثاربی انصاری کے بارے میں سمعانی نے لکھا ہے کہ وہ نہایت عقلمند جوان تھے، علماء کی صحبت اٹھائی تھی، ان کو بہت سی حدیثیں یاد تھیں۔ سب سے پہلے میں نے بغداد میں ان سے ملاقات کی اس کے بعد نیشاپور، مرو، ہرات اور بلخ میں ملا۔ اور ان سے اشعار لکھے۔ اس کے بارے میں یہ بھی لکھا ہے۔

مسافر الکثیر و دخل دیار	انھوں نے بہت زیادہ سفر کیا۔
مصر، والعراق ودخل خراسان	اور دیار مصر و عراق، اور خراسان
ووصل الی اقصی بلاد الھند۔	گئے اور ہندوستان کے دور
	دراز کے شہروں میں پہونچے۔

ان کا انتقال ہرات میں ۲۱ جمادی الآخرہ ۵۴۷ھ میں ہوا۔[1]

جو علمائے اسلام عباسی عہد کے بعد ہندوستان میں آئے۔ اگر تفصیل کے ساتھ ان کا بیان کیا جائے اور ان کے نام اور حالات درج کئے جائیں تو مستقل کتاب کی ضرورت ہے، یہاں مختصر طور سے چند حضرات کے حالات بیان کئے گئے ہیں۔

---

[1] الانساب ج ۱ ص ۱۱۱۔

(۹)

ہندی مَوالی و ممالیک

عباسی دور کی ابتدا ہی سے سندھ اور ہندوستان کے موالی و ممالیک اسلامی زندگی کے ہر شعبہ میں نمایاں حیثیت سے نظر آنے لگے تھے۔ اور انھوں نے بہترین استعداد و صلاحیت سے کام لے کر نیک نامی اور ناموری حاصل کر لی تھی۔

بغداد، بصرہ اور کوفہ وغیرہ میں ان کی اچھی خاصی آبادی تھی۔ اور وہ مقامی باشندے کی حیثیت سے ہر معاملہ میں دخیل تھے۔ ان میں حفاظِ حدیث، ائمۂ دین، عباد و زہاد، شعراء و ادباء، خطباء و فصحاء۔ امراء و حکام، ارباب جاہ و منصب، اہل صنعت و حرفت، صاحب مال و دولت موجود تھے۔ اور مردوں کے ساتھ عورتیں بھی نمایاں مقام رکھتی تھیں۔

ان میں کئی خاندان پشتہا پشت تک شہرت و ناموری کے حامل رہے، آل ہیلمانی، آل ابو معشر سندی، آل مقسم قیقانی دینی علوم میں اور سندی بن شاہک کا خاندان حکومت و امارت اور دنیاوی جاہ و منصب میں مدتوں مشہور رہا۔ ہندوستان کے ان غلام خاندانوں نے اپنے اپنے حلقہ میں بہترین خدمات انجام دیں۔

اس وقت بغداد مشرقی دنیا کا سب سے بڑا شہر بلکہ ایک دنیا تھا۔ جو مختلف علوم وفنون، تہذیب وتمدن، افکار وخیالات اور معاش و معیشت کی ہماہمی کی وجہ سے بے پناہ کشش رکھتا تھا۔ خاص طور سے عجم کے لوگ ہر میدان میں آگے بڑھ رہے تھے۔ ان ہی کے ساتھ ہندوستان کے موالی و ممالیک نے بھی پورے نشاط وانبساط سے ہر معاملہ میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔ اور ہر جگہ نمایاں حیثیت حاصل کی۔ اس باب میں ہم ہندوستان کے غلاموں کا سرسری جائزہ لیتے ہیں۔ اور ان کے دینی، علمی، دنیاوی کارناموں کا مختصر طور سے تذکرہ کرتے ہیں۔ ان میں دو چار ایسے حضرات بھی ہیں جو بعد کے دور سے تعلق رکھتے ہیں اور ان کے ذکر کے بغیر یہ باب نامکمل رہ جاتا۔

علماء وفقہاء اور ائمہ حدیث

عباسی دور میں جب علوم وفنون کی تالیف وتدوین اور تعلیم وتدریس کا سلسلہ شروع ہوا تو سب سے پہلے موالی و ممالیک نے اس کی طرف خصوصی توجہ کی، جن میں سندھ اور ہندوستان کے غلاموں کی اچھی خاصی تعداد شامل ہے اور انھوں نے اسلامی علوم وفنون میں اپنی خدمات کی شاندار روایت اور تاریخ چھوڑی ہے۔ واقعہ یہ ہے کہ ہندوستان کی دینی اور علمی تاریخ میں یہاں کے غلاموں کا بڑا حصہ ہے اور ان کے ذکر کے بغیر یہ باب مکمل نہیں ہو سکتا، خاص طور سے علم حدیث میں ان کا عظیم کارنامہ ہے، ہم ان ہی کے ذکر جمیل کو سرنامہ بناتے ہیں۔

یگانۃ الفقہاء، سید المحدثین، امام، حافظ ابو بشر اسمٰعیل بن ابراہیم بن مقسم قیقانی، بصری، بغدادی اسدی اپنی والدہ علیہ بنت حسان

کی نسبت سے "ابن عُلَیّہ" کی کنیت سے مشہور ہیں۔ ان کے دادا مقسم سندھ کے علاقہ قیقان (گیگا ن، قلات) کے جنگلی قیدی بن کر کوفہ گئے۔ اور بنو اسد اور مولیٰ عبدالرحمن بن قطیبہ اسدی بھی کہتے ہیں۔ بعض لوگوں نے اسمعیل بن ابراہیم بن شہم بن مقسم لکھا ہے۔ حافظ ابن عُلَیّہ کے والد ابراہیم بن مقسم کوفہ میں کپڑے کی تجارت کرتے اور بہ سلسلۂ کاروبار بصرہ بھی آجاتے تھے جہاں ایک نبیلہ عاقلہ اور عالمہ فاضلہ خاتون عُلَیّہ بنت حسان سے شادی کرلی تھی۔ یہ بھی باندی تھیں۔ ان ہی کے بطن سے ۱۱۰ھ میں اسمٰعیل پیدا ہوئے۔ اور انھوں نے اپنے بیٹے کو بصرہ کے محدثین کے یہاں بھیج کر تعلیم دلائی، ان کے شیوخ میں بصرہ کے ائمۂ حدیث زیادہ ہیں۔ جن میں حضرت عبدالعزیز بن صہیب ہیں۔ ان کے والدین غلام تھے مگر ان کے علم و فضل اور دیانت و تقوی کی وجہ سے قاضیٔ اسلام ایاس بن معاویہ ان کی ایک شہادت کو کافی سمجھتے تھے۔ امام ابن علیّہ نے عبداللہ بن عون کے واسطہ سے ان سے بہت سی احادیث کی روایت کی ہے۔ تذکرہ نگاروں نے ان کے شیوخ و اساتذہ میں ان ائمہ حدیث کو بتایا ہے: ابو التیاح یزید بن حمید ضبعی بصری، عبداللہ بن عون بن ارطبان ایوب بن ابو تیمہ سختیانی، سلیمان بن طرخان تیمی، ابوبکر داؤد بن ابو ہند دینار مولیٰ آل الاعلم، حمید بن ابو حمید الطویل، عبداللہ بن ابو نجیح یسار بن ابو صالح، لیث بن ابو سلیم، سعید بن ایاس جریری، علی بن زید بن جدعان، محمد بن منکدر، عطاء بن ابو سائب، یونس بن عبید، عاصم بن سلیمان الاحول، ابو ریحانہ عبداللہ بن مطر، ابو عروہ معمر بن راشد مولیٰ ازد صاحب عبدالرزاق، عوف بن ابو جمیلہ اعرابی، روح بن قاسم

یحییٰ بن سعید تیمی، ابو عبدہ عبد الوارث بن سعید مولی بنی عنبر، شعبہ، ابن جریج، ان حضرات کے علاوہ خلق بلکہ خلق کثیر سے انھوں نے حدیث کی روایت کی ہے۔ ان کے شیوخ میں متعدد حضرات ان کے ہم جنس یعنی موالی میں سے ہیں جو پہلے غلام تھے۔

امام ابن علیہ سے جلیل القدر ائمہ نے روایت کی ہے جن میں امام احمد بن حنبل اور امام شافعی بھی شامل ہیں۔ ان کے اساتذہ و شیوخ میں سے امام شعبہ اور امام ابن جریج اور معاصرین میں سے حماد بن زید اور بقیہ نے ان سے تعلیم حاصل کی۔ ان کے تلامذہ میں ابراہیم بن طہمان عمر میں ان سے بڑے ہیں۔ ان کے علاوہ یہ حضرات ان کے شاگرد ہیں: عبد الرحمٰن بن مہدی، یحییٰ بن معین، علی بن مدینی، زہیر بن حرب، داؤد بن رشید، احمد بن منیع، بندار میں بشار، محمد بن مثنی، یعقوب دورقی، حسن بن عرفہ، اسحاق بن راہویہ، ابن وہب، قلاس، ابو معمر ہذلی، ابو خیثمہ، علی بن حجر، ابن نمیر، ابن ابو شیبہ، ان کے سب سے آخری شاگرد ابو عمران موسیٰ بن سہیل بن کثیر وشاء ہیں۔ ان کے حلقہ نشینوں میں ایک مخلوق شامل ہے۔ امام ابن علیہ ۱۳ ذوقعدہ ۱۹۳ھ میں بغداد میں فوت ہوئے۔ ابن قنفذ قسطینی نے ۱۹۲ھ میں بتایا ہے، ان کا خاندان بیت العلم تھا اور صدیوں تک اس میں فقہاء و محدثین پیدا ہوتے رہے۔ ان کے چھوٹے بھائی ربیع بن ابراہیم متسم بصری اور صاحبزادے ابو اسحاق ابراہیم اور حماد ہیں۔ [1]

---

[1] طبقات ابن سعد ج، ص ۳۲۵۔ تاریخ بغداد ج ۶ ص ۲۳۳، تہذیب التہذیب ج ص ۲۷۵، میزان الاعتدال ج ۱ ص ۲۰۰، تذکرۃ الحفاظ ج ص ۲۵۶، خلاصۃ تذہیب الکمال ص ۲۷، کتاب الوفیات، ابن قنفذ ص ۱۵۱۔

اسمٰعیل بن عیسی بن فرج سندی، علی بن یقطین کے مولیٰ ہیں۔ ان کے صاحبزادے علی بن اسمٰعیل سندی ہیں۔[1]

ابو اسحاق ابراہیم بن اسمٰعیل بن عُلَیّہ اسدی مولی بنی اسد بھی اپنے والد کی طرح ابن عُلَیّہ کی کنیت سے مشہور ہیں۔ صاحب تصنیف عالم ہیں۔ اپنے والد کے ساتھ بصرہ سے بغداد آئے اور وہاں سے مصر گئے۔ امام وکیع بن جراح کی موجودگی میں اپنے والد کی نماز جنازہ پڑھائی، یہ نہ معلوم ہو سکا کہ انھوں نے کن کن شیوخ سے روایت کی۔ ان سے بحر بن نصر خولانی اور یونس بن ابوزرارہ نے روایت کی ہے۔ ۱۵۲ھ بصرہ میں پیدا ہوئے اور ۲۱۸ھ میں بغداد یا مصر میں فوت ہوئے، خطیب بغدادی نے ان کو خلق قرآن کا قائل بتایا ہے اور ذہبی نے ان کو جہمی قرار دیا ہے۔[2] مگر ان دونوں الزامات سے اختلاف کی گنجائش ہے۔

ابراہیم بن سندی بن شاہک بغدادی مولی ابو جعفر منصور ان کے باپ سندی بن شاہک کا نام محمد ہے۔ اور شاہک اس کی ماں کا نام ہے اس کا پورا خاندان بڑا صاحب اقبال تھا، اور اس کے افراد بڑے بڑے سرکاری عہدوں پر فائز تھے۔ اس کے دو بیٹے ابراہیم اور نصر عالم و فاضل تھے۔ جاحظ نے لکھا ہے:-

واما ابراھیم فانہ	ابراہیم بے نظیر آدمی تھے۔
کان رجلاً لا نظیر لہ	وہ خطیب، ماہر انساب،
وکان خطیباً، وکان	فقیہ، نحوی، عروضی، حافظ

---

[1] معجم المصنفین ج ۶ ص ۳۳۔ [2] تاریخ بغداد ج ۶ ص ۲۰، میزان الاعتدال ج ۱ ص ۱۱۱، الفہرست ابن ندیم ص ۳۱۸۔

ناسبًا، وكان فقيهًا
وكان نحويًّا عروضيًا
وحافظاً للحديث
راوية للشعر، شاعرًا
وكان منجماطبيبًا۔[1]

حدیث، شعر کے راوی، شاعر، منجم، اور طبیب تھے۔

ان تمام اوصاف وکمالات میں ابراہیم بن سندی بن شاہک اپنے معاصرین میں سب سے آگے تھے۔ خاص طور سے فن خطابت میں بے پناہ قوت کے مالک تھے۔

ابو محمد بختیار بن عبداللہ ہندی مروزی، علامہ سمعانی مصنف کتاب الانساب کے والد امام ابو بکر سمعانی کے غلام تھے۔ انھوں نے ان کو آزادی دیکر اپنے ساتھ عراق اور حجاز وغیرہ کے تعلیمی اسفار کرائے۔

وسمعه الحديث الكثير۔

اور ان کو بہت زیادہ احادیث کا سماع کرایا۔

بختیار ہندی نہایت صالح اور نیک عالم تھے، انھوں نے بغداد میں ابو محمد جعفر بن احمد بن حسن سراج، ابو الفضل محمد بن عبد السلام بن احمد انصاری، ابو الحسین مبارک بن عبد الجبار طیوری سے، ہمدان میں ابو محمد عبد الرحمٰن بن احمد بن حسن دونی سے، اصفہان میں ابو الفتح محمد بن احمد حدّاد سے حدیث کی روایت کی۔ ان حضرات کے علاوہ اپنے دور کے محدثین وشیوخ سے تعلیم حاصل کی، علامہ سمعانی نے اپنے اس خاندانی غلام سے چند احادیث کا سماع کرکے ان کی شاگردی کی ہے۔ جیسا کہ لکھا ہے:

سمعت منه شیئاً یسیراً۔ — میں نے ان سے کچھ حدیثیں سنی ہیں۔

صفر ۵۴۱ھ میں خراسان کے شہر مرو میں فوت ہوئے۔[1]

ابو الحسن بختیار بن عبد اللہ ہندی بوشنجی، صوفی زاہد اور نہایت صالح و نیک سیرت عالم و محدث تھے۔ قاضی محمد بن اسمعیل یعقوبی کے غلام تھے انھوں نے ان کو آزاد کر دیا تھا۔ اس کے بعد بختیار نے اپنے آقا کے ساتھ تعلیمی اسفار کئے اور بغداد میں شریف ابو نصر محمد، ابو الفوارس طراد بن محمد بن علی زینبی، ابو محمد رزق اللہ بن عبد الوہاب تمیمی سے، بصرہ میں ابو علی علی بن احمد بن علی تستری، حافظ ابو القاسم عبد الملک بن علی بن خلف بن شعبہ، ابو یعلیٰ احمد بن محمد بن حسن عبدی سے روایت کی۔ ان کے علاوہ اصفہان خوزستان اور بلاد جبال میں محدثین کی جماعت کثیرہ سے سماع کیا امام سمعانی نے ان سے ہرات میں روایت کی ہے ۵۴۲ھ یا ۵۴۳ھ میں فوت ہوئے۔[2]

حارث بیلمانی کا خاندان ہندوستان کے علاقہ سوراشٹر گجرات کے مشہور شہر بھیلمان سے عرب پہونچا اور مولی آل عمر ہوا یعنی حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کی ولاء اور ملکیت میں رہ کر آزاد ہوا۔ یہ ہندی خانوادہ بھی مدتوں بیت العلم رہا ہے۔ اس خاندان کے پہلے بزرگ اور عالم و محدث عبد الرحمن بن ابو زید بیلمانی ہیں جو حضرت عمرؓ کے مولی العتاقہ اور اموی دور کے مشہور عالم و محدث، اور علمائے تابعین میں سے ہیں، انھوں نے حضرت عمرؓ سے اور ان کے لڑکے محمد بن حارث بیلمانی نے روایت

[1] انساب سمعانی۔ [2] انساب سمعانی۔

کی ہے۔

ابو بکر حسین بن محمد بن ابو معشر نجیح بن عبد الرحمٰن معشری سندی بغدادی، مشہور امام و حافظ حدیث ابو معشر سندی مدنی صاحب المغازی کے پوتے ہیں جو بنی مخزوم کی ایک عورت ام سلمہ کے غلام تھے اور اس سے ان کی ولاء کو ام موسیٰ بنت منصور نے خرید لیا تھا۔ بغداد کے محلہ شارع باب خراسان میں رہتے تھے۔ انھوں نے اپنے والد محمد بن ابو معشر، محمد بن ربیعہ، وکیع بن جراح سے حدیث کی روایت کی ہے، اور "صاحب وکیع" کے لقب سے مشہور ہیں۔ ان سے محمد بن احمد حکیمی، اسمٰعیل بن محمد صفار، علی بن اسحاق مادرانی، ابو عمرو بن سماک، عثمان بن احمد دقاق نے روایت کی ہے، ۹ رجب ۲۷۹ھ میں فوت ہوئے [۱]

حماد بن اسمٰعیل بن عُلَیّہ اسدی بغدادی مشہور حافظ حدیث ابن عُلَیّہ مولی بنی اسد کے صاحبزادے ہیں۔

انھوں نے اپنے والد اسمٰعیل بن عُلَیّہ، وہب بن جریر بن حازم وغیرہ سے روایت کی ہے۔ اور اس سے امام مسلم، امام نسائی، عثمان بن خرزاد، محمد بن اسحاق صنعانی، یعقوب بن سفیان، اور محمد بن اسحاق سراج وغیرہ نے روایت کی ہے۔ امام نسائی نے ان کی توثیق کی ہے۔ اور ابن حبان نے ان کا ذکر ثقات میں کیا ہے ۲۴۴ھ میں انتقال کیا۔ [۲]

امام حافظ ابو محمد خلف بن سالم مخرمی سندی بغدادی مولی آل مہلب

---

[۱] تاریخ بغداد ج ۸ ص ۹۱۔ لسان المیزان ج ۶ ص ۳۳۶۔

[۲] تہذیب التہذیب ج ۳ ص ۴۔

بغداد مخزی کے اعیان حفاظ حدیث میں سے ہیں۔ انھوں نے بغداد میں ابوبکر بن عیاش، ہشیم بن بشیر، یحییٰ بن سعید قطان۔ عبدالرحمن بن مہدی، اسمعیل بن عُلَیّہ، سعد بن ابراہیم بن سعد، ان کے بھائی یعقوب بن ابراہیم بن سعد، معن بن عیسی، ابونعیم فضل بن دکین، محمد بن جعفر غُندر، یزید بن ہارون، وہب بن جریر، عبدالرزاق بن ہمّام صنعانی سے روایت کی ہے۔ اور ان سے اسمعیل بن ابوالحارث، حاتم بن لیث، یعقوب بن شیبہ احمد بن ابوخیثمہ، جعفر طیالسی، عباس دوری، یعقوب بن یوسف مطوعی، حسن بن علی معمری، احمد بن حسن ابن عبدالجبار، صوفی، ابوالقاسم بغوی، ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی نسائی اور دوسرے علماء نے روایت کی، ننانوے سال کی عمر میں رمضان ۲۸۱ھ میں فوت ہوئے۔[1]

ابوسلیمان داؤد بن محمد بن ابومعشر نجیح بن عبدالرحمن سندی بغدادی مولی بنی مخزوم حسین بن محمد بن ابومعشر صاحب وکیع کے بھائی اور حافظ ابومعشر سندی مدنی کے پوتے ہیں، انھوں نے اپنے والد محمد بن ابومعشر سے اپنے دادا ابومعشر نجیح کی کتاب المغازی کی روایت کی ہے۔ اور ان سے قاضی احمد بن کامل نے اس کی روایت کی ہے۔[2]

ربیع بن ابرہیم اسدی بغدادی مولی بنی اسد اسمعیل بن عُلَیّہ کے بھائی اور ابن عُلَیّہ کی کنیت سے مشہور ہیں۔ انھوں نے عبدالرحمن بن اسحاق اور یونس سے روایت کی ہے۔ اور ان سے ابوخیثمہ، اور حماد بن زاذان نے روایت کی ہے، یحییٰ بن معین نے امام عبدالرحمن بن مہدی کا

---

[1] تاریخ بغداد ج ۸ ص ۳۲۸۔ و تذکرۃ الحفاظ ج ۲ ص ۵۹ [2] تاریخ بغداد ج ۸ ص ۳۶۔

قول نقل کیا ہے کہ ہم لوگ اسمعیل بن عُلَیّہ کے بھائی ربعی بن عُلَیّہ کو اپنے پرانے شیوخ و اساتذہ میں شمار کرتے تھے۔ اور خود ابن معین نے انکو ثقہ اور مامون بتایا ہے وہ اپنے بھائی اسمٰعیل کے بعد علیہ بنت حسان کے بطن سے پیدا ہوئے۔[1]

قاضی سالم بن عبداللہ ہندی عدنی کے والد غلام تھے اور عدن میں حمالی اور نقلی کا کام کرتے تھے۔ مشہور سیاح ابن بطوطہ نے بیان کیا ہے کہ سالم کے والد حمال غلاموں میں سے تھے۔ ان کے بیٹے نے علمی زندگی اختیار کرکے دینی و علمی ریاست و سیادت حاصل کی وہ عدن کے بہتر بن قضاۃ و فضلاء میں سے ہیں۔ میں ان کی ضیافت میں کئی دن رہ چکا ہوں۔[2] یہ عباسی دور کے بعد تھے۔

ابو نصر سندی بن ابان بغدادی، مولی خلف بن ہشام ہیں خطیب نے مولی کے بجائے غلام خلف بن ہشام کے الفاظ سے ان کا تعارف کرایا ہے جس سے اندازہ ہوتا ہے کہ وہ اب تک غلامی میں بسر کر رہے تھے۔ انھوں نے یحیٰی بن عبدالحمید حمانی سے روایت کی۔ اور ان سے عبدالصمد بن علی طستی نے روایت کی۔ ذوالحجہ ۳۸۱ھ میں بغداد میں فوت ہوئے۔ راوی کا بیان ہے کہ وہ خضاب استعمال نہیں کرتے تھے۔

ہندوستان کے ان ابنائے اسلام میں یہاں کی ایک بنت اسلام شیریں بنت عبداللہ ہندیہ، مولاۃ امام ابن بندیجی ہیں۔ جو اپنی محدثانہ اور عالمانہ جاہ و جلال کی وجہ سے یہاں موالی و ممالیک علماء میں ممتاز مقام و مرتبہ رکھتی ہیں۔ وہ ایک زبردست محدث کی باندی تھیں اور

---

[1] [2] رحلہ ابن بطوطہ ج ۱ ص ۱۵۹۔

علم وفضل سے نسبت رکھتی تھیں۔ اسی کے ساتھ انھوں نے حدیث کی تحصیل میں کوشش کی۔ اور عبدالمنعم بن کلیب سے سماع کیا۔ ان سے ابرقوہی اور ابوالفتح مُرّ بن حاجب امینی کے علاوہ بعض طلبہ نے تکثیرِ سماع کیا۔ اور وہ شیخۃ الابرقوہی کی نسبت سے مشہور تھیں۔ کیوں کہ ابرقوہی ان کے اخص واجل تلامذہ میں سے تھے۔ شیریں بنت عبداللہ کا انتقال ۶۴۰ھ میں ہوا۔ [1] یہ بھی عباسی دور کے بعد تھیں۔

ضحاک بن عبداللہ ہندی ہروی مطراز مولی ابومنصور ہیں۔ ان کا مستقل قیام ہرات میں تھا۔ وہاں سے دمشق اور صور آکر حدیث کی روایت کی اور ان سے ابن کتانی نے روایت کی۔ ابن عساکر نے اپنی تاریخ میں ان کا تذکرہ کرکے ان کی سند سے ایک حدیث درج کی ہے۔ [2]

عبدالرحمن بن ابوزید بیلمانی مولی عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ آل عمر بن خطاب کے خماس میں سے ہیں۔ سوراشٹر کے مشہور مقام بھیلمان سے ان کا خاندان نجران پہونچا تھا۔ انھوں نے حضرات صحابہ میں سے ابن عباس، ابن عمر، معاویہ بن ابوسفیان، عمرو بن اوس، عمرو بن عنبسہ، عبداللہ بن عمرو بن عاص، سرق، عثمان بن عفان، اور سعید بن زید رضی اللہ عنہم سے، اور تابعین میں سے نافع بن جبیرؒ، اور عبدالرزاق اعرجؒ سے روایت کی، اور ان سے ان کے لڑکے محمد بن عبدالرحمن، یزید بن طلق، ربیعہ بن عبدالرحمن رائی۔ خالد بن ابوعمران، سماک بن فضل، ہمام والد عبدالرزاق صنعانی کے علاوہ ایک بڑی جماعت نے روایت کی۔

---

[1] حاشیۃ الاکمال ج ۴ ص ۳۱۲۔ [2] طبقات ابن سعد ج ۵ ص ۵۳۶، تہذیب التہذیب ج ۶ ص ۱۴۹۔ کتاب الجرح والتعدیل ج ۲ قسم ۱ ص ۲۶۳۔

ان کی روایات کتب احادیث میں موجود ہیں، وہ شاعر بھی ہیں۔ انکی اولاد میں کئی محدث پیدا ہوئے ہیں۔ ان کا انتقال اموی دور خلافت میں ہوا۔[1]

علی بن اسمعیل بن عیسی بن فرج سندی مولی علی بن یقطین، سندھ کے رہنے والے تھے۔ اور ان کی سندی کی نسبت ... مشہور ہوئی۔[2]

ابو نصر فتح بن عبد اللہ سندی مولی حسن بن حکم نے آزادی کے بعد تحصیل علم کی، زبردست محدث اور فقہ شافعی کے ائمہ کبار میں امام شافعی کی روایات میں منفرد تھے۔ متکلم بھی تھے۔ احادیث کی روایت ابو العباس حسن بن سفیان نسوی وغیرہ سے کی۔ اور علم کلام و فقہ کی تعلیم ابو علی محمد بن عبد الوہاب ثقفی سے پائی۔[3]

محمد بن ابراہیم بیلمانی مولی آل خطاب تبع تابعی ہیں۔ اور محمد بن حارث بن زیاد حارثی سے روایت کی ہے۔ ائمہ حدیث و رجال نے ان کی تضعیف کی ہے۔

ابو عبد اللہ محمد بن زیاد سندی بغدادی مولی بنی ہاشم ابن الاعرابی کی کنیت سے مشہور ہیں۔ ان کے والد زیاد سندھ کے باشندے تھے۔ ابن الاعرابی نے ابو معاویہ ضریر، اور کسائی وغیرہ سے روایت کی، اور ان سے ابو اسحاق ابراہیم بن اسحاق حربی، ابو العباس ثعلب، ابن سکیت ابو عکرمہ ضبی، ابو شعیب حرانی، ابو العباس احمد بن یحیی وغیرہ نے روایت کی۔

---

[1] مختصر تاریخ ابن عساکر ج، ص ۳ [2] معجم المصنفین ج ۳ ص ۳۲ [3] طبقات الشافعیہ، عبادی ص ۵۸۔

ابن الاعرابی امام لغت و ادب کی حیثیت سے مشہور ہیں، مگر ان کی زندگی فقہاء و محدثین کے انداز میں گذرتی تھی۔ خطیب نے ان کو ثقہ بتاکر ابو جعفر احمد بن یعقوب اصفہانی کا یہ قول نقل کیا ہے:

فاما ابو عبد اللہ محمد بن زیاد الاعرابی فکانت طرائقہ طرائق الفقہاء والعلماء ومذاہب قبلہ مشیوخ المحدثین۔	ابن الاعرابی کا مسلک فقہاء و علماء اور ان سے پہلے کے محدثین کا مسلک تھا۔

ان کی تصانیف دس سے زائد ہیں۔ جن میں کتاب النوادر، کتاب الخیل، کتاب تفسیر الامثال، کتاب معانی الشعر، کتاب اسماء البئر و صفاتہا، کتاب الانواء وغیرہ ہیں۔ وہ محدث، فقیہ، مقری اور ماہر انساب تھے۔ ۳۴۱ھ میں سر من رای میں انتقال کیا۔[1]

محمد بن عبد الرحمٰن بن ابو زید بیلمانی کوفی کو ابن حجر نے مولی آل عمر کے ساتھ الکوفی النحوی، ... لکھا ہے۔ یعنی ان کا قیام کوفہ میں تھا۔ اور وہ علم نحو کے عالم تھے۔ انھوں نے حدیث کا سماع اپنے والد عبد الرحمٰن بن ابو زید بیلمانی سے کیا ہے۔ مگر محدثین نے ان کو مجروح قرار دے کر ان کے ذریعہ عبد الرحمٰن بیلمانی کی روایات کو غیر مقبول بتایا ہے۔ نیز اپنے والد کے ماموں سے بغیر سماع کے روایت کی ہے۔ اور ان سے سعید بن بشیر بخاری، عبید اللہ بن عباس بن ربیع حارثی، محمد بن حارث بن زیاد حارثی، محمد بن

---

[1] تاریخ بغداد ج ۵ ص ۲۸۲، معجم الادباء ج ۱۸ ص ۱۸۹۔ کتاب الفہرست ص ۱۰۲، وفیات الاعیان ج ۲ ص ۶۵۔ ضحی الاسلام ج ۱ ص ۲۳۲۔ ج ۲۔ ص ۳۰۸۔

کثیر عبدی، ابوسلمہ موسیٰ بن اسمٰعیل وغیرہ نے روایت کی ہے ۱۴۰ھ اور ۱۵۰ھ کے درمیان فوت ہوئے۔[1]

ابوعبدالملک محمد بن ابومعشر نجیح بن عبدالرحمن سندی مدنی بغدادی مولیٰ بنی ہاشم، کو خلیفہ مہدی نے مدینہ منورہ سے بغداد بلایا اور وہ یہاں آکر مستقل طور سے آباد ہوگئے۔ حضرت ابن ابی ذئب کی رویت و روایت سے مشرف ہیں۔ اور اپنے والد سے ان کی کتاب المغازی وغیرہ کا سماع کیا۔ نیز انھوں نے ابوبکر ہذلی۔ نضر بن منصور غبری اور ابولوح انصاری وغیرہ سے حدیث کی روایت کی۔ اور ان سے ان کے دونوں صاحبزادے داؤد، اور حسین کے علاوہ ابوحاتم رازی، محمد بن لیث جوہری، ابویعلی موصلی امام ترمذی، یحییٰ بن موسیٰ بلخی، ابن ابی الدنیا، محمد ابن جریر طبری، ابوبکر بن مجذر، ابوحامد حضرمی اور دوسرے علماء و محدثین نے روایت کی ہے۔ ۹۹ سال کی عمر میں ۲۴۷ھ میں انتقال ہوا۔[2]

ابوالحسن مخلص بن عبداللہ مہذبی ہندی بغدادی، امیر مہذب الدولہ ابوجعفر وامغانی کے عتیق یعنی آزاد کردہ غلام تھے۔ بغداد کے علماء میں ان کا شمار تھا۔ انھوں نے ابوالغنائم محمد بن علی نرسی، ابوالقاسم بزار ابوالفضل حنبلی وغیرہ سے حدیث کا سماع کیا تھا۔ اور علامہ سمعانی نے بغداد میں ان سے چند احادیث کا املاء کیا ہے۔ جیسا کہ انھوں نے خود اس کی تصریح کی ہے۔[3]

---

[1] تہذیب التہذیب ج ۶ ص ۱۵۰۔ و ج ۹ ص ۳۹۳۔ تاریخ صغیر بخاری ص ۱۷۶، کتاب الضعفاء نسائی ص ۲۷، معجم البلدان ج ۲ ص ۲۸۶۔ [2] تاریخ بغداد ج ۳ ص ۳۲۶ تہذیب التہذیب ج ۹ ص ۴۸۷۔ [3] کتاب الانساب۔

حافظ حدیث امام ابو معشر نجیح بن عبد الرحمٰن سندی مدنی صاحب المغازی بنی مخزوم کی ایک عورت کے مکاتب غلام تھے۔ ام موسیٰ بنت منصور حمیریہ نے رقم ادا کر کے ان کی ولاء عتاقہ کو خرید لیا۔ امام ابو معشر مدنی نے حضرت ابو امامہ سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ کی زیارت کی ہے اور نافع مولیٰ حضرت ابن عمر، محمد بن کعب قرظی، سعید مقبری، محمد بن منکدر، ہشام بن عروہ، موسیٰ بن بشار، محمد بن قیس وغیرہ سے حدیث کی روایت کی، اور ان سے ان کے صاحبزادے محمد بن ابو معشر، یزید بن ہارون، محمد بن عمر واقدی، اسحاق بن عیسیٰ بن طباع، محمد بن بکار بن ریان، عبد الرزاق صنعانی، ابو نعیم، منصور بن ابو مزاحم، اور بہت سے علماء نے روایت کی ہے۔ ابو معشر تابعین کے طبقہ سے تھے۔ کثیر الحدیث اور علم المغازی کے صاحب نظر عالم تھے۔ کتاب المغازی ان کی مشہور کتاب ہے۔ خلیفہ مہدی نے ان کو ایک ہزار دینار خرچہ دے کر مدینہ منورہ سے بغداد بلا لیا۔ رمضان ۱۷۰ھ میں وہیں فوت ہوئے۔ ان کے خاندان میں صدیوں تک علماء و محدثین پیدا ہوتے رہے۔[1]

نصر بن محمد بن شاہک سندی کا باپ محمد بن شاہک خلیفہ منصور عباسی کے غلام امراء و حکام میں بڑے مقام و مرتبہ کا مالک تھا۔ اور نصر بقول حافظ صاحب اخبار و احادیث تھا۔ اور ابن الکلبی اور ہیثم کی احادیث و روایات تک اس کا علم محدود تھا۔[2]

ابو معشر یحییٰ سندی کا تذکرہ دولابی نے کتاب الکنی والاسماء میں

---

[1] تاریخ بغداد ج ۱۳ ص ۴۲۷۔ تذکرۃ الحفاظ ج ۱ ص ۲۱۶۔ فہرست ابن ندیم ص ۱۳۶۔ [2] البیان والتبیین ج ۱ ص ۲۶۶۔

ابو معشر یحیٰی سندی مولی ابن ہاشم کے الفاظ سے کیا ہے۔ یہ ابو معشر نجیح سندی کے علاوہ ہیں [1]

یہاں کے ممالیک علماء میں قاضی احمد بن محمد بن صالح تمیمی منصوری کے ایک غلام تھے۔ جن کا نام معلوم نہیں ہو سکا۔ ابو اسحاق شیرازی طبقات الفقہاء میں ابو الحسین عبد اللہ بن احمد بن مفلس متوفی ۳۲۴ھ کے تلامذہ میں ان کا ذکر کیا ہے۔ ابن مفلس ابو بکر بن داؤد ظاہری کے اجل تلامذہ میں سے تھے۔ اور ظاہری مذہب کے امام تھے۔ ان ہی کے شاگرد احمد بن محمد بن صالح منصوری کے غلام تھے۔ جن سے انھوں نے تحصیل علم کی تھی۔ غالباً یہ بزرگ ہندوستان اور بغداد دونوں جگہ آتے جاتے تھے۔ جیسا کہ اس بیان سے معلوم ہوتا ہے:

وغلام اعتقه محمد بن صالح المنصوری، اخذ عنه ببغداد ثم عاد الی المنصور۔ [2]	احمد بن محمد بن صالح منصوری نے جس غلام کو آزاد کیا تھا۔ اس سے بغداد میں علم حاصل کیا۔ پھر منصورہ واپس آئے۔

اس عبارت میں دو جگہ سقوط ہے۔ محمد بن صالح کے بجائے احمد بن محمد بن صالح اور منصور کے بجائے منصورہ ہونا چاہیئے اسی طرح کا سقوط خود احمد بن محمد بن صالح کے تذکرہ میں طبقات الفقہاء میں ہے۔ ابو العباس احمد بن منصور صاحب کتاب النیر اخذ العلم عن مملوکه الذی اعتقه، اخرج الی بغداد وتعلم، ثم عاد الی المنصور۔

---

[1] کتاب الکنی والاسماء دولابی ذکر ابو معشر، [2] طبقات الفقہاء ص ۱۸۰ شیرازی۔

اس میں احمد بن محمد بن صالح منصوری اور منصورہ ہونا چاہیئے۔

احمد بن محمد منصوری کے اس غلام محدث و عالم کے بارے میں یہ معلوم نہیں کہ وہ کس مقام کے تھے۔ البتہ منصورہ میں احمد بن محمد منصوری کی غلامی میں تھے۔ اور بعد میں ان کو آزادی ملی، ابو اسحاق شیرازی نے ان سے احمد بن محمد منصوری کی تعلیم حاصل کرنے کے بارے میں ایک جگہ ابہام سے کام لیا۔ اخذ العلم عن مملوکہ الذی اعتقہ اور ایک جگہ بغداد کا نام لیا ہے۔ اخذ عنہ ببغداد، غالباً یہ آزادی کے بعد منصورہ سے بغداد جاکر تحصیل علم میں مشغول ہوئے، اور جب ان کے آقا احمد بن محمد منصوری بغداد گئے تو انھوں نے وہیں دیگر اساتذہ و شیوخ کے ساتھ اپنے آزاد کردہ غلام محدث کے سامنے زانوئے ادب تہ کیا وہ بحالت غلامی منصورہ میں تھے۔

مختلف علوم و فنون میں جامعیت

ہندوستان کے ان موالی و ممالیک علماء و فضلاء میں ہر علم و فن کے جہابذہ و عباقرہ گذرے ہیں اور ائمۂ کبار نے ان کے علم و فضل اور ان کی جامعیت و مہارت کا اظہار و اعتراف کیا ہے۔ آقاؤں نے اپنے غلاموں کے سامنے زانوئے ادب تہ کیا ہے۔ اساتذہ نے اپنے موالی تلامذہ سے کسب فیض کیا ہے اور معاصرین و اقران نے اپنے ممالیک بھائیوں کی شاگردی کی ہے۔

حدیث میں امامت

ان موالی و ممالیک علمائے ہند میں محدث، فقیہ، مفسر، مجوّد، متکلم، ادیب، شاعر اور عابد و زاہد سب ہی شامل ہیں مگر تقریباً ان سب میں علم حدیث قدر مشترک ہے

اور کم از کم تین حضرات حافظ حدیث کے بلند مرتبہ پر فائز ہو کر علم حدیث میں امامت کا مرتبہ رکھتے تھے۔

ابو معشر نجیح بن عبد الرحمن، اسمعیل بن مُلَیکہ اور خلف بن سالم، امام ذہبی نے ان کا تذکرہ اپنی کتاب تذکرۃ الحفاظ میں کیا ہے۔

امام حافظ اسمعیل بن عُلَیّہ کی جلالت شان کے لئے یہی کیا کم ہے کہ امام شافعی، امام احمد بن حنبل، امام عبد الرحمٰن بن مہدی، امام یحیٰی بن معین امام علی بن مدینی، امام اسحاق بن راہویہ، اور امام شعبہ جیسے ائمہ حدیث ان کے حلقۂ تلمذ میں داخل ہیں۔ ان کو شعبہ نے ریحانۃ الفقہاء اور سید المحدثین کا لقب دیا ہے۔[1]

ابن سعد نے "کان ثقۃ ثبتاً فی الحدیث حجۃ" کہا ہے[2] یحیٰی بن معین نے کہا ہے "اِبْنُ عُلَیَّۃَ کَانَ ثِقَۃً، مَامُوْنًا، صَدُوْقًا، مُسَلَّمًا، وَرِعًا"

ہیثم بن عدی کا بیان ہے کہ ایک مرتبہ بصرہ کے حفاظ حدیث جمع ہوئے۔ اور کوفہ والوں نے ان سے کہا کہ تم لوگ اسمٰعیل بن علیہ کو چھوڑ کر جس کو چاہو ہمارے سامنے لاؤ۔ قتیبہ بن سعد کا بیان ہے کہ اہل علم کہا کرتے تھے۔ کہ ہمارے زمانہ میں حفاظ حدیث چار ہیں۔ اسمعیل بن علیہ، عبد الوارث، یزید بن زریع اور وہیب، ان کے حافظ کے بارے میں علی بن مدینی کا بیان ہے کہ عبد الرحمٰن بن مہدی نے کبھی ابن علیہ کے پاس کتاب نہیں دیکھی، زیاد بن ایوب کا قول ہے کہ میں نے ابن علیہ کے پاس کبھی کتاب نہیں دیکھی بلکہ زبانی حدیث کا درس دیتے تھے۔ عبد اللہ بن سلیمان اپنے والد کا قول نقل کرتے ہیں کہ ہر محدث نے کوئی نہ کوئی غلطی کی ہے۔

---

[1] تہذیب التہذیب ج ۱ ص ۲۷۵۔ [2] طبقات ابن سعد ج ۷، ص ۳۲۵۔

سوائے ابن علیہ، اور بشر بن مفضل کے۔[1]

امام ابو معشر نجیح بن عبد الرحمن صاحب المغازی کے بارے میں ابن سعد نے ضعیف ہونے کے ساتھ کثیر الحدیث کہا ہے۔[2] امام احمد بن حنبل نے ان کو علم المغازی میں صاحب بصیرت ہونے کے ساتھ صدوق بتایا ہے اور ذہبی نے لکھا ہے:-

وکان من ادعیۃ العلم علی نقص فی حفظہ۔	حافظہ میں کمی کے باوجود، وہ زبردست عالم تھے۔

نیز حافظ الحدیث اور فقیہ بتایا ہے۔[3]

ابن ندیم نے ان کو احداث و سیر کا عالم ہونے کے ساتھ احد المحدثین لکھا ہے۔[4]

یعنی ابو معشر حافظ محدث و فقیہ اور سیر و مغازی کے امام تھے۔

خلف بن سالم کے بارے میں ذہبی نے الحافظ، المجوّد، کے ساتھ یہ بھی لکھا ہے:-

من اعیان اھل بغداد[5]	بغداد کے اعیان محدثین میں سے تھے۔

یعقوب بن شیبہ نے ان کو ثقہ، ثبت اور مسدد اور حمیدی سے اثبت بتایا ہے۔[6] ایک مرتبہ امام احمد بن حنبل سے خلف بن سالم کے بارے میں دریافت کیا گیا۔ تو فرمایا: ان کے صدق میں شک نہیں کیا جا سکتا۔ یحییٰ بن معین

---

[1] تاریخ بغداد ج ۶ ص ۲۳۳۔ [2] طبقات ابن سعد ج ۵ ص ۳۰۹ [3] تذکرۃ الحفاظ ج ۱ ص ۲۱۶۔ [4] الفہرست ص ۱۳۶۔ [5] تذکرۃ الحفاظ ج ۳ ص ۵۹
[6] تاریخ بغداد ج ۸ ص ۳۲۸۔ و تذکرۃ الحفاظ ج ۳ ص ۵۹۔

نے ان کو صدوق کہا ہے۔ نیز کہا ہے کہ خلف بن سالم مسکین میں کوئی نقص نہیں ہے۔ وہ ذرا سیدھے سادے آدمی ہیں، ابو الحاتم نے کہا ہے کہ ہمارے بھائی خلف بن سالم کے بارے میں کوئی سالم نہیں ہے۔ وہ غرائب احادیث کی روایت بھی کیا کرتے تھے۔ جس پر محدثین نے نکیر کیا ہے، ایک مرتبہ ایک مروزی عالم نے امام احمد سے ان کے متعلق سوال کیا۔ تو فرمایا کہ میں انکو جھوٹا نہیں سمجھتا۔ البتہ لوگوں نے غرائب احادیث کی وجہ سے ان پر اپنا غصہ اتارا ہے۔[1]

حماد بن اسمعیل بن عُلَیّہ کے حلقۂ تلامذہ میں امام مسلم اور امام نسائی کا وجود ان کی ثقاہت کے لئے کافی ہے۔ امام نسائی نے ان کو بغدادی "ثقہ" بتایا ہے۔ اور ابن حبان نے ثقات میں شمار کیا ہے،

بعض حضرات کے بارے میں محدثین نے جرح و تعدیل کے اصول پر کلام بھی کیا ہے۔ جس کی تفصیل رجال و تذکرہ کی کتابوں میں موجود ہے۔

سیر و مغازی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حالات و غزوات وغیرہ بھی حدیث میں شامل ہیں۔ بعد میں سیر و مغازی پر مستقل کتابیں لکھنے کا رواج ہوا۔ اور اسے ایک علٰحدہ فن قرار دیا گیا۔ اس میں امام ابو معشر نجیح بن عبد الرحمٰن سندی مدنی زمرۂ محدثین میں خاص شہرت رکھتے ہیں۔ اور اپنی کتاب المغازی کی نسبت سے صاحب المغازی کہے جاتے ہیں۔ ان کے بارے میں خطیب بغدادی کا قول ہے:۔

---

[1] تہذیب التہذیب ج ۳ ص ۴۔

وکان من اعلم بالمغازی[1] — وہ مغازی کے سب سے بڑے عالم تھے۔

اور ابن ندیم نے لکھا ہے:۔

عارف بالاحداث والسِیَر[2] — وہ احداث وسیر کی پہچان رکھتے تھے۔

امام احمد بن حنبل نے فرمایا ہے:۔

کان بصیراً بالمغازی صدوقاً[3] — وہ مغازی میں صاحب بصیرت اور صدوق تھے۔

ان کے صاحبزادے محمد بن ابو معشر سے سوال کیا گیا کہ آپ کے والد نے مغازی کو کیسے یاد کیا۔؟ انھوں نے بتایا کہ صحابہ تابعین ان کے استاد کے پاس بیٹھ کر مغازی کا مذاکرہ کیا کرتے تھے۔ تو وہ یاد کر لیتے تھے[4] ان کی کتاب المغازی اس فن کی مشہور کتاب ہے۔

نضر سندی بن شاہک بھی صاحب اخبار واحادیث تھے۔ جاحظ کا بیان ہے:۔

فاما نضر فکان صاحب اخبار واحادیث، وکان لا یعدو حدیث ابن الکلبی والھیثم[5] — نضر بن سندی صاحب اخبار واحادیث تھے۔ اس بارے میں ان کا دار ومدار ابن کلبی اور ہیثم پر ہے۔

ہشام بن محمد بن سائب کلبی کوفی متوفی ۲۰۴ھ علم الانساب، اخبار، ایام

---

[1] تاریخ بغداد ج ۳ ص ۴۲۷۔ [2] الفہرست ص ۱۳۶۔ [3] تذکرۃ الحفاظ ج ۱ ص ۲۱۶۔ [4] تاریخ بغداد ج ۱۳ ص ۴۲۷ [5] البیان والتبیین ج ۱ ص ۶۶۶۔

ناس اور تفسیر میں مشہور عالم ہے۔ ابن ندیم نے ساڑھے تین صفحات میں اس کی تاریخی تصانیف کے نام بیان کئے ہیں۔ اور ہیثم بن عدی متوفی ۲۰۷ھ بھی انساب، اخبار، مآثر، مناقب، مثالب، اور شعر کا عالم تھا۔ ابن ندیم نے الفہرست میں ایک صفحہ میں اس کی تصانیف کے نام دیے ہیں[1] نصر سندی ان دونوں علمائے اخبار و انساب سے روایت کرتے تھے۔

اصولِ حدیث

ہندی موالی علماء و محدثین اصول حدیث کے فن میں بھی شہرت رکھتے تھے اور ان کے آراء و اقوال محدثین کے نزدیک معتبر و مستند تھے۔ چنانچہ امام اسمٰعیل بن عُلَیّہ نے رجال و رواۃِ حدیث کے بارے میں توثیق و تضعیف کی ہے جسے علمائے رجال نے کتابوں میں نقل کر کے سند میں پیش کیا ہے۔

اُن کے صاحبزادے ابراہیم بن اسمٰعیل بن عُلَیّہ خبر واحد کی قطعیت اور حجیّت کے بارے میں خاص نظریہ رکھتے تھے، ایک مرتبہ امام شافعی کی مجلس میں امام احمد بن حنبل، حسین، فلاس اور دوسرے محدثین کی ایک جماعت موجود تھی۔ اور ابراہیم بن اسمٰعیل بن علیہ امام شافعی سے خبر واحد کے بارے میں گفتگو کر رہے تھے۔ امام صاحب نے ان سے فرمایا کیا تم یہ نہیں کہتے ہو کہ اجماع حجت ہے؟ ابراہیم نے اثبات میں جواب دیا تو امام صاحب نے فرمایا۔ بتاؤ عادل کی خبر واحد کو تم اجماع سے رد کرو گے یا بغیر اجماع کے اس کا انکار کرو گے؟ یہ سن کر ابراہیم خاموش ہو گئے اور ساری مجلس خوش ہو گئی۔

کاتب لیث بن صالح بن ابو صالح کا بیان ہے کہ ایک دن ہم لوگ امام شافعی کی مجلس میں موجود تھے۔ اور امام صاحب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے خبر واحد کو ثابت کر رہے تھے۔ ہم ان کا بیان لکھ کر ابراہیم بن اسمٰعیل

---

[1] الفہرست ص ۱۳۹، ص ۱۴۳۔

بن عُلَیّہ کے پاس لے گئے۔ وہ مصر کے باب الضوال میں رہتے تھے۔ جب ہم نے ان کو یہ بیان سنایا تو وہ اس کا رد کرنے لگے۔ ہم اسے بھی لکھ کر امام صاحب کے پاس لے گئے۔ اور امام صاحب نے ابراہیم کے دلائل کو توڑتے ہوئے ان کے قول کو رد کر دیا۔ ہم اس بیان کو بھی لکھ کر ابن علیہ کے یہاں پہونچے اور انھوں نے اس کے خلاف دلائل دیئے اور ہم اسے بھی لکھ کر امام صاحب کی خدمت میں حاضر ہوئے تو اب کے بار امام صاحب نے فرمایا "إِنَّ ابْنَ عُلَيَّةَ ضَالٌّ، قَدْ جَلَسَ عِنْدَ بَابِ الضَّوَالِّ يُضِلُّ النَّاسَ" یعنی ابن عُلَیّہ ضال (گمراہ) ہے وہ باب الضوال (ضالہ کی جمع) کے پاس بیٹھ کر لوگوں کو گمراہ کرتا ہے[1] معلوم ہونا چاہئے کہ ابراہیم امام شافعی کے استاذ زادے ہیں۔ امام صاحب ان کا احترام کرتے تھے۔ حدیث رسول کے معاملہ میں یہ اختلاف نیک نیتی سے تھا۔ یعنی امام صاحب خبر واحد کو حجت قرار دیتے تھے۔ اور ابراہیم اسے حجت نہیں مانتے تھے۔

امام ابو عبداللہ حاکم نے معرفۃ علوم الحدیث" میں جعفر بن ابو عثمان طیالسی کی روایت سے خلف بن سالم سندی کا قول نقل کیا ہے کہ میں نے اپنے کئی شیوخ سے تدلیس اور مدلسین کی کثرت کا تذکرہ سنا ہے، اور جب مدلسین کے حالات کو جانچنا شروع کیا تو حسن بصری اور ابراہیم نخعی کی تدلیس مشتبہ رہی، کیوں کہ حسن بصری بسا اوقات اپنے اور حضرات صحابہ کے درمیان مجہول راویوں کو داخل کر دیتے ہیں۔ چنانچہ عتی بن ضمرہ، حنیف بن متخب وعقل بن حنظلہ اور اسی قسم کے راویوں کے ذریعہ تدلیس کرتے ہیں، اور ابراہیم نخعی بھی بسا اوقات اپنے اور حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کے درمیان

---

[1] تاریخ بغداد ج ۶ ص ۲۱۔

ہنی بن نویرہ، سہم بن منجاب، خزامہ طائی جیسے مجاہیل سے تدلیس کرتے ہیں؛ نیز خلف بن سالم سندی نے ابو اسحاق سبیعی کی تدلیس بیان کرکے ان کے بہت سے غرائب بیان کیے۔ اسی طرح انھوں نے حکم، مغیرہ، ابن اسحاق ہیثم کی تدلیس کے متعلق باتیں بتائیں [1]

فقہ اور فقہاء

ان حضرات میں کئی علماء علم فقہ میں بھی امامت کا درجہ رکھتے تھے۔ اور ان کی فقہی حیثیت کا تذکرہ خاص طور سے آیا ہے، امام اسمٰعیل بن علیہ کو امام شعبہ نے ریحانۃ الفقہاء کے حسین وجمیل لقب سے یاد کیا ہے [2] ابو معشر نجیح بن عبد الرحمٰن حافظ الحدیث اور صاحب المغازی کے ساتھ فقیہ بھی تھے [3] ابراہیم بن اسمٰعیل بن علیہ محدث و متکلم اور فقیہ تھے۔ اور فقہ میں ان کی تصانیف تھیں خطیب نے لکھا ہے:۔

وله مصنفات فی الفقه تشبه الجدل [4]	فقہ میں ان کی تصانیف ہیں جو مناظرانہ رنگ لیے ہوئے ہیں

فتح بن عبد اللہ سندی متکلم اور فقیہ تھے۔ اور فقہ و کلام کی تعلیم ابو علی محمد بن عبد الوہاب ثقفی سے حاصل کی تھی۔ ابو عاصم عبادی نے طبقات الفقہاء الشافعیہ میں اصحاب شافعی کے طبقۂ ثانیہ میں ان کا ذکر کیا ہے جو فقہی روایات میں منفرد تھے۔ اسی طرح ابن القیسرانی نے الانساب المتفقہ میں ان کا تذکرہ کیا ہے۔ وہ فقہائے شوافع کے کبار اور

---

[1] معرفۃ علوم الحدیث ص ۱۰۸۔ [2] تہذیب التہذیب ج ۱ ص ۲۷۵۔
[3] تذکرۃ الحفاظ ج ۱۔ ص ۲۱۶۔ [4] تاریخ بغداد ج ۶ ص ۲۳۔

اعیان میں سے تھے۔[1]

علمِ کلام و متکلمین

علم کلام اور جدل سے بھی ہندوستان کے ممالیک علماء حصہ رکھتے ہیں۔ ابراہیم بن اسمعیل بن عُلَیّہ خاص طور سے مشہور ہیں۔ خطیب نے ان کے بارے میں لکھا ہے:-

کان احد المتکلمین، و ممن یقول بخلق القرآن وجدتُ له مع ابی عبداللہ محمد بن ادریس الشافعی مناظرات ببغداد و بمصر[2]	وہ طبقہ متکلمین سے تھے۔ اور خلق قرآن کے قائل تھے۔ مصر اور بغداد میں ان کے اور امام شافعی کے درمیان جو مناظرے اور مباحثے ہوئے ہیں میں نے ان کو دیکھا ہے۔

امام ذہبی نے اپنے خاص ذوق کے مطابق ان کے متعلق یہاں تک کہہ دیا ہے:-

جهميٌّ هالك، كان يناظر ويقول بخلق القرآن[3]	وہ جہمی ہالک ہیں۔ مناظرہ کیا کرتے تھے۔ اور خلقِ قرآن کے قائل تھے۔

عُبّاد و زُہّاد

زہد و تقوی علمائے اسلام کا شعار و دثار رہے۔ یہاں کے ممالیک علماء و محدثین میں بڑے بڑے عباد اور زُہاد گذرے ہیں۔ امام اسمٰعیل بن عُلَیّہ کے زہد و تقوی اور خشیت الٰہی کا یہ حال تھا کہ ایک روایت کے مطابق وہ بیس سال تک کھل کر نہیں ہنسے، ایک

---

[1] طبقات الفقہاء الشافعیہ ص ۵۸۔ الانساب المتفقہ ص ۷۷، کتاب الانساب،
[2] تاریخ بغداد ج ۵ ص ۲۸۲۔ [3] میزان الاعتدال ج ۱ ص ۱۱۔

راوی کا بیان ہے کہ میں چودہ سال تک ان کی خدمت میں رہا مگر ان کو کبھی ہنستا ہوا نہیں دیکھا، اور سات سال تک مسکراتا ہوا بھی نہیں پایا خاص طور سے بصرہ کی امارتِ صدقات کے بعد وہ ہنسے ہی نہیں۔ ابن مدینی کا بیان ہے:۔

بِتّ عند اسمٰعیل بن عُلیّة لیلة، فکان یقرء ثلث القرآن وما رأیتہ یضحک قط[1]	میں ایک رات ابن علیہ کے یہاں سویا تو معلوم ہوا کہ وہ ہر رات ایک تہائی قرآن پڑھتے ہیں اور میں نے کبھی ان کو ہنستا ہوا نہیں دیکھا۔

امام ابو الحسن بختیار بن عبد اللہ ہندی کو علامہ سمعانی نے "الصوفی الزاہد" کے اوصاف سے یاد کر کے لکھا ہے:۔

شیخ، صالح، سدید السیرۃ۔[2]	وہ نہایت بزرگ اور نیک آدمی تھے۔ چال چلن بہت عمدہ تھا۔

ابو نصر فتح بن عبد اللہ سندی زہد و تصوف میں مرجع خاص و عام تھے، لوگ ان کی صحبت و معیت میں رہ کر تزکیۂ نفس کرتے تھے۔ انھوں نے ایک سید زادے کے طعنہ دینے پر کہا تھا کہ: میں تمہارے دادا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا راستہ اختیار کر کے مسلمان کا مقتدا بن گیا اور تم... میرے دادا کافر کی راہ پر چل کر شراب میں بدمست پڑے ہو۔[3]

---

[1] تاریخ بغداد ج ۶ ص ۲۳۵، و ۲۳۷۔ [2] کتاب الانساب [3] الانساب المتفقہ ص ۷۷

علمائے لغت وعربیت

ان ہندی علمائے ممالیک میں عربی زبان و ادب اور لغت کے مشاہیر گذرے ہیں۔ جن میں ابوعبداللہ بن زیاد ابن الاعرابی کو امامت کا درجہ حاصل ہے، ان پر علم لغت ختم تھا۔ صاحب اللغۃ کی نسبت سے مشہور ہیں۔ ان کی مجلس درس میں سیکڑوں اہل علم جمع ہوتے تھے۔ شاعر بھی تھے۔

محمد بن عبدالرحمن بیلمانی کو ابن حجر نے الکوفی النحوی لکھا ہے۔ یعنی انکا شمار کوفہ کے علمائے نحویل ہوتا تھا۔ ابن عُلَیّہ لغات حدیث میں حجت تھے۔ ابوعبید قاسم بن سلاّم نے غریب الحدیث میں ان کے اقوال درج کیئے ہیں۔ نصر بن سندی شاہک بھی لغت کے زبردست عالم تھے۔

تصانیف

دوسری صدی کے وسط میں پورے عالم اسلام میں اسلامی علوم وفنون کی تدوین وتالیف کا دور آیا اور مختلف موضوعات پر علمائے اسلام نے کتابیں تصنیف کیں۔ اس میں ہندی علمائے ممالیک نے بھی حصہ لیا، چنانچہ اسی زمانہ میں مدینہ منورہ میں امام ابومعشر نجیح بن عبدالرحمن سندی مدنی متوفی ۱۷۰ھ نے کتاب المغازی تصنیف کی۔ نہیں کہا جا سکتا .... کہ ابن اسحاق اور ابومعشر میں سے کس نے پہلے اپنی کتاب مرتب کی، جیسا کہ معلوم ہوا ابومعشر علم المغازی میں اعلم الناس اور صاحب بصیرت عالم تھے۔ انھوں نے براہ راست حضراتِ تابعین سے سیر و مغازی کے واقعات سن کر ان کو مدوّن کیا تھا۔ اور اسی کی نسبت سے صاحب المغازی مشہور ہیں، اس کی روایت ان کے دونوں صاحبزادوں نے کی۔ اور ان سے دوسرے علماء

نے کی، خطیب نے محمد بن ابو معشر کے حال میں لکھا ہے:۔

سمع من ابیہ کتاب المغازی۔[1]	انھوں نے اپنے والد سے کتاب المغازی پڑھی۔

اور داؤد بن محمد بن ابو معشر کے حال میں لکھا ہے:۔

حدث عن ابیہ عن ابی معشر کتاب المغازی، رواہ عنہ احمد بن کامل القاضی[2]	انھوں نے اپنے والد سے اپنے دادا کی کتاب المغازی کی روایت کی، اور ان سے قاضی احمد بن کامل نے روایت کی۔

اسی طرح حسین بن ابو معشر نے اس کی روایت کی تھی۔ یعنی ابو معشر سے اس کی روایت ان کے دونوں صاحبزادوں نے کی۔ اور پوتے داؤد بن محمد نے اپنے والد سے اور ان سے قاضی احمد بن کامل نے روایت کی۔ اس طرح تیسری صدی تک یہ کتاب علماء و محدثین میں متداول رہی۔ علماء نے اپنی کتابوں میں اس سے اس قدر زیادہ اقتباسات و روایات درج کی ہیں کہ اگر کوئی صاحب ذوق ان کو جمع کر دے تو اچھی خاصی کتاب ہو سکتی ہے۔

ان کے معاصر علماء میں ولید بن مسلم مولی قریش، عبد الرزاق صنعانی مولی حمیر اور عبد الملک بن محمد بن ابی بکر بن عمرو بن حزم انصاری نے بھی کتاب المغازی لکھی تھی۔ مگر ان میں سے کسی کا پتہ نہیں ہے۔

اسمٰعیل بن عُلَیّہ کی تصانیف حدیث و فقہ میں ہیں۔ ابن ندیم نے الفہرست میں ان کی چار کتابوں کا ذکر کیا ہے۔ کتاب التفسیر، کتاب الطہارۃ کتاب الصلاۃ، اور کتاب المناسک۔[3]

---

[1] تاریخ بغداد ج ۳ ص ۳۲۶۔ [2] " ج ۸ ص ۳۷۶۔ [3] الفہرست ص ۳۱۷۔

امام ابن حمکیہ کے رد میں ایک دوسرے علام عالم ابوبکر جعفر بن محمد بن عبداللہ البری مالکی نے ایک کتاب لکھی ہے جس میں ابن علیہ سے ستر مسائل میں اختلاف کر کے ان کا رد کیا ہے، یہ کتاب نا مکمل ہے۔[1]

ان کے صاحبزادے ابراہیم نے بھی علم فقہ میں کتابیں لکھی تھیں جیسا کہ خطیب کا قول گذر چکا ہے

وله مصنفات فی الفقه تشبه الجدل۔[2]	فقہ میں ان کی تصنیفات جدل ومناظرہ کے انداز پر ہیں۔

ابن ندیم نے بھی الفہرست میں ان کی تصانیف کی نشاندہی کی ہے اور لکھا ہے:

وله من الکتب[3] محمد بن زیاد ابن الاعرابی کو لغت وعربیت میں نمایاں مقام حاصل تھا۔ ان کی تصانیف یہ ہیں "کتاب النوادر، کتاب اسماء الخیل وانسابھا، کتاب البئر وصفاتہا، کتاب تفسیر الامثال، کتاب معانی الشعر، کتاب الانواء" اور بقول صاحب ضحی الاسلام ان میں سے صرف کتاب اسماء البئر وصفاتہا اور کتاب اسماء الخیل وانسابہا موجود ہیں۔ (شذرات الذہب ج ۲ ص ۷۰، ضحی الاسلام ج ۱ ص ۲۳۲۔) کشاجم سندی کی تصانیف میں کتاب ادب الندیم، کتاب الرسائل، کتاب المصائد والمطارد کے علاوہ اس کا دیوان بھی ہے۔

اعزاز واحترام اور جاہ ومنصب

اسلامی علوم وفنون کا یہ باب نہایت دلکش اور بہت نمایاں ہے کہ ابتدائی

---

[1] الفہرست ص ۲۸۳ [2] تاریخ بغداد ج ۶ ص ۲۳ [3] الفہرست ص ۳۱۸۔

ادوار میں ان کے حامل و وارث زیادہ تر عجمی موالی و مماليک ہوئے ہیں۔ اور مسلمانوں نے پورے انشراح و انبساط کے ساتھ ان کی علمی اور دینی قیادت اور سیادت کو تسلیم کیا۔ اور ان کو اپنے سر آنکھوں پر رکھا، علماء نے ان کے سامنے زانوے ادب تہ کیا۔ خلفاء و امراء نے ان کو جاہ و منصب سے نوازا، اور عوام نے ان کی قیادت میں دین پر عمل کیا۔ اس سلسلہ میں یہیں کے ایک غلام امام اسلام کا واقعہ سننے کے قابل ہے۔ ابن القیسرانی نے الانساب المتفقہ میں اور سمعانی نے کتاب الانساب میں عبداللہ بن حسین کی زبانی یہ واقعہ نقل کیا ہے کہ ایک دن ہم بہت سے لوگ ابو نصر فتح بن عبداللہ سندی مولی آل الحکم کے ساتھ پیدل جا رہے تھے۔ ان کی قیادت میں اہل علم کا یہ مجمع دیکھ کر ایک علوی شریف جو بدمستی میں زمین پر پڑا ہوا تھا۔ ہمارے سامنے آیا اور ابو نصر کو گالی دے کر کہنے لگا کہ اے غلام! تو یوں چل رہا ہے کہ تیرے پیچھے یہ مجمع ہے۔ اور میں اس حال میں ہوں،

یہ سن کر ابو نصر نے جواب دیا۔

ایھا الشریف! تدری لمَ ھذا؟ لانی متبع اثار جدك وانت متبع اثار جدی[1]	شریف زادے! تم کو معلوم ہے کہ ایسا کیوں ہے؟ بات یہ ہے کہ میں تمہارے دادا کا متبع ہوں اور تم میرے دادا کے پیرو ہو۔

ابو معشر نجیح بن عبدالرحمن سندی مدنی کو ان کے علم و فضل کی وجہ

---

[1] الانساب المتفقہ ص ،، کتاب الانساب۔

سے خلیفہ مہدی عباسی نے مدینہ منورہ سے بغداد بلالیا جہاں وہ مستقل طور سے آباد ہو گئے۔ ذہبی نے لکھا ہے :-

استخصه المهدی الی العراق، و امر له الف دینار، و قال تکون بحضرتنا فتفقه من حولنا۔[1]	خلیفہ مہدی نے ان کو عراق بلایا اور ان کو ایک ہزار دینار دینے کا حکم دیا۔ اور کہا کہ آپ ہمارے یہاں رہیں تاکہ ہمارے آس پاس والے آپ سے علم دین حاصل کریں۔

ان کے صاحبزادے محمد بن معشر کو بھی خلیفہ مہدی نے مدینۃ الرسول سے بغداد بلالیا تھا۔[2] غالباً اپنے والد کے ساتھ ہی یہ بھی بغداد آ گئے۔

یہ دور ارباب علم و فضل سے مشحون و مملو تھا۔ مگر خلیفہ مہدی کی نگاہ انتخاب ایک ہندی مملوک عالم دین پر پڑی جس کو درباری حلقہ اور اعیان و ارکانِ خلافت کی دینی تعلیم کے لئے منتخب کیا۔

اسمٰعیل بن علیہ قیامِ بصرہ کے زمانہ میں وہاں کے صدقات کی وصولی کے امیر مقرر کیے گئے۔ اور خلیفہ ہارون رشید کے آخری دور خلافت میں بغداد میں مظالم کے امیر و حاکم بنائے گئے تو وہیں جا کر آباد ہو گئے، ابن سعد نے لکھا ہے :-

وقد ولی صدقات البصرة، وولی المظالم	وہ بصرہ میں صدقات کے والی ہوئے۔ اور ہارون کے آخری

[1] تاریخ بغداد ج ۱۳ ص ۴۲۷۔ تذکرۃ الحفاظ ج ۱ ص ۲۱۶۔ [2] ایضاً

ببغداد فی اخر خلافۃ هارون، ونزل بغداد هو وولدہ واشتری بها دارًا۔ [1]	دور خلافت میں بغداد میں مظالم کے والی ہوئے تو وہ اور ان کی اولاد وہیں رہ بس گئی۔ اور وہاں مکان خریدا۔

اسماعیل بن عُلَیّہ جیسے امام اسلام کا بصرہ کی ولایت و امارت قبول کرنا دوسرے علماء کو بہت شاق گذرا، اور انھوں نے اس کو ان کی شان کے خلاف سمجھا۔ چنانچہ حضرت عبد اللہ بن مبارک نے چند اشعار میں اس کے خلاف اظہار افسوس کیا اس کے بعد ابن عُلَیّہ نے اس عہدہ سے استعفا دے دیا پہلا شعر یہ تھا۔

یَا جَاعِلَ الدِّیْنِ لَہٗ بَازِیًا ۔۔۔ یَصْطَادُ اَمْوَالَ الْمَسَاکِیْنِ

اے دین کو اپنے لئے باز بنانے والے! جس سے مسکینوں کے اموال شکار کیے جاتے ہیں۔ ابن علیہ ان اشعار کو پڑھتے جاتے تھے۔ اور روتے جاتے تھے۔ اس کے بعد مستعفی ہو گئے۔

حضرت عبد اللہ بن مبارک کپڑے کی تجارت کرتے تھے اور فرماتے تھے کہ اگر پانچ عالم نہ ہوتے تو میں تجارت نہیں کرتا۔ سفیان ثوری، سفیان بن عیینہ، فُضَیل بن عیاض، محمد بن سماک اور ابن عُلَیّہ، ان کا معمول تھا کہ خراسان جا کر تجارت کرتے تھے۔ اور منافع میں سے بال بچوں اور حج کا خرچہ نکال کر باقی رقم اپنے ان ہی پانچوں بھائیوں کو دیدیتے تھے۔ ایک مرتبہ تجارت سے واپس ہوئے تو معلوم ہوا کہ ابن عُلَیّہ نے سرکاری عہدہ قبول کر لیا ہے۔ اس لئے اس کے حصہ کی رقم نہیں بھیجی، جب ابن علیہ کو اس کی خبر لگی تو انھوں نے معذرت کی اس پر ابن مبارک نے یہ اشعار

---

[1] طبقات ابن سعد ج، ص ۳۲۵۔

لکھ کر روانہ کیے۔ اور ابن علیہؒ کے استعفار کے بعد وہ رقم دیدی[1]

ابو بکر سمعانی نے اپنے غلام ابو محمد بختیار بن عبد اللہ کو آزاد کرنے کے بعد اپنے ساتھ عراق اور حجاز کا تعلیمی سفر کرایا اور حدیث کی تعلیم دلوائی اور ان کے صاحبزادے ابو سعد سمعانی نے ان سے روایت کی یعنی آقا اور غلام پہلو بہ پہلو محدثین کی مجلسِ درس میں بیٹھے اور آقا زادے نے غلام کی شاگردی کی، محمد بن ابو معشر سندی ایک مرتبہ بغداد سے مصیصہ کی ایک مسجد کی بنیاد کی تقریب میں تشریف لے گئے۔ اور وہاں کے عام مسلمانوں نے خیر و برکت کے خیال سے ان کی آمد کو غنیمت جانا۔[2]

تعلیم و تدریس

ان ہندی موالی علماء نے عام طور سے اپنی زندگی دینی علوم کی تعلیم و تدریس اور حدیث کی روایت میں بسر کی، اس سلسلہ میں انھوں نے مختلف بلادِ اسلامیہ کا سفر کر کے مجلس درس قائم کی۔ امام ابو معشر نجیح بن عبد الرحمٰن نے مدینہ منورہ اور بغداد میں حدیث کا درس دیا۔ اور خلیفہ مہدی کے اہل دربار نے خاص طور سے ان سے استفادہ کیا۔ ان کے بیٹے محمد بن ابو معشر اور دونوں پوتوں حسین بن محمد، اور داؤد بن محمد نے بغداد کے مرکز میں رہ کر علمی و دینی خدمت کی۔ اسمٰعیل بن علیہؒ نے بصرہ اور بغداد میں مجلسِ درس قائم کی۔ اور ان کے بیٹے ابراہیم بن اسمٰعیل بن علیہؒ نے بغداد کے بعد مصر کو اپنا مستقر بنا کر وہاں سے حدیث و فقہ کی ترویج و اشاعت کی۔ ضحاک بن عبد اللہ نے ہرات اور دمشق میں حدیث کی روایت کی۔

---

[1] تاریخ بغداد ج ۶ ص ۲۳۶۔ میزان الاعتدال ج ص ۱۰۱، تہذیب التہذیب ج ۱ ص ۱۷۷۔ [2] تاریخ بغداد ج ۳ ص ۳۲۶۔

ابو الحسن بختیار بن عبد اللہ صوفی زاہد نے بوشنگ اور ہرات میں درس حدیث دیا۔ ابو محمد بختیار بن عبد اللہ نے مرو میں رہ کر علم حدیث کی خدمت کی، خلف بن سالم، سندی بن ابان، مخلص بن عبد اللہ، نصر ابن سندی بن شاہک، وغیرہ نے بغداد کی علمی اور دینی فضا میں رہ کر علوم اسلامیہ کی اشاعت اور احادیث کی روایت میں حصہ لیا۔

الغرض ہندوستان کے علمائے ممالیک نے عالم اسلام میں دینی علوم خصوصاً حدیث کی تعلیم و تدریس میں پورا حصہ لیا، اور سماع و روایات کی مجلسیں منعقد کیں۔ املا کرایا، اخبرنا و حدثنا کی بزم سجائی، اور امت مسلمہ کے اعاظم رجال اور اساطین علم نے ان کی امامت و مشیخت سے فیض اٹھایا۔ اور ان کی حلقہ نشینی کو مغتنمات میں سے شمار کیا ان غلامانِ اسلام کے حلقۂ درس سے امام شافعی، امام احمد بن حنبل، امام بخاری، امام مسلم، امام ابو داؤد، امام نسائی، امام شعبہ، امام یحییٰ ابن سعید قطان امام عبد الرحمن بن مہدی، امام یحییٰ بن معین، امام علی بن مدینی، امام ابن ابی شیبہ، امام طیالسی، امام عبد الرزاق بن ہمام صنعانی، امام محمد بن جریر طبری، امام ابو یعلی موصلی، امام اسحاق بن راہویہ، امام احمد بن خطیب بغدادی، امام ابو نعیم اصفہانی، امام ابو سعد سمعانی، امام ابن ابی الدنیا، امام ابو عوانہ، جیسے ہزاروں ائمۂ اسلام نے کسب فیض کیا ہے۔ اور ان آقاؤں نے غلاموں کی شاگردی کر کے علم دین علم اور حدیثِ رسول کی وراثت پائی ہے۔

ذاتی کاروبار

ان حضرات میں سے کئی ایک ذریعۂ معاش کے طور پر اپنا کاروبار کرتے تھے۔ اور دینی و علمی خدمت کا صلہ نہیں چاہتے تھے

اس دور میں عام طور سے علمائے اسلام دینی و علمی زندگی کے ساتھ معاش و معیشت کی سرگرمی جاری رکھتے تھے۔ امام ابو معشر نجیح بن عبد الرحمٰن سندی مدنی کے صاحبزادے محمد بن ابو معشر کا بیان ہے کہ میرے والد خیاط تھے یعنی کپڑے کی سلائی کرتے تھے۔[۱]

امام ابن علیہ کے بارے میں امام ابو داؤد سجستانی کا بیان ہے کہ وہ کوفہ کے بزاز تھے یعنی کپڑے کی تجارت کرتے تھے۔[۲] بختیار بن عبد اللہ ہندی کو امام سمعانی نے الفصاد لکھا ہے یعنی وہ فصد کھولتے تھے۔[۳] ضحاک بن عبد اللہ ہندی مروزی کو ابن عساکر نے المطرز بتایا ہے یعنی وہ کپڑے کی چھپائی کرتے تھے۔[۴]

شعر و شعراء

ان ہندی ممالیک علماء و محدثین اور ارباب دین و دیانت کے ساتھ عربی زبان کے نامی گرامی شعراء کی اچھی خاصی تعداد ہے جو اپنے شاعرانہ اوصاف و کمالات میں شعرائے عرب سے کسی طرح کم نہیں ہیں، اور علمائے شعر و ادب نے ان کی شاعرانہ عظمت کا اعتراف کیا ہے۔

ابو الصلع سندی بغدادی مولی خلیفہ موسیٰ ہادی، اور بقول وعبل مولی آل جعفر بن ابی طالب مستقل طور سے بغداد میں رہتا تھا۔ اور وہیں فوت ہوا۔ ابن جراح متوفی ۲۹۶ھ نے اس کا تذکرہ کتاب الورقہ میں کیا ہے۔ اور اس کے شاعرانہ کمالات کے بارے میں لکھا ہے:۔

وکانت لہ اشعار فصاح — اس کے اشعار فصیح و بلیغ اور

---

[۱] تاریخ بغداد ج ۱۳ ص ۴۲۷۔ [۲] " ج ۶ ص ۲۳۱۔ [۳] کتاب الانساب۔
[۴] مختصر تاریخ ابن عساکر ج، ص ۳۔

ملاح۔ مزیدار تھے۔

اس سے اس کی شاعرانہ قدر و قیمت کا اندازہ ہوتا ہے۔ اس کے دو اشعار ملاحظہ ہوں:۔

یا نفس صبراً لا تھلکی یائسا فقد فارق الناس قبلک الناسا

اے نفس! صبر کر ناامیدی میں اپنے کو تباہ نہ کر، کیوں کہ اس سے پہلے بھی لوگوں نے لوگوں کو چھوڑا ہے۔

صبراً جمیلاً، فلستِ اوّل من اورثه الظاعنون وسواساً[1]

پس صبر جمیل اختیار کر، تم کو پہلے پہل جانے والوں نے رنج و غم کی وراثت نہیں دی ہے۔

ابن ندیم نے ممالیک شعراء اور ان کے اشعار کے بیان میں لکھا ہے کہ ابو الصلع سندی کے اشعار تین ورق میں[2] اس سے مراد سلیمانی کاغذ ہے جس کے ایک صفحہ میں بیس سطریں ہوتی ہیں۔[3] اس حساب سے ابو الصلع سندی کے اشعار کی تعداد بارہ سو ہوتی ہے۔ اس کو اپنے ملک ہندوستان سے بڑی محبت تھی اور یہاں کے فضائل و مناقب اپنے اشعار میں بیان کیا کرتا تھا۔ جاحظ نے کتاب الحیوان میں، اور قزوینی نے آثار البلاد میں اس سے وہ اشعار نقل کیے ہیں جن میں ہندوستان میں پیدا ہونے والی نادر اور نایاب اشیاء کا ذکر ہے۔[4] مرزبانی نے معجم الشعراء میں ابو الصلع سندی کا تذکرہ ان شعراء میں کیا ہے جن کے نام پر کنیت غالب ہے۔[5]

---

[1] کتاب الورقہ ص ۹۰ و ۹۱، [2] الفہرست ص ۳۴۳۔ [3] ص ۳۲۔ [4] کتاب الحیوان ج ۷، ص ۲۴۰۔ و آثار البلاد ص ۱۲۸۔ [5] معجم الشعراء ص ۵۵۱، البیان والتبیین ج ص۔

ابو العطار سندی کوفی مولی بنو اسد کا نام افلح بن یسار یا مرزوق ہے وہ عباسی دور کے بلند پایہ شعراء میں شمار ہوتا تھا۔ ہندوستان کے عربی شعراء میں جو شہرت و ناموری اس کو نصیب ہوئی کسی دوسرے کو نہیں ملی، اس کا شمار حماسی شعراء میں ہے۔ دیوان الحماسہ کے باب الحماسہ اور باب المراثی میں اس کے اشعار درج ہیں۔ اس کی شاعری کا بہترین زمانہ اموی دور تھا۔ عباسی خلفاء سے اس کی ان بن رہا کی، اس کا باپ سندی عجمی تھا، صاف ستھری عربی زبان نہیں بول سکتا تھا۔ خود ابو العطار کی زبان میں شدید لکنت و عجمیت تھی اور صحیح طور سے حروف ادا نہیں کر سکتا تھا۔ عطاء نامی اس کا غلام اس کے اشعار سناتا اور پڑھتا تھا۔ اسی کے نام پر اپنی کنیت ابو العطار رکھی تھی۔ ۱۶۸ھ میں فوت ہوا۔ اس کے حالات عام طور سے ملتے ہیں۔ بعض پاکستانی فضلاء نے ابو العطار کا دیوان مرتب کر کے شائع کیا ہے۔

ابراہیم بن سندی بن شاہک بغدادی محدث، متکلم خطیب کے ساتھ شاعر بھی تھا۔

ابو نصر سندی بن صدقہ بغدادی کو ابن ندیم نے شعرائے کتاب میں شمار کر کے لکھا ہے کہ دیوان پچاس ورق میں تھا۔ ابو نواس کا معاصر تھا۔ یہ شاعر ہونے کے ساتھ خلافت کے مراسلات اور خط و کتابت میں کاتب اور منشی تھا۔ اس کے غلام ہونے کی تصریح نہیں ملی۔

(الفہرست ص ۲۳۶۔ مختصر تاریخ ابن عساکر ج ۴ ص ۲۶۱، نکت الہمیان۔

عمرو بن سندی مولی ثقیف کا مستقل تذکرہ نہ مل سکا، اغانی نے عباسی دور کے مشہور شاعر عجرد (ابو عمر حماد بن یحییٰ بن عمرو مولی بنی عامر بن صعصعہ)

کے تذکرہ میں اس کا نام ایک واقعہ کے سلسلہ میں لیا ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ خود بھی عربی کا مشہور و مستند شاعر تھا۔ اور اسی نے عجرد کے بارے میں چند اشعار کہے جن کی وجہ سے ان کا لقب عجرد پڑ گیا۔ ان میں سے دو اشعار یہ ہیں ؎

سبحت بخلۃ رکبت علیہا عجبًا منک خیبۃ للمسیر
زعمت انہا تراہ کبیرًا حملہا عجرد الزنا والفجور

ان کے علاوہ چار اشعار ہیں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ عمرو بن سندی شریف المطبع اور غیور شاعر تھا۔ اور اس کی اس ہجو کا اثر یہ ہوا کہ حماد بن یحییٰ کا لقب ہی عجرد (ننگا) پڑ گیا۔ وہ بدنام بدکار شاعر تھا بھی۔[1]

کشاجم کا نام ابو الفتح یا ابو الحسن محمد بن سندی بن شاہک مولیٰ ابو جعفر منصور عرب کے نامور ترین شعراء میں سے ہے۔ کشاجم اس کا لقب ہے۔ کاف سے کتابت، شین سے شعر، الف سے انشاء، جیم سے جدل اور میم سے مراد منطق ہے۔ وہ ان علوم و فنون میں ماہر تھا۔ اور شیرینی زبانی میں اس قدر مشہور تھا کہ لوگ مثل کے طور پر املح من کشاجم کہا کرتے تھے ایک زمانہ میں سیف الدولہ کے والد ابو الہیجاء عبد اللہ بن حمدان کے درباری شاعروں میں تھا۔ وہ فلسطین کے نواح رملہ میں رہتا تھا۔ مدتوں مصر میں بھی رہا۔ ابن ندیم نے اس کی تصانیف میں کتاب ادب الندیم، کتاب الرسائل، کتاب دیوان الشعر بتایا ہے۔ کشف الظنون میں کتاب المصائد والمطارد کا ذکر بھی ہے۔ ۳۳۰ھ یا ۳۶۰ھ میں فوت ہوا۔[2]

---

[1] الاغانی حصہ ۴ ص ۲۳۰ و ۲۳۵ الفہرست ص ۲۰۰ و ص ۲۴۰۔ مروج الذہب ج ۲ ص ۵۲۳، شذرات الذہب ج ۳ ص ۳۷، کشف الظنون ج ۲ ص ۳۰۰۔

منصور ہندی غلام حفصویہ کا تذکرہ ابن ندیم نے ممالیک شعراء میں کیا ہے اور اس کے اشعار کی مقدار کم بیان کی ہے :-

منصور الھندی غلام حفصویہ مقل[1]

ہارون بن موسیٰ ملتانی مولی بنی ازد ملتان میں رہتا تھا۔ اپنی قوم میں بڑی شان و شوکت کی زندگی بسر کرتا تھا۔ یہاں اس کا ایک قلعہ تھا۔ جس میں رئیسانہ و امیرانہ انداز سے رہتا تھا۔ ایک راجہ سے جنگ کے موقع پر اس نے ایک قصیدہ کہا ہے جس سے اس کے شاعرانہ کمال کا اندازہ ہوتا ہے۔ جاحظ نے کتاب الحیوان میں، اور مسعودی نے مروج الذہب میں یہ قصیدہ نقل کیا ہے[2]

امراء و حکام

یہاں کے موالی و ممالیک نے فضل و کمال اور علم و فن کی دولت کے ساتھ حکومت و امارت سے بھی حصۂ وافر حاصل کیا۔ اور عباسی خلافت کے بڑے بڑے عہدوں پر فائز ہو کر بہترین خدمات انجام دیں عباسی خلفاء نے ان کی ذمہ داری اور وفاداری پر پورا اعتماد کر کے اہم عہدوں پر رکھا۔ اور حکومت و امارت پا کر دوسرے ممالک کے موالی و ممالیک کی طرح انھوں نے کبھی اپنے غلبہ و استیلاء کے بارے میں نہیں سوچا، بلکہ اپنی بہترین صلاحیت و قابلیت سے کام لیکر نیک نامی اور اعتماد کے مستحق ٹھہرے، ان میں سے کئی ایک خلافت کے دربست پر قابض تھے مگر اپنی وفاداری اور اعتماد کو کسی موقع پر مجروح نہیں ہونے دیا۔ ان میں سندی بن شاہک مولی ابو جعفر منصور

[1] الفہرست ص ۲۳۴۔ [2] کتاب الحیوان ج ۳ ص ۔ و مروج الذہب ج ۲ ص ۹ و ۱۰ و ۱۱۔

کا پورا خاندان نمایاں حیثیت رکھتا ہے۔ اور ایک زمانہ تک برامکہ کی طرح وہ بھی خلافت عباسیہ پر چھایا ہوا تھا۔

ابراہیم بن سندی بن شاہک مولی ابوجعفر منصور نہایت عالم و فاضل، اور عباسی خلافت کا سرگرم داعی اور وفادار تھا۔ خلافت کے ہر معاملہ میں دخیل اور کئی عہدوں پر فائز تھا۔ جاحظ نے البیان و التبیین میں اس کے مناقب و فضائل پر بڑا زور خرچ کیا ہے اور اس کے کئی واقعات بیان کئے ہیں۔ شہرستانی نے لکھا ہے کہ ایک مرتبہ ابراہیم بن سندی بن شاہک نے راہب المعتزلہ مزدار (ابوموسی عیسی بن صبیح) سے اہل زبین کے بارے میں سوال کیا تو اس نے اپنی شدت و صلابت کی وجہ سے سب کی تکفیر کی، اس پر ابراہیم نے اس کو مخاطب کر کے کہا: کیا جس جنت کا عرض زمین و آسمان کے برابر ہے اس میں صرف تم اور تمہارے تین ساتھی رہیں گے، یہ سن کر مزدار خاموش رہا۔[1]

ابراہیم بن عبدالسلام، سندی بن شاہک کا بھتیجا ہے۔ اس کی کنیت ابوطوطہ ہے۔ یہ بھی عباسی امرار و حکام اہم عہدوں پر تھا۔ طبری نے لکھا ہے کہ ابوطوطہ ابراہیم بن عبدالسلام ابن اخی سندی ابن شاہک نے بیان کیا ہے کہ سندی بن شاہک نے مجھ سے کہا کہ میں موسی ہادی کے ساتھ جرجان میں تھا کہ مہدی کی وفات کی خبر آئی تو موسی ہادی نے مجھے خراسان روانہ کیا اور خود سعید بن اسلم کو لے کر بغداد روانہ ہوا۔[2]

---

[1] البیان والتبیین ج ۱ ص ۲۶۶ ص ۱۳۰، ص ۱۶۸۔ ج ۲ ص ۲۶۱-۱۶۳۔ الملل والنحل ج ۲ ص ۳۔ [2] تاریخ طبری ج ۹ ص ۳۰۵۔

ابراہیم بن عبداللہ بھی سندی بن شاہک کا بھتیجا ہے۔ مامون کے زمانہ میں درباری مقربین اور مصاحبین میں سے تھا۔ اور حکومت و امارت میں دخیل رہتا تھا۔ اس کا بیان ہے کہ مامون نے خراسان سے بغداد واپس آنے کے بعد اس کو حکم دیا کہ چند ایسے اہل علم و ادب کا انتخاب کرے جو مصاحب بن کر اس کے ساتھ رہیں۔ چنانچہ ابراہیم نے چند لوگوں کے نام لیے جن میں حسین بن ضحاک بھی تھا۔ جو پہلے محمد مخلوع کے ندماء میں سے تھا۔ جب ان کے نام مامون کے سامنے پڑھے گئے تو اس نے حسین بن ضحاک کو علٰحدہ کر دیا۔[1]

ابو حارثہ ہندی خلیفہ مہدی کے زمانہ میں سرکاری خزانہ کا کلید بردار تھا۔ ایک مرتبہ خزانہ خالی ہو گیا تو ابو حارثہ ہندی نے کنجیاں مہدی کے سامنے رکھ دیں اور کہا کہ خالی خزانہ کی کنجی رکھنے سے کیا فائدہ! اس کے بعد مہدی نے مالیات کی فراہمی کا انتظام کیا۔[2]

امام اسمٰعیل بن علیہ بصری حافظ حدیث اور امام فقہ تھے۔ وہ بصرہ اور بغداد میں سرکاری عہدے پر فائز رکھے گئے۔ ابن سعد کا بیان ہے کہ امام ابن علیہ بصرہ میں زکوٰۃ و صدقات کی وصول پر مامور کیے گئے اور مامون کے آخری دور خلافت میں بغداد میں مظالم کے حاکم و امیر ہوئے۔[3]

اسی سرکاری عہدہ کی وجہ سے حضرت عبداللہ بن مبارک نے ان کا وظیفہ بند کر کے ایک سخت تنبیہی قصیدہ لکھا۔ اور ابن علیہ نے فوراً

---

[1] اغانی ج ۷ ص ۳۸۔ [2] مروج الذہب ج ۳ ص ۲۴۸ [3] طبقات ابن سعد ج ۷ ص ۳۲۵۔

استعفا پیش کیا۔

خیار بن یحییٰ سندی بغدادی خلیفہ مامون کے زمانہ میں بغداد کے پل پر متعین تھا۔ ۲۰۴ھ میں طاہر بن حسین خلیفہ مامون کے محافظ دستہ کا امیر ہوا تو فضل بن ربیع کو لکھا کہ تم مجھے ایسے دو آدمیوں کے نام بتاؤ جن کو میں بغداد کے پل پر متعین کروں۔ فضل بن ربیع نے خیار بن سندی اور عیاش بن قاسم کے نام لکھ کر بھیجے اور طاہر بن حسین نے ان کو دونوں پلوں پر مقرر کیا۔[1]

سندی بن شاہک مولی ابی جعفر منصور کا نام محمد اور یحییٰ ان کا نام شاہک ہے اور اسی سے مشہور ہے۔ مشہور شاعر کشاجم کا دادا ہے۔ نہایت باشعور اور معاملہ فہم آدمی تھا۔ اور منصور و ہارون کے زمانہ میں خلافت کے معاملات میں بہت زیادہ دخیل تھا۔ اس کو صاحب الحرس کہتے تھے۔ ہارون رشید کے زمانہ میں بغداد کے پل کا نگراں تھا۔ ایک زمانہ میں بغداد کا حاکم بھی رہ چکا ہے۔ ۱۹۱ھ میں ہارون نے اس کو حکم دیا تھا کہ بغداد کے ذمیوں کے لباس اور ہیئت کو مسلمانوں سے جدا کرنے کا انتظام کرے۔[2] ۱۸۶ھ میں دریائے دجلہ میں شدید طغیانی آئی تو سندی بن شاہک نے عوام کے لئے پل بند کر دیا تھا۔[3] ہارون رشید نے برامکہ کے بارے میں خفیہ معلومات کے لئے اسی کو متعین کیا تھا۔ جس کے بعد ان پر زوال وادبار آیا۔[4]

---

[1] کتاب بغداد احمد بن ابی طیفور بحوالہ عصر المامون ج ۱ ص ۳۴۲۔ [2] تاریخ طبری ج ۱۰ ص ۱۰۰۔ [3] مناقب الامام احمد بن حنبل ص ۲۰۷۔ [4] کتاب الوزراء والکتاب، جہشیاری ص ۲۳۶۔ ص ۲۳۷۔

محمد الامین کے اختلال کے زمانہ میں اس کے دل و دماغ اور معاملات پر جو لوگ قابض و دخیل تھے ان میں سندی بن شاہک بھی پیش پیش تھا۔[1] تاریخ طبری، عیون الاخبار اور آغانی میں اس کے بہت سے واقعات درج ہیں جن سے خلافت میں اس کے عمل دخل کا پتہ چلتا ہے۔

سندی بن شاہک کی ایک بہن بھی اس کے ساتھ سرکاری کاموں میں شریک رہا کرتی تھی۔ جس زمانہ وہ داروغۂ جیل تھا۔ اس کی بہن بھی اس کے ساتھ تھی۔ ۱۷۹ھ میں ہارون رشید نے امام موسی کاظم کو گرفتار کیا اور بغداد لے جاکر جیل خانہ میں ڈال دیا۔ اس وقت یہی عورت جیل کی ذمہ دار تھی۔

فحبسه عند السندی بن شاهك، و تولی حبسه اخت السندی بن شاهك وكانت تتدين۔	ہارون نے ان کو سندی بن شاہک کی نگرانی میں جیل خانہ میں رکھا۔ اور ان پر سندی بن شاہک کی بہن نگران مقرر ہوئی وہ دیندار عورت تھی۔

اس نے جیل خانہ میں امام موسی کاظم کی عبادت و ریاضت دیکھ کر ان کے بارے میں اپنے ان تاثرات کا اظہار کیا تھا۔

خاب قوم تعرضوا لهذا الرجل الصالح۔[2]	اس نیک آدمی کو چھیڑنے والے نامراد ہیں۔

سندی مولی حسین الخادم، خلیفہ واثق کے زمانہ میں حکومت و امارت کے منصب پر تھا۔ طبری نے لکھا ہے کہ سندی مولی حسین الخادم

---

[1] التنبیہ والاشراف ص ۳۴۹۔ [2] کامل ابن اثیر ج ۶ ص ۵۴۔

کا بیان ہے کہ ۲۳۱ھ میں رومیوں اور مسلمانوں کے درمیان جنگی قیدیوں کے فدیہ اور تبادلہ کی بات چیت مکمل ہوئی تو طرسوس سے دور مقام سلوقیہ میں دریائے لامس پر مسلمانوں اور رومیوں نے پل باندھا، ہم لوگ رومیوں کو ان کے پل سے پار کرتے تھے۔ اور رومی مسلمانوں کو اپنے پل سے پار کرتے تھے۔ اور دونوں طرف کے قیدی اپنے اپنے آدمیوں میں جاکر مل جاتے تھے۔[1]

سندی بن یحییٰ حرشی، مامون اور ہارون رشید کے دور میں خلافت کے اہم معاملات میں دخیل تھا۔ ۱۹۶ھ میں ہیثم بن شعبہ اور سندی بن یحییٰ حرشی دونوں واسط کے امیر تھے۔ اور جب طاہر نامی ایک باغی اپنی فوج لے کر چلا تو دونوں وہاں سے بھاگ نکلے۔ ۲۰۳ھ میں اہل بغداد نے ابراہیم بن مہدی کی بیعت کرکے اس کو المبارک کا لقب دیا تھا۔ اور یہ کام سندی بن یحییٰ حرشی، صالح صاحب المصلی، منجاب، نصیر اور دوسرے موالی و مماليک نے مل کر کیا تھا کیوں کہ اس وقت یہی لوگ خلافت اور فوج پر قابض ہوکر، مامون کے خلاف صف آرا تھے۔[2] طبری نے سندی بن یحییٰ کے کئی واقعات بیان کئے ہیں۔

سندی بن سہل بغدادی ابو جعفر منصور کے موالی اور امراء میں سے تھا۔ ابن کثیر نے لکھا ہے کہ ۱۶۶ھ میں ملک شام میں نزاریہ اور یمانیہ کے درمیان زبردست فتنہ برپا ہوا۔ دونوں قبائل کے درمیان عصبیت کی آگ سب سے پہلے حوران میں بھڑکی، اور زمانہ جاہلیت کی جنگ کا نقشہ پیدا ہوگیا۔ دونوں طرف سے بہت سے آدمی

---

[1] تاریخ طبری ج ۱۱ ص ۳۰۔ [2] تاریخ طبری ج ۱۰ ص ۱۶۸ و ص ۱۴۴۔

قتل ہوئے۔ اس وقت ملک شام کا امیر ہارون رشید کا چچازاد بھائی موسیٰ بن عیسیٰ تھا۔ اور شہر دمشق کا امیر ابو جعفر منصور کا غلام سندی بن سہل تھا۔ جب جنگ دور دور تک پھیلنے لگی تو سندی بن سہل نے اس ڈر سے دمشق کی شہر پناہ گرا دی کہ کہیں نزاریوں کا سردار ابو الھیذام مُرّی اس پر قبضہ نہ کرلے۔[1]

امام ابو معشر نجیح بن عبد الرحمٰن سندی مدنی صاحب المغازی کو خلیفہ مہدی مدینہ منورہ سے اپنے ساتھ بغداد لے گیا۔ اور زاد سفر کے طور پر ایک ہزار درہم دیئے اور ان کے بھیجنے کا مقصد یوں ظاہر کیا:۔

تکون بحضرتنا فتفقہ من حولنا۔[2]	آپ ہمارے پاس رہیں اور ہمارے آدمیوں کو دینی تعلیم دیں۔

اس کے بعد امام ابو معشر، مہدی کے اہل دربار کو دینی تعلیمات واحکام کا درس و مذاکرہ کراتے رہے۔ حتیٰ کہ وہیں رمضان ۱۷۰ھ میں فوت ہوئے۔

ابو روح فرج سندی بصری مولی محمد بن سکن، حساب و کتاب اور تجارتی معاملات میں بہت ماہر تھا۔ اور اپنے آقا کے لئے بے شمار دولت کمائی، جاحظ نے لکھا ہے کہ بغداد و بصرہ کے صرّاف صرف سندھیوں کو اپنے سرمایہ کا ذمہ دار بناتے ہیں۔ کیوں کہ ان کے نزدیک یہ لوگ لین دین میں امانت دار اور حساب و کتاب میں ماہر ہوتے ہیں، کسی

[1] البدایہ والنہایہ ج ۱۰ ص ۱۶۸۔ [2] تذکرۃ الحفاظ ج ۱ ص ۲۱۶۔ وتاریخ بغداد ج ۱۳ ص ۴۳۲

صرّاف کا کلید بردار سندی کے علاوہ رومی یا خراسانی نہیں ہے۔ بصرہ کے صرّافوں اور جڑی بوٹیوں کے تاجروں نے دیکھا کہ ابو روح سندی نے اپنے آقا کو بے شمار دولت اور جائداد کا مالک بنا دیا ہے۔ تو ان سب نے اس لالچ سے سندی غلام خریدا کہ ابو روح سندی کی طرح ان کا سندی غلام بھی چند دنوں میں دولت سے مالا مال کر دے گا۔ [1]

مطرّز سندی مدنی مغنی کو مشہور غزل گو شاعر ابو جمیل موصل بن جمیل نے خریدا تھا۔ وہ مغنی ہونے کے باوجود نہایت پارسا اور نیک آدمی تھا۔ اور اپنے آقا کی غلط روش پر شدید نکیر کرتا تھا۔ ایک مرتبہ ابو جمیل نے یمامہ کے دو مغنیوں کو اپنے گھر بلایا اور انھوں نے اپنے فن کا مظاہرہ کیا تو مطرّز نے اس سے کہا کہ تم کو کچھ معلوم کہ کیا کر رہے ہو؟ اس پر ابو جمیل نے اسے پاگل بتایا اور اس نے جواب میں کہا کہ میں اللہ کو گواہ بنا کر کہتا ہوں کہ تم نے ان دونوں مغنیوں کو گھر میں بلا کر اللہ تعالیٰ کی گرفت سے نڈری کا مظاہرہ کیا ہے۔

اغانی میں اسی قسم کے دو اور واقعات درج ہیں۔ [2]

نفیس سندی، جاحظ کا غلام تھا۔ ایک مرتبہ جاحظ نے اپنے خادم سے پوچھا کہ اس غلام کو کون سا کام سپرد کروں؟ اس نے بتایا کہ اسے سندھی جوتا بنانے والوں میں شامل کر دو، یعنی یہ سندھی جوتا بنانے میں ماہر ہے اور اس سے یہی کام کراؤ۔ [3] واضح ہو کہ اس زمانہ میں

---

[1] رسائل جاحظ ج ۱ ص ۲۲۴، کتاب الحنوان ج ۳ ص ۴۳۵۔ [2] الاغانی ج ۱۹ ص ۸۳۔ [3] البیان والتبیین ج ۱ ص ۱۴۵۔

نعال کنباتیہ (کھمبائت کے جوتے) عرب میں بہت مشہور تھے۔ اور یہاں سے بھاری تعداد میں جاتے تھے۔ اسی طرح نعال سندیہ (سندی جوتے) بھی مشہور تھے، نفیس سندی جفت سازی میں ماہر تھا، اور یہاں کے جوتے بہت اچھے بناتا تھا۔

صالح سندی، ابو جعفر منصور کے زمانہ میں واسط میں بہت بڑی جائداد کا مالک تھا۔ اغانی نے حماد بن کے تذکرہ میں ایک مقام پر اس کا ذکر کیا ہے۔[1]

چند مشہور باندیاں جیسا کہ معلوم ہو چکا ہے سندھ اور ہندوستان کے مختلف مقامات کے مولیٰ اور مولاۃ حسن و جمال ہنر و کمال، امور خانہ داری، موسیقی، طباخی اور حسن انتظام میں عرب میں شہرت رکھتے تھے۔ اور عزت و خواہش کی نظر سے دیکھے جاتے تھے ان میں کئی ہندی باندیاں نمایاں حیثیت رکھتی ہیں اور ان کے تذکرے کتابوں میں ملتے ہیں۔

خمار مغنیہ قندھاریہ کو بچپن میں عبداللہ بن ربیع نے دو لاکھ دینار پر آل یحییٰ بن معاذ سے خریدا اور اس کو موسیقی کی تعلیم دلائی، مشہور مغنی ابراہیم بن موصلی اس کا استاد ہے۔ خمار کی آواز اور موسیقیت پر اہل فن فدا رہتے تھے۔ اور بار بار اس سے اشعار سنتے تھے۔[2]

دوم سندیہ بغدادیہ، بغداد میں نبیذ بنا کر فروخت کرتی تھی اور نباذہ مشہور تھی، ایک مرتبہ مشہور شاعر ابو دلامہ کے یہاں کچھ دوست آئے تو اس نے دوم سندیہ کی دوکان سے نبیذ منگائی، جب دوسری

---

[1] الاغانی ج ۱۴ ص ۲۲۳۔ [2] ایضاً ج ۴ ص ۱۷۷۔

بار منگائی اور دوم قیمت وصول کرنے آئی تو ابو دلامہ نے کہا کہ میرے پاس پیسے نہیں ہیں۔ البتہ دعا دیتا ہوں۔ پھر اس کے بارے میں تین گندے اشعار کہے۔[1]

سکر سندیہ، خلیفہ مہدی کی باندی تھی، اس کے کان چھدے ہوئے تھے، اس کے بطن سے اسحاق بن مہدی پیدا ہوا۔[2]

ظلہ سندیہ بغدادیہ، امیر سندھ روح بن حاتم کی باندی تھی۔ عیاض بن حکم بن عوانہ کلبی نحوی کے ایک واقعہ میں اس کا نام آیا ہے کہ روح بن حاتم اپنے بالاخانہ میں اس کے ساتھ تھا۔[3]

شہدہ طحانہ سندیہ بغدادیہ، دن میں لوگوں کا آٹا پیس کر اپنی مالکہ کو مقررہ رقم ادا کرتی تھی۔ اور رات میں گھر والوں کی خدمت کیا کرتی تھی۔ ایک مرتبہ سورج گرہن کے موقع پر اس کی مالکہ نے کہا شہدہ تو اللہ کے لیے آزاد ہے۔ یہ سنتے ہی شہدہ بولی کیا میں آزاد نہیں ہوگئی۔ پھر کود کر دروازہ پر آئی اور چلا کر کہنے لگی۔ جو عورت مجھے زانیہ کہہ کر گالی دے وہ خود زانیہ ہے۔ جو مجھے چور کہے وہ خود چور ہے۔ جو مجھے بدفعل کہے وہ خود بدفعل ہے۔ پھر اپنی مالکہ سے کہا کہ لاؤ مجھے چکی دو۔ یعنی اب میں آزاد ہوگئی ہوں اور آٹا پیسنے کا کام کروں گی۔ میرے لیے ایک چکی کا انتظام کر دو۔[4]

عجوز سندیہ بغدادیہ کا ذکر کتاب الحیوان میں یوں کیا ہے کہ

---

[1] کتاب البدیع، ابن المعز، طبع لینن گراڈ ص ۳۱، [2] کتاب المنمق ص ۵۰۵
[3] طبقات النحویین واللغویین ص ۲۴۶ و ص ۲۴۷۔ [4] رسائل جاحظ، کتاب الجیل ج ۲ ص ۲۴۱۔

ایک سندھی بڑھیا اونٹ پر سوار ہوئی اور جب اونٹ چلنے لگا تو وہ بڑھیا گھبرا کر اپنی سندی زبان میں بولی کہ اللہ اس زمل رجل اونٹ کا ستیاناس کرے شرارت کر رہا ہے۔ [1]

[1] کتاب الحیوان ج ۳ ص ۵۰۰۔

استدراکات

بر "خلافتِ امویہ اور ہندوستان"

"خلافتِ امویہ اور ہندوستان" پر یہ چند استدراکات نہایت اہم اور ضروری ہیں۔

فتح ارمائیل صفحہ ۵۵

حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے دور میں ۴۱ھ میں ارمائیل فتح ہوا جیسا کہ چچ نامہ میں ہے۔ نیز ابنِ حزم نے جمہرۃ انساب العرب میں اس کا تذکرہ کیا ہے:۔

عمر بن عبید اللہ امیر	عمر بن عبید اللہ بن معمر تیمی امیر
فارس، وله اعمال صالحة	فارس کی غزوۂ فارس میں
فی غزوة فارس، وهو	شاندار خدمات ہیں۔ اور انھوں
فتح ارمائیل۔ (ص ۱۴۰)	نے ارمائیل فتح کیا ہے۔

ایک غیر مسلم کے قتل پر مسلمان قاتل کو سزا اور دیت صفحہ ۳۲۲

بلاذری کے بیان میں ہے:۔

وکانت بلغتهم سیرته ومذهبه یعنی راجوں

کو حضرت عمر بن عبد العزیزؒ کے حالات اور دینداری کی خبریں مل چکی تھیں۔ یہاں کے غیر مسلموں کے ساتھ عدل و انصاف کا ایک اہم واقعہ امام ابو عبید قاسم بن سلاّم نے غریب الحدیث میں ایک لفظ کے ضمن

میں بیان کیا ہے جس سے یہاں کے راجے اور عوام بہت متاثر ہوئے تھے۔ اسے ان ہی کے الفاظ میں سنئے:

ان رجلاً من اھل الھند قدم عدن بامانٍ فقتلہ رجل یا خیہ، فکُتِبَ فیہ الی عمر بن عبد العزیز، فکتب ان یوخذ منہ خمسمائۃ دینار، و یبعث بھا الی ورثۃ المقتول، وامر بالقاتل ان یحبس۔

(صفحہ ۱۰۶ و ۱۰۷)

ہندوستان سے ایک ہندو امان لے کر عدن میں داخل ہوا اور اسے ایک مسلمان نے اپنے بھائی کے بدلہ میں جو ہندوستان میں غیر مسلموں کے ہاتھ قتل ہوا تھا۔ قتل کر دیا۔ جب اس سلسلہ میں حضرت عمر بن عبدالعزیز کو لکھا گیا تو آپ نے لکھا کہ قاتل سے پانچ سو دینار لے کر مقتول کے ورثہ کے پاس ہندوستان بھیجدئے جائیں۔ اور قاتل کو قید کی سزا دی جائے۔

اس کے بعد امام ابو عبید نے لکھا ہے کہ حضرت عمر بن عبد العزیز کے نزدیک غیر مسلم معاہد کی دیت مسلمان کی دیت سے نصف تھی۔ اور اس ہندی غیر مسلم کو جو امان لے کر عدن میں داخل ہوا تھا۔ آپ نے مسلمانوں کے ساتھ رہنے والے غیر مسلم کے درجہ میں رکھا۔ اسی لئے مسلمان قاتل سے نصف دیت دلوا کر اسے سزا کا حکم دیا۔

اہل نیرون کی مسلمانوں کو دعوتِ طعام صفحہ ۳۶۱

اس سلسلہ میں بلاذری کی عبارت

فاقاموا لمحمد الخلوفۃ کا بہتر ترجمہ یہ ہے کہ اہل نیرون نے محمد بن قاسم کی دعوتِ طعام کی۔

جامع ملتان صفحہ ۳۷۲ ہم نے اس کے بارے میں لکھا ہے کہ اموی دور میں ملتان میں ایک بہت بڑی اور شاندار مسجد تعمیر کرائی تھی۔ جو تیسری صدی تک موجود تھی۔ الخ

اس مسجد کو عباسی دور کے بعد محمد بن قاسم بن منبہ سامی اپنی دولت سامیہ ملتان نے تعمیر کیا تھا جیسا کہ البیرونی نے لکھا ہے وبنی هناك مسجد جامع (صفحہ ۵۶ کتاب الہند) مگر البیرونی نے اسی کو اموی دور کی مسجد بتایا ہے۔ چنانچہ دولت سامیہ پر قرامطہ کے قبضہ کرنے کے سلسلہ میں لکھا ہے کہ جلم بن شیبان نے ملتان کے بت خانہ کو گرایا اور ساتھ ہی جامع مسجد کو بند کر دیا۔ کیوں کہ وہ اموی دور میں بنی تھی۔[1]

وجعل بیته - وهو قصر مبنی من الآجر علی مکان مرتفع۔ جامعًا بدل الجامع الاول واغلق ذلك بغضًا لما عمل فی ایام بنی امیة۔ البیرونی کی طرح ہم نے بھی بیخیالی میں اسے اموی دور کی مسجد لکھ دیا ہے۔

-: تمت بالخیر :-

---

[1] کتاب الہند ص ۵۶۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

۱۹۶۵ء میں ندوۃ المصنفین سے "عرب و ہند عہد رسالت میں" شائع ہوئی، اس کے بعد "خلافت راشدہ اور ہندوستان" "خلافت امویہ اور ہندوستان" "ہندوستان میں عربوں کی حکومتیں" اور اسلامی ہند کی عظمت رفتہ" کی اشاعت وقفہ وقفہ سے ہوتی رہی، اور اب خلافتِ عباسیہ اور ہندوستان" کی باری آئی ہے، اس طرح ستر سال کی مدت میں ہندوستان کی خالص اسلامی عربی تاریخ پہلی بار نہایت محققانہ انداز میں سامنے آئی، ترتیب و تسلسل کا تقاضا تو یہ تھا کہ اس سلسلہ کی آخری کتاب "ہندوستان میں عربوں کی حکومتیں" ہوئی جس کی اشاعت پہلے ہی ہو چکی ہے، بہرحال اس علمی و تحقیقی خدمت کے نتیجہ فاضل مؤلف مولانا قاضی اطہر مبارک پوری اور ادارۂ ندوۃ المصنفین دونوں ہی ایک قرضہ سے سبکدوش ہوئے، واقعہ یہ ہے کہ موصوف نے اس ملک کی خالص اسلامی عربی تاریخ کے موضوع کو اپنی علمی و تحقیقی کاوشوں کا محور بنا کر جو کارنامہ انجام دیا ہے وہ ہر اعتبار سے لائق تحسین ہے، اور ان کی ان گرانقدر تصانیف کو اسلامی تاریخ کا بیش بہا اور نادر خزانہ کہا جا سکتا ہے، اس میں شک نہیں کہ جناب مؤلف اس بے آب و گیاہ صحرا میں تنہا چلے اور جب منزلِ مقصود پر پہنچے تو اپنے ساتھ باغ و بہار کا ایک پورا قافلہ لے کر آئے۔

ندوۃ المصنفین کے بنیادی مقاصد میں ہندوستان کی خالص اسلامی تاریخ کی تالیف و اشاعت بھی تھی، الحمد للہ کہ اس سلسلہ کی تکمیل کے بعد یہ مقصد پورا ہو گیا۔

"خلافت عباسیہ اور ہندوستان" بھی پچھلی کتابوں کی طرح تحقیق و تلاش کی تھکا دینے والی جد و جہد کا نتیجہ ہے اور کتاب ہر اعتبار سے معیاری ہے، اس کے مطالعے کے بعد

قارئین کے سامنے عباسی دور کا پورا نقشہ آجائے گا، جس میں یہاں کی علمی، دینی، تمدنی، معاشی معاشرتی اور تہذیبی زندگی کے خدوخال موجود ہیں،

فاضل مؤلف نے اس کتاب میں خاص طور سے ہندوستان کے علم و علماء کے بارے میں بڑی کاوش کی ہے اور بتایا ہے کہ اس دور میں یہاں کے کن کن شہروں میں علماء و محدثین کے تعلیمی حلقے قائم تھے، اور بیرونی ممالک میں کون کون حضرات علمی سرگرمی دکھا رہے تھے، کتاب کا یہ حصہ اس لیے خاص طور سے قابل توجہ ہے کہ عام خیال کے مطابق اس دور میں یہاں علم و علماء کی کوئی سرگرمی نہیں تھی، یہاں کے جو چند اہل علم باہر کی دنیا میں رہے وہ کسی خاص مقام و مرتبہ کے حامل نہیں تھے، کتاب کے اس حصہ کے مطالعہ کے بعد یہ نظریہ غلط ہو جاتا ہے اور اسی کے برخلاف یہاں کے علماء و محدثین کی کثیر تعداد اندر و باہر سرگرم تدریس و تصنیف معلوم ہوتی ہے،

پچھلے چند ماہ سے مجھے امراض و اسقام کے ہجوم نے گھیر رکھا ہے، قدیم رسم کے مطابق یہ چند سطریں بطور مقدمہ کے لکھوا دی ہیں۔

امید رکھنی چاہیے کہ قاضی صاحب کی پچھلی کتابوں کی طرح ان کی اس کتاب کو بھی علمی حلقوں میں مقبولیت حاصل ہوگی،

۲۶ شعبان ۱۴۰۲ھ
۱۹ جون ۱۹۸۲ء

عتیق الرحمٰن عثمانی
ندوۃ المصنفین، اردو بازار، دہلی۔